اِنَّ اللّٰہَ یَرْفَعُ بِھٰذَا الْکِتَابِ اَقْوَامًا وَّیَضَعُ بِہٖ آخَرِیْنَ

حدیث

ترجمانِ قرآن

یعنی

قرآنِ حکیم کے مطالبِ اُردو زبان میں ضروری تشریحات کے ساتھ

مع

تفسیرِ سُورَۂ فاتحہ

از

ابو الکلام احمد

جلدِ اوّل

دفتر ترجمان قرآن دہلی سے شائع ہوئی

مطبوعہ
جید برقی پریس دہلی

أيّ سماءٍ تظلّني، وأيّ أرضٍ تقلّني؛ إذا قلت في كتاب الله ما لا أعلم!

(أبو بكر الصديق رضي الله عنه)



غالباً دسمبر ۱۹۱۸ء کا واقعہ ہے کہ میں رانچی میں نظر بند تھا۔ عشاء کی نماز سے فارغ ہو کر مسجد سے نکلا، تو مجھے محسوس ہوا، کوئی شخص پیچھے آ رہا ہے۔ مڑ کے دیکھا تو ایک شخص کمل اوڑھے کھڑا تھا:

"آپ مجھ سے کچھ کہنا چاہتے ہیں؟"

"ہاں جناب، میں بہت دور سے آیا ہوں"

"کہاں سے؟"

"سرحد پار سے"

"یہاں کب پہنچے؟"

"آج شام کو پہنچا۔ میں بہت غریب آدمی ہوں۔ قندھار سے پیدل چل کر کوئٹہ پہنچا۔ وہاں چند ہم وطن سوداگر مل گئے تھے۔ انھوں نے نوکر رکھ لیا، اور آگرہ پہنچا دیا۔ آگرہ سے یہاں تک پیدل چل کر آیا ہوں"

"افسوس! تم نے اتنی مصیبت کیوں برداشت کی؟"


"اس لئے کہ آپ سے قرآن مجید کے بعض مقامات سمجھ لوں۔ میں نے الہلال اور البلاغ کا ایک ایک حرف پڑھا ہے"


یہ شخص چند دنوں تک ٹھہرا، اور پھر یکایک واپس چلا گیا۔ وہ چلتے وقت اس لئے نہیں ملا کہ اُسے اندیشہ تھا، میں اُسے واپسی کے مصارف کے لئے روپیہ دوں گا، اور وہ نہیں چاہتا تھا کہ اس کا بار مجھ پر ڈالے۔ اُس نے یقیناً واپسی میں بھی مسافت کا بڑا حصہ پیدل طے کیا ہوگا۔

مجھے اُس کا نام یاد نہیں۔ مجھے یہ بھی نہیں معلوم کہ وہ زندہ ہے یا نہیں۔ لیکن اگر میرے حافظہ نے کوتاہی نہ کی ہوتی، تو میں یہ کتاب اُس کے نام سے منسوب کرتا۔

ابوالکلام

۱۲ ستمبر ۱۹۳۱ء
کلکتہ


فہرست
تفسیر سورۂ فاتحہ



سُورۂ فاتحہ
١٧٦
سُورۂ بقرہ
١٧٧

کلیسائی گروہ بندی کرلی۔ ۲۰۷

مشرکینِ عرب اور اُنکے جاہلانہ اعتراضات جس طرح انسانی صداقت کا مزاج ہمیشہ ایک ہی طرح کا رہا ہے، اُسی طرح انسانی گمراہی کا مزاج بھی ایک ہی طرح کا رہتا ہے۔ ۲۰۸

سچائی کی پہچان رکھنے والوں کے لئے سب سے بڑی نشانی پیغمبر کی تعلیم اور اُس کی زندگی ہی۔ 〃

مذہبی گروہ بندی کا نتیجہ یہ ہے کہ حق پسندی اور حقیقت بینی کی جگہ محض گروہ پرستی کی روح کام کر رہی ہی۔ لوگ یہ نہیں دیکھتے کہ ایک انسان کا اعتقاد اور عمل کیسا ہے؟ صرف یہ دیکھتے ہیں کہ وہ ہماری گروہ بندی میں داخل ہی یا نہیں۔ ۲۰۹

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آزمائش، منصب امامت کا عطیہ، دینِ الٰہی کی دعوت، معبدِ کعبہ کی تعمیر، اور اُمتِ مسلمہ کے ظہور کی دعا۔ یہ ذکر اس محل میں چار بصیرتیں رکھتا ہی۔ ۲۱۰

دین کی جو راہ حضرت ابراہیم اور اُن کی اولاد نے اختیار کی تھی، وہ کیا تھی؟ یقیناً وہ یہودیت یا مسیحیت کی گروہ بندی نہ تھی وہ صرف خدا کی فطری اور عالمگیر سچائی کی راہ تھی۔ یعنے خدا پرستی اور نیک عملی کی راہ۔

اسی لئے "الاسلام" کا نام اسکے لئے اختیار کیا گیا۔ ۲۱۳

خدا کا قانون یہی کہ ہر فرد اور ہر جماعت کو وہی پیش آتا ہے جو اُس نے اپنے عمل سے کمایا ہے۔ نہ تو ایک کی نیکی دوسرے کو بچا سکتی ہی، نہ ایک کی بدعملی کے لئے دوسرا جوابدہ ہو سکتا ہی۔ ۲۱۴

بہرحال ہدایت کی راہ مذہبی گروہ بندیوں کی راہ نہیں ہو سکتی؛ اور نہ وہ کسی ایک ہی قوم و جماعت کے حصہ میں آئی ہی۔ ایک دوسرے کو جھٹلانے کی جگہ سب کی تصدیق کرو، اور سب کی مشترک سچائی پر ایمان لاؤ۔

داعیانِ مذاہب میں سے کسی ایک کا انکار بھی سب کا انکار ہی ۲۱۴

جب سب کا پروردگار ایک ہی، اور ہر انسان کے لئے اُس کا عمل ہی، تو پھر خدا اور دین کے نام پر یہ تمام جھگڑے کیوں ہیں؟ ۲۱۵

کتمانِ حق، یعنے سچائی کو چھپانا، سب سے بڑا گناہ ہے۔ ۲۱۶

تحویلِ قبلہ کا ذکر، اور سیاق و سباق کی مناسبت چونکہ اب امت مسلمہ ظہور میں آگئی ہی، اس لئے ضروری ہی کہ قوموں کا رُخ بیت المقدس سے خانۂ کعبہ کی طرف پھر جائے۔ 〃

پیروانِ دعوتِ قرآنی سے خطاب کہ حضرت ابراہیم اور حضرت اسمٰعیل کے عملِ حق نے سرزمینِ حجاز میں جو بیج بویا تھا، وہ بارآور ہو گیا ہے۔ اب مرکزِ ہدایت کعبہ ہی، اور "نیک ترین امت" تمھیں ہونا چاہئے! 〃

یہود و نصاریٰ کا تحویلِ قبلہ پر اعتراض محض گروہ پرستی کا تعصب ہے۔ اُنکے پاس کوئی بنیادی صداقت نہیں۔ یہودی، عیسائیوں کا قبلہ نہیں مانتے، عیسائی یہودیوں کے قبلہ سے متفق نہیں۔ ۲۱۸

کسی بات کا "حق" ہونا ہی اس کی حقانیت کی دلیل ہی۔ ۲۱۹

پھر جو کچھ بھی ہو، تقرر قبلہ کا معاملہ کوئی ایسی بات نہیں جو دین کے اصول و اساسات میں سے ہو۔ اس طرح کے معاملات پر اس قدر ردّ و کد کرنا، دین کی حقیقت سے بے پروا ہو جانا ہی۔ اصلی چیز جس پر دین کا دار و مدار ہی، خیرات ہی۔ یعنے نیک عملی، پس اسی کو پیش نظر رکھو۔ ۲۲۰

تقرر قبلہ کا حکم عام اور مصالح و حکم۔ 〃

پیروانِ دعوت سے خطاب کہ (۱) کتاب و حکمت کی تعلیم (۲) شخص نبوت کی پیغمبرانہ تربیت (۳) مرکزِ ہدایت کا قیام (۴) نیک ترین امت ہونے کا نصب العین؛ یہی وہ چار عناصر تھے جن کی موعودہ امتِ مسلمہ کی نشو و نما کے لئے ضرورت تھی۔ اب وہ

ظہور میں آگئے ہیں، چاہئے کہ سرگرمِ عمل ہوجاؤ! ۲۲۱

چونکہ سرگرمِ عمل ہونے کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ راہِ عمل کی آزمائشیں پیش آئیں، اس لئے دعوتِ عمل کے ساتھ ہی اُن اصول و مہمات کی طرف بھی اشارہ کر دیا گیا جن کے بغیر کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی:

(۱) صبر اور نماز کی قوتوں سے مدد لو!

(۲) موت کے خوف سے اپنے دلوں کو پاک کرلو! ۲۲۲

(۳) مرکزِ قبلہ سے وابستگی اور حج کا قیام۔ ۲۲۳

(۴) کتاب اللہ کی تعلیم و تذکیر سے غافل نہ ہو۔ 〃

(۵) خداپرستی میں ثابت قدم رہنے، عقل و بصیرت سے کام لینے، کائناتِ خلقت میں تدبر و تفکر کرنے، اور حقائقِ ہستی کی معرفت حاصل کرنے کا حکم۔ ۲۲۴

(۶) اللہ پر ایمان اور اللہ کی محبت لازم و ملزوم ہیں۔ 〃

(۷) پیشوایانِ باطل کی پیروی سے بچو، جن کی پیروی پچھلی امتوں کی تباہی کا باعث ہوئی۔ ۲۲۵

اِن اصولی مہمات کی تلقین کے بعد اُن فروعی احکام کا بیان شروع ہوتا ہے جن کے متعلق طرح طرح کی گمراہیاں پھیلی ہوئی تھیں:۔

(۱) خدا نے زمین میں جتنی اچھی چیزیں پیدا کر دی ہیں، انھیں بلا تأمل اپنی غذا کے لئے کام میں لاؤ۔ کھانے پینے میں وہم پرستانہ روک ٹوک اور من گھڑت پابندیاں شیطانی وسوسے ہیں۔

(۲) ایمان کی راہ عقل و بصیرت کی راہ ہے، اور کفر کا خاصہ کورانہ تقلید ہے۔

مقلدِ اعمیٰ کی مثال چارپایوں کی سی ہے۔ ۲۲۶

(۳) جن چارپایوں کا گوشت عام طور پر کھایا جاتا ہے، وہ سب حلال ہیں، مگر چار چیزیں۔ ۲۲۷

(۴) حلت و حرمت کے بارے میں یہود و نصاریٰ کی گمراہیاں۔ اُنکے علماء حق فروش ہیں، اور عوام اپنے پیشواؤں کی کورانہ تقلید میں مبتلا ہیں۔

کتاب اللہ، علم ہے، اور اختلاف جہل و ظن سے پیدا ہوتا ہے۔ پس جب علم نمایاں ہوجائے، تو اختلاف باقی نہیں رہنا چاہئے۔ ۲۲۸

(۵) اس اصلِ عظیم کا اعلان کہ نجات و سعادت کی راہ یہ نہیں ہے کہ عبادت کی کوئی خاص شکل یا ظواہر و رسوم کی کوئی خاص بات اختیار کرلی جائے، بلکہ وہ خداپرستی اور نیک عملی سے حاصل ہوتی ہے، اور اصلی شئے دل کی پاکی اور عمل کی نیکی ہے۔

اعتقاد اور عمل کی وہ کون کونسی باتیں ہیں جنھیں قرآن دین کی حقیقی مطلوبات قرار دیتا ہے؟ ۲۲۹

قصاص کا حکم، اور اُن مفاسد کا ازالہ جو اس بارے میں پھیلے ہوئے تھے:

(۱) انسانی مساوات کا اعلان، اور نسل و شرف کے امتیازات سے انکار۔

(۲) خون بہا لیا جا سکتا ہے اگر مقتول کے وارث راضی ہوجائیں

(۳) قصاص میں جان کی ہلاکت ہے، مگر اس لئے ہے کہ زندگی کی حفاظت کی جائے۔ ۲۳۰

وصیت کرنے کا حکم:

(۱) مرنے سے پہلے اپنے مال و متاع اور پس ماندوں کے لئے اچھی وصیت کر جانا، زندگی کے فرائض میں داخل ہے۔

(۲) میت کی وصیت ایک مقدس امانت ہے، اور ضروری ہے کہ بے کم و کاست تعمیل کی جائے۔

(۳) اگر وصیت کی تعمیل ٹھیک طور پر نہ ہوئی، تو جن لوگوں پر وصیت کی تعمیل و نگرانی چھوڑی گئی تھی، وہ جوابدہ ہونگے۔ ۲۳۱

رمضان میں روزہ رکھنے کا حکم، اور اُن غلطیوں کا ازالہ
جو اس بارے میں پھیلی ہوئی تھیں۔

(۱) یہ بات نہیں ہے کہ فاقہ کرنا اور اپنے جسم کو مشقت میں ڈالنا
کوئی نیکی اور ثواب کی بات ہو۔ مقصود اصلی نفس کی اصلاح و تہذیب ہے ۲۳۲

(۲) روزہ کے لئے رمضان کا مہینہ اس لئے قرار پایا کہ نزول
قرآن کی یادآوری و تذکیر ہو۔ ۲۳۳

(۳) دین میں اصل، آسانی ہے۔ نہ کہ سختی و تنگی۔ پس عبادتوں
میں سختی کرنی خدا کی خوشنودی کا موجب نہیں ہو سکتی۔ ″

(۴) یہ خیال غلط ہے کہ جب تک فاقہ کشی اور ریاضت کے
چلّے نہ کھینچے جائیں، خدا کے حضور دعا مقبول نہیں ہو سکتی۔ خلوص
کے ساتھ جب کبھی پکارو گے، وہ قبولیت و رحمت کے ساتھ جواب دیگا! ۲۳۴

(۵) روزہ سے مقصود یہ نہیں ہے کہ جسمانی خواہشیں بالکل ترک
کر دی جائیں، بلکہ مقصود ضبط و اعتدال ہے۔ پس کھانے پینے اور
زناشوئی کے علاقہ کی جو کچھ ممانعت ہے، صرف دن کے لئے ہے۔
رات کے وقت کوئی روک نہیں۔ ″

(۶) مرد اور عورت کا تعلق خدا کا ٹھہرایا ہوا فطری تعلق
ہے، اور دونوں اپنے حوائج میں ایک دوسرے سے وابستہ ہیں۔ ۲۳۵

(۷) مومن وہ ہے جسکے عمل میں کوئی کھوٹ اور راز نہ ہو۔ اگر
ایک بات بُری نہیں ہے مگر تم نے کسی وجہ سے بُرا سمجھ رکھا ہے اور ″
اس لئے چوری چھپے کرنے لگے ہو، تو گو اصلاً بُرائی نہیں کی مگر
تمھارے ضمیر کے لئے بُرائی ہو گئی! ″

(۸) روزہ، اور اسی طرح کی دوسری عبادتیں کچھ سُودمند
نہیں اگر حقوق العباد کی طرف سے تم غافل ہو۔ ″

حج کے احکام، اور اس سلسلہ میں بعض اصولی مہمات:

(۱) چاند کے طلوع و غروب سے مہینوں کا حساب لگا لیا جاتا
ہے۔ نجوم اور کواکب پرستی کے جو توہمات لوگوں میں پھیلے ہوئے ہیں
اُن کی کوئی اصلیت نہیں۔

(۲) کعبہ کی زیارت و حج کے لئے لوگوں نے طرح طرح کی پابندیاں
اپنے پیچھے لگا لی ہیں، اور اجر و ثواب کے لئے اپنے آپکو مشقتوں
میں ڈالتے ہیں، لیکن یہ سب گمراہی کی باتیں ہیں۔ نیکی کی بات صرف
یہ ہے کہ تقویٰ پیدا کرو۔ ۲۳۶

(۳) اہلِ مکہ کے ظلم و تعدّی سے حج کا دروازہ مسلمانوں پر بند
ہو گیا تھا، اور اُنھوں نے مسلمانوں کے خلاف اعلان جنگ کر
دیا تھا۔ پس حکم دیا گیا کہ اب جنگ کے بغیر چارہ نہیں۔

اس بارے میں اصل یہ ہے کہ جنگ کی حالت ہو یا امن کی،
لیکن کسی حال میں بھی مسلمانوں کو عدل و راستی کے خلاف کوئی
بات نہیں کرنی چاہیے۔

(۴) جنگ بُرائی ہے، لیکن فتنہ اُس سے بھی زیادہ بُرائی ہے۔
پس اسکے سوا چارہ نہیں کہ جنگ کی حالت گوارا کرلی ہے۔ ۲۳۷

جنگ کی اجازت اس لئے دی گئی ہے کہ دین و اعتقاد کی
آزادی حاصل ہو جائے۔ یعنے دین کے معاملہ میں جس کا تعلق صرف
خدا سے ہے، انسان کے ظلم و تشدّد کی مداخلت باقی نہ رہے۔ ۲۳۸

(۵) جو لوگ جہاد کی راہ میں مال خرچ نہیں کرتے، وہ اپنے
ہاتھوں اپنے آپکو ہلاکت میں ڈالتے ہیں۔ ″

(۶) اگر لڑائی کی وجہ سے حاجیوں کو راہ میں رُک جانا پڑے تو
اس صورت میں کیا کرنا چاہیے؟ نیز حج اور عمرہ کے تمتّع کی صورت
(یعنے دونوں کو ملا کر کرنے کی صورت) ۲۳۹

(۷) حج کا احرام باندھ لینے کے بعد، نہ تو زناشوئی کا تعلق
ہونا چاہیے، نہ لڑائی جھگڑا، نہ بُرائی کی کوئی بات، اور حج
کی اصلی طیاری تقویٰ ہے۔ ۲۴۰

(۸) اس اصلِ عظیم کا اعلان کہ خداپرستی اور دینداری کی راہ، دنیوی معیشت و فلاح کے خلاف نہیں ہے۔ قرآن ایک ایسی کامل زندگی پیدا کرنی چاہتا ہے جس میں دنیا اور آخرت، دونوں کی سعادتیں موجود ہوں۔ حج ایک عبادت ہے لیکن اس کا عبادت ہونا اس سے مانع نہیں کہ تجارت کا فائدہ بھی حاصل کرو۔

مال و دولت اللہ کا فضل ہے۔ پس چاہئے کہ اللہ کے فضل کی جستجو میں رہو۔ ۲۴۰

(۹) دین اور دنیا کے معاملہ میں لوگوں نے افراط و تفریط کی راہیں اختیار کرلی ہیں۔ حقیقت اعتدال و توسط میں ہے۔ ۲۴۱

(۱۰) دینِ الٰہی، دنیا کا نہیں لیکن دنیا پرستی کے غرور و سرشاری کا مخالف ہے۔ یہی غرور و سرشاری ہے جو انسان سے ہر طرح کا ظلم و فساد کراتی ہے۔ ۲۴۲

خداپرست انسان کتنا ہی دنیا میں مشغول ہو، لیکن اس کا مطمحِ نظر نفس پرستی نہیں ہوتی، رضاءِ الٰہی کا حصول ہوتا ہے۔ ۲۴۳

بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ایک انسان کی ظاہری باتیں بہت اچھی دکھائی دیتی ہیں لیکن فی الحقیقت سخت شریر و مفسد ہوتا ہے۔ معیار اس بارے میں یہ ہے کہ دیکھا جائے، طاقت و اختیار پانے کے بعد اس کا سلوک انسانوں کے ساتھ کیسا ہے؟ ″

حرث و نسل کی تباہی انسانی غرور و سرشاری کا سب سے بڑا فتنہ ہے۔ ″

دنیوی طاقت کے متوالوں سے جب کہا جاتا ہے، اللہ سے ڈرو، تو ان کا گھمنڈ انھیں اور زیادہ ظلم و فساد پر آمادہ کر دیتا ہے! ″

(۱۱) پیروانِ دعوت سے خطاب کہ اس صورتِ حال سے اپنی حفاظت کریں۔ ″

کلامِ الٰہی سے بڑھ کر ہدایت کی کونسی چیز ہو سکتی ہے جس کا تمھیں انتظار ہے؟ ۲۴۴

ایمان کی برکت حاصل کرنے کے لئے صرف اتنا ہی کافی نہیں کہ اسلام کا اقرار کر لو۔ ۲۴۴

(۱۲) بنی اسرائیل کی سرگزشت سے عبرت پکڑو! ″

(۱۳) اس اصلِ عظیم کا اعلان کہ ابتدا میں تمام انسان ایک ہی قوم و جماعت تھے۔ پھر نسلِ انسانی کی کثرت و وسعت سے طرح طرح کے تفرقے پیدا ہوگئے، اور تفرقہ کا نتیجہ ظلم و فساد ہوا۔ تب وحیِ الٰہی کی ہدایت نمودار ہوئی، اور یکے بعد دیگرے پیغمبر مبعوث ہوئے۔ ہر پیغمبر کی دعوت کا مقصود ایک ہی تھا۔ یعنے خداپرستی و نیک عملی کی تلقین، اور وحدت و اخوّت کا قیام۔

کتاب اللہ کے نزول کا مقصد ہمیشہ یہی رہا کہ انسانوں کے تفرقہ و اختلاف میں حکم ہو۔ ۲۴۵

(۱۴) مومن ہونے کے لئے صرف یہی کافی نہیں کہ ایمان کا اقرار کرلیا۔ ضروری ہے کہ اُن آزمائشوں میں ثابت قدم رہو، جو تم سے پہلے حق پرستوں کو پیش آچکی ہیں۔ ۲۴۶

خیرات کا حکم، اور اس غلطی کا ازالہ کہ لوگ سمجھتے تھے اپنوں اور رشتہ داروں کی مدد کرنا خیرات نہیں ہے۔ ″

جہاد کا حکم:

(۱) جنگ تمھارے لئے کوئی خوشگوار بات نہیں ہے، لیکن اس دنیا میں کتنی ہی خوشگواریاں ہیں جو ناگواریوں سے پیدا ہوتی ہیں، اور کتنی ہی خوشگوار باتیں ہیں جن کا نتیجہ ناگوار ہوتا ہے!

(۲) جنگ برائی ہے، لیکن انسانی طاقت کا ظلم و فساد اس سے بھی بڑھ کر برائی ہے۔ جب ظلم کا ازالہ اور کسی طرح ممکن نہ ہو، تو جنگ ناگزیر ہو جاتی ہے۔

(۳) دشمنوں نے تم پر صرف اس لئے حملہ کیا ہے کہ کیوں اُن کا مذہبی طور طریقہ چھوڑ کر ایک نئی دعوت قبول کر رہے ہو۔ پس جب تک

اپنے عقیدہ سے دست بردار نہ ہو جاؤ، وہ تمھاری دشمنی سے باز
آنے والے نہیں۔ ایسی حالت میں اس کے سوا چارہ کار کیا ہے کہ
مقابلہ کے لئے آمادہ ہو جاؤ۔ ٢٤٧

(٤) اسلام نے جنگ کا قدم نہیں اٹھایا اور نہ وہ داعی امن
ہو کر اٹھا سکتا تھا، لیکن اس کے خلاف اٹھایا گیا، اور اس نے
پیٹھ نہیں دکھلائی۔ ٢٤٨

(٥) جنگ کے سلسلہ میں تین سوال پیدا ہو گئے تھے ان کا جواب
شراب اور جوئے میں نفع سے زیادہ نقصان ہے۔ اشیاء کا
صرف نفع ہی نہیں دیکھنا چاہئے، کیونکہ اضافی نفع سے تو کوئی شئے
خالی نہیں۔ یہ دیکھنا چاہئے کہ زیادہ نفع ہے یا نقصان؟ جس
چیز میں نفع زیادہ ہو، وہ نافع ہے۔ جسمیں نقصان زیادہ ہو، وہ مضر ہے
مصارف جنگ وغیرہ جماعتی ضروریات کے لئے جسقدر انفاق
کر سکتے ہو، کرو۔ کوئی خاص مقدار معین نہیں۔
یتیم بچوں کی پرورش کا بار جماعت کے ذمے ہے۔ ٢٤٩

(٦) دشمنوں سے جنگ کرنے کے سلسلے میں یہ سوال پیدا
ہوا کہ ان سے مناکحت جائز ہے یا نہیں؟ فرمایا، مشرکوں سے
مناکحت نہ کرو۔ پھر اس کی علت بھی واضح کر دی۔ ٢٥٠

نکاح و طلاق اور ازدواجی زندگی کی مہمات مناکحت
کے سوال نے سلسلۂ بیان اس طرف پھیر دیا ہے۔ 〃

(١) عورتوں سے انکے مہینے کے خاص ایام میں علیحدگی کا
حکم۔ علیحدگی کی علت بیان کر کے ان توہمات کا ازالہ کر دیا گیا
جو اس بارے میں پیدا ہو گئے تھے۔ 〃

(٢) فطرت نے مرد اور عورت کے باہم ملنے اور وظیفۂ زوجیت
ادا کرنے کے لئے جو بات جس طرح ٹھہرا دی ہے، اسی طرح ہونی چاہئے
اور کوئی بات نہیں ہونی چاہئے۔ ٢٥١

(٣) اس معاملہ میں جو وہم پرستیاں پیدا ہو گئی تھیں، ان کا ازالہ ٢٥١

(٤) کسی جائز اور نیک بات کے خلاف قسم کھا لینا، اور پھر خدا کے
نام کو اس کے لئے حیلہ بنانا، خدا پرستی کے خلاف ہے۔ 〃

(٥) لغو قسموں کا کوئی اعتبار نہیں۔ جو بات انسان نے سمجھ
بوجھ کر، دل کے قصد سے کی ہو، اسی کے لئے وہ عند اللہ جوابدہ ہوگا

(٦) اگر بیوی سے خواب گاہ کا تعلق نہ رکھنے کی قسم کھائی جائے
(جسے اہل عرب "ایلاء" کہتے تھے) تو کیا کرنا چاہئے؟ ٢٥٢

طلاق کے احکام، اور اس بارے میں جو مفاسد پیدا ہو گئے
تھے اور عورتوں کی حق تلفی ہو رہی تھی، اس کا انسداد۔ 〃

(١) طلاق کی عدت کا ایک مناسب زمانہ مقرر کر کے، نکاح
کی اہمیت، نسب کے تحفظ، اور عورت کے نکاح ثانی کی سہولتوں
کا انتظام کر دیا گیا۔ ٢٥٣

(٢) اگر طلاق کے بعد شوہر رجوع کرنا چاہتے، تو وہی زیادہ حقدار
ہے۔ کیونکہ شرعاً مطلوب ملاپ ہے، نہ کہ تفرقہ۔ 〃

(٣) اس اصل عظیم کا اعلان کہ جیسے حقوق مردوں کے عورتوں
پر ہیں، ویسے ہی حقوق عورتوں کے بھی مردوں پر ہیں۔ 〃

(٤) طلاق دینے کا طریقہ یہ ہے کہ وہ تین مرتبہ، تین مہینوں
میں، تین مجلسوں میں، یکے بعد دیگرے واقع ہوتی ہے۔ اور وہ
حالت جو قطعی طور پر رشتۂ نکاح کاٹ دیتی ہے، تیسری مجلس،
تیسرے مہینے، تیسری طلاق کے بعد وجود میں آتی ہے۔ پس نکاح
کا رشتہ کوئی ایسا رشتہ نہیں کہ جس گھڑی چاہا، بات کی بات
میں توڑ کے رکھ دیا۔ 〃

(٥) شوہر کے لئے جائز نہیں کہ جو کچھ بیوی کو دے چکا ہے،
طلاق کے بعد واپس لے لے۔ ٢٥٤

(٦) اگر شوہر علیحدگی کا خواہشمند نہ ہو، لیکن بیوی علیحدہ ہونا

چاہیے، اور اس کے لئے آمادہ ہو جائے کہ اپنا پورا مہر یا اُس کا ایک حصہ چھوڑ دیگی بشرطیکہ اُسے طلاق دیدی جائے، اور شوہر منظور کرے، تو ایسا کیا جا سکتا ہے۔ اس کو "خلع" کہتے ہیں۔ ۲۵۴

(۷) نکاح کا مقصد یہ نہیں ہے کہ ایک مرد اور ایک عورت ایک دوسرے کے سر پڑ جائیں؛ بلکہ مقصود یہ ہے کہ دونوں کے ملاپ سے ایک کامل اور خوشحال زندگی پیدا ہو جائے۔ ایسی زندگی جبھی پیدا ہو سکتی ہے، جبکہ "حدود اللہ"، یعنے خدا کے ٹھہرائے ہوئے واجبات و حقوق ٹھیک ٹھیک ادا کئے جائیں۔ اگر کسی وجہ سے فریقین محسوس کرتے ہیں کہ واجبات و حقوق ادا نہ کئے جا سکینگے، تو نکاح کا مقصود فوت ہو گیا، اور ضروری ہو گیا کہ دونوں کے لئے تبدیل حال کا دروازہ کھول دیا جائے۔

اگر مقصود نکاح حاصل نہ ہونے پر بھی علیحدگی کا دروازہ نہ کھولا جاتا، تو یہ انسان کے آزادانہ حق انتخاب اور ازدواجی زندگی کی خوشحالی کے خلاف سخت رکاوٹ ہوتی، اور معیشت کی سعادت سے سوسائٹی محروم ہو جاتی۔ رر

(۸) عورت کو یا تو بیوی کی طرح رکھنا چاہیے اور حقوق ادا کرنے چاہئیں، یا طلاق دے کر اُس کی راہ کھول دینی چاہیے۔ یہ نہیں کرنا چاہیے کہ نہ تو بیوی کی طرح رکھو، نہ طلاق دے کر راہ کھولو، بیچ میں لٹکائے رکھو۔ ۲۵۵

(۹) چونکہ مردوں کی خود غرضیوں اور نفس پرستیوں سے ہمیشہ عورتوں کی حق تلفی ہوتی رہی، اس لئے خصوصیت کے ساتھ مسلمانوں کو نصیحت کی گئی کہ ازدواجی زندگی میں اخلاق و پرہیزگاری کا بہترین نمونہ بنیں۔ جس جماعت کی ازدواجی زندگی درست نہیں ہوتی، وہ کبھی فلاح یافتہ جماعت نہیں ہو سکتی۔ رر

(۱۰) جب عورت کو طلاق دیدی گئی، اور اُس نے عدت کا زمانہ پورا کر لیا، تو اُسے اختیار ہے، جس سے چاہے، ٹھیک طریقہ پر نکاح کرلے۔ نہ تو اس سے روکنا چاہیے، نہ اُس کی پسند کے خلاف اُس پر زور ڈالنا چاہیے۔ چونکہ اس بارے میں مردوں کی خود پسندیوں سے مخالفت کا اندیشہ تھا، اس لئے خصوصیت کے ساتھ زور دیا گیا کہ "ذلک یوعظ بہ من کان منکم یومن باللہ" ۲۵۶

(۱۱) طلاق کی صورت میں ایک اہم سوال شیرخوار بچوں کی پرورش کا تھا۔ بڑا احتمال نقصان پہنچنے کا ماں کو تھا کہ طلاق کی وجہ سے جُدا ہو گئی تھی، مگر محبت مادری کی وجہ سے مجبور تھی کہ بچے کی پرورش کرے۔ پس فرمایا، دودھ پلاتے تک ماں کا خرچ بچے کے باپ کے ذمے ہے۔

دودھ پلانے کی مدت دو برس ہے۔

اس بارے میں اصل یہ ہے کہ نہ تو بچے کی وجہ سے ماں کو نقصان پہنچایا جائے، نہ باپ کو۔

نیز تمام معاملات میں اصل یہ ہے کہ کسی انسان پر اُس کی وسعت سے زیادہ خرچ کا بار نہیں ڈالا جا سکتا۔ ۲۵۷

بیوہ عورتوں کے متعلق احکام، اور اُن مفاسد کی اصلاح جو اس بارے میں پیدا ہو گئے تھے:

(۱) وفات کی عدت چار مہینے دس دن مقرر کر کے اُن مفاسد کی اصلاح کر دی جو افراط و تفریط کا موجب ہوئے تھے۔ ۲۵۵

(۲) اگر عورت عدت کے بعد دوسرا نکاح کرنا چاہے، تو اُسے نہیں روکنا چاہیے۔ نہ اس بات کا خواہشمند ہونا چاہیے کہ عدت کی مقررہ میعاد سے زیادہ سوگ منائے۔

(۳) نکاح کے بارے میں عورت سے جو کچھ بات چیت یا نامہ و پیام ہو، علانیہ اور دستور کے مطابق ہونا چاہیے۔ رر

(۴) جب تک عدت کی میعاد نہ گزر لے، نکاح کا قول و قرار نہ کرو ۲۵۸

مہر، اور عورتوں کے مالی حقوق کا تحفظ۔

اگر نکاح کے بعد شوہر اور بیوی میں کوئی تعلق نہ ہوا ہو، اور شوہر طلاق دیدے، تو اس صورت میں مہر کے احکام:

(۱) اگر مہر کی مقدار معین نہ ہوئی ہو، تو مرد کو چاہئے، اپنی حیثیت کے مطابق سلوک کرے۔

(۲) اگر معین ہو، تو آدھا مہر عورت کو ملنا چاہئے۔ اگر مرد اس سے زیادہ دے سکے، تو یہ تقویٰ اور فضیلت کی بات ہوگی۔

(۳) نکاح کے معاملہ میں مرد کا ہاتھ عورت سے زیادہ قوی ہے، پس عفو و بخشش بھی اُسی کی طرف سے زیادہ ہونی چاہئے۔

آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ احسان اور بھلائی کرنے کی کوشش کرو۔ ۲۵۹

لیکن انسان جو خواہشوں کا بندہ اور غرض پرستیوں کی مخلوق ہے، کیونکر ایسی اخلاقی طاقت پیدا کرسکتا ہے کہ ازدواجی زندگی کی ان آزمائشوں میں پورا اُترے؟

اس کی راہ صرف یہ ہے کہ خدا پرستی کی سچی روح اپنے اندر پیدا کرو! 〃

اگر شوہر نے وصیت کردی ہو کہ ایک برس تک عورت اُس کے گھر میں رہے (یعنے اُس کا سوگ منائے جیسا کہ اہلِ عرب میں دستور تھا) تو اب ایسی وصیت واجب التعمیل نہیں۔ اگر عورت چاہے تو چار مہینے دس دن کے بعد دوسرا نکاح کرنا چاہے، تو کسی ایسی وصیت کی بنا پر اُسے روکا نہیں جاسکتا۔ ۲۶۰

نکاح و طلاق کا بیان ختم کرتے ہوئے، مطلقہ عورتوں کے ساتھ احسان و سلوک کا مکرر حکم، تاکہ اس معاملہ کی اہمیت زیادہ سے زیادہ واضح ہوجائے۔ 〃

سلسلۂ بیان پھر اُسی طرف پھرتا ہے، جہاں نکاح و طلاق کا بیان شروع ہوا تھا یعنے جہاد کے احکام و مصالح کی طرف۔

جو جماعت موت سے ڈرتی ہے، وہ کبھی زندگی کی کامرانیاں حاصل نہیں کرسکتی۔

بنی اسرائیل کے ایک گروہ کی عبرت انگیز سرگزشت جس نے باوجود کثیر التعداد ہونے کے جہاد سے اعراض کیا تھا۔ ۲۶۱

راہِ جہاد میں مال خرچ کرنا، اللہ کو قرض دینا ہے! ۲۶۲

طالوت کی سرگزشت، اور قوموں کے ضعف و قوت اور فتح و ہزیمت کے بعض اہم حقائق:

(۱) جس گروہ میں صبر و استقامت کی روح نہیں ہوتی، اُس میں بسا اوقات سعی و عمل کے ولولے پیدا ہوجاتے ہیں لیکن جب آزمائش کا وقت آتا ہے، تو بہت کم نکلتے ہیں جو ثابت قدم ہوتے ہیں۔ 〃

(۲) حکومت و قیادت کی جس میں صلاحیت ہوتی ہے، وہی اُس کا اہل ہوتا ہے، اگرچہ مال و دولت اور جاہ و حشم سے محروم ہو۔ 〃

(۳) صلاحیت کے لئے اصلی چیز علم اور جسم کی قوت ہے۔ یعنے دماغی اور جسمانی استعداد۔ ۲۶۳

(۴) جو شخص سردار مقرر ہوجائے، جماعت کو چاہئے، سچے دل سے اُس کی اطاعت کرے۔ اگر ایک جماعت میں اطاعت نہیں ہے تو وہ کبھی زندگی کی کشاکش میں کامیاب نہیں ہوسکتی۔ 〃

(۵) طالوت کا پانی سے روک کر، صبر و ثبات اور اطاعت و انقیاد کا امتحان لینا! جو لوگ ایک گھڑی کی پیاس ضبط نہیں کرسکتے، وہ میدانِ جنگ کی محنتیں کیونکر برداشت کرسکینگے! ۲۶۴

(۶) کتنی ہی چھوٹی جماعتیں ہیں جو بڑی جماعتوں پر غالب آجاتی ہیں، اور کتنی ہی بڑی جماعتیں ہیں جو چھوٹی جماعتوں سے شکست کھاجاتی ہیں۔ فتح و شکست کا دار و مدار جسموں کی کثرت

قلت پر نہیں ہے۔ دلوں کی قوت پر ہے۔

۲۶۴ اللہ کی مدد اُنہی کو ملتی ہے جو صابر اور ثابت قدم ہوتے ہیں۔

״ (۷) سچی دعا وہ ہے جو استعدادِ عمل کے ساتھ ہو۔

(۸) اگر جماعتوں اور قوموں میں باہمی کش مکش اور مدافعت نہ ہوتی، تو دنیا ظلم و فساد سے بھر جاتی۔ یہ اللہ کا فضل ہے کہ ایک گروہ کا ظلم، دوسرے گروہ کی مقاومت سے دفع ہوتا رہتا ہے۔

(۹) خدا نے مختلف عہدوں میں یکے بعد دیگرے پیغمبر مبعوث کئے۔ اُنھوں نے لوگوں کو تفرقہ و فساد کی جگہ حق پرستی و یگانگت کی تعلیم دی۔ اگر لوگ اس تعلیم پر قائم رہتے، تو کبھی باہمی جنگ و جدال میں مبتلا نہ ہوتے، لیکن اُنھوں نے گروہ بندیاں کر کے، الگ الگ جتھے بنا لئے، اور باہمی جنگ کا وہ بیج بو دیا جو ہمیشہ پھل لاتا رہتا ہے۔

اگر خدا چاہتا تو انسان کی طبیعت ایسی بنا دیتا کہ اُس میں نزاع و خلاف کی استعداد ہی نہ ہوتی، لیکن اُس کی حکمت کا فیصلہ یہی ہوا کہ انسان کو مجبور و مضطر نہ بنائے؛ ہر راہ میں چلنے کی قدرت دیدے۔

۲۶۵ (۱۰) جب جنگ ناگزیر ہے، تو اس سے غفلت نہ کرو، اور بڑی طیاری یہ ہے کہ اسکے لئے اپنا مال خرچ کرو۔

۲۶۶ (۱۱) ضمناً اس حقیقت کا اعلان کہ آخرت کی نجات کا تمام تر دار و مدار ایمان و عمل پر ہے۔ وہاں نہ تو نجات کی خرید و فروخت ہو سکتی ہے، نہ کسی کی دوستی آشنائی کام دے سکتی ہے، نہ کسی کی سفارش سے کام نکالا جا سکتا ہے۔

۲۶۷ اس اصلِ عظیم کا اعلان کہ دین و اعتقاد کے معاملہ میں جبر و استکراہ جائز نہیں۔ دین کی راہ دل کے اعتقاد و یقین کی راہ ہے، اور وہ دعوت و موعظت سے پیدا ہو سکتا ہے نہ کہ جبر سے۔

״ (۱) جہاد کے ذکر کے ساتھ یہ ذکر اس لئے کیا گیا، تاکہ واضح ہو جائے، جنگ کی اجازت ظلم و تشدد کے انسداد کے لئے دی گئی ہے، نہ کہ دین کی اشاعت کے لئے۔ دین کی اشاعت کا ذریعہ ایک ہی ہے، اور وہ دعوت ہے۔

(۲) سچائی روشنی ہے۔ اگر تاریکی چھائی ہوئی ہے، تو صرف اس بات کی ضرورت ہے کہ روشنی نمایاں ہو جائے۔ اگر روشنی نمایاں ہو گئی، تو پھر روشنی کو روشن دکھلانے کے لئے اور کسی بات کی ضرورت نہیں۔

۲۶۸ (۳) دعوت کی تاثیر و فتحمندی کی وضاحت کے لئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ایک واقعہ کی طرف اشارہ۔ وہ مادی ساز و سامان سے یک قلم محروم تھے، اور وقت کا سرکش بادشاہ ہر طرح کی طاقتوں سے مسلح تھا لیکن تن تنہا دعوت کا حربہ لے کر کھڑے ہو گئے، اور فتحمند ہوئے!

ضمناً اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ دعوت کی راہ تلقین و ہدایت کی راہ ہے۔ جدل و خصومت کی راہ نہیں ہے۔

״ (۵) بنی اسرائیل کے ایام و وقائع میں سے اس واقعہ کی طرف اشارہ کہ وقت کے تین شہنشاہوں کے دل بنی اسرائیل کی دعوت سے مسخر ہو گئے، اور انکے مُردہ شہر، مُردہ ہیکل، اور مُردہ جماعت کی دوبارہ زندگی کا سامان ہو گیا!

۲۶۹ (۶) دعوتِ حق سے مُردہ روحوں کا زندہ ہو جانا، اور متوحش و گمراہ افراد کا تربیت یافتہ جماعت بن جانا، اور اس بارے میں وہ بصیرت جو حضرت ابراہیمؑ پر واضح کی گئی تھی۔

۲۷۰ جہاد کا بیان ختم ہو گیا۔ اب یہاں احکام کا سلسلہ ایک دوسرے حکم کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔

گذشتہ بیانات میں جسقدر احکام دئے گئے ہیں، اُن سب کی سچی تعمیل جبھی ہو سکتی ہے کہ نیکی کے لئے مال خرچ کرنے کی پوری

استعداد پیدا ہو جائے۔ اس لئے بیانِ احکام کے بعد، اب
خصوصیت کے ساتھ انفاق فی سبیل اللہ کے مواعظ پر زور دیا
جاتا ہے۔ یہ گویا تمام پچھلے بیانات کے لئے ایک تتمّہ بیان ہے: ۲۷۱

(۱) نیکی کے لئے خرچ کرنا اللہ کے لئے خرچ کرنا ہے۔ آپ
دیکھو، کائناتِ خلقت میں خدا کا قانونِ مکافات کیا ہے؟ تو
یہ بات ہر انسان دیکھ رہا ہے کہ اگر غلّہ کا ایک دانہ زمین کے
حوالے کردیا جائے، تو وہ ایک کے بدلے پورا درخت واپس کر دیتی ہے

(۲) البتہ کامیابی کی شرط یہ ہے کہ دانہ خراب نہ ہو، اور زمین
میں ڈالا جائے۔ پتھر کی چٹان پر نہ پھینک دیا جائے۔ ۲۷۲

(۳) دکھاوے کی خیرات بھی اکارت جاتی ہے، اور جو شخص نیکی
نیکی کے لئے نہیں، نام و نمود کے لئے کرتا ہے، وہ خدا پر سچا ایمان
نہیں رکھتا۔

(۴) خیرات کی حقیقت واضح کرنے کے لئے کاشت کاری کی
دو مثالیں۔

(۵) عالمِ مادّی اور عالمِ معنوی، دونوں کے احکام و قوانین
یکساں ہیں۔ جو بوؤ گے اور جس طرح بوؤ گے، ویسا ہی اور اسی
طرح پھل بھی پاؤ گے!

(۶) دکھاوے کی نیکیوں کا رائگاں جانا، اور اس کی ایک مثال ۲۷۳

(۷) نکمّی چیز خیرات کے نام سے محتاجوں کو نہ دو۔ اگر تمھیں
کوئی ایسی چیز دے، تو تم لینا پسند کروگے؟ ۲۷۴

(۸) انسان میں ایسی سمجھ بوجھ کا پیدا ہو جانا کہ اچھائی اور
برائی کی راہوں کا شناسا ہو جائے، ان باتوں میں سے ہے جنھیں
قرآن حکمت سے تعبیر کرتا ہے۔ ؍؍

(۹) دکھاوے کی خیرات سے روکا گیا ہے، لیکن اس کا یہ مطلب
نہیں کہ جب تک چوری چھپے خیرات نہ کرسکو، خیرات کرو ہی نہیں
مطلب یہ ہے کہ دل میں اخلاص ہونا چاہئے۔ ۲۷۴

(۱۰) خیرات کرنا، اداءِ فرض ہے، اور خود اپنے کو فائدہ پہنچانا ہے
ایسا نہ سمجھو کہ دوسروں پر احسان کررہے ہو۔ ۲۷۵

(۱۱) خیرات کا ایک بڑا مصرف، ان لوگوں کی اعانت ہے
جو دین و ملّت کی خدمت کے لئے وقف ہوگئے ہوں۔ صورت
ان کی بے نیازوں کی ہوتی ہے، مگر حالت حاجت مندوں کی ؍؍

(۱۲) بھیک مانگنے والوں کو سب دیتے ہیں، لیکن خود دار
حاجت مندوں کو کوئی نہیں پوچھتا۔ ؍؍

(۱۳) دینے والوں کو چاہئے، ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر دیں۔ حاجت
مندوں کو چاہئے، سوال کرکے اپنی خودداری و عفت تاراج
نہ کریں۔ ؍؍

سُود کی حُرمت:

نیکی کی راہ میں خرچ کرنے کی استعداد نشوونما نہیں پاسکتی
تھی اگر خیرات کے حکم کے ساتھ سُود لینے کی ممانعت بھی نہ
کردی جاتی جو ٹھیک ٹھیک اس کی ضد ہے۔

دینِ حق کا مقصد یہ ہے کہ خیرات کا جذبہ بڑھائے، سُود کو
مٹائے۔ اگر خیرات کا جذبہ پوری طرح ترقی کرجائے تو سوسائٹی
کا کوئی فرد محتاج نہ رہے۔ ۲۷۶

لین دین کے احکام۔ چونکہ سُود کے ذکر سے لین دین
کا معاملہ چھڑ گیا تھا، اس لئے اس کے ضروری احکام بھی
بیان کردئے گئے، اور ان مفاسد کی اصلاح کردی جو اس بارے میں پھیلے ہوئے تھے:

لین دین کی درستگی کے ۷ بنیادی اصول۔ ۲۷۷

رہن یعنے گرو رکھ کر قرض لینا۔ ۲۷۸

سورت کا اختتام اور دینِ حق کے عقائد و اعمال کا خلاصہ۔
سورت کی ابتدا بھی اسی سے ہوئی تھی۔ اختتام بھی اسی پر ہوا۔ ۲۷۹

آلِ عمران

(۲۸۰)

"اللہ" "الحیّ" اور "القیّوم" ہے۔ حیّ و قیوم ہونے کا مقتضیٰ یہ تھا کہ انسان کی زندگی و قیام کی تمام احتیاجات مہیّا کرے۔

احتیاجات دو طرح کی ہیں: جسمانی اور روحانی۔

روحانی احتیاجات کے لئے دو چیزیں دی گئیں: الکتاب اور الفرقان۔

سنّت الٰہی یہ ہے کہ جو لوگ کفر و سرکشی کے ساتھ الکتاب کا مقابلہ کرتے ہیں اور فرقان یعنے جوہر عقل و تمیز سے کام نہیں لیتے، اُن کے لئے دنیا میں بھی نامرادی ہوتی ہے، اور آخرت میں عذاب۔ ۲۸۰

اس اصل عظیم کا بیان کہ الکتاب یعنے قرآن کے مطالب کی دو قسمیں ہیں: محکمات اور متشابہات۔ محکمات اصل و بنیاد ہیں۔ اس لئے عقل انسانی کے لئے صاف صاف اور کھلے احکام ہیں۔ متشابہات کا تعلق اُن حقائق سے ہے جو ماوراء عقل انسانی ہیں؛ اور انسان اپنے حواس و ادراک سے اُن کی حقیقت معلوم نہیں کر سکتا۔

جن لوگوں کی سمجھ میں کجی ہے، وہ محکمات کو چھوڑ کر متشابہات کے پیچھے پڑ جاتے ہیں اور اُن کی حقیقت معلوم کرنی چاہتے ہیں۔ لیکن جو لوگ سمجھ کے سیدھے اور علم میں پکے ہیں، وہ اُن میں کاوش نہیں کرتے۔ وہ کہتے ہیں، جو کچھ کلام الٰہی میں ہے، ہمارا اُس پر ایمان ہے۔ ۲۸۱

جن لوگوں نے الکتاب کا مُعاندانہ مقابلہ کیا ہے، وہ وہی چال چل رہے ہیں جو حضرت موسٰی کے مقابلہ میں آل فرعون نے اختیار کی تھی، اور قریب ہے کہ اُنھیں بھی وہی پیش آئے، جو آل فرعون کو پیش آیا تھا! ۲۸۲

جنگ بدر کا نتیجہ اس معاملہ کی ابتدا تھا، تاہم فیصلہ کن تھا۔ ؍؍

پیروانِ دعوت کو موعظت کہ اپنی موجودہ بے سروسامانی سے برداشتہ خاطر نہ ہوں۔

ضمناً اس حقیقت کا اظہار کہ خدا نے انسان کی طبیعت و حالت ایسی ہی بنائی ہے کہ اہل و عیال اور مال و متاع کی فراوانی میں بڑی دلبستگی محسوس کرتا ہے۔

متّقی انسانوں کے خصائل۔ ۲۸۳

دینِ الٰہی کی حقیقت یہ ہے کہ خدا کے ٹھہرائے ہوئے قانون کی اطاعت کی جائے۔ خدا کا ٹھہرایا ہوا قانون کیا ہے؟ میزانِ عدل کا قیام ہے، جس پر تمام کارخانۂ خلقت چل رہا ہے۔ ؍؍

اس حقیقت کی معرفت یوں حاصل ہو سکتی ہے کہ کائناتِ ہستی کی شہادت پر غور کرو۔

شہادتیں تین ہیں: اللہ کی۔ ملائکہ کی۔ اصحاب علم کی۔

یہ تینوں شہادتیں اعلان کرتی ہیں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اُس نے تمام کارخانۂ ہستی قانون عدل پر اُستوار کیا ہے۔

"الدین" یعنے انسان کے لئے قانون اعتقاد و عمل یہی ہے، اور اسی کا نام "الاسلام" ہے۔

پیروانِ مذاہب کا تفرقہ و اختلاف اس لئے نہیں ہوا کہ دین مختلف تھے۔ کیونکہ اوّل دن سے دین یہی ایک ہے۔ تفرقہ و اختلاف اس لئے ہوا کہ ضد اور تعصب میں آکر لوگوں نے الگ الگ گروہ بندیاں کرلیں، اور اصل دین سے پھر گئے۔ ۲۸۴

یہود و نصاریٰ اور مشرکین عرب سے اتمام حجت۔ اصل دین خدا پرستی ہے۔ ساری باتیں چھوڑ دو۔ یہ بتلاؤ، حقیقی خدا پرستی سے اقرار ہے یا انکار؟ اگر اقرار ہے تو سارا جھگڑا ختم ہوگیا۔ کیونکہ اسلام کی حقیقت اسکے سوا اور کچھ نہیں ہے۔

یہودیوں کی قومی گمراہیوں اور شقاوتوں کی طرف اشارہ۔ جو لوگ حق و عدالت کے داعیوں کو قتل کرتے رہے، اُن سے قبولیتِ حق کی کیا اُمید ہوسکتی ہے؟

علمأ یہود کی یہ گمراہی کہ جس تورات کو شب و روز بغل میں لئے پھرتے تھے، جب اُسی تورات پر عمل کرنے کا مطالبہ کیا گیا، تو صاف انکار کر گئے۔ ۲۸۵

مذہبی گروہ بندی کے غرور نے اُن میں یہ زعم فاسد پیدا کر دیا ہے کہ ہم نجات یافتہ اُمت ہیں۔ ہمارا عمل کیسا ہی کیوں نہ ہو، لیکن ہمیشہ کے لئے جہنم میں نہیں ڈالے جائینگے۔ ״

وقت آگیا ہے کہ حق و باطل کا فیصلہ ہوجائے۔ جسے اُٹھنا ہے، اُٹھ کھڑا ہو۔ جسے گرنا ہے، گرا دیا جائے! ۲۸۶

پیروانِ دعوت سے خطاب کہ سرگرمِ عمل ہوجائیں، اور راہ کی ٹھوکروں سے محفوظ رہیں۔

اپنے ذاتی رشتوں کو جماعت کے رشتے پر ترجیح نہ دیں اور محاربین ملت کو اپنا مددگار و رفیق نہ بنائیں۔ ״

جو کوئی خدا سے محبت کا مدعی ہو، اُسے چاہئیے، خدا کے رسول کی پیروی کرے۔

خدا کا قانون یہ ہے کہ ہدایتِ خلق کے لئے پیغمبروں کو مبعوث کرتا ہے۔ جو ان کی پیروی کرتے ہیں، کامیاب ہوتے ہیں۔ جو سرکشی سے مقابلہ کرتے ہیں، ناکام رہتے ہیں۔ ۲۸۷

اسی قانون کے ماتحت خدا نے آدم، نوح، آلِ ابراہیم اور آلِ عمران (علیہم السلام) کو برگزیدگی عطا فرمائی۔

حضرت مسیح علیہ السلام کی دعوت سے استشہاد، اور حضرت مریم علیہا السلام کی پیدائش کا ذکر۔ ״

حضرت مریم کا طفولیت میں ہیکل کے سپرد ہونا، اور زاہدانہ توکّل۔ ۲۸۸

حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا، اور حضرت یحییٰ کی پیدائش کہ ظہورِ مسیح کا مقدمہ تھی۔ ״

حضرت مریمؑ کا بلوغ اور برگزیدگی۔

حضرت مریمؑ کے سوانح حیات کی بعض جزئیات جن کا علم پیغمبر اسلام کو بغیر وحی کے نہیں ہوسکتا تھا۔ ۲۸۹

حضرت مریمؑ کو حضرت مسیحؑ کی پیدائش کی بشارت۔ ״

حضرت مسیحؑ کا ظہور اور اُن کی منادی۔ ۲۹۰

تمام رسولوں کی طرح حضرت مسیحؑ بھی پچھلی صداقتوں کو جھٹلانے نہیں بلکہ از سرِ نو قائم کرنے کے لئے آئے تھے۔ ״

یہودیوں کے سرداروں کا مخالفت میں سرگرم ہونا، اور صرف حواریوں کا ایمان لانا۔ ״

یہودیوں کی حضرت مسیحؑ کے خلاف مخفی سازش، مگر خدا کا انھیں ناکام کرنا، اور حضرت مسیحؑ کو اپنی حفاظت میں لے لینا۔

حضرت مسیحؑ کی نسبت خدا کا وعدہ کہ میں تیرا وقت پورا کروں گا۔

تجھے اپنی طرف اُٹھاؤں گا، منکروں کی افترا پردازیوں سے تیری پاکی آشکارا کردوں گا، اور تیرے ماننے والوں کو تیرے منکروں پر ہمیشہ برتر رکھوں گا! ۲۹۱

عیسائیوں کی گمراہی کہ الوہیتِ مسیح کا اعتقادِ باطل پیدا کرلیا۔

ضمناً اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ اگرچہ مسیحی کلیسا نے صدیوں سے یہ اعتقاد قائم کر رکھا ہے، لیکن قرآن کی دعوت اُس کے برخلاف کامیاب ہوگی۔

عیسائیوں کو مباہلہ کی دعوت 〃

رفع نزاع اور اتمام حجت کی دوسری دعوت: آؤ اختلاف و نزاع کی ساری باتیں چھوڑ دیں، اُن بنیادی صداقتوں پر متحد ہو جائیں جو تمھارے یہاں بھی مسلّم ہیں۔ یعنے خدا کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں۔ جو کچھ اُسکے لئے ہے، اُس میں کسی کو شریک نہ کیا جائے۔ کوئی انسان دوسرے انسان کو ایسا مقدس اور معصوم نہ بنائے، گویا اُسے خدا بنا لیا ہے۔ ۲۹۲

توحید و خدا پرستی کا یہی طریقہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا طریقہ تھا۔ یہودیت یا نصرانیت کی گروہ بندی اور اُس کی گمراہیاں نہ تھیں۔ اگر یہود اور نصاریٰ اس بارے میں حجت کرتے ہیں، تو یہ جہل و تعصب کی انتہا ہے۔ ۲۹۳

اہلِ کتاب کی مذہبی زندگی کی شقاوتیں۔

اہلِ کتاب کی بنیادی گمراہی کہ انھوں نے دین و صداقت کو صرف اپنی نسل اور گروہ بندی کا ورثہ سمجھ لیا ہے، اور کہتے ہیں، یہ ممکن نہیں کہ ایک شخص ہم میں سے نہ ہو، اور دین کی صداقت رکھتا ہو۔ ۲۹۴

اہلِ کتاب کی یہ گمراہی کہ سمجھتے ہیں، غیر مذہب والوں کے ساتھ دیانت داری اور معاملہ کی سچائی ضروری نہیں۔ ۲۹۵

اصل یہ ہے کہ اُنکے علماء اور مشائخ کی گمراہیوں اور بدعملیوں نے تمام قوم کو ہدایت کی روح سے محروم کر دیا ہے۔ ان میں عالموں اور فقیہوں کا ایک گروہ ہے جو کتاب اللہ کی تلاوت کرتا ہے لیکن ہوائے نفس سے اُس کے مطالب میں تحریف کر دیتا ہے۔

اُنکے علماء اور مشائخ ہدایت کرنے کی جگہ خدائی کرنے لگے ہیں۔ عوام سمجھتے ہیں، نیک و بد، حلال و حرام، اور دوزخ و جنت کا سارا اختیار انہی کے ہاتھ میں ہے۔

کسی انسان کے لئے جائز نہیں کہ خدا کے احکام کی جگہ انسان کی رائے و قیاس کے گڑھے ہوئے حکموں کی اطاعت کرے۔ ایسا کرنا، خدا کو چھوڑ کر بندوں کی بندگی کرنا ہے۔ ۲۹۶

اس اصل عظیم کی طرف اشارہ کہ تمام پیغمبر ایک ہی دین کے داعی اور ایک ہی زنجیر کی مختلف کڑیاں ہیں۔ اُن میں سے کسی ایک کا انکار، پورے سلسلۂ ہدایت کا انکار ہے۔ 〃

کیا تم چاہتے ہو، اللہ کا ٹھہرایا ہوا دین چھوڑ کر، کوئی اور دین ڈھونڈھ نکالو؟ لیکن اس دنیا میں تو کوئی دوسرا دین ہو نہیں سکتا۔ کیونکہ آسمان و زمین میں جو کوئی بھی ہے، اللہ کے قانون کے آگے جھکا ہوا ہے۔ اُسکے قانون کے دائرۂ اطاعت سے باہر نہیں جا سکتا۔

یہی ایک دین، نوعِ انسانی کی ہدایت کی عالمگیر راہ ہے، لیکن لوگوں نے الگ الگ گروہ بندیاں کرلیں، اور ایک دوسرے کو جھٹلانے لگے۔ قرآن اس لئے آیا ہے کہ اس گمراہی سے انسان کو نجات دلائے۔ پس وہ تمام رہنمایانِ عالم کی یکساں طور پر تصدیق کرتا ہے، اور کہتا ہے اس عالمگیر سچائی کے سوا، جو الاسلام ہے، دین کی کوئی راہ خدا کے نزدیک مقبول نہیں۔ ۲۹۷

جن لوگوں کا حال یہ ہے کہ ہدایت کی راہ پا کر پھر اُس سے منحرف ہو گئے، اور سچائی کی کوئی روشنی اُن کی بصیرت کے لئے سود مند نہ ہوئی، اور آج بھی دعوتِ حق کا مُعاندانہ مقابلہ کر رہے ہیں تو خدا کا قانون یہ ہے کہ ایسے لوگوں پر فلاح و سعادت کی راہ کبھی نہیں کھل سکتی۔

جزائے عمل، عمل کا قدرتی نتیجہ ہے۔ پس یہ نہ سمجھو کہ آخرت کی سزائیں بھی دُنیا کی سزاؤں کی طرح ہیں کہ ایک مجرم چاہے تو مال و دولت خرچ کر کے اپنے کو بچا لے سکتا ہے۔ خدا کی عدالت میں کوئی فدیہ اور معاوضہ قبول نہیں ہو سکتا۔

صرف توبہ و انابت ہی ایک ایسی چیز ہے جو تمام گناہوں کو محو کر دیتی ہے۔

مال و دولت گناہ کے فدیہ میں مقبول نہیں، لیکن مال و دولت کا خدا کی راہ میں خرچ کرنا نیکی کی سب سے بڑی شرط ہے۔ ۲۹۸

علمائے یہود کے دو اعتراض اور اُن کا جواب:

(۱) اگر قرآن کی دعوت بھی وہی ہے جو پچھلے نبیوں کی دعوت تھی، تو کیوں قرآن نے بھی کھانے کی وہ تمام چیزیں حرام نہیں کر دیں جو یہودیوں کے یہاں حرام ہیں؟

(۲) بیت المقدس کی جگہ خانۂ کعبہ کیوں قبلہ قرار دیا گیا؟

پہلے اعتراض کا جواب کہ کھانے کی تمام اچھی چیزیں جنھیں قرآن حلال ٹھہراتا ہے، بنی اسرائیل کے لئے بھی حلال تھیں، اور جن چیزوں کو وہ حرام سمجھتے ہیں، وہ تورات میں حرام نہیں ٹھہرائی گئی ہیں، بلکہ نزولِ تورات سے پہلے خود بنی اسرائیل نے اپنے اوپر حرام ٹھہرا لی تھیں۔

دوسرے اعتراض کا جواب کہ خانۂ کعبہ پہلا گھر ہے جو انسان کے لئے خدا پرستی کا معبد ٹھہرایا گیا، اور یروشلم کے ہیکل کی تعمیر سے بہت پہلے، حج و عبادت کا مرکز ہو چکا تھا۔ ۲۹۹

پیروانِ دعوت سے خطاب، موعظت، اور قیامِ رُشد و ہدایت کے بعض اصول و مہمات:

(۱) یہود اور نصاریٰ کی گمراہانہ باتوں کی پیروی سے بچو۔

(۲) ایمان کی برکتوں کے حصول کے لئے شرطِ راہ، استقامت ہے۔ ۳۰۱

(۳) جماعت کے تفرقہ سے بچو۔

(۴) تم میں ہمیشہ ایک گروہ ایسا ہونا چاہئے جو داعی الی الخیر ہو، اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر میں سرگرم ہے۔

(۵) جماعت کے تفرقہ کی طرح دین کا اختلاف بھی مُہلک ہے۔ پس اہلِ کتاب کی طرح فرقہ بندیوں میں مبتلا نہ ہو جانا۔ ؍؍


(۶) تم تمام اُمتوں میں "بہتر امت" ہو، اور اس لئے ظہور میں آئے ہو کہ انسانوں کو نیک بناؤ۔ ۳۰۲

قرآن نے مسلمانوں کا جماعتی نصب العین یہ نہیں قرار دیا کہ سب سے برتر اور طاقتور ہوں، بلکہ کہا "سب سے بہتر" ہوں۔ انسان کے کسی گروہ کے لئے اس سے اعلیٰ نصب العین نہیں ہو سکتا۔

اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ یہود اور نصاریٰ کے جو گروہ نزولِ قرآن کے وقت اُس کی مُعاندانہ مخالفت میں سرگرم تھے، وہ کبھی اپنے مقصد میں کامیاب نہیں ہوں گے۔

یہودیوں کی قومی محرومی کی طرف اشارہ کہ حکومت و کامرانی سے محروم ہو چکے ہیں، اور جہاں کہیں بھی انھیں امن ملا ہے، محکومیت کی ذلت کا امن ہے۔ یہاں سے یہ بات بھی معلوم ہو گئی کہ قومی محکومیت کو قرآن کس نظر سے دیکھتا ہے؟ ۳۰۳

یہ بات نہیں ہے کہ تمام یہودیوں اور نصاریٰ کا حال یکساں ہو۔ بلاشبہ کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو ایمان و عمل کی راہ میں اُستوار ہیں، لیکن ایسے لوگ بہت کم ہیں۔ غالب تعداد



النسآء ۴
۳۲۸

خُدا نے انسان کو مرد، عورت کی دو جنسوں میں تقسیم کر دیا
ہے، اور دونوں یکساں طور پر اپنی اپنی ہستی رکھتی ہیں۔ کارخانۂ
معیشت کے لئے جس طرح مرد کی ضرورت تھی، اُسی طرح عورت
کی بھی تھی۔ البتہ مردوں کو یہ مزیت حاصل ہے کہ عورتوں کے لئے
کارفرما ہیں۔

عورتیں اس خیال سے دلگیر نہ ہوں کہ مرد نہ ہوئیں۔
عورتوں کے لئے بھی عمل و فضیلت کی تمام راہیں کھلی ہوئی
ہیں۔

نیک عورتوں کے خصائل۔

اگر بیوی کی طرف سے سرکشی ہو، تو فوراً دل برداشتہ نہیں
ہو جانا چاہئے۔ یکے بعد دیگرے فہمائش کرنی چاہئے۔

اگر تفرقہ کا اندیشہ ہو، تو چاہئے کہ خاندان کی پنچایت بٹھائی
جائے۔ ایک پنچ شوہر کی طرف سے ہو۔ ایک بیوی کی طرف
سے۔ دونوں اصلاح کی کوشش کریں۔ ۳۴۰

عموم شفقت و احسان، اور ادائے حقوق و واجبات
کا حکم۔

بخل نہ کرو، نیکی کے لئے خرچ کرو، خدا اترانے والوں اور
بخیلوں کو دوست نہیں رکھتا۔

خدا کی پسندیدگی انھیں بھی نہیں مل سکتی جو دکھاوے
کے لئے خرچ کرتے ہیں۔ ۳۴۱

نماز، طہارت، اور تیمم کے احکام۔

مقصود یہ ہے کہ ازدواجی زندگی کی اخلاقی ذمہ داریوں
سے عہدہ برا نہیں ہو سکتے، اگر عبادت الٰہی کی روح سے محروم ہو
نشہ کی حالت میں نماز کا قصد نہ کرو۔ (شراب کی حرمت
کا حکم تدریج ہوا ہے۔ پہلا حکم سورۂ بقرہ کی آیت ۲۱۶ میں ہے
دوسرا یہ ہے۔ آخری حکم جس نے قطعی حرمت کا اعلان کیا، مائدہ
کی آیت ۹۲ ہے) ۳۴۲

سلسلۂ بیان اہل کتاب کی طرف پھرتا ہے۔ مسلمانوں کو
متنبہ کیا جاتا ہے کہ جس طرح احکام الٰہی سے تم مخاطب ہوئے ہو، اہل
کتاب بھی ہوئے تھے، لیکن ہدایت سے منحرف ہو گئے۔ پس
ضروری ہے کہ ان کی گمراہیوں سے اپنی حفاظت کرو۔

یہود مدینہ کی یہ شقاوت کہ ذومعنی اور مشتبہ الفاظ کہہ کر
دل کا بخار نکالتے۔

اہل کتاب کی یہ گمراہی کہ اپنے پیشواؤں اور فقیہوں کو
ایسا مقدس اور با اختیار سمجھ رکھا ہے، گویا خدا کی خدائی میں
شریک ہیں۔

سارے گناہ بغیر توبہ کے بھی بخشدئیے جا سکتے ہیں لیکن شرک
نہیں بخشا جائے گا۔ ۳۴۳

یہودیوں کا غرور باطل کہ اپنی مذہبی گروہ بندی کی بڑائیوں
اور پاکیوں کی ڈینگیں مارتے ہیں۔ ۳۴۴

گروہ پرستی کے بعد حق و باطل کا امتیاز باقی نہیں رہتا۔

یہود مدینہ مسلمانوں کی ضد میں آکر، مشرکین عرب کو اُن پر
ترجیح دیتے۔ ۳۴۵

مسلمانوں سے خطاب، اور قیام عدل، ادائے امانت،
اور رفع نزاع کے مہمات:

(۱) اصل یہ ہے کہ جو شخص جس بات کا حقدار ہو، اُس کا اعتراف
کرو، اور جو چیز جسے ملنی چاہئے، وہ اُسی کے حوالے کرو۔

(۲) جب دو فریقوں میں فیصلہ کرو، تو حق و انصاف کے
ساتھ کرو۔

(۳) اصل دینی یہ ہے کہ اللہ کی اطاعت کرو، رسول کی اطاعت

کرو، اور تم میں سے جو صاحبِ حکم و اختیار ہو، اُس کی اطاعت کرو۔ اگر نزاع و اختلاف ہو، تو قرآن و سنّت کے طرف رجوع کرنا چاہئے۔ ۴۷

منافق اپنے جھگڑے، چکانے کے لئے مخالفین اسلام کے آگے پیش کرتے تھے۔ فرمایا، جو شخص اللہ کے رسول کے حکم اور فیصلہ پر مطمئن نہیں، وہ مومن نہیں! ۴۸

جس کسی نے اللہ اور رسول کی اطاعت کی، تو وہ انعام یافتہ جماعتوں کا ساتھی ہوا۔ انعام یافتہ جماعتیں چار ہیں: انبیاء۔ صدّیقین۔ شہداء۔ صالحین۔ ۴۹

منافقوں کی یہ روش کہ جنگ سے الگ رہتے۔ پھر اگر کوئی حادثہ پیش آجاتا تو خوش ہوتے کہ ہم بچے رہے۔ اگر کامیابی ہوتی، تو حسد سے جل مرتے کہ کاش ہم نے بھی ساتھ دیا ہوتا!

قرآن نے جنگ کا حکم اس لئے نہیں دیا کہ دوسروں پر چڑھ دوڑو، بلکہ اس لئے کہ ظلم کا مقابلہ کرو۔ اسی لئے وہ کہتا ہے مومن کا لڑنا اللہ کی راہ میں ہوتا ہے۔ ۵۰

عرب کے لوگ باہمی خوں ریزی میں مبتلا تھے۔ اسلام نے اس سے روکا۔ اب جب مظلوموں کی حمایت اور ظالموں کے دفاع میں جنگ کا حکم دیا گیا، تو منافق جی چرانے لگے۔

مسلمانوں کو جب کبھی منافقوں کی وجہ سے کوئی حادثہ پیش آجاتا، تو منافق اُس کی ذمّہ داری پیغمبرِ اسلام پر ڈالتے فرمایا، جو کچھ پیش آتا ہے، خدا کے ٹھہرائے ہوئے قوانینِ عمل کا لازمی نتیجہ ہے۔ پیغمبر کا کام پیغامِ حق پہنچا دینا ہے۔ اگر تم عمل نہ کرو، تو نتائج کے خود ذمّہ دار ہو۔

امام و قائد کو چاہئے، لوگوں کی کج اندیشیوں سے دل گرفتہ نہ ہو، اور اللہ پر بھروسہ رکھے۔ ۵۱

اللہ کا رسول اس لئے نہیں کہ تا کہ لوگوں سے بہ جبر اطاعت کرائے، اور اُنکے اعمال کا پاسبان ہو۔

منافق زبان سے اقرارِ اطاعت کرتے، مگر راتوں کو مجلسیں جماکر مخالفانہ سازشیں کرتے۔ ۳۵۲

ضمناً اس حقیقت کا استنباط کہ قرآن ہر انسان سے مطالبہ کرتا ہے، اُس کے مطالب میں غور و فکر کرے پس جو شخص قرآن کو سمجھ بوجھ کے نہیں پڑھتا، وہ قرآن کا مطالبہ پورا نہیں کرتا جو شخص قرآن میں تدبّر کرے گا، وہ معلوم کرلے گا کہ یہ کلامِ الٰہی ہے!

جب کبھی امن و خوف کی کوئی بات سننے میں آئے، تو عوام میں نہ پھیلاؤ، اولوالامر کے آگے پیش کرو۔

جب کبھی کوئی سلام و دعا بھیجے، تو چاہئے، اُس سے زیادہ اچھی بات جواب میں کہو۔ یا کم از کم ویسی ہی بات اُس پر لوٹا دو۔ جنگ کی حالت ہو یا امن کی، موافق ہو یا مخالف، لیکن حسنِ اخلاق و انسانیت کا مقتضیٰ یہ ہے کہ جو کوئی تم پر سلامتی بھیجے، تم بھی اُس کا ویسا ہی جواب دو۔ ۳۵۳

جب جنگ چھڑی، تو مسلمانوں میں منافقین مکہ کی نسبت اختلافِ رائے ہوا۔ فرمایا، اگر وہ مکہ سے ہجرت کر جائیں اور دشمنوں کے ساتھ نہ رہیں، تو اُنھیں مخالف نہ سمجھو، ورنہ جو کوئی دشمنوں کے ساتھ رہے گا، دشمن ہی سمجھا جائے گا۔

ایسے لوگوں سے رفاقت و مددگاری کا رشتہ نہ رکھو کہ فی الحقیقت دشمنوں کے ساتھی ہیں۔ البتہ دو طرح کے آدمی اس ممانعت میں داخل نہیں۔ اولاً، جو لوگ کسی ایسے گروہ کے پاس چلے جائیں جس کے ساتھ تمھاری صلح ہے۔ ثانیاً، جو لوگ ناطرفدار ہو جائیں۔

اصل اس بارے میں یہ ہے کہ تم صرف اُنہی لوگوں کے خلاف ہتیار اُٹھا سکتے ہو جنھوں نے تمھارے خلاف ہتیار اُٹھایا ہو۔ اگر ایک گروہ جنگ پر مُصر نہیں، تو تمھارے لئے کسی حال میں بھی جائز نہیں کہ اُس پر ہتیار اُٹھاؤ۔ ۳۵۵

مسلمانوں کے لئے جائز نہیں کہ بغیر حالت جنگ کے کسی انسان کو دیدہ و دانستہ قتل کریں۔ اگر کسی کے ہاتھ سے نادانستہ یا شُبہ میں قتل ہو جائے، تو مقتول کی تین حالتیں ہو سکتی ہیں۔ چنانچہ تینوں حالتوں کے احکام بتلائے گئے۔ ۳۵۶

مسلمان جان بوجھ کر کسی مسلمان کو قتل کردے، تو اسکے لئے آخرت کا دائمی عذاب اور خدا کی لعنت ہے۔ ؍؍

خدا کے حضور تمام نیکیوں کے لئے اجر ہے، مگر تمام نیکیاں یکساں نہیں۔ جان و مال سے جہاد کرنے والوں کے درجہ کو وہ لوگ نہیں پہنچ سکتے جو مجاہد نہیں ہیں۔ ۳۵۸

پیغمبر اسلام کی ہجرت کے بعد عرب کی دو قسمیں ہو گئی تھیں: دار الہجرۃ یعنے مدینہ، اور دار الحرب یعنے مکہ۔ فرمایا، باوجود استطاعت کے جو مسلمان دار الحرب سے ہجرت نہ کریں، اور دشمنان اسلام کا جور و ظلم ذلت کے ساتھ سہتے رہیں، وہ بڑی ہی معصیت کے مرتکب ہونگے۔

خدا کی زمین وسیع ہے۔ اگر اپنا وطن چھوڑ کر نکلوگے تو نئی نئی اقامت گاہیں اور معیشت کے نئے نئے سامان ملینگے! ؍؍

سفر کی حالت میں نماز قصر کرنے کا، اور بہ حالت جنگ ایک خاص طریقہ پر نماز کی جماعت کا حکم جسے صلوٰۃ خوف کہتے ہیں۔ ۳۶۰

مقاصد کی راہ میں مشقتیں مومن کو بھی پیش آتی ہیں اور کافر کو بھی، لیکن مومن کے لئے اُن کا جھیلنا سہل ہوتا ہے۔ ۳۶۱

پیغمبر اسلام سے خطاب کہ قرآن اس لئے نازل ہوا ہے کہ حق و عدل کا قیام ہو، پس اُن لوگوں کی پروا نہ کرو جو چاہتے ہیں، انصاف و حقیقت کے خلاف فیصلہ حاصل کریں۔

اس سلسلہ میں قضاء و عدالت کی بعض بنیادی مہمات۔ قاضی کے لئے جائز نہیں کہ غیر مسلم کے مقابلہ میں مسلم کی بیجا رعایت کرے۔ مسلمانوں کے لئے جائز نہیں کہ ہم مذہب ہونے کی وجہ سے مسلمان مجرم کی بمقابلۂ غیر مسلم، حمایت کریں۔ اُس کی حمایت میں جتھا بندی کرنا اور زیادہ معصیت ہے۔

جس شخص پر راہ ہدایت واضح ہو جائے اور پھر اُس سے پھر جائے، تو اُس نے شقاوت کی راہ اختیار کرلی، اور خدا کا قانون ہے کہ جو شخص جیسی راہ پسند کرتا ہے، ویسے ہی نتیجہ تک پہنچا دیا جاتا ہے۔ ۳۶۳

مشرکین عرب کے بعض عقائد و اعمال۔

شیطان کی بڑی وسوسہ اندازی یہ ہے کہ حقیقت و عمل سے ہٹا کر باطل آرزوؤں اور جھوٹی امیدوں میں آدمی کو گمن کر دیتا ہے! ۳۶۴

یہودیوں اور عیسائیوں کا سرمایۂ دین، یہی جھوٹی اُمیدیں ہیں۔ یہودی کہتے ہیں، ہم نجات یافتہ امت ہیں، عیسائی کہتے ہیں، کفارہ مسیح پر ایمان لانے کے بعد نجات ہی نجات ہے۔

مسلمانو! نہ تو تمھاری آرزوؤں سے کچھ بننے والا ہے، نہ یہودیوں اور عیسائیوں کی۔ خدا کا قانون تو یہ ہے کہ جیسا جس کا عمل ہوگا ویسا ہی نتیجہ پائے گا! ۳۶۵

قانونِ عمل کے ذکر نے سلسلۂ بیان پھر قرابت داروں کے حقوق کی طرف پھیر دیا ہے۔

عرب میں دستور تھا کہ اگر یتیم لڑکی خوبصورت اور مالدار ہوتی

تو سرپرست، بطمع زر خود نکاح کر کے اُسے نقصان پہنچاتا۔ یا دوسرے
سے نکاح کرا دیتا اگر اس شرط پر کہ مال کا ایک حصہ اُسے مل جائے
یا پھر یتیم لڑکیوں کا نکاح ہونے ہی نہیں دیتے کہ شوہر مال کا
مطالبہ کرے گا۔ قرآن نے اس ظلم سے روکا۔

اگر بیوی شوہر کو اپنے سے پھرا ہوا پائے، اور اُسے خوش
کرنے کے لئے اپنے حق میں سے کچھ چھوڑ دے اور ملاپ ہو جائے
تو اس میں کوئی حرج نہیں۔ یہ بیوی کے مال پر جبراً قبضہ کرنا نہیں ہے
مال و دولت کی خواہش ہر انسان میں ہے، پس ایسا نہ کرو
کہ مال کی وجہ سے باہم نااتفاقی ہو۔

ایک سے زیادہ بیویاں کرنے کی صورت میں عدل کی شرط
جو لگائی گئی ہے، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ جتنی باتیں تمہارے
اختیار میں ہیں، اُن میں ہر ایک کے ساتھ یکساں سلوک کرو اور
کسی ایک ہی کے طرف بالکل جھک نہ پڑو۔ [۳۶۶]

بیان احکام کے بعد پھر تذکیر و موعظت، کہ اصلی شے
عمل و استقامت ہے۔ [۳۶۸]

مسلمانوں کو چاہئے "قوامون بالقسط" اور "شہداء للہ"
ہوں۔ یعنے انصاف پر مضبوطی کے ساتھ قائم رہنے والے اور
اللہ کے لئے گواہی دینے والے۔ اگر سچائی خود ان کی ذات کے
یا اُن کے ماں باپ کے خلاف ہو، جب بھی اس کے اظہار میں تامل
نہ کریں!

گواہی دینے میں نہ تو کسی کی دولت کی پروا کرو۔ نہ کسی کی
محتاجی پر ترس کھاؤ۔ جو بات کہو، صاف صاف اور بے لاگ
کہو! [״]

یہ خصائل جبھی پیدا ہو سکتی ہیں کہ سچا ایمان دل میں راسخ ہو جائے۔
ایمان باللہ کی تفصیل۔

[۳۶۹] ایسا ایمان، ایمان نہیں جس میں استقامت نہ ہو۔

منافقوں کے خصائل و اعمال:

(۱) مومنوں کو چھوڑ کر منکرین حق کو رفیق و مددگار بناتے ہیں
تاکہ عزت حاصل کریں۔

(۲) منکرین حق کی مجلسوں میں شریک ہو کر خدا کی آیتیں
جھٹلاتے ہیں۔

(۳) الگ تھلگ رہ کر واقعات کی رفتار دیکھتے ہیں۔ جو فریق
کامیاب ہوتا ہے، اس سے کہتے ہیں، ہم دل سے تمھارے
ساتھ تھے۔

(۴) نماز پڑھینگے تو کاہلی کے ساتھ۔

(۵) ان کا ایک قدم کفر میں ہے، ایک ایمان میں۔

اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ دنیا میں اچھوں کی طرح
بُروں کو بھی مہلت عمل ملتی ہے۔ شریر آدمی اس مہلت سے
نڈر ہو جاتا ہے اور سمجھتا ہے، میرے لئے کچھ ہونے والا نہیں
حالانکہ سب کچھ ہونے والا ہے، مگر اپنے مقررہ وقت پر۔ [۳۷۰]

عذاب و ثواب اعمال انسانی کا قدرتی نتیجہ ہے۔

اگر کسی انسان میں کوئی برائی ہو تو اُسے مشہور کرنا
اور پکارتے پھرنا جائز نہیں۔ ہاں اگر کوئی مظلوم ہو تو ظالم
کے خلاف آواز بلند کر سکتا ہے۔ [۳۷۲]

جو لوگ خدا کے بعض رسولوں کو مانتے ہیں، بعض کو
نہیں مانتے، وہ ایمان و کفر کے درمیان تیسری راہ نکالنی چاہتے
ہیں۔

علماء یہود کا یہ مطالبہ کہ اگر پیغمبر اسلام سچے ہیں، تو کیوں
آسمان سے ایک لکھی لکھائی کتاب ہم پر نازل نہیں ہو جاتی؟
اور قرآن کا جواب۔

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
یہودیوں کی تاریخی شقاوتوں کی طرف اشارہ۔	۳۷۳	وحدتِ دین کی اصل عظیم، اور اس حقیقت کا اعلان کہ دنیا کی کوئی قوم نہیں جس پر ہدایت الٰہی نے اتمام حجت نہ کردی ہو اور پیغمبروں کا ظہور نہ ہوا ہو۔ قرآن میں بعض کا ذکر کیا گیا۔ بعض کا نہیں کیا گیا۔	۳۷۷
یہودیوں کی یہ شقاوت کہ حضرت مریم علیہا السلام پر بہتان لگایا، اور کہتے ہیں، ہم نے مسیح کو سولی پر چڑھا کر ہلاک کردیا۔	۳۷۵	اہل کتاب کی ایک بڑی گمراہی دین میں غلو ہے۔	۳۷۸
جب کسی گروہ میں اتباع حق کی روح باقی نہیں رہتی، تو وہ جائز و مباح باتوں کا بھی اس طرح استعمال کرتا ہے کہ طرح طرح کی برائیوں کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔ یہودیوں پر اسی لئے بعض جائز باتیں سداً للذریعہ روک دی گئیں۔	۳۷۶	دین حق برہان ہے۔ یعنے سرتاسر دلیل و بصیرت۔	۳۷۹
		سورت کا اختتام بھی قرابت داروں کے حقوق کے ذکر پر ہوا۔ کلالہ کی میراث کی دو بقیہ صورتیں۔	۳۸۰

اَلْمَائِدَہ

(۳۸۱)

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
"مسلمانو! اپنے معاہدے پورے کرو" یعنے احکام الٰہی کی تعمیل واطاعت کا عہد پورا کرو!		چونکہ دین کامل ہوچکا، اس لئے کھانے پینے، اور اس طرح کے معاملات میں بے جا قیدیں اور وہم پرستانہ تنگیاں باقی نہیں رہیں۔ تمام اچھی چیزیں حلال ہیں۔	
(۱) مویشی کا گوشت حلال ہے۔ بجز اُن کے جو مستثنیٰ کردیئے گئے۔		اگر سدھائے ہوئے شکاری کتے یا پرند کے ذریعہ شکار کیا جائے، تو وہ بھی جائز ہے۔	
(۲) احرام کی حالت میں شکار جائز نہیں۔		اہل کتاب کے ذبح کئے ہوئے جانور کا گوشت بھی حلال ہے، نیز اُن کی عورتوں کے ساتھ نکاح بھی جائز ہے۔	۳۸۴
(۳) خدا کے شعائر کی بے حرمتی نہ کرو۔		وضو اور تیمم کا حکم، اور اس حقیقت کی توضیح کہ مقصود صفائی اور پاکیزگی ہے۔ یہ بات نہیں ہے کہ خواہ مخواہ کی پابندیاں لگادی جائیں۔	"
(۴) ازانجملہ حُرمت کے مہینے ہیں۔		مسلمانوں سے خطاب کہ دین کی تکمیل اور نعمت کا اتمام چاہتا ہے کہ تم اپنی سیرت (کیرکٹر) میں سرتاسر عدل و صداقت	
(۵) ایسا نہ ہو کہ قربانی کے جانوروں اور حاجیوں اور تاجروں کو نقصان پہنچایا جائے۔			
(۶) مشرکوں نے تمھیں حج سے روکا تھا۔ اب تم اُس کے بدلے اُن کے حاجیوں کو نہ روکو۔ تمھارا دستور العمل یہ ہونا چاہئے کہ "نیک کام میں مدد کرنا۔ برائی میں نہ کرنا"			
دین کی تکمیل کا اعلان۔	۳۸۱		

اہل کتاب سے خطاب کہ جب پیروانِ قرآن کا طریقہ عالمگیر
سچائی کی تصدیق کا ہے، تو پھر تمھیں انکے خلاف کیوں کد ہوگئی ہے؟
خدا کے نزدیک بہ اعتبار جزاء کے وہی گروہ بدتر ہوگا جس نے
احکام حق سے ہمیشہ سرکشی کی ہے۔ ۴۰۰

یہودی کہتے تھے، تورات کے بعد کوئی کتاب نہیں آسکتی،
اور خدا کے ہاتھ بندھ گئے ہیں۔ ۴۰۱

عیسائیوں کی طرح یہودیوں میں بھی فرقہ بندی نے ہر فرقہ
کو دوسرے کا دشمن بنا دیا۔ ؍؍

یہود و نصاریٰ سے خطاب کہ جب تک تم تورات و انجیل
پر قائم نہیں ہوتے، تمھارے پاس دین میں سے کچھ بھی نہیں ہے۔
نجات و سعادت کا دارومدار خداپرستی اور نیک عملی پر ہے
نہ کہ گروہ بندیوں پر۔ ۴۰۲

عیسائیوں کو بھی اسی اصل کی تعلیم دی گئی تھی، لیکن انھوں
نے تثلیث کا باطل عقیدہ پیدا کر لیا۔ ۴۰۳

جب کسی گروہ کی حالت ایسی ہوجائے کہ برائی میں پڑ کر،
پھر اس سے باز رہنے کا ولولہ پیدا نہ ہو، تو یہ شقاوت کی انتہا ہے۔ ۴۰۴

پیغمبر اسلام سے خطاب کہ تم یہودیوں اور مشرکین عرب کو
مسلمانوں کی مخالفت میں سب سے زیادہ سخت پاؤ گے، اور عیسائی
سب سے زیادہ قریب ثابت ہونگے۔ ۴۰۵

سلسلۂ بیان اب پھر اوامر و نواہی کی طرف پھرتا ہے

(۱) اہل مذاہب کی یہ غلطی کہ انھوں نے ترک دنیا کو تقرب
الٰہی کا ذریعہ سمجھ لیا ہے، اور اس طرح کی قسمیں کھا لیتے ہیں کہ
فلاں لذت اور راحت ہم پر حرام ہوگئی۔ فرمایا، ایسا کرنا،
دین میں حد سے گزر جانا ہے۔

(۲) لغو قسموں کا اعتبار نہیں۔ سمجھ بوجھ کر کھائی ہو اور
توڑنی پڑے، تو کفارہ دینا چاہئے۔

(۳) شراب، جوا، معبودانِ باطل کے نشان حرام ہیں۔ ۴۰۶

(۴) جن لوگوں نے احکام حرمت کے نزول سے پہلے ممنوعہ
اشیاء استعمال کی ہوں، ان سے مواخذہ نہیں۔

(۵) احرام کی حالت میں اگر عمداً شکار کا مرتکب ہو، تو اس کا
بدلہ یا کفارہ دینا چاہئے۔

(۶) حالت احرام میں دریائی شکار کی ممانعت نہیں، کیونکہ
بحری سفر میں غذا کا بڑا ذریعہ یہی ہے۔

(۷) خدا نے کعبہ کو امن و اجتماع کا مرکز ٹھہرایا ہے، پس اس
کی حرمت کے شعائر قائم رکھو۔ ۴۰۷

(۸) گندی اور مضر چیزیں کتنی ہی زیادہ ملیں، لیکن راغب ہو
دانشمند آدمی اشیاء کی کثرت و قلت نہیں دیکھتا۔ انکے نفع و
نقصان پر نظر رکھتا ہے۔

(۹) دین حق یہ نہیں چاہتا کہ تمھارے ہر عمل کو کسی نہ کسی پابندی
سے ضرور ہی باندھ دے۔ جو کچھ ضروری تھا، بتلا دیا گیا، جو
چھوڑ دیا ہے، وہ معاف ہے۔

(۱۰) مشرکین عرب بتوں کے نام پر جانور چھوڑ دیتے اور انھیں
مقدس سمجھتے۔ فرمایا، بحیرہ، سائبہ، وصیلہ اور حام کی کوئی
اصلیت نہیں۔

(۱۱) دوسروں کی گمراہی و بدعملی تمھارے لئے حجت نہیں
ہوسکتی۔ ہر انسان اپنے نفس کے لئے جوابدہ ہے۔

وصیت اور اس کی گواہی:

(۱) دو گواہوں کا ہونا ضروری ہے۔ اگر مسلمان نہ ملیں تو غیر مسلم ہوں
(۲) گواہوں کو بہ حلف گواہی دینی چاہئے۔
(۳) بصورت نزاع، فریقین اپنے اپنے گواہ پیش کریں۔

(۴) جو انکار کرے، اُس پر قسم ہی۔ — ۴۰۹

قیامت کے دن تمام رسولوں سے پوچھا جائے گا کہ تمھاری اُمتوں نے تمھاری دعوت کا کیا جواب دیا؟

اللہ کا عیسیٰ علیہ السلام سے خطاب اور اُن کی معروضات۔ — ۴۱۱

نزولِ مائدہ۔ — ۴۱۲

حضرت عیسیٰ کا عرض کرنا کہ عیسائیوں کی گمراہی سے میں بری ہوں — ۴۱۳

الانعام

(۴۱۵)

خدا نے کائنات خلقت پیدا کی، اور روشنی اور تاریکی نمودار کر دی۔ روشنی، روشنی ہی۔ تاریکی، تاریکی۔ لیکن منکرین حق اُن میں امتیاز نہیں کرتے!

انسان کے لئے دو اجلیں ٹھرادی گئی ہیں۔ ایک عمل کے لئے۔ ایک نتائج عمل کے لئے۔

گذشتہ قوموں کی سرگزشتوں میں تمھارے لئے درس عبرت ہی۔ — ۴۱۵

راست باز انسان کے لئے سچائی کی ہر بات دلیل ہی، مگر منکر کے لئے کوئی نشانی سود مند نہیں۔

منکرین حق کہتے ہیں ایک لکھی لکھائی کتاب کیوں نہیں اُتر پڑتی، اور کیوں فرشتہ اُترتا ہوا ہمیں دکھائی نہیں دیتا؟ حالانکہ ایسا ہونا سنت الٰہی کے خلاف ہی۔ — ۴۱۶

برہان فضل و رحمت کا استدلال۔ تمام کائنات خلقت اس بات کا ثبوت دے رہی ہی کہ ایک رحمت فرما ہستی موجود ہی۔ اگر کوئی ایسی ہستی موجود نہ ہوتی، تو یہاں نہ تو بناؤ ہوتا، نہ فیضان، حالانکہ کوئی گوشہ نہیں جو اس سے خالی ہو۔ — ۴۱۷

خدا کی ہستی اور اُس کی صفات پر قرآن کا استدلال وہ فطرت انسانی کے وجدانی احساسات کو بیدار کرتا ہی۔ — ۴۱۷

حق و باطل کے لئے سب سے بڑی شہادت، خدا کی شہادت ہے۔ وہ داعی حق کو کامیاب کر کے، اپنی شہادت کا اعلان کر دیتا ہے۔ — ۴۱۸

منکرین حق کو جب سچائی کی باتیں سُنائی جاتی ہیں، تو کہتے ہیں، یہ تو وہی پُرانی کہانی ہی جو ہمیشہ سے سُنتے آئے ہیں — ۴۱۹

انسان کی دماغی و قلبی شقاوت کی وہ انتہائی حالت، جب ضد اور تعصب میں پڑ کر بالکل اندھا بہرا ہو جاتا ہے، اور سچائی کے فہم و قبول کی استعداد یک قلم معدوم ہو جاتی ہی۔

مُنکرینِ معاد کا آخرت کی زندگی سے انکار اور قرآن کا وجدانی استدلال۔ — ۴۲۰

پیغمبر اسلام سے خطاب کہ معاندوں کی حق فراموشیوں پر دل گرفتہ نہ ہوں۔ تمھاری پکار کا جواب وہی دے سکتے ہیں جو زندہ ہیں۔ جو مُردہ ہو چکے ہیں اُنھیں پکار نا بے سُود ہے۔

اگر تم سیڑھی لگا کر آسمان پر چڑھ جاؤ، جب بھی یہ مُنکر ماننے والے نہیں! — ۴۲۱

مضمون	صفحہ
چیزیں بلا تأمل کھاؤ۔	۴۴۲
حلت و حرمت کے بارے میں جو لوگ جدال نزاع کرتے ہیں، اُن کی راہ علم و بصیرت کی راہ نہیں ہے۔	
ایمان زندگی ہے، اور کفر موت ہے۔ زندہ اور مُردہ وجود برابر نہیں ہو سکتا!	
جب کبھی کسی آبادی میں دعوتِ حق نمودار ہوتی ہے، تو وہاں کے سردار اور رؤسا اس کی مخالفت پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔	
ضلالتِ فکر کے رسوخ و کمال کی ایک مثال۔	۴۴۳
دنیا کی کوئی آبادی نہیں جہاں خدا کے پیغمبروں کا ظہور نہ ہوا ہو	
ہر فرد اور گروہ کے بہ اعتبارِ اعمال مختلف درجے ہیں۔	۴۴۵
مشرکینِ عرب سے اتمامِ حجت کہ اگر دعوتِ حق کے مقابلے سے باز نہ آئے، تو قریب ہے کہ خدا کا فیصلہ صادر ہو جائے۔ چنانچہ بالآخر فیصلہ ہوا، اور دُنیا نے دیکھ لیا کہ کامیابی کس کے لئے تھی!	۴۴۶
مشرکینِ عرب کے مشرکانہ اور مجرمانہ اعمال مثلاً قتلِ اولاد۔	۴۴۷
جانوروں کی حلت و حرمت کے بارے میں اعلان کہ صرف وہی چیزیں حرام ہیں جن کی تصریح کر دی گئی ہے۔ انکے علاوہ تمام جانوروں کا گوشت جو عام طور پر کھائے جاتے ہیں حلال ہے۔	۴۴۹
مشرکینِ عرب کہتے تھے، اگر ہمارا طریقہ گمراہی کا طریقہ ہے تو کیوں خدا نے ہمیں گمراہ ہونے دیا؟	۴۵۰
اس اصلِ عظیم کا اعلان کہ خدا پرستی کی راہ یہ نہیں ہے کہ کھانے پینے میں روک ٹوک کرو، اور بہت سی چیزیں حرام ٹھہرا لو۔ خدا پرستی کی راہ یہ ہے کہ اُن حرام عملوں اور بُرائیوں سے اجتناب کرو جو فی الحقیقت نیکی و عدالت کے خلاف ہیں۔	۴۵۱
سچائی کی راہ ایک سے زیادہ نہیں ہو سکتی، پس بہت سی راہوں میں متفرق نہ ہو جاؤ۔	۴۵۲
اہلِ کتاب کی سب سے بڑی گمراہی یہ ہے کہ خدا کے ایک ہی دین میں تفرقہ ڈال کر الگ الگ گروہ بندیاں کر لیں، پس ان کی گمراہیوں سے راہِ حق کو کوئی واسطہ نہیں۔	
سورت کا خاتمہ اور اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ جس طرح قوموں کے بے شمار انقلابات ہو چکے ہیں، ایسا ہی ایک انقلاب اب بھی درپیش ہے، اور قریب ہے کہ پیروانِ قرآن پچھلی قوموں کے جانشین ہوں۔	۴۵۴

تصحیح و استدراک

مجھے نہایت رنج و ندامت کے ساتھ اس کا اعتراف کرنا ہے کہ کتاب میں کتابت اور چھپائی کی غلطیاں رہ گئی ہیں، اور زیادہ افسوس اس بات کا ہے کہ متن میں رہ گئی ہیں جب سورۂ بقرہ لکھی جارہی تھی، تو میں نے اپنا وقت بچانے کے لئے متن کی صحت ایک حافظ صاحب کے ذمے چھوڑ دی تھی، اور خوشنویس صاحب پر بھی ایک حد تک اعتماد تھا کہ قرآن کے چھپے ہوئے نسخے سے نقل کرنے میں غلط نویسی سے اجتناب کرینگے، لیکن جب سورہ بقرہ کے اجزا چھپ چکے، تو اتفاقاً میری نظر بعض مقامات پر پڑی، اور پھر دیکھا تو بکثرت غلطیاں موجود پائیں اب اسکے سوا چارہ کار نہیں کہ غلط نامہ کا اضافہ کیا جائے، اور کتاب کے پڑھنے والوں سے درخواست کی جائے کہ پڑھنے سے پہلے یہ غلطیاں قلم سے درست کرلیں۔ بلاشبہ اس میں زحمت ہوگی، لیکن چند منٹوں سے زیادہ نہ ہوگی، اور کتاب سالہا سال تک مطالعہ و تلاوت میں رہیگی
ان کے علاوہ کچھ غلطیاں تفسیر سورہ فاتحہ اور ترجمہ کی بھی ہیں، انھیں بھی مطالعے سے پہلے درست کر لیجئے۔ نیز بعض نوٹ اندراج سے رہ گئے ہیں۔ جب اُن مقامات پر پہنچیے، تو ان نوٹوں پر نظر ڈال لیجئے۔

اغلاط متن

صفحہ	سطر		غلط	صحیح
۱۸۸	۱		فاخذکم	فَاَخَذَتْكُمُ
"	۴		هذه القريةِ	هٰذِهِ الْقَرْيَةَ
"	"		حيث شئتما	حَيْثُ شِئْتُمْ
۱۹۱	۳		قردةِ	قِرَدَةً
۱۹۵	۳		والمسٰكينَ	وَالْمَسٰكِيْنِ
۱۹۷	۳		انفُسَكم	انفُسُكم

صفحہ	سطر		غلط	صحیح
۲۰۰	۵		فَاِنَّ عَدُوٌّ	فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ
۲۰۳	۴		من اٰيةٌ	من اٰيةٍ
۲۰۵	۶		ومن اظلمَ	ومن اظلمُ
۲۱۳	۲		و وكذلك	وكذلك
۲۱۴	۱		وما كان ليضيع	وما كان اللّٰهُ ليضيعَ
۲۱۹	۴		اجمعينُ	اجمعينَ
۲۲۲	۱		الشيطٰنُ	الشيطٰنِ
″	۴		كستلَ	كمثلِ
″	۵		ينعقُ	ينعِقُ
۲۲۵	۲		ابن السبيلَ	ابن السبيلِ
″	۳		واِقامَ	واَقامَ
۲۲۶	۵		الوصيةِ	الوصيةُ
۲۲۷	۱		اسْمُهُ	اثمُهُ
۲۲۹	۱		بريد اللّٰهَ	بريد اللّٰهُ
″	۴		احّلُ	احّلَ
۲۳۱	۱		المسَجد	المسْجِدُ
۲۳۶	۴		اشدُّ	اشدَّ
۲۳۸	۲		من نفسه	من يَشْرِيْ نفسه
۲۴۰	۲		فيه الذين	فيه الّا الذين
۲۴۱	۴		كَرِهٌ	كُرْهٌ
۲۴۴	۲		تَنكِحوا	تُنكِحوا
″	۳		اٰيٰتِه	اٰيٰتِه للنّاسِ
۲۵۰	۴		تُقرضوا	تَفرضُوا

صفحہ	سطر		غلط	صحیح
۲۵۱	۱		تُمسّوھُن	تَمَسُّوھُنَّ
"	۲		واِن تعفوا	واَن تعفوا
۲۵۳	۴		له المَلِك	له المُلكُ
"	۵		یشاءُ ط	یشاء ط وَاللہُ
۲۵۵	۶		بعضُھم	بعضَھم
۲۶۰	۴		واعلمُ	واعلَمْ
۲۶۲	۵		وابِلٌ فطلٌ	وابِلٌ فاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعفَینِ ج فَاِن لَّم يُصِبْهَا وابِلٌ فطلٌ
۲۶۹	۱		تكتموه	تَكْتُبُوهُ

تفسیر سورۂ فاتحہ کے اغلاطِ طباعت

صفحہ	سطر		غلط	صحیح
۱	۹		دُہرائی جانے والی چیز	دُہرائی جانے والی چیزیں
"	۱۰		دُہرائی جانے والی چیز	دُہرائی جانے والی چیزوں
۱۹	۱۰		نوعیت رکھتا ہو	نوعیت رکھتی ہو
۲۰	۱		سُورج کی حرکت	سُورج کی رفتار
"	۴		چاروں طرف وہی پاتا ہے	چاروں طرف وہی پاتی ہے۔
۲۶	۷		تحسین و آسائش	تحسین و آرائش
۲۷	۲		ارضی کا یہ بہترین مخلوق	ارضی کی یہ بہترین مخلوق
"	۳		پیدا کیا گیا ہو	پیدا کی گئی ہو

صفحہ	سطر		غلط	صحیح
۴۶	۵		نزہت وسرور بخشتا ہے، اپنی بُو سے ہوا کو معطر کرتا ہے، اپنے پھل میں طرح طرح کی غذائیں رکھتا ہے، اپنی لکڑی سے سامانِ تعمیر مہیا کرتا ہے، اور پھر خشک ہوجاتا ہے، تو	نزہت وسرور بخشتی ہے، اپنی بُو سے ہوا کو معطر کرتی ہے، اپنے پھل میں طرح طرح کی غذائیں رکھتی ہے، اپنی لکڑی سے سامانِ تعمیر مہیا کرتی ہے، اور پھر خشک ہوجاتی ہے، تو
۵۴	۱۷		وہ باقی رہ گیا	وہ باقی رہ گئی
۷۳	۶		جو کچھ اُس میں ہے	جو کوئی اُس میں ہے
۸۲	۲۴		روایت لکھی ہے	روایت کی ہے
۸۷	۱۳		رُحم کا محبت کا	رحم ومحبت کا
۹۸	۱۴		نقصان ہوتا	نقصان نہ ہوتا
۱۰۴	۱۴		انسانی کا تخیّل کرسکا	انسانی تخیّل کرسکا
۱۶۴	۲۲		ایک ہی صفت میں	ایک ہی صف میں

ترجمۃ القرآن کے اغلاطِ طباعت

سطروں کے شمار میں متن کی سطریں شامل نہیں ہیں

صفحہ	سطر		غلط	صحیح
۱۸۰	۲		انھیں گھیرے ہوئے ہے	منکروں کو گھیرے ہوئے ہے
۲۰۳	۱۰		باقی رہے یہ منکرینِ حق، تو یاد رکھو، انھیں (پاداشِ عمل میں) دردناک عذاب ملنے والا ہے	۔۔۔(یاد رکھو) منکروں کے لئے (پاداشِ عمل میں) دردناک عذاب ہے
۲۰۴	۱۴		اور فلاح وکامیابی کی منزل اس پر گم ہوگئی!	(اور فلاح وکامیابی کی منزل اس پر گم ہوگئی)

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۲۱۷ نوٹ	۸	ہے (اور وہ	ہے) اور وہ
۲۳۰	۱۲	کیونکر جائز ہو سکتا ہے؟	کیونکر جائز ہو سکتا ہے؟ پس ایسا نہ کرو کہ قصاص کے نام سے ظلم و خونریزی کا دروازہ کھول دو۔
۲۵۳	۹	اسی طرح کے حقوق	اسی طرح حقوق
"	"	جس طرح کے	جس طرح
۲۷۵	۸	راہ دکھا دیتا ہے	راہ دکھا دیتا ہے
۲۸۱ نوٹ	۱	مگر وہی جس کی	مگر وہی (جس کی
۳۳۷	۱۴	اسیرانِ جنگ سے ذریہ لیکر	اسیرانِ جنگ سے فدیہ لیکر
۳۵۷	۴	جو تھ ری	جو تمھاری
"	۵	دسموں ں سے ہو، اسے قس	دشمنوں میں سے ہو، اسے قتل

صفحہ ۷۳۔ سطر ۱۷ کے بعد آیت "الحسب الانسان" الخ سے پہلے، حسب ذیل عبارت چھوٹ گئی ہے:

"یاد رہے کہ قرآن نے جہاں کہیں انسان کی ابتدائی خلقت کے مختلف اطوار کا یا نسلی پیدائش کے مختلف دوروں کا ذکر کرکے آخرت کی زندگی پر استدلال کیا ہے، اُس سے مقصود بھی اسی پہلو کو نمایاں کرنا ہے۔ مثلاً:

استدراک

سورۂ بقرہ کی آیت ۱۔۲۔ صفحہ ۱۷۷ پر حسب ذیل نوٹ تھا جو وہاں درج نہ ہو سکا۔ مطالعہ کے وقت پیش نظر رکھا جائے۔

(۱) قرآن کی اُنیس (۱۹) سورتیں ایسی ہیں جن کی ابتدا میں حروفِ مقطعات آئے ہیں من جملہ اُنکے سورۂ بقرہ ہے۔ ان حروف کو ان سورتوں کا نام یا عنوان سمجھنا چاہئے جن میں اُن کے مطالب کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

(۲) زندگی کی تمام باتوں میں ہم دیکھتے ہیں کہ دو طرح کے انسان پائے جاتے ہیں بعض طبیعتیں محتاط ہوتی ہیں بعض بے پروا ہوتی ہیں جنکی

طبیعت محتاط ہوتی ہے، وہ ہر بات میں سمجھ بوجھ کر قدم اُٹھاتے ہیں، اچھے بُرے، نفع نقصان، نشیب فراز کا خیال رکھتے ہیں۔ جس بات میں بُرائی پاتے ہیں چھوڑ دیتے ہیں، جس میں اچھائی دیکھتے ہیں، اختیار کر لیتے ہیں۔ برخلاف اسکے جو لوگ بے پروا ہوتے ہیں، اُن کی طبیعتیں بے لگام اور چھوٹ ہوتی ہیں۔ جو راہ دکھائی دے گی چل پڑینگے، جس کام کا خیال آجائے گا، کر بیٹھیں گے، جو غذا سامنے آجائے گی، کھالینگے، جس بات پر اَڑنا چاہینگے، اَڑ بیٹھیں گے۔ اچھائی بُرائی، نفع نقصان، دلیل اور توجیہ، کسی بات کی بھی اُنھیں پروا نہیں ہوتی۔

جس حالت کو ہم نے یہاں "احتیاط" سے تعبیر کیا ہے، اسی کو قرآن "تقوے" سے تعبیر کرتا ہے۔ "متقی" یعنے ایسا آدمی جو اپنے فکر و عمل میں بے پروا نہیں ہوتا۔ ہر بات کو درستگی کے ساتھ سمجھنے اور کرنے کی کھٹک رکھتا ہے۔ بُرائی اور نقصان سے بچنا چاہتا ہے اور اچھائی اور فائدہ کی جستجو رکھتا ہے۔ قرآن کہتا ہے، ایسے ہی لوگ تعلیم حق سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں، اور کامیاب ہو سکتے ہیں!

حضرت عمرؓ نے اُبَیّ ابن کعبؓ سے پوچھا تھا کہ تقویٰ کی حقیقت کیا ہے؟ انھوں نے کہا "اَما سلکت طریقاً ذاشوکٍ؟" تم کبھی ایسے راستے میں نہیں چلے جس میں کانٹے ہوں؟ فرمایا ہاں، کہا "فما عملت؟" اس حالت میں تم نے کیا کیا؟ فرمایا "شمرتُ واجتہدتُ" یعنے کوشش کی کہ کانٹوں سے بچکر نکل جاؤں۔ کہا "فذالک التقویٰ" یہی تقویٰ کی حقیقت ہے!

(۳) انسان کے علم و ادراک کا ذریعہ حواس خمسہ ہیں۔ یعنے دیکھنے، سُننے، سونگھنے، چکھنے، اور چھونے کی قوتیں۔ جو کچھ انکے ذریعہ معلوم کر سکتا ہے، اُس کے لئے محسوس ہے، جو معلوم نہیں کر سکتا، غیر محسوس ہے۔ قرآن نے اس مطلب کے لئے غیب اور شہادت کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ عالم غیب، یعنے غیر محسوسات۔ عالم شہادت، یعنے محسوسات۔ فرمایا، خدا پرستی کی بُنیاد یہ ہے کہ اُن حقائق پر یقین رکھے جو اگرچہ اُس کے لئے غیر محسوس و معلوم ہیں، لیکن وجدان اُن کی شہادت دیتا ہے، اور وحی نے اُن کی خبر دی ہے۔ مثلاً خدا کی ذات و صفات، ملائکہ کا وجود۔ وحی و نبوت، مرنے کے بعد کی زندگی، عذاب و ثواب، دنیا کی ابتدائی پیدائش، عالم آخرت کے احوال و واردات۔

سورۂ آل عمران میں مطالب قرآنی کی دو قسمیں بیان کی گئی ہیں، مُحکمات اور متشابہات، متشابہات سے مقصود وہی بیانات ہیں جن کا تعلق عالم غیب سے ہے۔ قرآن کہتا ہے، جو لوگ علم کے پکے اور سمجھ کے سیدھے ہیں، وہ ان امور پر ایمان رکھتے ہیں اور ان کی حقیقت معلوم کرنے کی کاوش میں نہیں پڑتے۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ یہ امور عقل انسانی کے دسترس سے باہر ہیں۔ لیکن جو لوگ علم و بصیرت سے محروم ہیں، وہ ان میں کاوش کر کے فتنہ پیدا کر دیتے ہیں۔

ہم ان امور پر کیوں یقین رکھیں؟ کیوں اُنھیں بے چون و چرا تسلیم کر لیں؟

اس لئے کہ بغیر اسکے زندگی کا مسئلہ حل نہیں ہو سکتا!

ہم وجدانی طور پر محسوس کرتے ہیں کہ ہماری محسوسات کی سرحد سے آگے کچھ ہے، ہم اسے پانا چاہتے ہیں، لیکن ہمیں علم و ادراک کے ذریعہ کوئی یقینی بصیرت نہیں ملتی۔ اگر اس بارے میں یقین کی کوئی صدا ہے، تو وہ صرف الہامی ہدایت کی صدا ہے۔ اگر ہم اس سے انکار کر دیں تو پھر ہمارے پاس جہل و تاریکی کے سوا کچھ باقی نہیں رہے گا۔

ہم نے اس وقت تک علم وادراک کے ذریعہ اس بارے میں جو کچھ معلوم کیا ہے، اس میں کوئی یقینی بصیرت ایسی نہیں ہے جو ان حقائق کے خلاف ہو۔

ہم نے یہاں "یقینی بصیرت" کا لفظ اس لئے کہا کہ عالم غیب کے ان حقائق کے خلاف اس وقت تک جو کچھ کہا گیا ہے، وہ اس سے زیادہ نہیں ہے کہ یا تو عدم علم کا اعتراف ہے، جیسا کہ تمام حکماء قدیم وجدید نے کیا، یا پھر انکار ہے تو اس کی بنا تمام تر ظنون و تخمینات ہیں۔ کوئی ثابت شدہ حقیقت نہیں ہے۔ قرآن کہتا ہے، ظن و گمان و شک کا حربہ لیکر یقین اور بصیرت کا مقابلہ نہیں کر سکتے!

اس بارے میں کتنی ہی کاوش کی جائے، لیکن اس سے زیادہ کچھ نہیں کہا جا سکتا جو قرآن نے کہدیا ہے۔

سورۂ بقرہ آیت ۷، صفحہ ۷۷ کا مطالعہ کرتے ہوئے حسب ذیل نوٹ پر بھی نظر ڈال لی جائے:

قرآن کا جب ظہور ہوا تو قبولیت حق کی استعداد کے لحاظ سے تین طرح کے انسانی گروہ موجود تھے:

(۱) خدا پرست اور طالب حق گروہ۔ اس میں کچھ لوگ عرب کے موحدین میں سے تھے۔ کچھ یہودیوں اور عیسائیوں میں سے راست باز انسان تھے۔ اس گروہ نے جونہی صدائے حق سُنی، پہچان لیا اور قبول کر لیا۔

(۲) عام مشرکین عرب جن کے پاس ایمان و خدا پرستی کی کوئی تعلیم موجود نہ تھی۔ محض رسوم و اوہام کے پجاری اور تقلید آباء و اجداد کی مخلوق تھی۔ ان میں سے اکثروں کی طبیعتیں گمراہی و فساد کی پختگی سے اس درجہ مسخ ہو گئی تھیں کہ کتنی ہی اچھی بات کہی جائے، ماننے والے نہ تھے۔ چنانچہ وہ خود کہتے تھے "تمھاری دعوت کے لئے نہ تو ہمارے دلوں میں جگہ ہے نہ کانوں میں سماعت۔ ہمارے اور تمھارے درمیان مخالفت کی ایک دیوار کھڑی ہو گئی ہے۔ ہم تمھاری بات سُننے والے نہیں!" (۴۱: ۴)

(۳) اہل کتاب، یعنے الہامی تعلیمات کے پیرو۔ ان میں سربرآوردہ گروہ یہودیوں اور عیسائیوں کا تھا۔ یہ دونوں جماعتیں ایمان و خدا پرستی کی مدعی تھیں، اتباع شریعت کا دم بھرتی تھیں، تورات اور انجیل کو کتاب الٰہی مانتی تھیں، اور اپنے سوا سب کو دین کی صداقت سے محروم سمجھتی تھیں، مگر دونوں نے ایمان و خدا پرستی کی حقیقت کھو دی تھی، اور اعتقاد و عمل کی تمام سچائیوں سے محروم ہو گئے تھے۔

قرآن کہتا ہے، پہلا گروہ، میری تعلیم سے فیض یاب ہوگا۔ دوسرا ماننے والا نہیں۔ تیسرا اگرچہ ایمان کا مدعی ہے مگر فی الحقیقت ایمان نہیں رکھتا۔

پھر جا بجا اہل کتاب کو مخاطب کیا ہے، اور اُن کی اعتقادی اور عملی گمراہیاں واضح کی ہیں جن کی بنا پر باوجود ادعاء ایمان، اُن کے ایمان کی نفی کی گئی۔

مسلمانوں کو غور کرنا چاہئے کہ جو حالت یہود و نصاریٰ کی قرآن نے بیان کی ہے، کیا آج ویسی ہی حالت خود اُن کی بھی نہیں ہو گئی ہے؟ کیا قرآن کا یہ زہرہ گداز اعلان کہ "ومن الناس من یقول اٰمنا باللہ وبالیوم الآخر، وما ہم بمومنین!" خود اُن پر بھی صادق نہیں آ رہا ہے؟

یاد رہے کہ تیسرے گروہ کی یہ حالت نفاق سے تعبیر کی گئی ہے، لیکن اس نفاق سے مقصود وہ نفاق نہیں ہے جو مکہ اور مدینہ کے بعض منافقوں کا تھا کہ بظاہر مسلمان ہو گئے تھے۔ دل میں منکر تھے۔ وہ دوسرا گروہ ہے، اور اس کا ذکر آل عمران اور نساء وغیرہا میں آئے گا۔

نوٹ، سورۂ بقرہ، آیت ۱۶۔ تا ۱۹۔ صفحہ ۱۷۹:۔

یہ دونوں تمثیلیں تیسرے گروہ کی نفسیاتی حالت واضح کرتی ہیں۔ پہلی تمثیل ظاہر ہے۔ دوسری کا مطلب سمجھ لینا چاہئے۔ اس میں مرکب تشبیہ ہے۔ یعنے حالات کے ایک ملے جلے مجموعے کو ایک دوسرے مجموعۂ حالات سے تشبیہ دی ہے، اور اجزاء تشبیہ میں سے ہر جز اپنی اپنی جگہ مماثلت رکھتا ہے۔

(۱) بارش میں زمین اور زمین کی تمام مخلوقات کے لئے زندگی ہے، لیکن جب برستی ہے تو بادل گرجتے ہیں، بجلی چمکتی ہے، گھٹاؤں سے تاریکی چھا جاتی ہے۔ مستعد طبیعتیں یہ حالت دیکھ کر گھبراتی نہیں، اور سمجھ جاتی ہیں کہ یہ باران رحمت کی برکتوں کا پیش خیمہ ہیں۔ وہ کوشش کرتی ہیں کہ وقت کی برکت سے جسقدر فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے، اُٹھالیں۔ لیکن جو لوگ دل کے کچے اور استعداد سے محروم ہوتے ہیں، وہ بارش کی برکتوں کو تو بھول جاتے ہیں، اُس کے ظہور کے ہنگاموں سے سہمنے لگتے ہیں۔

فرمایا، یہی حال ان محروموں کا ہے۔ یہ مدعیان ایمان و شریعت، دعوت حق کے منتظر تھے۔ لیکن جب ظاہر ہوئی، اور قدرتی طور پر اُس کے ساتھ ابتداء ظہور کے مصائب و محن بھی نمودار ہوئے، تو ان کی نظر اُس کی برکتوں کی طرف نہیں گئی۔ مصائب و محن کی آزمائشوں سے سہم کر رہ گئے۔ ٹھیک اس طرح، جیسے ایک بدبخت بارش کے موسم میں کاشت کاری کرنے کی جگہ، بادل کی گرج سے ڈرا سہا کسی کونے میں دبکا پڑا ہوا!

(۲) فرض کرو۔ ایک شخص اسی عالم میں جا رہا ہے۔ جب بجلی کی چمک سے راستہ دکھائی دیتا ہے، تو دو ایک قدم چل لیتا ہے۔ جب غائب ہو جاتی ہے، تو ٹھٹک کر رہ جاتا ہے۔ اُس کے پاس نہ تو اُس کی کوئی روشنی ہے جو راہ دکھائے۔ نہ عزم و ہمت ہے جو بڑھائے لیے چلے!

فرمایا، یہی حال اُن لوگوں کا ہے جو دین حق کی روشنی کھو چکے ہیں، اور جن کے دلوں میں خدا پرستی کی روح باقی نہ رہی۔ یہ بات نہیں ہے کہ دوسرے گروہ کی طرح چلتے نہ ہوں۔ چلتے ہیں، مگر اس طرح، کہ جب کبھی بجلی کوندگئی، دو چار قدم اُٹھا لیے۔ پھر وہی تاریکی ہے، اور وہی سراسیمگی!

قرآن نے جابجا ایمان کو روشنی سے تشبیہ دی ہے۔ مومن وہ ہے کہ ہمیشہ اُس کی روشنی اس کے آگے راہنمائی کے لیے موجود ہو "یسعی نورہم بین ایدیہم و بایمانہم" (۵۷ : ۱۲)

نوٹ، سورۂ بقرہ۔ آیت ۲۲۸۔ صفحہ ۲۵۳:۔

یہاں فرمایا "ولہن مثل الذی علیہن بالمعروف، وللرجال علیہن درجۃ"، جس طرح مردوں کے عورتوں پر حقوق ہیں۔ ٹھیک اُسی طرح، عورتوں

کے بھی مردوں پر حقوق ہیں۔ البتہ مردوں کو ان پر ایک خاص درجہ حاصل ہے۔ سورۂ نساء میں اس خاص درجہ کی تشریح کر دی ہے کہ "الرجال قوامون علی النساء" (۳۸) اس سے معلوم ہوا کہ قرآن کے نزدیک بہ اعتبار حقوق، مرد اور عورت ایک سطح پر ہیں۔ دونوں میں سے کسی کو دوسرے پر امتیاز نہیں۔ البتہ ایک خاص درجہ ہے جو صرف مرد ہی کے لئے ہے۔ اس میں عورت اس کی ہم درجہ نہیں۔

یہ درجہ کونسا ہے؟ قرآن کہتا ہے، منزلی حقوق کا درجہ ہے۔ یعنے خاندان کے نظام کے حقوق کا درجہ۔ وہ جنسی حقوق میں دونوں کو مساوی درجہ دیتا ہے لیکن منزلی حقوق میں مرد کے امتیازی درجہ کا اعتراف کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے، خاندان کا نظام امن و درستگی کے ساتھ چل نہیں سکتا اگر کوئی ایک وجود اس کا مُقوّم یعنے قائم رکھنے والا نہ ہو۔ یہ وجود کون ہو سکتا ہے؟ مرد یا عورت؟ قرآن کہتا ہے، مرد۔ بس اتنا ہی امتیاز مرد کو عورت پر حاصل ہے۔

یہ مطلب ہم نے یہاں چند لفظوں کے اندر ادا کر دیا، لیکن اس کی بحث و توضیح کے لئے ایک دفتر مطلوب ہے۔ دنیا نے آج تک زیادہ سے زیادہ حقوق جو عورتوں کو دیے ہیں، وہ بھی عملاً اس سرحد سے آگے نہیں بڑھ سکے۔ سوسائٹی میں آج عورت کتنی ہی آزاد ہو گئی ہو، لیکن خاندان کے نظام میں کارفرمائی کا مرکز مرد ہی کا وجود ہے۔

مرد اور عورت کے جنسی حقوق کے مساوات کا یہ سب سے پہلا اعلان ہے جو تاریخ کی معلومات پیش کر سکتی ہے۔

نوٹ، سورۂ بقرہ۔ آیت ۲۸۲۔ صفحہ ۲۷۷:۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ لکھے پڑھے آدمی کا اخلاقی فرض ہے کہ ان پڑھ حاجت مند کا کام خوشدلی کے ساتھ انجام دیدے۔ انکار نہ کرے۔ اتنا ہی نہیں، بلکہ میں وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر اجرت کے خیال سے انکار کرے گا، تو اس آیت کے صاف صاف حکم کی خلاف ورزی کرے گا۔ قرآن و حدیث کے مطالعہ کے بعد میں اس بات پر بالکل مطمئن ہو گیا ہوں کہ اسلام ہر اس کام کی جس کا تعلق علم سے ہو، التزاماً اجرت لینے کے خلاف ہے۔ لکھنا پڑھنا بھی علم ہے، اور جس انسان کو خدا نے اس کی تحصیل کی توفیق دی ہے، اس کا فرض ہے کہ اپنے ان پڑھ بھائی کا کام بغیر کسی معاوضہ و اجرت کے انجام دیدے۔

ترجمان القرآن کا اردو املا

ترجمان القرآن میں بعض الفاظ کی کتابت جس طرح کی گئی ہے، میں ظاہر کر دینا چاہتا ہوں کہ وہ میرا املا نہیں ہے۔ مثلاً میں اسے صحیح نہیں سمجھتا کہ الفاظ ملا کر لکھے جائیں۔ یعنے "دل میں" کو "دلمیں" لکھا جائے۔ یا "بت خانہ" کو "بتخانہ" لکھا جائے یا "اسی طرح" کو "اسیطرح" لکھا جائے۔ یا مثلاً "کیجیے" اور "آیئے" کو "کیجئے" اور "آئے" لکھا جائے۔ لیکن جن دو خوش نویسوں نے کتابت کی ہے، وہ قدیم رسم الخط کے عادی تھے، اور باوجود میری فہمائش کے اس سے اجتناب نہ کر سکے۔ کاپیاں صحیح کرتے

ہوئے میں نے عمداً اُن کی تصحیح نہیں کی، کیونکہ کثرت کے ساتھ الفاظ آئے تھے، اور اگر ہر جگہ کاٹتا تو کاپیاں چھلنی ہو جاتیں۔
اسی طرح علامات قرات کا التزام بھی ہر جگہ قائم نہیں رہا ہے، اور یہ لیتھو کی چھپائی کا سب سے بڑا نقص ہے۔
میں نے کوشش کی ہے کہ دوسری جلد کی کتابت ان تمام نقائص سے پاک ہو، چنانچہ جو خوش نویس کتابت کر رہے ہیں، انھوں نے رسم خط، اور طرز کتابت، دونوں میں مسودہ کی پوری پابندی کی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم:

ترجمان القرآن

اور

قرآن حکیم کی تعلیم و اشاعت

اب کہ ترجمان القرآن کی پہلی جلد شائع ہو رہی ہے، اور دوسری زیرِ طبع ہے، میں یہ کہنے کی جرأت کرتا ہوں کہ مسلمانوں کی مذہبی اصلاح کی راہ سے وقت کی سب سے بڑی رکاوٹ دُور ہو گئی۔

مذہبی اصلاح کے لئے سب سے پہلی چیز یہ تھی کہ وقت کی ضروریات کے مطابق قرآن کی تعلیم و اشاعت کا سر و سامان ہو، لیکن بدقسمتی سے اِس کا کوئی سامان موجود نہ تھا۔

قرآن کی تعلیم و اشاعت کے لیے حسبِ ذیل امور ضروری تھے:

(۱) سب سے پہلے وہ مشکلات دور ہوں جو قرآن کے فہم و تدبّر کی راہ میں پیدا ہو گئی ہیں اور جن کی وجہ سے اُس کی تعلیم اپنی حقیقی شکل و نوعیت میں نمایاں نہیں ہو سکتی۔ جب تک یہ مشکلات دُور نہیں ہوتیں، محض قرآن کا ترجمہ کر دینا، یا کسی نئی تفسیر کا لکھ دینا کچھ سُود مند نہ تھا۔

(۲) پھر ضروری تھا کہ ایک ایسی کتاب اُردو میں طیار ہو جائے جس کی نسبت وثوق کے ساتھ کہا جا سکے کہ اُس کا پڑھ لینا اور پڑھا دینا قرآن کے مقاصد و مطالب سمجھ لینے اور اُسے اُس کی حقیقی شکل و نوعیت میں دیکھ لینے کے لیے کافی ہے۔ وہ نہ تو اِس قدر ضخیم ہو کہ ہر شخص اُس کے مطالعہ کے لیے وقت نہ نکال سکے، نہ اس قدر مختصر ہو کہ مطالب کی وضاحت تشنہ رہ جائے۔ اُس کی نوعیت ترجمہ ہی کی ہو، لیکن ایسا ترجمہ کہ اپنی وضاحت میں کسی دوسری چیز کا محتاج نہ ہو۔

(۳) بہ حیثیت مجموعی اُس کی نوعیت ایسی ہو کہ قرآن کے درس و مطالعہ کے لیے معیارِ تعلیم کا کام دے۔

(۴) مطالب قرآنی کی عالمگیر اشاعت کے لیے اُسے تمام زبانوں میں منتقل کیا جا سکے، اور نقل و ترجمہ کے لئے ایک

بُنیادی معیار قائم ہو جائے۔

بدقسمتی سے ایسی کوئی کتاب موجود نہ تھی۔

اس صورتِ حال کا نتیجہ یہ تھا کہ اصلاح کے جس گوشہ میں بھی قدم اُٹھایا جاتا، راہِ عمل یک قلم مسدود دکھائی دیتی۔

اصلاح کے لیے پہلا کام یہ تھا کہ مسلمانوں کو قرآن کے براہ راست مطالعہ و عمل کی دعوت دی جائے، لیکن یہ دعوت کچھ سود مند نہ تھی، جبکہ قرآن کے فہم و مطالعہ کا سامان مفقود تھا۔

اصلاح کے لیے ضروری تھا کہ مدارس میں مذہبی تعلیم کا صحیح طریقہ پر اہتمام کیا جائے، لیکن مذہبی تعلیم میں اصل اصول قرآن ہے، اور چونکہ قرآن کی تعلیم کا کوئی سامان نہ تھا، اس لیے مذہبی تعلیم کا بھی کوئی نظام قائم نہیں ہو سکتا تھا۔

اصلاح کا ایک نہایت اہم گوشہ، مدارس عربیہ کی اصلاح ہے، لیکن اس گوشہ میں بھی سب سے بڑی رکاوٹ یہی رہی ہے کہ تفسیر کی کوئی موزوں کتاب موجود نہیں۔

ہم دنیا کو بھی قرآن کے مطالعہ کی دعوت نہیں دے سکتے۔ کیونکہ اگر دنیا کی مختلف قومیں مطالعہ کرنا چاہیں تو ہمارے پاس کوئی کتاب موجود نہیں جو اُن کی زبانوں میں پیش کی جا سکے، اور کہا جا سکے کہ یہ مرقّع ہے، جس میں قرآن کی صورت دیکھی جا سکتی ہے!

فی الحقیقت صورتِ حال کا یہ پہلو، سب سے زیادہ افسوس ناک ہے۔ بائبل کا ترجمہ نہ صرف دنیا کی تمام بڑی بڑی زبانوں میں ہو چکا ہے، بلکہ شاید ہی دنیا کی کوئی چھوٹی سے چھوٹی زبان اور غیر معروف سے غیر معروف رسم الخط ہو گا جس میں اُس کا ترجمہ لاکھوں کی تعداد میں چھپا ہوا موجود نہ ہو۔ اس کے مقابلے میں ہماری بے بضاعتی کا کیا حال ہے؟ یہ حال ہے کہ ہم آج تک اُن چند زبانوں میں بھی قرآن کا ترجمہ شائع نہ کر سکے جو خود ہمارے ملک کی زبانیں ہیں، اور لاکھوں کروڑوں ہندوستانیوں کو صرف انہی زبانوں میں مخاطب کیا جا سکتا ہے!

بلاشبہ اُردو میں متعدد ترجمے ہو چکے ہیں، اور انگریزی میں بھی قدیم تراجم کے علاوہ بعض نئے ترجمے مسلمانوں کے قلم سے مرتب ہوئے۔ ان میں سے ہر کوشش جس قدر و قیمت کی مستحق ہے، مجھے اُس سے انکار نہیں، لیکن میں کہنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک مندرجۂ صدر مقاصد کا تعلق ہے، ان میں سے کوئی ترجمہ بھی مفیدِ مقصد نہیں۔

ایک زمانہ تھا کہ مسلمانوں میں مذہبی اصلاح و تجدید کی ضرورت کا احساس نہ تھا، مگر ۱۹۱۲ء میں میں نے الہلال جاری کیا، اور قرآن کے مطالعہ و تدبّر کی ایک نئی راہ (جو فی الحقیقت نئی نہ تھی) روشنی میں آئی۔ اُس وقت سے میں برابر دیکھ رہا ہوں کہ لوگوں کو اصلاح کی ضرورت کا نہ صرف احساس ہے، بلکہ عالمگیر خواہش پیدا ہو گئی ہے۔ لوگ چاہتے ہیں کہ قرآن کو اُس کی حقیقی شکل و نوعیت میں دیکھیں، لیکن انھیں کوئی راہ نظر نہیں آتی۔ لوگ چاہتے ہیں کہ مذہبی تعلیم کا صحیح طریقہ پر نظام قائم ہو جائے لیکن انھیں سامان میسّر نہیں آتا۔ مدارس کے بانی اور مہتمم آمادہ ہیں کہ مذہبی تعلیم کا اصلاح یافتہ نصاب اختیار کر لیں، لیکن انھیں مفید

مقصد کتاب ملتی نہیں۔ ۱۹۱۲ء سے لیکر اس وقت تک، بے شمار مدرسوں کے لیے مجھ سے خواہش کی گئی کہ اصلاح یافتہ نصاب تعلیم طیار کردوں۔ میں نے طیار کرکے دے دیا۔ لیکن جب دریافت کیا گیا کہ قرآن کی تعلیم کے لیے کیا کیا جائے؟ تو مجھے جواب میں کہنا پڑا: "انتظار کیا جائے"!

سولہ برس ہوئے کہ میں نے اس کام کی ضرورت محسوس کی تھی اور کام شروع بھی کردیا تھا لیکن افسوس ہے کہ چند در چند موانع پیش آتے رہے اور کام انجام نہ پاسکا۔ لیکن اب کہ توفیق الٰہی سے **ترجمان القرآن** مکمل ہوکر شائع ہو رہا ہے، میں محسوس کرتا ہوں کہ مسلمانوں کی اصلاح کے وہ تمام دروازے کھل رہے ہیں، جو ہمارے کوتاہیِ عمل سے اس وقت تک بند تھے۔

تکمیل کار اور مطلوبہ سر و سامان

لیکن یہ جو کچھ ہے، فی الحقیقت کام کی ابتدا ہے۔ تکمیل کے لیے ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ **قرآن** کی تعلیم و اشاعت کا مقصدِ عظیم پورا نہیں ہوسکتا، جب تک حسبِ ذیل امور انجام نہ پائیں:

(۱) عام مطالعہ و اشاعت کے لیے ضروری ہے کہ ترجمان القرآن کو مختلف صورتوں، مختلف ترتیبوں اور مختلف قسم کے ایڈیشنوں میں اس طرح اور اتنی بڑی تعداد میں شائع کیا جائے، کہ مسلمانوں کا ہر طبقہ اور ہر فرد اس سے فائدہ اٹھا سکے اور کوئی مسلمان گھر اس سے خالی نہ رہے۔

(۲) ضروری ہے کہ قرآن کے تمام اصولی مباحث از سرِ نو مدوّن کیے جائیں۔ مثلاً اس کی زبان، اس کی ادبی خصوصیات، اس کا اسلوبِ بیان، اس کے مقاصد و مہمات، اس کا طریقِ استدلال، اس کے قصص و امثال، اس کے نزول و کتابت کی تاریخ وغیرہا، اور اب کہ ترجمان القرآن کی ترتیب ان مباحث کی ایک مقررہ تحقیقات کے ماتحت مکمل ہوچکی ہے، نہایت آسانی کے ساتھ یہ پورا سلسلہ مرتب کیا جاسکتا ہے۔

(۳) ضرورت تھی کہ قرآن کے اسلوب بیان اور طریق استدلال کی تنقیح کے بعد ایسے ابواب و عناوین ترتیب دیے جائیں جن کے نیچے مطالب قرآنی کی ہر قسم الگ الگ جمع کی جاسکے، اور قرآن کی ہر تعلیم اپنی شکل و نوعیت میں نمایاں ہو جائے۔ اب کہ ترجمان القرآن مرتب ہوچکا ہے، نہایت آسانی کے ساتھ ابواب مضامین کی مکمل تبویب عمل میں آسکتی ہے، اور انھیں یک جا اور علٰحدہ علٰحدہ شائع کیا جاسکتا ہے۔

یاد رہے کہ اس سلسلہ میں اس وقت تک جو کچھ ہوا ہے، مفید مقصد نہیں ہے۔

(۴) ایک ایسی کتاب کے لیے جو حوالہ اور استشہاد کی کتاب ہو، ضروری ہے کہ استخراجِ مطالب و الفاظ کی تمام سہولتیں بہم پہنچائی جائیں۔ مثلاً قرآن کے ایسے ایڈیشن مرتب کیے جائیں جو حوالجات (ریفرنس) کے ساتھ ہوں۔ یا مثلاً قرآن کے الفاظ و اسماء اور مطالب و آیات کے انڈکس مرتب کیے جائیں جو ہر پہلو سے جامع اور مکمل ہوں۔ یا مثلاً قرآن میں جس قدر

جغرافیائی اور تاریخی اشارات ہیں، انکے نقشے طیار کیے جائیں تاکہ اُن مقامات کی قدیم و جدید جغرافیائی حیثیت بہ یک نظر واضح ہوجائے۔ ہم سے پہلے یورپ کے بعض مستشرقوں نے ان کاموں کی ضرورت محسوس کی (اور وہ ہمارے کاموں کے کس میدان میں ہم سے پہلے نہیں ہیں؟) لیکن اب تک جو کچھ ہوا ہے، ناکافی ہے، اور ضروری ہے کہ ازسرِنو یہ تمام کام انجام دیے جائیں۔ بائبل کا ایک معمولی سا چھپا ہوا نسخہ بھی جو خصوصیات رکھتا ہے، ہم اس وقت تک قرآن کے بہتر سے بہتر ایڈیشن میں اُن کا اہتمام نہ کرسکے۔ ہمارے نزدیک قرآن کی بڑی سی بڑی خدمت یہ ہے کہ اُس کی لوح سنہری چھاپ دی جائے یا اُس کی سطروں پر حنائی رنگ لیپ دیا جائے۔ ہم نہ صرف ہندوستان میں، بلکہ تمام اسلامی دنیا میں، قرآن کا ایک اڈیشن بھی ایسا شائع نہ کرسکے، جس میں موجودہ زمانہ کے محاسن طباعت سلیقہ کے ساتھ جمع کردیے ہوں!

(۵) سب سے آخر مگر بہ اعتبارِ اہمیت سب سے پہلا، کام یہ ہے کہ دنیا کی تمام زبانوں میں قرآن کے ترجمے مرتب کیے جائیں، اور بڑی سے بڑی تعداد میں اُن کی اشاعت کا سروسامان ہو۔ کم از کم مغرب و مشرق کی اُن زبانوں میں جو موجودہ اقوام ارضی کی اہم زبانیں تسلیم کی جاتی ہیں۔

ایک علمی اور اشاعتی ادارہ کا قیام

یہ تمام کام بغیر اس کے انجام نہیں پاسکتا کہ قرآن کی خدمت و اشاعت کے لیے ایک علمی اور اشاعتی ادارہ قائم کیا جائے، اور وہ اُنھی طریقوں پر کام کرے، جن طریقوں پر یورپ اور امریکہ کی **بائبل سوسائٹیاں** کام کررہی ہیں جب تک ایک دفتر، منتخب اسٹاف، اور طبع و اشاعت کا کافی سروسامان موجود نہ ہو، اس طرح کے کام خوابِ خیال سے زیادہ نہیں ہیں دو سال ہوئے میں نے ایک ایسے ادارہ کے قیام کی تفصیلات قلمبند کی تھیں۔ مجھے حیرت ہوئی تھی کہ کتنے تھوڑے سرمایہ سے کتنا عظیم الشان کام انجام پاسکتا ہے۔ میں نے اندازہ کیا تھا کہ اگر ایک رقم یک مشت طبع و اشاعت کے لئے، اور ایک رقم ماہوار تین سال تک اسٹاف کے لیے فراہم ہوجائے، تو نہایت وسیع پیمانے پر ایک ادارہ قائم ہوجاسکتا ہے۔ وہ تین سال کے اندر اتنا کام انجام دے دے گا کہ تراجم و اشاعت کے بنیادی کام مکمل ہوجائیں گے، اور پھر اس کی مطبوعات کی آمدنی سے کام کا سلسلہ ہمیشہ کے لئے جاری ہوجائے گا۔

جہاں تک قرآن کے تراجم کا تعلق ہے، انگریزی اور فرنچ ترجموں کی ترتیب مقدم ہے، کیونکہ ان دو زبانوں میں ترجمہ کے بعد یورپ کی بقیہ زبانوں میں ترجمہ کرنا آسان ہوجائے گا۔ مشرق کی زبانوں میں فارسی، ترکی، اور پشتو سب سے زیادہ ضروری ہیں۔ کیونکہ مسلمانانِ عالم کی بڑی تعداد ان زبانوں میں مخاطب کی جاسکتی ہے۔ ہندوستان کی زبانوں میں سے بنگالی، گجراتی، مرہٹی، ٹامل، تلنگو، اور سندھی زبانوں میں ترجمہ ضروری ہے۔ نیز ترجمان القرآن کو ہندی رسم الخط میں بھی مرتب کرنا چاہیئے اور اُس کی عبارت ہندی کے لیے موزوں کردینی چاہیئے۔

مدارس عربیہ میں داخل درس کرنے، اور بلاد عربیہ میں اشاعت کے لیے ایک تفسیر عربی میں بھی مرتب ہونی چاہیے۔
میں وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ اگر ایک ادارہ قائم ہو جائے، تو تین سال کے اندر اس کام کا بڑا حصہ انجام پا جائے گا، اور پھر ہمیشہ کے لیے اُس کا کارخانہ چلتا رہے گا۔ ایک ایسے مقصد کے لیے جو اسلام اور مسلمانوں کے لیے وقت کا سب سے بڑا مقصد ہو، یہ کم ازکم کام ہے جس کی دنیا کو ہم سے توقع کرنی چاہیے!
میں نہیں کہہ سکتا کہ سردست ایک ایسا ادارہ قائم ہو سکے گا یا نہیں؟ اس طرح کے کام دو ہی طریقہ سے انجام پا سکتے ہیں یا تو پبلک سے اعانت کی اپیل کی جائے۔ یا دُوسارِ ملک میں سے کوئی اہلِ خیر آمادہ ہو جائے۔ پہلی صورت میں اختیار کرنی نہیں چاہتا، اور دوسری کی چنداں اُمید نہیں۔ پس بحالت موجودہ اس کے سوا چارہ نہیں کہ شخصی طور پر جو کچھ کر سکتا ہوں اسی پر اعتماد کروں، اور باقی کاموں کو مستقبل کے حوالے کر دوں۔ چنانچہ میں نے فیصلہ کر لیا ہے کہ جونہی ترجمان القرآن شائع ہو گیا، میں کوشش کروں گا کہ بالفعل انگریزی اور ہندی ترجمہ کا کام شروع کر دیا جائے۔

کلکتہ ۱۔ اگست ۱۹۳۱ء   ابوالکلام

اِنَّ اللّٰہَ یَرْفَعُ بِھٰذَا الْکِتَابِ اَقْوَامًا وَّیَضَعُ بِہٖ اٰخَرِیْنَ
مسلم عن نافع

ترجمانِ قرآن

یعنی

قرآنِ حکیم کے مطالب اُردو زبان میں ضروری تشریحات کے ساتھ

مع

تفسیر سُورہ فاتحہ

از

ابُوالکلام احمد

جلدِ اوّل

مطبوعہ جیّد برقی پریس دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وحدہٗ

۱۹۱۲ء میں جب البلاغ کے صفحات پر ترجمان القرآن اور تفسیر البیان کا اعلان کیا گیا تو میرے وہم و گمان میں بھی یہ بات نہ تھی کہ ایک ایسے کام کا اعلان کر رہا ہوں جو پندرہ برس تک التوا و انتظار کی حالت میں معلق رہیگا، اور جو ملک کے شوق و انتظار کے لئے ایک ناقابل برداشت بوجھ اور میرے ارادوں کی ناکامیوں کیلئے ایک دردانگیز مثال ثابت ہوگا۔

لیکن واقعات کی رفتار نے بہت جلد بتلا دیا کہ صورت حال ایسی ہی تھی!

جلاوطنی

ابھی اس اعلان پر بہ مشکل چند مہینے گزرے ہونگے کہ ۳ مارچ ۱۹۱۶ء کو حکومت بنگال نے "ڈیفنس آرڈننس"[۱] کے ماتحت مجھے حدودِ بنگال سے باہر چلے جانے کا حکم دیا، اور دفعتہً البلاغ اور البلاغ پریس کے ساتھ تصنیف و طباعت کا تمام کارخانہ درہم برہم ہوگیا۔

چونکہ اس سے پہلے اسی آرڈننس کے ماتحت دہلی، پنجاب، یوپی اور مدراس کی حکومتیں اپنے اپنے صوبوں میں میرا داخلہ روک چکی تھیں، اس لئے اب صرف بہار اور بمبئی ہی کے دو صوبے رہ گئے تھے جہاں میں جا سکتا تھا۔ میں نے رانچی منتخب کیا۔ میرا خیال تھا کہ کلکتہ سے قریب رہ کر شاید تصنیف و طباعت کا کام جاری رکھ سکوں۔

۱۹۱۵ء میں جب میں نے اس کام کا ارادہ کیا، تو بہ یک وقت تین چیزیں پیش نظر تھیں۔ ترجمہ، تفسیر اور مقدمۂ تفسیر۔ میں نے خیال کیا تھا کہ یہ تین کتابیں قرآن کے فہم و مطالعہ کی تین مختلف ضرورتیں پوری کردینگی۔ عام تعلیم کے لئے ترجمہ۔ مطالعہ کے لئے تفسیر۔ اہل علم و نظر کیلئے مقدمہ۔

البلاغ میں جب ترجمہ اور تفسیر کی اشاعت کا اعلان کیا گیا ہے، تو ترجمہ پانچ پاروں تک پہنچ چکا تھا۔ تفسیر سورۂ آل عمران تک مکمل ہو چکی تھی، اور مقدمہ یادداشتوں کی شکل میں قلمبند تھا۔ اس خیال سے کہ تھوڑے وقت کے اندر زیادہ سے

---

[۱] جنگ یورپ کے زمانہ میں جو موقت احکام نافذ کئے گئے تھے، اُن میں ایک آرڈننس "ڈیفنس آف انڈیا" کے نام سے مشہور ہوا تھا۔ یہ آرڈننس حکومت ہند اور مقامی حکومتوں کو اختیار دیتا تھا کہ بغیر عدالتی کارروائی کے جس کسی کو چاہیں ہندوستان یا ہندوستان کے کسی صوبہ سے جلاوطن کردیں۔ یا ہندوستان اور ہندوستان کے کسی صوبہ میں داخلہ روک دیں ۱۲

زیادہ کام انجام پا جائے، میں نے تصنیف کے ساتھ چھپائی کا سلسلہ بھی جاری کر دیا۔ میرا خیال تھا کہ اس طرح سال بھر کے اندر ترجمہ مکمل بھی ہو جائیگا اور چھپ بھی جائیگا۔ نیز تفسیر کی بھی کم از کم پہلی جلد شائع ہو جائیگی۔ ہر سات دن کی مشغولیت میں نے یوں تقسیم کر دی تھی کہ تین دن البلاغ کی ترتیب میں صرف کرتا تھا، دو دن ترجمہ میں اور دو دن تفسیر میں۔

۳ مارچ ۱۹۱۶ء کو جب میں کلکتہ سے روانہ ہوا، تو تفسیر کے چھ فارم چھپ چکے تھے اور ترجمہ کی کتابت شروع ہو رہی تھی۔ اب میں نے کوشش کی کہ میری عدم موجودگی میں پریس جاری رہے، اور کم از کم تفسیر اور ترجمہ کا کام ہوتا رہے۔ چنانچہ جون ۱۹۱۶ء میں پریس کے دوبارہ اجرا کا انتظام ہو گیا۔ اور میں سودات کی ترتیب میں مشغول ہو گیا تاکہ پریس کے حوالہ کر دوں۔

نظر بندی

لیکن ۸ جولائی ۱۹۱۶ء کو یکایک حکومت ہند نے میری نظر بندی کے احکام جاری کر دیئے اور اس طرح، اس اُمید کا بھی خاتمہ ہو گیا۔ نظر بندی کے بعد کوئی موقع باقی نہیں رہا کہ باہر کی دُنیا سے کسی طرح کا علاقہ رکھ سکوں۔

اب میرے اختیار میں صرف ایک ہی کام رہ گیا تھا۔ یعنی تصنیف و تسوید کا مشغلہ۔ نظر بندی کی اُنیس دفعات میں سے کوئی دفعہ بھی مجھے اس سے نہیں روکتی تھی۔ میں نے اس پر قناعت کی۔ اتنا ہی نہیں، بلکہ میں نے خیال کیا، اگر زندگی کی تمام آزادیوں سے محروم ہونے پر بھی لکھنے پڑھنے کی آزادی سے محروم نہیں ہوں اور اُس کے نتائج محفوظ ہیں، تو زندگی کی راحتوں میں سے کوئی راحت بھی مجھ سے الگ نہیں ہوئی۔ میں اس عالم میں پوری زندگی بسر کر سکتا ہوں۔ لیکن ابھی اس صورتِ حال پر تین مہینے بھی نہیں گزرے تھے کہ معلوم ہو گیا، اس گوشے میں بھی مجھے محرومی ہی سے دوچار ہونا تھا!

دوبارہ تلاشی اور مسوّدات کی ضبطی

نظر بندی کے احکام جس وقت نافذ کئے گئے ہیں، تو میرے قیام گاہ کی تلاشی بھی لی گئی تھی، اور جسقدر کاغذات ملے تھے، افسرانِ تفتیش نے اپنے قبضہ میں کر لئے تھے۔ انہی میں ترجمہ اور تفسیر کا مسوّدہ بھی تھا۔ لیکن جب معائنہ کے بعد معلوم ہوا کہ ان میں کوئی چیز قابلِ اعتراض اور حکومت کے مفید مقصد نہیں ہے، تو دو ہفتہ کے بعد واپس دیدیے گئے۔

لیکن جب تفتیش کے نتیجہ سے حکومتِ ہند کو اطلاع دی گئی تو اُس نے مقامی حکومت کے فیصلہ سے اتفاق نہیں کیا۔ وہاں خیال کیا گیا کہ مقامی حکومت نے کاغذات واپس دیدینے میں جلدی کی، اور بہت ممکن ہے کہ پوری ہوشیاری کے ساتھ معائنہ نہ کیا گیا ہو۔ اُس زمانہ میں حکومت ہند کی محکمۂ تفتیش کا افسر اعلیٰ سر چارلس کلیولینڈ تھا، اور مختلف اسباب سے جن کی تشریح کا یہ موقع نہیں، اسے میری مخالفت میں ایک خاص کد ہو گئی تھی۔ وہ پہلے کلکتہ آیا اور دو ہفتہ تک تفتیش میں مشغول رہا، پھر رانچی آیا اور از سرِ نو میرے مکان کی تلاشی لی گئی۔ تلاشی کے بعد کہا گیا کہ جو کاغذات پچھلی تلاشی کے موقع پر لئے گئے تھے، اب حکومتِ ہند کے معائنہ کے لئے بھیجے جائینگے۔ چنانچہ تمام کاغذات حتیٰ کہ چھپی ہوئی کتابیں بھی لے لی گئیں۔ ان میں نہ صرف ترجمہ و تفسیر کا مسودہ تھا، بلکہ بعض دوسری تصنیفات کے بھی مکمل و نامکمل مسودات تھے۔

جس وقت یہ معاملہ پیش آیا، ترجمہ کا مسودہ آٹھ پاروں تک اور تفسیر کا مسودہ سورۂ نساء تک پہنچ چکا تھا، لیکن اب ان کا ایک ورق بھی میرے قبضہ میں نہ تھا۔ تاہم میں نے نویں پارہ سے ترجمہ کی ترتیب جاری رکھی اور سنہ ۱۹۱۸ء کے اواخر میں کام ختم کر دیا۔ اب اگر ابتدا کے آٹھ پاروں کا ترجمہ واپس ملجائے تو پورے قرآن کا ترجمہ مکمل تھا۔

میں نے کاغذات کی واپسی کے لئے خط وکتابت کی، لیکن جواب ملا کہ نہ تو سرِدست واپس دیئے جا سکتے ہیں۔ نہ یہی بتلایا جا سکتا ہے کہ کب تک واپس کئے جائینگے [۱] چونکہ کاغذات کی واپسی کی بظاہر کوئی قریبی اُمید نظر نہیں آتی تھی، اور کچھ معلوم نہ تھا کہ آگے چلکر کیا صورت حال پیش آئے، اس لئے یہی مناسب معلوم ہوا کہ از سرِنو ان پاروں کا ترجمہ کرکے کتاب مکمل کر لیجائے۔ یہ کام آسان نہ تھا۔ ایک لکھی ہوئی چیز کو دوبارہ لکھنا طبیعت پر بہت شاق گزرتا ہے، تاہم میں نے چند ماہ کی محنت کے بعد یہ حصہ بھی از سرِنو مکمل کر لیا:

"گفتہ" گر شد ز کفم، شکر کہ "ناگفتہ" بجاست

از دو صد گنج، یکے مشتِ گہر باختہ ام!

اس خیال سے کہ مسوّدہ بہتر حالت میں مرتب ہوجائے اور اگر کسی دوسرے شخص کے حوالہ کیا جائے تو تصحیح میں آسانی ہو، میں نے اُردو ٹائپ رائٹر منگوا کر اسے ٹائپ کرانا شروع کر دیا تھا۔ چنانچہ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء میں نصف سے زیادہ حصہ ٹائپ ہو چکا تھا۔

رہائی اور تحریکِ لا تعاون

۲۷ دسمبر سنہ ۱۹۱۹ء کو حکومت نے مجھے رہا کر دیا، اور اب طباعت واشاعت کی تمام رکاوٹیں راہ سے دور ہوگئیں۔ لیکن یہ وقت وہ تھا کہ ملک میں ایک عام سیاسی حرکت کا مواد تیار ہو رہا تھا، اور جہاں تک مسلمانوں کا تعلق ہے، الہلال کی سیاسی دعوت کی بازگشت ہر گوشے سے بلند ہونے لگی تھی۔ میرے لئے ممکن نہ تھا کہ وقت کے تقاضے سے تغافل کرتا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ رہا ہوتے ہی تحریک لا تعاون کی سرگرمیوں میں مشغول ہوگیا، اور عرصہ تک اس کی مہلت ہی نہیں ملی کہ کسی دوسری طرف نگاہ اُٹھا سکتا۔

لیکن سنہ ۱۹۲۱ء میں جب ملک کے ہر گوشے سے ترجمان القرآن کیلئے تقاضہ شروع ہوا تو مجھے اُس کی اشاعت کیلئے آمادہ ہوجانا پڑا۔ چونکہ ٹائپ کی چھپائی اُس کے لئے موزوں نہیں سمجھی گئی تھی، اس لئے کتابت کا انتظام کیا گیا۔ پہلے متن کی کتابت کرائی گئی۔ پھر ترجمہ لکھوانا شروع کیا۔ نومبر سنہ ۱۹۲۱ء میں متن کی کتابت ختم ہو چکی تھی۔ ترجمہ کی کتابت شروع ہوئی تھی۔

---

[۱] یہ کاغذات مجھے رہائی کے بعد سنہ ۱۹۲۰ء میں واپس ملے۔ رہائی کے بعد جب میں نے مطالبہ کیا، تو کئی ماہ تک کوئی نتیجہ نہیں نکلا۔ ۱۹۲۰ء میں صوبہ بہار کے گورنر لارڈ سنہا سے مجھ میرا ورأن میں اُس وقت سے شناسائی تھی جب سنہ ۱۹۰۹ء میں وہ حکومت ہند کے اگزیکیٹو کونسل کے ممبر ہوئے تھے۔ وہ علاج کیلئے کلکتہ آئے اور ایک دوست کے یہاں اتفاقاً ملاقات ہوگئی۔ میں نے یہ واقعہ ان سے بیان کیا، اُنہوں نے حکومت ہند سے خط وکتابت کی، اور دو ہفتہ کے بعد تمام کاغذات مجھے واپس مل گئے۔

گرفتاری، اور تمام مسوّدات کی بربادی

لیکن وقت کا فیصلہ اب بھی میرے خلاف تھا!

۱۹۲۱ء کے اواخر میں تحریک لاتعاون کی سرگرمیاں منتہائے عروج تک پہنچ گئی تھیں اور اب ناگزیر تھا کہ حکومت بھی اپنے تمام وسائل کام میں لائے۔ ۲۰ نومبر کو سب سے پہلے حکومت بنگال نے قدم اُٹھایا، اور اُن تمام مجالس کو خلافِ قانون قرار دیدیا جو تحریک کی سرگرمیوں میں مشغول تھیں۔ اس اقدام نے کانگریس کو عدم متابعت قانون کے اجرا کا موقع دیدیا، اور ۱۰ دسمبر ۱۹۲۱ء کو بعض دیگر رفقائے بنگال کے ساتھ مجھے بھی گرفتار کرلیا گیا۔

اس مرتبہ میری گرفتاری پریس کے انتظامات میں خلل نہیں ڈال سکتی تھی۔ کیونکہ کتاب مکمل موجود تھی، اور میں نے اس کا پورا انتظام کرلیا تھا کہ میری عدم موجودگی میں بھی کام بدستور جاری رہے۔ لیکن گرفتاری کے بعد جو واقعہ پیش آیا، وہ اس افسانہ کی آخری المناکی ہے۔ اس کی وجہ سے نہ صرف ترجمان القرآن اور تفسیر کی اشاعت رُک گئی، بلکہ میری علمی زندگی کے ولولے افسردہ ہوگئے!

گرفتاری کے بعد جب حکومت نے محسوس کیا کہ میرے برخلاف مقدمہ چلانے کے لئے کافی مواد موجود نہیں ہے، تو اُسے مواد کی جستجو ہوئی، اور اس لئے تیسری مرتبہ میرے مکان اور مطبع کی تلاشی لی گئی۔ تلاشی کے لئے جو لوگ آئے تھے، اُن میں کوئی شخص ایسا نہ تھا جو اُردو یا عربی و فارسی کی استعداد رکھتا ہو۔ جو چیز بھی ان زبانوں میں لکھی ہوئی ملی اُنھوں نے خیال کیا اس میں کوئی نہ کوئی بات حکومت کے خلاف ضرور ہوگی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ قلمی مسوّدات کا تمام ذخیرہ اُٹھالے گئے حتیٰ کہ ترجمان القرآن کی تمام لکھی ہوئی کاپیاں بھی توڑ مروڑ کر مسودات کے ڈھیر میں ملا دیں!

سوئے اتفاق سے اُس وقت کسی شخص نے مطالبہ نہیں کیا کہ کاغذات مرتّب کر کے لیے جائیں اور حسبِ قاعدہ اُن پر گواہوں کے دستخط ہوجائیں۔ نیز اُن کی رسید تفصیل کے ساتھ مرتّب کر کے دیجائے۔ افسرانِ تفتیش اپنے ساتھ چھپا ہوا فارم لائے تھے۔ صرف یہ لکھکر کہ متفرق قلمی کاغذات لئے گئے چھپا ہوا فارم دیدیا اور روانہ ہوگئے۔

پندرہ ماہ کے بعد جب میں رہا ہوا، تو حکومت سے کاغذات کا مطالبہ کیا۔ ایک عرصہ کی خط و کتابت کے بعد کاغذات ملے، مگر اس حالت میں ملے کہ تمام ذخیرہ برباد ہوچکا تھا۔

افسرانِ تفتیش نے جب ان کاغذات پر قبضہ کیا ہے، تو یہ قلمی مسوّدات کے مختلف مجموعے تھے، اور الگ الگ بنڈلوں کی دفتیوں میں ترتیب دیے ہوئے تھے۔ ان میں مختلف مکمل و غیر مکمل مصنفات کے علاوہ بڑا ذخیرہ یادداشتوں کا تھا، لیکن جب واپس ملے تو محض اوراقِ پریشاں کا ایک ڈھیر تھا، اور نصف سے زیادہ اوراق یا تو ضائع ہوچکے تھے، یا اطراف سے پھٹے ہوئے اور پارہ پارہ تھے!

یہ میرے صبر و شکیب کے لئے زندگی کی سب سے بڑی آزمائش تھی، لیکن میں نے کوشش کی کہ اس میں بھی پورا اُتروں۔ یہ سب سے زیادہ تلخ گھونٹ تھا جو جامِ حوادث نے میرے لبوں سے لگایا لیکن میں نے بغیر کسی شکایت کے پی لیا۔ البتہ اس سے

انکار نہیں کرتا کہ اُس کی تلخی آج تک گلو گیر ہے:۔

رگ وپے میں جب اُترے زہرِ غم، تب دیکھئے کیا ہو
ابھی تو تلخیٔ کام و دہن کی آزمائش ہے!

سیاسی زندگی کی شورشیں اور علمی زندگی کی جمعیتیں ایک زندگی میں جمع نہیں ہوسکتیں، اور پنبۂ و آتش میں آشتی محال ہے۔ میں نے چاہا، دونوں کو بہ یک وقت جمع کروں۔ میں نامراد ایک طرف متاعِ خرمن کے انبار لگاتا رہا، دوسری طرف برقِ خرمن سوز کو بھی دعوت دیتا رہا۔ نتیجہ معلوم تھا، اور مجھے حق نہیں کہ حرفِ شکایت زبان پر لاؤں عرفی نے میری زبانی کہدیا ہے:۔

زاں شکستم کہ بہ دُنبالِ دلِ خویش مدام
در نشیب شکنِ زلفِ پریشاں رفتم!

اب ترجمان القرآن اور تفسیر کی ہستی اس کے سوا ممکن نہ تھی کہ از سرِ نو محنت کی جائے، لیکن اس حادثہ کے بعد طبیعت کچھ اس طرح افسردہ ہوگئی کہ ہرچند کوشش کی مگر ساتھ نہ دے سکی۔ میں نے محسوس کیا کہ حادثہ کا زخم اتنا ہلکا نہیں ہے کہ فوراً مندمل ہوجائے۔

طبیعت کی بڑی رکاوٹ جو رہ رہ کر سامنے آتی تھی، یہ تصور تھا کہ ایک تصنیف کی ہوئی چیز دوبارہ تصنیف کیجائے۔ واقعہ یہ ہے کہ ایک اہلِ قلم کے لئے اس سے زیادہ مشکل کام کوئی نہیں۔ وہ ہزاروں صفحے نئے بآسانی لکھدیگا لیکن ایک ضائع شدہ صفحہ کے دوبارہ لکھنے میں اپنی طبیعت کو یکقلم درماندہ پائیگا۔ فکر و طبیعت کی جو گرمجوشی پچھلی محنتوں کی بربادی کے تصور سے بجھ جاتی ہے، بہت دشوار ہوتا ہے کہ اُسے دوبارہ پیدا کیا جائے۔ اس حالت کا اندازہ صرف وہی لوگ کرسکتے ہیں، جو ایسی بدقسمتیوں سے دوچار ہوئے ہوں۔ میں نے ٹامس کارلائل کے حالات میں جب پڑھا تھا کہ اُس نے انقلابِ فرانس پر اپنی مشہور کتاب، دوبارہ تصنیف کی، اور اہلِ فن نے اسے قوتِ تصنیف کا ایک غیر معمولی مظاہرہ سمجھا تو میں نہیں سمجھ سکا تھا کہ اس میں غیر معمولی بات کیا ہے؟ لیکن اس حادثہ کے بعد مجھے معلوم ہوگیا کہ یہ نہ صرف غیر معمولی ہے، بلکہ اس سے بھی کچھ زیادہ ہے، اور فی الحقیقت کارلائل کی مصنفانہ عظمت کا اس سے بڑھکر اور کوئی ثبوت نہیں ہوسکتا!

ترجمان القرآن کی
از سرِ نو ترتیب

کئی سال گزر گئے، مگر میں اپنے آپ کو اس کام کے لئے آمادہ نہ کرسکا:۔

دلے سرگشتۂ دارم کہ در صحراست پنداری!

بارہا ایسا ہوا کہ ترجمہ و تفسیر کے بچے کھچے اوراق نکالے، لیکن جونہی برباد شدہ کاغذات پر نظر پڑی، طبیعت کا انقباض تازہ ہوگیا، اور دو چار صفحے لکھکر چھوڑ دینا پڑا۔

لیکن ایک ایسے کام کی طرف سے جس کی نسبت میرا یقین تھا کہ مسلمانوں کے لئے وقت کا سب سے زیادہ ضروری کام ہے

ممکن نہ تھا کہ زیادہ عرصہ تک طبیعت غافل رہتی۔ جسقدر وقت گزرتا جاتا تھا، اس کام کی ضرورت کا احساس میرے لئے ناقابلِ برداشت ہوتا جاتا تھا۔ میں محسوس کرتا تھا کہ اگر یہ کام مجھ سے انجام نہ پایا، تو شاید عرصہ تک اس کی انجام دہی کا کوئی سامان نہ ہو۔

۱۹۲۷ء قریب الاختتام تھا کہ اچانک مدتوں کی رُکی ہوئی طبیعت میں جنبش ہوئی، اور رشتۂ کار کی جو گرہ ذہن و دماغ کی پے ہم کوششیں نہ کھول سکی تھیں، دل کے کشش بے اختیار سے خود بخود کھل گئی۔ کام شروع کیا، تو ابتدا میں چند دنوں تک طبیعت رُکی رُکی رہی، لیکن جونہی ذوق و فکر کے دو چار جام گردش میں آئے، طبیعت کی ساری رُکاوٹیں دُور ہوگئیں، اور پھر تو ایسا معلوم ہونے لگا، گویا اس شورش کدۂ مستی میں کبھی افسردگی و خمار آلودگی کا گزر ہی نہیں ہوا تھا!

بہ بدمستی سزد گر متہم سازد مرا ساقی
ہنوز از بادۂ دوشینہ ام پیمانہ بو دارد!

اتنا ہی نہیں، بلکہ کہنا چاہئے، شورش تازہ کی سرمستیاں، مجلسِ دوشین کی کیفیتوں سے بھی کہیں تند تر ہوگئیں:

چہ مستی ست، نہ دانم، کہ رُو بہ ما آورد
کہ بود ساقی و ایں بادہ از کجا آورد؟

سُبحان اللہ! اس عالم کے تصرفات کا بھی کچھ عجیب حال ہے۔ یا تو یہ حال تھا کہ بار بار کوشش کی مگر طبیعت کا انقباض دُور نہیں ہوا۔ یا اب خود بخود کھلی، تو اس طرح کھلی کہ قلم روکنا بھی چاہوں تو نہیں روک سکتا!

شوریست و ریزی تار نفسم را،
پیدا نہ ، اے جنبشِ مضراب کجائی؟

بہرحال کام شروع ہوگیا، اور اس خیال سے کہ سورۂ فاتحہ کی تفسیر ترجمہ کے لئے بھی ضروری تھی، سب سے پہلے اُس کی طرف متوجہ ہوا۔ پھر ترجمہ کی ترتیب شروع کی۔ حالات اب بھی موافق نہ تھے، صحت روز بروز کمزور ہورہی تھی، سیاسی مشغولیت کی آلودگیاں بدستور خلل انداز تھیں تاہم کام کا سلسلہ کم و بیش جاری رہا، اور ۲۰؍ جولائی ۱۹۳۰ء کو آخری سورت کے ترجمہ و ترتیب سے فارغ ہوگیا:

تا دست رسم بود، زدم چاک گریباں
شرمندگی از خرقۂ پشمینہ ندارم!

اصولِ ترجمہ و تفسیر

ترجمان القرآن میں قرآن کے مقاصد و مطالب جن اصول و مبادیات کے ماتحت ترتیب دیے گئے ہیں، قدرتی طور پر طبیعتیں منتظر ہونگی کہ اصل کتاب کے مطالعہ سے پہلے اُن سے آشنا ہوجائیں۔ اس دیباچہ کے لکھنے کے وقت تک میرا بھی یہی خیال تھا کہ اس بارے میں ایک مختصر سی تحریر بطور مقدمۂ کتاب شامل کردی جائے گی لیکن اب دیباچہ لکھ رہا ہوں ان اصول و مبادیات کو سمیٹنا چاہا، تو معلوم ہوا، موضوع کی پیچیدگیاں اور مباحث کی گہرائیاں ایسی نہیں ہیں کہ تفصیل و اطناب کے بغیر بیان میں آسکیں۔ مباحث میں سے ہر مبحث کی وضاحت کے لئے مقدمات اور تمہیدات ناگزیر ہیں۔ اور ہر مبحث کے اطراف اس طرح دُور دُور تک پھیلے ہوئے ہیں کہ نہ تو سمیٹے جاسکتے ہیں، نہ مجمل اشارات عام مطالعہ کے لئے کفایت کرسکتے ہیں۔ مجبوراً اس خیال سے دست بردار ہوتا ہوں۔ اور ایک سرسری اشارہ اُن مشکلات و موانع کی طرف کردیتا ہوں جو اس راہ میں حائل تھے، تاکہ اندازہ کیا جاسکے، معاملہ کی عام حالت کیا تھی، اور مطالعہ قرآن کا جو قدم اُٹھایا گیا ہے، وہ کس رُخ پر جارہا ہے۔

باقی رہے ترجمان القرآن کے اصول تفسیر، تو ان کے لئے مقدمۂ تفسیر کا انتظار کرنا چاہیے جو ترجمان القرآن کے بعد اس سلسلہ کی دوسری کتاب ہے، اور جس کے قدیم مسوّدات کی تہذیب و ترتیب میں آجکل مشغول ہوں۔

> قرونِ اخیرہ اور قرآن کے مطالعۂ و تدبر کا عام معیار

مختلف اسباب سے جن کی تشریح کا یہ محل نہیں، صدیوں سے اس طرح کے اسبابِ موثرات نشو و نما پاتے رہے ہیں، جن کی وجہ سے بہ تدریج، قرآن کی حقیقت نگاہوں سے مستور ہوتی گئی، اور رفتہ رفتہ اُس کے مطالعہ و فہم کا ایک نہایت پست معیار قایم ہوگیا۔ یہ پستی صرف معانی و مطالب ہی میں نہیں ہوئی، بلکہ ہر چیز میں ہوئی۔ حتیٰ کہ اُس کی زبان، اُس کے الفاظ، اُس کی تراکیب اور اُس کی بلاغت کے لئے بھی نظر و فہم کی کوئی بلند جگہ باقی نہیں رہی!

ہر عہد کا مصنف، اپنے عہد کی ذہنی آب و ہوا کی پیداوار ہوتا ہے، اور اس قاعدہ سے صرف وہی دماغ مستثنیٰ ہوتے ہیں جنھیں مجتہدانہ ذوق و نظر کی قدرتی بخشائش نے صفِ عام سے الگ کردیا ہو۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ اسلام کی ابتدائی صدیوں سے لیکر قرونِ اخیرہ تک، جسقدر مفسرین پیدا ہوئے، اُن کا طریق تفسیر ایک بہ تنزّل معیار فکر کی مسلسل زنجیر ہے جس کی ہر پچھلی کڑی، پہلی سے پست تر، اور ہر سابق، لاحق سے بلند تر واقع ہوئی ہے۔ اس سلسلہ میں جسقدر اوپر کی طرف بڑھتے جاتے ہیں، حقیقت زیادہ واضح، زیادہ بلند، اور اپنی قدرتی شکل میں نمایاں ہوتی جاتی ہے، اور جسقدر نیچے اُترتے آتے ہیں، حالت برعکس ہوتی جاتی ہے!

یہ صورت حال فی الحقیقت، مسلمانوں کے عام دماغی تنزّل کا قدرتی نتیجہ تھی۔ اُنھوں نے جب دیکھا کہ قرآن کی

بلندیوں کا ساتھ نہیں دے سکتے، تو کوشش کی کہ قرآن کو اُس کی بلندیوں سے اس قدر نیچے اُتار لیں کہ اُن کی پستیوں کا ساتھ دے سکے!

اب اگر ہم چاہتے ہیں کہ قرآن کو اُس کی حقیقی شکل و نوعیت میں دیکھیں، تو ضروری ہے کہ پہلے وہ تمام پردے ہٹائیں، جو مختلف عہدوں اور مختلف گوشوں کے خارجی موثرات نے اُس کے چہرے پر ڈال دیے ہیں۔ پھر آگے بڑھیں، اور قرآن کی حقیقت خود قرآن ہی کے صفحوں میں تلاش کریں۔

بعض اسباب و موثرات جو فہم حقیقت میں مانع ہیں

یہ مخالف اثرات جو یکے بعد دیگرے جمع ہوتے رہے، دو چار نہیں، بیشمار ہیں، اور ہر گوشے میں پھیلے ہوئے ہیں۔ ممکن نہیں کہ اختصار کے ساتھ بیان میں آسکیں لیکن میں نے مقدمۂ تفسیر میں کوشش کی ہے کہ اُنھیں چند اصول و انواع کے ماتحت سمیٹ لوں۔ اس سلسلہ میں حسب ذیل دفعات قابلِ غور ہیں:

(۱) قرآن حکیم اپنی وضع، اپنے اسلوب، اپنے انداز بیان، اپنے طریق خطاب، اپنے طریق استدلال، غرضکہ اپنی ہر بات میں دُنیا کے وضعی اور صناعی طریقوں کا پابند نہیں ہے، اور نہ اُسے پابند ہونا چاہئے۔ وہ اپنی ہر بات میں اپنا بے میل فطری طریقہ رکھتا ہے، اور یہی وہ بنیادی امتیاز ہے، جو انبیاء کرام (علیہم السلام) کے طریق ہدایت کو علم و حکمت کے وضعی طریقوں سے ممتاز کر دیتا ہے۔

قرآن جب نازل ہوا، تو اُس کے مخاطبوں کا پہلا گروہ بھی ایسا ہی تھا۔ تمدن کے وضعی اور صناعی سانچوں میں ابھی اُس کا دماغ نہیں ڈھلا تھا، اور فطرت کی سیدھی سادی فکری حالت پر قانع تھا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ قرآن اپنی شکل و معنی میں جیسا کچھ واقع ہوا تھا، ٹھیک ٹھیک ویسا ہی اُس کے دلوں میں بس گیا، اور اُسے قرآن کے فہم و معرفت میں کسی طرح کی بھی دشواری محسوس نہیں ہوئی۔ صحابۂ کرام پہلی مرتبہ قرآن کی کوئی آیت یا سورت سنتے تھے، اور بہ مجرد سماع، اُس کی حقیقت پالیتے تھے۔

لیکن صدر اوّل کا دور ابھی ختم نہیں ہوا تھا کہ روم و ایران کے تمدن کی ہوائیں چلنے لگیں، اور علوم و فنون وضعیہ کا دور شروع ہو گیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ جوں جوں وضعیت کا ذوق بڑھتا گیا، قرآن کے فطری اسلوبوں سے طبیعتیں ناآشنا ہوتی گئیں۔ رفتہ رفتہ وہ وقت آگیا کہ قرآن کی ہر بات وضعی اور صناعی طریقوں کے سانچوں میں ڈھالی جانے لگی۔ چونکہ ان سانچوں میں وہ ڈھل نہیں سکتی تھی، اس لئے طرح طرح کے اُلجھاؤ پیدا ہونے لگے، اور پھر جسقدر کوششیں سُلجھانے کی کی گئیں، اور زیادہ اُلجھاؤ بڑھتے گئے!

فطرتیت سے جب بعد ہو جاتا ہے، اور وضعیت کا استغراق طاری ہو جاتا ہے، تو طبیعتیں اس پر راضی نہیں ہوتیں کہ کسی بات کو اسکی قدرتی سادگی میں دیکھیں۔ وہ سادگی کے ساتھ حسن و عظمت کا تصور کر ہی نہیں سکتیں۔ وہ جب کسی بات کو

بلند اور عظیم دکھانا چاہتی ہیں، تو کوشش کرتی ہیں کہ زیادہ سے زیادہ وضعیت اور صناعیت کے پیچ وخم پیدا کر دیں
یہی معاملہ قرآن کے ساتھ پیش آیا۔ سَلَف کی طبیعتیں وضعی طریقوں میں نہیں ڈھلی تھیں، اس لئے وہ قرآن کی سیدھی سادی
حقیقت بے ساختہ پہچان لیتے تھے، لیکن خَلَف کی طبیعتوں پر یہ بات شاق گزرنے لگی کہ قرآن اپنی سیدھی سادی شکل
میں نمایاں ہو۔ ان کی وضعیت پسندی اس پر قانع نہیں ہو سکتی تھی۔ اُنھوں نے قرآن کی ہر بات کے لئے وضعیت کے
جامے تیار کرنے شروع کر دیے، اور چونکہ یہ جامہ اس پر راست نہیں آ سکتا تھا۔ اس لئے بہ تکلف پہنانا چاہا، نتیجہ یہ نکلا کہ حقیقت
کی موزونیت باقی نہ رہی۔ ہر بات ناموزوں اور اُلجھی ہوئی بنکر رہ گئی!

تفسیر قرآن کا پہلا دور وہ ہے، جب علوم اسلامیہ کی تدوین و کتابت شروع نہیں ہوئی تھی۔ دوسرا دور،
تدوین و کتابت سے شروع ہوتا ہے، اور اپنے مختلف عہدوں اور طبقوں میں اُترتا آتا ہے۔ ہم محسوس کرتے ہیں کہ ابھی
دوسرا دور شروع ہی ہوا تھا کہ یہ جامہ قرآن کے لئے بننا شروع ہو گیا۔ لیکن اس کا منتہائے بلوغ، فلسفہ و علوم کی ترویج و
اشاعت کا آخری زمانہ ہے۔ یہی زمانہ ہے جب امام فخر الدین رازیؒ نے تفسیر کبیر لکھی، اور پوری کوشش کی کہ قرآن کا سلوٰ
اس مصنوعی لباسِ وضعیت میں سرتاپا پوشیدہ ہو جائے۔ اگر امام صاحب کی نظر اس حقیقت پر ہوتی، تو اُن کی پوری تفسیر
نہیں، تو دو تہائی حصہ یقیناً بیکار ہو جاتا۔

بہر حال یاد رہے، وضعیت کے سانچے جتنے ٹوٹتے جائیں گے، قرآن کی حقیقت اُبھرتی آئے گی۔

قرآن کے اسلوب بیان کی نسبت لوگوں کو جسقدر مشکلیں پیش آئیں، محض اس لئے کہ وضعیت کا استغراق
ہوا اور فطرتیت کی معرفت باقی نہیں رہی۔

قرآن کے مختلف حصوں اور آیتوں کے مناسبات و روابط کے سارے اُلجھاؤ صرف اس لئے ہیں کہ
فطرتیت سے بعد ہو گیا، اور وضعیت ہمارے اندر بسی ہوئی ہے۔

قرآن کی زبان کی نسبت بحثوں کا جسقدر انبار لگا دیا گیا ہے، وہ بھی محض اس لئے ہے کہ فطرتیت کے سمجھنے کی
ہم میں استعداد باقی نہیں رہی۔

قرآن کی بلاغت کا مسئلہ ہمارے وجدان کے لئے اس قدر سہل، مگر ہمارے دماغ کے لئے اس قدر دشوار کیوں
ہو رہا ہے؟ صرف اسی لئے کہ وضعیت کا خود ساختہ ترازو ہمارے ہاتھ میں ہے، اور ہم چاہتے ہیں، اسی سے قرآن کی بلاغت
بھی وزن کریں!

قرآن کا طریق استدلال کیوں نمایاں نہیں ہوتا؟ اسی لئے کہ وضعیت کے استغراق نے منطق کا سانچا ہمیں دیدیا
ہے، اور چاہتے ہیں، قرآن کے دلائل و براہین بھی اسی میں ڈھالتے جائیں!

غرضکہ جس گوشے میں جاؤ گے، اس اصل کو سامنے پاؤ گے!

(۲) جب کسی کتاب کی نسبت یہ سوال پیدا ہوا اس کا مطلب کیا ہے؟ تو قدرتی طور پر اُن لوگوں کے فہم کو ترجیح دیجائیگی، جنھوں نے خود صاحب کتاب سے مطلب سمجھا ہو۔ قرآن تیئیس برس کے اندر بہ تدریج نازل ہوا۔ وہ جسقدر نازل ہوتا تھا، صحابۂ کرام سُنتے تھے، نمازوں میں دُہراتے تھے، اور جو کچھ پوچھنا ہوتا تھا، خود پیغمبر اسلام (صلعم) سے پوچھ لیتے تھے۔ ان میں بعض افراد خصوصیت کے ساتھ فہم قرآن میں ممتاز ہوئے، اور خود پیغمبر اسلام (صلعم) نے اس کی شہادت دی۔ مذہبی جوش اعتقادی کی بنا پر نہیں، بلکہ قدرتی طور پر اُن کے فہم کو بعد کے لوگوں کے فہم پر ترجیح ہونی چاہیئے لیکن بدقسمتی سے ایسا نہیں سمجھا گیا۔ بعد کے لوگوں نے اپنے اپنے عہد کی فکری موثرات کے ماتحت نئی نئی کاوشیں شروع کردیں، اور صریح سلف کی تفسیر کے خلاف، ہر گوشے میں قدم اُٹھا دیے گئے۔ کہا گیا "سلف ایمان میں قوی ہیں لیکن علم میں خلف کا طریقہ قوی ہے"۔ نتیجہ یہ نکلا کہ روز بروز حقیقت مستور ہوتی گئی، اور اکثر گوشوں میں ایک صاف بات اُلجھتے اُلجھتے، بالکل ناقابل حل بن گئی۔

آفت پر آفت یہ ہوئی کہ پہلے ایک کمزور پہلو اختیار کیا گیا، پھر بڑھتے بڑھتے، دُور تک نکل گئے، پھر جب مشکلوں سے دوچار ہوئے، تو نئی نئی بحثوں اور کاوشوں کی عمارتیں اُٹھانے لگے۔ متون، شرح، حواشی، اور منہیات و تعلیقات کا طریقہ یہاں بھی چلا۔ اس نے اور زیادہ اُلجھاؤ میں اُلجھاؤ ڈلے، اور بعض صورتوں میں تو پردوں کی اتنی تہیں جمع ہوگئیں کہ ایک کے بعد ایک اُٹھاتے چلے جاؤ ظلمات بعضھا فوق بعض کا عالم دکھائی دیگا!

اس بات کا اندازہ کرنے کے لئے قرآن کا کوئی ایک مقام لیلو۔ پہلے اُس کی تفسیر صحابہ و تابعین کی روایات میں ڈھونڈھو۔ پھر بعد کے مفسرین کی طرف رُخ کرو، اور دونوں کا مقابلہ کرو۔ صاف نظر آجائیگا کہ صحابہ و سلف کی تفسیر میں معاملہ بالکل واضح تھا۔ بعد کی بے محل دقیقہ سنجیوں نے اُسے کچھ سے کچھ بنادیا، اور اُلجھاؤ پیدا ہوگئے۔

مثلاً سورۂ بقرہ کی ابتدائی آیتوں کی نسبت حضرت عبداللہ ابن عباس، و ابن مسعودؓ سے مروی ہے کہ الذین یومنون بالغیب ویقیمون الصلوۃ الخ سے مقصود عرب کے اہلِ ایمان ہیں، اور والذین یومنون بما انزل الیک الخ سے اہل کتاب کے اہلِ ایمان۔ امام ابن جریر نے بھی یہی تفسیر اختیار کی۔ لیکن بعد کے مفسرین اس پر قانع نہیں ہوئے، اور عجیب عجیب دُور از کار بحثیں پیدا کردیں۔ نتیجہ یہ نکلا کہ سب سے پہلے ھدیً للمتقین کے مطلب کی نشست بگڑی۔ پھر قرآن نے تین گروہوں کی تقسیم کرکے جس حقیقت پر زور دیا تھا اُسکی ساری خوبی اور موزونیت گم ہوگئی۔

(۳) نومسلم اقوام کے قصص و روایات اوّل دن سے پھیلنا شروع ہوگئے تھے۔ ان میں سے اسرائیلیات کو (یعنی یہودیوں کے قصص و خرافات کو) ہمیشہ محققین نے چھانٹنا چاہا۔ لیکن واقعہ یہ ہے کہ ان عناصر کے مخفی اثرات دُور دُور تک سرایت کرچکے تھے، اور وہ برابر جسم تفسیر میں پیوست رہے۔

(۴) ایک طرف تو صحابہ و سلف کی روایات سے تغافل ہوا، دوسری طرف روایات تفسیر کے غیر محتاط

جامعوں نے الگ آفت بپا کردی، اور ہر تفسیر جس کا سرا کسی نہ کسی تابعی سے ملا دیا گیا، سلف کی تفسیر سمجھ لی گئی۔ متاخرین میں صرف عماد الدین ابن اثیر تنہا مفسر ہیں جو احادیث کے التزام کے ساتھ نقد روایات کا بھی لحاظ رکھتے ہیں، اوحتی الوسع اس سے تغافل نہیں کرتے۔

(۵) اس صورت حال کا سب سے زیادہ افسوسناک نتیجہ یہ نکلا کہ قرآن کا طریق استدلال دُور از کار دقیقہ سنجیوں میں گم ہوگیا۔ یہ ظاہر ہے کہ اُس کے تمام بیانات کا محور و مرکز، اُس کا طریق استدلال ہی ہے۔ اسکے ارشادات و بصائر، اُس کے قصص و امثال، اُس کے مواعظ و حِکَم، اُس کے مقاصد و مہمات، سب اسی چیز سے کھلتے اور اُبھرتے تھے۔ یہ ایک چیز کیا گم ہوئی گویا اُس کا سب کچھ ہی گم ہوگیا:

ہمیں ورق کہ سیہ گشت، مدعا ایں جاست!

انبیاء کرام کا طریق استدلال یہ نہیں ہوتا کہ منطقی طریقہ پر نظری مقدمات ترتیب دیں۔ پھر اُن کی بحثوں میں مخاطب کو اُلجھائیں۔ وہ براہ راست تلقین و اذعان کا فطری طریقہ اختیار کرتے ہیں، جسے ہر دماغ وجدانی طور پر پالیتا ہے، اور ہر دل قدرتی طور پر قبول کر لیتا ہے۔ لیکن ہمارے مفسرین متکلین کو فلسفہ و منطق کے انہماک نے اس قابل ہی نہ رکھا کہ کسی حقیقت کو اُس کی سیدھی سادی شکل میں دیکھیں اور قبول کرلیں۔ اُنھوں نے انبیاء کرام کے لئے بڑی فضیلت اس میں سمجھی کہ اُنھیں منطقی بنا دیں، اور قرآن کی عظمت اس میں نظر آئی کہ اُس کی ہر بات ارسطو کی منطق کے سانچے میں ڈھلی ہوئی نکلے۔ اس سانچے میں وہ ڈھل نہیں سکتی تھی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ قرآن کے دلائل و براہین کی ساری خوبروئی اور دلنشینی نظروں سے گم ہوگئی۔ حقیقت تو گم ہو ہی چکی تھی، لیکن وہ بات بھی نہ بنی جو یہ لوگ بنانی چاہتے تھے۔ شکوک و ایرادات کے بیشمار دروازے کُھل گئے، جن کے کھولنے میں تو امام رازی کا ہاتھ بہت تیز نکلا، لیکن بند کرنے میں کچھ تیزی نہ دکھلا سکے!

(۶) یہ آفت صرف طریق استدلال ہی میں پیش نہیں آئی، بلکہ تمام گوشوں میں پھیلی۔ منطق و فلسفہ کے مباحث نے طرح طرح کی نئی مصطلحات پیدا کردی تھیں، اور عربی لغت کے الفاظ ان مصطلحہ معانی میں مستعمل ہونے لگے تھے۔ یہ ظاہر ہے کہ قرآن کا موضوع فلسفۂ یونانی نہیں ہے، اور نہ نزولِ قرآن کے وقت عربی زبان ان مصطلحات سے آشنا ہوئی تھی بس جہاں کہیں قرآن میں وہ الفاظ آئے ہیں، اُن کے معانی وہ نہیں ہوسکتے جو وضع مصطلحات کے بعد قرار پاگئے ہیں۔ لیکن اب اُن کے وہی مفہوم لئے جانے لگے، اور اسکی بنا پر طرح طرح کی دُور از کار بحثیں پیدا کردی گئیں۔ چنانچہ قدم، حدوث، خلود، احدیت، مثلیت، وغیرہم نے وہ معانی پیدا کرلئے جن کا صدر اوّل میں کسی سامع قرآن کو وہم و گمان بھی نہ ہوا ہوگا۔

(۷) اسی تخم کے یہ بھی برگ و بار ہیں کہ سمجھا گیا، قرآن کو وقت کی تحقیقات علمیہ کا ساتھ دینا چاہئے۔ چنانچہ کوشش کی گئی کہ نظام بطلیموسی اس پر چپکا یا جائے، ٹھیک اسی طرح جس طرح آجکل کے دانش فروشوں کا طریق تفسیر یہ ہے کہ موجودہ علمِ ہیئت کے مسائل قرآن پر چپکائے جائیں۔

(۸) ہر کتاب اور تعلیم کے کچھ مرکزی مقاصد ہوتے ہیں، اور اُس کی تمام تفصیلات اُنہی کے گرد گردش کرتی ہیں؛ جب تک یہ مراکز سمجھ میں نہ آئیں، دائرہ کی کوئی بات سمجھ میں نہیں آسکتی۔ قرآن کا بھی یہی حال ہے۔ اُس کے بھی چند مرکزی مقاصد و مہمات ہیں، اور جب تک وہ صحیح طور پر نہ سمجھ لئے جائیں، اُس کی کوئی بات صحیح طور پر سمجھی نہیں جا سکتی۔

متذکرہ صدر اسباب سے جب اُس کے مرکزی مقاصد کی وضاحت باقی نہ رہی، تو قدرتی طور پر اُس کا ہر گوشہ اس سے متاثر ہوا۔ اُس کا کوئی بیان، کوئی تعلیم، کوئی استدلال، کوئی خطاب، کوئی اشارہ، کوئی اجمال ایسا نہ رہا جو اس تاثر سے محفوظ ہو۔ افسوس یہ ہے کہ اختصار کا تقاضہ مثالیں پیش کرنے سے مانع ہے، اور بغیر مثال کے حقیقت واضح نہیں ہو سکتی۔ مثلاً آل عمران کی آیت وما کان لنبی ان یغل (۱۵۵) کی تفسیر نکال کر دیکھو کہ کیا کیا دُور از کار بحثیں نہیں کی گئیں۔ یہودیوں کے اس قول کی تفسیر میں کہ ید اللہ مغلولۃ (۵: ۶۹) کن کن گوشوں میں نکل گئے، اور کس طرح محلِ بیان اور سیاق و سباق کا صاف صاف مقتضا نظر انداز کر دیا گیا؟

(۹) قرآن کے صحتِ فہم کے لئے عربی لغت و ادب کا صحیح ذوق شرطِ اوّل ہے، لیکن مختلف اسباب سے جن کی تشریح محتاجِ تفصیل ہے، یہ ذوق کمزور پڑتا گیا۔ یہاں تک کہ وہ وقت آگیا جب مطالب میں بیشمار اُلجھاؤ محض اس لئے پڑ گئے کہ عربیت کا ذوقِ سلیم باقی نہیں رہا، اور جس زبان میں قرآن نازل ہوا تھا، اُس کے محاورات و مجازات سے بُعد ہو گیا۔

(۱۰) ہر عہد کا فکری اثر تمام علوم و فنون کی طرح تفسیر میں بھی کام کرتا رہا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ تاریخ اسلام کا یہ پُرفخر واقعہ ہمیشہ یادگار رہیگا کہ علماءِ حق نے وقت کے سیاسی اثرات کے سامنے کبھی ہتھیار نہیں ڈالے، اور کبھی یہ بات گوارا نہ کی کہ اسلام کے عقائد و مسائل اُن سے اثر پذیر ہوں۔ لیکن وقت کی تاثیر صرف سیاست ہی کے دروازے سے نہیں آتی؛ اس کے نفسیاتی مؤثرات کے بیشمار دروازے ہیں، اور جب کھُل جاتے ہیں تو کسی کے بند کئے بند نہیں ہو سکتے۔ اُن کے استیلا سے عقائد و اعمال محفوظ رکھے جا سکتے تھے، اور علماء حق نے محفوظ رکھے، لیکن دماغ محفوظ نہیں رکھے جا سکتے تھے، اور محفوظ نہیں رہے۔ یہاں ضرورت مثالوں کی ہے، لیکن اس کی مثالیں تفصیل طلب ہیں، اور اختصار کا تقاضہ اجازت نہیں دیتا۔

(۱۱) چوتھی صدی ہجری کے بعد علوم اسلامیہ کی تاریخ کا مجتہدانہ دور ختم ہو گیا، اور شواذ و نوادر کے علاوہ عام شاہراہ، تقلید کی شاہراہ ہو گئی۔ اس داءِ عُضال نے جسمِ تفسیر میں بھی پوری طرح سرایت کی۔ ہر شخص جو تفسیر کے لئے قدم اُٹھاتا تھا کسی پیش رو کو اپنے سامنے رکھ لیتا تھا، اور پھر آنکھیں بند کر کے اُس کے پیچھے پیچھے چلتا رہتا۔ اگر تیسری صدی میں کسی مفسّر سے کوئی غلطی ہو گئی ہے، تو ضروری ہے کہ نویں صدی کی تفسیروں تک وہ برابر نقل در نقل ہوتی چلی آئے۔ کسی نے اس کی ضرورت محسوس نہیں کی کہ چند لمحوں کے لئے تقلید سے الگ ہو کر تحقیق کرے کہ معاملہ کی اصلیت کیا ہے۔ رفتہ رفتہ تفسیر نویسی کی ہمتیں اس قدر پست ہو گئیں کہ کسی متداول تفسیر پر حاشیہ چڑھا دینے سے آگے نہ بڑھ سکیں۔ بیضاوی اور جلالین

کے حاشیوں کو دیکھو کہ ایک بنے ہوئے مکان کی لیپ پوت کرنے میں کس طرح قوتِ تصنیف رائیگاں گئی ہے۔

(۱۲) زمانہ کی بد ذوقی نے بھی ہر بدمذاقی کو سہارا دیا۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ قرونِ اخیرہ میں درس و تداول کے لئے وہی تفسیریں مقبول ہوئیں جو قدماء کے محاسن سے یک قلم خالی تھیں۔ وقت کا یہ سوءِ انتخاب ہر علم و فن میں جاری رہا ہے۔ جو زمانہ جرجانی پر سکاکی کو، اور سکاکی پر تفتازانی کو ترجیح دیتا تھا یقیناً اُس کے دربار سے جلالین ہی کو حُسنِ قبول کی سند مل سکتی تھی!

(۱۳) متداول تفاسیر کو اُٹھا کر دیکھو۔ جس مقام کی تفسیر میں متعدد اقوال موجود ہونگے، وہاں اکثر اُسی قول کو ترجیح دینگے جو سب سے زیادہ کمزور اور بے محل ہوگا، جو اقوال نقل کرینگے اُن میں بہترین قول موجود ہوگا، لیکن اسے نظرانداز کردیں گے!

(۱۴) اشکال و موانع کا بڑا دروازہ تفسیر بالرائے سے کھُل گیا جس کے اندیشہ سے صحابہ و سلف کی روحیں لرزتی رہتی تھیں!

تفسیر بالرائے کا مطلب سمجھنے میں لوگوں کو لغزشیں ہوئی ہیں۔ تفسیر بالرائے کی ممانعت سے مقصود یہ نہ تھا کہ قرآن کے مطالب میں عقل و بصیرت سے کام نہ لیا جائے، یا اُس کی تفسیر کرنے میں عقل و درایت کو دخل نہ دیا جائے۔ کیونکہ اگر یہ مطلب ہو تو پھر قرآن کا درس و مطالعہ ہی بے سود ہوجائے، حالانکہ خود قرآن کا یہ حال ہے کہ اوّل سے لیکر آخر تک تعقل و تفکر کی دعوت ہے، اور ہر جگہ مطالبہ کرتا ہے کہ افلا یتدبرون القرآن ام علی قلوب اقفالھا؟ (۴۷: ۲۶)

تفسیر بالرائے میں "رائے" بمعنی لغوی نہیں ہے بلکہ "رائے" مصطلحۂ شارع ہے، اور اس سے مقصود ایسی تفسیر ہے جو اس لئے نہ کی جائے کہ خود قرآن کیا کہتا ہے، بلکہ اس لئے کیجائے کہ ہماری کوئی ٹھہرائی ہوئی رائے کیا چاہتی ہے، اور کس طرح قرآن کو کھینچ تان کر اُس کے مطابق کردیا جاسکتا ہے۔

مثلاً جب باب عقائد میں ردّ و کد شروع ہوئی، تو مختلف مذاہب کلامیۃ پیدا ہوگئے۔ ہر مذہب کے مناظرین نے چاہا، اپنے مذہب پر نصوص قرآنیہ کو ڈھالیں۔ وہ اس کی جستجو میں نہ تھے کہ قرآن کیا کہتا ہے، بلکہ اس کی کاوش تھی کہ کسی طرح اُسے اپنے مذہب کا مؤید دکھلادیں۔ اس طرح کی تفسیر، تفسیر بالرائے تھی!

یا مثلاً مذاہب فقہیۃ کے مقلدین میں جب تحزّب و تشیّع کے جذبات تیز ہوئے، تو اپنے اپنے مسائل کی پچ میں آیات قرآنیہ کو کھینچ تاننے لگے۔ اس کی کچھ فکر نہ تھی کہ لغت عربی کے صاف صاف معانی، اسلوب بیان کا قدرتی مقتضیٰ، عقل و بصیرت کا واضح فیصلہ کیا کہتا ہے؟ تمام تر کوشش یہ تھی کہ کسی نہ کسی طرح قرآن کو اپنے مذہب کے مطابق کر دکھایئے۔ یہ طریق تفسیر، تفسیر بالرائے ہے!

یا مثلاً ایک گروہ متصوفین کا پیدا ہوا، اور اپنے موضوعہ عقائد و اصول پر قرآن کو ڈھالنے لگا۔ قرآن کا کوئی حکم،

کوئی عقیدہ، کوئی بیان تحریفِ معنوی سے نہ بچا۔ یہ تفسیر بالرائے تھی!

یا مثلاً قرآن کے طرقِ استدلال کو منطقی جامہ پہنانا، یا جہاں کہیں آسمان اور کواکب و نجوم کے الفاظ آگئے ہیں یونانی علم ہیئت کے مسائل چپکانے لگنا، یقیناً تفسیر بالرائے ہے!

یا مثلاً، آجکل ہندوستان اور مصر کے بعض دانش فروشوں نے یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ (اُنہی کے لفظوں میں) زمانۂ حال کے "اصولِ علم و ترقی" قرآن سے ثابت کئے جائیں۔ یا بقول ان کے فلسفہ و سائنس اُس کی ہر آیت میں بھر دیا جائے گویا قرآن صرف اسی لئے نازل ہوا ہے کہ جو بات کوپرنیکس اور نیوٹن نے یا ڈارون اور ولیس نے بغیر کسی الہامی کتاب کی فلسفہ اندیشیوں کے دریافت کرلی، اُسے چند صدی پہلے معموں اور پہیلیوں کی طرح دُنیا کے کان میں پھونک دے، اور پھر وہ بھی صدیوں تک دُنیا کی سمجھ میں نہ آئیں۔ یہانتک کہ موجودہ زمانہ کے مفسر پیدا ہوں، اور تیرہ سو برس پیشتر کے معمے حل فرمائیں۔ یقیناً یہ طرقِ تفسیر بھی ٹھیک ٹھیک تفسیر بالرائے ہے!

جستجوئے حقیقت

یہ چند اشارات ہیں کہ اختصار کے تقاضے اور محل کی تنگنائی پر بھی حوالہ قلم ہوئے، ورنہ شرح اس معاملہ کی بہت طولانی ہے:

تو خود حدیثِ مفصّل بخواں ازیں مجمل!

کم از کم ان مجمل اشارات سے اس بات کا اندازہ کرلیا جاسکتا ہے کہ راہ کی مشکلات و موانع کا کیا حال ہے، اور کس طرح قدم قدم پر پردوں کو ہٹانا، اور چپّے چپّے پر رُکاوٹوں سے دوچار ہونا ہے۔ پھر رُکاوٹیں کسی ایک گوشے ہی میں نہیں ہیں، اور مشکلات کسی ایک دروازے ہی سے نہیں آئی ہیں۔ بہ یک وقت ہر وادی کی پیمائش اور ہر گوشے میں نظر و کاوش ہونی چاہیئے تب کہیں جاکر حقیقتِ گم گشتہ کا سُراغ مل سکتا ہے۔ و ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاءُ واللہ ذو الفضل العظیم!

ترجمان القرآن کا مقصد و نوعیت

قرآن کے درس و مطالعہ کی تین مختلف ضرورتیں ہیں، اور میں نے اُنھیں تین کتابوں میں منقسم کردیا ہے، مقدمۂ تفسیر، تفسیر البیان، اور ترجمان القرآن۔ مقدمۂ تفسیر، قرآن کے مقاصد و مطالب پر اصولی مباحث کا مجموعہ ہے اور کوشش کیگئی ہے کہ مطالبِ قرآنی کے جوامع و کلیات مدون ہو جائیں۔ تفسیر البیان نظر و مطالعہ کے لئے ہے، اور ترجمان القرآن قرآن کی عالمگیر تعلیم و اشاعت کے لئے۔

آخری کتاب، سب سے پہلے شائع کیجاتی ہے، کیونکہ اپنے مقصد و نوعیت میں سب سے زیادہ اہم اور ضروری ہے، اور فی الحقیقت تفسیر و مقدمہ کے لئے بھی اصلی بنیاد یہی ہے۔

اس کی ترتیب سے مقصود یہ ہے کہ مطالب قرآنی کے فہم و تدبر کے لئے ایک ایسی کتاب تیار ہو جائے

جس میں کتب تفسیر کی سی تفصیلات تو نہ ہوں، لیکن وہ سب کچھ ہو، جو قرآن کو ٹھیک ٹھیک سمجھ لینے کیلئے ضروری ہے۔
اس غرض سے جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اُمید ہے کہ اہل نظر اُس کی موزونیت پہ یک نظر محسوس کرلیں گے۔ پہلے کوشش کی ہے کہ قرآن کا ترجمہ اُردو میں اس طرح مرتب ہو جائے کہ اپنی وضاحت میں کسی دوسری چیز کا محتاج نہ رہے۔ اپنی تشریحات خود اپنے ساتھ رکھتا ہو۔ پھر حاشیے نوٹوں کا اضافہ کیا ہے، جو سورت کے مطالب کی رفتار کے ساتھ ساتھ برابر چلے جاتے ہیں، اور جہاں کہیں ضرورت دیکھتے ہیں، مزید رہنمائی کے لئے نمودار ہو جاتے ہیں۔ یہ قدم قدم پر مطالب کی تفسیر کرتے ہیں، اجمال کو تفصیل کا رنگ دیتے ہیں، مقاصد و وجوہ سے پردے اُٹھاتے ہیں، دلائل و شواہد کو روشنی میں لاتے ہیں، احکام و نواہی کو مرتب و منضبط کرتے ہیں، اور زیادہ سے زیادہ مختصر لفظوں میں، زیادہ سے زیادہ معانی و معارف کا سرمایہ فراہم کرتے جاتے ہیں۔ یہ گویا قاری قرآن کے لئے تفکر و تدبر کی روشنی ہے، جو بحکم نورھم یسعیٰ بین ایدیھم وبایمانھم (۵۷: ۱۲) اسکے ساتھ ساتھ چلتی رہتی ہے، اور کہیں بھی اُس کا ساتھ نہیں چھوڑتی!

ترجمہ و تفسیر کی معنوی مشکلات کی طرح اُس کی صوری مشکلات بھی تھیں، اور اس راہ کا دوسرا مرحلہ یہ تھا کہ اُنھیں حل کیا جائے۔ ان مشکلات کی شرح بھی طولانی ہے۔ ترجمان القرآن کے خاتمہ میں قرآن کے فارسی اُردو اور یورپ کے تراجم پر تبصرہ کیا گیا ہے۔ اُس سے اندازہ کیا جا سکے گا کہ اس مرحلہ کی مشکلات کیا کیا تھیں، اور وہ کیا اسباب ہیں جن کی وجہ سے آجتک قرآن کے تراجم میں وضاحت اور دلنشینی پیدا نہ ہوسکی۔

یہ حقیقت پیش نظر رہے کہ ترجمان القرآن کے نوٹ تشریح و وضاحت کا ایک مزید درجہ ہیں، ورنہ قرآن کا صاف صاف مطلب سمجھ لینے کے لئے متن کا ترجمہ پوری طرح کفایت کرتا ہے۔ میں نے تجربے کے لئے سورۂ بقرہ کا مجرد ترجمہ ایک چودہ پندرہ برس کے لڑکے کو دیا جو اُردو کی آسان کتابیں روانی کے ساتھ پڑھ لیتا ہے، پھر ہر موقع پر سوالات کرکے جانچا۔ جہانتک مطلب سمجھ لینے کا تعلق ہے وہ ایک مقام پر بھی نہ اٹکا، اور تمام سوالوں کا جواب دیتا گیا۔ پھر ایک دوسرے شخص پر تجربہ کیا جس نے بڑی عمر میں لکھنا پڑھنا سیکھا ہے، اور ابھی اُسکی استعداد اس سے زیادہ نہیں ہے کہ اُردو کے تعلیمی رسائل بہ آسانی پڑھ لیتا ہے۔ یہ تین جگہ تین فارسی لفظوں پر اٹکا لیکن مطلب سمجھنے میں اسے کوئی رُکاوٹ پیش نہ آئی۔ میں نے وہ الفاظ بدل کر نسبتاً زیادہ سہل الفاظ رکھدیے۔

نوٹس کی ترتیب کا معاملہ نفس ترجمہ سے کم مشکل نہ تھا۔ یہ ظاہر ہے کہ ان کے لئے ایک محدود مقدار سے زیادہ جگہ نکل نہیں سکتی تھی، اور نوٹ، نوٹ نہ رہتے اگر ایک خاص مقدار سے کمیت یا تعداد میں زیادہ ہو جاتے۔ لیکن ساتھ ہی ضروری تھا کہ کوئی ضروری مقام تشنہ نہ رہجائے، اور مقاصد و مطالب قرآنی کی تمام مہمات واضح ہو جائیں۔ پس پوری احتیاط کے ساتھ ایسا طریق بیان اختیار کیا گیا کہ لفظ کم سے کم ہیں لیکن اشارات زیادہ سے زیادہ سمیٹ لئے گئے ہیں۔ جس چیز کی لوگ کمی پائیں گے، وہ صرف مطالب کا پھیلاؤ ہے۔ نفس مطالب میں کوئی کمی محسوس نہ ہوگی۔ ان کے

ہر لفظ اور ہر جملہ پر جس قدر غور کیا جائیگا، مطالب و مباحث کے نئے نئے دفتر کھلتے جائیں گے۔

مثلاً سورۂ بقرہ کی آیت عدۃ طلاق پر ایک نوٹ ہے "طلاق کی عدت کا ایک مناسب زمانہ مقرر کرکے نکاح کی اہمیت، نسب کے تحفظ، اور عورت کے نکاح ثانی کی سہولتوں کا انتظام کر دیا گیا" (۲۵۳) یہ نہایت مختصر جملہ ہے لیکن اسی میں عدتِ طلاق کے تعین کی وہ تینوں مصلحتیں واضح کر دی ہیں، جن میں سے ہر مصلحت کی بحث تفسیر کے ایک پورے صفحہ میں مشکل آتی۔ نکاح کی اہمیت چاہتی تھی کہ یہ رشتہ ایسا بندکر نہ رہجائے کہ ادھر ختم ہوا اور اُدھر از سر نو شروع ہوگیا۔ ہر دو رشتوں کے درمیان کچھ نہ کچھ فصل اور انتظار کی حالت ضرور ہونی چاہیئے۔ نسب کا تحفظ بھی چاہتا تھا کہ اتنا وقفہ ضرور گزر جائے کہ حمل کا شبہ باقی نہ رہے۔ لیکن ساتھ ہی اس کی رعایت بھی ضروری تھی کہ عورت کے نکاح ثانی کے حقوق میں بیجا دست اندازی نہ ہو۔ پس قرآن نے ایک ایسی مدت ٹھہرا دی جس سے ایک طرف تو پہلی اور دوسری مصلحت پوری ہوگئی، دوسری طرف تیسری مصلحت میں بھی خلل نہیں پڑا۔ کیونکہ ابتدائی دو مصلحتوں کے لئے کم سے کم مدت ہے جو قرار دی گئی ہے۔ یہ تمام تشریحات نوٹ میں نہیں آسکتی تھیں، اور نہیں آئی ہیں، لیکن اصل مطلب پورا پورا آگیا ہے۔ ضرورت صرف اس کی ہے کہ مطالعہ کے وقت غور و فکر کا سررشتہ ہاتھ سے نہ چھوٹے۔

تفسیر البیان

تفسیر البیان کے لئے پچھلی ترتیب میں نے اب ترک کر دی ہے۔ کیونکہ میں محسوس کرتا ہوں، مسلسل تفسیر کا قدیم طریقہ موجودہ زمانے میں عام مطالعہ کے لئے موزوں نہیں ہے۔ ایک غیر مرتب و غیر منقسم سلسلہ کی غیر معمولی درازی، اکثر طبائع پر شاق گزرتی ہے۔ اب میں چاہتا ہوں، تفسیر اس صورت میں مرتب ہو جائے کہ اسی ترجمان القرآن کے ہر ترجمۂ سورت پر ایک مقدمہ یا دیباچہ کا اضافہ کر دیا جائے۔ ترجمہ کی وضاحت پہلے سے موجود ہے۔ نوٹوں کی تشریحات جابجا روشنی ڈال ہی رہی ہیں۔ ضرورت صرف ایک مزید درجۂ بحث و نظر کی ہے، وہ ہر سورت کے دیباچہ سے پوری ہو جائے گی، اور بحیثیتِ مجموعی تفسیر کے مطالب اس طرح مرتب اور منقسم رہیں گے کہ ایک مسلسل تفسیر کا انتشارِ مطالب محسوس نہیں ہوگا۔

ترجمان القرآن کو میں نے دو متوسط جلدوں سے زیادہ بڑھنے نہیں دیا ہے۔ البیان کے دیباچوں کے اضافہ کے بعد زیادہ سے زیادہ، چار جلدیں ہو جائیں گی، لیکن ان چار جلدوں میں وہ سب کچھ آجائے گا جو ترتیبِ قدیم میں شاید دس گیارہ جلدوں کی ضخامت میں بھی نہ آتا۔

تفسیر کا جس قدر قدیم مسودہ بچ رہا ہے، دوستوں کا اصرار ہے کہ اسے بھی ایک علیحدہ کتاب کی صورت میں شائع کر دیا جائے۔

جونہی ترجمان القرآن سے میں فارغ ہوا، سورتوں کے دیباچوں کی ترتیب پر متوجہ ہوگیا۔ ساتھ ہی مقدمۂ تفسیر کی ترتیب بھی جاری ہے۔

تفسیر سورۂ فاتحہ

پہلی جلد کے ابتدا میں سورۂ فاتحہ کی تفسیر کا ملخص بھی شامل کر دیا گیا ہے، کیونکہ سورۂ فاتحہ کی تفسیر، ترجمۂ قرآن کے لئے اُس کا قدرتی مقدمہ تھی، اور ضروری تھا کہ کم از کم یہ مقدمۂ تلاوت ترجمہ سے پہلے ذہن نشین ہو جائے۔

البتہ یہ تفسیر سورۂ فاتحہ کا خلاصہ ہے۔ اس میں مباحث کے پھیلاؤ سمیٹ دیے ہیں، تفصیلات کو جا بجا مختصر کر دیا ہے۔ تمہید و توطیہ کی قسم کی تمام چیزیں نکال دی ہیں، لیکن نفس مطالب میں بجز ایک مقام کے کوئی کمی نہیں کی ہے۔ یہ مقام صفات الٰہی کے تصوّر کے مباحث کا ہے۔ اِس میں ایک بڑا حصہ صفات الٰہی کے اُن مباحث کا تھا جن کا تعلق زیادہ تر فلسفہ و کلام کے قدیم مذاہب و مقالات سے ہے۔ نیز فرداً فرداً اُن تمام صفات پر نظر ڈالی گئی تھی جو قرآن حکیم میں آئے ہیں۔ چونکہ یہ حصہ عام مطالعہ اور دلچسپی کا نہ تھا، اس لئے ترجمان القرآن میں اس کی موجودگی ضرورت سے زیادہ محسوس ہوئی، اور اسے الگ کر دیا گیا۔

اصل تفسیر کی ضخامت اس خلاصہ سے ڈیوڑھی سمجھنی چاہئے۔ تفسیر البیان میں وہ سورۂ فاتحہ کا دیباچہ ہو گی، اور اپنی تفصیلی شکل میں آجائے گی۔

آخر میں چند الفاظ اس پورے سلسلۂ ترجمہ و تفسیر کی نسبت کہدینا ضروری ہیں۔ کامل ستائیس[۲۷] برس سے قرآن میرے شب و روز کے فکر و نظر کا موضوع رہا ہے۔ اُس کی ایک ایک سورت، ایک ایک مقام، ایک ایک آیت، ایک ایک لفظ پر میں نے وادیاں قطع کی ہیں، اور مرحلوں پر مرحلے طے کئے ہیں۔ تفاسیر و کتب کا جتنا مطبوعہ و غیر مطبوعہ ذخیرہ موجود ہے، میں کہہ سکتا ہوں کہ اُس کا بڑا حصہ میری نظر سے گزر چکا ہے، اور علوم قرآن کے مباحث و مقالات کا کوئی گوشہ نہیں جس کی طرف سے ذہن نے تغافل اور جستجو نے تساہل کیا ہو۔ علم و نظر کی راہوں میں آجکل قدیم و جدید کی تقسیمیں کی جاتی ہیں، لیکن میرے لئے یہ تقسیمیں بھی کوئی تقسیم نہیں۔ جو کچھ قدیم ہے، وہ مجھے ورثہ میں ملا، اور جو کچھ جدید ہے اُس کے لئے اپنی راہیں آپ نکال لیں۔ میرے لئے وقت کی جدید راہیں بھی ویسی ہی دیکھی بھالی ہیں جس طرح قدیم راہوں کے چپّہ چپّہ کا شناسا ہوں:

رہا ہوں رند بھی میں اور پارسا بھی میں
مری نظر میں ہیں رندان و پارسا اک ایک!

خاندان، تعلیم، اور سوسائٹی کے اثرات نے جو کچھ میرے حوالے کیا تھا، میں نے اوّل دن ہی اُس پر قناعت کرنے سے انکار کر دیا، اور تقلید کی بندشیں کسی گوشہ میں بھی روک نہ سکیں، اور تحقیق کی تشنگی نے کسی میدان میں بھی ساتھ نہ چھوڑا:

ہیچ گہ ذوقِ طلب از جستجو بازم نہ داشت
دانہ می چیدم دراں روزے کہ خرمن داشتم!

میرے دل کا کوئی یقین ایسا نہیں ہے جس میں شک کے سارے کانٹے نہ چُبھ چکے ہوں، اور میری روح کا کوئی اعتقاد ایسا نہیں ہے جو انکار کی ساری آزمائشوں میں سے نہ گزر چکا ہو۔ میں نے زہر کے گھونٹ بھی ہر جام سے پیے ہیں اور تریاق کے نسخے بھی ہر دارالشفا کے آزمائے ہیں۔ میں جب پیاسا تھا، تو میری لب تشنگیاں دوسروں کی طرح نہ تھیں اور جب سیراب ہوا، تو میری سیرابی کا چشمہ بھی شاہراہِ عام پر نہ تھا:

راہے کہ خضر داشت، ز سرچشمہ دور بود

لب تشنگی زراہِ دگر بردہ ایم ما!

اس تمام عرصے کی جستجو و طلب کے بعد قرآن کو جیسا کچھ اور جتنا کچھ سمجھ سکا ہوں، میں نے ان تین کتابوں کے صفحوں پر پھیلا دیا ہے: ترجمان القرآن، البیان، مقدمۂ تفسیر:

سبک زجائے نگیری، کہ بس گراں گہرست

متاعِ من کہ نصیبش مباد ارزانی!

میرا یقین ہے کہ مسلمانوں کی زندگی وسعادت کے لئے چشمۂ حیات حقیقت قرآنی کا انبعاث ہے، اور میں نے کوشش کی ہے کہ اُس کے فہم و بصیرت کا دروازہ اُن پر کُھل جائے۔ میں ترجمان القرآن شائع کرتے ہوئے محسوس کرتا ہوں کہ اس بارے میں جو کچھ میرا فرض تھا، توفیق الٰہی کی دستیاری سے میں نے ادا کر دیا۔ اب اس کے بعد جو کچھ ہے وہ مسلمانوں کا فرض ہے، اور یہ اللہ کے ہاتھ ہے کہ اُنھیں ادائے فرض کی توفیق دے:

حدیثِ عشق و سرمستی ز من بشنو، نہ از واعظ

کہ با جام و سبو ہر شب قرینِ ماہ و پروینم!

ما کان حدیثا یفتریٰ ولکن تصدیق الذی بین یدیہ و تفصیل کل شیءٍ وھدیً ورحمۃً لقوم یومنون! (۱۲: ۱۱۱)

۱۶ نومبر ۱۹۳۰ء

ڈسٹرکٹ جیل میرٹھ

ابوالکلام

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سورۂ فاتحہ

(۱) سورت کی اہمیت اور خصوصیات

یہ قرآن کی سب سے پہلی سورت ہے۔ اس لئے فاتحۃ الکتاب کے نام سے پکاری جاتی ہے۔ جو بات سب سے زیادہ اہم ہوتی ہے، قدرتی طور پر پہلی اور نمایاں جگہ پاتی ہے۔ یہ سورت قرآن کی تمام سورتوں میں ایک خاص اہمیت رکھتی تھی، اسلئے قدرتی طور پر اس کی موزوں جگہ قرآن کے پہلے صفحہ ہی میں ہوسکتی تھی۔ چنانچہ خود قرآن نے اس کا ذکر ایسے لفظوں میں کیا ہے جس سے اسکی اہمیت کا پتہ چلتا ہے:

وَلَقَدۡ اٰتَیۡنٰکَ سَبۡعًا مِّنَ الۡمَثَانِیۡ وَالۡقُرۡاٰنَ الۡعَظِیۡمَ (۱۵ : ۸۷)	اے پیغمبر، یہ واقعہ ہے کہ ہم نے تمہیں سات دُہرائی جانے والی چیزیں عطا فرمائی ہیں اور قرآن عظیم۔

احادیث و آثار سے یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ اس آیت میں "سات دُہرائی جانے والی چیزیں" سے مقصود یہی سورت ہے، کیونکہ یہ سات آیتوں کا مجموعہ ہے اور ہمیشہ نماز میں دُہرائی جاتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس سورت کو سبع المثانی بھی کہتے ہیں۔[1]

---

[1] امام بخاری اور اصحاب سنن نے ابو سعید بن المعلّی سے روایت کی ہے: الحمد للہ رب العٰلمین، ھی السبع المثانی والقراٰن العظیم الذی اوتیتہ۔ اور امام مالک، ترمذی، اور حاکم نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ آنحضرت (صلعم) نے ابی ابن کعبؓ کو سورۂ فاتحہ تلقین کی اور یہی الفاظ فرمائے۔ اسی طرح طبری نے حضرت عمرؓ، حضرت علیؓ، حضرت ابن عباسؓ اور ابن مسعود وغیرہم سے روایت کی ہے کہ السبع المثانی فاتحۃ الکتاب۔ ابن مسعودؓ کی اسناد منقطع ہے لیکن ابن عباسؓ کی اسناد حسن ہے۔ ابو العالیہ سے بھی ایسا ہی مروی ہے۔ اسکے علاوہ ائمہ تابعین کی ایک بڑی جماعت اسی طرف گئی ہے۔ حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں تمام روایات جمع کردی ہیں (شرح کتاب التفسیر جلد ۸ صفحہ ۱۲۰۔ طبع اول)

احادیث و آثار میں اسکے دوسرے نام بھی آئے ہیں جن سے اِسکی خصوصیات کا پتہ چلتا ہے مثلاً اُم القرآن، الکافیہ، الکنز، اساس القرآن۔ عربی میں اُم کا اطلاق تمام ایسی چیزوں پر ہوتا ہے جو ایک طرح کی جامعیت رکھتی ہوں، یا بہت سی چیزوں میں مقدم اور نمایاں ہوں، یا پھر کوئی ایسی اوپر کی چیز ہو جسکے نیچے اُسکے توابع رہتے ہوں۔ چنانچہ سر کے درمیانی حصہ کو اُم الراس کہتے ہیں کیونکہ وہ دماغ کا مرکز ہے فوج کے جھنڈے کو اُم کہتے ہیں کیونکہ تمام فوج اُسی کے نیچے جمع ہوتی ہے۔ مکہ کو اُم القریٰ کہتے تھے کیونکہ خانۂ کعبہ اور حج کی وجہ سے عرب کی تمام آبادیوں کے جمع ہونے کی جگہ تھی۔ پس اِس سورت کو اُمّ القرآن کہنے کا مطلب یہ ہوا کہ یہ ایک ایسی سورت ہے جس میں مطالب قرآنی کی جامعیت اور مرکزیت ہے، یا جو قرآن کی تمام سورتوں میں اپنی نمایاں اور مقدم جگہ رکھتی ہے۔ اساس القرآن کے معنی ہیں قرآن کی بنیاد۔ الکافیہ کے معنی ہیں ایسی چیز جو کفایت کرنے والی ہو۔ الکنز خزانہ کو کہتے ہیں۔

علاوہ بریں ایک سے زیادہ حدیثیں موجود ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ اِس سورت کے یہ اوصاف عہدِ نبوّت میں عام طور پر مشہور تھے۔ ایک حدیث میں ہے کہ آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اُبیّ بن کعب کو یہ سورت تلقین کی اور فرمایا "اسکے مثل کوئی سورت نہیں"۔ ایک دوسری روایت میں اسے "سب سے بڑی سورت" اور "سب سے بہتر سورت" بھی فرمایا ہے[۵۲]۔

سورۂ فاتحہ میں دین حق اور خدا پرستی کے تمام مقاصد کا خلاصہ موجود ہے۔

چنانچہ اِس سورت کے مطالب پر نظر ڈالتے ہی یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ اِس میں اور قرآن کے بقیہ حصہ میں اجمال اور تفصیل کا سا تعلق پیدا ہوگیا ہے، یعنی قرآن کی تمام سورتوں میں دین حق کے جو مقاصد بہ تفصیل بیان کیے گئے ہیں، سورۂ فاتحہ میں انہی کا بہ شکل اجمال بیان موجود ہے۔ اگر ایک شخص قرآن میں سے اور کچھ نہ پڑھ سکے۔ صرف اس سورت کے مطالب ذہن نشین کرلے۔ جب بھی وہ دین حق اور خدا پرستی کے بنیادی مقاصد معلوم کرلے گا، اور یہی قرآن کی تمام تفصیلات کا ماحصل ہے!

علاوہ بریں جب اس پہلو پر غور کیا جائے کہ سورت کا پیرایہ دعائیہ ہے اور اسے روزانہ عبادت کا ایک لازمی جزء قرار دیا گیا ہے، تو اسکی یہ خصوصیت اَور زیادہ نمایاں ہوجاتی ہے؛ اور واضح ہوجاتا ہے

---

۵۱ صحیح بخاری، موطا، ابوداؤد، ابن ماجہ، اور مسند میں بہ اختلافِ الفاظ اس مضمون کی روایات موجود ہیں ۱۲

۵۲ ابوسعید بن معلی کی روایت میں جس کی تخریج پچھلے حاشیہ میں گزر چکی ہے "اسے اعظم سورۃ فی القرآن فرمایا" اور مسند کی روایت ابن جابر میں اخیر کا لفظ ہے ۱۲

کہ اس اجمال و تفصیل میں بہت بڑی مصلحت پوشیدہ تھی۔ مقصود یہ تھا کہ قرآن کے مفصل بیانات کا ایک مختصر اور سیدھا سادہ خلاصہ بھی ہو جسے ہر انسان بہ آسانی ذہن نشین کر لے، اور پھر ہمیشہ اپنی دعاؤں اور عبادتوں میں دُہراتا رہے۔ یہ اُسکی دینی زندگی کا دستور العمل، خدا پرستی کے عقائد کا خلاصہ اور روحانی تصورات کا نصب العین ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن نے اس سورت کا ذکر کرتے ہوئے سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِیْ کہکر اسکی خصوصیت کی طرف اشارہ کر دیا۔ یعنی ہمیشہ دُہرائے جانے اور ورد رکھنے ہی میں اسکے نزول کی حکمت پوشیدہ ہے۔ کوئی شخص کتنا ہی نادان اور اَن پڑھ ہو، لیکن اِن چار سطروں کا یاد کر لینا اور اُن کا سیدھا سادہ مطلب سمجھ لینا، اسکے لیے کچھ دشوار نہیں ہو سکتا۔ اگر ایک انسان اِس سے زیادہ قرآن میں سے کچھ نہ پڑھ سکا، جب بھی اُس نے دینِ حق کا بنیادی سبق حاصل کر لیا۔ یہی وجہ ہے کہ ہر مسلمان کیلئے اِس سورت کا سیکھنا اور پڑھنا ناگزیر ہوا، اور نماز کی دعا اسکے سوا کوئی نہ ہو سکی، اور اسی لیے صحابۂ کرام اسے سورۃ الصلوٰۃ کے نام سے پکارتے تھے۔ یعنی وہ سورت جو نماز کی خاص سورت ہے۔ ایک انسان اِس سے زیادہ قرآن میں سے جس قدر پڑھے اور سیکھے، مزید معرفت و بصیرت کا ذریعہ ہوگا، لیکن اِس سے کم کوئی چیز نہیں ہو سکتی!

دینِ حق کا تمام تر ماحصل کیا ہے؟ جس قدر غور کیا جائے گا اِن چار باتوں سے باہر کوئی بات دکھائی نہ دے گی:

(۱) خدا کی صفات کا ٹھیک ٹھیک تصور، اسلیئے کہ انسان کو خدا پرستی کی راہ میں جس قدر ٹھوکریں لگی ہیں، صفات ہی کے تصور میں لگی ہیں۔

(۲) قانونِ مجازات کا اعتقاد۔ یعنی جس طرح دنیا میں ہر چیز کا ایک خاصہ اور قدرتی تاثیر ہے اُسی طرح انسانی اعمال کے بھی معنوی خواص اور نتائج ہیں۔ نیک عمل کا نتیجہ اچھائی ہے۔ بُرے کا بُرائی۔

(۳) معاد کا یقین۔ یعنی انسان کی زندگی اسی دنیا میں ختم نہیں ہو جاتی۔ اسکے بعد بھی زندگی ہے، اور جزا و سزا کا معاملہ پیش آنے والا ہے۔

(۴) فلاح و سعادت کی راہ اور اُسکی پہچان۔

اب غور کرو کہ اِن باتوں کا خلاصہ اس سورت میں کس خوبی کے ساتھ جمع کر دیا گیا ہے؟ ایک طرف زیادہ سے زیادہ مختصر، حتیٰ کہ گِنے ہوئے الفاظ ہیں، دوسری طرف ایسے جچے تُلے الفاظ ہیں کہ اُنکے معانی سے پوری وضاحت اور دلنشینی پیدا ہو گئی ہے۔ ساتھ ہی نہایت سیدھا سادہ بیان ہے۔ کسی طرح کا پیچ خم نہیں۔ کسی طرح کا اُلجھاؤ نہیں۔

یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ دنیا میں جو چیز جتنی زیادہ حقیقت سے قریب ہوتی ہے، اُتنی ہی زیادہ سہل اور دلنشین بھی ہوتی ہے، اور خود فطرت کا یہ حال ہو کہ کسی گوشہ میں بھی اُلجھی ہوئی نہیں ہو۔ اُلجھاؤ اور اشکال جسقدر بھی پیدا ہوتا ہے، بناوٹ اور تکلف سے پیدا ہوتا ہے۔ پس جو بات سچی اور حقیقی ہوگی، ضروری ہے کہ سیدھی سادی اور دلنشیں بھی ہو۔ دلنشینی کی انتہا یہ ہے کہ جب کبھی کوئی ایسی بات تمہارے سامنے آجائے، تو ذہن کو کسی طرح کی اجنبیت محسوس نہ ہو، اور اس طرح قبول کرلے، گویا پیشتر سے سمجھی بوجھی ہوئی بات تھی۔ اردو کے ایک شاعر نے اِسی حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے:

دیکھنا تقریر کی لذت کہ جو اُس نے کہا

میں نے یہ جانا کہ گویا یہ بھی میرے دل میں ہے!

اب غور کرو، جہاں تک انسان کی خدا پرستی اور خدا پرستی کے تصورات کا تعلق ہے، اِس سے زیادہ سیدھی سادی باتیں اور کیا ہوسکتی ہیں جو اس سورت میں بیان کی گئی ہیں، اور پھر اس سے زیادہ سہل اور دلنشیں اسلوب بیان کیا ہوسکتا ہو؟ سات چھوٹے چھوٹے بول ہیں۔ ہر بول چار پانچ لفظوں سے زیادہ نہیں، اور ہر لفظ صاف اور دلنشین معانی کا نگینہ ہو جو اس انگوٹھی میں جڑ دیا گیا ہے۔ اللہ کو مخاطب کر کے اُن صفتوں سے پکارا گیا ہے جن کا جلوہ شب و روز انسان کے مشاہدہ میں آتا ہے، اگرچہ اپنی جہالت وغفلت سے وہ اُن میں غور و تفکر نہیں کرتا۔ پھر اُسکی بندگی کا اقرار ہو، اُسکی مددگاریوں کا اعتراف ہو، اور زندگی کی لغزشوں سے بچکر سیدھی راہ تک چلنے کی طلبگاری ہے۔ کوئی مشکل خیال نہیں، کوئی انوکھی بات نہیں، کوئی عجیب و غریب راز نہیں۔ اب کہ ہم بار بار یہ سورت پڑھتے اور دُہراتے رہتے ہیں، اور صدیوں سے اِسکے مطالب نوع انسانی کے سامنے ہیں، ایسا معلوم ہوتا ہے، گویا ہمارے دینی تصوّرات کی یہ ایک بہت ہی معمولی سی بات ہو، لیکن یہی معمولی بات جس وقت تک دُنیا کے سامنے نہیں آئی تھی، اِس سے زیادہ کوئی غیر معلوم اور ناقابل حل بات بھی نہ تھی۔ دنیا میں حقیقت اور سچائی کی ہر بات کا یہی حال ہے۔ جب تک وہ سامنے نہیں آتی، اُس سے زیادہ مشکل بات کوئی نہیں ہوتی۔ جب سامنے آجاتی ہے تو معلوم ہوتا ہے، اِس سے زیادہ صاف اور سہل بات کوئی ہو ہی نہیں سکتی تھی۔ عرفی نے یہی حقیقت ایک دوسرے پیرایہ میں بیان کی ہے:

ہر کس نشناسندۂ راز ست، وگرنہ

اینہا ہمہ راز ست کہ معلوم عوام ست!

خدا پرستی انسانی فطرت کا خمیر ہے، اسلیئے خدا پرستی کی کوئی سچی بات انسان کے لیئے انوکھی بات ہو ہی

نہیں سکتی۔ اُسکی فطرت کیلئے سب سے زیادہ جانی بوجھی ہوئی بات یہی ہے کہ خالق کائنات کا اقرار کرے۔ پس سورۂ فاتحہ کی ندرت محض اُسکے معانی میں نہیں بلکہ معانی کی تعبیر میں ڈھونڈھنی چاہیئے۔ خدا پرستی کا جوش انسان میں پہلے بھی موجود تھا۔ اُسکی ربوبیت اور رحمت کے جلوے کبھی اُسکی آنکھوں سے اوجھل نہیں ہوئے۔ جزا و سزا کا اعتقاد سمندروں اور پہاڑوں سے بھی زیادہ پرانا ہے۔ ٹیڑھے راستے سے بچنے اور سیدھی راہ چلنے کی طلب نہ صرف انسان میں بلکہ کیڑوں مکوڑوں تک میں موجود ہے۔ انسان اپنی معیشت کے کسی عہد میں بھی اس درجہ مسخ نہیں ہوا کہ ان وجدانی تصورات سے اس کا ذہن خالی ہو گیا ہو۔ لیکن اُسکی ساری محرومی یہ تھی کہ اپنے وجدان کی ٹھیک ٹھیک تعبیر نہیں کر سکتا تھا۔ وہ خدا کی ربوبیت محسوس کر رہا تھا، لیکن اُسے رب کہکر پکارنا نہیں جانتا تھا۔ اُسکی رحمت کے جلوے ہر آن اُسکے سامنے تھے لیکن وہ نہیں جانتا تھا کہ اپنے دل کا احساس کیونکر لفظوں اور ناموں میں ادا کرے۔ جزا اور سزا اُسکے دل کے ایک ایک ریشے کا اعتقاد تھا، لیکن اُسے معلوم نہ تھا کہ اُسکی صحیح تعبیر کیا ہے؟ ہدایت کی طلب اور گمراہی سے گریز تو عقل حیوانی کا فطری خاصہ ہے، لیکن انسان کی ساری درماندگی یہ تھی کہ اس بات کی زیادہ سے زیادہ طلب رکھنے پر بھی، طلبگاری کی راہ سے آشنا نہ تھا!

دنیا میں جب کبھی وحی الٰہی کی ہدایت نمودار ہوئی ہے تو اُس نے یہ نہیں کیا ہے کہ انسان کو نئی نئی باتیں سکھلا دی ہوں؛ کیونکہ خدا پرستی کے بارے میں کوئی انوکھی بات سکھلائی ہی نہیں جا سکتی۔ اُس کا کام صرف یہ رہا ہے کہ انسان کے وجدانی عقائد کو علم و اعتراف کی ٹھیک ٹھیک تعبیر بتلا دے، اور یہی سورۂ فاتحہ کی خصوصیت ہے۔ اس سورت نے نوع انسانی کے وجدانی تصورات ایک ایسی تعبیر سے سنوار دیے کہ ہر عقیدہ، ہر فکر، ہر جذبہ، اپنی حقیقی شکل و نوعیت میں نمودار ہو گیا، اور چونکہ یہ تعبیر حقیقت حال کی سچی تعبیر ہے، اسلیئے جب کبھی ایک انسان راست بازی کے ساتھ اس پر غور کرے گا، بے اختیار پکار اُٹھے گا کہ اس کا ہر بول اور ہر لفظ اُسکے دل و دماغ کی قدرتی آواز ہے!

پھر دیکھو، اگرچہ اپنی نوعیت میں وہ اس سے زیادہ کچھ نہیں ہے کہ ایک خدا پرست انسان کی سیدھی سادی دعا ہے، لیکن کس طرح اُسکے ہر لفظ اور ہر اسلوب سے دین حق کا کوئی نہ کوئی اہم مقصد واضح ہو گیا ہے؛ اور کس طرح اُسکے الفاظ نہایت اہم معانی و دقائق کی نگرانی کر رہے ہیں؟

(۱) خدا کے تصور کے بارے میں انسان کی بنیادی غلطی یہ تھی کہ اس تصور کو محبت کی جگہ خوف و دہشت کی چیز بنا لیا تھا۔ وہ خدا سے ڈرتا تھا، لیکن اُس سے محبت کرنے کی جرأت نہیں کر سکتا تھا۔ سورۂ فاتحہ کے سب سے پہلے لفظ نے اس بنیادی گمراہی کا ازالہ کر دیا!

اُس کی ابتدا حمد کے اعتراف سے ہوئی ہے۔ حمد ثنا جمیل کو کہتے ہیں۔ یعنی اچھی صفتوں کی تعریف کرنے کو۔ ثنا جمیل اُسی کی کی جا سکتی ہے جس میں خوبی و جمال ہو۔ پس حمد کے ساتھ خوف و دہشت کا تصوّر جمع نہیں ہو سکتا۔ جو ذات محمود ہو گی، وہ خوفناک نہیں ہو سکتی۔

پھر حمد کے بعد صفات الٰہی میں سے ربوبیت اور رحمت کا ذکر کیا ہے، اور اس طرح نوع انسانی کی اس عالمگیر غلطی کا ازالہ کر دیا ہے کہ خدا کو صرف اُسکی صفات قہر و جلال ہی میں دیکھتی تھی۔ اُسکی رحمت و جمال کی تماشائی نہ تھی۔ اِس اسلوب بیان نے واضح کر دیا کہ خدا کا صحیح تصور وہی ہو سکتا ہے جو سرتاسر حسن و جمال اور رحمت و محبت کا تصوّر ہو!

(۲) رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ میں خدا کی عالمگیر اور بے تخصیص و امتیاز ربوبیت کا اعتراف ہے جو ہر فرد، ہر جماعت، ہر قوم، ہر مُلک، ہر گوشۂ وجود کے لیئے ہے، اور اس لیئے یہ اعتراف ان تمام تنگ نظریوں کا خاتمہ کر دیتا ہے جو دنیا کی مختلف قوموں اور نسلوں میں پیدا ہو گئی تھی، اور ہر قوم اپنی جگہ سمجھنے لگی تھی کہ خدا کی برکتیں اور سعادتیں صرف اُسی کے لیئے ہیں۔ دنیا کی کسی دوسری قوم کا اس میں حصہ نہیں ہو سکتا۔

(۳) مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ میں "الدّین" کا لفظ جزا و سزا کے قانون کا اعتراف ہے، اور جزا و سزا کو "دین" کے لفظ سے تعبیر کر کے یہ حقیقت واضح کر دی ہے کہ جزا و سزا انسانی اعمال کے قدرتی نتائج و خواص ہیں۔ یہ بات نہیں ہے کہ خدا کا غضب و انتقام بندوں کو عذاب دینا چاہتا ہو، کیونکہ "الدّین" کے معنی بدلہ اور مکافات کے ہیں۔

(۴) ربوبیت اور رحمت کے بعد مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ کے وصف نے یہ حقیقت بھی آشکارا کر دی کہ اگر کائنات ہستی میں صفاتِ رحمت و جمال کے ساتھ قہر و جلال بھی اپنی نمود رکھتی ہیں، تو یہ اسلیئے نہیں ہے کہ پروردگار عالم میں غضب و انتقام ہے، بلکہ اسلیئے ہے کہ وہ عادل ہے، اور اسکی حکمت نے ہر چیز کے لیئے اس کا ایک خاصہ اور نتیجہ مقرر کر دیا ہے۔ عدل منافی رحمت نہیں ہے بلکہ عین رحمت ہے!

(۵) عبادت کیلئے یہ نہیں کہا کہ نعبدك۔ بلکہ کہا اِيَّاكَ نَعْبُدُ۔ یعنی یہ نہیں کہا کہ تیری عبادت کرتے ہیں"۔ بلکہ حصر کے ساتھ کہا "صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں"۔ اور پھر اسکے ساتھ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ کہکر استعانت کا بھی ذکر کر دیا۔ اِس اسلوب بیان نے توحید کے تمام مقاصد پورے کر دیئے، اور شرک کی ساری راہیں بند ہو گئیں!

(۶) سعادت و فلاح کی راہ کو صِرَاطَ مُسْتَقِيْمٍ یعنی سیدھی راہ سے تعبیر کیا، جس سے زیادہ بہتر اور قدرتی تعبیر نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ کوئی نہیں جو سیدھی راہ اور ٹیڑھی راہ میں امتیاز نہ رکھتا ہو، اور

پہلی راہ کا خواہشمند نہ ہو۔

(۷) پھر اُسکے لیئے ایک ایسی سیدھی سادی اور جانی بوجھی ہوئی شناخت بتلادی جس کا اذعان قدرتی طور پر ہر انسان کے اندر موجود ہے، اور جو محض ذہنی تعریف ہونے کی جگہ ایک موجود و مشہود حقیقت نمایاں کر دیتی ہے۔ یعنی وہ راہ جو فیض یاب و سعادت اندوز انسانوں کی راہ ہے۔ کوئی ملک، کوئی قوم کوئی زمانہ، کوئی فرد ہو، لیکن انسان ہمیشہ دیکھتا اور جانتا ہے کہ زندگی و معیشت کی دو راہیں یہاں موجود ہیں۔ ایک راہ کامیاب انسانوں کی راہ ہے، ایک ناکام اور گم کردہ راہ انسانوں کی۔ پس ایک واضح اور آشکارا بات کیلئے سب سے بہتر علامت یہی ہو سکتی ہے کہ اُسکی طرف انگلی اٹھا دی جائے۔ اِس سے زیادہ کچھ کہنا، ایک معلوم بات کو مجہول بنا دینا تھا!

چنانچہ یہی وجہ ہے کہ اِس سورت کیلئے دعا کا پیرایہ اختیار کیا گیا۔ کیونکہ اگر تعلیم و امر کا پیرایہ اختیار کیا جاتا تو اسکی نوعیت کی ساری تاثیر جاتی رہتی۔ دعائیہ اسلوب ہمیں بتلاتا ہے کہ ہر راست باز انسان کی جو خدا پرستی کی راہ میں قدم اُٹھاتا ہے، صدائے حال کیا ہوتی ہے، اور کیا ہونی چاہیئے؟ یہ گویا خدا پرستی کے فکر و وجدان کا سرجوش ہے جو ایک طالب صادق کی زبان پر بے اختیار اُبل پڑتا ہے!

(۲) اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ

حمد | عربی میں حمد کے معنی ثناء جمیل کے ہیں۔ یعنی اچھی صفتیں بیان کرنے کے۔ اگر کسی کی بُری صفتیں بیان کی جائیں تو یہ حمد نہ ہوگی۔ حمد پر الف لام ہے۔ یہ استغراق کے لیئے بھی ہو سکتا ہے، جنس کیلئے بھی ہو سکتا ہے۔ پس اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کے معنی یہ ہوئے کہ حمد و ثنا میں سے جو کچھ اور جیسا کچھ بھی کہا جا سکتا ہے وہ سب اللہ کیلئے ہے۔ کیونکہ خوبیوں اور کمالوں میں سے جو کچھ بھی ہے، سب اُسی سے ہے اور اُسی میں ہے۔ اور اگر حُسن موجود ہے تو نگاہِ عشق کیوں نہ ہو، اور اگر محمودیت جلوہ افروز ہے تو زبانِ حمد و ستائش کیوں خاموش رہے؟

آئینۂ ما روئے ترا عکس پذیر ست
گر تو نہ نمائی گنہ از جانبِ ما نیست

حمد سے سورت کی ابتداء کیوں کی گئی؟ اسلیئے کہ معرفت الٰہی کی راہ میں انسان کا پہلا تاثر یہی ہے۔ یعنی جب کبھی ایک صادق انسان اِس راہ میں قدم اُٹھائے گا، تو سب سے پہلی حالت جو اُسکے فکر و وجدان پر طاری ہوگی، وہ قدرتی طور پر وہی ہوگی جسے یہاں تحمید و ستائش سے تعبیر کیا گیا ہے۔ انسان

کیلئے معرفتِ حق کی راہ کیا ہے ؟ قرآن کہتا ہے، صرف ایک ہی راہ ہے، اور وہ یہ ہے کہ کائناتِ خلقت میں تفکّر و تدبّر کرے۔ مصنوعات کا مطالعہ اُسے صانع تک پہنچا دے گا : اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰهَ قِیَامًا وَّ قُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِهِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (۳ : ۱۸۸) اب فرض کرو، ایک طالبِ صادق اس راہ میں قدم اُٹھاتا ہے اور کائناتِ خلقت کے مظاہر آثار کا مطالعہ کرتا ہے، تو سب سے پہلا اثر جو اُسکے دل و دماغ پر طاری ہوگا، وہ کیا ہوگا؟ وہ دیکھے گا کہ خود اس کا وجود اور اُسکے وجود سے باہر کی ہر چیز ایک صانعِ حکیم اور مدبّرِ قدیر کی کارفرمائیوں کی جلوہ گاہ ہے، اور اُسکی ربوبیت اور رحمت کا ہاتھ ایک ایک ذرّہ خلقت میں صاف نظر آرہا ہے۔ پس قدرتی طور پر اُسکی روح جوشِ ستائش اور محویتِ جمال سے معمور ہو جائیگی، اور وہ بے اختیار پکار اُٹھے گا کہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ! ساری حمد و ستائش اُس ذات کیلئے ہے جو اپنی کارفرمائی کے ہر گوشہ میں سرچشمۂ رحمت و فیضان اور منبعِ حسن و کمال ہے !

اِس راہ میں فکرِ انسانی کی سب سے بڑی گمراہی یہ رہی ہے کہ اُسکی نظریں مصنوعات کے جلوؤں میں محو ہو کر رہجاتیں۔ آگے بڑھنے کی کوشش نہیں کرتیں۔ وہ پردوں کے نقش و نگار دیکھکر بے خود ہو جاتا مگر اُسکی جستجو نہیں کرتا جس نے اپنے جمالِ صنعت پر یہ دل آویز پردے ڈال رکھے ہیں۔ دنیا میں مظاہرِ فطرت کی پرستش کی بنیاد اسی کوتاہ نظری سے پڑی۔ پس اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کا اعتراف اس حقیقت کا بھی اعتراف ہے کہ کائناتِ ہستی کا تمام فیضانِ جمال خواہ کسی گوشہ اور کسی شکل میں ہو، صرف ایک صانعِ حقیقی کی صفتوں ہی کا ظہور ہے، اسلیئے حسن و جمال کےلیئے جتنی بھی شیفتگی ہوگی، خوبی و کمال کے لیئے جتنی بھی مدحت طرازی ہوگی، بخشش و فیضان کا جتنا بھی اعتراف ہوگا، مصنوع و مخلوق کیلئے نہیں ہوگا۔ صانع و خالق ہی کے لیئے ہوگا :

عبارا تنا شتّٰی و حسنک واحد

و کلٌّ الیٰ ذاک الجمال یشیر !

| اللّٰه | نزولِ قرآن سے پہلے عربی میں اللّٰه کا لفظ خدا کیلئے بطور اسمِ ذات کے مستعمل تھا، جیسا کہ

شعراءِ جاہلیّۃ کے کلام سے ظاہر ہے۔ یعنی خدا کی تمام صفتیں اسکی طرف منسوب کی جاتی تھیں۔ یہ کسی خاص صفت کیلئے نہیں بولا جاتا تھا۔ قرآن نے بھی یہی لفظ بطور اسمِ ذات کے اختیار کیا اور تمام صفتوں کو اس کی طرف نسبت دی :

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْهُ بِهَا (۷ : ۱۷۹)

اور اللہ کے لیئے حسن و خوبی کے نام ہیں (یعنی صفتیں ہیں) پس چاہیئے کہ اُن صفتوں کے ساتھ اُسے پکارو !

کیا قرآن نے یہ لفظ محض اسلیئے اختیار کیا کہ لغت کی مطابقت کا مقتضا یہی تھا، یا اس سے بھی زیادہ کوئی معنوی موزونیت اس میں پوشیدہ ہے؟

جب ہم اس لفظ کی معنوی دلالۃ پر غور کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس غرض کیلئے سب سے زیادہ موزوں لفظ یہی تھا۔

نوع انسانی کے دینی تصورات کا سب سے زیادہ قدیم عہد جو تاریخ کی روشنی میں آیا ہے مظاہر فطرت کی پرستش کا عہد ہے۔ اسی پرستش نے بہ تدریج اصنام پرستی کی صورت اختیار کی۔ اصنام پرستی کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ مختلف زبانوں میں بہت سے الفاظ دیوتاؤں کیلئے پیدا ہو گئے، اور جوں جوں پرستش کی نوعیت میں وسعت ہوتی گئی، الفاظ کا تنوع بھی بڑھتا گیا۔ لیکن چونکہ یہ بات انسان کی فطرت کے خلاف تھی کہ ایک ایسی ہستی کے تصور سے خالی الذہن رہے جو سب سے اعلیٰ اور سب کی پیدا کرنے والی ہستی ہے، اس لیئے دیوتاؤں کی پرستش کے ساتھ ایک سب سے بڑی اور سب پر حکمران ہستی کا تصور بھی کم و بیش ہمیشہ موجود رہا، اور اس لیے جہاں بے شمار الفاظ دیوتاؤں اور اُنکی معبودانہ صفتوں کیلئے پیدا ہو گئے، وہاں کوئی نہ کوئی لفظ ایسا بھی ضرور مستعمل رہا، جس کے ذریعہ اس اَن دیکھی اور اعلیٰ ترین ہستی کی طرف اشارہ کیا جاتا تھا۔

چنانچہ سامی زبانوں کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ حروف اصوات کی ایک خاص ترکیب ہے جو معبودیت کے معنی میں مستعمل رہی ہے، اور عبرانی، سریانی، حمیری، عربی، وغیرہ تمام زبانوں میں اُس کا یہ لغوی خاصہ پایا جاتا ہے۔ یہ الف، لام اور ہ کا مادہ ہے، اور مختلف شکلوں میں مشتق ہوا ہے۔ کلدانی و سریانی کا "الاھیا"۔ عبرانی کا "الوہ" اور عربی کا "الہ" اِسی سے ہے، اور بلاشبہ یہی "اِلٰہ" ہے جو حرف تعریف کے اضافہ کے بعد اللہ ہو گیا ہے، اور تعریف نے اسے صرف خالق کائنات کے لیے مخصوص کر دیا ہے۔

لیکن اگر اللہ "اِلٰہ" سے ہے، تو "اِلٰہ" کے معنی کیا ہیں؟ علماء لغۃ و اشتقاق کے مختلف اقوال ہیں، مگر سب سے زیادہ قوی قول یہ معلوم ہوتا ہے کہ اسکی اصل "اَلِہَ" ہے، اور "اَلِہَ" کے معنی تحیّر اور درماندگی کے ہیں۔ بعضوں نے اِسے "وَلَہَ" سے ماخوذ بتلایا ہے اور اسکے معنی بھی یہی ہیں۔ پس خالق کائنات کے لیئے یہ لفظ اسلیئے اسم قرار پایا کہ اس بارے میں انسان جو کچھ جانتا اور جان سکتا ہے، وہ عقل کے تحیّر اور ادراک کی درماندگی کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ وہ جس قدر بھی اُس ذات مطلق کی ہستی میں غور و خوض کریگا، اُسکی عقل کی حیرانی اور درماندگی بڑھتی ہی جائے گی۔ یہاں تک کہ وہ معلوم کر لیگا، اس راہ کی ابتدا بھی عجز و حیرت سے ہوتی ہے، اور انتہا بھی عجز و حیرت ہی ہے!

اے بروں از وہم و قال و قیل من | خاک بر فرق من و تمثیل من!

اب غور کرو، خدا کی ذات کے لیے انسان کی زبان سے نکلے ہوئے لفظوں میں، اس سے زیادہ موزوں لفظ اور کونسا ہو سکتا ہے؟ اگر خدا کو اُسکی صفتوں میں پکارنا ہے، تو بلاشبہ اسکی صفتیں بے شمار ہیں، لیکن اگر صفات سے الگ ہو کر اُسکی ذات کی طرف اشارہ کرنا ہے، تو وہ اسکے سوا کیا ہو سکتا ہے کہ ایک متحیّر کر دینے والی ذات ہے، اور جو کچھ اسکی نسبت کہا جا سکتا ہے، وہ عجز و درماندگی کے سوا کچھ نہیں ہے؟ فرض کرو، نوعِ انسانی نے اس وقت تک خدا کی ہستی یا خلقتِ کائنات کی اصلیت کے بارے میں جو کچھ سوچا اور سمجھا ہے، وہ سب کچھ سامنے رکھکر ہم ایک موزوں سے موزوں لفظ تجویز کرنا چاہیں تو وہ کیا ہوگا؟ کیا اس سے زیادہ اور اس سے بہتر کوئی بات کہی جا سکتی ہے؟

یہی وجہ ہے کہ جب کبھی اس راہ میں عرفان و بصیرت کی کوئی بڑی سے بڑی بات کہی گئی، تو وہ یہی تھی کہ زیادہ سے زیادہ خود فرفتگیوں کا اعتراف کیا گیا، اور ادراک کا منتہیٰ مرتبہ ہمیشہ یہی قرار پایا کہ ادراک کی نارسائی کا ادراک حاصل ہو جائے۔ عرفاء کے دل و زبان کی صدا ہمیشہ یہی رہی کہ رب زدنی فیک تحیّراً![1]

زدنی بفرط الحب فیك تحیّراً

وارحم حشا بلظیٰ هواك تسعّراً!

اور حکماء کی حکمت و دانش کا بھی فیصلہ ہمیشہ یہی ہوا:

معلوم شد کہ ہیچ معلوم نشد!

چونکہ یہ اسم خدا کیلئے بطور اسم ذات کے استعمال میں آیا، اسلیئے قدرتی طور پر اُن تمام صفتوں پر حاوی ہو گیا جن کا خدا کی ذات کیلئے تصور کیا جا سکتا ہے۔ اگر ہم خدا کا تصور اسکی کسی صفت کے ساتھ کریں، مثلاً الرّبّ یا الرّحیم کہیں، تو یہ تصوّر صرف ایک خاص صفت ہی میں محدود ہوگا، یعنی ہمارے ذہن میں ایک ایسی ہستی کا تصور پیدا ہو جائیگا جس میں ربوبیت یا رحمت ہو، لیکن جب ہم اللّٰه کا لفظ بولتے ہیں تو فوراً ہمارا ذہن ایک ایسی ہستی کی طرف منتقل ہو جاتا ہے جو اُن تمام صفاتِ حسن و کمال سے متصف ہو جو اسکی نسبت بیان کیے گئے ہیں، اور جو اس میں ہونے چاہئیں۔

(۳) رَبُّ الْعٰلَمِیْن

ربوبیت	حمد کے بعد بالترتیب چار صفتیں بیان کیگئی ہیں: رب العٰلمین، الرحمٰن، الرحیم، مٰلك یوم الدین

[1] یعنی خدایا! ایسا کر کہ تیری ہستی میں ہمارا تحیّر بڑھتا رہے" کیونکہ یہاں تحیّر جہل کا نہیں بلکہ معرفت کا نتیجہ ہے۔

چونکہ الرّحمٰن اور الرّحیم کا تعلق ایک ہی صفت کے دو مختلف پہلوؤں سے ہے، اسلیئے دوسرے لفظوں میں انہیں یوں تعبیر کیا جا سکتا ہے کہ ربوبیت، رحمت، عدالت، تین صفتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔

عربی میں ربوبیت کے معنی پالنے کے ہیں، لیکن پالنے کو اُسکے وسیع اور کامل معنوں میں لینا چاہیئے اسی لیئے بعض ائمۂ لغت نے اسکی تعریف اِن لفظوں میں کی ہے: ھو انشاء الشئ حالاً فحالاً الیٰ حدّ التمام¹ یعنی کسی چیز کو یکے بعد دیگرے، اُسکی مختلف حالتوں اور ضرورتوں کے مطابق، اس طرح نشو و نما دیتے رہنا کہ اپنی حدِ کمال تک پہنچ جائے۔ اگر ایک شخص بھوکے کو کھانا کھلا دے، یا محتاج کو روپیہ دیدے تو یہ اُسکا کرم ہوگا، جود ہوگا، احسان ہوگا، لیکن وہ بات نہ ہوگی جسے ربوبیت کہتے ہیں۔ ربوبیت کیلئے ضروری ہے کہ پرورش اور نگہداشت کا ایک جاری اور مسلسل اہتمام ہو، اور ایک وجود کو اُسکی تکمیل و بلوغ کے لیئے وقتاً فوقتاً جیسی کچھ ضرورتیں پیش آتی رہتی ہیں، اُن سب کا سرو سامان ہوتا رہے۔ نیز ضروری ہے کہ یہ سب کچھ محبّت و شفقت کے ساتھ ہو۔ کیونکہ جو عمل محبت و شفقت کے عاطفہ سے خالی ہوگا، ربوبیت نہیں ہو سکتا۔

ربوبیت کا ایک ناقص نمونہ ہم اُس پرورش میں دیکھ سکتے ہیں جس کا جوش ماں کی فطرت میں ودیعت کر دیا گیا ہے۔ بچّہ جب پیدا ہوتا ہے تو محض گوشت پوست کا ایک متحرک لوتھڑا ہوتا ہے، اور زندگی اور نمو کی جتنی قوتیں بھی رکھتا ہے، سب کی سب پرورش و تربیت کی محتاج ہوتی ہیں۔ یہ پرورش محبت و شفقت، حفاظت و نگہداشت، اور بخشش و اعانت کا ایک طول طویل سلسلہ ہے، اور اُسے اُس وقت تک جاری رہنا چاہیئے جب تک کہ بچّہ اپنے جسم و ذہن کے حدّ بلوغ تک نہ پہنچ جائے۔ پھر پرورش کی ضرورتیں ایک دو نہیں، بے شمار ہیں۔ انکی نوعیت ہمیشہ بدلتی رہتی ہے، اور ضروری ہے کہ ہر عمر اور ہر حالت کے مطابق محبت کا جوش، نگرانی کی نگاہ، اور زندگی کا سرو سامان ملتا رہے۔ حکمت الٰہی نے ماں کی محبت میں ربوبیت کا یہ تمام سامان پیدا کر دیا ہے۔ یہ ماں کی ربوبیت ہی ہے جو پیدائش کے دن سے لیکر بلوغ تک، بچّہ کو پالتی، بچاتی، سنبھالتی اور ہر وقت اور ہر حالت کے مطابق اُس کی ضروریاتِ پرورش کا سرو سامان کرتی رہتی ہے!

جب بچّہ کا معدہ دودھ کے سوا کسی غذا کا تحمل نہ تھا تو اُسے دودھ ہی پلایا جاتا تھا جب دودھ سے زیادہ قوی غذا کی ضرورت ہوئی تو ویسی ہی غذا دی جانے لگی۔ جب اُس کے پاؤں میں کھڑے ہونے کی سکت نہ تھی تو ماں اُسے گود میں اٹھائے پھرتی تھی۔ جب کھڑے ہونے کے قابل ہوا تو باپ نے انگلی پکڑلی اور ایک ایک قدم چلانے لگا۔ پس یہ بات کہ ہر حالت اور ضرورت کے مطابق ضروریات مہیا ہوتی رہیں، اور نگرانی و حفاظت کا ایک مسلسل اہتمام جاری رہا، وہ صورتِ حال ہے جس سے ربوبیت کے مفہوم کا

¹ مفردات راغب اصفہانی ۲۱

تصوّر کیا جا سکتا ہے۔

مجازی ربوبیت کی یہ ناقص اور محدود مثال سامنے لاؤ، اور ربوبیت الٰہی کی غیر محدود حقیقت کا تصور کرو۔ اُسکے ربّ العٰلمین ہونے کے معنی یہ ہوئے کہ جس طرح اُسکی خالقیت نے کائناتِ ہستی اور اُسکی ہر چیز پیدا کی ہے، اُسی طرح اُسکی ربوبیت نے ہر مخلوق کی پرورش کا سروسامان بھی کر دیا ہے، اور یہ پرورش کا سروسامان ایک ایسے عجیب و غریب نظام کے ساتھ ہے کہ ہر وجود کو زندگی اور بقا کے لیئے جو کچھ مطلوب تھا، وہ سب کچھ مل رہا ہے، اور اس طرح مل رہا ہے کہ ہر حالت کی رعایت ہو، ہر ضرورت کا لحاظ ہے، ہر تبدیلی کی نگرانی ہے، اور ہر کمی بیشی ضبط میں آچکی ہے۔ چیونٹی اپنے بل میں رینگ رہی ہے، کیڑے مکوڑے کوڑے کرکٹ میں سلے ہوئے ہیں، مچھلیاں دریا میں تیر رہی ہیں، پرند ہوا میں اڑ رہے ہیں، پھول باغ میں کھل رہے ہیں، ہاتھی جنگل میں دوڑ رہا ہے، اور ستارے فضا میں گردش کر رہے ہیں۔ لیکن فطرت سب کے لیئے یکساں طور پر پرورش کی گود اور نگرانی کی آنکھ رکھتی ہے، اور کوئی نہیں جو فیضانِ ربوبیت سے محروم ہو۔ اگر مثالوں کی جستجو میں تھوڑی سی کاوش جائز رکھی جائے، تو مخلوقات کی بے شمار قسمیں ایسی ملیں گی جو اتنی حقیر اور بے مقدار ہیں کہ غیر مسلّح[1] آنکھ سے ہم انہیں دیکھ بھی نہیں سکتے۔ تاہم ربوبیت الٰہی نے جس طرح اور جس نظام کے ساتھ ہاتھی جیسے جسیم اور انسان جیسے عقیل مخلوق کے لیئے سامانِ پرورش مہیا کر دیا ہے، ٹھیک ٹھیک اسی طرح اور ویسے ہی نظام کے ساتھ اُنکے لیئے بھی زندگی اور بقا کی ہر چیز مہیا ہے۔ اور پھر یہ جو کچھ بھی ہے، انسان کے وجود سے باہر ہے، اگر انسان اپنے وجود کو دیکھے، تو خود اُسکی زندگی اور اُس کا ہر لمحہ ربوبیت الٰہی کی کرشمہ سازیوں کی ایک پوری کائنات ہے!

وَفِی الْاَرْضِ اٰیٰتٌ لِّلْمُوْقِنِیْنَ، وَفِیْٓ اَنْفُسِکُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ؟ (۵۱: ۱۵)

اُن لوگوں کیلیئے جو (سچائی پر) یقین رکھنے والے ہیں، زمین میں (خدا کی کارفرمائیوں کی) نشانیاں ہیں، اور خود تمہارے وجود میں بھی۔ پھر کیا تم دیکھتے نہیں؟

نظامِ ربوبیت

لیکن سامانِ زندگی کی بخشائش میں اور ربوبیت کے عمل میں جو فرق ہے اُسے نظر انداز نہیں کرنا چاہیئے۔ اگر دنیا میں ایسے عناصر، عناصر کی ایسی ترکیب، اور اشیاء کی ایسی بناوٹ موجود ہے جو زندگی اور نشو و نما کے لیئے سود مند ہے، تو محض اسکی موجودگی ربوبیت سے تعبیر نہیں کی جا سکتی۔ ایسا ہونا قدرتِ الٰہی کی رحمت ہے، بخشش ہے، احسان ہے، مگر وہ بات نہیں ہے جسے ربوبیت کہتے ہیں۔ ربوبیت یہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں دنیا میں سود مند اشیاء کی موجودگی کے ساتھ اُنکی بخشش و تقسیم کا ایک نظام بھی موجود ہے،

[1] Naked Eye غیر مسلّح آنکھ یعنی ایسی آنکھ جو اپنی قدرتی نگاہ سے دیکھ رہی ہو، زیادہ قوت کے ساتھ دیکھنے کا کوئی آلہ اُسکے ساتھ نہ ہو مثلاً خوردبین۔

اور فطرت صرف بخشتی ہی نہیں بلکہ جو کچھ بخشتی ہے، ایک مقررہ انتظام اور ایک منضبط ترتیب و مناسبت کے ساتھ بخشتی ہے۔ اِسی کا نتیجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، ہر وجود کو زندگی اور بقار کیلئے جس جس چیز کی ضرورت تھی، اور جس جس طرح، جس جس وقت، اور جیسی جیسی مقدار میں ضرورت تھی، ٹھیک ٹھیک اُسی طرح، اُنھی وقتوں میں، اور اُسی مقدار میں اُسے مل رہی ہے، اور اسی نظم و انضباط سے یہ کارخانۂ حیات چل رہا ہے۔

زندگی کے لیے پانی اور رطوبت کی ضرورت تھی۔ ہم دیکھتے ہیں کہ پانی کے وافر ذخیرے ہر طرف موجود ہیں۔ لیکن اگر صرف اتنا ہی ہوتا تو یہ زندگی کیلئے کافی نہ تھا۔ کیونکہ زندگی کے لیے صرف یہی ضروری نہیں ہے کہ پانی موجود ہو، بلکہ ضروری ہے کہ ایک خاص طرح کے انتظام، ایک خاص طرح کی ترتیب، اور ایک مقررہ مقدار کے ساتھ موجود ہو، پس یہ جو دنیا میں پانی کے بننے اور تقسیم ہونے کا ایک خاص طرح کا انتظام پایا جاتا ہے، اور فطرت صرف پانی بناتی ہی نہیں، بلکہ ایک خاص ترتیب و مناسبت کے ساتھ بناتی ہے اور ایک خاص اندازہ کے ساتھ بانٹتی ہے، تو یہی ربوبیت ہے، اور اسی سے ربوبیت کے تمام اعمال کا تصوّر کرنا چاہیئے۔ قرآن کہتا ہے، یہ اللہ کی رحمت ہے جس نے پانی جیسا جوہر حیات پیدا کر دیا، لیکن یہ اُسکی ربوبیت ہے جو پانی کو ایک ایک بوند کر کے ٹپکاتی، زمین کے ایک ایک گوشہ تک پہنچاتی، ایک خاص مقدار اور حالت میں تقسیم کرتی، ایک خاص موسم اور محل میں برساتی، اور پھر زمین کے ایک ایک تشنہ ذرہ کو ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر سیراب کر دیتی ہے!

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۤءِ مَاۤءًۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِی الْاَرْضِ ۖۗ وَاِنَّا عَلٰی ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ۚ۝ فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِیْهَا فَوَاكِهُ كَثِیْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ (۲۳: ۱۸)

اور (دیکھو) ہم نے آسمان سے ایک خاص اندازہ کے ساتھ پانی برسایا اور اُسے ایک خاص انتظام کے ساتھ زمین میں ٹھہرائے رکھا، اور ہم اس پر بھی قادر ہیں کہ (جس طرح برسایا تھا اُسی طرح) اُسے (واپس لے جائیں۔ پھر (دیکھو) کہ اُسی پانی کے ذریعہ ہم نے کھجوروں اور انگوروں کے باغ پیدا کر دیئے جس سے بے شمار پھل لگتے ہیں اور انہی سے تم اپنی غذا کے لیے پھل حاصل کرتے ہو۔

یہی وجہ ہے کہ قرآن نے جابجا اشیاء کے قدر اور مقدار کا ذکر کیا ہے یعنی اس حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے کہ فطرت کائنات جو کچھ بخشتی ہے ایک خاص اندازہ کے ساتھ بخشتی ہے:

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآىِٕنُهٗ ؗ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۝ (۱۵: ۲۱)

اور کوئی شے نہیں جس کے ہمارے پاس خزے موجود نہ ہوں لیکن ہمارا طریق کار یہ ہے کہ جو کچھ نازل کرتے ہیں، ایک مقررہ مقدار کے ساتھ نازل کرتے ہیں۔

وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ (۱۳: ۹)

اور اللہ کے نزدیک ہر چیز کا ایک اندازہ مقرر ہے۔

إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَٰهُ بِقَدَرٍ (۵۴ : ۴۹) ہم نے جتنی چیزیں بھی پیدا کی ہیں ایک اندازہ کے ساتھ پیدا کی ہیں

یہ کیا بات ہوئی کہ دنیا میں صرف یہی نہیں ہے کہ پانی موجود ہو، بلکہ ایک خاص نظم و ترتیب کے ساتھ موجود ہے؟ یہ کیوں ہو کہ پہلے سورج کی شعاعیں سمندر سے ڈول بھر بھر کر، فضا میں پانی کی چادریں بچھا دیں، پھر ہواؤں کے جھونکے انہیں حرکت میں لائیں، اور پانی کی بوندیں بنا کر ایک خاص وقت اور خاص محل میں برسا دیں؟ پھر یہ کیوں ہو کہ جب کبھی پانی برسے، تو ایک خاص ترتیب اور مقدار ہی سے برسے، اور اس طرح برسے کہ زمین کی بالائی سطح پر اسکی ایک خاص مقدار بہنے لگے اور اندرونی حصوں تک ایک خاص مقدار میں نمی پہنچے؟ کیوں ایسا ہوا کہ پہلے پہاڑوں کی چوٹیوں پر برف کے تودے جمتے ہیں، پھر موسم کی تبدیلی سے پگھلنے لگتے ہیں، پھر انکے پگھلنے سے پانی کے سرچشمے ابلنے لگتے ہیں، پھر سرچشموں سے دریا کی جدولیں نکل کر بہنے لگتی ہیں، پھر یہ جدولیں پیچ و خم کھاتی ہوئی دور دور تک دوڑ جاتی ہیں، اور سینکڑوں ہزاروں میلوں تک اپنی وادیاں شاداب کر دیتی ہیں؟ کیوں یہ سب کچھ ایسا ہی ہوا؟ کیوں ایسا نہ ہوا کہ پانی موجود ہوتا مگر اس نظام اور ترتیب کے ساتھ نہ ہوتا؟ قرآن کہتا ہے، اسلئے کہ کائناتِ ہستی میں ربوبیت الٰہی کارفرما ہے، اور ربوبیت کا مقتضا یہی تھا کہ پانی اسی ترتیب سے بنے اور اسی ترتیب و مقدار سے اسکی تقسیم ہو۔ یہ رحمت و حکمت تھی جس نے پانی پیدا کیا، مگر یہ ربوبیت ہی جو اُسے اِس طرح کام میں لائی کہ پرورش اور رکھوالی کی تمام ضرورتیں پوری ہوگئیں!

اللَّهُ الَّذِي يُرْسِلُ الرِّيَاحَ فَتُثِيرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهُ فِي السَّمَاءِ كَيْفَ يَشَاءُ وَيَجْعَلُهُ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلَالِهِ فَإِذَا أَصَابَ بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ إِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُونَ (۳۰ : ۴۸)

یہ اللہ ہی کی کارفرمائی ہے کہ پہلے ہوائیں چلتی ہیں، پھر ہوائیں بادلوں کو چھیڑ کر حرکت میں لاتی ہیں، پھر وہ جس طرح چاہتا ہے، انہیں فضا میں پھیلا دیتا ہے، اور انہیں ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے، پھر ایسا ہوتا ہے کہ تم دیکھتے ہو، بادلوں میں سے مینہ نکل رہا ہے اور زمین پر برس رہا ہے پھر جن لوگوں کو بارش کی یہ برکت ملنی تھی، مل چکتی ہو تو وہ اچانک خوشوقت ہو جاتے ہیں، حالانکہ بارش سے پہلے یک قلم ناامید ہو چکے تھے!

پھر اس حقیقت پر بھی غور کرو کہ زندگی کے لیئے جن چیزوں کی سب سے زیادہ ضرورت تھی اُنھی کی بخشائش سب سے زیادہ اور عام ہے، اور جن کی ضرورت خاص خاص حالتوں اور گوشوں کیلئے تھی اُنھی میں اختصاص اور مقامیت پائی جاتی ہے۔ ہوا سب سے زیادہ ضروری تھی، کیونکہ پانی اور غذا کے بغیر کچھ عرصہ تک زندگی ممکن ہے مگر ہوا کے بغیر ممکن نہیں۔ پس اسکا سامان اتنا وافر اور عام ہو کہ کوئی جگہ، کوئی گوشہ، کوئی وقت نہیں جو اس سے خالی ہو۔ فضا میں ہوا کا بے حد و کنار سمندر پھیلا ہوا ہے۔ جب کبھی اور جہاں کہیں سانس لو،

زندگی کا یہ سب سے زیادہ ضروری جوہر تمہارے لیئے خود بخود مہیا ہو جائے گا۔ ہوا کے بعد دوسرے درجہ پر پانی ہے: وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۔ اسلیئے اسکی بخشائش کی فراوانی و عمومیت ہوا سے کم مگر ہر چیز سے زیادہ ہے۔ زمین کے نیچے آب شیریں کی سوتیں بہ رہی ہیں۔ زمین کے اوپر بھی ہر طرف دریا رواں ہیں، پھر ان دونوں ذخیروں کے علاوہ فضائے آسمانی کا بھی کارخانہ ہے جو شب و روز سرگرم کار رہتا ہے۔ وہ سمندر کا شورابہ کھینچتا ہے، اُسے صاف شیریں بنا کر جمع کرتا رہتا ہے، پھر حسب ضرورت زمین کے حوالے کر دیتا ہے! پانی کے بعد ان مواد کی ضرورت تھی جن میں غذائیت ہو، لہذا ہوا اور پانی، دونوں سے کم مگر اور تمام چیزوں سے زیادہ، اُن کا دسترخوان کرم بھی خشکی و تری میں بچھا ہوا ہے، اور کوئی مخلوق نہیں جسکے گرد و پیش اُسکی غذا کا ذخیرہ موجود نہ ہو!

پھر سامان پرورش کے اِس عالمگیر نظام پر غور کرو، جو اپنے ہر گوشۂ عمل میں پروردگی کی گود اور بخشش حیات کا سرچشمہ ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے، گویا یہ تمام کارخانہ صرف اسی لیئے بنا ہے کہ زندگی بخشے اور زندگی کی ہر استعداد کی رکھوالی کرے۔ سورج اسلیئے ہے کہ روشنی کیلیئے چراغ کا اور گرمی کے لیئے تنور کا کام دے، اور اپنی کرنوں کے ڈول بھر بھر کر سمندر سے پانی کھینچتا رہے۔ ہوائیں اسلیئے ہیں کہ اپنی سردی اور گرمی سے مطلوبہ اثرات پیدا کرتی رہیں، اور کبھی پانی کے ذرّات جما کر ابر کی چادریں بنا دیں، کبھی ابر کو پانی بنا کر بارش برسا دیں۔ زمین اسلیئے ہے کہ نشو و نما کے خزانوں سے ہمیشہ معمور رہے، اور ہر دانہ کیلیئے اپنی گود میں زندگی، اور ہر پودے کیلیئے اپنے سینہ میں پروردگی رکھے۔ مختصراً یہ کہ کارخانہ ہستی کا ہر گوشہ صرف اسی کام میں لگا ہوا ہے۔ ہر قوت استعداد ڈھونڈھ رہی ہے، اور ہر تاثیر اثر پذیری کے انتظار میں ہے۔ جونہی کسی وجود میں بڑھنے اور نشو و نما پانے کی استعداد پیدا ہوتی ہے، معاً تمام کارخانۂ ہستی اُسکی طرف متوجہ ہو جاتا ہے۔ سورج کی تمام کارفرمائیاں، فضا کے تمام تغیرات، زمین کی تمام قوتیں، عناصر کی تمام سرگرمیاں، صرف اس انتظار میں رہتی ہیں کہ کب چیونٹی کے انڈے سے ایک بچہ پیدا ہوتا ہے، اور کب دہقان کی جھولی سے زمین پر ایک دانہ گرتا ہے!

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِّنْهُ ۚ إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝ (۴۵: ۱۱)	اور آسمان و زمین میں جو کچھ بھی ہے، سب کو اللہ نے تمہارے لیے مسخر کر دیا ہے۔ بلاشبہ ان لوگوں کیلیئے جو غور و فکر کرنے والے ہیں اس بات میں (معرفت حقیقت کی) بڑی ہی نشانیاں ہیں!

سب سے زیادہ عجیب مگر سب سے زیادہ نمایاں حقیقت اس نظام ربوبیت کی یکسانیت اور ہم آہنگی ہے یعنی ہر وجود کی پرورش کا سر و سامان جس طرح اور جس اسلوب پر کیا گیا ہے، وہ ہر گوشہ میں ایک ہی ہے، اور ایک ہی

اصل و قاعدہ رکھتا ہے۔ پتھر کا ایک ٹکڑا تمہیں گلاب کے شاداب اور عطر بیز پھول سے کتنا ہی مختلف دکھائی دے، لیکن دونوں کی پرورش کے اصول و احوال پر نظر ڈالو گے تو صاف نظر آجائیگا کہ دونوں کو ایک ہی طریقہ سے سامان پرورش ملا ہے اور دونوں ایک ہی طرح پالے پوسے جا رہے ہیں۔ انسان کا بچہ اور درخت کا پودا تمہاری نظروں میں کتنی بے جوڑ چیزیں ہیں؟ لیکن اگر ان کی نشوونما کے طریقوں کا کھوج لگاؤ گے تو دیکھو گے کہ قانون پرورش کی یکسانیت نے دونوں کو ایک ہی رشتہ میں منسلک کر دیا ہے۔ پتھر کی چٹان ہو یا پھولوں کی کلی، انسان کا بچہ ہو یا چیونٹی کا انڈا، سب کیلئے پیدائش ہوتی ہے، اور قبل اس کے کہ پیدائش ظہور میں آئے، سامانِ پرورش مہیا ہو جاتا ہے، پھر طفولیت کا دور ہے، اور اس دور کی ضروریات ہیں۔ انسان کا بچہ بھی اپنی طفولیت رکھتا ہے، درخت کے مولود نباتی کے لیے بھی طفولیت ہے، اور تمہاری چشم ظاہر بین کے لیے کتنا ہی عجیب کیوں نہ ہو، لیکن پتھر کی چٹان اور مٹی کا تودہ بھی اپنی اپنی طفولیت رکھتا ہے۔ پھر طفولیت رشد و بلوغ کی طرف بڑھتی ہے، اور جوں جوں بڑھتی جاتی ہے، اُسکی روز افزوں حالت کے مطابق یکے بعد دیگرے، سامان پرورش میں بھی تبدیلیاں ہوتی جاتی ہیں۔ یہاں تک کہ ہر وجود اپنے سنّ کمال تک پہنچ جاتا ہے، اور جب سنّ کمال تک پہنچ گیا، تو از سر نو ضعف و انحطاط کا دور شروع ہو جاتا ہے، پھر اس ضعف و انحطاط کا خاتمہ سب کے لیے ایک ہی طرح ہے۔ کسی دائرہ میں اُسے مرجانا کہتے ہیں، کسی میں مُرجھا جانا، اور کسی میں پامال ہو جانا۔ الفاظ متعدد ہو گئے مگر حقیقت میں تعدد نہیں ہوا!

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضُعْفًا وَّشَيْبَةً ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۚ وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ۝

(۳۰ : ۵۳)

یہ اللہ ہی کی کارفرمائی ہے کہ اُس نے تمہیں اس طرح پیدا کیا کہ پہلے ناتوانی کی حالت ہوتی ہے، پھر ناتوانی کے بعد قوت آتی ہے۔ پھر قوت کے بعد دوبارہ ناتوانی اور بڑھاپا ہوتا ہے۔ وہ جو کچھ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ وہ علم اور قدرت رکھنے والا ہے۔ (اسلئے سب کچھ کر سکتا ہے، اگر جو کچھ کرتا ہے علم کے ساتھ کرتا ہے)

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِاُولِي

کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ نے آسمان سے پانی برسایا پھر زمین میں اُسکے چشمے رواں ہو گئے، پھر اُسی پانی سے رنگ برنگ کی کھیتیاں لہلہا اُٹھیں پھر اُنکی نشوونما ترقی پاتی اور پوری طرح پک کر تیار ہو گئیں پھر (ترقی کے بعد زوال طاری ہوا اور) تم دیکھتے ہو کہ اُن پر زردی چھا گئی پھر بالآخر

الْاَلْبَابِ (٣٩ : ٢١) خشک ہو کر چورا چورا ہو گئی۔ بلاشبہ دانشمندوں کیلئے
اس صورت حال میں بڑی بھاری عبرت ہے :

جہاں تک غذا کا تعلق ہے، حیوانات میں ایک قسم اُن جانوروں کی ہے جن کے بچے دودھ سے پرورش پاتے ہیں، اور ایک اُن کی ہے جو عام غذاؤں سے پرورش پاتے ہیں۔ غور کرو۔ نظامِ ربوبیت نے دونوں کی پرورش کے لیئے کیسا عجیب سروسامان مہیا کر دیا ہے؟ دودھ سے پرورش پانے والے حیوانات میں انسان بھی داخل ہے۔ سب سے پہلے انسان اپنی ہی ہستی کا مطالعہ کرے۔ جونہی وہ پیدا ہوتا ہے اُسکی غذا اپنی ساری خاصیتوں، مناسبتوں اور شرطوں کے ساتھ خود بخود مہیا ہو جاتی ہے، اور ایسی جگہ مہیا ہوتی ہے جو حالتِ طفولیت میں اُس کے لیئے سب سے قریب تر اور سب سے موزوں جگہ ہے۔ ماں بچے کو جوشِ محبت میں سینہ سے لگا لیتی ہے، اور وہیں اُسکی غذا کا سرچشمہ بھی موجود ہوتا ہے؛ پھر دیکھو اس غذا کی نوعیت اور مزاج میں کس درجہ اُسکی حالت کا درجہ بدرجہ لحاظ رکھا گیا ہے اور کس طرح یکے بعد دیگرے اُس میں تبدیلی ہوتی رہتی ہے؟ ابتدا میں بچے کا معدہ اتنا کمزور ہوتا ہے کہ اُسے بہت ہی ہلکے قوام کا دودھ ملنا چاہیئے۔ ایسے ہی قوام کا جس میں مائی جز بہت زیادہ اور دُہنیت بہت کم ہو۔ چنانچہ نہ صرف انسان میں بلکہ تمام حیوانات میں ماں کا دودھ بہت ہی پتلے قوام کا ہوتا ہے لیکن جوں جوں بچے کی عمر بڑھتی جاتی ہے، اور معدہ قوی ہوتا جاتا ہے، دودھ کا قوام بھی گاڑھا ہوتا جاتا ہے اور مائیت کے مقابلہ میں دُہنیت بڑھتی جاتی ہے۔ یہانتک کہ بچے کا عہدِ رضاعت پورا ہو جاتا ہے اور اُس کا معدہ عام غذاؤں کے ہضم کرنے کی استعداد پیدا کر لیتا ہے، جونہی اس کا وقت آتا ہے، ماں کا دودھ خشک ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ یہ گویا ربوبیت الٰہی کا اشارہ ہوتا ہے کہ اب اسکے لیے دودھ کی ضرورت نہیں رہی، ہر طرح کی غذائیں استعمال کر سکتا ہے :

وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ (٤٦ : ١٤) اور حمل اور دودھ چھڑانے کی مدت (کم از کم) تیس مہینوں کی۔

پھر ربوبیت الٰہی کی اس کارسازی پر غور کرو کہ کس طرح ماں کی فطرت میں بچے کی محبت ودیعت کر دی گئی ہے، اور کس طرح اس جذبہ کو طبیعت بشری کے تمام جذبات میں سب سے زیادہ پُرجوش اور سب سے زیادہ ناقابلِ تسخیر بنا دیا گیا ہے؟ دنیا کی کونسی قوت ہے جو اُس جوش کا مقابلہ کر سکتی ہے جسے ماں کی مامتا کہتے ہیں؟ جس بچے کی پیدائش اُسکے لیے زندگی کی سب سے بڑی مصیبت تھی: حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّ وَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ (٤٦ : ١٤) اُسی کی محبت اُسکے اندر زندگی کا سب سے بڑا جذبہ مشتعل کر دیتی ہے۔ جبتک بچہ سنِ بلوغ تک

نہیں پہنچ جاتا، وہ اپنے لیئے نہیں بلکہ بچے کے لیئے زندہ رہنا چاہتی ہے۔ زندگی کی کوئی خود فراموشی نہیں جو اُس پر طاری نہ ہوتی ہو، اور راحت و آسائش کی کوئی قربانی نہیں جس سے اُسے گریز ہو۔ حُبِّ ذات جو فطرتِ انسانی کا سب سے زیادہ طاقتور جذبہ ہے اور جسکے انفعالات کے بغیر کوئی مخلوق زندہ نہیں رہ سکتا، وہ بھی اس جذبۂ خود فراموشی کے مقابلہ میں مضمحل ہو کر رہ جاتا ہے۔ یہ بات کہ ایک ماں نے اپنی زندگی کے مقابلہ میں بچے کی زندگی کو ترجیح دی، یا بچے کے مجنونانہ عشق میں اپنی زندگی قربان کر دی، فطرتِ مادری کا ایسا معمولی واقعہ ہے جو ہمیشہ پیش آتا رہتا ہے اور ہم اس میں کسی طرح کی غرابت محسوس نہیں کرتے:

لیکن پھر دیکھو، کارساز فطرت کی یہ کیسی بوالعجبی ہے کہ جوں جوں بچے کی عمر بڑھتی جاتی ہے محبتِ مادری کا یہ شعلہ خود بخود دھیما پڑتا جاتا ہے، اور پھر ایک وقت آتا ہے جب حیوانات میں تو بالکل ہی بجھ جاتا ہے، اور انسان میں بھی اسکی گرمجوشیاں باقی نہیں رہتیں۔ یہ انقلاب کیوں ہوتا ہے؟ ایسا کیوں ہے کہ بچے کے پیدا ہوتے ہی محبت کا ایک عظیم ترین جذبہ جنبش میں آجائے، اور پھر ایک خاص وقت تک قائم رہکر خود بخود غائب ہو جائے؟ اس لیئے، کہ یہ نظامِ ربوبیت کی کارفرمائی ہے، اور اس کا مقتضیٰ یہی تھا۔ ربوبیت چاہتی ہے کہ بچے کی پرورش ہو۔ اُس نے پرورش کا ذریعہ ماں کے جذبۂ محبت میں رکھدیا تھا جب بچے کی عمر اس حد تک پہنچ گئی کہ ماں کی پرورش کی احتیاج باقی نہ رہی، تو اس ذریعہ کی بھی ضرورت باقی نہ رہی۔ اب اس کا باقی رہنا ماں کے لیئے بوجھ اور بچے کے لیئے رکاوٹ ہوتا۔ بچے کی احتیاج کا سب سے نازک وقت اُسکی نئی نئی طفولیت تھی، اسلیئے ماں کی محبت میں بھی سب سے زیادہ جوش اُسی وقت تھا۔ پھر جوں جوں بچہ بڑھتا گیا، احتیاج کم ہوتی گئی، اِسلیئے محبت کی گرمجوشیاں بھی گھٹتی گئیں۔ فطرت نے محبتِ مادری کا دامن بچے کی احتیاجِ پرورش سے باندھ دیا تھا۔ جب احتیاج زیادہ تھی، تو محبت کی سرگرمی بھی زیادہ تھی۔ جب احتیاج کم ہو گئی تو محبت بھی تغافل کرنے لگی![1]

جن حیوانات کے بچے انڈوں سے پیدا ہوتے ہیں، اُنکی جسمانی ساخت اور طبیعت دودھ والے حیوانات سے مختلف ہوتی ہے، اور اس لیئے وہ اوّل دن ہی سے معمولی غذائیں کھا سکتے ہیں بشرطیکہ کھلانے

---

[1] انسان میں ماں کی محبت بلوغ کے بعد بھی بدستور باقی رہتی ہے، اور بعض حالتوں میں اسکے انفعالات اتنے شدید ہوتے ہیں کہ عہدِ طفولیت کی محبت میں اور اس محبت میں کوئی فرق محسوس نہیں ہوتا۔ لیکن یہ صورتِ حال غالبًا انسان کی مدنی و عقلی زندگی کے نشوونما کا نتیجہ ہے، نہ کہ فطرتِ حیوانی کا۔ انسان میں بھی یہ علاقہ فطرۃً اسی حد تک ہو گا کہ بچہ سنِّ تمیز تک پہنچ جائے۔ لیکن بعد کو نسل و خاندان کی تشکیل اور اجتماعی احساسات کی ترقی سے مادری رشتہ ایک دائمی رشتہ بن گیا۔

کے لیئے کوئی شفیق نگرانی موجود ہو، چنانچہ تم دیکھتے ہو کہ بچہ انڈے سے نکلتے ہی غذا ڈھونڈھنے لگتا ہے اور ماں چن چن کر اُسکے سامنے ڈالتی اور منہ میں لے لیکر کھانے کی تلقین کرتی ہے۔ یا ایسا کرتی ہے کہ خود کھا لیتی ہے مگر ہضم نہیں کرتی، اپنے اندر نرم اور ہلکا بنا کر محفوظ رکھتی ہے، اور جب بچہ غذا کیلئے منہ کھولتا ہے تو اُسکے اندر اُتار دیتی ہے!

تربیت معنوی

پھر اس سے بھی عجیب تر نظام ربوبیت کا معنوی پہلو ہے۔ خارج میں زندگی اور پرورش کا کتنا ہی سروسامان کیا جاتا، لیکن وہ کچھ مفید نہیں ہو سکتا تھا اگر ہر وجود کے اندر اُس سے کام لینے کی ٹھیک ٹھیک استعداد نہ ہوتی اور اُسکے ظاہری و باطنی قویٰ اُس کا ساتھ نہ دیتے۔ پس یہ ربوبیت ہی کا فیضان ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، ہر مخلوق کی ظاہری و باطنی بناوٹ اس طرح کی واقع ہوئی ہے کہ اُسکی ہر قوت، اُس کے سامانِ پرورش کی نوعیت کے مطابق ہوتی ہے، اور اُسکی ہر چیز اُسے زندہ رہنے اور نشوونما پانے میں مدد دیتی ہے۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ کوئی مخلوق اپنے جسم و قویٰ کی ایسی نوعیت رکھتی ہو جو اُسکے حالاتِ پرورش کے مقتضیات کے خلاف ہو۔ اِس سلسلہ میں جو حقائق مشاہدہ و تفکر سے نمایاں ہوتے ہیں، اُن میں دو باتیں سب سے زیادہ نمایاں ہیں اور اسلیئے جابجا قرآن حکیم نے اُن پر توجہ دلائی ہے۔ ایک کو وہ **تقدیر** سے تعبیر کرتا ہے۔ دوسری کو **ہدایت** سے۔

تقدیر کے معنی اندازہ کر دینے کے ہیں یعنی کسی چیز کے لیئے ایک خاص طرح کی حالت ٹھہرا دینے کے۔ خواہ یہ ٹھہراؤ کمیت میں ہو یا کیفیت میں۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ فطرت نے ہر وجود کی جسمانی ساخت اور معنوی قوٰے کیلئے ایک خاص طرح کا اندازہ ٹھہرا دیا ہے جس سے وہ باہر نہیں جا سکتا، اور یہ اندازہ ایسا ہے جو اُسکی زندگی اور نشوونما کے تمام احوال و ظروف سے ٹھیک ٹھیک مناسبت رکھتا ہے:

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا ۝ — اور اُس نے تمام چیزیں پیدا کیں۔ پھر ہر چیز کے لیئے (اسکی حالت اور ضرورت کے مطابق) ایک خاص اندازہ ٹھہرا دیا! (۲۵: ۱)

یہ کیا چیز ہے کہ ہر گردوپیش میں اور اُسکی پیداوار میں ہمیشہ مطابقت پائی جاتی ہے، اور یہ ایک ایسا قانونِ خلقت ہے جو کبھی متغیر نہیں ہو سکتا؟ یہ کیوں ہے کہ ہر مخلوق اپنی ظاہری و باطنی بناوٹ میں ویسا ہی ہوتا ہے جیسا اُس کا گردوپیش ہے اور ہر گردوپیش ویسا ہی ہوتا ہے جیسی اسکی مخلوقات ہوتی ہے؟ یہ اُس حکیم و قدیر کی **تقدیر** ہے، اور اُس نے ہر چیز کی خلقت و زندگی کے لیئے ایسا ہی اندازہ مقرر کر دیا ہے۔ اُس کا یہ قانونِ تقدیر صرف حیوانات و نباتات ہی کے لیئے نہیں ہے بلکہ کائنات ہستی کی ہر چیز کے لیئے ہے۔ ستاروں کا یہ پورا نظامِ گردش بھی اِسی تقدیر کی حد بندیوں پر قائم ہے:

وَالشَّمْسُ تَجْرِىْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ٥ (۳۶: ۳۸)

اور (دیکھو) سورج کی حرکت اُسکے ٹھیرنے کی جگہ کیلئے ہے جو اسکے لیئے ٹھیرادی گئی ہے، اور یہی اس عزیز وعلیم کی تقدیر ہے (یعنی اُسکا ٹھیرایا ہوا اندازہ ہے)

مخلوقات اور اُسکے گرد وپیش کی **مطابقت** کا یہی قانون ہے، جس نے دونوں میں باہمد گر مناسبت پیدا کر دی ہے اور ہر مخلوق اپنے چاروں طرف وہی پاتا ہے جس میں اُسکے لیئے پرورش اور نشوونما کا سامان ہوتا ہے۔ پرند کا جسم اُڑنے والا ہے، مچھلی کا تیرنے والا، چارپایوں کا چلنے والا، حشرات کا رینگنے والا، اسلیئے کہ ان میں سے ہر نوع کا گرد وپیش ویسے ہی جسم کے لیئے موزوں ہے، جیسا اُسے ملا ہے، اور اسلیئے کہ ان میں سے ہر نوع کی جسمانی ساخت ویسا ہی گرد وپیش چاہتی ہے جیسا گرد وپیش اُسے حاصل ہے۔ دریا میں پرند پیدا نہیں ہوتا، اسلیئے کہ یہ گرد وپیش اس کے لیئے مفید پرورش نہیں۔ خشکی میں مچھلیاں پیدا نہیں ہوسکتیں، کیونکہ خشکی اُنکے لیئے موزوں نہیں۔ اگر فطرت کی اس تقدیر کے خلاف، ایک خاص گرد وپیش کی مخلوق دوسرے قسم کے گرد وپیش میں چلی جاتی ہے، تو یا تو وہاں زندہ نہیں رہتی، یا رہتی ہے تو پھر بتدریج اُسکی جسمانی ساخت اور طبیعت بھی ویسی ہی ہو جاتی ہے جیسی اُسکے گرد وپیش میں ہونی چاہیے۔

پھر ان میں سے ہر نوع کے لیئے مقامی مؤثرات کے مختلف گرد وپیش ہیں، اور ہر گرد وپیش کا یہی حال ہے۔ سرد آب وہوا کی پیداوار سرد آب وہوا ہی کے لیئے ہے۔ گرم کی گرم کیلئے۔ قطب شمالی کے قرب وجوار کا ریچھ خطِ استوا کے قرب میں نظر نہیں آسکتا، اور منطقۂ حارّہ کے جانور منطقۂ باردہ میں معدوم ہیں!

ہدایت کے معنی راہ دکھانے، راہ پر لگا دینے، رہنمائی کرنے کے ہیں، اور اسکے مراتب اور اقسام ہیں۔ تفصیل آگے آئیگی۔ یہاں صرف اُس مرتبۂ ہدایت کا ذکر کرنا ہے جو تمام مخلوقات پر اُنکی پرورش کی راہیں کھولتا، اُنہیں زندگی کی راہ پر لگاتا اور ضروریاتِ زندگی کی طلب وحصول میں رہنمائی کرتا ہے۔ فطرت کی یہ ہدایت، ربوبیت کی ہدایت ہے، اور اگر ہدایت ربوبیت کی دستگیری نہ ہوتی، تو ممکن نہ تھا کہ کوئی مخلوق بھی دنیا کے سامانِ حیات وپرورش سے فائدہ اُٹھا سکتی، اور زندگی کی سرگرمیاں ظہور میں آسکتیں۔

لیکن ربوبیت الٰہی کی یہ **ہدایت** کیا ہے؟ **قرآن** کہتا ہے، یہ وجدان کا فطری الہام اور حواس وادراک کی قدرتی استعداد ہے۔ وہ کہتا ہے، یہ فطرت کی وہ رہنمائی ہے جو ہر مخلوق کے اندر پہلے **وجدان** کا الہام بنکر نمودار ہوتی ہے، پھر **حواس** وادراک کا چراغ روشن کر دیتی ہے۔ یہ ہدایت کے مختلف مراتب میں سے **وجدان** اور **ادراک** کی ہدایت کا مرتبہ ہے۔

وجدان کی ہدایت یہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، ہر مخلوق کی طبیعت میں کوئی ایسا اندرونی الہام موجود ہے جو اسے زندگی اور پرورش کی راہوں پر خود بخود لگا دیتا ہے، اور وہ باہر کی رہنمائی وتعلیم کی محتاج نہیں ہوتی

انسان کا بچہ ہو یا حیوان کا، لیکن جونہی شکم مادر سے باہر آتا ہے، خود بخود معلوم کر لیتا ہے کہ اسکی غذا ماں کے سینہ میں ہے، اور جب پستان منہ میں لیتا ہے، تو جانتا ہے کہ اُسے زور زور سے چوسنا چاہیئے۔ بلی کے بچوں کو ہم ہمیشہ دیکھتے ہیں کہ ابھی ابھی پیدا ہوئے ہیں۔ اُن کی آنکھیں بھی نہیں کھلی ہیں، لیکن ماں جوش محبت میں اُنہیں چاٹ رہی ہے، وہ اُسکے سینے پر منہ مار رہے ہیں۔ یہ بچہ جس نے عالم ہستی میں پہلا قدم رکھا ہے، جسے خارج کے موثرات نے ابھی چھوا تک نہیں، کیونکر معلوم کر لیتا ہے کہ اُسے پستان منہ میں لینا چاہیئے، اور اُسکی غذا کا سرچشمہ یہیں ہے؟ وہ کونسا فرشتہ ہے جو اُس وقت اُسکے کان میں پھونک دیتا ہے کہ اس طرح اپنی غذا حاصل کرنے؟ یقیناً وجدانی ہدایت کا فرشتہ ہے، اور یہی وجدانی ہدایت ہے جو قبل اِسکے کہ حواس و ادراک کی روشنی نمودار ہو، ہر مخلوق کو اُسکی پرورش و زندگی کی راہوں پر لگا دیتی ہے!

تمہارے گھر میں پلی ہوئی بلی ضرور ہوگی۔ تم نے دیکھا ہوگا کہ بلی اپنی عمر میں سب سے پہلی مرتبہ حاملہ ہوئی ہے۔ اِس حالت کا اُسے کوئی پچھلا تجربہ حاصل نہیں، تاہم اُسکے اندر کوئی چیز ہے جو اُسے بتلا دیتی ہے کہ تیاری و حفاظت کی سرگرمیاں شروع کر دینی چاہئیں۔ جونہی وضع حمل کا وقت قریب آتا ہے، خود بخود اسکی توجہ ہر چیز کی طرف سے ہٹ جاتی ہے اور کسی محفوظ گوشہ کی جستجو شروع کر دیتی ہے۔ تم نے دیکھا ہوگا کہ مضطرب الحال بلی مکان کا ایک ایک کونہ دیکھتی پھرتی ہے۔ پھر وہ خود بخود ایک سب سے محفوظ اور علیحدہ گوشہ چھانٹ لیتی ہے، اور وہاں بچہ دیتی ہے۔ پھر یکایک اُسکے اندر بچے کی حفاظت کی طرف سے ایک مجہول خطرہ پیدا ہو جاتا ہے، اور وہ یکے بعد دیگرے اپنی جگہ بدلتی رہتی ہے۔ غور کرو، یہ کونسی قوت ہے جو بلی کے اندر یہ خیال پیدا کر دیتی ہے کہ محفوظ جگہ تلاش کرے کیونکہ عنقریب ایسی جگہ کی اُسے ضرورت ہوگی؟ یہ کونسا الہام ہے جو اُسے خبردار کر دیتا ہے کہ بلا بچوں کا دشمن ہے اور اُنکی بو سونگھتا پھرتا ہے، اسلیئے جگہ بدلتے رہنا چاہیئے؟ بلاشبہ یہ ربوبیت الٰہی کی وجدانی ہدایت ہے جسکا الہام ہر مخلوق کے اندر اپنی نمود رکھتا ہے، اور جو اُن پر زندگی اور پرورش کی تمام راہیں کھول دیتا ہے!

ہدایت کا دوسرا مرتبہ حواس اور مدرکات ذہنی کی ہدایت ہے، اور وہ اس درجہ واضح و معلوم ہے کہ تشریح کی ضرورت نہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اگرچہ حیوانات اُس جوہر دماغ سے محروم ہیں جسے فکر و عقل سے تعبیر کیا جاتا ہے، تاہم فطرت نے اُنہیں احساس و ادراک کی وہ تمام قوتیں دیدی ہیں جنکی زندگی و معیشت کیلئے ضرورت تھی، اور اُنکی وجہ سے وہ اپنے رہنے سہنے، کھانے پینے، توالد و تناسل اور حفاظت و نگرانی کے تمام وظائف حسن و خوبی کے ساتھ انجام دیتے رہتے ہیں۔ پھر حواس و ادراک کی یہ ہدایت ہر حیوان کے لیئے ایک ہی طرح کی نہیں ہے، بلکہ ہر وجود کو اُتنی ہی اور ویسی ہی استعداد دی گئی ہے، جیسی اور جتنی استعداد

اسکے احوال وظروف کے لیئے ضروری تھی۔ چیونٹی کی قوت شامہ نہایت قوی اور دور رس ہوتی ہے اسلیئے کہ اسی قوت کے ذریعہ وہ اپنی غذا حاصل کرسکتی ہے۔ چیل اور عقاب کی نگاہ تیز ہوتی ہے، کیونکہ اگر ان کی نگاہ تیز نہ ہو تو بلندی میں اُڑتے ہوئے اپنا شکار دیکھ نہ سکیں۔ یہ سوال بالکل غیر ضروری ہے کہ حیوانات کے حواس و ادراک کی یہ حالت اول دن سے تھی، یا احوال وظروف کی ضروریات اور قانون مطابقت کے موثرات سے بتدریج ظہور میں آئی۔ اسلیئے کہ خواہ کوئی صورت ہو، بہرحال فطرت کی بخشی ہوئی استعداد ہی اور نشوو ارتقا کا قانون بھی فطرت ہی کا ٹھہرایا ہوا قانون ہے۔

چنانچہ یہی مرتبہ ہدایت ہے جس کو قرآن نے ربوبیت الٰہی کی وحی سے تعبیر کیا ہے۔ عربی میں وحی کے معنی مخفی ایماء اور اشارہ کے ہیں۔ یہ گویا فطرت کی وہ اندرونی سرگوشی ہے جو ہر مخلوق پر اُسکی راہِ عمل کھول دیتی ہے:

وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِىْ	اور (دیکھو) تمہارے پروردگار نے شہد کی مکھی کے دل میں یہ
مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ	بات ڈال دی کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور اُن ٹٹیوں میں
وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ۝ (۱۶ : ۷۰)	جو اس غرض سے بلند کی جاتی ہیں اپنے لیئے چھتے بنائے۔

اور یہی وہ ربوبیت الٰہی کی ہدایت ہی جس کی طرف حضرت موسٰی (علیہ السلام) کی زبانی اشارہ کیا گیا ہی فرعون نے جب پوچھا: فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى؟ تمہارا پروردگار کون ہے جس کے نام پر میرا مقابلہ کرنا چاہتے ہو؟ تو حضرت موسٰی نے کہا:

قَالَ رَبُّنَا الَّذِىْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَىْءٍ	ہمارا پروردگار وہ ہے جس نے ہر چیز کو اُسکی بناوٹ دی،
خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ۝ (۲۰ : ۵۲)	پھر اُس پر (زندگی و معیشت کی) راہ کھول دی!

اور پھر یہی وہ ہدایت ہی جسے دوسری جگہ "راہِ عمل آسان کردینے" سے بھی تعبیر کیا گیا ہی:

مِنْ اَىِّ شَىْءٍ خَلَقَهٗ ۝ مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ	اُس نے انسان کو کس چیز سے پیدا کیا؟ نطفہ سے پیدا کیا، پھر اُس
خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۝ ثُمَّ السَّبِيْلَ	(کی تمام ظاہری و باطنی قوتوں) کیلئے ایک اندازہ ٹھہرادیا، پھر اُس پر
يَسَّرَهٗ ۝ (۸۰ : ۱۹)	(زندگی و عمل کی) راہ آسان کردی!

یہی "ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ" یعنی راہِ عمل آسان کردینا" وجدان و ادراک کی ہدایت ہی جو تقدیر کے بعد ہے، کیونکہ اگر فطرت کی یہ رہنمائی نہ ہوتی تو ممکن نہ تھا کہ ہم اپنی ضروریات زندگی حاصل کرسکتے۔

آگے چلکر تمہیں معلوم ہوگا کہ قرآن نے تکوینِ وجود کے جو چار مرتبے بیان کیئے ہیں اُن میں تیسرا اور چوتھا مرتبہ، یہی تقدیر اور ہدایت کا مرتبہ ہی۔ یعنی تخلیق، تسویہ، تقدیر، ہدایت:

الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۝ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۝ (۸۷ : ۲)

وہ پروردگارِ عالم جس نے پیدا کیا اور پھر اُسے ٹھیک ٹھیک درست کردیا؛ اور وہ پروردگار جس نے ہر وجود کیلئے ایک اندازہ ٹھہرا دیا اور پھر اس پر راہِ (عمل) کھول دی۔

براہین قرآنیہ کا مبدأ استدلال

چنانچہ یہی وجہ ہے کہ قرآن نے خدا کی ہستی اور اُسکی توحید و صفات پر جا بجا **نظامِ ربوبیت** سے استدلال کیا ہے، اور یہ استدلال اُسکے مہماتِ دلائل میں سے ہے۔ لیکن قبل اسکے کہ اسکی تشریح کی جائے، مناسب ہوگا کہ قرآن کے طریقِ استدلال کی بعض مبادیات واضح کردی جائیں۔ کیونکہ مختلف اسباب سے جن کی تشریح کا یہ موقع نہیں، مطالب قرآنی کا یہ گوشہ سب سے زیادہ مہجور ہوگیا ہے اور ضرورت ہے کہ از سرِ نو حقیقت گم گشتہ کا سُراغ لگایا جائے۔

قرآن کے طریقِ استدلال کا اوّلین مبدأ، تعقل و تفکر کی دعوت ہے۔ یعنی وہ جا بجا اس بات پر زور دیتا ہے کہ انسان کیلئے حقیقت شناسی کی راہ یہ ہے کہ خدا کی دی ہوئی عقل و بصیرت سے کام لے، اور اپنے وجود کے اندر اور اپنے وجود کے باہر، جو کچھ بھی دیکھ سکتا اور محسوس کرسکتا ہے، اُس میں تدبّر و تفکّر کرے، چنانچہ قرآن کی کوئی سورت اور سورت کا کوئی حصہ نہیں جو تفکر و تعقل کی دعوت سے خالی ہو:

وَفِي الْأَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ۝ وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ۭ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ۝ (۵۱ : ۱۹)

اور یقین رکھنے والوں کے لیئے زمین میں (معرفتِ حق کی) نشانیاں ہیں، اور خود تمہارے وجود میں بھی، پھر کیا تم دیکھتے نہیں؟

وہ کہتا ہے کہ انسان کو عقل و بصیرت دی گئی ہے، اس لیئے وہ اس قوت کے ٹھیک ٹھیک استعمال کرنے نہ کرنے کے لیئے جواب دِہ ہے:

اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۗىِٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْــُٔوْلًا ۝ (۱۷ : ۳۸)

یقیناً (انسان کا) سُننا، دیکھنا، سوچنا، سب اپنی جگہ جوابدہی رکھتے ہیں!

وہ کہتا ہے، زمین کی ہر چیز میں، آسمان کے ہر منظر میں، زندگی کے ہر تغیر میں، فکرِ انسانی کے لیئے معرفتِ حقیقت کی نشانیاں ہیں، بشرطیکہ وہ غفلت و اعراض میں مبتلا نہ ہوجائے:

وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ۝ (۱۲ : ۱۰۵)

اور آسمان و زمین میں (معرفتِ حق کی) کتنی ہی نشانیاں ہیں لیکن (افسوس انسان کی غفلت پر!) لوگ اُن پر سے گزر جاتے ہیں اور نظر اُٹھا کر دیکھتے تک نہیں!

تخلیق بالحق

اچھا، اگر انسان عقل و بصیرت سے کام لے اور کائناتِ خلقت میں تفکر کرے تو اُس پر حقیقت شناسی کا کونسا دروازہ کھلے گا؟ وہ کہتا ہے، سب سے پہلی حقیقت جو اُسکے سامنے نمودار ہوگی، وہ **تخلیق بالحق** کا عالمگیر اور بنیادی قانون ہے۔

یعنی وہ دیکھے گا کہ کائنات خلقت اور اُسکی ہر چیز کی بناوٹ کچھ اس طرح واقع ہوئی ہے کہ ہر چیز ضبط و ترتیب کے ساتھ ایک خاص نظام و قانون میں منسلک ہے، اور کوئی شے نہیں جو حکمت و مصلحت سے خالی ہو۔ ایسا نہیں ہے کہ یہ سب کچھ تخلیق بالباطل ہو، یعنی بغیر کسی معین اور ٹھیرائے ہوئے مقصد و نظم کے وجود میں آگیا ہو کیونکہ اگر ایسا ہوتا، تو ممکن نہ تھا کہ اس نظم، اس یکسانیت، اس دقت کے ساتھ اسکی ہر بات کسی نہ کسی حکمت و مصلحت کے ساتھ بندھی ہوئی ہوتی:[1]

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ (٢٩: ٤٤)

اللہ نے آسمان اور زمین حکمت اور مصلحت کے ساتھ پیدا کی ہے۔ اور بلاشبہ اس بات میں ارباب ایمان کیلئے (معرفت حق کی) بڑی ہی نشانی ہے!

آل عمران کی مشہور آیت میں اُن ارباب دانش کی جو آسمان و زمین کی خلقت میں تفکر کرتے ہیں صدائے حال یہ بتلائی ہے:

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا (٣: ١٨٨)

اے ہمارے پروردگار! یہ سب کچھ تو نے اسلئے نہیں پیدا کیا ہے کہ محض ایک بیکار و عبث سا کام ہو!

دوسری جگہ "تخلیق بالباطل" کو "تلعب" سے تعبیر کیا ہے[2]۔ "تلعب" یعنی کوئی کام کھیل کود کی طرح بغیر کسی معقول غرض و مدعا کے کرنا:

---

[1] یہی حقیقت ہے جسے آج علمی مصطلحات میں یوں ادا کیا جاتا ہے:

"From the motion of the electrons round the positivaly charged nucleus of an atom to the motion of the planets round the sun, and so forth, every thing points only to one conclusion, viz, prodetermined law." Sir Oliver Lodge.

اسکی مزید تشریح اپنے مقام پر آئے گی۔ جس حقیقت کو یہاں "Pro-determined Law" سے تعبیر کیا گیا ہے، اسی کو قرآن "تخلیق بالحق" سے تعبیر کرتا ہے ۱۲

[2] یہ تعبیر اسلئے اختیار کیگئی کہ نزول قرآن سے پہلے تمام پیروان مذاہب نے دنیا کی پیدائش کا جو نقشہ کھینچا تھا، وہ حکمت و مصالح کے تصور سے یک قلم خالی تھا۔ لوگ خیال کرتے تھے کہ طاقت و اختیار کے ساتھ حکم و مصالح کی رعایت جمع نہیں ہو سکتی۔ حکم و مصالح کی پابندی وہی کرے گا جو کسی کے آگے جوابدہ ہو۔ خدا جو سب سے بڑا اور سب پر حکمران ہے، اُسکے کام حکم و مصالح سے کیوں وابستہ ہوں؟ وہ مطلق العنان بادشاہوں کو دیکھتے تھے کہ جو جی میں آتا ہے کر گزرتے ہیں اور ان کے کاموں میں چون و چرا کی گنجائش نہیں ہوتی، پس سمجھتے تھے کہ خدا کے کام و کلام میں یہی حال ہے۔ چنانچہ ہندوستان، مصر، بابل، اور یونان کی تمام علم الاصنامی روایات اسی تخیل کا نتیجہ ہیں۔ دیوتاؤں نے عشق بازی ہیں (باقی برصفحہ ٢٥)

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ۝ مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ (۴۴ : ۳۸-۳۹)	اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ اُنکے درمیان ہے محض کھیل اور تماشہ کرتے ہوئے نہیں پیدا کیا ہے بلکہ جو کچھ بھی بنایا ہے حکمت و مصلحت کے ساتھ بنایا ہے۔ مگر اکثر انسان ایسے ہیں جو اس حقیقت کا علم نہیں رکھتے

پھر جا بجا اس "تخلیق بالحق" کی تشریح کی ہے۔ مثلاً ایک مقام پر "تخلیق بالحق" کے اس پہلو پر توجہ دلائی ہے کہ کائنات کی ہر چیز افادہ و فیضان کے لیے ہے، اور فطرت چاہتی ہے کہ جو کچھ بنائے، اس طرح بنائے کہ اس میں وجود اور زندگی کے لیے نفع اور راحت ہو:

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ۝ (۳۹ : ۵)	اس نے آسمانوں اور زمین کو حکمت و مصلحت کے ساتھ پیدا کیا ہے، اس نے رات اور دن کے اختلاف اور ظہور کا ایسا انتظام کر دیا کہ رات دن پر لپٹی جاتی ہے اور دن رات پر لپٹا آتا ہے۔ اور (یہ اسلیئے ہے کہ) سورج اور چاند دونوں کو اسکی قدرت نے مسخر کر رکھا ہے۔ سب (اپنی اپنی جگہ) اپنے مقررہ وقت کے لیے حرکت میں ہیں!

ایک دوسرے موقع پر خصوصیت کے ساتھ اجرام سماویہ کے افادہ و فیضان پر توجہ دلائی ہے، اور اُسے "تخلیق بالحق" سے تعبیر کیا ہے:

(بقیہ صفحہ ۲۴) نکل رہیاں بنائیں اور ستارے پیدا ہو گئے۔ کسی دیوتا نے تنکا کھیلتے ہوئے تیر مارا، پہاڑ پیدا ہو گیا۔ ایک دیوتا نے اپنی جٹا کھول دی، دریا وجود میں آ گیا۔ اصنام پرست اقوام کے علاوہ یہودیوں اور عیسائیوں کے خیالات بھی اس بارے میں عقلی تصورات سے خالی تھے۔ یہودیوں کا خیال تھا کہ ایک مطلق العنان اور مستبد بادشاہ کی طرح خدا کے افعال بھی حکم و مصالح کی جگہ محض جوش و ہیجان کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ وہ غصہ میں آ کر قوموں کو ہلاک کر دیتا ہے۔ اور جوش محبت میں آ کر کسی خاص قوم کو اپنی چہیتی قوم بنا لیتا ہے بلاشبہ عیسائی تصور کا مایۂ خمیر رحم و محبت ہے، لیکن حکم و مصالح کیلئے اس میں بھی جگہ نہ تھی۔ کفارہ کے اعتقاد کے ساتھ حکم و مصالح کا اعتقاد نشو و نما نہیں پا سکتا تھا۔

قرآن تاریخ مذاہب میں پہلی کتاب ہے جس نے خدا کی صفات و افعال کیلئے عقلی تصور قائم کیا، اور یہ حقیقت واضح کی کہ حکم و مصالح کی رعایت منافی قدرت نہیں ہے بلکہ محاسن قدرت میں سے ہے۔ بلاشبہ خدا جو کچھ چاہے کر سکتا ہے، لیکن اسکی حکمت و عدالت کا مقتضا یہی ہے کہ جو کچھ کرتا ہے، حکمت و مصلحت کے ساتھ کرتا ہے۔

اسی اصل کا نتیجہ ہے کہ اُسنے تخلیق کائنات کا بھی جو نقشہ کھینچا، وہ سرتاسر عقلی نقشہ ہے یعنی حکمت و علت اور نظم و اتقان کا نقشہ ہے اور اسی لیئے اس نے جا بجا "تخلیق بالباطل" کے خیال کو کفر کیطرف نسبت دی ہے: وما خلقنا السماء والارض وما بینھما باطلا ذلک ظن الذین کفروا (۳۸ : ۲۷) ہم نے آسمان و زمین کو اور جو کچھ اُنکے درمیان ہے بغیر حکمت و مصلحت کے نہیں بنایا ہے۔ یہ خیال کہ ہم نے بغیر حکمت و

هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّ الْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَہٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَ الْحِسَابَ مَا خَلَقَ اللّٰہُ ذٰلِکَ اِلَّا بِالْحَقِّ یُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝ (۱۰: ۵)

وہ (کارفرمائے قدرت) جس نے سورج کو درخشندہ اور چاند کو روشن بنایا؛ اور پھر چاند کی گردش کیلئے منزلیں ٹھہرا دیں تاکہ تم برسوں کی گنتی اور اوقات کا حساب معلوم کر لو۔ بلاشبہ اللہ نے یہ سب کچھ پیدا نہیں کیا مگر حکمت و مصلحت کے ساتھ۔

ایک اور موقع پر فطرت کے جمال و زیبائی کی طرف اشارہ کیا ہے اور اُسے "تخلیق بالحق" سے تعبیر کیا ہے یعنی فطرت کائنات میں تحسین و آرائش کا قانون کام کر رہا ہے، جو چاہتا ہے، جو کچھ بنے، ایسا بنے کہ اُس میں حسن و جمال اور خوبی و کمال ہو۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَ صَوَّرَکُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَکُمْ (۶۴: ۳)

اُس نے آسمان اور زمین حکمت و مصلحت کے ساتھ پیدا کی اور اُس نے تمہاری صورتیں بنائیں تو کیسی حسن و خوبی کے ساتھ بنائیں؟

اسی طرح وہ قانونِ مجازات پر (یعنی جزا و سزا کے قانون پر) بھی اسی "تخلیق بالحق" سے استشہاد کرتا ہے۔ تم دیکھتے ہو کہ دنیا میں ہر چیز کوئی نہ کوئی خاصہ اور نتیجہ رکھتی ہے، اور یہ تمام خواص اور نتائج لازمی اور اٹل ہیں۔ پھر کیونکر ممکن ہے کہ انسان کے اعمال میں بھی اچھے اور بُرے خواص اور نتائج نہ ہوں، اور وہ قطعی اور اٹل نہ ہوں؟ خدا کی بنائی ہوئی جو فطرت دنیا کی ہر چیز میں اچھے بُرے کا امتیاز رکھتی ہے، کیا انسان کے اعمال میں اِس امتیاز سے غافل ہو جائے گی؟

اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ اجْتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَھُمْ کَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْیَاھُمْ وَ مَمَاتُھُمْ سَآءَ مَا یَحْکُمُوْنَ ۝ وَ خَلَقَ اللّٰہُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَ لِتُجْزٰی کُلُّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ وَ ھُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ ۝ (۴۵: ۲۰-۲۱)

جو لوگ بُرائیاں کرتے ہیں کیا وہ سمجھتے ہیں کہ ہم انہیں اُن لوگوں جیسا کر دینگے جو ایمان لائے ہیں اور جن کے اعمال اچھے ہیں؟ دونوں برابر ہو جائیں، زندگی میں بھی اور موت میں بھی؟ (یعنی بدعملی و نیک عملی دونوں کیلئے ایک ہی طرح کا حکم ہو؟) اگر ان لوگوں کے فہم و دانش کا فیصلہ یہی ہے تو افسوس اُنکے فیصلہ پر! اور (ایسا کیونکر ہو سکتا ہے جبکہ) اللہ نے آسمان و زمین بے کار و عبث نہیں بنائی ہے بلکہ حکمت و مصلحت کے ساتھ بنائی ہے اور اس لئے بنائی ہے تاکہ ہر جان کو اسکی کمائی کے مطابق بدلہ ملے (اور کوئی چیز، کوئی فعل بھی بغیر بدلہ اور نتیجہ کے نہ رہے) اور (یاد رکھو) یہ بدلہ ٹھیک ٹھیک ملیگا۔ اس میں کسی کے ساتھ کبھی زیادتی نہ ہوگی۔ (جزا و سزا کا ترازو اپنی تول میں رائی برابر بھی کمی بیشی نہیں کر سکتا۔)

معاد یعنی مرنے کے بعد کی زندگی پر بھی اِس سے جا بجا استشہاد کیا ہے۔ کائناتِ ہستی میں ہر چیز

کوئی نہ کوئی مقصد اور منتہیٰ رکھتی ہے۔ پس ضروری ہے کہ انسانی وجود کیلئے بھی کوئی نہ کوئی مقصد اور منتہیٰ ہو۔ یہی منتہیٰ آخرت کی زندگی ہے۔ کیونکہ یہ تو ہو نہیں سکتا کہ کائنات ارضی کا یہ بہترین مخلوق صرف اسی لیئے پیدا کیا گیا ہو، کہ پیدا ہو، اور چند دن جی کر فنا ہو جائے:

أَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوا فِي أَنفُسِهِم مَّا خَلَقَ اللَّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا إِلَّا بِالْحَقِّ وَأَجَلٍ مُّسَمًّى وَإِنَّ كَثِيرًا مِّنَ النَّاسِ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ لَكَافِرُونَ

(۳۰ : ۷)

کیا ان لوگوں نے کبھی اپنے دل میں اس بات پر غور نہیں کیا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے محض بیکار و عبث نہیں بنایا ہے۔ ضروری ہے کہ حکمت و مصلحت کے ساتھ بنایا ہو۔ اور اس کے لیئے ایک مقررہ وقت ٹھہرا دیا ہو اصل یہ ہے کہ انسانوں میں بہت سے لوگ ایسے ہیں جن کے اندر لقاء الٰہی کیلئے کوئی طلب نہیں۔ وہ (روز قیامت) اپنے پروردگار کے حضور حاضر ہونے سے یک قلم منکر ہیں۔

غرضکہ قرآن کا مبدأ استدلال یہ ہے کہ:

(۱) اس کے نزول سے پہلے دین داری اور خدا پرستی کے جس قدر تصورات موجود تھے، وہ نہ صرف عقل کی آمیزش سے خالی تھے۔ بلکہ انکی تمام تر بنیاد غیر عقلی عقائد پر رکھی گئی تھی۔ لیکن اس نے خدا پرستی کے لیئے عقلی تصور پیدا کیا۔

(۲) چنانچہ اسکی دعوت کی تمام تر بنیاد تعقل و تفکر پر ہے۔

(۳) وہ خصوصیت کے ساتھ کائنات خلقت کے مطالعہ و تفکر کی دعوت دیتا ہے۔

(۴) وہ کہتا ہے، کائنات خلقت کے مطالعہ و تفکر سے انسان پر "تخلیق بالحق" کی حقیقت واضح ہو جاتی ہے۔ یعنی وہ دیکھتا ہے کہ اس کارخانہ ہستی کی کوئی چیز نہیں جو کسی ٹھہرائے ہوئے مقصد اور مصلحت سے خالی ہو اور کسی بالاتر قانون خلقت کے ماتحت ظہور میں نہ آئی ہو۔ یہاں جو چیز بھی اپنا وجود رکھتی ہے، ایک خاص نظم و ترتیب کے ساتھ حکم و مصالح کے عالمگیر سلسلہ میں منسلک ہے۔

(۵) وہ کہتا ہے، جب انسان ان مقاصد و مصالح پر غور کرے گا، تو خدا شناسی کی راہ خود بخود اس پر کھل جائے گی، اور جہل و کوری کی گمراہیوں سے نجات پا جائے گا۔

برہان ربوبیت

چنانچہ اس سلسلہ میں اس نے مظاہر کائنات کے جن مقاصد و مصالح سے استدلال کیا ہے ان میں سب سے زیادہ عام استدلال ربوبیت کا استدلال ہے، اور اسی لیے ہم اسے برہان ربوبیت سے تعبیر کرتے ہیں۔ وہ کہتا ہے، کائنات ہستی کے تمام اعمال و مظاہر کا اس طرح واقع ہونا کہ ہر چیز پرورش کرنے والی اور ہر تاثیر زندگی بخشنے والی ہے، اور پھر ایک ایسے نظام ربوبیت کا موجود ہونا جو ہر حالت کی رعایت کرتا، اور ہر طرح کی مناسبت ملحوظ رکھتا ہے، ہر انسان کو وجدانی طور پر یقین دلا دیتا ہے کہ ایک پروردگار عالم ہستی موجود ہے

اور وہ اُن تمام صفتوں سے متصف ہو جن کے بغیر نظام ربوبیت کا یہ کامل اور بے عیب کارخانہ وجود میں نہیں آسکتا تھا!

وہ کہتا ہے، کیا انسان کا وجدان یہ باور کرسکتا ہے کہ نظام ربوبیت کا یہ پورا کارخانہ خود بخود وجود میں آجائے، اور کوئی زندگی، کوئی ارادہ، کوئی قدرت، کوئی حکمت، اِس کے اندر کارفرما نہ ہو؟ کیا یہ ممکن ہو کہ اس کارخانۂ ہستی کی ہر چیز میں ایک بولتی ہوئی پروردگاری اور ایک اُبھری ہوئی کارسازی موجود ہو، مگر کوئی پروردگار، کوئی کارساز موجود نہ ہو؟ پھر کیا یہ محض ایک اندھی بہری فطرت، بے جان مادّہ اور بے حس الکٹرون[1] کے خواص ہیں جن سے پروردگاری و کارسازی کا یہ پورا کارخانہ ظہور میں آگیا ہو؟ اور زندگی اور ارادہ رکھنے والی کوئی ہستی موجود نہیں؟

پروردگاری موجود ہے، مگر کوئی پروردگار موجود نہیں! کارسازی موجود ہے، مگر کوئی کارساز موجود نہیں! رحمت موجود ہے، مگر کوئی رحیم موجود نہیں! حکمت موجود ہے، مگر کوئی حکیم موجود نہیں! سب کچھ موجود ہے، مگر کوئی موجود نہیں! عمل بغیر کسی عامل کے، نظم بغیر کسی ناظم کے، قیام بغیر کسی قیوم کے، عمارت بغیر کسی معمار کے، نقش بغیر کسی نقاش کے، سب کچھ بغیر کسی موجد کے: نہیں، انسان کی فطرت کبھی یہ باور نہیں کرسکتی۔ اُس کا وجدان پکارتا ہو کہ ایسا ہونا ممکن نہیں۔ اُس کی فطرت اپنی بناوٹ ہی میں ایک ایسا سانچہ لیکر آئی ہے جس میں یقین و ایمان ہی ڈھل سکتا ہے۔ شک اور انکار کی اس میں سمائی نہیں ہو!

قرآن کہتا ہے، یہ بات انسان کے وجدانی اذعان کے خلاف ہو کہ وہ نظامِ ربوبیت کا مطالعہ کرے اور ایک ربّ العٰلمین ہستی کا یقین اُسکے اندر جاگ نہ اُٹھے۔ وہ کہتا ہے، ایک انسان غفلت کی سرشاری اور سرکشی کے ہیجان میں ہر چیز سے انکار کردے سکتا ہے، لیکن اپنی فطرت سے انکار نہیں کرسکتا۔ وہ ہر چیز کے خلاف جنگ کرسکتا ہے، لیکن اپنی فطرت کے خلاف ہتیار نہیں اٹھا سکتا۔ وہ جب اپنے چاروں طرف زندگی اور پروردگاری کا ایک عالمگیر کارخانہ پھیلا ہوا دیکھتا ہے تو اُسکی فطرت کی صدا کیا ہوتی ہے؟ اُسکے دل کے ایک ایک ریشے میں کونسا اعتقاد سمایا ہوتا ہے؟ کیا یہی نہیں ہوتا کہ ایک پروردگار ہستی موجود ہے، اور یہ سب کچھ اُسی کی کرشمہ سازیاں ہیں؟

یہ یاد رکھنا چاہیئے کہ قرآن کا اسلوب بیان یہ نہیں ہے کہ نظری مقدّمات اور ذہنی مسلمات کی شکلیں ترتیب دے، اور پھر اُس پر بحث و تقریر کرکے مخاطب کو ردّ و تسلیم پر مجبور کرے۔ اُس کا تمام تر خطاب انسان کے فطری وجدان و ذوق سے ہوتا ہے۔ وہ کہتا ہے، خدا پرستی کا جذبہ انسانی فطرت کا خمیر ہو، اگر

---

[1] Electrons مصر کے بعض مترجمین نے اسکے لیئے کہربا کا لفظ اختیار کیا ہے۔ ۱۲

ایک انسان اِس سے انکار کرنے لگتا ہے، تو یہ اُسکی غفلت ہی، اور ضروری ہے کہ اُسے غفلت سے چونکا دینے کے لیئے دلیلیں پیش کی جائیں۔ لیکن یہ دلیل ایسی نہیں ہونی چاہیئے جو محض اُسکے ذہن و دماغ میں کاوش پیدا کردے، بلکہ ایسی ہونی چاہیئے جو اُسکے نہاں خانۂ دل پر دستک دیدے، اور اُسکا فطری وجدان بیدار کردے۔ اگر اُس کا وجدان بیدار ہوگیا، تو پھر اثبات مدعا کے لیئے بحث و تقریر کی ضرورت نہوگی۔ خود اُس کا وجدان ہی اُسے مدعا تک پہنچا دے گا!

یہی وجہ ہے کہ قرآن خود انسان کی فطرت ہی سے انسان پر حُجۃ لاتا ہے:

بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۙ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ؕ

بلکہ انسان کا وجود خود اُسکے خلاف (یعنی اُسکی کج اندیشیوں کے خلاف) حجت ہی، اگرچہ وہ (اپنے وجدان کے خلاف) کتنے ہی عذر بہانے تراش لیا کرے۔

(۷۵ : ۱۴)

اور اِسی لیئے وہ جا بجا فطرتِ انسانی کو مخاطب کرتا اور اُس کی گہرائیوں سے جواب طلب کرتا ہی:

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ۭ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ۝ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝

(۱۰ : ۳۲)

وہ کون ہے جو آسمان (میں پھیلے ہوئے کارخانۂ حیات) سے اور زمین (کی وسعت میں پیدا ہونے والے سامانِ رزق) سے تمہیں روزی بخش رہا ہی؟ وہ کون ہی جسکے قبضہ میں تمہارا سُننا اور دیکھنا ہی؟ وہ کون ہے جو بے جان سے جاندار کو اور جاندار سے بے جان کو نکالتا ہی؟ اور پھر وہ کونسی ہستی ہی جو یہ تمام کارخانۂ خلقت اِس نظم و نگرانی کے ساتھ چلا رہی ہی؟ (اے پیغمبر!) یقیناً وہ (بے اختیار) بول اُٹھیں گے۔ اللہ! (اُسکے سوا کون ہوسکتا ہے) اچھا، تو تم ان سے کہو، جب تمہیں اس بات سے انکار نہیں، تو پھر یہ کیوں ہی کہ غفلت و سرکشی سے نہیں بچتے؟ ہاں بیشک یہ اللہ ہی ہے جو تمہارا پروردگار برحق ہے، اور جب یہ حق ہی تو حق کے ظہور کے بعد اُسے نہ ماننا گمراہی نہیں تو اور کیا ہی؟ (افسوس تمہاری سمجھ پر) تم (حقیقت سے منہ پھرائے) کہاں جا رہے ہو؟

ایک دوسرے موقع پر فرمایا:

اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ مَا

وہ کون ہی جس نے آسمان اور زمین پیدا کیئے اور جس نے آسمان سے تمہارے لیئے پانی برسایا، پھر اس آب پاشی سے خوشنما باغ اُگا دیئے، حالانکہ تمہارے بس کی یہ بات نہ تھی کہ ان باغوں کے درخت اُگاتے؟ کیا ان کاموں کا

كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْبِتُوْا شَجَرَهَا
ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ
يَّعْدِلُوْنَ ۝ اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ
قَرَارًا وَّجَعَلَ خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّ
جَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ وَجَعَلَ بَيْنَ
الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ
بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝
اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ
وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ
الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا
مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝ اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ
فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ
يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا ۢ بَيْنَ يَدَيْ
رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ
ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ
مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ
اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ
كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝

(۲۷ : ۶۱ - ۶۲ ، ۶۳ - ۶۴ - ۶۵)

کرنے والا) اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود بھی ہے ؟ (افسوس ان لوگوں کی سمجھ پر! حقیقت حال کتنی ہی ظاہر ہو) مگر یہ وہ لوگ ہیں جن کا شیوہ ہی کج روی ہے! اچھا، بتلاؤ، وہ کون ہے جس نے زمین کو (زندگی و معیشت کا) ٹھکانا بنا دیا۔ اُس کے درمیان نہریں جاری کر دیں، اس (کی درستگی) کے لیے پہاڑ بلند کر دیئے، اور دو دریاؤں میں (یعنی دریا اور سمندر میں ایسی) دیوار حائل کر دی (کہ دونوں اپنی اپنی جگہ میں محدود رہتے ہیں) کیا اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا بھی ہے ؟ (افسوس، کتنی واضح بات ہے) مگر ان لوگوں میں اکثر ایسے ہیں جو نہیں جانتے! اچھا، بتلاؤ، وہ کون ہے جو بیقرار دلوں کی پکار سنتا ہے جب وہ (ہر طرف سے مایوس ہو کر) اُسے پکارتے ہیں اور اُن کا دُکھ ٹال دیتا ہے ؟ اور وہ کون ہے کہ اُس نے تمہیں زمین کا جانشین بنایا ہے ؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا بھی ہے ؟ (افسوس انسان کی غفلت پر!) بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ وہ عبرت و نصیحت حاصل کرے! اچھا، بتلاؤ، وہ کون ہے جو صحراؤں اور سمندروں کی تاریکیوں میں تمہاری رہنمائی کرتا ہے، اور وہ کون ہے جو باران رحمت سے پہلے خوشخبری دینے والی ہوائیں چلا دیتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا بھی معبود ہے ؟ (ہرگز نہیں!) اللہ کی ذات اُس ساجھے سے پاک و منزہ ہے جو یہ لوگ اُسکی معبودیت میں ٹھیرا رہے ہیں! اچھا، بتلاؤ، وہ کون ہے جو مخلوقات کی پیدائش شروع کرتا ہے اور پھر اُسے دُہراتا ہے اور وہ کون ہے جو آسمان و زمین کے کارخانہ ہائے رزق سے تمہیں روزی دے رہا ہے ؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود بھی ہے ؟ (اے پیغمبر!) اِن سے کہو اگر تم (اپنے رویّہ میں) سچے ہو (اور انسانی عقل و بصیرت کی اس عالمگیر شہادت کے خلاف تمہارے پاس کوئی دلیل ہے) تو اپنی دلیل پیش کرو!

اِن سوالات میں سے ہر سوال اپنی جگہ ایک مستقل دلیل ہے، کیونکہ اِن میں سے ہر سوال کا صرف ایک ہی جواب ہو سکتا ہے اور وہ فطرتِ انسانی کا عالمگیر اور مسلّمہ اذعان ہے۔ ہمارے متکلمین کی نظر اس پہلو پر نہ تھی، اِس لیئے قرآن کا اسلوب استدلال اُن پر واضح نہ ہو سکا اور دور دور دراز گوشوں میں نکل گئے۔

بہرحال قرآن کے وہ بے شمار مقامات، جن میں کائنات ہستی کے سر و سامان پرورش اور نظام ربوبیت کی

کارسازیوں کا ذکر کیا گیا ہے، در اصل اسی استدلال پر مبنی ہیں:

فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ إِلَىٰ طَعَامِهِ ۝ أَنَّا صَبَبْنَا الْمَاءَ صَبًّا ۝ ثُمَّ شَقَقْنَا الْأَرْضَ شَقًّا ۝ فَأَنْبَتْنَا فِيهَا حَبًّا ۝ وَعِنَبًا وَقَضْبًا ۝ وَزَيْتُونًا وَنَخْلًا ۝ وَحَدَائِقَ غُلْبًا ۝ وَفَاكِهَةً وَأَبًّا ۝ مَتَاعًا لَكُمْ وَلِأَنْعَامِكُمْ ۝

(۸۰ : ۲۴ - ۳۲)

(کم از کم) انسان، اتنا ہی کرے کہ) اپنی غذا پر نظر ڈالے (جو شب و روز اُسکے استعمال میں آتی رہتی ہے۔ ہم پہلے زمین پر پانی برساتے ہیں۔ پھر زمین کی سطح شق کر دیتے ہیں (پھر جو بیج اس میں ڈالا گیا تھا وہ نشو و نما پاکر اُبھرتا اور بار آور ہوجاتا ہے) پھر اس روئیدگی سے طرح طرح کی چیزیں پیدا کر دیتے ہیں: اناج کے دانے، انگور کی بیلیں، کھجور کے خوشے، ترکاری، زیتون کا تیل، درختوں کے جھنڈ [illegible] طرح طرح کا چارہ، (اور یہ سب کچھ کس لیے؟) تمہارے فائدے کے لیے اور تمہارے [illegible]

اِن آیات میں فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ کے زور پر غور کرو۔ انسان کتنا ہی غافل ہوجائے اور کتنا ہی اعراض کرے، لیکن دلائل حقیقت کی وسعت اور ہمہ گیری کا یہ حال ہے کہ وہ کسی حال میں بھی اُس سے اوجھل نہیں ہوسکتے۔ ایک انسان تمام دنیا کی طرف سے آنکھیں بند کرلے، لیکن یہ حال اپنی شب و روز کی غذا سے تو آنکھیں بند نہیں کرسکتا؟ جو غذا اُسکے سامنے دھری ہے، اُسی پر نظر ڈالے یہ بات۔ گیہوں کا دانہ اچھا، گیہوں کا ایک دانہ اپنی ہتھیلی پر رکھ لو، اور اُسکی پیدائش سے لیکر اُسکی پختگی و تکمیل تک کے تمام احوال و ظروف پر غور کرو۔ کیا یہ حقیر سا ایک دانہ بھی وجود میں آسکتا تھا اگر تمام کارخانہ ہستی ایک خاص نظم و ترتیب کے ساتھ اسکی تکوین میں سرگرم نہ رہتا؟ اور اگر دنیا میں ایک ایسا نظام ربوبیت موجود ہے، تو کیا یہ ہوسکتا ہے کہ ایک ربوبیت رکھنے والی ہستی موجود نہ ہو؟

سورۂ نحل میں یہی استدلال ایک دوسرے پیرایہ میں کیا گیا ہے:

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُونِهِ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَدَمٍ لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشَّارِبِينَ ۝ وَمِنْ ثَمَرَاتِ النَّخِيلِ وَالْأَعْنَابِ تَتَّخِذُونَ مِنْهُ سَكَرًا وَرِزْقًا حَسَنًا ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ ۝ وَأَوْحَىٰ رَبُّكَ إِلَى النَّحْلِ أَنِ اتَّخِذِي مِنَ الْجِبَالِ

اور (دیکھو یہ) چار پائے (جنہیں تم پالتے ہو) ان [illegible] سے بڑے غور کرنے اور نتیجہ نکالنے کی بڑی ہی عبرت ہے۔ انکے جسم سے کثافت کے درمیان دودھ پیدا کرتے ہیں جو پینے والوں کے لیے بے غش مشروب ہوتا ہے (اسی طرح نباتات کی کشایشوں پر غور کرو) پھلوں میں کھجور اور انگور پیدا ہوتے ہیں جن سے نشہ آور عرق اور اچھی غذا دونوں طرح کی چیزیں حاصل کرتے ہو۔ بلاشبہ اس بات میں ارباب عقل کیلئے (ربوبیت الٰہی کی) بڑی ہی نشانی ہے۔ اور (پھر دیکھو یہ بھی) تمہارے پروردگار ہی کی پروردگاری ہے کہ اُس) نے شہد کی مکھی کو

بُيُوتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُونَ ۝ ثُمَّ كُلِي مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِي سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۗ اِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝ (۱۶: ۶۸ - ۶۹)	طبیعت میں یہ بات ڈالدی کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور اُن ٹٹیوں میں جو اس غرض سے بلند کردی جاتی ہیں اپنے لیئے گھر بنائے پھر ہر طرح کے پھولوں سے رس چوسے پھر اپنے پروردگار کے ٹھیرائے ہوئے طریقوں پر کامل فرمانبرداری کے ساتھ گامزن ہو۔ (چنانچہ تم دیکھتے ہو کہ) اُسکے شکم سے مختلف رنگتوں کا رس نکلتا ہے (جو تمہارے کھانے میں آتا ہے اور) جس میں انسان کیلیئے شفا ہو۔ بلاشبہ اس بات میں ان لوگوں کیلیئے جو غور و فکر کرتے ہیں (ربوبیت الٰہی کی عجائب آفرینیوں کی) بڑی ہی نشانی ہے!

جس طرح اُس نے جا بجا خلقت سے استدلال کیا ہے یعنی دنیا میں ہر چیز مخلوق ہے، اس لیئے ضروری ہے کہ خالق بھی ہو، اسی طرح وہ ربوبیت سے بھی استدلال کرتا ہے یعنی دنیا میں ہر چیز مربوب ہے اس لیئے ضروری ہے کہ کوئی رب بھی ہو۔ اور دنیا میں ربوبیت کامل اور بے داغ ہے۔ اسلیئے ضروری ہے کہ کامل اور بے عیب رب بھی موجود ہو۔

زیادہ واضح لفظوں میں اسے یوں ادا کیا جا سکتا ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، دنیا میں ہر چیز ایسی ہے کہ اُسے پرورش کی احتیاج ہے، اور اُسے پرورش مل رہی ہے۔ پس ضروری ہے کہ کوئی پرورش کرنے والا بھی موجود ہو۔ یہ پرورش کرنے والا کون ہے؟ یقیناً وہ نہیں ہو سکتا جو خود پروردہ اور محتاج پروردگاری ہو۔ قرآن میں جہاں کہیں اس طرح کے مخاطبات ہیں جیساکہ سورۂ واقعہ کی مندرجۂ ذیل آیت میں ہے، وہ اسی استدلال پر مبنی ہیں:

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ۝ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ۝ لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ۝ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ۝	اچھا، تم نے اس بات پر غور کیا کہ جو کچھ تم کشت کاری کرتے ہو اُسے تم اُگاتے ہو، یا ہم اُگاتے ہیں؟ اگر ہم چاہیں تو اُسے چورا چورا کردیں اور تم صرف یہ کہنے کے لیئے رہجاؤ کہ

[1] اس موقع پر یہ اصل پیش نظر رکھنی چاہیے کہ جس طرح کائناتِ خلقت کی ہر چیز نظر و اعتبار کے مختلف پہلو رکھتی ہے، اُسی طرح قرآن کا استشہاد بھی بیک وقت مختلف پہلوؤں سے تعلق رکھتا ہے۔ البتہ خصوصیت کے ساتھ زور کسی ایک ہی پہلو کے لیئے ہوتا ہے۔ مثلاً شہد کی پیدائش اور تمدنی ہستی کے اعمال کے مختلف پہلو ہیں۔ یہ بات کہ ایک نہایت مفید اور لذیذ غذا پیدا ہو جاتی ہے، ربوبیت ہے۔ یہ بات کہ ایک حقیر سا جانور اس دانشمندی و دقت کے ساتھ یہ کام انجام دیتا ہے، ذہن و ادراک کی بخشش کا عجیب و غریب منظر ہے، اور اسلیئے حکمت و قدرت کا پہلو رکھتا ہے۔ ان آیات کا سیاق و سباق بتلاتا ہے کہ یہاں زیادہ تر توجہ ربوبیت پر دلائی گئی ہے، لیکن ساتھ ہی حکمت و قدرت کے پہلوؤں پر بھی روشنی پڑ رہی ہے۔ اسی طرح اکثر مقامات میں ربوبیت، رحمت، حکمت، اور قدرت کے مشترک مظاہر بیان کیئے گئے ہیں۔ لیکن خصوصیت کے ساتھ زور کسی ایک ہی پہلو پر ہے ۱۲

بَلْ نَحْنُ مَحْرُومُونَ ۝ أَفَرَءَيْتُمُ الْمَاءَ الَّذِي تَشْرَبُونَ ۝ ءَأَنتُمْ أَنزَلْتُمُوهُ مِنَ الْمُزْنِ أَمْ نَحْنُ الْمُنزِلُونَ ۝ لَوْ نَشَاءُ جَعَلْنَاهُ أُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُونَ ۝ أَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِي تُورُونَ ۝ ءَأَنتُمْ أَنشَأْتُمْ شَجَرَتَهَا أَمْ نَحْنُ الْمُنشِئُونَ ۝ نَحْنُ جَعَلْنَاهَا تَذْكِرَةً وَمَتَاعًا لِّلْمُقْوِينَ ۝

(۵۶ : ۶۷ - ۷۳)

افسوس ہمیں اس نقصان کا تاوان بھرنا پڑے گا۔ اتنا ہی نہیں بلکہ ہم تو اپنی محنت کے سارے فائدوں سے محروم ہو گئے۔" اچھا، تم نے یہ بات بھی دیکھی کہ یہ جو پانی تمہارے پینے میں آتا ہے تو اسے کون برساتا ہے؟ تم برساتے ہو یا ہم برساتے ہیں؟ اگر ہم چاہیں تو اسے (سمندر کے پانی کی طرح) تلخ کر دیں۔ پھر کیا اس نعمت کیلئے ضروری نہیں کہ تم شکر گزار رہو؟ اچھا، تم نے یہ بات بھی دیکھی کہ یہ آگ جو تم سلگاتے ہو تو اسکے لیے لکڑی تم نے پیدا کی ہے یا ہم پیدا کر رہے ہیں؟

اسی طرح وہ **نظام** ربوبیت سے **توحید الٰہی** پر استدلال کرتا ہے۔ جو رب العالمین تمام کائنات ہستی کی پرورش کر رہا ہے، اور جس کی ربوبیت کا اعتراف تمہارے دل کے ایک ایک ریشہ میں موجود ہے اُسکے سوا کون اسکا مستحق ہو سکتا ہے کہ بندگی و نیاز کا سر اُسکے آگے جھکایا جائے؟:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ رِزْقًا لَّكُمْ فَلَا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَندَادًا وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

(۲ : ۲۱)

اے افراد نسل انسانی! اپنے پروردگار کی عبادت کرو، اُس پروردگار کی جس نے تمہیں پیدا کیا، اور اُن سب کو بھی پیدا کیا جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں، اور اسلیے پیدا کیا تاکہ تم برائیوں سے بچو۔ وہ پروردگار عالم جس نے تمہارے لیے زمین فرش کی طرح بچھا دی، اور آسمان چھت کی طرح بنا دیا، اور پھر جس کی پروردگاری آسمان سے پانی برساتی ہے اور اس سے طرح طرح کے پھل تمہاری غذا کیلئے پیدا ہو جاتے ہیں۔ پس جبکہ خالقیت اسی کی خالقیت ہے اور ربوبیت اسی کی ربوبیت ہے تو ایسا نہ کرو کہ کسی دوسری ذات کو اسکا ہم پلہ ٹھیراؤ، اور تم اس حقیقت سے بے خبر نہیں ہو!

یا مثلاً سورۂ فاطر میں ہے:

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللَّهِ يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ فَأَنَّىٰ تُؤْفَكُونَ

(۳۵ : ۳)

اے افراد نسل انسانی! اللہ نے اپنی جن نعمتوں سے تمہیں فیض یاب کیا ہے اُن پر غور کرو۔ کیا اللہ کے سوا کوئی دوسرا بھی خالق ہے جو تمہیں زمین اور آسمان کی بخششوں سے رزق دے رہا ہے؟ نہیں، کوئی معبود نہیں ہے مگر اسی کی ایک ذات!

اسی طرح وہ نظامِ ربوبیت کے اعمال سے انسانی سعادت و شقاوت کے معنوی قوانین اور وحی و رسالت کی ضرورت پر بھی استدلال کرتا ہے۔ بس رب العالمین نے تمہاری پرورش کیلئے ربوبیت کا ایسا نظام قائم کر رکھا ہے، کیا ممکن ہو کہ اس نے تمہاری روحانی فلاح و سعادت کیلئے کوئی قانون، کوئی نظام، کوئی قاعدہ مقرر نہ کیا ہو؟ جس طرح تمہارے جسم کی ضرورتیں ہیں، اسی طرح تمہاری روح کی بھی ضرورتیں ہیں۔ پھر کیونکر ممکن ہے کہ جسم کی نشو و نما کے لیئے تو اسکے پاس سب کچھ ہو، لیکن روح کی نشو و نما کے لیے اسکے پاس کوئی پروردگاری نہ ہو۔

اگر وہ رب العالمین ہے، اور اسکی ربوبیت کے فیضان کا یہ حال ہو کہ ہر ذرہ کے لیئے سیرابی، اور ہر چیونٹی کے لیئے کارسازی رکھتی ہے، تو کیونکر باور کیا جا سکتا ہے کہ انسان کی روحانی سعادت کے لیئے اسکے پاس کوئی سرچشمگی نہ ہو؟ اسکی پروردگاری اجسام کی پرورش کیلئے آسمان سے پانی برسائے، لیکن ارواح کی پرورش کیلئے ایک قطرۂ فیض بھی نہ رکھے؟ تم دیکھتے ہو کہ جب زمین شادابی سے محروم ہو کر مردہ ہو جاتی ہے، تو یہ اس کا قانون ہے کہ بارانِ رحمت نمودار ہوتی ہے، اور زندگی کی برکتوں سے زمین کا ایک ایک ذرہ مالا مال ہو جاتا ہے۔ پھر کیا ضروری نہیں ہے کہ جب عالم انسانیت، ہدایت و سعادت کی شادابیوں سے محروم ہو جائے، تو اسکی بارانِ رحمت نمودار ہو کر ایک ایک روح کو پیامِ زندگی پہنچا دے؟ روحانی سعادت کی یہ بارش کیا ہے؟ وہ کہتا ہے، وحی الٰہی ہے۔ تم اس منظر پر کبھی متعجب نہیں ہوتے کہ پانی برسا اور مردہ زمین زندہ ہو گئی۔ پھر اس بات پر کیوں چونک اٹھو کہ وحی الٰہی ظاہر ہوئی اور مردہ روحوں میں زندگی کی جنبش پیدا ہو گئی؟

حٰمٓ ۚ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۚ اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۙ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۚ تِلْكَ

یہ اللہ کی طرف سے کتاب (ہدایت) نازل کی جاتی ہے جو عزیز او حکیم ہے۔ بلا شبہ ایمان رکھنے والوں کے لیئے آسمانوں اور زمین میں (معرفتِ حق کی) بے شمار نشانیاں ہیں۔ نیز تمہاری پیدائش میں اور ان چارپایوں میں جنہیں اس نے زمین میں پھیلا رکھا ہے ارباب یقین کیلئے بڑی ہی نشانیاں ہیں۔ اسی طرح رات اور دن کے یکے بعد دیگرے آتے رہنے میں، اور اس سرمایۂ رزق میں جسے وہ آسمان سے برساتا ہے اور زمین مرنے کے بعد پھر جی اٹھتی ہے، اور ہواؤں کے رد و بدل میں اربابِ عقل کے لیئے بڑی ہی نشانیاں ہیں (اے پیغمبر!) یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو فی الحقیقت

...اٰیٰتُ اللّٰہِ نَتْلُوْھَا عَلَیْکَ بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۢ بَعْدَ اللّٰہِ وَاٰیٰتِہٖ یُؤْمِنُوْنَ (۴۵: ۱-۵)

...تم پر نازل کی گئی ہیں، اور اللہ اور اُس کی آیتوں کے بعد کونسی چیز رہ گئی ہے جسے سُن کر یہ لوگ ایمان لائیں گے؟

سورۂ انعام میں اُن لوگوں کا جو وحیٔ الٰہی کے نزول پر متعجب ہوتے ہیں، اِن لفظوں میں ذکر کیا ہے:۔

وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ عَلٰی بَشَرٍ مِّنْ شَیْءٍ ؕ (۶: ۹۱)

اور اللہ کے کاموں کی انہیں جو قدرشناسی کرنی تھی، یقیناً اُنہوں نے نہیں کی، جب اُنہوں نے یہ بات کہی کہ "اللہ نے اپنے کسی بندے پر کوئی چیز نازل نہیں کی۔"

پھر تورات اور قرآن کے نزول کے ذکر کے بعد حسب ذیل بیان شروع ہو جاتا ہے:

اِنَّ اللّٰہَ فٰلِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰی ؕ یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَیِّتِ مِنَ الْحَیِّ ؕ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ ۝ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّیْلَ سَکَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ ذٰلِکَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝ وَھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ النُّجُوْمَ لِتَھْتَدُوْا بِھَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ ۝ الخ (۶: ۹۵-۹۸)

یقیناً یہ اللہ ہی کی کارفرمائی ہے کہ وہ دانے اور گٹھلی کو شق کرتا ہے اور اُس سے ہر چیز کا درخت پیدا کر دیتا ہے، وہ زندہ کو مردہ چیز سے نکالتا ہے اور مُردہ کو زندہ اشیاء سے نکالنے والا ہے۔ ہاں وہی تمہارا خدا ہے، پھر تم اُس سے روگردانی کرکے کدھر کو بہکے چلے جا رہے ہو؟ ہاں، وہی پردۂ شب چاک کرکے صبح کی روشنی نمودار کرنے والا ہے، وہی ہے جس نے رات کو راحت و سکون کا ذریعہ بنا دیا ہے اور وہی ہے کہ اُس نے سورج اور چاند کی گردش ایک درستگی کے ساتھ قائم کر دی ہے کہ حساب کا معیار بن گئی ہے۔ یہ اُس عزیز و علیم کا ٹھہرایا ہوا اندازہ ہے۔ اور (پھر دیکھو) وہ کارفرمائے قدرت جس نے تمہارے لیے ستارے پیدا کر دیئے تاکہ خشکی اور تری کی تاریکیوں میں اُن سے رہنمائی پاؤ۔ بلاشبہ اُن لوگوں کے لیے جو جاننے والے ہیں ہم نے دلیلیں کھول کھول کر بیان کر دی ہیں۔

یعنی جس پروردگارِ عالم کی ربوبیت و رحمت کا یہ تمام فیضان شب و روز دیکھ رہے ہو، کیا ممکن ہے کہ وہ تمہاری جسمانی پرورش و ہدایت کیلئے تو یہ سب کچھ کرے، لیکن تمہاری روحانی پرورش و ہدایت کے لیئے اُسکے پاس کوئی سروسامان نہو؟ وہ زمین کی موت کو زندگی سے بدل دیتا ہے۔ پھر کیا وہ تمہاری روح کی موت کو زندگی سے نہیں بدل دیگا؟ وہ ستاروں کی روشن علامتوں سے خشکی و تری کی ظلمتوں میں رہنمائی کرتا ہے۔ کیونکر ممکن ہے کہ تمہاری روحانی زندگی کی تاریکیوں میں رہنمائی کی کوئی روشنی نہ ہو؟ تم جو کبھی اِس پر متعجب نہیں ہوتے کہ زمین پر کھیت لہلہا رہے ہیں، اور آسمان میں تارے چمک رہے ہیں،

کیوں اس بات پر متعجب ہوتے ہو کہ خدا کی وحی نوع انسانی کی ہدایت کے لئے نازل ہو رہی ہے؟ اگر تمہیں تعجب ہوتا ہے، تو یہ اس بات کا نتیجہ ہے کہ تم نے خدا کو اُسکی صفتوں میں اُس طرح نہیں دیکھا ہے، جسطرح دیکھنا چاہیئے۔ تمہاری سمجھ میں یہ بات تو آجاتی ہے کہ وہ ایک چیونٹی کی پرورش کیلئے یہ پورا کارخانۂ حیات سرگرم رکھے، مگر یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ نوع انسانی کی ہدایت کے لئے سلسلۂ وحی و تنزیل قائم ہو!

اسی طرح وہ اعمالِ ربوبیت سے معاد اور آخرت پر بھی استدلال کرتا ہے۔ جو چیز جتنی زیادہ نگرانی اور اہتمام سے بنائی جاتی ہے، اتنی ہی زیادہ قیمتی استعمال اور اہم مقصد بھی رکھتی ہے، اور بہتر صنّاع وہی ہے جو اپنی صنعت گری کا بہتر استعمال اور مقصد رکھتا ہو۔ پس انسان جو کرۂ ارضی کی بہترین مخلوق اور اُسکے تمام سلسلۂ خلقت کا خلاصہ ہے، اور جسکی جسمانی و معنوی پرورش کیلئے فطرتِ کائنات اس قدر اہتمام کر رہی ہے کیونکر ممکن ہے کہ محض دنیا کی چند روزہ زندگی کے لئے ہی بنایا گیا ہو، اور کوئی بہتر استعمال اور بلند تر مقصد نہ رکھتا ہو؟ اور پھر اگر خالق کائنات رب ہے، اور کامل درجہ کی ربوبیت رکھتا ہے، تو کیونکر یہ باور کیا جا سکتا ہے کہ اُس نے اپنے ایک بہترین مربوب یعنی پروردہ ہستی کو محض اسلیئے بنایا ہو کہ مہمل اور بے نتیجہ چھوڑ دے؟

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا	کیا تم نے ایسا سمجھ رکھا ہے کہ ہم نے تمہیں بغیر کسی مقصد و نتیجہ کے پیدا کیا ہے
وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝	اور تم ہماری طرف لوٹنے والے نہیں؟ اللہ جو اس کائناتِ ہستی کا حقیقی
فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ	حکمران ہے، اِس سے بہت بلند ہے کہ ایک بیکار و عبث فعل کرے،
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ	کوئی معبود نہیں ہے مگر وہ جو (جہانداری کے) عرش بزرگ کا
(۲۳ : ۱۱۷)	پروردگار ہے!

ہم نے یہ مطلب اُسی سادہ طریقہ پر بیان کر دیا جو قرآن کے بیان و خطاب کا طریقہ ہے لیکن یہی مطلب علمی بحث و تقریر کے پیرایہ میں یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ وجودِ انسانی کرۂ ارضی کے سلسلۂ خلقت کی آخری اور اعلیٰ ترین کڑی ہے، اور اگر پیدائشِ حیات سے لیکر انسانی وجود کی تکمیل تک کی تاریخ پر نظر ڈالی جائے تو یہ ایک ناقابلِ شمار مدت کے مسلسل نشو و ارتقا کی تاریخ ہوگی۔ گویا فطرت نے ہزاروں لاکھوں برس کی کارفرمائی و صنّاعی سے کرۂ ارضی کا جو اعلیٰ ترین وجود تیار کیا ہے، وہ انسان ہے!

ماضی کے ایک نقطۂ بعید کا تصور کرو۔ جب ہمارا یہ کرّہ سورج کے ملتہب کرّہ سے الگ ہوا تھا نہیں معلوم کتنی مدت اسکے ٹھنڈے اور معتدل ہونے میں گزر گئی اور یہ اس قابل ہوا کہ زندگی کے عناصر اس میں نشو و نما پا سکیں۔ اسکے بعد وہ وقت آیا جب اسکی سطح پر نشو و نما کی سب سے پہلی داغ بیل پڑی، اور پھر نہیں

معلوم کتنی مدت کے بعد زندگی کا وہ اولین بیج وجود میں آسکا جسے پروٹو پلاسم PROTOPLASM کے لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ پھر حیات عضوی کے نشوونما کا دور شروع ہوا، اور نہیں معلوم کتنی مدت اس پر گزر گئی کہ اس دور نے بسیط سے مرکب تک اور ادنیٰ درجے سے اعلیٰ درجے تک ترقی کی منزلیں طے کیں یہانتک کہ حیوانات کی ابتدائی کڑیاں ظہور میں آئیں، اور پھر لاکھوں برس اس میں نکل گئے کہ یہ سلسلۂ ارتقا وجودِ انسانی تک مرتفع ہو۔ پھر انسان کے جسمانی ظہور کے بعد اُسکے ذہنی ارتقا کا سلسلہ شروع ہوا اور ایک طول طویل مدت اس پر گزر گئی۔ بالآخر سیکڑوں ہزاروں برس کے اجتماعی اور ذہنی ارتقا کے بعد وہ انسان ظہور پذیر ہو سکا جو کرۂ ارضی کے تاریخی عہد کا متمدّن اور عقیل و عاقل انسان ہے!

گویا زمین کی پیدائش سے لے کر ترقی یافتہ انسان کی تکمیل تک، جو کچھ گزر چکا ہے اور جو کچھ بنتا سنورتا رہا ہے، وہ تمام تر انسان کی پیدائش و تکمیل ہی کی سرگزشت ہے!

سوال یہ ہے کہ جس وجود کی پیدائش کیلئے فطرت نے اس درجہ اہتمام کیا ہے، کیا یہ سب کچھ صرف اس لئے تھا کہ وہ پیدا ہو، کھائے پیئے اور مر کر نابود ہو جائے؟ فتعالی اللہ الملک الحق لا الہ الا ھو رب العرش الکریم!

قدرتی طور پر یہاں ایک دوسرا سوال بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر وجودِ حیوانی اپنے ماضی میں ہمیشہ یکے بعد دیگرے متغیر ہوتا اور ترقی کرتا رہا ہے تو مستقبل میں بھی یہ تغیر و ارتقا کیوں جاری نہ رہے؟ اگر اس بات پر ہمیں بالکل تعجب نہیں ہوتا کہ ماضی میں بیشمار صورتیں مٹیں اور نئی زندگیاں ظہور میں آئیں، تو اس بات پر کیوں تعجب ہو کہ موجودہ زندگی کا مٹنا بھی بالکل ہٹ جانا نہیں ہے، اس کے بعد بھی ایک اعلیٰ تر صورت اور زندگی ہے؟

أَيَحْسَبُ الْإِنسَانُ أَن يُتْرَكَ سُدًى ۝ أَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّن مَّنِيٍّ يُمْنَىٰ ۝ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوَّىٰ ۝	کیا انسان خیال کرتا ہے کہ وہ مہمل چھوڑ دیا جائے گا (اور اس زندگی کے بعد دوسری زندگی نہ ہوگی)؟ کیا اس پر یہ حالت نہیں گزر چکی ہے کہ پیدائش سے پہلے نطفہ تھا، پھر نطفے سے علقہ ہوا (یعنی جونک کی سی شکل ہو گئی) پھر علقے سے اُسکا ڈیل ڈول پیدا کیا گیا، پھر اس ڈیل ڈول کو ٹھیک ٹھیک درست کیا گیا!
(۷۵: ۳۹)	

سورۂ ذاریات میں تمام تر دین یعنی جزا کا بیان ہے: إِنَّمَا تُوعَدُونَ لَصَادِقٌ ۝ وَإِنَّ الدِّينَ لَوَاقِعٌ ۝ اور پھر اس پر اعمالِ ربوبیت سے یعنی ہواؤں کے چلنے اور پانی برسنے کے موثرات سے استشہاد کیا گیا ہے: وَالذَّارِيَاتِ ذَرْوًا ۝ فَالْحَامِلَاتِ وِقْرًا ۝ فَالْجَارِيَاتِ يُسْرًا ۝ فَالْمُقَسِّمَاتِ أَمْرًا ۝ پھر آسمان اور زمین کی

بخشائشوں پر اور خود وجود انسانی کی اندرونی شہادتوں پر توجہ دلائی ہے: وَفِي الْأَرْضِ آيَاتٌ لِّلْمُوقِنِينَ ۝ وَفِي أَنفُسِكُمْ ۚ أَفَلَا تُبْصِرُونَ ۝ وَفِي السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ ۝ اسکے بعد فرمایا:

فَوَرَبِّ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّهُ لَحَقٌّ مِّثْلَ مَا أَنَّكُمْ تَنطِقُونَ (۵۱ : ۲۳)	آسمان و زمین کے رب کی قسم (یعنی آسمان و زمین کے پروردگاری کی پروردگاری شہادت دے رہی ہے) کہ بلاشبہ وہ معاملہ (یعنی جزا و سزا کا معاملہ) حق ہے۔ ٹھیک اسی طرح، جس طرح یہ بات کہ تم گویائی رکھتے ہو۔

اس آیت میں اثبات جزا کیلئے خدا نے خود اپنے وجود کی قسم کھائی ہے، لیکن رب کے لفظ سے اپنے آپ کو تعبیر کیا ہے۔ عربی میں قسم کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ کسی بات پر کسی بات سے شہادت لائی جائے پس مطلب یہ ہوا کہ پروردگار عالم کی پروردگاری شہادت دے رہی ہے کہ یہ بات حق ہے۔ یہ شہادت کیا ہے؟ وہی ربوبیت کی شہادت ہے۔ اگر دنیا میں پرورش موجود ہے، پروردہ موجود ہے۔ اور اسلیئے پروردگار بھی موجود ہے، تو ممکن نہیں کہ جزا کا معاملہ بھی موجود نہو۔ اور وہ بغیر کسی نتیجہ کے انسان کو چھوڑ دے۔ چونکہ لوگوں کی نظر اس حقیقت پر نہ تھی، اسلیئے اس آیت میں قسم اور مقسم بہ کا ربط صحیح طور پر متعین نہ کر سکے۔

قرآن حکیم کے دلائل و براہین پر غور کرتے ہوئے یہ اصل ہمیشہ پیش نظر رکھنی چاہیئے کہ اس کے استدلال کا طریقہ منطقی بحث و نقد کا طریقہ نہیں ہے جسکے لیئے چند در چند مقدمات کی ضرورت ہوتی ہے اور پھر اثبات مدعا کی شکلیں ترتیب دینی پڑتی ہیں، بلکہ وہ ہمیشہ براہ راست تلقین کا قدرتی اور سیدھا سادا طریقہ اختیار کرتا ہے۔ عموماً اسکے دلائل اُسکے اسلوب بیان و خطاب میں مضمر ہوتے ہیں۔ وہ یا تو کسی مطلب کے لیئے اسلوب خطاب ایسا اختیار کرتا ہے کہ اُسی سے استدلال کی روشنی نمودار ہو جاتی ہے۔ یا پھر کسی مطلب پر زور دیتے ہوئے کوئی ایک لفظ ایسا بول جاتا ہے کہ اُسکی تعبیر ہی میں اُسکی دلیل بھی موجود ہوتی ہے، اور خود بخود مخاطب کا ذہن دلیل کی طرف پھر جاتا ہے۔ چنانچہ اسکی ایک واضح مثال یہی صفت ربوبیت کا جابجا استعمال ہے۔ جب وہ خدا کی ہستی کا ذکر کرتا ہوا اُسے رب کے لفظ سے تعبیر کرتا ہے، تو یہ بات کہ وہ رب ہے، جس طرح اُسکی ایک صفت ظاہر کر دیتی ہے، اُسی طرح اُسکی دلیل بھی واضح کر دیتی ہے۔ وہ رب ہے، اور یہ واقعہ ہے کہ اُسکی ربوبیت تمہیں چاروں طرف سے گھیرے ہوئے، اور خود تمہارے دل کے اندر گھر بنائے ہوئے ہے۔ پھر کیونکر تم جرأت کر سکتے ہو کہ اُسکی ہستی سے انکار کرو؟ وہ رب ہے، اور رب کے سوا کون ہو سکتا ہے جو تمہاری بندگی و نیاز کا مستحق ہو؟

چنانچہ قرآن کے وہ تمام مقامات جہاں اس طرح کے مخاطبات ہیں کہ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ اعْبُدُوا اللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ، إِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ، ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ، إِنَّ

ان ھذہٖ امتکم امۃ واحدۃ وانا ربکم فاعبدون ، قل اتحاجوننا فی اللہ؟ وھو ربنا وربکم ،
وغیرہا، تو انہیں مجرد امر و خطاب ہی نہیں سمجھنا چاہیئے، بلکہ وہ خطابِ دلیل دونوں ہیں، کیونکہ رب
کے لفظ نے برہان ربوبیت کی طرف خود بخود رہنمائی کردی ہے۔ افسوس ہے کہ قرآن کے عام مفسرین
و مترجمین کی نظر اس حقیقت پر نہ تھی، کیونکہ منطقی استدلال کے استغراق نے انہیں قرآن کے طریق
استدلال سے بے پروا کردیا تھا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ان مقامات کے ترجمہ و تفسیر میں قرآن کے اسلوب بیان کی
حقیقی روح واضح نہ ہوسکی اور استدلال کا پہلو طرح طرح کی توجیہات میں گم ہوگیا۔

(۴) اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الرحمٰن اور الرحیم "الرحمٰن" اور "الرحیم" دونوں رحم سے ہیں۔ عربی میں رحمت عواطف کی ایسی رقت و
نرمی کو کہتے ہیں جس سے کسی دوسری ہستی کے لیئے احسان و شفقت کا ارادہ جوش میں آجائے۔ پس رحمت
میں محبت، شفقت، فضل، احسان، سب کا مفہوم داخل ہے، اور مجرد محبت، لطف اور فضل سے زیادہ وسیع
اور حاوی ہے۔

اگرچہ یہ دونوں اسم رحمت سے ہیں، لیکن رحمت کے دو مختلف پہلوؤں کو نمایاں کرتے ہیں
عربی میں فعلان کا باب عموماً ایسے صفات کیلیئے استعمال کیا جاتا ہے جو محض صفات عارضہ ہوتے ہیں
فعلی ظہور اُنکے لیئے ضروری نہیں ہوتا۔ جیسے پیاسے کیلیئے عطشان۔ غضبناک کیلیئے غضبان۔ سرایہ
کے لیئے حیران مست کیلیئے سکران۔ لیکن فعیل کے وزن میں صفاتِ قائمہ و فاعلہ کا خاصہ ہے یعنی
عموماً ایسے صفات کے لیئے بولا جاتا ہے جو جذبات و عوارض ہونے کی جگہ صفات قائمہ ہوتے ہیں،
اور اپنا فعلی ظہور بھی رکھتے ہیں۔ مثلاً کریم کرم کرنے والا، عظیم بڑائی رکھنے والا، علیم علم رکھنے والا
حکیم حکمت رکھنے والا۔ پس الرحمٰن کے معنی یہ ہوئے کہ وہ ذات جس میں رحمت ہے، اور الرحیم
کے معنی یہ ہوئے کہ وہ ذات جس میں نہ صرف رحمت ہے بلکہ جس کی رحمت اپنا فعلی ظہور بھی رکھتی ہے
اور تمام کائناتِ خلقت اُس سے فیض یاب ہو رہی ہے۔

رحمت کو دو الگ الگ اسموں سے کیوں تعبیر کیا گیا؟ اسلیئے کہ قرآن خدا کے تصوّر کا جو نقشہ
ذہن نشین کرنا چاہتا ہے، اُس میں سب سے زیادہ نمایاں اور چھائی ہوئی صفت، رحمت ہی کی صفت ہے بلکہ
کہنا چاہیئے کہ تمام تر رحمت ہی ہے:

وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ (۷: ۱۵۵) اور میری رحمت دنیا کی ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے!

پس ضروری تھا کہ خصوصیت کے ساتھ اسکی صفتی اور فعلی دونوں حیثیتیں واضح کر دی جائیں یعنی اُس میں رحمت ہو کیونکہ وہ الرحمٰن ہے اور صرف اتنا ہی نہیں، بلکہ ہمیشہ اس سے رحمت کا ظہور بھی ہو رہا ہے، کیونکہ الرحمٰن کے ساتھ وہ الرحیم بھی ہے۔

رحمت

لیکن اللہ کی رحمت کیا ہے؟ قرآن کہتا ہے، کائنات ہستی میں جو کچھ بھی خوبی و کمال ہے، وہ اسکے سوا کچھ نہیں ہے کہ رحمت الٰہی کی صفت و فعل کا ظہور ہے!

جب ہم کائنات ہستی کے اعمال و مظاہر پر غور کرتے ہیں تو سب سے پہلی حقیقت جو ہمارے سامنے نمایاں ہوتی ہے، وہ اُس کا نظامِ ربوبیت ہے کیونکہ فطرت سے ہماری پہلی شناسائی ربوبیت ہی کے ذریعہ ہوتی ہے۔ لیکن جب علم و ادراک کی راہ میں چند قدم آگے بڑھتے ہیں تو دیکھتے ہیں کہ ربوبیت سے بھی ایک زیادہ وسیع اور عام حقیقت تمام کائناتِ ہستی میں کارفرما ہے۔ اور خود ربوبیت بھی اُسی کے فیضان کا ایک گوشہ ہے۔ ربوبیت اور اُس کا نظام کیا ہے؟ کائنات ہستی کی پرورش ہے، لیکن کائنات ہستی میں صرف پرورش ہی نہیں ہے، بلکہ پرورش سے بھی ایک زیادہ بنانے، سنوارنے، اور فائدہ پہنچانے کی حقیقت کام کر رہی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اُسکی فطرت میں بناؤ ہے، اُسکے بناؤ میں خوبی ہے، اُسکے مزاج میں اعتدال ہے، اُسکے افعال میں خواص ہیں، اُسکی صورت میں حسن ہے، اسکی صداؤں میں نغمہ ہے، اُسکی بو میں عطر بیزی ہے، اور اسکی کوئی بات نہیں جو اس کارخانہ کی تعمیر و درستگی کے لئے مفید نہ ہو۔ پس یہ حقیقت جو اپنے بناؤ اور فیضان میں ربوبیت سے بھی زیادہ وسیع اور عام ہے، قرآن کہتا ہے کہ رحمت ہے، اور خالق کائنات کی رحمانیت اور رحیمیت کا ظہور ہے!

زندگی اور حرکت کا یہ عالمگیر کارخانہ وجود ہی میں نہ آتا، اگر اپنے ہر فعل میں بننے بنانے، سنورنے سنوارنے، اور ہر طرح بہتر و اصلح ہونے کا خاصہ نہ رکھتا۔ فطرتِ کائنات میں یہ خاصہ کیوں ہے؟ اسلیئے کہ بناؤ ہو، بگاڑ نہ ہو۔ درستگی ہو، برہمی نہ ہو۔ لیکن کیوں ایسا ہوا کہ فطرت بنائے اور سنوارے، بگاڑے اور اُلجھائے نہیں؟ یہ کیا ہے کہ جو کچھ ہوتا ہے، درست اور بہتر ہی ہوتا ہے۔ خراب اور بدتر نہیں ہوتا؟ انسان کے علم و دانش کی کاوشیں آجتک یہ عقدہ حل نہ کر سکیں۔ فلسفہ و نظر کا قدم جب کبھی اس حد تک پہنچا، وہم و تحیر میں ڈوب کر رہ گیا! لیکن قرآن کہتا ہے، یہ اسلیئے ہے کہ فطرتِ کائنات میں رحمت ہے، اور رحمت کا مقتضیٰ یہی ہے کہ خوبی اور درستگی ہو، بگاڑ اور خرابی نہ ہو!

انسان کے علم و دانش کی کاوشیں بتلاتی ہیں کہ کائناتِ ہستی کا یہ بناؤ اور سنوار عناصر اولیہ کی

ترکیب اور ترکیب کے اعتدال و تسویہ کا نتیجہ ہے۔ مادۂ عالم کی کمیت میں بھی اعتدال ہے اور کیفیت میں بھی اعتدال ہے۔ یہی اعتدال ہے جس سے سب کچھ بنتا ہے، اور جو کچھ بنتا ہی، خوبی اور کمال کے ساتھ بنتا ہے۔ یہی اعتدال و تناسب، دنیا کے تمام تعمیری اور ایجابی حقائق کی اصل ہی۔ وجود، زندگی، تندرستی، حُسن، خوشبو، نغمہ، بناؤ اور خوبی کے بہت سے نام ہیں مگر حقیقت ایک ہی ہے، اور وہ اعتدال ہی۔

لیکن فطرتِ کائنات میں یہ اعتدال و تناسب کیوں ہے؟ کیوں ایسا ہوا کہ عناصر کے دقائق جب ملیں تو اعتدال و تناسب کے ساتھ ملیں، اور مادّہ کا خاصہ یہی ٹھیرا کہ اعتدال و تناسب ہو، انحراف اور تجاوز نہ ہو؟ انسان کا علم دم بخود اور متحیّر ہے، لیکن قرآن کہتا ہے، یہ اسلیئے ہوا کہ خالق کائنات میں رحمت ہی، اور اسلیئے کہ اُسکی رحمت اپنا ظہور بھی رکھتی ہے، اور جسمیں رحمت ہو، اور اُسکی رحمت ظہور بھی رکھتی ہو تو جو کچھ اُس سے صادر ہوگا، اُس میں خوبی و بہتری ہی ہوگی، حُسن و جمال ہی ہوگا، اعتدال و تناسب ہی ہوگا، اس کے خلاف کچھ نہیں ہوسکتا!

فلسفہ ہمیں بتلاتا ہی کہ تعمیر اور تحسین فطرت کا خاصّہ ہی۔ خاصّۂ تعمیر یہ چاہتا ہے کہ بنے اور ہو، خاصّہ تحسین یہ چاہتا ہے کہ جو کچھ بنے خوبی و کمال کے ساتھ بنے، اور یہ دونوں خاصّے "قانونِ ضرورت" کا نتیجہ ہیں۔ کائناتِ ہستی کے ظہور و تکمیل کیلئے ضرورت تھی کہ تعمیر ہو، اور ضرورت تھی کہ جو کچھ تعمیر ہو حُسن و خوبی کے ساتھ تعمیر ہو۔ یہی "ضرورت" بجائے خود ایک علّت ہوگئی، اور اسلیئے فطرت سے جو کچھ بھی ظہور میں آتا ہے، ویسا ہی ہوتا ہے، جیسا ہونا ضروری تھا۔

لیکن اس تعلیل سے بھی تو یہ عقدہ حل نہیں ہوا؟ سوال جس منزل میں تھا، اُس سے صرف ایک منزل اور آگے بڑھ گیا۔ تم کہتے ہو یہ جو کچھ ہو رہا ہے، اسلیئے ہی کہ "ضرورت" کا قانون موجود ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ "ضرورت" کا قانون کیوں موجود ہے؟ کیوں یہ ضروری ہوا کہ جو کچھ ظہور میں آئے "ضرورت" کے مطابق ہو، اور "ضرورت" اِسی بات کی مقتضی ہوئی کہ خوبی اور درستگی ہو، بگاڑ اور برہمی نہ ہو؟ انسانی علم کی کاوشیں اس کا کوئی جواب نہیں دے سکتیں۔ ایک مشہور فلسفی کے لفظوں میں، "جس جگہ سے یہ 'کیوں' شروع ہوجائے سمجھ جاؤ کہ فلسفہ کے غور و خوض کی سرحد ختم ہوگئی"۔ لیکن قرآن اِسی سوال کا جواب دیتا ہے۔ وہ کہتا ہے، یہ "ضرورت" رحمت اور فضل کی "ضرورت" ہی۔ رحمت چاہتی ہے کہ جو کچھ ظہور میں آئے بہتر ہو اور نافع ہو، اور اِس لیئے جو کچھ ظہور میں آتا ہی بہتر ہوتا ہے اور نافع ہوتا ہے!

پھر یہ حقیقت بھی واضح رہے کہ دنیا میں زندگی اور بقا کے لیئے جن چیزوں کی ضرورت ہی، جمال و زیبائی اُن سے ایک زائد تر فیضان ہے، اور ہم دیکھ رہے ہیں کہ جمال و زیبایش موجود ہے۔ پس یہ نہیں کہا جاسکتا کہ

یہ سب کچھ قانونِ ضرورت ہی کا نتیجہ ہے۔ ضرورت، زندگی اور بقا کا سروسامان چاہتی ہے، لیکن زندہ اور باقی رہنے کیلئے جمال و زیبائش کی ضرورت کیا ہے؟ اگر جمال و زیبائش بھی یہاں موجود ہے تو یقیناً یہ فطرت کا ایک مزید لطف و احسان ہے، اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ فطرت صرف زندگی ہی نہیں بخشتی بلکہ زندگی کو حسین و لطیف بھی بنانا چاہتی ہے۔ پس یہ محض زندگی کی ضرورت کا قانون نہیں ہو سکتا۔ یہ اس "ضرورت" سے بھی کوئی بالاتر "ضرورت" ہے جو چاہتی ہے کہ رحمت اور فیضان ہو۔ قرآن کہتا ہے، یہ رحمت کی "ضرورت" ہے، اور رحمت کا مقتضٰی یہی ہے کہ وہ سب کچھ ظہور میں آئے جو رحمت سے ظہور میں آنا چاہیئے:

قُلْ لِّمَنْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلْ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ (۶ : ۱۲) — آسمان و زمین میں جو کچھ ہے، وہ کس کے لیے ہے؟ (اے پیغمبر) کہہ اللہ کیلئے ہے جس نے اپنے لیئے ضروری ٹھیرا لیا ہے کہ رحمت ہو۔

وَرَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ ؕ (۷ : ۱۵۵) — اور میری رحمت دنیا کی ہر چیز کا احاطہ کیئے ہوئے ہے!

اِفادہ و فیضانِ فطرت — اس سلسلہ میں سب سے پہلی حقیقت جو ہمارے سامنے نمایاں ہوتی ہے، وہ کائناتِ ہستی اور اسکی تمام اشیا کا اِفادہ و فیضان ہے۔ یعنی ہم دیکھتے ہیں کہ فطرت کے تمام کاموں میں، کامل نظم و یکسانیت کے ساتھ، مفید اور بکار آمد ہونے کی خاصیت پائی جاتی ہے، اور اگر بہ حیثیت مجموعی دیکھا جائے تو ایسا معلوم ہوتا ہے گویا یہ تمام کارگاہ عالم صرف اسی لیئے بنا ہے کہ ہمیں فائدہ پہنچائے، اور ہماری حاجت روائیوں کا ذریعہ ہو:

وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مِّنْهُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ (۴۵ : ۱۱) — اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے وہ سب اللہ نے تمہارے لیئے مسخر کر دیا ہے (یعنی اُن کی قوتیں اور تاثیریں اس طرح تمہارے تصرف میں دیدی گئی ہیں کہ جس طرح چاہو کام لے سکتے ہو) بلاشبہ ان لوگوں کیلئے جو غور و فکر کرنیوالے ہیں، اس بات میں (معرفت حق کی) بڑی ہی نشانیاں ہیں![1]

---

[1] اس آیت میں اور اسکی تمام ہم معنی آیات میں "سخّر" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے یعنی تمام چیزیں تمہارے لیئے مسخر کر دی گئی ہیں۔ عربی میں تسخیر ٹھیک ٹھیک اسی معنی میں بولا جاتا ہے، جس معنی میں ہم اردو میں بولا کرتے ہیں۔ یعنی کسی چیز کا قہراً و حکماً اس طرح مطیع ہو جانا کہ جس طرح چاہیں اس سے کام لیں۔ غور کرو انسانی قوا کی عظمت و سروری کے اظہار کے لئے اس سے زیادہ بلند اور موزوں تعبیر اور کیا ہو سکتی تھی؟ قرآن کے نزول سے پہلے اقوامِ عالم کی دینی ذہنیت انسان کی عقلی امنگوں کے قطعاً خلاف تھی لیکن قرآن نے صرف یہی نہیں کیا کہ اسکی عقلی امنگوں کی جرأت افزائی کر دی بلکہ اسکی ہمتِ عقل اور اولوالعزمی علم کے لیئے ایک ایسی بلند نظری کا نقشہ کھینچ دیا، جس سے بہتر نقشہ آج بھی نہیں کھینچا جا سکتا۔ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اس لیئے ہے کہ انسان کے آگے مسخر ہو کر رہے اور انسان اُن میں تصرف کرے۔ انسانی عقل و فکر کے لیئے اس سے زیادہ بلند نصب العین اور کیا ہو سکتا ہے!

پھر غور کرو "تسخیر" کا لفظ انسانی عقل کی حکمرانیوں کے لیئے کس درجہ موزوں لفظ ہے؟ اس تسخیر کا قدیم منظر یہ تھا کہ انسان کا چھوٹا سا بچہ لکڑی کے دو گز تختے جوڑ کر سمندر کے سینے پر سوار ہو جاتا تھا، اور نیا منظر یہ ہے کہ آگ، پانی، ہوا، بجلی تمام عناصر پر حکمرانی کر رہا ہے!

البتہ یہ بات یاد رہے کہ قرآن نے جہاں کہیں اس تسخیر کا ذکر کیا ہے اُس کا تعلق صرف کرۂ ارضی کی کائنات خلقت سے ہے (بقیہ بر صفحہ ۴۳)

ہم دیکھتے ہیں کہ کائنات عالم میں جو کچھ بھی موجود ہے، اور جو کچھ بھی ظہور میں آتا ہے، اُس میں سے ہر چیز کوئی نہ کوئی خاصّہ رکھتی ہے، اور ہر حادثہ کی کوئی نہ کوئی تاثیر ہے، اور پھر ہم یہ بھی دیکھتے ہیں کہ یہ تمام خواص مؤثرات کچھ اس طرح واقع ہوئے ہیں کہ ہر خاصہ ہماری کوئی نہ کوئی ضرورت پوری کرتا، اور ہر تاثیر ہمارے لیئے کوئی نہ کوئی فیضان رکھتی ہے۔ سورج، چاند، ستارے، ہوا، بارش، دریا، سمندر، پہاڑ، سب کے خواص و فوائد ہیں، اور سب ہمارے لیئے طرح طرح کی راحتوں اور آسائشوں کا سامان بہم پہنچا رہے ہیں:

اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِیَ فِی الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَیْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ ۚ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ؕ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۠ (۱۴: ۳۰)

یہ اللہ ہی کی کارفرمائی ہے کہ اُس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور (پھر زمین کی روئیدگی کا ایسا انتظام کر دیا کہ) آسمان سے پانی برستا ہے، اور اُسکی تاثیر سے طرح طرح کے پھل تمہاری غذا کے لیئے پیدا ہو جاتے ہیں اور اسی طرح اس نے یہ بات بھی ٹھیرا دی ہے کہ سمندر کی خوفناک موجوں میں جہاز تمہارے زیر فرمان رہتے ہیں، اور حکم الٰہی سے چلتے رہتے ہیں، اور اسی طرح دریا بھی تمہاری کارگزاریوں کیلئے مسخر کر دیئے گئے ہیں، اور (پھر اتنا ہی نہیں بلکہ غور کرو تو) سورج اور چاند بھی تمہارے لیئے مسخر کر دیئے گئے ہیں کہ ایک خاص ڈھنگ پر گردش میں ہیں، اور رات اور دن کا اختلاف بھی (تمہارے فائدہ ہی کے لیئے) مسخر ہے۔ غرضکہ جو کچھ تمہیں مطلوب تھا، وہ سب کچھ اُس (کے فضل و رحمت) نے عطا کر دیا، اور اگر تم اللہ کی نعمتیں شمار کرنا چاہو، تو وہ اتنی ہیں کہ ہرگز شمار نہ کر سکو گے!

زمین کو دیکھو، اس کی سطح پھلوں اور پھولوں سے لدی ہوئی ہے، تہ میں آب شیریں کی سوتیں بہ رہی ہیں، گہرائی سے چاندی سونا نکل رہا ہے، وہ اپنی جسامت میں اگرچہ مدوّر ہے، لیکن اسکا ہر حصہ اس طرح واقع ہوا ہے کہ معلوم ہوتا ہے ایک مسطح فرش بچھا دیا گیا ہے!

الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِیْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۚ (۴۳: ۹)

وہ پروردگار جس نے تمہارے لیئے زمین فرش کی طرح بچھا دی، اور تمہارے لیئے اس میں قطع مسافت کی (ہموار) راہیں پیدا کر دیں۔

(بقیہ صفحہ ۴۲) یا آسمان کے اُن موثرات سے ہے جنہیں ہم یہاں محسوس کر رہے ہیں۔ یہ نہیں کہا ہے کہ تمام موجودات ہستی انکے لیئے مسخر کر دی گئی ہیں، یا تمام موجودات ہستی میں وہ اشرف و اعلیٰ مخلوق ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ ہماری دنیا کائنات ہستی کے بے کنار سمندر میں ایک قطرہ سے زیادہ نہیں، وما یعلم جنود ربک الا ھو۔ اور انسان کو جو کچھ بھی برتری حاصل ہے وہ صرف اسی دنیا کی مخلوقات پر ہے۔

وَهُوَ الَّذِي مَدَّ الْأَرْضَ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْهَارًا ۖ وَمِن كُلِّ الثَّمَرَاتِ جَعَلَ فِيهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ ۖ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ ۝ وَفِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجَاوِرَاتٌ وَجَنَّاتٌ مِّنْ أَعْنَابٍ وَزَرْعٌ وَنَخِيلٌ صِنْوَانٌ وَغَيْرُ صِنْوَانٍ يُسْقَىٰ بِمَاءٍ وَاحِدٍ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلَىٰ بَعْضٍ فِي الْأُكُلِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يَعْقِلُونَ

(۱۳ : ۳)

اور یہ اُسی پروردگاری کی پروردگاری ہے کہ اُسنے زمین کو (تمہاری سکونت کے لیے) پھیلادیا، اور اُسمیں پہاڑ اور نہریں بنادیں، نیز ہر طرح کے پھلوں کی دو دو قسمیں پیدا کر دیں، اور پھر یہ اُسی کی کارفرمائی ہے کہ (رات اور دن یکے بعد دیگرے آتے رہتے ہیں اور) رات کی تاریکی دن کی روشنی کو ڈھانپ لیتی ہے۔ بلاشبہ اُن لوگوں کیلئے جو غور و فکر کرنے والے ہیں اسمیں (معرفت حقیقت کی) بڑی ہی نشانیاں ہیں! اور (پھر دیکھو) زمین کی سطح اس طرح بنائی گئی ہے کہ اسمیں ایک دوسرے سے قریب (آبادی کے) قطعات بن گئے، اور انگوروں کے باغ، غلہ کی کھیتیاں، کھجوروں کے جھنڈ، پیدا ہو گئے۔ ان درختوں میں بعض درخت زیادہ ٹہنیوں والے ہیں، بعض اکہرے، اور اگرچہ سب کو ایک ہی طرح کے پانی سے سینچا جاتا ہے، لیکن اُنکے پھل ایک ہی طرح کے نہیں ہوتے۔ ہم نے بعض درختوں کو بعض درختوں پر بلحاظ اُنکے ثمرات کے برتری دی ہے۔ بلاشبہ اربابِ دانش کے لئے اس میں (معرفت حقیقت) کی بڑی ہی نشانیاں ہیں!

وَلَقَدْ مَكَّنَّاكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ ۗ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ ۝ (۷ : ۹)

اور (دیکھو) ہم نے زمین میں تمہیں طاقت و تصرف کے ساتھ جگہ دی اور زندگی کے تمام سامان پیدا کر دیئے (مگر افسوس) بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ لوگ نعمت الٰہی کے شکر گزار ہوں!

سمندر کی طرف نظر اٹھاؤ، اُس کی سطح پر جہاز تیر رہے ہیں، تہ میں مچھلیاں اُچھل رہی ہیں، قعر میں موتی اور مروارید نشوونما پا رہے ہیں!

وَهُوَ الَّذِي سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَأْكُلُوا مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَتَسْتَخْرِجُوا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُونَهَا وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِن فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ

(۱۶ : ۱۳)

اور (دیکھو) یہ اُسی کی کارفرمائی ہے کہ اُس نے سمندر تمہارے لیے مسخر کر دیا ہے تاکہ اپنی غذا کے لیے تر و تازہ گوشت حاصل کرو، اور زیور کی قیمتی چیزیں نکالو جو تمہارے پہننے میں کام آتی ہیں، نیز سیر و سیاحت کے ذریعہ اللہ کا فضل تلاش کرو، اور تم دیکھتے ہو کہ جہاز سمندر میں موجیں چیرتے ہوئے چلے جا رہے ہیں!

حیوانات کو دیکھو، زمین کے چارپائے، فضا کے پرند، پانی کی مچھلیاں، سب اسی لیے ہیں کہ

اپنے اپنے وجود سے ہمیں فائدہ پہنچا ئیں۔ غذا کے لیے اُن کا دودھ اور گوشت، سواری کے لیے اُنکی پیٹھ، حفاظت کے لیے ان کی پاسبانی، پہننے کے لیے اُن کی کھال اور اُون، برتنے کے لیے اُن کے جسم کی ہڈیاں تک مفید ہیں!

وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ۝ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ۝ وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝

(۱۶: ۵)

اور (دیکھو) یہ اسی کی کارسازی ہے کہ طرح طرح کے چارپائے پیدا کردیئے جن میں تمہارے لیے بے شمار فوائد ہیں۔ ازانجملہ یہ کہ اُن کی کھال اور اُون میں جاڑے کا سامان ہو، اور گوشت میں غذا کا۔ اور (پھر دیکھو) جب اُنکے غول شام کو چر کر واپس آتے ہیں، اور جب چراگاہوں کیلئے نکلتے ہیں، تو اُنکے منظر میں کیسی خوشنمائی اور رونق ہوتی ہے؟ اور انہی میں وہ جانور بھی ہیں جو تمہارا بوجھ اُٹھا کر اُن (دور دراز) شہروں تک پہنچا دیتے ہیں جہاں تم بغیر سخت مشقت کے نہیں پہنچا سکتے تھے بلاشبہ تمہارا پروردگار بڑا ہی شفقت رکھنے والا اور صاحب رحمت ہے۔ اور (دیکھو) گھوڑے، خچر، گدھے پیدا کیے گئے تاکہ تم اُن سے سواری کا کام لو اور خوشنمائی کا بھی موجب ہوں اور (دیکھو) وہ اسیطرح (طرح طرح کی چیزیں) پیدا کرتا ہے جن کا تمہیں علم نہیں

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۚ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝

(۱۶: ۶۶)

اور (دیکھو) چارپایوں کے وجود میں تمہارے لیے فہم و بصیرت کی بڑی ہی عبرت ہے۔ انہی جانوروں کے جسم سے ہم خون اور کثافتوں کے درمیان پاک و صاف دودھ پیدا کردیتے ہیں جو پینے والوں کے لیے بے غل و غش مشروب ہوتا ہے۔

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَاۤ اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ۝ (۱۶: ۸۰)

اور (دیکھو) اللہ نے تمہارے گھروں کو تمہارے لیے سکونت کی جگہ بنایا، اور (جو لوگ شہروں میں نہیں بستے اُنکے لیے ایسا سامان کردیا کہ) چارپایوں کی کھال کے خیمے بنا دیئے۔ سفر اور اقامت، دونوں حالتوں میں اُنہیں ہلکا پاتے ہو۔ اسی طرح جانوروں کی اُون، رُؤوں اور بالوں سے طرح طرح کی چیزیں پیدا کردیں، جن سے ایک خاص وقت تک تمہیں فائدہ پہنچتا ہے۔

ایک انسان کتنی ہی محدود اور غیر متمدن زندگی رکھتا ہو، لیکن اس حقیقت سے بیخبر نہیں ہو سکتا کہ اُس کا گردوپیش اُسے فائدہ پہنچا رہا ہے۔ ایک لکڑہارا بھی اپنے جھونپڑے میں بیٹھا ہوا نظر اُٹھاتا ہے تو گو

اپنے احساس کیلئے بہتر تعبیر نہ پائے، لیکن یہ حقیقت ضرور محسوس کرلیتا ہے۔ وہ جب بیمار ہوتا ہے تو جنگل کی جڑی بوٹیاں کھا لیتا ہے، دھوپ تیز ہوتی ہے تو درختوں کے سایہ میں بیٹھ جاتا ہے، بیکار ہوتا ہے تو پتوں کی سرسبزی اور پھولوں کی خوشنمائی سے آنکھیں سینکتا ہے۔ پھر یہی درخت ہیں جو اپنی شادابی میں اُسے پھل بخشتے ہیں، پختگی میں لکڑی کے تختے بن جاتے ہیں، اور کہنگی میں آگ کے شعلے بھڑکا دیتے ہیں ایک مخلوق ایسی ہے جو اپنے منظر سے نزہت و سرور بخشتی ہے، اپنی بُو سے ہوا کو معطر کرتی ہے، اپنے پھل میں طرح طرح کی غذائیں رکھتی ہے، اپنی لکڑی سے سامانِ تعمیر مہیا کرتی ہے، اور پھر خشک ہو جاتی ہے تو اُسکے جلانے سے آگ بھڑکتی، چولھے گرم کرتی، موسم کو معتدل بناتی، اور اپنی حرارت سے بیشمار اشیاء کے پکنے، پگھلنے اور بننے کا ذریعہ بنتی ہے!

الَّذِی جَعَلَ لَکُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ (۳۶: ۸۰)

(اور دیکھو) وہ کارفرمائے قدرت، جس نے سرسبز درخت سے تمہارے لیے آگ پیدا کردی۔ اب تم اسی سے (اپنے چولھوں کی) آگ سُلگا لیتے ہو!

اور پھر یہ وہ فوائد ہیں، جو تمہیں اپنی جگہ محسوس ہو رہے ہیں، لیکن کون کہہ سکتا ہے کہ فطرت نے یہ تمام چیزیں کن کن کاموں اور کن کن مصلحتوں کیلئے پیدا کی ہیں۔ اور کارفرمائے عالم کارگاہ ہستی کے بنانے اور سنوارنے کیلئے ان سے کیا کیا کام نہیں لے رہا ہے؟

وَمَا یَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ (۷۴: ۳۱)

اور تمہارا پروردگار اس کارزارِ ہستی کی کارفرمائیوں کے لیے جو فوجیں رکھتا ہے اُن کا حال اُسکے سوا کون جانتا ہے؟

پھر یہ حقیقت بھی پیشِ نظر رہے کہ فطرت نے کائناتِ ہستی کے افادہ و فیضان کا نظام کچھ اس طرح بنایا ہے کہ وہ بیک وقت ہر مخلوق کو یکساں طور پر نفع پہنچاتا اور ہر مخلوق کی رعایت یکساں طور پر ملحوظ رکھتا ہے۔ اگر ایک انسان اپنے عالی شان محل میں بیٹھکر محسوس کرتا ہے کہ تمام کارخانۂ ہستی صرف اُسی کی کاربراریوں کیلئے بنا ہے۔ تو ٹھیک اُسی طرح ایک چیونٹی بھی اپنے بل میں کہہ سکتی ہے کہ فطرت کی ساری کارفرمائیاں صرف اُسی کی کاربراریوں کے لیے ہیں، اور کون ہے جو اُسے جھٹلانے کی جرأت کرسکتا ہے؟ کیا فی الحقیقت سورج اسلیئے نہیں ہے کہ اُسکے لیے حرارت بہم پہنچائے؟ کیا بارش اسلیئے نہیں ہے کہ اُسکے لیے رطوبت مہیا کرے؟ کیا ہوا اسلیئے نہیں ہے کہ اُسکی ناک تک شکر کی بو پہنچا دے؟ کیا زمین اسلیئے نہیں ہے کہ ہر موسم اور ہر حالت کے مطابق اُسکے لیئے مقام و منزل بنے؟ دراصل فطرت کی بخشایشوں کا قانون کچھ ایسا عام اور ہمہ گیر واقع ہوا ہے کہ وہ ایک ہی وقت میں، ایک ہی طریقہ سے، ایک ہی نظام کے ماتحت ہر مخلوق کی

نگہداشت کرتا، اور ہر مخلوق کو یکساں طور پر فائدہ اٹھانے کا موقع دیتا ہے۔ حتیٰ کہ ہر وجود اپنی جگہ محسوس کر سکتا ہے کہ یہ پورا کارخانۂ عالم صرف اُسی کی کام جوئیوں اور آسائشوں کیلئے سرگرم کار ہے!

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا طَائِرٍ يَطِيرُ بِجَنَاحَيْهِ إِلَّا أُمَمٌ أَمْثَالُكُمْ (۶ : ۳۸)

اور زمین کے تمام جانور اور پرندار، پاؤں سے اڑنے والے تمام پرند دراصل تمہاری ہی طرح امتیں ہیں اور پروردگار عالم نے اسی طرح زندگی و معیشت کا سر و سامان ان کے لئے مہیا کر رکھا ہے جس طرح تمہیں دیا۔

البتہ یہ حقیقت فراموش نہیں کرنی چاہیئے کہ دنیا عالمِ کون و فساد ہے یہاں ہر بننے کے ساتھ بگڑنا ہے، اور ہر سمٹنے کے ساتھ بکھرنا۔ لیکن جس طرح سنگ تراش کا توڑنا پھوڑنا بھی اسلیئے ہوتا ہے تاکہ خوبی و دلآویزی کا ایک پیکر تیار کرے، اُسی طرح کائنات عالم کا تمام بگاڑ بھی اس لیے ہے، تاکہ بناؤ اور خوبی کا فیضان ظہور میں آئے تم ایک عمارت بناتے ہو، لیکن اس "بنانے" کا مطلب کیا ہوتا ہے؟ کیا یہی نہیں ہوتا کہ بہت سی بنی ہوئی چیزیں "بگڑ گئیں"؟ چٹانیں اگر نہ کاٹی جاتیں، بھٹے اگر نہ سلگائے جاتے، درختوں پر آرہ اگر نہ چلتا، تو ظاہر ہے، عمارت کا بناؤ بھی ظہور میں نہ آتا۔ پھر یہ راحت و سکون جو تمہیں ایک عمارت کی سکونت سے حاصل ہوتا ہے، کس صورتِ حال کا نتیجہ ہے؟ یقیناً اُسی شور و شر اور ہنگامۂ تخریب کا، جو سر و سامانِ تعمیر کی جد و جہد نے عرصہ تک جاری رکھا تھا۔ اگر تعمیر کا یہ شور و شر نہ ہوتا، تو عمارت کا عیش و سکون بھی وجود میں نہ آتا۔ پس یہی حال فطرت کی تعمیری سرگرمیوں کا بھی سمجھو۔ وہ عمارت ہستی کا ایک ایک گوشہ تعمیر کرتی رہتی ہے، وہ اس کارخانہ کا ایک ایک کیل پرزہ ڈھالتی رہتی ہے، وہ اسکی درستگی و خوبی کی حفاظت کیلئے ہر نقصان کا دفعیہ اور ہر فساد کا ازالہ چاہتی ہے۔ تعمیر و درستگی کی یہی سرگرمیاں ہیں جو تمہیں بعض اوقات تخریب و نقصان کی ہولناکیاں دکھائی دیتی ہیں۔ حالانکہ یہاں تخریب کب ہے؟ جو کچھ ہے، تعمیر ہی تعمیر ہے۔ سمندر میں تلاطم، دریاؤں میں طغیانی، پہاڑوں میں آتش فشانی، جاڑوں میں برف باری، گرمیوں میں سموم، بارش میں ہنگامۂ ابر و باد: تمہارے لیے خوش آیند مناظر نہیں ہوتے۔ لیکن تم نہیں جانتے کہ ان میں سے ہر حادثہ کائناتِ ہستی کی تعمیر و درستگی کے لیئے اتنا ہی ضروری ہے جس قدر تمہاری نگاہ میں دنیا کی کوئی مفید سے مفید چیز ہو سکتی ہے۔ اگر سمندر میں طوفان نہ اٹھتے، تو میدانوں کو زندگی و شادابی کیلئے ایک قطرۂ بارش میسر نہ آتا۔ اگر بادل کی گرج اور بجلی کی کڑک نہ ہوتی، تو بارانِ رحمت کا فیضان بھی نہ ہوتا۔ اگر آتش فشاں پہاڑوں کی چوٹیاں نہ پھٹتیں، تو زمین کے اندر کا کھولتا ہوا مادہ کُرہ کی سطح پارہ پارہ کر دیتا تم پوچھو گے، یہ مادہ پیدا ہی کیوں کیا گیا؟ لیکن تمہیں جاننا چاہیئے کہ اگر یہ مادہ نہ ہوتا تو زمین کی قوت نشو و نما کا ایک ضروری عنصر مفقود ہو جاتا۔ یہی حقیقت ہے جسکی

طرف قرآن نے جابجا اشارات کیے ہیں۔ مثلاً سورہ روم میں ہے:

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا	اور (دیکھو) اُسکی (قدرت و حکمت کی) نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہو کہ
وَّطَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ	بجلی کی چمک اور کڑک نمودار ہوتی ہو، اور اُس سے تم پر خوف اور امید دونوں کی
مَآءً فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ	حالتیں طاری ہو جاتی ہیں، پھر ایسا ہوتا ہو کہ وہ آسمان سے پانی برسا دیتا ہے
مَوْتِهَا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ	اور پانی کی تاثیر سے زمین مرنے کے بعد دوبارہ جی اٹھتی ہو۔ بلاشبہ اس صورت
لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ○	حال میں اُن لوگوں کیلئے جو عقل و بینش رکھتے ہیں (حکمتِ الٰہی کی) بڑی ہی
(۳۰ : ۲۴)	نشانیاں ہیں!

جمال فطرت! لیکن فطرت کے اِفادہ و فیضان کی سب سے بڑی بخشایش اُسکا عالمگیر حسن و جمال ہو۔ فطرت صرف بناتی اور سنوارتی ہی نہیں، بلکہ اس طرح بناتی سنوارتی ہے کہ اُسکے ہر بناؤ میں حسن و زیبائی کا جلوہ اور اُسکے ہر ظہور میں نظر افروزی و روح پروری کی نمود پیدا ہوگئی ہے۔ کائنات ہستی کو اُسکی مجموعی حیثیت میں دیکھو، یا اُسکے ایک ایک گوشۂ خلقت پر نظر ڈالو، اُس کا کوئی رُخ نہیں جس پر حسن و رعنائی نے ایک نقاب زیبائش نہ ڈال دی ہو۔ ستاروں کا نظام اور انکی سیر و گردش، سورج کی روشنی اور اُسکی بوقلمونی، چاند کی گردش اور اُس کا اُتار چڑھاؤ، فضاء آسمانی کی وسعت اور اُسکی نیرنگیاں، بارش کا سماں اور اُسکے تغیرات، سمندر کا منظر اور دریاؤں کی روانی، پہاڑوں کی بلندیاں اور وادیوں کا نشیب، حیوانات کے اجسام اور اُن کا تنوع، نباتات کی صورت آرائیاں اور باغ و چمن کی رعنائیاں، پھولوں کی عطر بیزی اور پرندوں کی نغمہ سنجی، صبح کا چہرۂ خنداں اور شام کا جلوۂ محجوب؛ غرضکہ تمام تماشاگاہ ہستی حسن کی نمائش اور نظر افروزی کی جلوہ گاہ ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے، گویا اس پردۂ ہستی کے پیچھے حسن افروزی و جلوہ آرائی کی ایک قوت کام کر رہی ہے جو چاہتی ہے کہ جو کچھ بھی ظہور میں آئے، حسن و زیبائش کے ساتھ ظہور میں آئے، اور کارخانۂ ہستی کا ہر گوشہ نگاہ کے لیے نشاط، سامعہ کیلئے سرور، اور روح کیلئے راحت و سکون کا سامان بن جائے!

دراصل کائنات ہستی کا مایۂ خمیر ہی حسن و زیبائی ہے۔ فطرت نے جس طرح اُسکے بناؤ کے لیے مادی عناصر پیدا کیے، اُسی طرح اُسکی خوبروئی و رعنائی کے لیے معنوی عناصر کا بھی رنگ و روغن آراستہ کر دیا۔ روشنی، رنگ، خوشبو، اور نغمہ؛ حسن و رعنائی کے وہ عناصر ہیں جن سے مشاطۂ فطرت چہرۂ وجود کی آرایش کر رہی ہے!

صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ	یہ اللہ کی کاریگری ہے جس نے ہر چیز کو خوبی اور درستگی
شَيْءٍ (۲۷ : ۹۰)	کے ساتھ بنایا ہے۔

ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۙ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ (۳۲ : ۷)

یہ اللہ ہے۔ محسوسات اور غیر محسوسات، سب کا جاننے والا، طاقت والا، رحمت والا، جس نے جو چیز بنائی، حسن و خوبی کے ساتھ بنائی!

بلاشبہ کاروبارِ فطرت کے بعض مظاہر ایسے بھی ہیں جن میں تمہیں حُسن و خوبی کی کوئی گیرائی محسوس نہیں ہوتی۔ تم کہتے ہو: قمری و بلبل کی نغمہ سنجیوں کے ساتھ زاغ و زغن کا شور و غوغا کیوں ہے؟ لیکن تم بھول جاتے ہو کہ ارغنونِ ہستی کا نغمہ کسی ایک آہنگ ہی سے نہیں بنا ہے، اور نہ بننا چاہیئے تھا۔ جس طرح تمہارے آلاتِ موسیقی کے پردوں میں زیر و بم کے تمام آہنگ موجود ہوتے ہیں، اُسی طرح سازِ فطرت کے تاروں میں بھی اُتار چڑھاؤ کے تمام آہنگ موجود ہیں۔ اُس میں ہلکے سے ہلکے سُر بھی ہیں، جن سے باریک اور سُریلی صدائیں نکلتی ہیں، موٹے سے موٹے سُر بھی ہیں جو بلند سے بلند اور بھاری سے بھاری صدائیں پیدا کرتے ہیں۔ ان تمام سُروں کے ملنے سے جو کیفیت پیدا ہوتی ہے، وہی موسیقی کی حلاوت ہے کیونکہ دنیا کی تمام چیزوں کی طرح موسیقی کی حقیقت بھی مختلف اجزاء کے امتزاج و تالیف سے پیدا ہوتی ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا کہ کسی ایک ہی سُر سے نغمہ کی حلاوت پیدا ہو جائے۔ اگر تم بین یا ستار اُٹھا کر صرف اُسکے چڑھاؤ کا کوئی ایک پردہ چھیڑ دو گے؛ یا پیانو کی بھاری کنجیوں میں سے کوئی ایک کنجی ہی بجانے لگو گے تو یہ نغمہ نہ ہوگا۔ بھاں بھاں کی ایک کرخت آواز ہوگی۔ یہی حال موسیقیٔ فطرت کے زیر و بم کا بھی ہے۔ تمہیں کوّے کی کائیں کائیں اور چیل کی چیخ میں کوئی دلکشی محسوس نہیں ہوتی، لیکن موسیقیٔ فطرت کی تالیف کیلئے جس طرح قمری و بلبل کا ہلکا سُر ضروری تھا، اُسی طرح زاغ و زغن کا بھاری اور کرخت سُر بھی ناگزیر تھا۔ بلبل و قمری کو اس سرگم کا اُتار سمجھو، اور زاغ و زغن کو چڑھاؤ:

بر اہلِ ذوق درِ فیض در نمی بند د
نوائے بلبل اگر نیست صوتِ زاغ شنو!

تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا (۱۷ : ۴۵)

ساتوں آسمان اور زمین اور جو کوئی بھی اُن میں ہے سب اپنی بناوٹ کی خوبی اور صنعت کے کمال میں) اللہ کی بڑائی اور پاکی کا (زبان حال سے) اعتراف کر رہے ہیں، اور (اتنا ہی نہیں بلکہ کائنات خلقت میں کوئی چیز بھی ایسی نہیں ہے جو (زبان حال سے) اُسکی تسبیح و تحمید نہ کرتی ہو، (مگر افسوس کہ) تم (اپنے جہل و غفلت سے) اس ترانۂ تسبیح کے لیے فہم و دانش نہیں رکھتے!

آؤ، چند لمحوں کیلئے پھر اُن سوالات پر غور کرلیں جو پہلے گزر چکے ہیں۔ فطرتِ کائنات کی یہ تمام حسن افروزیاں اور جلوہ آرائیاں کیوں ہیں؟ یہ کیوں ہے کہ فطرت حسین ہے، اور جو کچھ اُس سے ظہور میں آتا ہے، وہ حسن و جمال ہی ہوتا ہے؟ کیا یہ ممکن نہ تھا کہ کارخانۂ ہستی ہوتا، لیکن رنگ کی نظر افروزیاں، بُو کی عطر بیزیاں، نغمہ کی جاں نوازیاں نہ ہوتیں؟ کیا ایسا نہیں ہو سکتا تھا کہ سب کچھ ہوتا لیکن سبزہ و گل کی رعنائیاں اور قمری و بلبل کی نغمہ سنجیاں نہ ہوتیں؟ یقیناً دنیا اپنے بننے کیلئے اِسکی محتاج نہ تھی کہ تتلی کے پروں میں عجیب و غریب نقش و نگار ہوں اور رنگ برنگ کے دلفریب پرند درختوں کی شاخوں پر چہچہا رہے ہوں؟ ایسا بھی ہو سکتا تھا کہ درخت ہوتے مگر قامت کی بلندی، پھیلاؤ کی موزونیت، شاخوں کی ترتیب، پتّوں کی سبزی، پھولوں کی رنگارنگی نہ ہوتی؟ پھر یہ کیوں ہے کہ تمام حیوانات اپنی اپنی حالت اور گرد و پیش کے مطابق، ڈیل ڈول کی موزونیت اور اعضا کا تناسب ضرور ہی رکھیں۔ اور کوئی وجود نہ ہو جو اپنی شکل و منظر میں ایک خاص طرح کا معتدل پیمانہ نہ رکھتا ہو؟

انسانی علم و نظر کی کاوشیں آج تک یہ عقدہ حل نہ کر سکیں کہ یہاں تعمیر کے ساتھ تحسین کیوں ہے؟ مگر قرآن کہتا ہے، یہ سب کچھ اس لیے ہے کہ خالقِ کائنات الرّحمٰن اور الرّحیم ہے۔ یعنی اُس میں رحمت ہے، اور اُسکی رحمت اپنا ظہور و فعل بھی رکھتی ہے۔ رحمت کا مقتضا یہی تھا کہ بخشش ہو، فیضان ہو، جود و احسان ہو، پس اُسنے ایک طرف تو ہمیں زندگی اور زندگی کے تمام احساس و عواطف بخش دیئے جو خوشنمائی اور بدنمائی میں امتیاز کرتے اور خوبی و جمال سے کیف و سرور حاصل کرتے ہیں، دوسری طرف کارگاہِ ہستی کو اپنی حُسن آرائیوں اور جاں فزائیوں سے اِس طرح آراستہ کر دیا کہ اُس کا ہر گوشہ نگاہ کے لیے سرور، سامعہ کے لیئے شیرینی، اور روح کے لیے سرمایۂ عیش و نشاط بن گیا!

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ؕ پس کیا ہی بابرکت ذات ہے اللہ کی، بنانے والوں میں سب سے زیادہ حسن و خوبی کے ساتھ بنانے والا! (۲۳ : ۱۴)

ہم زندگی کی بناوٹی اور خود ساختہ آسائشوں میں اس درجہ منہمک ہو گئے ہیں کہ ہمیں قدرتی راحتوں پر غور کرنے کا موقع ہی نہیں ملتا، اور بسا اوقات تو ہم اُنکی قدر و قیمت کے اعتراف سے بھی انکار کر دیتے ہیں، لیکن اگر چند لمحوں کیلئے اپنے آپ کو اس غفلت سے بیدار کر لیں، تو ہمیں معلوم ہو جائے کہ کائناتِ ہستی کا حسن و جمال فطرت کی ایک عظیم اور بے پایاں بخشش ہے، اور اگر یہ نہ ہوتی یا ہم میں اسکا احساس نہ ہوتا، تو زندگی زندگی نہ ہوتی، نہیں معلوم کیا چیز ہو جاتی۔ ممکن ہے، موت کی بدحالیوں کا ایک تسلسل ہوتا!

ایک لمحہ کے لیئے تصور کرو کہ دنیا موجود ہے، مگر حسن و زیبائی کے تمام جلوؤں اور احساسات سے خالی ہے۔ آسمان ہے مگر فضا کی یہ نگاہ پرور نیلگونی نہیں ہے، ستارے ہیں مگر اُنکی درخشندگی و جہانتابی کی یہ جلوہ آرائی نہیں ہے، درخت ہیں مگر بغیر سبزی کے، پھول ہیں مگر بغیر رنگ و بُو کے، اشیاء کا اعتدال، اجسام کا تناسب، صداؤں کا ترنم، روشنی و رنگت کی بوقلمونی، اِن میں سے کوئی چیز بھی وجود نہیں رکھتی، یا یوں کہا جائے کہ ہم میں اِن کا احساس نہیں ہے۔ غور کرو، ایک ایسی دنیا کے ساتھ زندگی کا تصور کیسا بھیانک اور ہولناک منظر پیش کرتا ہے؟ ایسی زندگی جس میں نہ تو حسن کا احساس ہو نہ حُسن کی جلوہ آرائی، نہ نگاہ کے لیے سرور ہو، نہ سامعہ کے لیئے حلاوت، نہ جذبات کی رقت ہو نہ محسوسات کی لطافت، یقیناً عذاب و جانکاہی کی ایک ایسی حالت ہوتی، جسے ہمارا تصوّر زندگی کے لفظ سے تعبیر کرنے کی بھی جرأت نہیں کر سکتا!

لیکن جس قدرت نے ہمیں زندگی دی، اُس نے یہ بھی ضروری سمجھا کہ زندگی کی سب سے بڑی نعمت یعنی حسن و زیبائی کی بخشش سے بھی مالا مال کر دے۔ اُس نے ایک ہاتھ سے تو ہمیں حسن کا احساس دیا۔ دوسرے ہاتھ سے تمام دنیا کو جلوۂ حسن بنا دیا۔ یہی حقیقت ہے جو ہمیں رحمت کی موجودگی کا یقین دلاتی ہے۔ اگر پردۂ ہستی کے پیچھے صرف خالقیت ہی ہوتی، رحمت نہ ہوتی۔ یعنی پیدا کرنے یا پیدا ہو جانے کی قوت ہوتی مگر افادہ و فیضان کا ارادہ نہ ہوتا، تو یقیناً کائنات ہستی میں فطرت کے فضل و احسان کا یہ عالمگیر مظاہرہ بھی نہ ہوتا!

أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ۝ (۳۱ : ۱۹)

کیا تم نے کبھی اس بات پر غور نہیں کیا کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، وہ سب تمہارے لئے خدا نے مسخر کر دیا ہے، اور اپنی تمام نعمتیں ظاہری طور پر بھی اور باطنی طور پر بھی، پوری کر دی ہیں؟ یعنی (اگر ایک ربوبیت و رحمت رکھنے والی ہستی موجود نہ ہوتی تو کیا ممکن تھا کہ دنیا میں فضل و رحمت کا یہ ظہور ہوتا؟ با ایں ہمہ) انسانوں میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں، بغیر اسکے کہ اُنکے پاس کوئی علم ہو، یا ہدایت ہو، یا کوئی کتاب روشن۔

انسانی طبیعت کی یہ عالمگیر کمزوری ہے کہ جب تک وہ ایک نعمت سے محروم نہیں ہو جاتا، اُسکی قدر و قیمت کا ٹھیک ٹھیک اندازہ نہیں کر سکتا۔ تم گنگا کے کنارے بستے ہو اسلیئے تمہارے نزدیک زندگی کی سب سے زیادہ بے قدر چیز پانی ہے، لیکن اگر یہی پانی چوبیس گھنٹے تک میسّر نہ آئے، تو تمہیں معلوم ہو جائے کہ اُسکی قدر و قیمت کا کیا حال ہے؟ یہی حال فطرت کے فیضانِ جمال کا بھی ہے۔ اُسکے عام اور بے پردہ جلوے شب و روز تمہاری نگاہوں کے سامنے سے گزرتے رہتے ہیں، اسلیئے تمہیں اُنکی قدر و قیمت محسوس نہیں ہوتی۔ صبح اپنی ساری جلوہ آرائیوں کے ساتھ روز آتی ہے، اسلیئے تم بستر سے سر اُٹھانے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔

چاندنی اپنی ساری حسن افروزیوں کے ساتھ ہمیشہ نکھرتی ہے، اسلیئے تم کھڑکیاں بند کرکے سوجاتے ہو، لیکن جب یہی شب و روز کے جلوہ ہائے فطرت، تمہاری نظروں سے روپوش ہوجاتے ہیں، یا تم میں انکے نظارۂ و سماع کی استعداد باقی نہیں رہتی، تو غور کرو، اُس وقت تمہارے احساسات کا کیا حال ہوتا ہے؟ کیا تم محسوس نہیں کرتے کہ ان میں سے ہر چیز زندگی کی ایک بے بہا برکت اور معیشت کی ایک عظیم الشان نعمت تھی؟ سرد ملکوں کے باشندوں سے پوچھو، جہاں سال کا بڑا حصہ ابر آلود گزرتا ہے، کیا سورج کی کرنوں سے بڑھکر بھی زندگی کی کوئی مسرت ہوسکتی ہے؟ ایک بیمار سے پوچھو جو نقل و حرکت سے محروم بستر مرض پر پڑا ہے، وہ بتلائے گا کہ آسمان کی صاف اور نیلگوں فضا کا ایک نظّارہ، راحت و سکون کی کتنی بڑی دولت ہے؟ ایک اندھا جو پیدائشی اندھا نہ تھا، تمہیں بتلاسکتا ہے کہ سورج کی روشنی اور باغ و چمن کی بہار دیکھے بغیر زندگی بسر کرنا کیسی ناقابل برداشت مصیبت ہے؟ تم بسا اوقات زندگی کی مصنوعی آسائشوں کیلئے ترستے ہو، اور خیال کرتے ہو کہ زندگی کی سب سے بڑی نعمت چاندی سونے کا ڈھیر اور جاہ و حشم کی نمایش ہے، لیکن تم بھول جاتے ہو کہ زندگی کی حقیقی مسرتوں کا جو خود رو سامان فطرت نے ہر مخلوق کے لیئے پیدا کر رکھا ہے، اُس سے بڑھکر دنیا کی دولت و حشمت کونسا سامانِ نشاط مہیا کرسکتی ہے، اور اگر ایک انسان کو وہ سب کچھ میسّر ہو، تو پھر اُسکے بعد کیا باقی رہ جاتا ہے؟ جس دنیا میں سورج ہر روز چمکتا ہو، جس دنیا میں صبح ہر روز مسکراتی اور شام ہر روز پردۂ شب میں چھپ جاتی ہو، جس کی راتیں آسمان کی قندیلوں سے مزیّن، اور جس کی چاندنی حسن افروزیوں سے جہان تاب رہتی ہو، جس کی بہار سبزہ و گل سے لدی ہوئی، اور جس کی فصلیں لہلہاتے ہوئے کھیتوں سے گرانبار ہوں! جس دنیا میں روشنی اپنی چمک، رنگ اپنی بوقلمونی، خوشبو اپنی عطر بیزی، اور موسیقی اپنا نغمہ و آہنگ رکھتی ہو، کیا اُس دنیا کا کوئی باشندہ آسائش حیات سے محروم اور نعمت معیشت سے مفلس ہوسکتا ہے؟ کیا کسی آنکھ کیلئے جو دیکھ سکتی ہو اور کسی دماغ کے لیئے جو محسوس کرسکتا ہو، ایک ایسی دنیا میں نامرادی و بدبختی کا گلہ جائز ہے؟ قرآن نے جا بجا انسان کو اُسکے اسی کفرانِ نعمت پر توجہ دلائی ہے:

وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۔ اور اُس نے تمہیں وہ تمام چیزیں دے دیں جو تمہیں مطلوب تھیں!

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۔ اور اگر اللہ کی نعمتیں شمار کرنی چاہو تو وہ اتنی ہیں کہ کبھی شمار نہیں کرسکوگے

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ (۱۴: ۳۴) ۔ بلا شبہ انسان بڑا ہی ناانصاف اور ناشکرا ہے!

جمال معنوی — پھر فطرت کی بخشایش جمال کے اس گوشہ پر بھی نظر ڈالو، کہ اُسنے جس طرح جسم و صورت کو حسن و زیبائی بخشی ہے، اُسی طرح اسکی معنویّت کو بھی جمالِ معنوی سے آراستہ کردیا، جسم و صورت کا جمال یہ ہے کہ ہر وجود کے ڈیل ڈول اور اعضاء و جوارح میں تناسب ہے۔ معنویّت کا جمال یہ ہے کہ ہر چیز کی کیفیت اور تاثیر

قویٰ میں اعتدال ہے۔ اسی کیفیت کے اعتدال سے خواص اور فوائد پیدا ہوئے ہیں، اور یہی اعتدال ہے جس نے حیوانات میں ادراک و حواس کی قوتیں بیدار کر دیں، اور پھر انسان کے درجہ میں پہنچکر، جوہر عقل و فکر کا چراغ روشن کر دیا!

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۶ : ۸۰﴾

اور (دیکھو) یہ اللہ ہی کی کارفرمائی ہو کہ تم اپنی ماؤں کے شکم سے پیدا ہوتے ہو اور کسی طرح کی سمجھ بوجھ تم میں نہیں ہوتی، لیکن اُس نے تمہارے لیے دیکھنے سننے کے حواس بنا دیئے اور سوچنے سمجھنے کیلئے عقل بخشی تاکہ اُسکی اِس نعمت کے شکرگزار بنو۔

کائناتِ ہستی کے اسرار و غوامض بے شمار ہیں، لیکن روحِ حیوانی کا جوہرِ ادراک، زندگی کا سب سے زیادہ لاینحل عقدہ ہے۔ حیوانات میں کیڑے مکوڑے تک، ہر طرح کا احساس و ادراک رکھتے ہیں، اور انسانی دماغ کے نہاں خانہ میں عقل و تفکر کا چراغ روشن ہے۔ یہ قوتِ احساس، یہ قوتِ ادراک، یہ قوتِ عقل، کیونکر پیدا ہوئی؟ مادی عناصر کی ترکیب امتزاج سے ایک [illegible] یہ جوہر کس طرح ظہور میں آگیا؟ چیونٹی کو دیکھو، اُسکے دماغ کا حجم سوئی کی نوک سے شاید ہی کچھ زیادہ ہوگا۔ لیکن مادہ کے اِس حقیر ترین عصبی ذرہ میں بھی احساس و ادراک، محنت و استقلال، ترتیب و تناسب، نظم و ضبط، اور صنعت و اختراع کی ساری قوتیں مخفی ہوتی ہیں، اور وہ اپنے اعمالِ حیات کی کرشمہ سازیوں سے ہم پر رعب اور حیرت کا عالم طاری کر دیتی ہے۔ شہد کی مکھی کی کارفرمائیاں ہر روز تمہاری نظروں سے گزرتی رہتی ہیں۔ یہ کون ہے جس نے ایک چھوٹی سی مکھی میں تعمیر و تحسین کی ایسی منتظم قوت پیدا کر دی ہے؟ قرآن کہتا ہے یہ اسلیے ہے کہ رحمت کا مقتضا جمال تھا، اور ضروری تھا کہ جس طرح اُس نے جمالِ صوری سے دنیا آراستہ کر دی ہے، اُسی طرح جمالِ معنوی کی بخشائشوں سے بھی اُسے مالا مال کر دیتی!

ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۙ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۚ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۚ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۳۲ : ۵﴾

یہ محسوسات اور غیر محسوسات کا جاننے والا عزیز و رحیم ہو جس نے جو چیز بھی بنائی، حسن و خوبی کے ساتھ بنائی۔ چنانچہ یہ اُسی کی قدرت و حکمت ہو کہ انسان کی پیدائش مٹی سے شروع کی، پھر اُسکے توالد و تناسل کا سلسلہ (خون کے) خلاصہ سے جو پانی کا ایک حقیر سا قطرہ ہوتا ہے، قائم کر دیا۔ پھر اُسکے تمام [illegible] درست کیے اور اپنی روح میں سے ایک قوت پھونک دی [illegible] سننے دیکھنے اور تفکر و تعقل کی قوتیں پیدا کر دیں (لیکن) افسوس انسان کی غفلت پر! بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ وہ (اللہ کی رحمت [illegible]

بقاء انفع

لیکن کائنات ہستی کا یہ بناؤ، یہ حسن، یہ ارتقاء قائم نہیں رہ سکتا تھا اگر اس میں خوبی کے بقاء اور خرابی کے ازالہ کیلئے ایک اٹل قوت سرگرم کار نہ رہتی۔ یہ قوت کیا ہے؟ فطرت کا انتخاب ہے، فطرت ہمیشہ چھانٹتی رہتی ہے۔ وہ ہر گوشہ میں صرف خوبی اور بہتری ہی باقی رکھتی ہے۔ فساد اور نقص محو کردیتی ہے۔ ہم فطرت کے اس انتخاب سے بے خبر نہیں ہیں۔ ہم اسے "بقاء اصلح" کے لفظ سے تعبیر کرتے ہیں "اصلح" یعنی Fittest. لیکن قرآن "بقاء اصلح" کی جگہ "بقاء انفع" کا ذکر کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے' اس کارگاہ فیضان و جمال میں صرف وہی چیز باقی رکھی جاتی ہے' جس میں نفع ہو۔ کیونکہ یہاں رحمت کارفرما ہے' اور رحمت چاہتی ہے کہ افادہ و فیضان ہو۔ وہ نقصان و برہمی گوارا نہیں کرسکتی۔ تم سونا کٹھالی میں ڈالکر آگ پر رکھتے ہو۔ کھوٹ جل جاتا ہے۔ خالص سونا باقی رہجاتا ہے۔ یہی مثال فطرت کے انتخاب کی ہے' کھوٹ میں نفع نہ تھا۔ نابود کردیا گیا۔ سونے میں نفع تھا۔ باقی رہ گیا:

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ	جب اس پروردگار کی کارفرمائی آسمان سے پانی برساتی ہے تو (دیکھو) ندی نالوں میں
اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ	جس قدر سمائی ہوتی ہے، اسکے مطابق وہ بہہ نکلتے ہیں، لیکن زمین کی کثافت کی
زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ	آمیزش سے جسقدر جھاگ اٹھتا ہے وہ ٹھہر نہیں سکتا، پانی کی رو اُسے اٹھا کر بہا
عَلَيْهِ فِى النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ	لے جاتی ہے۔ اسی طرح جب زیور بنانے یا اور کسی طرح کا سامان بنانیکے لئے
مَتَاعٍ زَبَدٌ مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ	(مختلف قسم کی دھاتیں) آگ میں تپاتے ہیں، تو اُس میں بھی جھاگ اٹھتا
اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ فَاَمَّا	ہے اور میل کچیل کٹ کر نکل جاتی ہے۔ اسی طرح اللہ حق اور باطل کی
الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا	مثال بیان کردیتا ہے۔ جھاگ رائگاں گیا۔ کیونکہ اُس میں نفع نہ تھا۔ جس
مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِى	چیز میں نفع تھا' وہ باقی رہ گیا۔
الْاَرْضِ ؕ (۱۳ : ۱۵)	

تدریج و امہال

پھر اگر دقت نظر سے کام لو تو افادہ فیضان فطرت کی حقیقت کچھ انہی مظاہر پر موقوف نہیں ہے' بلکہ کارخانہ ہستی کے تمام اعمال و قوانین کا یہی حال ہے۔ تم دیکھتے ہو کہ فطرت کے تمام قوانین اپنی نوعیت میں کچھ اس طرح واقع ہوئے ہیں اگر لفظوں میں اُسے تعبیر کرنا چاہو تو صرف فطرت کے فضل و رحمت ہی سے تعبیر کرسکتے ہو۔ مثلاً اسکے قوانین کا عمل کبھی فوری اور اچانک نہیں ہوتا۔ وہ جو کچھ کرتی ہے' آہستہ آہستہ اور بتدریج کرتی ہے' اور اس تدریجی طرز عمل نے دنیا کیلئے مہلت اور ڈھیل کا فائدہ پیدا کر دیا ہے۔ یعنی اس کا ہر قانون فرصتوں پر فرصتیں دیتا ہے' اور اسکا ہر فعل عفو و درگزر کا دروازہ آخر تک کھلا رکھتا ہے۔ بلاشبہ اسکے قوانین اپنے نفاذ میں اٹل ہیں۔ اُن میں ردو بدل کا امکان نہیں:

مَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَیَّ۔ ہمارے یہاں جو بات ایک مرتبہ ٹھہرا دی گئی، اُس میں پھر کبھی تبدیلی نہیں ہوتی۔ (۵۰ : ۲۸)

اور اسلیئے تم خیال کرنے لگتے ہو کہ انکی قطعیت بے رحمی سے خالی نہیں، لیکن تم نہیں سوچتے کہ جو قوانین اپنے نفاذ میں اسدرجہ قطعی اور بے پروا ہیں، وہی اپنی نوعیت میں کس درجہ عفو و درگزر اور مہلت بخشی و اصلاح کوشی کی روح رکھتے ہیں؟ اسی لیئے آیت مندرجۂ صدر میں "مَا یُبَدَّلُ الْقَوْلُ" کے بعد ہی فرمایا:

وَمَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ ۝ لیکن (ساتھ ہی) یہ بھی نہیں ہے کہ ہم بندوں کے لیئے زیادتی کرنے والے ہوں! (۵۰ : ۲۸)

فطرت اگر چاہتی تو ہر حالت بیک دفعہ ظہور میں آجاتی اور اُسکے قوانین کا نفاذ فوری اور ناگہانی ہوتا، لیکن تم دیکھ رہے ہو کہ ایسا نہیں ہوتا۔ ہر حالت، ہر تاثیر، ہر انفعال کے ظہور و بلوغ کے لیئے ایک خاص مدت مقرر کر دی گئی ہے، اور ضروری ہے کہ بتدریج، درجہ بدرجہ، مختلف منزلیں پیش آئیں۔ پھر ہر منزل اپنے آثار و انذار رکھتی ہے، اور آنے والے نتائج سے خبردار کرتی رہتی ہے۔ زندگی اور موت کے قوانین پر غور کرو۔ کس طرح زندگی بتدریج نشو و نما پاتی، اور درجہ بدرجہ مختلف منزلوں سے گزرتی ہے؟ اور کس طرح موت کمزوری و فساد کا ایک طول طویل سلسلہ ہے، جو اپنے ابتدائی نقطوں سے شروع ہوتا، اور یکے بعد دیگرے مختلف منزلیں طے کرتا ہوا، آخری نقطۂ بلوغ تک پہنچا کرتا ہے؟ تم بدپرہیزی کرتے ہو، تو یہ نہیں ہوتا کہ فوراً ہی ہلاک ہو جاؤ بلکہ بتدریج موت کی طرف بڑھنے لگتے ہو، اور بالآخر ایک خاص مدت کے اندر جو ہر صورت حال کیلیئے یکساں نہیں ہوتی، درجہ بدرجہ اُترتے ہوئے، موت کے آغوش میں جا گرتے ہو۔ نباتات کو دیکھو۔ درخت اگر آبیاری سے محروم ہو جاتے ہیں، یا نقصان و فساد کا کوئی دوسرا سبب عارض ہو جاتا ہے، تو یہ نہیں ہوتا کہ ایک ہی دفعہ مرجھا کر رہ جائیں، یا کھڑے کھڑے اچانک گر جائیں۔ بلکہ بہ تدریج، شادابی کی جگہ پژمردگی کی حالت طاری ہونا شروع ہو جاتی ہے، اور پھر ایک خاص مدت کے اندر جو مقرر کر دی گئی ہے، یا تو بالکل مرجھا کر رہ جاتے ہیں، یا جڑ کھوکھلی ہو کر گر پڑتے ہیں۔ یہی حال کائناتِ خلقت کے تمام تغیرات و انفعالات کا ہے۔ کوئی تغیر ایسا نہیں جو اپنا تدریجی دور نہ رکھتا ہو۔ ہر چیز بتدریج بنتی ہے، اور اسی طرح بتدریج بگڑتی ہے۔ بناؤ ہو یا بگاڑ، ممکن نہیں کہ ایک خاص مدت گزرے بغیر، کوئی حالت بھی اپنی کامل صورت میں ظاہر ہو سکے۔ یہ مدت جو ہر حالت کے ظہور کے لیئے اسکی "اجل" یعنی مقررہ وقت ہے، مختلف گوشوں اور مختلف حالتوں میں مختلف مقدار رکھتی ہے، اور بعض حالتوں میں تو اسکی مقدار اتنی طویل ہوتی ہے کہ ہم اپنے نظامِ اوقات سے اُسکا حساب بھی نہیں لگا سکتے۔ قرآن نے اِسے یوں تعبیر کیا ہے کہ جس مدت کو تم اپنے حساب میں ایک دن سمجھتے ہو

اگر اُسے ایک ہزار برس یا پچاس ہزار برس تصور کرلو، تو ایسے دنوں سے جو مہینے اور برس بنیں گے اُنکی مقدار کتنی ہوگی؟

وَاِنَّ یَوْمًا عِنْدَ رَبِّکَ کَاَلْفِ سَنَۃٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝ (۲۲ : ۴۶)

اور بلاشبہ تمہارے پروردگار کے حساب میں ایک دن کی مدت اتنی ہی جیسے تمہارے حساب کا ایک ہزار برس!

فطرت کا یہی تدریجی طرزِ عمل ہے جسے قرآن نے تکویر سے بھی تعبیر کیا ہے یعنی لپٹنے سے۔ وہ کہتا ہے، بجائے اسکے کہ اچانک دن کی روشنی نکل آتی اور ناگہاں رات کی اندھیری اُبل پڑتی، فطرت نے رات اور دن کے ظہور کو اس طرح تدریجی بنا دیا ہے کہ معلوم ہوتا ہے، رات آہستہ آہستہ دن پر لپٹتی جاتی ہے اور دن درجہ بدرجہ، رات پر لپٹتا آتا ہے:

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ یُکَوِّرُ الَّیْلَ عَلَی النَّهَارِ وَیُکَوِّرُ النَّهَارَ عَلَی الَّیْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ کُلٌّ یَّجْرِیْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّی (۳۹ : ۷)

اللہ نے آسمانوں اور زمین کو حکمت و مصلحت کے ساتھ پیدا کیا ہے اُس نے رات اور دن کے یکے بعد دیگرے آتے رہنے کا ایسا انتظام کر دیا کہ رات دن پر لپٹتی جاتی ہے اور دن رات پر لپٹتا آتا ہے۔ اور (یہ اسلیئے ہوکہ) سورج اور چاند دونوں کو اُسی قدرت نے (ایک خاص انتظام کے ماتحت) مسخر کر رکھا ہے سب (اپنی اپنی جگہ) اپنے مقررہ وقت تک کے لیئے حرکت میں ہیں!

قرآن اس تدریجی رفتارِ عمل کو فائدہ اُٹھانے کا موقع دینے، ڈھیل دینے، عفو و درگزر کرنے اور ایک خاص مدت تک فرصتِ حیات بخشنے سے تعبیر کرتا ہے۔ اور کہتا ہے، یہ اسلیئے ہے کہ کائناتِ ہستی میں فضل و رحمت کی مشیّت کام کر رہی ہے اور وہ چاہتی ہے کہ ہر غلطی کو درستگی کے لیئے، ہر نقصان کو تلافی کے لیئے، ہر لغزش کو سنبھل جانے کے لیئے، زیادہ سے زیادہ اور بار بار مہلتِ اصلاح جو مل سکتی ہے، اُس کا دروازہ بند نہ ہو۔

وہ کہتا ہے، اگر تدریج و امہال کی یہ فرصتیں اور بخششیں نہ ہوتیں تو دنیا میں ایک جو بھی دولتِ حیات سے فائدہ نہ اٹھا سکتا۔ ہر غلطی، ہر کمزوری، ہر نقصان، ہر فساد، اچانک بیک دفعہ بربادی و ہلاکت کا باعث ہوجاتا:

وَلَوْ یُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا کَسَبُوْا مَا تَرَکَ عَلٰی ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰکِنْ یُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ

اور انسان جو کچھ اپنے اعمال سے کمائی کرتا ہے، اگر اللہ اُس پر فوراً مواخذہ کرتا، تو یقین کرو، زمین کی سطح پر ایک جاندار بھی باقی نہ رہتا! لیکن (یہ بھی رحمت ہے کہ) اُس نے ایک مقررہ وقت تک فرصتِ حیات دے رکھی ہے۔ البتہ جب وہ مقررہ وقت آجائیگا تو پھر (یاد رہے کہ) اللہ اپنے بندوں کے حال

كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيۡرًا ۝ (۳۵ : ۴۵) بے خبر نہیں ہے۔ اُس کی آنکھیں ہر وقت اور ہر حال میں سب کچھ دیکھ رہی ہیں!

قدرتی طور پر یہ ڈھیل چھائی اور برائی دونوں کیلئے ہے۔ اچھائی کے لئے اسلئے تاکہ اور زیادہ نشوونما پائے۔ برائی کیلئے اسلئے، تاکہ متنبہ اور خبردار ہو کر اصلاح و تلافی کا سامان کرلے:

كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنۡ عَطَآءِ رَبِّكَ ؕ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحۡظُوۡرًا ۝ (۱۷ : ۲۱) ان لوگوں کو بھی اور اُن لوگوں کو بھی، (یعنی اچھوں کو بھی اور بُروں کو بھی، سب کو تمہارے پروردگار کی بخشش میں سے حصہ مل رہا ہے اور تمہارے پروردگار کی بخشش کسی پر بند نہیں!

اگر قوانین فطرت کی ان مُہلت بخشیوں سے فائدہ اُٹھا کر نقصان و فساد کی اصلاح کرلی جائے مثلاً تم نے بدپرہیزی کی تھی۔ اُسے ترک کردو۔ گیہوں کھانے کی جگہ مٹی پھانکنے لگتے تھے۔ اِس سے باز آجاؤ تو پھر اُسی فطرت کا یہ بھی قانون ہے کہ اصلاح و تلافی کی ہر کوشش قبول کرلیتی ہے، اور نقصان و فساد کے جو نتائج نشوونما پانے لگے تھے، اُن کا مزید نشوونما فوراً رُک جاتا ہے۔ اتنا ہی نہیں، بلکہ اگر اصلاح بروقت اور ٹھیک ٹھیک کی گئی ہے، تو پچھلے مضر اثرات بھی اس طرح محو ہو جائینگے، گویا کوئی خرابی پیش ہی نہیں آئی تھی۔ لیکن اگر فطرت کی تمام مہلت بخشیاں رائگاں گئیں۔ اُسکا بار بار اور درجہ بدرجہ انذار بھی کوئی نتیجہ پیدا نہ کرسکا۔ تو پھر بلاشبہ وہ آخری حد نمودار ہو جاتی ہے، جہاں پہنچکر فطرت کا آخری فیصلہ صادر ہو جاتا ہے۔ اور پھر جب اُسکا فیصلہ صادر ہو جائے تو نہ تو اُس میں چشم زدن کی تاخیر ہو سکتی ہے، نہ کسی حال میں بھی تزلزل اور تبدیلی:

فَإِذَا جَآءَ أَجَلُهُمۡ لَا يَسۡتَأۡخِرُوۡنَ سَاعَةً وَّلَا يَسۡتَقۡدِمُوۡنَ ۝ (۱۶ : ۶۱) پھر جب اُن کا مقررہ وقت آگیا، تو اُس سے نہ تو ایک گھڑی پیچھے رہ سکتے ہیں، اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیں (یعنی نہ تو اُسکے نفاذ میں تاخیر ہو سکتی ہے نہ تقدیم۔ ٹھیک ٹھیک اپنے وقت میں اُسے ہو جانا ہے)

تسکین حیات | یا مثلاً ہم دیکھتے ہیں، انسان کی معیشت، قیام و بقاء کی جدّ و جہد اور کشاکش کا نام ہے؛ اس لیئے قدرتی طور پر اُس کا ہر گوشہ طرح طرح کی مشقتوں اور کاوشوں سے گھرا ہوا ہے، اور بہ حیثیت مجموعی زندگی اضطراری ذمہ داریوں کا بوجھ اور مسلسل مشقتوں کی آزمائش ہے:

لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ فِىۡ كَبَدٍ ؕ (۹۰ : ۴) بلاشبہ ہم نے انسان کو اس طرح بنایا ہے کہ اُسکی زندگی مشقتوں سے گھری ہوئی ہے!

لیکن باایں ہمہ فطرت نے کارخانۂ معیشت کا ڈھنگ کچھ اس طرح بنا دیا ہے، اور طبیعت میں کچھ اس طرح کی خواہشیں، ولولے، اور انفعالات ودیعت کر دیئے ہیں کہ زندگی کے ہر گوشہ میں ایک عجیب

طرح کی وابستگی، مشغولیت، ہماہمی، اور سرگرمی پیدا ہوگئی ہے، اور یہی زندگی کا انہماک اور سرگرمی ہے جس کی وجہ سے ہر ذی حیات نہ صرف زندگی کی مشقتیں برداشت کرتا ہے، بلکہ انہی مشقتوں میں زندگی کی بڑی سے بڑی لذت و راحت محسوس کرتا ہے۔ یہ مشقتیں جسقدر زیادہ ہوتی ہیں، اُتنی ہی زیادہ زندگی کی دلچسپی اور محبوبیت بھی بڑھ جاتی ہے۔ اگر ایک انسان کی زندگی ان مشقتوں سے خالی ہوجائے، تو وہ محسوس کرے گا کہ زندگی کی ساری لذتوں سے محروم ہوگیا ہے اور اب زندہ رہنا اُس کے لیئے ناقابلِ برداشت بوجھ ہے!

پھر دیکھو، کارسازِ فطرت کی یہ کیسی کرشمہ سازی ہے کہ حالات متفاوت ہیں، طبائع متنوع ہیں، اشغال مختلف ہیں، اغراض متضاد ہیں، لیکن معیشت کی دلبستگی اور سرگرمی سب کے لیئے یکساں ہے، اور سب ایک ہی طرح اُسکی مشغولیتوں کے لیئے جوش وطلب رکھتے ہیں۔ مرد و عورت، طفل و جوان، امیر و فقیر، عالم و جاہل، قوی و ضعیف، تندرست و بیمار، مجرد و متاہل، حاملہ و مرضعہ، سب اپنی اپنی حالتوں میں منہمک ہیں، اور کوئی نہیں جس کے لیئے زندگی کی کاوشوں میں محویت نہ ہو۔ امیر اپنے محل کے عیش و نشاط میں اور فقیر اپنی بے سروسامانیوں کی فاقہ مستی میں زندگی بسر کرتا ہے، لیکن دونوں کے لیئے زندگی کی مشغولیتوں میں دلبستگی ہوتی ہے اور کوئی نہیں کہہ سکتا کہ کون زیادہ مشغول ہے۔ ایک تاجر جس انہماک کے ساتھ اپنی لاکھوں کروڑوں روپیوں کی آمدنی کا حساب کرتا ہے اُسی طرح ایک مزدور بھی اپنی دن بھر کی محنت کے چند پیسے گن لیا کرتا ہے، اور دونوں کے لیئے یکساں طور پر زندگی محبوب ہوتی ہے۔ ایک حکیم کو دیکھو جو اپنے علم و دانش کی کاوشوں میں غرق ہے، اور ایک دہقان کو دیکھو جو دوپہر کی دھوپ میں برہنہ سر ہل جوت رہا ہے، اور پھر بتلاؤ، کس کیلیئے زندگی کی مشغولیتوں میں زیادہ دلبستگی ہے؟

پھر دیکھو، بچہ کی پیدائش ماں کے لیئے کیسی جانکاہی و مصیبت ہوتی ہے؟ اور اُسکی پرورش و نگرانی کس طرح خود فروشانہ مشقتوں کا ایک طول وطویل سلسلہ ہے؟ لیکن یہ سارا معاملہ کچھ ایسی خواہشوں اور جذبوں کے ساتھ وابستہ کردیا گیا ہے کہ ہر عورت میں ماں بننے کی قدرتی طلب ہے۔ اور ہر ماں پرورشِ اولاد کے لیئے مجنونانہ خود فراموشی رکھتی ہے۔ وہ زندگی کا سب سے بڑا دُکھ سہیگی، اور پھر اُسی دکھ میں زندگی کی سب سے بڑی مسرت محسوس کرے گی: وہ جب اپنی معیشت کی ساری آسائشیں اور راحتیں قربان کردیتی ہے، اور اپنی رگوں کے خون کا ایک ایک قطرہ دودھ بنا کر پلا دیتی ہے، تو اُسکے دل کا ایک ایک ریشہ زندگی کے سب سے بڑے احساسِ مسرت سے معمور ہوجاتا ہے!

پھر کاروبارِ فطرت کے یہ تصرفات دیکھو کہ کس طرح نوعِ انسانی کے منتشر افراد اجتماعی زندگی کے

بندھنوں سے باہم کر مربوط کردیئے گئے ہیں؟ اور کس طرح صلۂ رحمی کے رشتہ نے ہر فرد کو سینکڑوں ہزاروں افراد کے ساتھ جوڑ رکھا ہے؟

فرض کرو، زندگی و معیشت اِن تمام موثرات سے خالی ہوتی؟ لیکن قرآن کہتا ہے کہ خالی نہیں ہوسکتی تھی، اسلیئے کہ فطرتِ کائنات میں رحمت کارفرما ہے، اور رحمت کا مقتضا یہی تھا کہ معیشت کی قسمتوں کو خوشگوار بنا دے، اور زندگی کے لیئے تسکین و راحت کا سامان پیدا کردے۔ یہ رحمت کی کرشمہ سازیاں ہیں جنہوں نے رنج میں راحت، الم میں لذت اور سختیوں میں دلپسندیری کی کیفیت پیدا کردی ہے!

چنانچہ قرآن نے تسکینِ حیات کے مختلف پہلوؤں پر جابجا توجہ دلائی ہے۔ ازانجملہ کائناتِ خلقت کے مناظر و اشیاء کا اختلاف و تنوّع ہے۔ حیوانی طبیعت کا خاصہ ہے کہ یکسانی سے اکتاتی ہے اور تبدیلی و تنوّع میں خوشگواری و کیفیت محسوس کرتی ہے۔ پس اگر کائناتِ عالم میں محض یکسانی و یکرنگی ہی ہوتی، تو یہ دلچسپی اور خوشگواری پیدا نہ ہوسکتی جو اُسکے ہر گوشہ میں ہمیں نظر آرہی ہے۔ اوقات کا اختلاف، موسموں کا اختلاف، خشکی و تری کا اختلاف، مناظرِ طبیعت اور اشیاءِ خلقت کا اختلاف؛ جہاں بیشمار مصلحتیں اور فوائد رکھتا ہے، وہاں ایک بڑی مصلحت دنیا کی زیب و زینت اور معیشت کی تسکین و راحت بھی ہے:

گلہائے رنگ رنگ سے ہے زینتِ چمن
اے ذوقؔ اس جہاں میں ہے زیب اختلاف سے!

چنانچہ اسی سلسلہ میں وہ رات اور دن کے اختلاف کا ذکر کرتا ہے، اور کہتا ہے، اگر غور کرو تو اِس اختلاف میں حکمتِ الٰہی کی کتنی ہی نشانیاں پوشیدہ ہیں۔ یہ بات کہ شب و روز کی آمد و شد کی دو مختلف حالتیں ٹھہرادی گئی ہیں، اور وقت کی نوعیت ہر معین مقدار کے بعد بدلتی رہتی ہے، زندگی کیلیئے بڑی ہی تسکین و دلبستگی کا ذریعہ ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا، اور وقت ہمیشہ ایک ہی حالت پر برقرار رہتا تو دنیا میں زندہ رہنا دشوار ہوجاتا۔ اگر تم قطبین کے اطراف میں جاؤ جہاں روز و شب کا اختلاف اپنی نمود نہیں رکھتا، تو تمہیں معلوم ہوجائے کہ یہ اختلاف گزرانِ حیات کے لیئے کیسی عظیم الشان نعمت ہے:

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ (۳ : ۱۸۷)	بلاشبہ آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات اور دن کے اختلاف میں ارباب دانش کے لیئے (حکمت الٰہی) کی بڑی ہی نشانیاں ہیں!

رات اور دن کے اختلاف نے معیشت کو دو مختلف حصوں میں تقسیم کردیا ہے۔ دن کی روشنی جدوجہد کی

سرگرمی پیدا کرتی ہے۔ رات کی تاریکی راحت و سکون کا بستر بچھا دیتی ہے۔ ہر دن کی محنت کے بعد رات کا سکون ہوتا ہے، اور ہر رات کے سکون کے بعد نئے دن کی نئی سرگرمی!

وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ

اور (دیکھو) یہ اُسکی رحمت کی کارسازی ہے کہ تمہارے لیے رات اور دن (الگ الگ) ٹھہرا دیئے گئے تاکہ رات کے وقت راحت پاؤ، اور دن میں اُس کا فضل تلاش کرو (یعنی کاروبار معیشت میں سرگرم ہو)

پھر رات اور دن کا اختلاف، صرف رات اور دن ہی کا اختلاف نہیں ہے، بلکہ ہر دن مختلف حالتوں سے گزرتا، اور ہر رات مختلف منزلیں طے کرتی ہے۔ اور ہر حالت ایک خاص طرح کی تاثیر رکھتی ہے، اور ہر منزل کے لیے ایک خاص طرح کا منظر ہوتا ہے۔ صبح طلوع ہوتی ہے، اور اسکی ایک خاص تاثیر ہوتی ہے۔ دن ڈھلتا ہے، اور اُس کا ایک خاص منظر ہوتا ہے۔ اوقات کا یہ روزانہ اختلاف ہمارے احساسات کا ذائقہ تبدیل کرتا رہتا ہے، اور یکسانیت کی افسردگی کی جگہ تبدّل و تجدّد کی لذت اور سرگرمی پیدا ہوتی رہتی ہے!

فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ○ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ○ (۳۰: ۱۶)

پس پاکی ہے اللہ کے لیے، اور آسمانوں اور زمین میں اُسی کے لیے حمد و ستائش ہے، جبکہ تم پر شام آتی ہے، اور جب تم پر صبح طلوع ہوتی ہے اور جب دن کا آخری وقت ہو، اور جب دوپہر شروع ہو جائے!

اسی طرح انسان خود اپنے وجود کو دیکھے، اور تمام حیوانات کو دیکھے۔ فطرت نے کس طرح طرح طرح کے اختلافات سے اسمیں تنوع اور دلپسندیری پیدا کر دی ہے؟

وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ (۳۵: ۲۷)

اور انسان، جانور، چارپائے، طرح طرح کی رنگتوں کے!

عالم نباتات کو دیکھو۔ درختوں کے مختلف ڈیل ڈول ہیں، مختلف رنگتیں ہیں، مختلف خوشبوئیں ہیں، مختلف خواص ہیں، اور پھر دانہ اور پھل کھاؤ تو مختلف قسم کے ذائقے ہیں!

اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ (۲۶: ۷)

کیا ان لوگوں نے کبھی زمین پر نظر نہیں ڈالی اور غور نہیں کیا کہ ہم نے نباتات کی ہر دو دو بہتر قسموں میں سے کتنے (بے شمار) درخت پیدا کر دیئے ہیں!

وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

اور (دیکھو) اللہ نے جو پیداوار تمہارے لیے مختلف رنگتوں کی زمین میں پھیلا دی ہے، سو اُس میں بھی عبرت پذیر طبیعتوں کے لیے حکمت

لِقَوۡمٍ یَّذَّکَّرُوۡنَ ○ (۱۶: ۱۳) — الٰہی کی) بڑی ہی نشانی ہے!

وَھُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡشَاَ جَنّٰتٍ مَّعۡرُوۡشٰتٍ وَّغَیۡرَ مَعۡرُوۡشٰتٍ وَّالنَّخۡلَ وَالزَّرۡعَ مُخۡتَلِفًا اُکُلُہٗ (۶: ۱۴۲) — اور وہ (حکیم وقدیر) جس نے (طرح طرح کے) باغ (زمین میں) پیدا کردیئے۔ ٹٹیوں پر چڑھائے ہوئے اور بغیر چڑھائے ہوئے اور کھجور کے درخت اور (طرح طرح کی) کھیتیاں جن کے دانے اور پھل کھانے میں مختلف ذائقہ رکھتے ہیں۔

حیوانات اور نباتات ہی پر موقوف نہیں، جمادات میں بھی یہی قانونِ فطرت کام کر رہا ہے:

وَمِنَ الۡجِبَالِ جُدَدٌۢ بِیۡضٌ وَّحُمۡرٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُہَا وَغَرَابِیۡبُ سُوۡدٌ ○ — اور پہاڑوں کو دیکھو۔ گوناگوں رنگتوں کے ہیں۔ کچھ سفید، کچھ سرخ کچھ کالے کلوٹے!

اِسی قانونِ اختلاف کا ایک گوشہ وہ بھی ہے جسے قرآن نے "تزویج" سے تعبیر کیا ہے اور ہم اُسے قانونِ تثنیہ بھی کہتے ہیں۔ یعنی ہر چیز کے دُو دُو ہونے، یا متقابل و متماثل ہونے کا قانون۔ کائناتِ خلقت کا کوئی گوشہ بھی دیکھو، تمہیں کوئی چیز یہاں اکہری اور طاق نظر نہیں آئیگی۔ ہر چیز میں "جفت" اور "دُو دُو" ہونے کی حقیقت کام کر رہی ہے۔ یا یوں کہا جائے کہ ہر چیز اپنا کوئی نہ کوئی مثنّٰی بھی ضرور رکھتی ہے۔ رات کیلئے دن ہے، صبح کے لیئے شام ہے، نر کے لیئے مادہ ہے، مرد کیلئے عورت ہے، زندگی کے لیئے موت ہے۔[1]

وَمِنۡ کُلِّ شَیۡءٍ خَلَقۡنَا زَوۡجَیۡنِ لَعَلَّکُمۡ تَذَکَّرُوۡنَ ○ (۵۱: ۴۹) — اور ہر چیز میں ہم نے جوڑے پیدا کردیئے (یعنی دو دو اور متقابل اشیاء پیدا کیں)

سُبۡحٰنَ الَّذِیۡ خَلَقَ الۡاَزۡوَاجَ کُلَّہَا مِمَّا تُنۡۢبِتُ الۡاَرۡضُ وَمِنۡ اَنۡفُسِہِمۡ وَمِمَّا لَا یَعۡلَمُوۡنَ ○ (۳۶: ۳۶) — پاکی اور بزرگی ہے اُس ذات کے لیئے جس نے زمین کی پیداوار میں اور انسان میں، اور اُن تمام مخلوقات میں جن کا انسان کو علم نہیں، دو دو اور متقابل چیزیں پیدا کیں!

یہی قانونِ فطرت ہے جس نے انسان کو دو مختلف جنسوں یعنی مرد اور عورت میں تقسیم کردیا، ... بقیہ

---

[1] قرآن حکیم نے آخرت کے وجود کا جن جن دلائل سے اذعان پیدا کیا ہے، اُن میں سے ایک یہ بھی ہے۔ وہ کہتا ہے دُنیا میں ہر چیز اپنا کوئی نہ کوئی متقابل وجود یا مثنّٰی ضرور رکھتی ہے۔ پس ضروری ہے کہ دنیوی زندگی کے لیئے بھی کوئی متقابل اور مثنّٰی زندگی ہو۔ دنیوی زندگی کی متقابل زندگی آخرت کی زندگی ہے۔

والشمس وضحٰھا۔ والقمر اذا تلٰھا۔ والنھار اذا جلّٰھا۔ والیل اذا یغشٰھا۔ والسماء وما بنٰھا۔ والارض وما طحٰھا۔ الخ (۹۱: ۱-۶)

اُن میں فعل و انفعال اور جذب و انجذاب کے کچھ ایسے احساسات ودیعت کردیے، کہ ہر جنس دوسری جنس سے ملنے کی قدرتی طلب رکھتی ہے، اور دونوں کے ملنے سے ازدواجی زندگی کی ایک کامل معیشت پیدا ہوجاتی ہے!

فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا (۴۲ : ۹)

وہ آسمانوں اور زمین کا بنانے والا۔ اُس نے تمہارے لیئے تمہاری ہی جنس میں سے جوڑے بنادیئے (یعنی مرد کے لیئے عورت اور عورت کے لیئے مرد) اسی طرح چارپایوں میں بھی جوڑے پیدا کردیئے۔

قرآن کہتا ہے، یہ اسلیئے ہے تاکہ محبّت اور سکون ہو، اور دو ہستیوں کی باہمی رفاقت و اشتراک سے زندگی کی محنتیں اور مشقتیں سہل اور گوارا ہو جائیں:

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (۳۰ : ۲۰)

اور (دیکھو) اُسکی (رحمت کی) نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہے کہ اُس نے تمہارے لیئے تم ہی میں سے جوڑے پیدا کردیئے (یعنی مرد کے لیئے عورت اور عورت کیلیئے مرد) تاکہ اسکی وجہ سے تمہیں سکون حاصل ہو اور (پھر اسکی کارفرمائی دیکھو کہ) تمہارے درمیان (یعنی مرد اور عورت کے درمیان) محبت اور رحمت کا جذبہ پیدا کردیا۔ بلاشبہ ان لوگوں کیلیے جو غور و فکر کرنیوالے ہیں اس میں (حکمت الٰہی کی) نشانیاں ہیں۔

پھر اسی ازدواجی زندگی سے توالد و تناسل کا ایک ایسا سلسلہ قائم ہوگیا ہے کہ ہر وجود پیدا ہوتا ہے، اور ہر وجود پیدا کرتا ہے۔ ایک طرف وہ نسب کا رشتہ رکھتا ہے جو اُسے پچھلوں سے جوڑتا ہے۔ دوسری طرف صہر یعنی دامادی کا بھی رشتہ رکھتا ہے جو اُسے آگے آنے والوں سے مربوط کردیتا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہر وجود کی فردیّت ایک وسیع دائرہ کی کثرت میں پھیل گئی ہے، اور رشتوں قرابتوں کا ایسا منظم حلقہ پیدا ہوگیا ہے جس کی ہر کڑی دوسری کڑی کے ساتھ مربوط ہے!

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَاۗءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا (۲۵ : ۵۶)

اور وہی (حکیم و قدیر) ہے جس نے پانی سے (یعنی نطفہ سے) انسان کو پیدا کیا۔ پھر (اسی رشتۂ پیدائش کے ذریعہ) اُسے نسب اور صہر کا رشتہ رکھنے والا بنادیا!

اور پھر دیکھو، اِس نسب اور صہر کے رشتہ سے کس طرح خاندان اور قبیلہ کا نظام قائم ہوگیا ہے، اور کس عجیب و غریب طریقہ سے صلۂ رحمی یعنی قرابت داری کی گیرائیاں ایک وجود کو دوسرے وجود سے جوڑتیں اور معاشرتی زندگی کی باہمی الفتوں اور معاونتوں کیلیئے محرک ہوتی ہیں؟ دراصل انسان کی اجتماعی زندگی کا سارا کارخانہ اسی صلۂ رحمی کے سررشتہ نے قائم کر رکھا ہے:

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ

اے افرادِ نسلِ انسانی! اپنے پروردگار کی نافرمانی سے بچو (اور اُسکے ٹھہرائے ہوئے

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيرًا وَّنِسَاءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا ﴿۴ : ۱﴾

تیتوں سے بے پروا ہو جاؤ) وہ پروردگار جس نے (تمہاری پیدائش کا ایسا نظام مقرر دیا کہ ایک فرد کی اکیلی ہستی سے رشتوں قرابتوں کا ایک پورا خاندان پیدا ہو جاتا ہے اور پھر بعد دیگرے اُس کا دائرہ وسیع ہوتا رہتا ہے۔ چنانچہ دیکھو، اُس نے) تمہیں ایک فرد واحد سے پیدا کیا (یعنی آدمؑ سے پیدا کیا) اور اُسی سے اُسکا جوڑا بھی پیدا کر دیا (یعنی جس طرح مرد کی نسل سے لڑکا پیدا ہوا لڑکی بھی پیدا ہوئی) پھر اُن کی نسل سے ایک بڑی تعداد مرد اور عورت کی پیدا ہو گئی۔ اور (توالد و تناسل) سے پھیل گئی (اسطرح فرد واحد کے رشتہ نے ایک بڑے خاندان اور قبیلہ کی صورت پیدا کر لی) پس اللہ کی نافرمانی سے بچو جسکے نام پر باہم دگر (مہر و شفقت کا) سوال کرتے ہو اور صلۂ رحمی کے توڑنے سے (جسکے نام پر باہم دگر ایک دوسرے سے ہمدردی اعانت رکھتے ہو)

وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً ﴿۱۶ : ۷۲﴾

اور (دیکھو) یہ اللہ ہی جس نے تمہاری ہی جنس میں سے تمہارے لئے جوڑا بنا دیا، (یعنی مرد کیلئے عورت اور عورت کیلئے مرد) پھر تمہارے باہمی ازدواج سے بیٹوں اور پوتوں کا سلسلہ قائم کر دیا (جسمیں تمہارے لئے زندگی کی بڑی ہی مسرت ہے)

اسی طرح ایامِ حیات کے تغیر و تنوع میں بھی تسکین حیات کی ایک بہت بڑی مصلحت پوشیدہ ہے ہر زندگی طفولیت، شباب، جوانی، کہولت، اور بڑھاپے کی مختلف منزلوں سے گزرتی ہے، اور ہر منزل اپنے نئے نئے احساسات اور نئی نئی کاوشیں رکھتی ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہماری زندگی عالم ہستی کی ایک دلچسپ مسافرت بن گئی ہے۔ ایک منزل کی کیفیتوں سے ابھی جی سیر نہیں ہو چکتا کہ دوسری منزل نمودار ہو جاتی ہے، اور اس طرح عرصۂ حیات کی طوالت محسوس ہی نہیں ہوتی:

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۴۰ : ۶۷﴾

وہ پروردگار، جس نے تمہارا وجود مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفہ سے، پھر علقہ سے (یعنی جونک کی شکل کی ایک چیز سے، پھر ایسا ہوتا ہے کہ تم طفولیت کی حالت میں ماں کے شکم سے نکلتے ہو، پھر بڑے ہوتے ہو اور سن تمیز تک پہنچتے ہو۔ اسکے بعد تمہارا جینا اسلیئے ہوتا ہے تاکہ بڑھاپے کی منزل تک پہنچو پھر تم میں سے کوئی تو ان منزلوں سے پہلے ہی مر جاتا ہے اور کوئی چھوڑ دیا جاتا ہے تاکہ اپنے مقررہ وقت تک زندگی بسر کرلے۔

اسی طرح طرح طرح کی خواہشیں اور جذبے، زینت و تفاخر کے ولولے، مال و متاع کی محبت، آل اولاد کی دلبستگیاں؛ زندگی کی دلچسپی و انہماک کیلئے پیدا کر دی گئی ہیں:

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ

انسان کے لیئے مرد و عورت کے تعلق میں، اولاد میں، چاندی سونے کے اندوختوں میں، چنے ہوئے گھوڑوں میں، مویشیوں میں، اور کھیتی باڑی میں دلبستگی پیدا کر دی گئی ہے، اور یہ

وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ (۳: ۱۴)

جو کچھ بھی ہے، دنیوی زندگی کی پونجی ہے اور بہتر ٹھکانا تو اللہ ہی کے پاس ہے!

اِسی طرح معیشت کا اختلاف اور اسکی وجہ سے مختلف درجوں اور حالتوں کا پیدا ہوجانا بھی انہماکِ حیات کا ایک بہت بڑا محرک ہے، کیونکہ اسکی وجہ سے زندگی میں تزاحم پیدا ہوگیا ہے، اور تزاحم کے استغراق سے زندگی کی مشقتوں کا جھیلنا آسان ہوگیا ہے، بلکہ یہی مشقتیں راحت و سرور کا سامان بن گئی ہیں:

وَهُوَ الَّذِیْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِیْ مَآ اٰتٰىكُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (۶: ۱۶۵)

اور یہ اُسی (حکیم و قدیر) کی کارفرمائی ہے کہ اُسنے تمہیں زمین میں (پچھلوں کا) جانشین بنایا، اور تم میں سے بعض کو بعض پر، درجوں میں، فوقیت دیدی، تاکہ جو کچھ تمہیں دیا گیا ہے اُسمیں تمہارے عمل و تصرف کی آزمایش کرے۔ بلاشبہ تمہارا پروردگار (پاداش) عمل کی سزا دینے میں تیز ہے (یعنی اُس کا قانونِ مکافات نتایج عمل میں سست رفتار نہیں) لیکن ساتھ ہی بخشدینے والا، رحمت رکھنے والا بھی ہے (اسلیئے اگر ایک طرف نتایجِ اعمال کا قانون کام کررہا ہے تو دوسری طرف آزمایشِ حیات میں تمہارے لیئے طرح طرح کے...)

برہانِ فضل و رحمت

چنانچہ یہی وجہ ہے کہ جس طرح قرآن نے ربوبیّت کے اعمال و مظاہر سے استدلال کیا ہے، اُسی طرح وہ رحمت کے آثار و مناظر سے بھی جابجا استدلال کرتا ہے، اور برہانِ ربوبیت کی طرح برہانِ فضل و رحمت بھی اُسکی دعوت و ارشاد کا ایک عام اسلوبِ خطاب ہے۔ وہ کہتا ہے، کائناتِ خلقت کی ہر شے میں، ایک مقررہ نظام کے ساتھ رحمت و فضل کے مظاہر کا موجود ہونا، قدرتی طور پر انسان کو یقین دلاتا ہے کہ ایک رحمت رکھنے والا خالقِ کائنات موجود ہے۔ کیونکہ ممکن نہیں فضل و رحمت کی یہ پوری کائنات موجود ہو، اور فضل و رحمت کا کوئی زندہ ارادہ موجود نہ ہو۔ چنانچہ وہ تمام مقامات جن میں کائناتِ خلقت کے اِفادہ و فیضان، زینت و جمال، موزونیت و اعتدال، تسویہ و قوام، اور خوبی و اتقان کا ذکر کیا گیا ہے، دراصل اسی استدلال پر مبنی ہیں:

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ

اور (دیکھو) تمہارا معبود وہی ایک معبود ہے۔ کوئی معبود نہیں مگر اُسی کی ایک ذات، رحمت والی، اور اپنی رحمت کی بخشایشوں سے فیضیاب کرنے والی! بلاشبہ آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے میں، اور رات دن کے آگے پیچھے آتے رہنے میں، اور کشتی میں جو انسان کی کار برآریوں کیلئے سمندر میں چلتی ہے اور بارش میں جسے اللہ آسمان سے برساتا ہے، اور اس (بارش) کی آبپاشی سے زمین

أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَتَصْرِيفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْأَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُونَ (۲ : ۱۵۸)

مرنے کے بعد پھر جی اُٹھتی ہے، اور اس بات میں کہ ہر قسم کے جانور زمین میں منتشر کر رکھے ہیں، نیز ہواؤں کے (مختلف جانب) پھیرنے میں، اور بادلوں میں جو آسمان اور زمین کے درمیان (اپنی مقررہ جگہ کے اندر) بندھے رُکے ہیں، عقل رکھنے والوں کے لئے (اللہ کی ہستی اور اُس کے قوانین فضل و رحمت کی) بڑی ہی نشانیاں ہیں!

اِسی طرح اُن مقامات کا مطالعہ کرو جہاں خصوصیت کے ساتھ جمالِ فطرت سے استدلال کیا ہے:

أَفَلَمْ يَنْظُرُوا إِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوجٍ وَالْأَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ تَبْصِرَةً وَذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيبٍ (۵۰ : ٦)

کیا کبھی ان لوگوں نے آسمان کی طرف نظر اُٹھا کر دیکھا نہیں کہ کس خوبی کے ساتھ ہم نے یہ فضائے سماوی اور اسکے ستارے بنائے ہیں؟ اور کس طرح اُسکے منظر میں خوشنمائی پیدا کر دی ہے، اور پھر کس عمدگی کے ساتھ تمہارے سروں پر یہ شامیانہ تنا ہوا ہے کہ کہیں بھی اسمیں شگاف نہیں؟ اور اسیطرح زمین کو دیکھو، کسطرح ہم نے اُسے فرش کیطرح پھیلا دیا، اور اسمیں پہاڑوں کے لنگر ڈالدیئے، اور پھر کسطرح قسم قسم کے خوبصورت نباتات اُگا دیئے؟ ہر اس بندے کیلئے جو حق کیطرف رجوع کرنیوالا ہو، اسمیں بصیرت و عبرت ہے!

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِينَ ۝ (۱۵ : ۱٦)

اور (دیکھو) ہم نے آسمان میں (ستاروں کی گردش کے لیئے) برج بنائے اور اس طرح بنائے کہ دیکھنے والوں کیلئے اُن میں خوشنمائی پیدا کر دی۔

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ (٦۷ : ۵)

اور (دیکھو) ہم نے دنیا کے آسمان (یعنی کرۂ ارضی کی فضا کو ستاروں کی قندیلوں سے خوش منظر بنا دیا!

وَلَكُمْ فِيهَا جَمَالٌ حِينَ تُرِيحُونَ وَحِينَ تَسْرَحُونَ ۝ (۱٦ : ۵)

اور (دیکھو) اُس نے چارپائے پیدا کیئے۔ اور ایسے خوبصورت پیدا کیئے کہ تمہارے لیئے اُنکے منظر میں جب شام کے وقت جب اُنکو دشت سے واپس لاتے ہو اور جب صبح کو لیجاتے ہو، ایکطرح کا حُسن اور نظر افروزی ہے!

جس چیز کو ہم "جمال" کہتے ہیں، اُسکی حقیقت کیا ہے؟ موزونیت اور تناسب۔ یہی موزونیت اور تناسب ہے جو بناؤ اور خوبی کے تمام مظاہر کی اصل ہے:

وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُونٍ (۱۵ : ۱۹) اور (دیکھو) ہم نے زمین میں ہر ایک چیز موزونیت اور تناسب رکھنے والی اُگائی!

اسی معنی میں قرآن "تسویہ" کا لفظ بھی استعمال کرتا ہے۔ "تسویہ" کے معنی یہ ہیں کہ کسی چیز کو اس طرح، ٹھیک ٹھیک، درست کر دینا، کہ اُسکی ہر بات خوبی و مناسبت کے ساتھ ہو:

الَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰیۙ وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰیۙ (۸۷: ۲-۳)	وہ پروردگار، جس نے ہر چیز پیدا کی، پھر ٹھیک ٹھیک خوبی و مناسبت کے ساتھ اُسے درست کر دیا، پھر اُسکے لیئے ایک اندازہ ٹھیرا دیا، پھر اُس (زندگی و معیشت کی) راہ کھول دی!
الَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَۙ فِیْۤ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَؕ (۸۲: ۷)	وہ پروردگار، جس نے تمہیں پیدا کیا، پھر ٹھیک ٹھیک درست کر دیا، پھر (تمہارے ظاہری و باطنی قویٰ میں) اعتدال و تناسب ملحوظ رکھا، پھر جیسی صورت بنانی چاہی، اُسکے مطابق ترکیب دیدی!

یہی حقیقت ہے جسے قرآن نے "اتقان" سے بھی تعبیر کیا ہے۔ یعنی کائنات خلقت کی ہر چیز کا درستگی و استواری کے ساتھ ہونا کہ کہیں بھی اسمیں خلل، نقصان، بے ڈھنگا پن، اونچ نیچ، ناہمواری نظر نہیں آسکتی:

صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِیْۤ اَتْقَنَ كُلَّ شَیْءٍ (۲۷: ۹۰)	یہ اللہ کی کاریگری ہے۔ جس نے ہر چیز درستگی و استواری کے ساتھ بنائی!
مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ اِلَیْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِیْرٌ (۶۷: ۳)	تم (اس) رحمٰن کی بناوٹ میں (رحمٰن کی بناوٹ میں کیونکہ یہ اسکی رحمت ہی کا ظہور ہے) کبھی کوئی اونچ نیچ نہیں پاؤگے۔ (اچھا نظر اٹھاؤ، اور اس کارگاہ صنعت کا مشاہدہ کرو) ایک بار نہیں، بار بار دیکھو، کیا تمہیں کہیں کوئی دراڑ دکھائی دیتی ہے؟ تم اسی طرح یکے بعد دیگرے دیکھتے رہو، تمہاری نگاہ تھکے گی، اور عاجز و درماندہ ہو کر واپس آجائے گی، لیکن کوئی نقص نہ نکال سکے گی!

"فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ" فرمایا۔ یعنی یہ خوبی و اتقان اسلیئے ہے کہ رحمت رکھنے والے کی کاریگری ہے اور رحمت کا مقتضا یہی تھا کہ حسن و خوبی ہو، اتقان و کمال ہو، نقص اور ناہمواری نہ ہو!

خدا کی ہستی اور اُسکی توحید و صفات کی طرح، آخرت کی زندگی پر بھی وہ رحمت سے استدلال کرتا ہے۔ اگر رحمت کا مقتضا یہ ہوا کہ دنیا میں اس خوبی و کمال کے ساتھ زندگی کا ظہور ہو، تو کیونکر یہ بات باور کی جا سکتی ہے کہ دنیا کی چند روزہ زندگی کے بعد اُسکا فیضان ختم ہو جائے، اور خزانۂ رحمت میں انسان کی زندگی اور بقاء کے لیئے کچھ باقی نہ رہے؟

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا كُفُوْرًا ۝ قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ رَحْمَةِ رَبِّىْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ؕ (۱۷: ۱۰۱)

کیا ان لوگوں نے کبھی اس بات پر غور نہیں کیا کہ اللہ جس (کی قدرت وحکمت) نے آسمان و زمین پیدا کیے ہیں، یقیناً اس بات سے عاجز نہیں ہو سکتا کہ ان جیسے (آدمی دوبارہ) پیدا کر دے، اور یہ کہ انکے لیے اس نے ایک ایک مقررہ وقت ٹھرا دیا ہے جسمیں کسی طرح کا شک و شبہ نہیں؟ (افسوس انکی شقاوت پر!) اس پر بھی ان ظالموں نے اپنے لیے کوئی راہ پسند نہ کی مگر حقیقت سے انکار کرنے کی! (اے پیغمبر ان سے) کہدو، اگر میرے پروردگار کی رحمت کے خزانے تمہارے قبضہ میں ہوتے۔ تو اس حالت میں یقیناً تم خرچ ہو جانیکے ڈر سے ہاتھ روکے رکھتے۔ (لیکن یہ اللہ ہی جسکے خزائن رحمت نہ تو کبھی ختم ہو سکتے ہیں اور نہ اسکی بخشایش رحمت کی کوئی انتہا ہے)

اس طرح وہ رحمت سے وحی و تنزیل کی ضرورت پر بھی استدلال کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے۔ جو رحمت کارخانۂ ہستی کے ہر گوشہ میں افادہ و فیضان کا سرچشمہ ہے، کیونکر ممکن تھا کہ انسان کی معنوی ہدایت کیلئے اس کے پاس کوئی فیضان نہ ہوتا، اور وہ انسان کو نقصان و ہلاکت کیلئے چھوڑ دیتی؟ اگر تم دس گوشوں میں فیضان رحمت محسوس کر رہے ہو۔ تو کوئی وجہ نہیں کہ گیا رھویں گوشے میں اس سے انکار کر دو۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے جا بجا نزول وحی، تنزیل کتب، اور بعثت انبیاءؑ کو رحمت سے تعبیر کیا ہے:

وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِىْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا ۝ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ۝ (۱۷: ۸۸)

اور (اے پیغمبر!) اگر ہم چاہیں تو جو کچھ تم پر وحی کے ذریعہ بھیجا گیا ہو اسے اٹھا لیجائیں (یعنی سلسلہ تنزیل و وحی باقی نہ رہے) اور پھر تمہیں کوئی بھی ایسا کارساز نہ ملے جو ہم پر زور ڈال سکے۔ لیکن یہ جو سلسلۂ وحی جاری ہے تو یہ اسکے سوا کچھ نہیں ہو کہ تمہارے پروردگار کی رحمت ہے، اور یقین کرو، تم پر اسکا بڑا ہی فضل ہو (کہ نزول رحمت کا تمہیں مورد و مہبط ٹھرا دیا ہے)

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝ (۳۶: ۲)

(یہ قرآن) عزیز و رحیم کیطرف سے نازل کیا گیا ہے، تاکہ ان لوگوں کو، جن کے آبا و اجداد (کسی پیغمبر کی زبانی نتائج ضلالت سے) نہیں ڈرائے گئے ہیں اور اسلیئے غفلت میں پڑے ہوئے ہیں (بدعملیوں کے نتیجوں سے) ڈراؤ!

توریت و انجیل اور قرآن کی نسبت جا بجا تصریح کی کہ ان کا نزول "رحمت" ہے:

وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ (۱۱: ۲۰)

اور اس سے پہلے (یعنی قرآن سے پہلے) موسیٰ کی کتاب (امت کے لیے) پیشوا اور رحمت!

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ

اے افراد نسل انسانی! یقیناً یہ تمہارے پروردگار کیطرف سے موعظت

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ۭ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ (۱۰: ۵۷)	جو تمہارے لیئے آگئی ہو، اور اُن تمام بیماریوں کیلئے جو انسان کے دل کی بیماریاں ہیں نسخۂ شفا ہو، اور رہنمائی اور رحمت ہو ایمان رکھنے والوں کیلئے۔ (اے پیغمبر ان لوگوں سے) کہدو کہ یہ جو کچھ ہو، اللہ کے فضل اور رحمت سے ہو، پس چاہیئے کہ (اسمیں غور وفکر کرو اور) اپنی فیضیابی پر خوش ہو۔ یہ (اپنی برکتوں میں) اُن تمام چیزوں سے بہتر ہے جنہیں تم (اپنی زندگی کی کامرانیوں کے لیئے) فراہم کرتے ہو!
هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝ (۴۵: ۱۹)	یہ (قرآن) لوگوں کے لیئے واضح دلیلوں کی روشنی ہے، اور ہدایت ورحمت ہے یقین رکھنے والوں کے لیئے!
اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ (۲۹: ۵۰)	(یہ منکرین حق معجزوں کا مطالبہ کرتے ہیں، لیکن) کیا ان لوگوں کے لیئے یہ (معجزہ) کافی نہیں کہ ہم نے تم پر کتاب نازل کی ہے جو انہیں (برابر) سنائی جا رہی ہو؟ یقین کرو، جو لوگ یقین رکھنے والے ہیں، انکے لیئے تو بلاشبہ اس (معجزہ) میں سرتاسر رحمت اور فہم وبصیرت ہو (اور جنکے دل ایمان ویقین کی طلب سے خالی ہیں تو انکے لیئے کوئی معجزہ بھی کارگر نہیں ہو سکتا!)

چنانچہ اسی بنا پر اُس نے داعیٔ اسلام کے ظہور کو بھی فیضانِ رحمت سے تعبیر کیا ہے:

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ (۲۱: ۱۰۷)	(اے پیغمبر!) تمہاری نبوت کا ظہور اسکے سوا کچھ نہیں ہے کہ تمام جہان کے لیئے ہماری رحمت کا ظہور ہے!

اسی طرح وہ "رحمت" کے مادی مظاہر سے انسانی اعمال کے معنوی قوانین پر بھی استدلال کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے، جس "رحمت" کا مقتضا یہ ہوا کہ دنیا میں "بقاء انفع" کا قانون نافذ ہے، یعنی وہی چیز باقی رہتی ہے جو نافع ہوتی ہے، کیونکر ممکن تھا کہ وہ انسانی اعمال کیطرف سے غافل ہو جاتی، اور نافع اور غیر نافع اعمال میں امتیاز نہ کرتی؟ پس مادیات کی طرح معنویات میں بھی یہ قانون نافذ ہے، اور ٹھیک ٹھیک اسی طرح اپنے احکام ونتائج رکھتا ہو، جس طرح مادیات میں تم دیکھ رہے ہو۔

اس سلسلہ میں وہ دو لفظ استعمال کرتا ہے "حق" اور "باطل"۔ سورۂ رعد میں جہاں قانونِ "بقاء انفع" کا ذکر کیا ہے، وہاں یہ بھی کہہ دیا ہے کہ اس بیان سے مقصود "حق" اور "باطل" کی حقیقت واضح کرنی ہے:

كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ۬ (۱۳ : ۱۸)

اس طرح اللہ "حق" اور "باطل" کی ایک مثال بیان کرتا ہے۔

ساتھ ہی مزید تصریح کر دی:

فَاَمَّا الزَّبَدُ فَيَذْهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنْفَعُ النَّاسَ فَيَمْكُثُ فِى الْاَرْضِ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ ؕ لِلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمُ الْحُسْنٰى ؕ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۬ (۱۳ : ۱۸)

پس (دیکھو) میل کچیل سے جو جھاگ اٹھتا ہے، وہ رائگاں جاتا ہے، کیونکہ اسمیں انسان کیلئے نفع نہ تھا، لیکن جس چیز میں انسان کیلئے نفع ہے، وہ زمین میں باقی رہجاتی ہے۔ اسی طرح اللہ (اپنے قوانین عمل کی) مثالیں دیتا ہے۔ (سو) جن لوگوں نے اپنے پروردگار کا حکم قبول کیا اُنکے لیے خوبی و بہتری ہے، اور جن لوگوں نے قبول نہ کیا اور حق کی جگہ باطل کی راہ اختیار کی، اُنکے لیے (اپنے اعمال بد کا) سختی کے ساتھ حساب دینا ہے اور اگر ان لوگوں کے قبضہ میں وہ سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اتنا ہی اُس پر اور بڑھا دیں اور بدلہ میں دیکر (نتائج عمل سے) بچنا چاہیں (جب بھی نہ بچ سکینگے)

عربی میں "حق" کا خاصہ ثبوت اور قیام ہے۔ یعنی جو بات ثابت ہو، اپنی جگہ اٹل ہو، امٹ ہو، اُسے "حق" کہیں گے۔ "باطل" ٹھیک ٹھیک اُس کا نقیض ہے۔ ایسی چیز جس میں ثبات و قیام نہ ہو۔ ٹل جانے والی مٹ جانے والی، باقی نہ رہنے والی۔ چنانچہ خود قرآن میں جا بجا ہے۔ ليحق الحق ويبطل الباطل (۸ : ۸)

وہ کہتا ہے، جس طرح تم مادیات میں دیکھتے ہو کہ فطرت چھانٹتی رہتی ہے۔ جو چیز نافع ہوتی ہے، باقی رکھتی ہے، جو نافع نہیں ہوتی، اُسے محو کر دیتی ہے۔ ٹھیک ٹھیک ایسا ہی عمل معنویات میں بھی جاری ہے۔ جو عمل حق ہوگا، قائم اور ثابت رہیگا، جو باطل ہوگا، مٹ جائیگا، اور جب کبھی حق و باطل متقابل ہونگے تو بقا حق کے لیئے ہوگی، نہ کہ باطل کیلئے۔ وہ اسے "قضاء بالحق" سے تعبیر کرتا ہے یعنی فطرت کا فیصلۂ حق، جو باطل کے لیئے نہیں ہو سکتا:

فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ قُضِىَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْمُبْطِلُوْنَ ۰ (۴۰ : ۷۸)

پھر جب وہ وقت آگیا کہ حکم الٰہی صادر ہو، تو (خدا کا) فیصلۂ حق نافذ ہو گیا، اور اُس وقت اُن لوگوں کے لیئے جو برسر باطل تھے، تباہی ہوئی!

اُس نے اِس حقیقت کی تعبیر کے لیئے "حق" اور "باطل" کا لفظ اختیار کر کے مجرد تعبیر ہی سے حقیقت کی نوعیت واضح کر دی۔ کیونکہ حق اُسی چیز کو کہتے ہیں جو ثابت و قائم اور اٹل ہو، اور باطل کے معنی ہی یہ ہیں کہ مٹ جانا اور قائم و باقی نہ رہنا۔ پس جب وہ کسی بات کیلئے کہتا ہے کہ یہ "حق" ہے تو یہ صرف دعوی ہی نہیں ہوتا، بلکہ دعوے کے ساتھ اُسکے جانچنے کا ایک معیار بھی پیش کر دیتا ہے۔ یہ بات حق ہے یعنی

نہ ٹلنے والی اور نہ مٹنے والی بات ہے۔ یہ بات باطل ہی۔ یعنی نہ ٹک سکنے والی اور مٹ جانے والی بات ہی۔ پس جو بات اٹل ہوگی، اُسکا اٹل ہونا کسی نگاہ سے پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔ جو بات مٹ جانے والی ہی، اُسکا مٹنا ہر آنکھ دیکھ لے گی!

چنانچہ وہ اللہ کی نسبت بھی "الحق" کی صفت استعمال کرتا ہے۔ کیونکہ اُسکی ہستی سے بڑھکر اور کونسی حقیقت ہی جو ثابت اور اٹل ہوسکتی ہے؟

فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ (۱۰: ۳۲) پس یہ ہے تمہارا پروردگار "الحق"!

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ (۲۰: ۱۱۴) پس کیا ہی بلند درجہ ہے اللہ کا، الملک (یعنی فرمانروا) الحق (یعنی ثابت)

وحی و تنزیل کو بھی وہ "الحق" کہتا ہے، کیونکہ وہ دنیا کی ایک قائم و ثابت حقیقت ہی جن قوتوں نے اُسے مٹانا چاہا تھا، وہ خود مٹ گئیں، حتیٰ کہ آج اُن کا نام و نشان بھی باقی نہیں، لیکن وحی و تنزیل کی حقیقت ہمیشہ قائم رہی، اور آجتک قائم ہے:

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۭ وَاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ۝

(۱۰: ۱۰۸)

(اے پیغمبر! لوگوں سے) کہدو کہ اے افراد نسل انسانی! بلاشبہ تمہارے پروردگار کی طرف سے وہ چیز تمہارے لیئے آگئی جو "حق" ہی (اور اُس نے فلاح و سعادت کی راہ آشکارا کردی) پس اب جس کسی نے سیدھی راہ اختیار کی، تو یہ راست روی اُسی کی بھلائی کے لیئے ہے، اور جس نے گمراہی اختیار کی، تو اُسکی گمراہی کا نقصان بھی اُسی کے لیئے ہی، اور (میرا کام تو صرف راہِ حق دکھلا دینا ہے۔ میں تم پر نگہبان مقرر نہیں کیا گیا ہوں (کہ تم کو پکڑ کر زبردستی کسی راہ پر لگادوں)۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ (۱۷: ۱۰۶)

اور (اے پیغمبر!) ہماری طرف سے اُس کا (یعنی قرآن کا) نازل ہونا حق ہے، اور وہ حق ہی کے ساتھ نازل بھی ہُوا ہے۔

اسی طرح جب وہ علامت تعریف کے ساتھ کسی بات کو "الحق" کہتا ہی تو اس سے بھی مقصود یہی حقیقت ہوتی ہے، اور اسی لیئے وہ اکثر حالتوں میں صرف "الحق" کہہ کر خاموش ہو جاتا ہی، اور اس سے زیادہ کہنا ضروری نہیں سمجھتا۔ کیونکہ اگر فطرت کائنات کا یہ قانون ہے کہ وہ حق اور باطل کی نزاع میں "حق" ہی کو باقی رکھتی ہے، تو کسی بات کے امر حق ہونے کے لیئے صرف اتنا ہی کہدینا کافی ہے کہ وہ "حق" ہے۔ یعنی باقی و قائم رہنے والی حقیقت ہی۔ اُس کا بقا و قیام خود ہی فیصلہ کردیگا کہ یہ بیان صحیح تھا یا غلط۔ چنانچہ

سورۂ بقرہ میں جہاں تحویلِ قبلہ کے معاملہ کا ذکر کیا ہے، وہاں اہلِ کتاب کی متعصبانہ مخالفتوں کی طرف اشارہ کرکے فرمایا:

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ٥ (۲: ۱۴۲) — یہ (یعنی تحویلِ قبلہ کا معاملہ) تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک امرِ حق ہے، پس دیکھو، ایسا نہ ہو کہ تم شک کرنے والوں میں سے ہو جاؤ

چونکہ عام مفسرین کی نظر اس اصل پر نہ تھی، اسلیئے اس خطاب کا صحیح محل متعین نہ کر سکے۔ اور "فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ" کا مطلب یہ سمجھا گیا کہ "اس معاملہ کے خدا کی طرف سے ہونے میں شک نہ کرو" حالانکہ داعیِ اسلام کا قلب جو خود محلِ وحی تھا، اس بارے میں شک کا محل کیونکر ہو سکتا تھا؟ دراصل اس خطاب کا مقصد ہی دوسرا ہے۔ تحویلِ قبلہ کے معاملہ میں کمزور اور بے سروسامان مسلمانوں کے ایمان کے لیئے بہت بڑی آزمائش تھی۔ مٹھی بھر مظلوم و مقہور انسانوں کی جماعت نے دنیا کی دو سب سے بڑی مذہبی قوتوں کے قبلوں کے خلاف، اپنا ایک نیا قبلہ مقرر کیا تھا، اور یروشلیم کا عظیم الشان اور صدیوں کا مسلمہ ہیکل چھوڑ کر ریگستانِ عرب کے ایک گمنام اور بے شان و شوکت معبد کی طرف متوجہ ہو گئے تھے۔ ایسی حالت میں کون امید کر سکتا تھا کہ یہ بے باکانہ جرأت کامیاب ہو سکے گی؟ اور دنیا کی قوموں کا رخ اچانک پھر جائیگا؟ یہی حقیقت ہے جس کی طرف ان لفظوں میں اشارہ کیا گیا کہ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ط (۲: ۱۳۸) پس ضرورت تھی کہ کمزور دلوں کی تقویت کے لیئے واضح کر دیا جائے کہ یہ معاملہ کتنی ہی بے سروسامانیوں کے ساتھ ظہور میں آیا ہو اور ناکامیابی کے اسباب بظاہر کتنے ہی قوی نظر آتے ہوں، تاہم کامیابی و فتحمندی اسی کے لیئے ہے، اور اس کا نتیجہ ہر طرح کے شک و شبہ سے پاک ہے۔ کیونکہ یہ اللہ کی طرف سے ٹھہرایا ہوا "امرِ حق" ہے، اور جو حق ہو، وہ قائم و باقی رہنے کے لیئے ہوتا ہے، مٹنے کیلئے نہیں ہوتا۔ ہر وہ چیز جو اس سے مقابل ہو گی اور اس کی راہ روکے گی، محو اور فنا ہو جائے گی!

اسی طرح سورۂ آلِ عمران میں جہاں الوہیتِ مسیحؑ کے اعتقاد کا رد کیا ہے، فرمایا:

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ٥ (۳: ۵۳) — یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے امرِ حق ہے، پس دیکھو ایسا نہ ہو کہ تم شک کرنے والوں میں سے ہو جاؤ۔

الوہیتِ مسیحؑ کا اعتقاد مسیحی کلیسا کا بنیادی اعتقاد بن گیا تھا، اور اس قوت و وسعت کے ساتھ دنیا میں اس کی منادی کی گئی تھی کہ اب اس کے خلاف کسی دعوت کا کامیاب ہونا تقریباً محال معلوم ہوتا تھا۔ خصوصاً ایسی حالت میں جب کہ اس دعوت کے پیچھے ایک نوزائیدہ اور بے سروسامان

جماعت کے سوا کوئی طاقت و شوکت نظر نہ آتی ہو۔ پس فرمایا "اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ"۔ الوہیت مسیح کے باطل اعتقاد نے کتنی ہی عظمت و وسعت حاصل کر لی ہو، لیکن عبدیت مسیح کی دعوت ایک امر حق ہے، اور اسلیئے جب کبھی "حق" اور "باطل" میں مقابلہ ہوگا، تو بقا و ثبات حق ہی کے لیئے ہوگا باطل کے لیئے نہیں ہوگا۔ باطل کا تو خاصّہ ہی یہی ہے کہ وہ مٹ جانے والی چیز ہوتی ہے۔ سر دست یہ دعوت کتنی ہی کمزور معلوم ہوتی ہو، لیکن وہ وقت دور نہیں جب یہ اپنی فتحمندی کا علَم بلند کرے گی!

اسی طرح "الحق" کے تمام مقامات استعمال پر غور کرنا چاہیئے۔

یہ جو قرآن جا بجا حق اور باطل کی نزاع کا ذکر کرتا ہے، اور پھر بطور اصل و قاعدہ کے اس پر زور دیتا ہے کہ کامیابی حق کے لیئے ہے اور ہزیمت و خسران باطل کے لیئے، تو یہ تمام مقامات بھی اُسی قانون "قضاء بالحق" کی تصریحات ہیں، اور اسی حقیقت کی روشنی میں اُن کا مطالعہ کرنا چاہیئے:

بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ فَيَدْمَغُهُ فَإِذَا هُوَ زَاهِقٌ۔ (۲۱ : ۱۸)	اور ہمارا قانون یہ ہے کہ حق باطل سے ٹکراتا ہے اور اُسے پاش پاش کر دیتا ہے، اور پھر اچانک ایسا ہوتا ہے کہ وہ نابود ہو گیا!
وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا۔ (۱۷ : ۸۱)	اور کہدو حق نمودار ہو گیا اور باطل نابود ہوا، اور یقیناً باطل اسی لیئے تھا کہ نابود ہو جائے!

اور پھر حق و صداقت کے لیئے یہی اللہ کی وہ **شہادت** ہے جو اپنے مقررہ وقت پر ظاہر ہوتی ہے اور بتلا دیتی ہے کہ حق کس کے ساتھ تھا۔ اور باطل کا کون پرستار تھا۔ یعنی "قضاء بالحق" کا قانون حق کو ثابت و قائم رکھکر اور اسکے حریف کو محو و متلاشی کر کے حقیقت حال کا اعلان کر دیتا ہے:

قُلْ كَفَىٰ بِاللَّهِ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ شَهِيدًا يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَالَّذِينَ آمَنُوا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوا بِاللَّهِ أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ۔ (۲۹ : ۵۱)	اِن لوگوں سے کہدو، اب کسی اور رد و کد کی ضرورت نہیں۔ میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی بس کرتی ہے۔ آسمان و زمین میں جو کچھ ہے، سب اُس کے علم میں ہے۔ پس جو لوگ حق کی جگہ باطل پر ایمان لائے ہیں اور اللہ کی صداقت کے منکر ہیں، تو یقیناً ناکامی و تباہی اُنہی کے لیئے ہے!

ایک دوسرے موقع پر فیصلۂ امر کے لیئے اِسے سب سے بڑی شہادت قرار دیا ہے:

قُلْ أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ شَهَادَةً قُلِ اللَّهُ شَهِيدٌ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ (۶ : ۱۹)	کون سی بات سب سے بڑی گواہی ہے؟ اے پیغمبر! کہدو اللہ کی گواہی وہی میرے اور تمہارے درمیان (فیصلۂ امر کیلیئے) گواہی دینے والا ہے!

وہ کہتا ہے، اس قانون سے تم کیونکر انکار کر سکتے ہو، جبکہ زمین و آسمان کا تمام کارخانہ اسی کی کارفرمائیوں پر قائم ہے؟ اگر فطرتِ کائنات نقصان اور برائی چھانٹتی نہ رہتی، اور بقاؤ قیام صرف اچھائی اور خوبی ہی کے لیے نہ ہوتا، تو ظاہر ہے، تمام کارخانۂ ہستی درہم برہم ہوجاتا۔ جب تم جسمانیات میں اس قانونِ فطرت کا مشاہدہ کر رہے ہو، تو معنویات میں تمہیں کیوں انکار ہو؟

وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَ هُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَ مَنْ فِيْهِنَّ ؕ (۲۳: ۷۳)	اور اگر حق ان کی خواہشوں کی پیروی کرے، تو یقین کرو، یہ آسمان و زمین اور جو کچھ اس میں ہے، سب کچھ درہم برہم ہو کر رہ جائے!

قرآن میں جہاں کہیں انتظار اور تربّص پر زور دیا ہے، اور کہا ہے، جلدی نہ کرو، انتظار کرو، عنقریب حق و باطل کا فیصلہ ہو جائیگا۔ مثلاً قُلْ فَانْتَظِرُوْۤا اِنِّیْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ (۱۰: ۱۰۲) تو اس سے بھی مقصود یہی حقیقت ہے۔

لیکن کیا "قضاء بالحق" کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہر باطل عمل فوراً نابود ہو جائے، اور ہر عملِ حق فوراً فتحمند ہو جائے؟ قرآن کہتا ہے کہ نہیں، ایسا نہیں ہو سکتا، اور "رحمت" کا مقتضا یہی ہے کہ ایسا نہ ہو۔ جس "رحمت" کا مقتضا یہ ہوا کہ مادیات میں "تدریج و امہال" کا قانون نافذ ہے، اسی رحمت کا مقتضا یہ ہوا کہ معنویات میں بھی تدریج و امہال کا قانون کام کر رہا ہے، اور عالم مادیات ہو یا معنویات کائناتِ ہستی کے ہر گوشہ میں قانونِ فطرت ایک ہی ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو ممکن نہ تھا کہ دنیا میں کوئی انسانی جماعت اپنی بدعملیوں کے ساتھ مہلتِ حیات پا سکتی:

وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ط (۱۰: ۱۲)	اور جس طرح انسان فائدے کے لیئے جلد باز ہوتا ہے، اگر اسی طرح اللہ انسان کو سزا دینے کے لیے جلد باز ہوتا، تو (انسان کی لغزشوں خطاؤں کا یہ حال ہے کہ) کبھی کا فیصلہ ہو چکتا اور انکا مقررہ وقت فوراً نمودار ہو جاتا۔

وہ کہتا ہے، جس طرح مادیات میں ہر حالت بہ تدریج نشوونما پاتی ہے، اور ہر نتیجہ کے ظہور کے لیئے ایک خاص مقدار، ایک خاص مدت، اور ایک خاص وقت مقرر کر دیا گیا ہے، ٹھیک اسی طرح اعمال کے نتائج کے لیئے بھی مقدار و اوقات کے احکام مقرر ہیں۔ اور ضروری ہو کہ ہر نتیجہ ایک خاص مدت کے بعد اور ایک خاص مقدار کی نشوونما کے بعد ظہور میں آئے۔ نتیجہ یہ ہے کہ اس تدریج و امہال سے عملِ حق اور عملِ باطل، دونوں کے لیئے تاجیل کی حالت پیدا ہو گئی ہے۔ یعنی دونوں کے نتائج فوراً ظاہر نہیں ہو جاتے۔ اپنی مقررہ اجل یعنی وقت ہی پر ظاہر ہو سکتے ہیں۔ البتہ حق کیلئے تاجیل

اِس لیئے ہوتی ہے تاکہ اُسکی فتحمند قوت نشوو نما پائے، اور باطل کے لیئے اِس لیئے ہوتی ہے، تاکہ اُس کی فنا پذیر کمزوری تکمیل تک پہنچ جائے۔ اس تاجیل کے لیئے کوئی ایک ہی مقررہ مدت نہیں ہے۔ ہر حالت کا ایک خاص خاصہ ہی، اور ہر گردو پیش اپنا ایک خاص مقتضا رکھتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ایک خاص حالت کیلئے مقررہ مدت کی مقدار بہت تھوڑی ہو، اور ہو سکتا ہے کہ بہت زیادہ ہو:

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ ۭ وَاِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ ۝ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَــهْرَ مِنَ الْقَوْلِ وَيَعْلَمُ مَا تَكْتُمُوْنَ ۝ وَاِنْ اَدْرِيْ لَعَلَّهٗ فِتْنَةٌ لَّكُمْ وَمَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ۝ (۲۱ : ۱۰۹)

پھر اگر یہ لوگ روگردانی کریں تو ان سے کہدو، میں نے تم سب کو یکساں طور پر (حقیقت حال کی) خبر دے دی، اور میں نہیں جانتا اعمال بد کے جس نتیجہ کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے، اُس کا وقت قریب ہی یا ابھی دیر ہی۔ بلاشبہ اللہ ہر بات کی خبر رکھتا ہی خواہ علانیہ تمہاری زبان پر ہو یا تمہارے دلوں میں چھپی ہوئی ہو، اور مجھے کیا معلوم، ہو سکتا ہی کہ یہ تاخیر اسلیئے ہو تاکہ تمہاری آزمایش کی جائے، یا اسلیئے کہ ایک خاص وقت تک تمہیں فائدہ اٹھانے کا (مزید) موقع دیا جائے۔

قرآن کہتا ہے، تم اپنی اوقات شماری کے پیمانے سے قوانین فطرت کی رفتارِ عمل کا اندازہ نہ لگاؤ۔ فطرت کا دائرۂ عمل تو اتنا وسیع ہی کہ تمہارے معیارِ حساب کی بڑی سے بڑی مدت اُسکے لیئے ایک دن کی مدت سے زیادہ نہیں!

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۭ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝ وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِىَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَىَّ الْمَصِيْرُ ۝ (۲۲ : ۴۶ - ۴۷)

اور یہ لوگ عذاب کے لیئے جلد بازی کرتے ہیں (یعنی انکار و شرارت کی راہ سے کہتے ہیں، اگر سچ مچ کو عذاب آنے والا ہے تو وہ کہاں ہے؟) سو یقین کرو، خدا اپنے وعدہ میں کبھی خلاف کرنے والا نہیں لیکن بات یہ ہے کہ خدا (کے قوانینِ عمل) کا ایک دن ایسا ہوتا ہی جیسا ان کے حساب کا ہزار برس۔ چنانچہ کتنی بستیاں ہیں جنھیں (ایک عرصۂ دراز تک) ڈھیل دی گئی حالانکہ وہ ظالم تھیں، پھر (جب ظہور نتائج کا وقت آگیا) تو ہمارا مواخذہ نمودار ہو گیا۔

اِن آیات میں نکرانسانی کی جس گمراہی کو "استعجال بالعذاب" سے تعبیر کیا گیا ہے، وہ صرف اُنھی منکرینِ حق کی گمراہی نہ تھی جو ظہور اسلام کے وقت اُسکی مخالفت پر کمربستہ ہوگئے تھے بلکہ ہر زمانہ میں انسان کی ایک عالمگیر کج اندیشی رہی ہے۔ وہ بسا اوقات فطرت کی اِس مہلت بخشی سے فائدہ اُٹھانے کی جگہ اور زیادہ شر و فساد میں نڈر اور جری ہو جاتا ہے، اور کہتا ہے، اگر فی الحقیقت حق و باطل کیلئے اُن کے نتائج و عواقب ہیں، تو وہ نتائج کہاں ہیں؟ اور کیوں فوراً ظاہر نہیں ہو جاتے؟ قرآن جا بجا

منکرین حق کا یہ خیال نقل کرتا ہے، اور کہتا ہے، اگر کائنات ہستی میں اُس حقیقتِ اعلیٰ کا ظہور نہ ہوتا جسے "رحمت" کہتے ہیں، تو یقیناً یہ نتائج یکایک اور بیک دفعہ ظاہر ہو جاتے، اور انسان اپنی بدعملیوں کے ساتھ کبھی زندگی کا سانس نہ لے سکتا، لیکن یہاں سارے قانونوں اور حکموں سے بھی بالاتر "رحمت" کا قانون ہے، اور اس کا مقتضٰی یہی ہے کہ حق کی طرح باطل کو بھی زندگی و معیشت کی مہلتیں دے، اور توبہ و رجوع اور عفو و درگزر کا دروازہ ہر حال میں باز رکھے۔ فطرتِ کائنات میں اگر یہ "رحمت" نہ ہوتی، تو یقیناً وہ جزاءِ عمل میں جلد باز ہوتی، لیکن اُسمیں رحمت ہو، اسلیئے نہ تو اُسکی مہلت بخشیوں کی کوئی حد ہے، اور نہ اُسکے عفو و درگزر کے لیئے کوئی کنارہ!

وَيَقُولُونَ مَتَىٰ هَٰذَا الْوَعْدُ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ قُلْ عَسَىٰ أَن يَكُونَ رَدِفَ لَكُم بَعْضُ الَّذِي تَسْتَعْجِلُونَ ۝ وَإِنَّ رَبَّكَ لَذُو فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُونَ ۝

(۲۷ : ۷۳)

اور (اے پیغمبر!) یہ (حقیقت فراموش) کہتے ہیں، اگر تم (نتائج ظلم و طغیان سے ڈرانے میں) سچے ہو تو وہ بات کب ہونیوالی ہو؟ (اور کیوں نہیں ہو چکتی؟) ان سے کہہ دو (گھبراؤ نہیں) جس بات کیلئے تم جلدی مچا رہے ہو عجب نہیں کہ اسکا ایک حصہ بالکل قریب آ گیا ہو (اور بہت جلد اسکا ظہور اپنے سامنے دیکھ لو) اور اے پیغمبر! تمہارا پروردگار انسان کے لیئے بڑا ہی فضل رکھنے والا ہو (کہ ہر حال میں اصلاح و تلافی کی مہلت دیتا ہو) لیکن (افسوس انسان کی غفلت پر) بیشتر ایسے ہیں کہ اُسکے فضل کا شکر نہیں کرتے۔

وَيَسْتَعْجِلُونَكَ بِالْعَذَابِ ۚ وَلَوْلَا أَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاءَهُمُ الْعَذَابُ ۚ وَلَيَأْتِيَنَّهُم بَغْتَةً وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ۝

(۲۹ : ۵۳)

اور یہ لوگ عذاب کے لیئے جلدی کرتے ہیں (یعنی انکار و شرارت کی راہ سے کہتے ہیں وہ اگر واقعی عذاب آنیوالا ہو تو کیوں نہیں آ چکتا؟) اور واقعہ یہ ہو کہ اگر ایک خاص وقت ٹہرا دیا گیا ہوتا تو کبکا عذاب آ چکا ہوتا۔ اور (یقین رکھو جب وہ آئیگا تو اس طرح آئیگا کہ) یکایک اُنپر آ گریگا اور اسکا وہم و گمان بھی اُنہیں نہ ہوگا!

وَمَا نُؤَخِّرُهُ إِلَّا لِأَجَلٍ مَّعْدُودٍ ۝

(۱۱ : ۱۰۶)

اور (یاد رکھو) اگر ہم اس معاملہ میں تاخیر کرتے ہیں تو صرف اسلیئے کہ اُسے ایک گنی ہوئی مدت کے لیئے تاخیر میں ڈالدیں۔

وہ کہتا ہے، یہاں زندگی و عمل کی مہلتیں سب کے لیئے ہیں، کیونکہ "رحمت" کا مقتضا یہی تھا پس اس بات سے دھوکا نہیں کھانا چاہیئے، اور یہ نہیں سمجھنا چاہیئے کہ نتائج اعمال کے قوانین موجود نہیں۔ دیکھنا یہ چاہیئے کہ نتیجہ کی کامیابی کس کے حصے میں آتی ہے، اور آخرکار کون برومند ہوتا ہو:

قُلْ يَا قَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَامِلٌ ۖ فَسَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن تَكُونُ لَهُ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۗ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ

(اے پیغمبر! تم ان لوگوں سے) کہہ دو کہ دیکھو! اب میرا اور تمہارا معاملہ کا فیصلہ اللہ کے ہاتھ ہو، تم جو کچھ کر رہے ہو، اپنی جگہ کیئے جاؤ اور میں بھی اپنی جگہ کام میں لگا ہوں، عنقریب معلوم ہو جائیگا کہ کون ہے جسکے لیئے آخرکار (کامیابی)

الظّٰلِمُوْنَ ۝ (۶ : ۱۳۵) ٹھکانا ہو۔ بلاشبہ (یہ اُسکا قانون ہو کہ) ظلم کرنے والے کبھی فلاح نہیں پا سکتے!

اِس موقع پر یہ **قاعدہ** بھی معلوم کرلینا چاہیئے کہ قرآن میں جہاں کہیں ظلم و فساد اور فسق و کفر وغیرہ اعمالِ بد کیلئے کامیابی و فلاح کی نفی کی گئی ہے، اور نیک عملی کے لیئے فتحمندی و کامرانی کا اثبات کیا ہے، تو اِن تمام مقامات میں بھی اِسی حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ مثلاً اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ (۶ : ۲۱) اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ (۱۰ : ۱۷) اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ (۲۳ : ۱۱۸) لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ (۱۰ : ۸۱) اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ (۹ : ۳۸) اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (۳ : ۸۶) وغیرہا۔ اللہ ظلم کرنے والوں کو فلاح نہیں دیتا۔ یعنی اُس کا قانون ہو کہ ظلم کے لیئے کامیابی و فلاح نہ ہو۔ اللہ ظلم کرنے والوں پر راہ نہیں کھولتا۔ یعنی اُس کا قانون یہی ہے کہ ظلم کرنے والوں پر کامیابی و سعادت کی راہ نہیں کھلتی۔ افسوس ہے کہ قرآن کے عام مترجمین نے اِن مقامات کا ترجمہ کافی غور و فکر کے ساتھ نہیں کیا، اور اسلیئے مطالب اپنی اصلی شکل میں واضح نہ ہو سکے۔

اور پھر اصطلاحِ قرآنی میں یہی وہ "تمتع" ہے۔ یعنی زندگی سے فائدہ اٹھانے کی مُہلت ہی جسکا وہ بار بار ذکر کرتا ہے، اور جو یکساں طور پر سب کو دی گئی ہے:

بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَاۗءِ وَاٰبَاۗءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۭ — بلکہ بات یہ ہو کہ ہم نے ان لوگوں کو اور اُنکے آباؤ اجداد کو مہلتِ حیات سے بہرہ مند ہونیکے موقعے دیئے۔ یہانتک کہ (خوشحالی کی) اُنپر بڑی بڑی عمریں گزر گئیں۔

(۲۱ : ۴۵)

اِسی طرح وہ جابجا مَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ (۱۰ : ۹۸) مَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ (۳۶ : ۴۴) فَتَمَتَّعُوْا فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (۱۶ : ۵۵) وغیرہ تعبیرات سے بھی اسی حقیقت پر زور دیتا ہے۔

اِسی طرح وہ قانونِ قضاء بالحق کو جماعتوں اور قوموں کے عروج و زوال پر بھی منطبق کرتا ہے اور کہتا ہے، جس طرح فطرت کا قانونِ انتخاب، اجسام میں جاری ہو، اِسی طرح اقوام و جماعات میں بھی جاری ہے۔ جس طرح فطرت، نافع اشیاء کو باقی رکھتی، غیر نافع کو چھانٹ دیتی ہے، ٹھیک اِسی طرح جماعتوں میں بھی صرف اُسی جماعت کیلئے بقاء و ثبات ہوتا ہے جسمیں دنیا کے لیئے نفع ہو۔ جو جماعت غیر نافع ہو جاتی ہے، چھانٹ دیجاتی ہے۔ وہ کہتا ہے، یہ اُسکی رحمت ہی۔ کیونکہ اگر ایسا نہ ہوتا تو دنیا میں انسانی ظلم و طغیان کے لیئے کوئی روک تھام نظر نہ آتی:

وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَلٰكِنَّ — اور (دیکھو) اگر اللہ (نے جماعتوں اور قوموں میں باہمدگر تزاحم پیدا نہ کر دیا ہوتا اور وہ) بعض آدمیوں کے ذریعے بعض آدمیوں کو راہ سے نہ ہٹاتا رہتا تو یقیناً زمین میں

اللہَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ۝ (۲: ۲۵۲)

خرابی پھیل جاتی، لیکن اللہ کائنات عالم کے لیئے فضل و رحمت رکھنے والا ہے (اسلیئے اُس نے انسانی ظلم و فساد کے انسداد کا سامان کر دیا ہے)۔

ایک دوسرے موقع پر یہی حقیقت ان لفظوں میں بیان کی گئی ہے:

وَلَوْلَا دَفْعُ اللہِ النَّاسَ بَعْضَھُمْ بِبَعْضٍ لَّھُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِیَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ یُذْکَرُ فِیْھَا اسْمُ اللہِ کَثِیْرًا ط وَلَیَنْصُرَنَّ اللہُ مَنْ یَّنْصُرُہٗ ط اِنَّ اللہَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ۝ (۲۲: ۴۱)

اور اگر ایسا نہ ہوتا کہ اللہ بعض جماعتوں کے ذریعے بعض جماعتوں کو ہٹاتا رہتا، تو (یقین کرو دنیا میں انسان کے ظلم و فساد کیلئے کوئی روک باقی نہ رہتی اور) یہ تمام خانقاہیں، گرجے، عبادتگاہیں، اور مسجدیں، جنہیں اس کثرت سے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے، منہدم ہو کر رہجاتیں، (لیکن یہ اللہ کا فضل ہے کہ اُسنے ایک جماعت کے ہاتھوں دوسری ظالم جماعت کو ہٹا دینے کا سامان کر دیا ہے)

لیکن وہ کہتا ہے، جس طرح فطرتِ کائنات کے تمام کاموں میں تدریج و امہال کا قانون کام کر رہا ہے، اُسی طرح قوموں اور جماعتوں کے معاملہ میں بھی وہ جو کچھ کرتی ہے، بہ تدریج کرتی ہے اور اصلاح و درستگی اور رجوع و انابت کا دروازہ آخر وقت تک کھلا رکھتی ہے۔ کیونکہ "رحمت" کا مقتضا یہی ہے:

وَقَطَّعْنٰھُمْ فِی الْاَرْضِ اُمَمًا ج مِنْھُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْھُمْ دُوْنَ ذٰلِکَ ز وَبَلَوْنٰھُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّیِّاٰتِ لَعَلَّھُمْ یَرْجِعُوْنَ ۝ (۷: ۱۶۷)

اور ہم نے ایسا کیا کہ اُن کے الگ الگ گروہ زمین میں پھیل گئے۔ ان میں بعض تو نیک عمل تھے۔ بعض اَور طرح کے، پھر ہم نے انہیں اچھائیوں اور برائیوں، دونوں طرح کی حالتوں سے آزمایا تاکہ نافرمانی سے باز آجائیں۔

جس طرح اجسام کے ہر تغیر کے لیئے فطرت نے اسباب و علل کی ایک خاص مقدار اور مدت مقرر کر دی ہے، اسی طرح اقوام کے زوال و ہلاکت کے لیئے بھی موجبات ہلاکت کی ایک خاص مقدار اور مدت مقرر ہے، اور یہ انکی "اجل" ہے۔ جب تک یہ اجل نہیں آچکتی، قانونِ الٰہی یکے بعد دیگرے انہیں تنبہ و اعتبار کی مہلتیں دیتا رہتا ہے:

اَوَلَا یَرَوْنَ اَنَّھُمْ یُفْتَنُوْنَ فِیْ کُلِّ عَامٍ مَّرَّۃً اَوْ مَرَّتَیْنِ ثُمَّ لَا یَتُوْبُوْنَ وَلَا ھُمْ یَذَّکَّرُوْنَ ۝ (۹: ۱۲۷)

کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے کہ اُن پر کوئی برس ایسا نہیں گزرتا کہ ہم انہیں ایک مرتبہ یا دو مرتبہ آزمایشوں میں ڈالتے ہوں (یعنی انکے اعمال بد نتائج پیش نہ آتے ہوں) پھر بھی یہ نہ تو توبہ کرتے ہیں اور نہ حالات سے نصیحت پکڑتے ہیں!

لیکن اگر تنبیہ و اعتبار کی یہ تمام مہلتیں رائگاں گئیں اور اُن سے فائدہ نہ اٹھایا گیا، تو پھر فیصلۂ امر کا آخری وقت نمودار ہو جاتا ہے، اور جب وہ وقت آجائے، تو پھر یہ فطرت کا آخری، اٹل، اور بے پناہ فیصلہ ہے۔ نہ تو اس میں ایک لمحہ کے لیئے تاخیر ہو سکتی ہے نہ یہ اپنے مقررہ وقت سے ایک لمحہ پہلے آسکتا ہے:

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَجَلٌ فَإِذَا جَاءَ أَجَلُهُمْ لَا يَسْتَأْخِرُونَ سَاعَةً وَلَا يَسْتَقْدِمُونَ (۷: ۳۲)

اور (دیکھو) ہر اُمت کے لیئے ایک مقررہ وقت ہے، سو جب ان کا مقررہ وقت آجاتا ہے، تو اُس سے نہ تو ایک گھڑی پیچھے رہ سکتے ہیں، نہ ایک گھڑی آگے بڑھ سکتے ہیں!

وَمَا أَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ إِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَعْلُومٌ مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ (۱۵: ۴)

اور (دیکھو) کبھی ہم نے ایسا نہیں کیا کہ ایک بستی ہلاک ہو، مگر یہ کہ اُس کے لیئے (ہمارے ٹھہرائے ہوئے قانون کے مطابق) ایک مقررہ میعاد موجود تھی۔ کوئی اُمت نہ تو اپنے مقررہ وقت سے آگے بڑھ سکتی ہے اور نہ پیچھے رہ سکتی ہے!

اس طرح "بقاء انفع" اور "قضاء بالحق" کا قانون پچھلی قوم کو چھانٹ دیتا ہے، اور اُسکی جگہ ایک دوسری قوم لا کھڑی کرتا ہے۔ اور یہ سب کچھ اسلیئے ہوتا ہے کہ "رحمت" کا مقتضا یہی ہے:

ذَٰلِكَ أَنْ لَمْ يَكُنْ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا غَافِلُونَ وَلِكُلٍّ دَرَجَاتٌ مِمَّا عَمِلُوا وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ إِنْ يَشَأْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْ بَعْدِكُمْ مَا يَشَاءُ كَمَا أَنْشَأَكُمْ مِنْ ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ آخَرِينَ (۶: ۱۳۱)

یہ (تبلیغ و ہدایت کا تمام سلسلہ) اسلیئے ہے کہ تمہارے پروردگار کا یہ شیوہ نہیں کہ بستیوں کو ظلم و ستم سے ہلاک کر ڈالے۔ اور اُنکے بسنے والے حقیقت حال سے بیخبر ہوں (اس کا قانون تو یہ ہے کہ) جیسا کچھ جس کا عمل ہے، اُسکے مطابق اسکا ایک درجہ ہے (اور اسی درجے کے مطابق اسکے اچھے بُرے نتائج ظاہر ہوتے ہیں) اور یاد رکھو، جو کچھ اور جیسے کچھ لوگوں کے اعمال ہیں، تمہارا پروردگار اُن سے بیخبر نہیں ہے! نیز تمہارا پروردگار رحمتؔ والا، بے نیاز ہے۔ اگر وہ چاہے، تو تمہیں راہ سے ہٹا دے، اور تمہارے بعد جسے چاہے، تمہارا جانشین بنادے۔ اُسی طرح، جس طرح ایک دوسری جماعت کی نسل سے تمہیں (غلبہ و طاقت دے کر ایک کامران جماعت) بنا دیا ہے!

اسی طرح وہ کہتا ہے، یہ بات کہ انفرادی زندگی کے اعمال کی جزا و سزا دُنیوی زندگی سے تعلق نہیں رکھتی۔ آخرت پر اٹھا رکھی گئی ہے، اور دنیا میں نیک و بد، سب کے لیئے یکساں طور پر مُہلتِ حیات اور فیضانِ معیشت ہے، اسی حقیقت کا نتیجہ ہے کہ یہاں "رحمت" کی کارفرمائی ہے۔ "رحمت" کا مقتضا یہی

تھا کہ اُسکے فیضانِ بخشش میں کسی طرح کا امتیاز نہ ہو، اور مہلتِ حیات سب کو پوری طرح ملے اُس نے انسان کی انفرادی زندگی کے دو حصے کر دیئے۔ ایک حصہ دنیوی زندگی کا ہے، اور سرتاسر مُہلت ہے۔ دوسرا حصہ مرنے کے بعد کا ہے، اور جزا و سزا کا دن اُسی سے تعلق رکھتا ہے:

وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ۭ لَوْ يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ۭ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْىِٕلًا (۱۸: ۵۸)

اور (اے پیغمبر! یقین کرو) تمہارا پروردگار بڑا بخشنے والا صاحبِ رحمت ہے۔ اگر وہ اِن لوگوں سے اُنکے اعمال کے مطابق مواخذہ کرتا، تو فوراً عذاب نازل ہو جاتا۔ لیکن (یہ اسکی رحمت ہے کہ ایسا نہیں ہوتا، اور) اُنکے لیے ایک میعاد مقرر کر دی گئی ہے (جسمیں کچھ بھی اُنہیں پاداشِ عمل ملنی ہے، اُسی وقت ملیگی، البتہ اُس مقررہ میعاد کا آنا اٹل ہے) یہ اُس سے بچنے کیلئے کوئی پناہ کی جگہ نہیں پا سکیں گے:

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰٓى اَجَلًا ۭ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ۔ (۶: ۲)

(اور دیکھو) یہ وہی حکیم و قدیر ہے جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر تمہاری زندگی کے لیے ایک وقت ٹھہرا دیا، اور اسیطرح اسکے نزدیک ایک اور بھی ٹھہرائی ہوئی میعاد ہے (یعنی قیامت کا دن)

وہ کہتا ہے، جس طرح عالمِ اجسام میں تم دیکھتے ہو کہ فطرت نے ہر کمزوری و فساد کے لیے اُسکا ایک لازمی نتیجہ ٹھہرا دیا ہے، لیکن پھر بھی اصلاحِ حال کا دروازہ بند نہیں کرتی، اور مُہلتوں پر مہلتیں دیتی رہتی ہے اور اگر بروقت اصلاح ظہور میں آجائے تو اُسے قبول کر لیتی ہے، ٹھیک ٹھیک اُسی طرح یہاں بھی اُسنے توبہ و انابت کا دروازہ کھلا رکھا ہے۔ کوئی بدعملی، کوئی گناہ، کوئی جرم، کوئی فساد ہو، اور اپنی نوعیت میں کتنا ہی سخت اور اپنی مقدار میں کتنا ہی عظیم ہو، لیکن جونہی توبہ و انابت کا احساس انسان کے اندر جنبش میں آجاتا ہے، رحمتِ الٰہی قبولیت کا دروازہ کھول دیتی ہے، اور اشکِ ندامت کا ایک قطرہ، بدعملیوں، گناہوں کے بیشمار داغ دھبے اس طرح دھو دیتا ہے گویا اُسکے دامنِ عمل پر کوئی دھبہ لگا ہی نہ تھا!

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰۗىِٕكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَـيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ (۲۵: ۷۰)

ہاں، مگر جس کسی نے توبہ کی، ایمان لایا، اور آیندہ کیلئے نیک عملی اختیار کی، تو یہ لوگ ہیں جن کی برائیوں کو اللہ اچھائیوں سے بدل دیتا ہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے!

اِس بارے میں قرآن نے رحمتِ الٰہی کی وسعت اور اُسکی مغفرت و بخشش کی فراوانی کا جو نقشہ کھینچا ہے، اُسکی کوئی حد و انتہا نہیں ہے۔ کتنے ہی گناہ ہوں، کتنے ہی سخت گناہ ہوں، کتنی ہی مدت کے گناہ ہوں۔ لیکن ہر اُس انسان کے لیے جو اُسکے دروازۂ رحمت پر دستک دے، محبت و قبولیت کے سوا اور کوئی صدا نہیں ہو سکتی!

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ۭ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ (۳۹: ۵۳)

(اے پیغمبر!) تم اللہ کا یہ فرمان (اُسکے بندوں تک) پہنچادو کہ (اللہ فرماتا ہے) اے میرے وہ بندو! جنہوں نے خود اپنے ہاتھوں اپنے اوپر (بدعملیاں کرکے) زیادتی کی ہے دیکھو، (تمہاری بدعملیاں کتنی ہی سخت اور کتنی ہی زیادہ کیوں نہ ہوں مگر) اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو یقیناً اللہ تمہارے تمام گناہ بخش دے گا۔ بلا شبہ وہ بڑا بخشنے والا بڑی ہی رحمت رکھنے والا ہے!

اسلامی عقائد کا دینی تصور اور "رحمت"

اور پھر یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، قرآن نے انسان کے لیئے دینی عقائد و اعمال کا جو تصور قائم کیا ہے، اسکی بنیاد بھی تمام تر رحمت و محبت ہی پر رکھی ہے، کیوں کہ وہ انسان کی روحانی زندگی کو کائناتِ فطرت کے عالمگیر کارخانہ سے کوئی الگ اور غیر متعلق چیز قرار نہیں دیتا۔ بلکہ اسی کا ایک مربوط گوشہ قرار دیتا ہے۔ اور اسلیئے کہتا ہے، جس کارسازِ فطرت نے تمام کارخانۂ ہستی کی بنیاد "رحمت" پر رکھی ہے، ضروری تھا کہ اس گوشہ میں بھی اُسکے تمام احکام سرتاسر "رحمت" کی تصویر ہوں!

چنانچہ قرآن نے جابجا یہ حقیقت واضح کی ہے کہ خدا اور اُسکے بندوں کا رشتہ محبت کا رشتہ ہے، اور سچی عبودیت اسی کی عبودیت ہے، جسکے لیئے معبود، صرف معبود ہی نہو، بلکہ محبوب بھی ہو:

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ (۲: ۱۶۰)

اور (دیکھو) انسانوں میں سے کچھ انسان ایسے ہیں جو دوسری ہستیوں کو اللہ کا ہم پلہ بنا لیتے ہیں۔ وہ اُنہیں اس طرح چاہنے لگتے ہیں، جس طرح اللہ کو چاہنا ہوتا ہے۔ حالانکہ جو لوگ ایمان رکھنے والے ہیں، اُن کی زیادہ سے زیادہ محبت صرف اللہ ہی کے لیئے ہوتی ہے۔

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ (۳: ۲۹)

(اے پیغمبر! ان لوگوں سے) کہدو، اگر واقعی تم اللہ سے محبت رکھنے والے ہو تو چاہیئے کہ میری پیروی کرو (میں تمہیں محبت الٰہی کی حقیقی راہ دکھا رہا ہوں) اگر تم نے ایسا کیا تو (صرف یہی نہیں ہوگا کہ تم اللہ سے محبت کرنے والے ہوجاؤگے بلکہ خود) اللہ تم سے محبت کرنے لگے گا!

وہ جابجا اس حقیقت پر زور دیتا ہے کہ ایمان باللہ کا نتیجہ اللہ کی محبت اور محبوبیت ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ ۙ (۵: ۵۹)

اے پیروانِ دعوتِ ایمانی! اگر تم میں سے کوئی شخص اپنے دین کی راہ سے پھر جائیگا تو (وہ یہ نہ سمجھے کہ دعوتِ حق کو اس سے کچھ نقصان پہنچے گا) عنقریب اللہ ایک گروہ ایسے خدا پرستوں کا پیدا کردیگا جنہیں اللہ کی محبت حاصل ہوگی اور وہ اللہ کو محبوب رکھنے والے ہونگے!

لیکن بندے کیلئے خدا کی محبت کی عملی راہ کیا ہے؟ وہ کہتا ہے، خدا کی محبت کی راہ اُسکے بندوں کی محبت میں سے ہو کر گزری ہے۔ جو انسان چاہتا ہے خدا سے محبت کرے، اُسے چاہئیے خدا کے بندوں سے محبت کرنا سیکھے:

وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ (٢: ١٧٧)

اور جو اپنا مال اللہ کی محبت میں نکالتے اور خرچ کرتے ہیں!

وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ۝ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ۝ (٧٦: ٨)

اور اللہ کی محبت میں وہ مسکینوں، یتیموں، قیدیوں کو کھانا کھلاتے ہیں، (اور کہتے ہیں) ہمارا یہ کھانا کھلانا، اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ محض اللہ کے لئے ہو۔ نہ تو ہم تم سے کوئی بدلہ چاہتے ہیں، نہ کسی طرح کی شکرگزاری!

ایک حدیث قدسی میں یہی حقیقت نہایت مؤثر پیرائے میں واضح کی گئی ہے:

یا ابن آدم، مرضت فلم تعدنی؟ قال کیف اعودك وانت رب العلمین! قال اما علمت ان عبدی فلانا مرض فلم تعده، اما علمت انك لو عدته لوجدتنی عنده؟ یا ابن آدم، استطعمتك فلم تطعمنی فلم تطعمنی، قال یا رب کیف اطعمك وانت رب العلمین؟ قال اما علمت انه استطعمك عبدی فلان فلم تطعمه اما علمت انك لو اطعمته لوجدت ذلك عندی! یا ابن آدم، استسقیتك فلم تسقنی قال کیف اسقیك وانت رب العلمین! قال استسقاك عبدی فلان فلم تسقه اما انك لو سقیته لوجدت ذلك عندی (مسلم عن ابی ہریرۃ)

قیامت کے دن ایسا ہوگا کہ خدا ایک انسان سے کہیگا، اے ابن آدم! میں بیمار ہو گیا تھا مگر تو نے میری بیمار پرسی نہ کی۔ بندہ متعجب ہو کر کہیگا بھلا ایسا کیونکر ہو سکتا ہے اور تو تو رب العالمین ہے۔ خدا فرمائیگا کیا تجھے معلوم نہیں کہ میرا فلاں بندہ تیرے قریب بیمار ہو گیا تھا اور تو نے اُس کی خبر نہیں لی تھی۔ حالانکہ اگر تو اُس کی بیمار پرسی کے لئے جاتا تو مجھے اُس کے پاس پاتا (یعنی اُس کی خدمت کرنے ہی میں میرے لئے خدمتگزاری تھی)، اسی طرح خدا فرمائے گا، اے ابن آدم! میں نے تجھ سے کھانا مانگا تھا مگر تو نے مجھے نہیں کھلایا۔ بندہ عرض کرے گا بھلا ایسا کیسے ہو سکتا ہے کہ تجھے کسی بات کی احتیاج ہو؟ خدا فرمائے گا کیا تجھے یاد نہیں کہ میرے فلاں بھوکے بندے نے تجھ سے کھانا مانگا تھا اور تو نے انکار کر دیا تھا۔ اگر تو اُسے کھلاتا تو تو مجھے اُسکے پاس پاتا۔

اسی طرح قرآن نے اعمالِ عبادات کی جو شکل و نوعیت قرار دی ہے، اخلاق و خصائل میں سے

جن جن باتوں پر زور دیا ہے، اوامر و نواہی میں جو جو اصول و مبادی ملحوظ رکھے ہیں، ان سب میں بھی یہی حقیقت کام کر رہی ہے۔ اور یہ چیز اس درجہ واضح و معلوم ہے کہ بحث و بیان کی ضرورت نہیں۔

اور پھر یہی وجہ ہے کہ قرآن نے خدا کی کسی صفت کو بھی اس کثرت کے ساتھ نہیں دُہرایا ہے اور نہ کوئی مطلب اس درجہ اُسکے صفحات میں نمایاں ہے، جسقدر رحمت ہو۔ اگر قرآن کے وہ تمام مقامات جمع کیے جائیں جہاں "رحمت" کا ذکر کیا گیا ہے، تو تین سَو سے زیادہ مقامات ہونگے، اور اگر وہ تمام مقامات بھی شامل کر دیئے جائیں۔ جہاں اگرچہ لفظ رحمت استعمال نہیں ہوا ہے، لیکن ان کا تعلق رحمت ہی سے ہو۔ مثلاً ربوبیت، مغفرت، رافت، کرم، حلم، عفو، وغیرہا، تو پھر یہ تعداد اس حد تک پہنچ جاتی ہے کہ بعض مفسرین کے لفظوں میں "قرآن اول سے لیکر آخر تک، اِسکے سوا کچھ نہیں ہے کہ رحمت الٰہی کا پیام ہے"!

ہم اس موقع پر وہ تمام تصریحات قصداً چھوڑ رہے ہیں جن کا ذخیرہ احادیث میں موجود ہے کیونکہ یہ جگہ مفسرانہ تفصیل و بحث کی متحمل نہیں۔ پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) نے اپنے قول و عمل سے اسلام کی جو حقیقت ہمیں بتلائی ہے وہ تمام تر یہی ہے کہ خدا کی موحدانہ پرستش اور اُسکے بندوں کی شفقت و رحمت۔ ایک مشہور حدیث جو ہر مسلمان واعظ و معلم کی زبان پر ہے، ہمیں بتلاتی ہے کہ انما یرحم اللہ من عبادہ الرحماء[۵۱]۔ خدا کی رحمت اُنہی بندوں کے لیئے ہو، جو اُسکے بندوں کیلئے رحمت رکھتے ہیں! حضرت مسیح (علیہ السلام) کا مشہور کلمۂ وعظ "زمین پر رحم کرو، تاکہ وہ، جو آسمان پر ہے، تم پر رحم کرے" بجنسہٖ پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) کی زبان پر بھی طاری ہوا ہے۔ الرحمٰن تبارک وتعالیٰ۔ ارحموا من فی الارض، یرحمکم من فی السماء[۵۲]! اتنا ہی نہیں، بلکہ اسلام نے انسانی رحمت و شفقت کی جو ذہنیت پیدا کرنی چاہی ہے، وہ اسقدر وسیع ہے کہ بے زبان جانور بھی اِس سے باہر نہیں ہیں۔ ایک سے زیادہ حدیثیں اس مضمون کی موجود ہیں کہ اللہ کی رحمت رحم کرنے والوں کیلئے ہو۔ اگرچہ یہ رحم ایک چڑیا ہی کے لیئے کیوں نہ ہو۔ من رحم، ولو ذبیحة عصفور، رحمه الله یوم القیٰمة[۵۳]!

اصل یہ ہو کہ قرآن نے خدا پرستی کی بنیاد ہی اس جذبہ پر رکھی ہو کہ انسان خدا کی صفتوں کا پرتو اپنے اندر پیدا کرے۔ وہ انسان کے وجود کو ایک ایسی سرحد قرار دیتا ہے جہاں حیوانیت کا درجہ ختم ہوتا اور

---

۵۱ طبرانی و ابن جریر بسند صحیح ۱۲ ۵۲ امام احمد نے مسند میں، ترمذی اور ابو داؤد نے صحیح میں، اور حاکم نے مستدرک میں ابن عمر (رض) سے روایت کی ہے۔ ورویناہ مسلسلاً من طریق الشیخ محمود شکری الالوسی العراقی، و ایضاً عن والدی المرحوم عن الشیخ صدر الدین الدھلوی من طریق الشیخ احمد ولی اللہ رحمھم اللہ ۱۲ ۵۳ رواہ البخاری فی الادب المفرد و الطبرانی عن ابی امامة و صححه السیوطی فی الجامع الصغیر ۱۲

ایک مافوقِ حیوانیت درجہ شروع ہوجاتا ہے۔ وہ کہتا ہے، انسان کا جوہرِ انسانیت جو اُسے حیوانات کی سطح سے بلند و ممتاز کرتا ہے، اِسکے سوا کچھ نہیں کہ صفاتِ الٰہی کا پرتو ہے، اور اسلیئے انسانیت کی تکمیل یہ ہے کہ اُسمیں زیادہ سے زیادہ، صفاتِ الٰہی سے تخلّق و تشبّہ پیدا ہوجائے۔ یہی وجہ ہے کہ اُس نے جہاں کہیں بھی انسان کے مخصوص صفات کا ذکر کیا ہے، اُنہیں براہِ راست خدا کی طرف نسبت دی ہے حتیٰ کہ جوہرِ انسانیت کو خدا کی روح پھونک دینے سے تعبیر کیا: ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِنْ رُّوحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ (۳۲ : ۸) پس اگر وہ خدا کی رحمت کا تصوّر ہم میں پیدا کرنا چاہتا ہے، تو یہ اِس لیئے ہی کہ وہ چاہتا ہے، ہم بھی سرتاپا رحمت و محبت ہوجائیں۔ اگر وہ اُسکی ربوبیت کا مرقع بار بار ہماری نگاہوں کے سامنے لاتا ہی، تو یہ اسلیئے ہی کہ وہ چاہتا ہے ہم بھی اپنے چہرۂ اخلاق میں ربوبیّت کے خال و خط پیدا کرلیں۔ اگر وہ اُسکی رافت و شفقت کا ذکر کرتا ہے، اُسکے لطف و کرم کا جلوہ دکھاتا ہے، اُس کے جود و احسان کا نقشہ کھینچتا ہے، تو اسی لیئے، کہ وہ چاہتا ہے، ہم میں بھی اِن الٰہی صفتوں کا جلوہ نمودار ہوجائے وہ بار بار ہمیں سُناتا ہے کہ خدا کی بخشش و درگزر کی کوئی انتہا نہیں اور اس طرح ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہم میں بھی اُسکے بندوں کیلیئے بخشش و درگزر کا غیر محدود جوش پیدا ہوجانا چاہیئے۔ اگر ہم اُسکے بندوں کی خطائیں بخش نہیں سکتے تو ہمیں کیا حق ہے کہ اپنی خطاؤں کیلیئے اسکی بخشائشوں کا انتظار کریں؟

جہاں تک احکام و شرائع کا تعلق ہی، بلاشبہ اُس نے یہ نہیں کہا کہ دشمنوں کو پیار کرو، کیونکہ ایسا کہنا حقیقت نہ ہوتی۔ مجاز ہوتا۔ لیکن اُسنے کہا کہ دشمنوں کو بھی بخش دو، اور جو دشمن کو بخشدینا سیکھ لیگا، اُس کا دل خود بخود انسانی بغض و نفرت کی آلودگیوں سے پاک ہوجائے گا:

الْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ (۳ : ۱۳۳)

اور (خدا کے وہ نیک بندے) جو غصہ ضبط کرنے والے، اور انسانوں کے قصور بخشدینے والے ہیں، اور (یقین کرو) اللہ کی محبت انہی کیلیئے ہی جو احسان کرنیوالے ہیں۔

وَالَّذِينَ صَبَرُوا ابْتِغَاءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّيَدْرَءُونَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّارِ ۙ (۱۳ : ۲۲)

اور جن لوگوں نے اللہ کی محبت میں (تلخی و ناگواری) برداشت کرلی، نماز قائم کی، خدا کی دی ہوئی روزی پوشیدہ و علانیہ (اس کے بندوں کے لیئے) خرچ کی، اور بُرائی کا جواب بُرائی سے نہیں، نیکی سے دیا، تو (یقین کرو) یہی لوگ ہیں جن کے لیئے آخرت کا بہتر ٹھکانا ہے۔

وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُورِ (۴۲ : ۴۳)

اور (دیکھو) جو کوئی بُرائی پر صبر کرے اور بخش دے، تو یقیناً یہ بڑی ہی اولوالعزمی کی بات ہی!

وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ۚ اِدْفَعْ

اور (دیکھو) نیکی اور بدی برابر نہیں ہوسکتی (اگر کوئی برائی کرے تو)

بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ فَاِذَا الَّذِیْ بَیْنَكَ وَبَیْنَهٗ عَدَاوَةٌ كَاَنَّهٗ وَلِیٌّ حَمِیْمٌ۝ وَمَا یُلَقّٰهَاۤ اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا ۚ وَمَا یُلَقّٰهَاۤ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِیْمٍ (۴۱ : ۳۴)

برائی کا جواب ایسے طریقے سے دو جو اچھا طریقہ ہو۔ اگر تم نے ایسا کیا تو تم دیکھو گے کہ جس شخص سے تمہاری عداوت تھی، وہ یکایک تمہارا دلی دوست ہو گیا ہے! البتہ یہ ایسا مقام ہے جو اسی کو مل سکتا ہے جو (بدسلوکی سہہ لینے کی) برداشت رکھتا ہو، اور جسے (نیکی و سعادت کا) حصۂ وافر ملا ہو۔

بلاشبہ اُس نے بدلہ لینے سے بالکل روک نہیں دیا، اور وہ کیونکر روک سکتا تھا جبکہ طبیعت حیوانی کا یہ فطری خاصہ ہے اور حفاظتِ نفس اسی پر موقوف ہے، لیکن جہاں کہیں بھی اُس نے اِسکی اجازت دی ہے، ساتھ ہی عفو و بخشش اور بدی کے بدلے نیکی کرنے کی ایسی مؤثر ترغیب بھی دیدی ہے، کہ ممکن نہیں، ایک خدا پرست انسان اُس سے متاثر نہ ہو:

وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ۚ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَیْرٌ لِّلصّٰبِرِیْنَ۝ (۱۶ : ۱۲۶)

اور (دیکھو) اگر تم بدلہ لو، تو چاہیئے کہ جتنی اور جیسی کچھ بُرائی تمہارے ساتھ کیگئی ہے اُسی کے مطابق ٹھیک ٹھیک بدلہ بھی لیا جائے (یہ نہو کہ زیادتی کر بیٹھو) لیکن اگر تم برداشت کر جاؤ اور بدلہ نہ لو، تو (یاد رکھو) برداشت کرنیوالوں کیلئے برداشت کر جانے ہی میں بہتری ہے!

وَجَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَی اللّٰهِ ؕ (۴۲ : ۴۱)

اور بُرائی کے لیئے ویسا ہی اور اُتنا ہی بدلہ ہے، جیسی اور جتنی بُرائی کی گئی ہے لیکن جس کسی نے درگزر کیا، اور معاملہ کو بگاڑنے کی جگہ سنوار لیا، تو اُس کا اجر اللہ پر ہے (وہ اُسے اِس بدلہ لینے سے کہیں بہتر اجر دے گا!)

انجیل اور قرآن ہم نے قرآن کی آیاتِ عفو و بخشش نقل کرتے ہوئے ابھی کہا ہے کہ "اُس نے یہ نہیں کہا کہ دشمنوں کو پیار کرو۔ کیونکہ ایسا کہنا حقیقت نہ ہوتی۔ مجاز ہوتا"۔ ضروری ہے کہ اسکی مختصراً تشریح کر دی جائے۔ حضرت مسیح (علیہ السلام) نے یہودیوں کی ظاہر پرستیوں اور اخلاقی محرومیوں کی جگہ، رحم و محبت اور عفو و بخشش کی اخلاقی قربانیوں پر زور دیا تھا، اور اُنکی دعوت کی اصلی روح یہی ہے۔ چنانچہ ہم انجیل کے مواعظ میں جابجا اِس طرح کے خطابات پاتے ہیں۔ "تم نے سُنا ہو گا کہ اگلوں سے کہا گیا، دانت کے بدلے دانت اور آنکھ کے بدلے آنکھ، لیکن میں کہتا ہوں کہ شریر کا مقابلہ نہ کرنا"۔ یا "اپنے ہمسائیوں ہی کو نہیں بلکہ دشمنوں کو بھی پیار کرو"۔ یا مثلاً "اگر کوئی تمہارے ایک گال پر طمانچہ مارے تو چاہیئے کہ دوسرا گال بھی آگے کر دو"۔ سوال یہ ہے کہ اِن خطابات کی نوعیت کیا تھی؟ یہ اخلاقی فضائل و ایثار کا ایک مؤثر پیرایۂ بیان تھا یا تشریع تھی، یعنی قوانین وضع کرنا تھا؟ افسوس ہے کہ انجیل کے معتقدوں اور نکتہ چینوں، دونوں نے یہاں ٹھوکر کھائی۔ دونوں اِس غلط فہمی میں مبتلا ہو گئے کہ یہ تشریع تھی، اور اسلیئے دونوں کو تسلیم کر لینا پڑا کہ یہ ناقابلِ عمل احکام ہیں۔ معتقدوں نے خیال کیا کہ اگرچہ اِن احکام پر عمل نہیں کیا جا سکتا، تاہم

مسیحیت کے احکام یہی ہیں، اور عملی نقطۂ خیال سے اسقدر کافی ہے کہ اوائل عہد میں چند ولیوں اور شہیدوں نے اِن پر عمل کر لیا تھا۔ نکتہ چینیوں نے کہا کہ یہ سرتاسر ایک نظری اور ناقابلِ عمل تعلیم ہے، اور کہنے میں کتنی ہی خوشنما ہو لیکن عملی نقطۂ خیال سے اِسکی کوئی قدر و قیمت نہیں۔ یہ فطرتِ انسانی کے صریح خلاف ہے +

فی الحقیقت نوعِ انسانی کی یہ بڑی ہی درد انگیز نا انصافی ہے جو تاریخِ انسانیت کے اِس عظیم الشان معلم کے ساتھ جائز رکھی گئی۔ جس طرح بے درد نکتہ چینوں نے اُسے سمجھنے کی کوشش نہ کی، اُسیطرح نادان معتقدوں نے بھی فہم و بصیرت سے انکار کر دیا!

لیکن کیا کوئی انسان جو قرآن کی سچائی کا معترف ہو، ایسا خیال کر سکتا ہے کہ حضرت مسیح (علیہ السلام) کی تعلیم فطرت انسانی کے خلاف تھی اور اسلیئے ناقابلِ عمل تھی؟ ہرگز نہیں، قرآن کی تصدیق کے ساتھ ایسا منکرانہ خیال جمع نہیں ہو سکتا۔ اگر ہم ایک لمحہ کیلئے بھی ایسا تسلیم کریں تو اِسکے معنی یہ ہونگے کہ ہم حضرت مسیح کی تعلیم کی سچائی سے انکار کر دیں۔ کیونکہ جو تعلیم فطرت انسانی کے خلاف ہو، وہ کبھی انسان کے لیئے سچی تعلیم نہیں ہو سکتی۔ لیکن ایسا اعتقاد نہ صرف قرآن کی روح کے خلاف ہوگا، بلکہ اُسکی دعوت کی اصلی بنیاد ہی متزلزل ہو جائے گی۔ اُسکی دعوت کا بنیادی اصول یہ ہے کہ وہ دنیا کے تمام رہنماؤں کی یکساں طور پر تصدیق کرتا، اور سب کو خدا کی ایک ہی سچائی کا پیامبر قرار دیتا ہے۔ وہ کہتا ہے، پیروانِ مذاہب کی سب سے بڑی گمراہی تفریق بین الرسل ہے۔ یعنی ایمان و تصدیق کے لحاظ سے خدا کے رسولوں میں تفریق کرنا۔ کسی ایک کو ماننا اور دوسروں کو جھٹلانا۔ یا سب کو ماننا، اور کسی ایک کا انکار کرنا۔ اور اِسی لیئے اُس نے جا بجا اسلام کی راہ یہ بتلائی ہے کہ:

لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ۝	ہم خدا کے رسولوں میں سے کسی کو بھی دوسروں سے جدا نہیں کرتے (کہ ایک کو نہ مانیں باقی سب کو مانیں یا سب کو نہ مانیں کسی ایک ہی کو مانیں) ہم تو خدا کے آگے جھکے ہوئے ہیں (اُسکی سچائی کہیں بھی آئی ہو اور کسی کی زبانی آئی ہو ہمارا اُس پر ایمان ہو!)
(۳ : ۸۴)	

علاوہ بریں خود قرآن نے حضرت مسیح کی دعوت کا یہی پہلو جا بجا نمایاں کیا ہے کہ وہ رحمت و محبت کے پیامبر تھے، اور یہودیوں کی اخلاقی خشونت و قساوت کے مقابلہ میں مسیحی اخلاق کی رقت و رافت کی بار بار مدح کی ہے:

وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا	اور تاکہ ہم اُسکو (یعنی مسیح کے ظہور کو) لوگوں کے لیئے ایک الٰہی نشانی اور اپنی رحمت

وَكَانَ أَمْرًا مَّقْضِيًّا ٥ (۱۹: ۲۲) کا فیضان بنائیں، اور یہ بات (مشیت الٰہی میں) طے شدہ ہو +

وَجَعَلْنَا فِي قُلُوبِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ اور اُن لوگوں کے دلوں میں جنہوں نے (مسیح کی) پیروی کی، ہم نے شفقت رَأْفَةً وَرَحْمَةً ط (۵۷: ۲۸) اور رحمت ڈال دی +

اِس موقع پر یہ بات بھی یاد رکھنی چاہیئے کہ قرآن نے جسقدر اوصاف خود اپنی نسبت بیان کیئے ہیں، پوری فراخ دلی کے ساتھ وہی اوصاف تورات و انجیل کے لیئے بھی بیان کیئے ہیں۔ مثلاً وہ جس طرح اپنے آپ کو ہدایت کرنے والا، روشنی رکھنے والا، نصیحت کرنے والا، قوموں کا امام، متقیوں کا راہنما، قرار دیتا ہے۔ ٹھیک اُسی طرح پچھلے صحیفوں کو بھی اِن تمام اوصاف سے متصف قرار دیتا ہے۔ چنانچہ انجیل کی نسبت ہم جا بجا پڑھتے ہیں: وَآتَيْنَاهُ الْإِنجِيلَ فِيهِ هُدًى وَنُورٌ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ ٥ (۵: ۴۷) یہ ظاہر ہے کہ جو تعلیم فطرتِ بشری کے خلاف اور ناقابلِ عمل ہو، وہ کبھی نور و ہدایت اور مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ نہیں ہوسکتی +

اصل یہ ہے کہ حضرت مسیح (علیہ السّلام) کی ان تمام تعلیمات کی وہ نوعیت ہی نہ تھی جو غلطی سے سمجھ لی گئی، اور دنیا میں ہمیشہ انسان کی سب سے بڑی گمراہی اُسکے انکار سے نہیں بلکہ کچھ اندیشانہ اعتراف و اعتقاد ہی سے پیدا ہوئی ہے +

حضرت مسیحؑ کا ظہور ایک ایسے عہد میں ہوا تھا، جبکہ یہودیوں کا اخلاقی تنزل انتہائی حد تک پہنچ چکا تھا، اور دل کی نیکی اور اخلاق کی پاکیزگی کی جگہ محض ظاہری احکام و رسوم کی پرستش، دینداری و خدا پرستی سمجھی جاتی تھی۔ یہودیوں کے علاوہ جسقدر متمدن قومیں قرب و جوار میں موجود تھیں، مثلاً رومی، مصری، آشوری، وہ بھی انسانی رحم و محبت کی روح سے یکسر ناآشنا تھیں۔ لوگوں نے یہ بات تو معلوم کر لی تھی کہ جرموں گناہوں پر مجرموں کو سزائیں دینی چاہییں، لیکن اِس حقیقت سے بے بہرہ تھے کہ رحم و محبت اور عفو و بخشش کی چارہ سازیوں سے جرموں اور گناہوں کی پیدائش روک دینی چاہیئے۔ انسانی قتل و ہلاکت کا تماشا دیکھنا، طرح طرح کے ہولناک طریقوں سے مجرموں کو ہلاک کرنا، زندہ انسانوں کو درندوں کے سامنے ڈال دینا، آباد شہروں کو بلا وجہ جلا کر خاکستر کر دینا، اپنی قوم کے علاوہ تمام انسانوں کو غلام سمجھنا اور غلام بنا کر رکھنا، رحم و محبت اور حلم و شفقت کی جگہ قلبی قساوت و بے رحمی پر فخر کرنا، رومی تمدن کا اخلاق اور مصری اور آشوری دیوتاؤں کا پسندیدہ طریقہ تھا!

ضرورت تھی کہ نوعِ انسانی کی ہدایت کیلئے ایک ایسی ہستی مبعوث ہو جو سرتاسر رحمت و محبت کا پیام ہو، اور جو انسانی زندگی کے تمام گوشوں سے قطع نظر کر کے، صرف اُسکی قلبی و معنوی حالت کی اصلاح و

تزکیہ پر اپنی تمام پیغمبرانہ ہمت مبذول کرے۔ چنانچہ حضرت مسیح کی شخصیت میں وہ ہستی نمودار ہو گئی اُس نے جسم کی جگہ روح پر، زبان کی جگہ دل پر، اور ظاہر کی جگہ باطن پر نوع انسانی کو توجہ دلائی، اور انسانیتِ اعلیٰ کا فراموش شدہ سبق تازہ کر دیا!

معمولی سے معمولی کلام بھی بشرطیکہ بلیغ ہو، اپنی بلاغت کے مجازات رکھتا ہے۔ قدرتی طور پر اس الہامی بلاغت کے بھی مجازات تھے جو اُسکی تاثیر کا زیور اور اُسکی دلنشینی کی خوبروئی ہیں، لیکن افسوس کہ وہ دنیا جو اقانیم ثلاثہ اور کفارہ جیسے دور از کار عقائد پیدا کر لینے والی تھی، اُنکے مواعظ کا مقصد و محل نہ سمجھ سکی، اور مجازات کو حقیقت سمجھ کر غلط فہمیوں کا شکار ہو گئی۔

اُنہوں نے جہاں کہیں یہ کہا ہے کہ "دشمنوں کو پیار کرو" تو یقیناً اسکا یہ مطلب نہ تھا کہ ہر انسان کو چاہیئے، اپنے دشمنوں کا عاشق زار ہو جائے، بلکہ سیدھا سادہ مطلب یہ تھا کہ تم میں غیظ و غضب اور نفرت و انتقام کی جگہ رحم و محبت کا پر جوش جذبہ پیدا ہونا چاہیئے، اور ایسا ہونا چاہیئے کہ دوست تو دوست دشمن تک کے ساتھ عفو و درگزر سے پیش آؤ۔ اس مطلب کیلئے کہ رحم کرو، بخشدو، انتقام کے پیچھے نہ پڑو، یہ ایک نہایت ہی بلیغ اور موثر پیرایۂ بیان ہے کہ "دشمنوں تک کو پیار کرو" ایک ایسے گرد و پیش میں جہاں اپنوں عزیزوں کے ساتھ بھی رحم و محبت کا برتاؤ نہ کیا جاتا ہو، یہ کہنا کہ اپنے دشمنوں سے بھی نفرت نہ کرو، رحم و محبت کی ضرورت کا ایک اعلیٰ اور کامل ترین تخیل پیدا کر دینا تھا:

شنیدم کہ مردانِ راہِ خدا — دلِ دشمناں ہم نہ کردند تنگ
ترا کے میسر شود ایں مقام — کہ با دوستانت خلاف ست و جنگ

یا مثلاً اگر اُنہوں نے کہا "اگر کوئی تمہارے ایک گال پر طمانچہ مارے تو دوسرا گال بھی آگے کر دو" تو یقیناً اس کا مطلب یہ نہ تھا کہ سچ مچ کو تم اپنا گال آگے کر دیا کرو، بلکہ صریح مطلب یہ تھا کہ انتقام کی جگہ عفو و درگزر کی راہ اختیار کرو۔ بلاغتِ کلام کے یہ وہ مجازات ہیں جو ہر زبان میں یکساں طور پر پائے جاتے ہیں، اور یہ ہمیشہ بڑی ہی جہالت اور نادانی کی بات سمجھی جاتی ہو کہ اُنکے مقصود و مفہوم کی جگہ اُن کے منطوق پر زور دیا جائے۔ اگر ہم اس طرح کے مجازات کو اُنکے ظواہر پر محمول کرنے لگیں گے تو نہ صرف تمام الہامی تعلیمات ہی درہم برہم ہو جائیں گی، بلکہ انسان کا وہ تمام کلام جو ادب و بلاغت کے ساتھ دنیا کی تمام زبانوں میں کہا گیا ہے، ایک قلم مختل ہو جائے گا!

باقی رہی یہ بات کہ حضرت مسیح نے سزا کی جگہ محض رحم و درگزر ہی پر زور دیا، تو اُنکے مواعظ کی اصلی نوعیت سمجھ لینے کے بعد یہ بات بھی بالکل واضح ہو جاتی ہے۔ بلاشبہ شریعت نے تعزیر و عقوبت کا حکم دیا تھا

لیکن اسلیئے نہیں کہ تعزیر و عقوبت فی نفسہٖ کوئی مستحسن عمل ہے، بلکہ اسلیئے کہ معیشت انسانی کی بعض ناگزیر حالتوں کے لیئے یہ ایک ناگزیر علاج ہے۔ دوسرے لفظوں میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ ایک کم درجہ کی برائی تھی جو اس لیئے گوارا کر لی گئی کہ بڑے درجے کی برائیاں روکی جا سکیں۔ لیکن دنیا نے اسے علاج کی جگہ ایک پسندیدہ مشغلہ بنا لیا اتنا ہی نہیں، بلکہ رفتہ رفتہ انسان کی تعذیب و ہلاکت کا ایک خوفناک آلہ بن گئی۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ انسانی قتل و غارتگری کی کوئی ہولناکی ایسی نہیں ہے جو شریعت اور قانون کے نام سے نہ کی گئی ہو، اور جو فی الحقیقت اسی بدلہ لینے اور سزا دینے کے حکم کا ظالمانہ استعمال نہ ہو۔ اگر تاریخ سے پوچھا جائے کہ انسانی ہلاکت کی سب سے بڑی قوتیں، میدانہائے جنگ سے باہر کون کون سی رہی ہیں؟ تو یقیناً اسکی انگلیاں ان عدالت گاہوں کی طرف اٹھ جائیں گی جو مذہب اور قانون کے ناموں سے قائم کی گئیں اور جنہوں نے ہمیشہ اپنے ہم جنسوں کی تعذیب و ہلاکت کا عمل اپنی ساری وحشت انگیزیوں اور ہولناکیوں کے ساتھ جاری رکھا۔[۱۵] پس اگر حضرت مسیح نے تعزیر و عقوبت کی جگہ سرتاسر رحم و درگزر پر زور دیا، تو یہ اس لیئے نہیں تھا کہ وہ نفس تعزیر و سزا کے خلاف کوئی نئی تشریع کرنی چاہتے تھے، بلکہ ان کا مقصد یہ تھا کہ اس ہولناک غلطی سے انسان کو نجات دلائیں جس میں تعزیر و عقوبت کے غلو نے مبتلا کر رکھا ہے۔ وہ دنیا کو بتلانا چاہتے تھے کہ اعمال انسانی میں اصل عمل، رحم و محبت ہے۔ نفرت و انتقام نہیں ہے۔ اور اگر تعزیر و سیاست جائز رکھی گئی ہے تو صرف اس لیئے کہ بطور ایک ناگزیر علاج کے عمل میں لائی جائے۔ یہ مقصود نہ تھا کہ تمہارے دل رحم و محبت کی جگہ سرتاسر نفرت و انتقام کا آشیانہ بن جائیں!

شریعت موسوی کے پیروؤں نے شریعت کو صرف سزا دینے کا آلہ بنا لیا تھا۔ حضرت مسیح نے بتلایا کہ شریعت سزا دینے کے لیئے نہیں بلکہ نجات کی راہ دکھانے آتی ہے، اور نجات کی راہ سرتاسر رحمت و محبت کی راہ ہے!

دراصل اس بارے میں انسان کی بنیادی غلطی یہ رہی ہے کہ وہ عمل میں اور عامل میں امتیاز قائم نہیں رکھتا، حالانکہ جہاں تک مذہب کی تعلیم کا تعلق ہے، اس بات میں کہ ایک عمل کیسا ہے، اور اس میں کہ کرنے والا کیسا ہے، بہت بڑا فرق ہے، اور دونوں کا حکم ایک نہیں۔ بلاشبہ تمام مذاہب کا یہ عالمگیر مقصد رہا ہے کہ بدعملی اور گناہ کی طرف سے انسان کے دل میں نفرت پیدا کر دیں، لیکن یہ انہوں نے کبھی گوارا نہیں کیا

---

[۱۵] شاید انسانی گمراہی کی بوالعجبیوں کی اس سے بہتر مثال نہیں مل سکتی کہ جس انجیل کی تعلیم کا یہ مطلب سمجھ لیا گیا تھا کہ وہ کسی حال میں بدلہ لینے اور سزا دینے کی اجازت نہیں دیتی، اسی انجیل کے پیروؤں نے نوع انسانی کی تعذیب و ہلاکت کا عمل ایسی وحشت و بیرحمی کے ساتھ صدیوں تک جاری رکھا کہ آج ہم اسکا تصور بھی بغیر دہشت و ہراس کے نہیں کر سکتے، اور پھر یہ جو کچھ کیا گیا، انجیل اور اسکے مقدس حکم کے نام پر کیا گیا!

کہ خود انسان کی طرف سے انسان کے اندر نفرت پیدا ہو جائے۔ یقیناً اُنہوں نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ گناہ سے نفرت کرو، لیکن یہ کبھی نہیں کہا ہے کہ گنہگار سے نفرت کرو۔ اُسکی مثال ایسی ہے جیسے ایک طبیب ہمیشہ لوگوں کو بیماریوں سے ڈراتا رہتا ہے، اور بسا اوقات اُنکے مہلک نتائج کا ایسا ہولناک نقشہ کھینچ دیتا ہے کہ دیکھنے والے سہم کر رہجاتے ہیں، لیکن یہ تو وہ کبھی نہیں کرتا کہ جو لوگ بیمار ہو جائیں اُن سے ڈرنے اور نفرت کرنے لگے، یا لوگوں سے کہے کہ ڈرو اور نفرت کرو؟ اتنا ہی نہیں، بلکہ اُسکی تو ساری توجہ اور شفقت کا مرکز بیمار ہی کا وجود ہوتا ہے۔ جو انسان جتنا زیادہ بیمار ہو گا، اُتنا ہی زیادہ اُسکی توجہ اور شفقت کا مستحق ہو جائے گا!

پس جس طرح جسم کا طبیب بیماریوں کیلئے نفرت لیکن بیمار کیلئے شفقت و ہمدردی کی تلقین کرتا ہے، ٹھیک اُسی طرح روح و دل کے طبیب بھی گناہوں کے لیئے نفرت لیکن گنہگاروں کے لیئے سرتاپا رحمت و شفقت کا پیام ہوتے ہیں۔ یقیناً وہ چاہتے ہیں کہ گناہوں سے (جو روح و دل کی بیماریاں ہیں) ہم میں دہشت و نفرت پیدا کر دیں، لیکن گناہوں سے پیدا کر دیں، گنہگار انسانوں سے نہیں، اور یہی وہ نازک مقام ہے جہاں ہمیشہ پیروانِ مذاہب نے ٹھوکر کھائی ہے۔ مذاہب نے چاہا تھا کہ اُنہیں بُرائی سے نفرت کرنا سکھلائیں۔ لیکن بُرائی سے نفرت کرنے کی جگہ اُنہوں نے اُن انسانوں سے نفرت کرنا سیکھ لیا جنھیں وہ اپنے خیال میں بُرائی کا مجرم تصور کرتے ہیں!

حضرت مسیحؑ کی تعلیم سرتا سر اسی حقیقت کی دعوت تھی۔ گناہوں سے نفرت کرو مگر اُن انسانوں سے نفرت نہ کرو جو گناہوں میں مبتلا ہو گئے ہیں۔ اگر ایک انسان گنہگار ہے، تو اسکے معنی یہ ہیں کہ اُسکی روح و دل کی تندرستی باقی نہ رہی۔ لیکن اگر اُس نے بدبختانہ اپنی تندرستی ضائع کر دی ہے تو تم اُس سے نفرت کیوں کرو؟ وہ تو اپنی تندرستی کھوکر اور زیادہ تمہارے رحم و شفقت کا مستحق ہو گیا ہے۔ تم اپنے بیمار بھائی کی تیمارداری کرو گے، یا اُسے جلاد کے تازیانے کے حوالے کر دو گے؟ وہ موقع یاد کرو، جس کی تفصیل ہمیں سینٹ لوقا کی زبانی معلوم ہوئی ہے۔ جب ایک گناہگار عورت حضرت مسیحؑ کی خدمت میں آئی اور اُس نے اپنے بالوں کی لٹوں سے اُن کے پاؤں پونچھے، تو اس پر ریاکار فریسیوں کو (اور اب فریسیت کے معنی ہی ریاکاری کے ہو گئے ہیں Pharisaism) سخت تعجب ہوا، لیکن اُنہوں نے کہا طبیب بیماروں کے لیئے ہوتا ہے، نہ کہ تندرستوں کے لیئے۔ پھر خدا اور اُسکے گناہگار بندوں کا رشتۂ رحمت واضح کرنیکے لیئے ایک نہایت ہی مؤثر اور دلنشین مثال بیان کی۔ فرض کرو، ایک ساہوکار کے دو قرضدار تھے۔ ایک پچاس روپیہ کا ایک ہزار روپیہ کا۔ ساہوکار نے دونوں کا قرض معاف کر دیا۔ بتلاؤ کس قرضدار پر

اُس کا احسان زیادہ ہوا، اور کون اُس سے زیادہ محبت کرے گا؟ وہ جسے پچاس روپے معاف کر دیئے گئے، یا وہ جسے ہزار روپے؟ سب کو جواب میں کہنا پڑا "وہ جسے زیادہ رقم معاف کر دی گئی"!

نصیب ماست بہشت اے خدا شناس برو
کہ مستحق کرامت گناہکار انند

یہی حقیقت ہے جس کی طرف بعض ائمۂ تابعین نے اشارہ کیا ہے: انکسار العاصین احب الی اللہ من صولۃ المطیعین۔ خدا کو فرمانبردار بندوں کی تمکنت سے کہیں زیادہ گناہگار بندوں کا عجز و انکسار محبوب ہے!

گدایاں را ازیں معنی خبر نیست
کہ سلطان جہاں با ماست امروز

اور پھر یہی حقیقت ہے کہ ہم قرآن میں دیکھتے ہیں، جہاں کہیں خدا نے گناہگار انسانوں کو مخاطب کیا ہے، یا اُنکا ذکر کیا ہے، تو عموماً یائے نسبت کے ساتھ کیا ہے جو تشریف و محبت پر دلالت کرتی ہے۔ قل یعبادی الذین اسرفوا علیٰ انفسہم (۳۹: ۵۴) ءانتم اضللتم عبادی (۲۵: ۱۸) وقلیل من عبادی الشکور (۳۴: ۱۲) اسکی مثال بالکل ایسی ہے جیسے ایک باپ جوش محبت میں اپنے بیٹے کو پکارتا ہے، تو خصوصیت کے ساتھ اپنے رشتۂ پدری پر زور دیتا ہے "اے میرے بیٹے! اے میرے فرزند!" حضرت امام جعفر صادق (علیہ و علیٰ آبائہ و جدہ الصلوٰۃ والسلام) نے سورۂ زمر کی آیۂ رحمت کی تفسیر کرتے ہوئے کیا خوب فرمایا ہے "جب ہم اپنی اولاد کو اپنی طرف نسبت دیکر مخاطب کرتے ہیں تو وہ بے خوف و خطر ہماری طرف دوڑنے لگتے ہیں، کیونکہ سمجھ جاتے ہیں کہ ہم اُن پر غضبناک نہیں ہیں، اگر غضبناک ہوتے تو اس طرح نہ پکارتے۔ قرآن میں خدا نے بیس سے زیادہ موقعوں پر ہمیں عبادی کہکر اپنی طرف نسبت دی ہے۔ اور سخت سے سخت گناہگار انسانوں کو بھی یعبادی کہکر پکارا ہے۔ کیا اس سے بھی بڑھکر اُسکی رحمت و آمرزش کا کوئی پیام ہو سکتا ہے؟"

صحیح مسلم کی مشہور حدیث کا مطلب کس طرح واضح ہو جاتا ہے، جب ہم اس روشنی میں اُس کا مطالعہ کرتے ہیں:

والذی نفسی بیدہ، لو لم تذنبوا لذھب اللہ بکم ولجاء بقوم یذنبون فیستغفرون (مسلم) اُس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر تم لوگوں سے گناہ بالکل سرزد نہ ہو، تو خدا تمہیں زمین سے ہٹا دے۔ اور تمہاری جگہ ایک دوسری قوم پیدا کر دے جنکا شیوہ یہ ہو کہ گناہوں میں مبتلا

عن ابی ھریرۃ (رض) سلہ   ہوں اور پھر خدائے بخشش ومغفرت کے طلبگار ہوں!

فدائے شیوہٗ رحمت کہ در لباس بہار
بعذر خواہیٔ رندان بادہ نوش آمد!

پس فی الحقیقت حضرت مسیح (علیہ السلام) کی تعلیم میں اور قرآن کی تعلیم میں اصلاً کوئی فرق نہیں ہے۔ دونوں کا معیارِ احکام ایک ہی ہے۔ فرق صرف محلِ بیان اور پیرایۂ بیان کا ہے۔ حضرت مسیحؑ نے صرف اخلاق اور تزکیۂ قلب پر زور دیا، کیونکہ شریعتِ موسوی موجود تھی اور وہ اُسکا ایک نقطہ بھی بدلنا نہیں چاہتے تھے۔ لیکن قرآن کو اخلاق اور قانون، دونوں کے احکام بہ یک وقت بیان کرنے تھے، اس لیے قدرتی طور پر اُس نے پیرایۂ بیان ایسا اختیار کیا جو مجازات و متشابہات کی جگہ احکام و قوانین کا صاف صاف جچا تلا پیرایۂ بیان تھا۔ اُس نے سب سے پہلے عفو و درگزر پر زور دیا، اور اُسے نیکی و فضیلت کی اصل قرار دیا۔ ساتھ ہی بدلہ لینے اور سزا دینے کا دروازہ بھی کھلا رکھا۔ کہ ناگزیر حالتوں میں اسکے بغیر چارہ نہیں لیکن نہایت قطعی اور واضح لفظوں میں بار بار کہدیا کہ بدلے اور سزا میں کسی طرح کی ناانصافی اور زیادتی نہیں ہونی چاہیئے۔ یقیناً دنیا کے تمام نبیوں اور شریعتوں کے احکام کا ماحصل یہی تین اصول رہے ہیں:

وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ	اور (دیکھو) بُرائی کے لیے بدلہ ہے۔ ٹھیک ٹھیک ویسا ہی اور اتنا ہی جیسی
فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ	کچھ بُرائی کی گئی ہو۔ لیکن جو کوئی بخشدے اور بگاڑنے کی جگہ سنوارے
اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۞ وَلَمَنِ	تو یقین کرو اُس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے، بلاشبہ اللہ اُن لوگوں کو دوست
انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ مَا	نہیں رکھتا جو زیادتی کرنے والے ہیں۔ مگر جس کسی کا طرز عمل ایسا
عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ۭ اِنَّمَا السَّبِيْلُ	ہو کہ اُس پر ظلم کیا گیا ہو، اور وہ ظلم کے بعد اس کا بدلہ لے تو اس
عَلَي الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَ	کے لیے کوئی الزام نہیں۔ الزام اُن لوگوں کے لیے ہے جو انسانوں
يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۭ	پر ظلم کرتے ہیں اور بغیر کسی حق کے ناانصافی و فساد کا باعث ہوتے
اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۞ وَلَمَنْ	ہیں یقیناً یہی لوگ ہیں جو عذاب الیم کے مستحق ہیں۔ لیکن جو کوئی

سلہ وایضاً عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: والذی نفسی بیدہ، لو اخطأتم حتی تملأ خطایاکم ما بین السماء والارض، ثم استغفرتم اللہ یغفر لکم۔ والذی نفسی بیدہ، لو لم تخطئوا، لجاء اللہ بقوم یخطئون ثم یستغفرون فیغفر لھم۔ اخرجہ احمد وابو یعلیٰ باسناد رجالہ ثقات۔ وعن ابن عمر مرفوعاً: لو لم تذنبوا لخلق اللہ خلقاً یذنبون ثم یغفر لھم۔ اخرجہ احمد والبزار ورجالھم ثقات۔ واخرج البزار من حدیث ابی سعید نحو حدیث ابی ھریرۃ فی الصحیح، وفی اسنادہ یحیی بن بکیر وھو ضعیف۔

اُس کا احسان زیادہ ہوا، اور کون اُس سے زیادہ محبت کرے گا؟ وہ جسے پچاس روپے معاف کردیئے گئے، یا وہ جسے ہزار روپے؟ سب کو جواب میں کہنا پڑا "وہ جسے زیادہ رقم معاف کردی گئی"!

نصیب ماست بہشت اے خدا شناس برَو

کہ مستحق کرامت گناہکار انند

یہی حقیقت ہے جسکی طرف بعض ائمہ تابعین نے اشارہ کیا ہے: انکسار العاصین احب الی اللہ من صولۃ المطیعین۔ خدا کو فرمانبردار بندوں کی تمکنت سے کہیں زیادہ گناہگار بندوں کا عجز وانکسار محبوب ہے!

گدایاں را ازیں معنی خبر نیست

کہ سلطان جہاں با ماست امروز

اور پھر یہی حقیقت ہے کہ ہم قرآن میں دیکھتے ہیں، جہاں کہیں خدا نے گناہگار انسانوں کو مخاطب کیا ہے، یا اُنکا ذکر کیا ہے، تو عموماً اپنے نسبت کے ساتھ کیا ہے جو تشریف و محبت پر دلالت کرتی ہے۔ قل یٰعبادی الذین اسرفوا علی انفسہم (۳۹: ۵۴) ءانتم اضللتم عبادی (۲۵: ۱۸) وقلیل من عبادی الشکور (۳۴: ۱۲) اسکی مثال بالکل ایسی ہے جیسے ایک باپ جوش محبت میں اپنے بیٹے کو پکارتا ہے، تو خصوصیت کے ساتھ اپنے رشتہ پدری پر زور دیتا ہے "اے میرے بیٹے! اے میرے فرزند!" حضرت امام جعفر صادق (علیہ وعلیٰ آبائہ وجدہ الصلوٰۃ والسلام) نے سورۂ زمر کی آیۂ رحمت کی تفسیر کرتے ہوئے کیا خوب فرمایا ہے "جب ہم اپنی اولاد کو اپنی طرف نسبت دیکر مخاطب کرتے ہیں تو وہ بے خوف و خطر ہماری طرف دوڑنے لگتے ہیں، کیونکہ سمجھ جاتے ہیں کہ ہم اُن پر غضبناک نہیں ہیں، اگر غضبناک ہوتے تو اس طرح نہ پکارتے۔ قرآن میں خدا نے بیس سے زیادہ موقعوں پر ہمیں عِبَادِیْ کہکر اپنی طرف نسبت دی ہے۔ اور سخت سے سخت گناہگار انسانوں کو بھی یٰعِبَادِیْ کہکر پکارا ہے۔ کیا اس سے بھی بڑھکر اُسکی رحمت و آمرزش کا کوئی پیام ہوسکتا ہے؟"

صحیح مسلم کی مشہور حدیث کا مطلب کس طرح واضح ہوجاتا ہے جب ہم اس روشنی میں اُس کا مطالعہ کرتے ہیں:

والذی نفسی بیدہ، لو لم تذنبوا لذھب اللہ بکم ولجاء بقوم یذنبون فیستغفرون (مسلم)	اُس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اگر تم لوگوں سے گناہ بالکل سرزد نہ ہو، تو خدا تمہیں زمین سے مٹا دے۔ اور تمہاری جگہ ایک دوسری قوم پیدا کرے جنکا شیوہ یہ ہوکہ گناہوں میں مبتلا

عن ابی هریرۃ مرفوعاً) ؎ ہوں اور پھر خدا سے بخشش و مغفرت کے طلبگار ہوں!

خدا نے شیوۂ رحمت کہ در لباس بہار

بعذر خواہیٔ رندانِ بادہ نوش آمد!

پس فی الحقیقت حضرت مسیح (علیہ السلام) کی تعلیم میں اور قرآن کی تعلیم میں اصلاً کوئی فرق نہیں ہے۔ دونوں کا معیار احکام ایک ہی ہے۔ فرق صرف محلِ بیان اور پیرایۂ بیان کا ہے۔ حضرت مسیحؑ نے صرف اخلاق اور تزکیۂ قلب پر زور دیا، کیونکہ شریعت موسوی موجود تھی اور وہ اُسکا ایک نقطہ بھی بدلنا نہیں چاہتے تھے۔ لیکن قرآن کو اخلاق اور قانون، دونوں کے احکام بہ یک وقت بیان کرنے تھے، اس لیے قدرتی طور پر اُس نے پیرایۂ بیان ایسا اختیار کیا جو مجازات و متشابہات کی جگہ احکام و قوانین کا صاف صاف جچا تُلا پیرایۂ بیان تھا۔ اُس نے سب سے پہلے عفو و درگزر پر زور دیا، اور اُسے نیکی و فضیلت کی اصل قرار دیا۔ ساتھ ہی بدلہ لینے اور سزا دینے کا دروازہ بھی کھلا رکھا۔ کہ ناگزیر حالتوں میں اسکے بغیر چارہ نہیں لیکن نہایت قطعی اور واضح لفظوں میں بار بار کہدیا کہ بدلے اور سزا میں کسی طرح کی ناانصافی اور زیادتی نہیں ہونی چاہیئے۔ یقیناً دنیا کے تمام نبیوں اور شریعتوں کے احکام کا ماحصل یہی تین اصول رہے ہیں:

وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ۚ اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۚ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ وَلَمَنْ

اور (دیکھو) بُرائی کے لیئے بدلہ ہو۔ ٹھیک ٹھیک ویسا ہی اور اتنا ہی جیسی کچھ بُرائی کی گئی ہو۔ لیکن جو کوئی بخشدے اور بگاڑنے کی جگہ سنوارے تو یقین کرو، اُس کا اجر اللہ کے ذمہ ہے، بلاشبہ اللہ اُن لوگوں کو دوست نہیں رکھتا جو زیادتی کرنے والے ہیں۔ مگر جس کسی کا طرز عمل ایسا ہو کہ اُس پر ظلم کیا گیا ہو، اور وہ ظلم کے بعد اس کا بدلہ لے تو ہمیں کے لیئے کوئی الزام نہیں۔ الزام اُن لوگوں کے لیئے ہے جو انسانوں پر ظلم کرتے ہیں اور بغیر کسی حق کے ناانصافی و فساد کا باعث ہوتے ہیں یقیناً یہی لوگ ہیں جو عذاب الیم کے مستحق ہیں۔ لیکن جو کوئی

؎ وایضاً عن انس قال قال صلی اللہ علیہ وسلم، والذی نفسی بیدہ، لو اخطأتم حتی تملأ خطایاکم ما بین السماء والارض، ثم استغفرتم اللہ، یغفر لکم۔ والذی نفسی بیدہ، لو لم تخطئوا، لجاء اللہ بقوم یخطئون ثم یستغفرون فیغفر لھم۔ اخرجہ احمد وابو یعلی باسناد رجالہ ثقات۔ وعن ابن عمر مرفوعاً لو لم تذنبوا لخلق اللہ خلقاً یذنبون ثم یغفر لھم۔ اخرجہ احمد والبزار ورجالھم ثقات۔ واخرج البزار من حدیث ابی سعید نحو حدیث ابی ھریرۃ فی الصحیح، وفی اسنادہ یحیی بن بکیر وھو ضعیف۔

صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿ بدلہ لینے کی جگہ بُرائی برداشت کرجائے اور بخش دے، تو یقیناً یہ بڑی ہی اولوالعزمی کی بات ہو!

(۴۲ : ۴۳)

اسلوب بیان پر غور کرو، اگرچہ ابتدا میں صاف صاف کہدیا تھا کہ "فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ" اور بظاہر عفو و درگزر کیلئے اِتنا کہدینا کافی تھا، لیکن آخر میں پھر دوبارہ اس پر زور دیا: "وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ" یہ تکرار اسلیئے ہو کہ عفو و درگزر کی اہمیت واضح ہو جائے یعنی یہ حقیقت اچھی طرح آشکارا ہو جائے کہ اگرچہ بدلے اور سزا کا دروازہ کُھلا رکھا گیا ہے، لیکن نیکی و فضیلت کی راہ عفو و درگزر ہی کی راہ ہے!

ایک اعتراض ممکن ہے، بعض طبیعتیں یہاں ایک خدشہ محسوس کریں۔ اگر فی الحقیقت قرآن کی تمام تعلیم کا اصل اصول رحمت ہی ہو، تو پھر اُس نے اپنے مخالفوں کی نسبت زجر و توبیخ کا سخت پیرایہ کیوں اختیار کیا؟ اِسکا مفصل جواب تو اپنے محل میں آئے گا، لیکن تکمیل بحث کیلئے ضروری ہے کہ یہاں مختصر اشارہ کر دیا جائے۔ بلاشبہ قرآن میں ایسے مقامات موجود ہیں جہاں اُس نے مخالفین کیلئے شدت و غلظت کا اظہار کیا ہے۔ لیکن سوال یہ ہو کہ کن مخالفین کیلئے؟ اُن مخالفین کیلئے جن کی مخالفت محض اختلافِ فکر و اعتقاد کی مخالفت تھی؟ یعنی ایسی مخالفت جو معاندانہ اور جارحانہ نوعیت نہیں رکھتی تھی؟ ہمیں اس سے قطعًا انکار ہے۔ ہم پورے وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ تمام قرآن میں شدت و غلظت کا ایک لفظ بھی نہیں مِلسکتا جو اِس طرح کے مخالفین کیلئے استعمال کیا گیا ہو۔ اُس نے جہاں کہیں بھی مخالفین کا ذکر کرتے ہوئے سختی کا اظہار کیا ہے، اُس کا تمام تر تعلق اُن مخالفین سے ہی، جنکی مخالفت بغض و عناد اور ظلم و شرارت کی جارحانہ معاندت تھی، اور ظاہر ہے کہ صلاح و ہدایت کی کوئی تعلیم بھی اِس صورتِ حال سے گریز نہیں کرسکتی۔ اگر ایسے مخالفین کے ساتھ بھی نرمی و شفقت ملحوظ رکھی جائے تو بلاشبہ یہ رحمت کا سلوک ہوگا، مگر انسانیت کیلئے نہیں ہوگا۔ ظلم و شرارت کیلئے ہوگا، اور یقیناً سچی رحمت کا معیار یہ نہیں ہونا چاہیئے کہ وہ ظلم و فساد کی پرورش کرے۔ ابھی چند صفحوں کے بعد تمہیں معلوم ہوگا کہ قرآن نے صفات الٰہی میں رحمت کے ساتھ عدالت کو بھی اُسکی جگہ دی ہو، اور سورۂ فاتحہ میں ربوبیت اور رحمت کے بعد عدالت ہی کی صفت جلوہ گر ہوئی ہو۔ یہ اسی لیئے ہو کہ وہ رحمت سے عدالت کو الگ نہیں کرتا، بلکہ اُسے عین رحمت کا مقتضا قرار دیتا ہو۔ وہ کہتا ہے، تم انسانیت کے ساتھ رحم و محبت کا برتاؤ نہیں کرسکتے اگر ظلم و شرارت کیلئے تم میں سختی نہیں ہو۔ انجیل میں ہم دیکھتے ہیں کہ حضرت مسیح بھی

اپنے مخالفوں کو سانپ کے بچّو اور ڈاکوؤں کا مجمع کہنے پر مجبور ہوئے۔

قرآن نے "کفر" کا لفظ انکار کے معنی میں استعمال کیا ہی، اور انکار دو طرح کا ہوتا ہی۔ ایک یہ کہ انکارِ محض ہو، ایک یہ کہ جارحانہ ہو۔ انکارِ محض سے مقصود یہ ہی کہ ایک شخص تمہاری تعلیم قبول نہیں کرتا۔ اس لیے کہ اُسکی سمجھ میں نہیں آتی، یا اسلیئے کہ اُسمیں طلبِ صادق نہیں ہی۔ یا اسلیئے کہ جو راہ وہ چل رہا ہی، اُسی پر قانع ہی۔ بہرحال، کوئی وجہ ہو، لیکن وہ تم سے متفق نہیں ہے۔ جارحانہ انکار سے مقصود وہ حالت ہی جو صرف اتنے ہی پر قناعت نہیں کرتی، بلکہ اُنہیں تمہارے خلاف ایک طرح کی کدّ اور ضد پیدا ہو جاتی ہے، اور پھر یہ ضد بڑھتے بڑھتے بغض و عناد اور ظلم و شرارت کی سخت سے سخت صورتیں اختیار کرلیتی ہے۔ اس طرح کا مخالف صرف یہی نہیں کرتا کہ تم سے اختلاف رکھتا ہی، بلکہ اسکے اندر تمہارے لیئے بغض و عناد کا ایک غیر محدود جوش پیدا ہو جاتا ہی۔ وہ اپنی زندگی اور زندگی کی ساری قوتوں کے ساتھ تمہاری بربادی و ہلاکت کے درپے ہو جائیگا۔ تم کتنی ہی اچھی بات کہو، وہ تمہیں جھٹلائیگا۔ تم کتنا ہی اچھا سلوک کرو، وہ تمہیں اذیت پہنچائیگا۔ تم اگر کہو، روشنی تاریکی سے بہتر ہے، تو وہ کہے، تاریکی سے بہتر کوئی چیز نہیں۔ تم اگر کہو کڑواہٹ سے مٹھاس اچھی ہے، تو وہ کہے، نہیں، کڑواہٹ ہی میں دنیا کی سب سے بڑی لذت ہی۔ یہی حالت ہی جسے قرآن انسانی فکر و بصیرت کے تعطّل سے تعبیر کرتا ہے، اور اسی نوعیت کے مخالفین ہیں جن کے لیئے اُسکے تمام زواجر و قوارع ظہور میں آئے ہیں:

لَهُمْ قُلُوبٌ لَّا يَفْقَهُونَ بِهَا وَلَهُمْ أَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُونَ بِهَا وَلَهُمْ آذَانٌ لَّا يَسْمَعُونَ بِهَا ۚ أُولَٰئِكَ كَالْأَنْعَامِ بَلْ هُمْ أَضَلُّ ۚ أُولَٰئِكَ هُمُ الْغَافِلُونَ (۷ : ۱۷۸)

اُن کے پاس دل ہیں، مگر سوچتے نہیں، اُن کے پاس آنکھیں ہیں، مگر دیکھتے نہیں۔ اُن کے پاس کان ہیں، مگر سنتے نہیں۔ اُنکی حالت ایسی ہے جیسے چارپائے ہوتے ہیں۔ نہیں، بلکہ چارپایوں سے بھی زیادہ کھوئے ہوئے۔ بلاشبہ یہی لوگ ہیں جو غفلت میں ڈوب گئے ہیں!

مفسرین اِسی دوسری حالت کو "کفر جحود" سے تعبیر کرتے ہیں۔

دنیا میں جب کبھی سچائی کی کوئی دعوت ظاہر ہوئی ہے، تو کچھ لوگوں نے اُسے قبول کرلیا ہی، کچھ نے انکار کیا ہے، لیکن کچھ لوگ ایسے ہوئے ہیں، جنہوں نے اُسکے خلاف طغیان و جحود اور ظلم و شرارت کی جتھا بندی کرلی ہی۔ قرآن کا جب ظہور ہوا، تو اُس نے بھی یہ تینوں جماعتیں اپنے سامنے پائیں۔ اُس نے پہلی جماعت کو اپنی آغوشِ تربیت میں لے لیا، دوسری کو دعوت و تذکیر کا مخاطب بنایا، مگر تیسری کے ظلم و طغیان پر حسبِ حالت و ضرورت زجر و توبیخ کی۔ اگر ایسے گروہ کے لیئے بھی اُسکے لب و لہجہ کی سختی "رحمت" کے

کے خلاف ہو، تو بلاشبہ اس معنی میں قرآن رحمت کا معترف نہیں، اور یقیناً اس ترازو سے اُسکی رحمت نہیں تولی جا سکتی۔ تم بار بار سُن چکے ہو کہ وہ دین حق کے معنوی قوانین کو کائنات فطرت کے عام قوانین سے الگ نہیں قرار دیتا، بلکہ انہی کا ایک گوشہ قرار دیتا ہے۔ فطرتِ کائنات کا اپنے فعل وظہور کے ہر گوشہ میں کیا حال ہو؟ یہ حال ہے کہ وہ اگرچہ سرتاسر رحمت ہی، لیکن رحمت کے ساتھ عدالت، اور بخشش کے ساتھ جزاء و سزا کا قانون بھی رکھتی ہے۔ پس قرآن کہتا ہی، میں فطرت سے زیادہ کچھ نہیں دیکھتا۔ تمہاری جس مزعومہ رحمت سے فطرت کا خزانہ خالی ہے، یقیناً تمہیں میرے آستین و دامن میں نہیں مل سکتی:

فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا	اللہ کی فطرت، جس پر اللہ نے انسان کو پیدا کیا ہے۔ اللہ کی بناوٹ
لَا تَبْدِیْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّیْنُ	میں کبھی تبدیلی نہیں ہوسکتی۔ یہی (اللہ کی ٹھہرائی ہوئی فطرت)
الْقَیِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ	سچا اور ٹھیک ٹھیک دین ہے، لیکن اکثر انسان ایسے ہیں جو اس
لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰ : ۲۹﴾	حقیقت سے بے خبر ہیں!

قرآن کے اُن تمام مقامات پر اگر نظر ڈالی جائے جہاں اُس نے سختی کے ساتھ مخالفین کا ذکر کیا ہے تو بہ یک نظر یہ حقیقت واضح ہوجائے گی۔ سورۂ انفال کے مقدمہ میں ہم قرآن کے احکام جنگ پر نظر ڈالیں گے اور اُس سلسلہ میں مبحث کے اِس پہلو پر بھی روشنی پڑ جائے گی۔

(۵) مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ

ربوبیت اور رحمت کے بعد جس صفت کا ذکر کیا گیا ہے، وہ عدالت ہی، اور اُس کے لیے "مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ" کی تعبیر اختیار کی گئی ہے۔

الدِّین | "دین" کے معنی عربی میں بدلہ اور مکافات کے ہیں۔ خواہ اچھائی کا بدلہ ہو خواہ بُرائی کا:

ستعلم لیلیٰ ایُّ دینٍ تدایَنت
وایُّ غریمٍ فی التقاضی غریمُها

پس "مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ" کے معنی ہوئے، وہ، جو جزاء و سزا کے دن کا حکمران ہی یعنی روز قیامت کا۔

اِس سلسلہ میں کئی باتیں قابلِ غور ہیں:

اوّلاً قرآن نے نہ صرف اِس موقع پر بلکہ عام طور پر جزاء و سزا کے لیے "الدِّین" کا لفظ اختیار کیا ہے، اور اِسی لیے وہ قیامت کو بھی عموماً "یَوْمِ الدِّیْنِ" کے لفظ سے تعبیر کرتا ہے۔ یہ تعبیر اسلیے اختیار کیگئی کہ جزاء و سزا کے بارے میں جو اعتقاد پیدا کرنا چاہتا تھا، اُسکے لیے یہی تعبیر سب سے زیادہ موزوں اور واقعی تعبیر تھی

وہ جزاؤ سزا کو اعمال کا قدرتی نتیجہ اور مکافات قرار دیتا ہے۔

نزول قرآن کے وقت تمام پیروان مذاہب کا عالمگیر اعتقاد یہ تھا کہ جزاؤ سزا محض خدا کی خوشنودی اور اُسکے قہر و غضب کا نتیجہ ہے۔ اعمال کے نتائج کو اسمیں کوئی دخل نہیں۔ الوہیت اور شاہیّت کا تشابُہ، تمام مذہبی تصوّرات کی طرح، اِس معاملہ میں بھی گمراہیٔ فکر کا موجب ہوا تھا۔ لوگ دیکھتے تھے کہ ایک مطلق العنان بادشاہ کبھی خوش ہوکر انعام و اکرام دینے لگتا ہے، کبھی بگڑ کر سزائیں دینے لگتا ہے، اسلیئے خیال کرتے تھے کہ خدا کا بھی ایسا ہی حال ہے۔ وہ کبھی ہم سے خوش ہوجاتا ہے کبھی غیظ و غضب میں آجاتا ہے۔ طرح طرح کی قربانیوں اور چڑھاؤوں کی رسم اسی اعتقاد سے پڑی تھی۔ لوگ دیوتاؤں کا جوشِ غضب ٹھنڈا کرنیکے لیئے قربانیاں کرتے، اور اُنکی نظرِ التفات حاصل کرنے کیلئے نذریں چڑھاتے۔

یہودیوں اور عیسائیوں کا عام تصوّر دیو بانی تصوّرات سے بلند ہوگیا تھا، لیکن جہانتک اِس معاملہ کا تعلق ہے، اُن کے تصوّر نے بھی کوئی وسیع ترقی نہیں کی تھی۔ یہودی بہت سے دیوتاؤں کی جگہ خاندانِ اسرائیل کے ایک خدا کو مانتے تھے، لیکن پُرانے دیوتاؤں کی طرح یہ خدا بھی شاہی اور مطلق العنانی کا خدا تھا۔ وہ کبھی خوش ہوکر انہیں اپنی چہیتی قوم بنا لیتا۔ کبھی جوشِ انتقام میں آکر بربادی و ہلاکت کے حوالہ کردیتا۔ عیسائیوں کا اعتقاد تھا کہ آدم کے گناہ کی وجہ سے اُسکی پوری نسل مغضوب ہوگئی، اور جب تک خدا نے اپنی صفتِ ابنیت کو بشکل مسیح قربان نہیں کردیا، اُسکے نسلی گناہ اور مغضوبیت کا کفارہ نہ ہوسکا!

لیکن قرآن نے جزاؤ سزا کا اعتقاد ایک دوسری ہی شکل و نوعیت کا پیش کیا ہے۔ وہ اُسے خدا کا کوئی ایسا فعل نہیں قرار دیتا جو کائناتِ خلقت کے عام قوانین و نظام سے الگ ہو، بلکہ اُسی کا ایک قدرتی گوشہ قرار دیتا ہے۔ وہ کہتا ہے، کائناتِ ہستی کا عالمگیر قانون یہ ہے کہ ہر حالت کوئی نہ کوئی اثر رکھتی ہے، اور ہر چیز کا کوئی نہ کوئی خاصّہ ہے۔ ممکن نہیں، یہاں کوئی شے اپنا وجود رکھتی ہو اور اثرات و نتائج کے سلسلہ سے باہر ہو۔ پس جس طرح خدا نے اجسام و مواد میں خواص و نتائج رکھے ہیں، اُسی طرح اعمال میں بھی خواص و نتائج ہیں، اور جس طرح جسم انسانی کے قدرتی انفعالات ہیں، اُسی طرح روح انسانی کے لیئے بھی قدرتی انفعالات ہیں۔ جسمانی موثّرات جسم پر مرتّب ہوتے ہیں، معنوی موثّرات سے روح متاثّر ہوتی ہے۔ اعمال کے یہی قدرتی خواص و نتائج ہیں جنہیں جزاؤ سزا سے تعبیر کیا گیا ہے۔ اچھے عمل کا نتیجہ اچھائی ہے اور یہ ثواب ہے۔ بُرے عمل کا نتیجہ برائی ہے اور یہ عذاب ہے۔

ثواب اور عذاب کے اِن اثرات کی نوعیت کیا ہوگی؟ وحیِ الٰہی نے ہماری فہم و استعداد کے مطابق اُس کا نقشہ کھینچا ہے۔ اِس نقشہ میں ایک مرقع بہشت کا ہے۔ ایک دوزخ کا۔ بہشت کے نعائم اُنکے لیئے ہیں جن کے اعمال بہشتی ہونگے۔ دوزخ کی عقوبتیں اُن کے لیئے ہیں جن کے اعمال دوزخی ہونگے:

لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ○ (۵۹ : ۲۰) اصحاب جنت اور اصحاب دوزخ (اپنے اعمال ونتائج میں) یکساں نہیں ہوسکتے۔ کامیاب انسان وہی ہیں جو اصحاب جنت ہیں!

وہ کہتا ہے، تم دیکھتے ہو کہ فطرت ہر گوشۂ وجود میں اپنا قانونِ مکافات رکھتی ہے۔ ممکن نہیں کہ اسمیں تغیر یا تساہل ہو۔ فطرت نے آگ میں یہ خاصہ رکھا ہے کہ جلائے۔ اب سوزش و تپش فطرت کی وہ مکافات ہوگی جو ہر اُس انسان کے لیئے ہے جو آگ کے شعلوں میں ہاتھ ڈالدے گا۔ ممکن نہیں کہ تم آگ میں کودو اور اِس فعل کے مکافات سے بچ جاؤ۔ پانی کا خاصہ ٹھنڈک اور رطوبت ہے۔ یعنی ٹھنڈک اور رطوبت وہ مکافات ہے جو فطرت نے پانی میں ودیعت کردی ہے۔ اب ممکن نہیں کہ تم دریا میں اترو، اور اُس مکافات سے بچ جاؤ۔ پھر جو فطرتِ کائناتِ ہستی کی ہر چیز اور ہر حالت میں مکافات رکھتی ہے، کیونکر ممکن ہے کہ انسان کے اعمال کیلئے مکافات نہ رکھے؟ یہی مکافات جزا و سزا ہے۔

آگ جلاتی ہے، پانی ٹھنڈک پیدا کرتا ہے، سنکھیا کھانے سے موت، دودھ سے طاقت اور کونین سے بخار رُک جاتا ہے۔ جب اشیاء کی اِن تمام مکافات پر تمہیں تعجب نہیں ہوتا کیونکہ یہ تمہاری زندگی کی یقینیات ہیں، تو پھر اعمال کے مکافات پر کیوں تعجب ہوتا ہے؟ افسوس تم پر، تم اپنے فیصلوں میں کتنے ناہموار ہو!

تم گیہوں بوتے ہو، اور تمہارے دل میں کبھی یہ خدشہ نہیں گزرتا کہ گیہوں پیدا نہیں ہوگا۔ اگر کوئی تم سے کہے، ممکن ہے گیہوں کی جگہ جُوار پیدا ہو جائے' تو تم اُسے پاگل سمجھوگے۔ کیوں؟ اِس لیئے کہ فطرت کے قانونِ مکافات کا یقین تمہاری طبیعت میں راسخ ہوگیا ہے۔ تمہارے وہم و گمان میں بھی یہ خطرہ نہیں گزر سکتا کہ فطرت گیہوں لیکر اُسکے بدلے میں جوار دیدیگی۔ اتنا ہی نہیں، بلکہ تم یہ بھی نہیں مان سکتے کہ اچھے قسم کا گیہوں لیکر بُرے قسم کا گیہوں دیدے گی۔ تم جانتے ہو کہ وہ بدلہ دینے میں قطعی اور شک شبہ سے بالاتر ہے۔ پھر بتلاؤ، جو فطرت گیہوں کے بدلے گیہوں اور جُوار کے بدلے جُوار دے رہی ہے کیونکر ممکن ہے کہ اچھے عمل کے بدلے اچھا اور بُرے عمل کے بدلے بُرا نتیجہ نہ رکھتی ہو؟

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ جو لوگ برائیاں کرتے ہیں، کیا وہ سمجھتے ہیں، ہم انہیں اُن لوگوں

أَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝ وَخَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَلِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝ (۴۵ : ۲۰)

جیسا کر دینگے جو ایمان رکھتے ہیں اور جن کے اعمال اچھے ہیں؟ دونوں برابر ہو جائیں۔ زندگی میں بھی اور موت میں بھی؟ (اگر ان لوگوں کی فہم و دانش کا یہی فیصلہ ہے تو) افسوس انکے فیصلے پر! اور (ایسا کیونکر ہو سکتا ہے) جبکہ اللہ نے آسمان و زمین کو بیکار و عبث نہیں بنایا ہے بلکہ حکمت و مصلحت کے ساتھ بنایا ہے اور اسلیئے بنایا ہے کہ ہر جان کو اسکی کمائی کے مطابق مکافات ملے (اور کوئی چیز بغیر بدلے اور نتیجے کے نہ رہے) اور (یاد رکھو) یہ مکافات ٹھیک ٹھیک [illegible]

چنانچہ یہی وجہ ہے کہ قرآن نے جزا و سزا کے لیئے اَلدِّیْن کا لفظ اختیار کیا، کیونکہ مکافاتِ عمل کا مفہوم ادا کرنیکے لیئے سب سے زیادہ موزوں لفظ یہی تھا۔

اور پھر یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، اُس نے اچھے بُرے کام کرنے کو جابجا "کسب" کے لفظ سے تعبیر کیا ہے: "کسب" کے معنی عربی میں ٹھیک ٹھیک وہی ہیں جو اُردو میں کمائی کے ہیں۔ یعنی ایسا کام جسکے نتیجہ سے تم کوئی فائدہ حاصل کرنا چاہو، اگرچہ فائدہ کی جگہ نقصان بھی ہو جائے۔ مطلب یہ ہوا کہ انسان کے لیئے جزا، اور سزا، خود انسان ہی کی کمائی ہے۔ جیسی کسی کی کمائی ہوگی ویسا ہی نتیجہ پیش آئیگا۔ اگر ایک انسان نے اچھے کام کر کے اچھی کمائی کر لی ہے، تو اُسکے لیئے اچھائی ہے۔ اگر کسی نے برائی کر کے بُرائی کمالی ہے، تو اُسکے لیئے بُرائی ہے:

كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ۝ (۵۲ : ۲۱) ہر انسان اُس نتیجے کے ساتھ جو اُسکی کمائی ہے بندھا ہوا ہے!

سورۂ بقرہ میں جزا و سزا کا قاعدۂ کلّیہ بتلادیا:

لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ (۲ : ۲۸۶)

ہر انسان کیلئے وہی ہے جیسی کچھ اُسکی کمائی ہوگی جو کچھ اُسے پانا ہے وہ بھی اُسکی کمائی سے ہے اور جسکے لیئے اُسے جوابدہ ہونا ہے وہ بھی اُسکی کمائی ہے۔

اِسی طرح قوموں اور جماعتوں کی نسبت بھی ایک عام قاعدہ بتلادیا:

تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ (۲ : ۱۳۵)

یہ ایک اُمّت تھی جو گزر چکی۔ اُس کے لیئے وہ نتیجہ تھا جو اُس نے کمایا۔ اور تمہارے لیئے وہ نتیجہ ہے جو تم کماؤ گے۔

علاوہ بریں، صاف صاف لفظوں میں جابجا یہ حقیقت واضح کر دی کہ اگر دینِ الٰہی نیک عملی کی ترغیب دیتا ہے، اور بدعملی سے روکتا ہے، تو یہ صرف اسلیئے ہے کہ انسان نقصان و ہلاکت سے بچے اور نجات و سعادت حاصل کرے۔ یہ بات نہیں ہے کہ خدا کا غضب و قہر اُسے عذاب دینا چاہتا ہو اور

اُس سے بچنے کیلئے مذہبی ریاضتوں اور عبادتوں کی ضرورت ہو:

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَ مَنْ اَسَآءَ فَعَلَيْهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ○ (۴۱ : ۴۶)

جس کسی نے نیک کام کیا، تو اپنے لیے کیا، اور جس کسی نے بُرائی کی تو خود اُسی کے آگے آئیگی، اور (یاد رکھو) تمہارا پروردگار اپنے بندوں کے لیے ظالم نہیں ہے (کہ انہیں اپنے قہر و غضب کا نشانہ بنائے)

ایک مشہور حدیثِ قدسی میں اِسی حقیقت کی طرف اشارہ کیا گیا ہے:

یا عبادی، لو ان اولکم و اٰخرکم و انسکم و جنکم کانوا علی اتقٰی قلب رجل واحد منکم، ما زاد فی ملکی شیئًا۔ یا عبادی، لو ان اولکم و اٰخرکم و انسکم و جنکم کانوا علی افجر قلب رجل واحد منکم، ما نقص ذٰلک من ملکی شیئًا۔ یا عبادی، لو ان اولکم و اٰخرکم و انسکم و جنکم قاموا فی صعید واحد فسألونی فاعطیت کل انسان مسئلته، ما نقص ذٰلک مما عندی الا کما ینقص المخیط اذا ادخل البحر۔ یا عبادی انما هی اعمالکم احصیها لکم ثم اوفیکم ایاها، فمن وجد خیرًا فلیحمد الله، ومن وجد غیر ذٰلک فلا یلومن الا نفسه۔ (مسلم عن ابی ذرؓ)

اے میرے بندو! اگر تم میں سے سب انسان جو پہلے گزر چکے اور وہ سب جو بعد کو پیدا ہوں گے، اور تمام انس اور تمام جن، اُس شخص کی طرح نیک ہو جاتے جو تم میں سب سے زیادہ متقی ہے، تو یاد رکھو، اِس سے میری خداوندی میں کچھ بھی اضافہ نہ ہوتا۔ اے میرے بندو! اگر وہ سب جو پہلے گزر چکے، اور وہ سب جو بعد کو پیدا ہوں گے، اور تمام انس اور تمام جن اس شخص کی طرح بدکار ہو جاتے جو تم میں سب سے زیادہ بدکار ہے، تو اس سے میری خداوندی میں کچھ بھی نقصان نہ ہوتا۔ اے میرے بندو! اگر وہ سب جو پہلے گزر چکے، اور وہ سب جو بعد کو پیدا ہونگے، ایک مقام پر جمع ہو کر مجھ سے سوال کرتے، اور میں ہر انسان کو اُسکی مُنہ مانگی مُراد بخشدیتا، تو میری رحمت و بخشش کے خزانہ میں اس سے زیادہ کمی نہ ہوتی جتنی کمی سوئی کے ناکے جتنا پانی نکل جانے سے سمندر میں ہو سکتی ہو۔ اے میرے بندو! یاد رکھو! یہ تمہارے اعمال ہی ہیں جنھیں میں تمہارے لیے انضباط اور نگرانی میں رکھتا ہوں، اور پھر انہیں کے نتائج بغیر کسی کمی بیشی کے تمہیں واپس دیدیتا ہوں۔ پس جو کوئی تم میں اچھائی پائے، چاہیئے کہ اللہ کی حمد و ثنا کرے، اور جس کسی کو بُرائی پیش آئے تو چاہیئے کہ خود اپنے وجود کے سوا اور کسی کو ملامت نہ کرے۔

یہاں یہ خدشہ کسی کے دل میں واقع نہ ہو کہ خود قرآن نے بھی تو جا بجا خدا کی خوشنودی اور ناراضامندی کا ذکر کیا ہے؟ بلاشبہ کیا ہے۔ اتنا ہی نہیں بلکہ وہ انسان کی نیک عملی کا اعلیٰ درجہ یہی

قرار دیتا ہے کہ جو کچھ کرے، صرف اللہ کی خوشنودی ہی کے لیئے کرے۔ لیکن خدا کے جس رضا و غضب کا وہ اثبات کرتا ہے، وہ جزاو سزا کی علت نہیں ہے بلکہ جزاو سزا کا قدرتی نتیجہ ہے۔ یعنی یہ نہیں کہتا کہ جزاو سزا محض خدا کی خوشنودی اور ناراضگی کا نتیجہ ہے۔ نیک و بد اعمال کا نتیجہ نہیں ہے۔ بلکہ وہ کہتا ہے جزاو سزا تمام تر انسان کے اعمال کا نتیجہ ہے، اور خدا نیک عمل سے خوشنود ہوتا ہے۔ بدعملی ناپسند کرتا ہے ظاہر ہے کہ یہ تعلیم قدیم اعتقاد سے نہ صرف مختلف ہے، بلکہ یکسر متضاد ہے۔

بہر حال جزاو سزا کی اس حقیقت کیلئے "الدِّین" کا لفظ نہایت موزوں لفظ ہے، اور ان تمام گمراہیوں کی راہ بند کر دیتا ہے جو اس بارے میں پھیلی ہوئی تھیں۔ سورۂ فاتحہ میں مجرد اس لفظ کے استعمال نے جزاو سزا کی اصلی حقیقت آشکارا کر دی۔

ثانیاً، یہی وجہ ہے کہ مذہب اور قانون کے لیئے بھی "الدِّین" کا لفظ استعمال کیا گیا۔ کیونکہ مذہب کا بنیادی اعتقاد مکافاتِ عمل کا اعتقاد ہے، اور قانون کی بنیاد بھی تعزیر و سیاست پر ہے۔ سورۂ یوسف میں جہاں یہ واقعہ بیان کیا ہے کہ حضرت یوسف (علیہ السلام) نے اپنے چھوٹے بھائی کو اپنے پاس روک لیا تھا، وہاں فرمایا: مَا كَانَ لِيَأْخُذَ أَخَاهُ فِي دِينِ الْمَلِكِ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ (۱۲: ۷۶) یہاں بادشاہ مصر کے دین سے مقصود اُسکا قانون ہے۔

ثالثاً، یہاں ربوبیت اور رحمت کے بعد صفات قہر و جلال میں سے کسی صفت کا ذکر نہیں کیا گیا، بلکہ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّينِ کی صفت بیان کیگئی، جس سے عدالت الٰہی کا تصوّر ہمارے ذہن میں پیدا ہو جاتا ہے۔ اُس سے معلوم ہوا کہ قرآن نے خدا کی صفات کا جو تصوّر قائم کیا ہے اُس میں قہر و غضب کے لیئے کوئی جگہ نہیں ہے۔ البتہ عدالت ضرور ہے، اور صفات قہریہ جس قدر بیان کی گئی ہیں، دراصل اسی کی مظاہر ہیں۔ اگر یہاں مٰلِكِ يَوْمِ الدِّينِ کی جگہ کوئی ایسی صفت نمودار ہوتی جو صفاتِ سلبی قہر پر دلالت کرتی، تو ظاہر ہے کہ یہ حقیقت واضح نہ ہوتی، اور خدا کا تصوّر قہر و غضب سے آلودہ ہو جاتا۔

فی الحقیقت صفاتِ الٰہی کے تصوّر کا یہی مقام ہے جہاں فکر انسانی نے ہمیشہ ٹھوکر کھائی۔ یہ ظاہر ہے کہ فطرتِ کائنات، ربوبیت و رحمت کے ساتھ، اپنے مجازات بھی رکھتی ہے، اور اگر ایک طرف اس میں پرورش و بخشش ہے تو دوسری طرف مواخذہ و مکافات بھی ہے۔ فکر انسانی کے لیئے فیصلہ طلب سوال یہ تھا کہ فطرت کے مجازات اُسکے قہر و غضب کا نتیجہ ہیں یا عدل و قسط کے؟ اُسکا فکر نارسا عدل و قسط کی حقیقت معلوم نہ کر سکا۔ اُس نے مجازات کو قہر و غضب پر محمول کر لیا، اور یہیں سے خدا کی صفات میں

خوف و دہشت کا تصور پیدا ہو گیا۔ حالانکہ اگر وہ فطرتِ کائنات کو زیادہ قریب ہو کر دیکھ سکتا، تو معلوم کر لیتا کہ جن مظاہر کو قہر و غضب پر محمول کر رہا ہے، وہ قہر و غضب کا نتیجہ نہیں ہیں بلکہ عین مقتضاء رحمت ہیں۔ اگر فطرتِ کائنات میں مکافات کا مواخذہ نہ ہوتا، یا تعمیر کی تحسین و تکمیل کیلئے تخریب نہ ہوتی، تو میزانِ عدل قائم نہ رہتا، اور تمام نظامِ ہستی درہم و برہم ہو جاتا۔

رابعاً، جس طرح کارخانۂ خلقت اپنے وجود و بقا کے لیے ربوبیت اور رحمت کا محتاج ہے، اسی طرح عدالت کا بھی محتاج ہے۔ یہی تین معنوی عنصر ہیں جن سے خلقت و ہستی کا قوام ظہور میں آیا ہے۔ ربوبیت پرورش کرتی ہے، رحمت افادہ و فیضان کا سرچشمہ ہے، اور عدالت سے بناؤ اور خوبی ظہور میں آتی اور نقصان و فساد سے محفوظ رہتی ہے۔

تم نے ابھی ربوبیت اور رحمت کے مقامات کا مشاہدہ کیا ہے۔ اگر ایک قدم آگے بڑھو، تو اسی طرح عدالت کا مقام بھی نمودار ہو جائے۔ تم دیکھو گے کہ اس کارخانۂ ہستی میں بناؤ، سلجھاؤ، خوبی اور جمال میں سے جو کچھ بھی ہے، وہ اسکے سوا کچھ نہیں ہے کہ عدل و توازن کی حقیقت کا ظہور ہے۔ ایجاب و تعمیر کو تم اسکی بے شمار شکلوں میں دیکھتے ہو، اور اسلیئے بیشمار ناموں سے پکارتے ہو، لیکن اگر حقیقت کا سُراغ لگاؤ، تو دیکھ لو کہ ایجابی حقیقت یہاں صرف ایک ہی ہے، اور وہ عدل و اعتدال ہے!

عدل کے معنی یہ ہیں کہ برابر ہونا، کم زیادہ نہ ہونا۔ اسی لیئے معاملات اور قضایا میں فیصلہ کر دینے کو عدالت کہتے ہیں کہ حاکم دو فریقوں کی باہم گر زیادتیاں دور کر دیتا ہے۔ ترازو کی تول کو بھی معادلہ کہتے ہیں۔ کیونکہ وہ دونوں پلّوں کا وزن برابر کر دیتا ہے۔ یہی عدالت جب اشیاء میں نمودار ہوتی ہے تو اُنکی کمیّت اور کیفیت میں تناسب پیدا کر دیتی ہے۔ ایک جزء کا دوسرے جزء سے کمیت و کیفیت میں مناسب و موزوں ہونا، عدالت ہے۔

اب غور کرو، کارخانۂ ہستی میں بناؤ اور خوبی کے جسقدر بھی مظاہر ہیں، کس طرح اسی حقیقت سے ظہور میں آئے ہیں؟ وجود کیا ہے؟ حکیم بتلاتا ہے کہ عناصر کی ترکیب کا اعتدال ہے۔ اگر اس اعتدالی حالت میں ذرا بھی فتور واقع ہو جائے، وجود کی نمود معدوم ہو جائے۔ جسم کیا ہے؟ جسمانی مواد کی ایک خاص اعتدالی حالت ہے۔ اگر اسکا کوئی ایک جزء بھی غیر معتدل ہو جائے، جسم کی ہیئتِ ترکیبی بگڑ جائے۔ صحت و تندرستی کیا ہے؟ اخلاط کا اعتدال ہے۔ جہاں اسکا قوام بگڑا، صحت میں انحراف ہو گیا۔ حسن و جمال کیا ہے؟ تناسب و اعتدال کی ایک کیفیت ہے۔ اگر انسان میں ہے، تو خوبصورت انسان ہے۔ نباتات میں ہے تو خوشنما پھول ہے۔ عمارت میں ہے تو تاج محل ہے۔ نغمہ کی حلاوت کیا ہے؟ سُروں کی ترکیب کا

تناسب و اعتدال ہے۔ اگر ایک سُر بھی بے میل ہوا، نغمہ کی کیفیت جاتی رہی!

پھر کچھ اشیاء و اجسام ہی پر موقوف نہیں ہے۔ کارخانۂ ہستی کا تمام نظام ہی عدل و توازن پر قائم ہے۔ اگر ایک لمحہ کے لیئے یہ حقیقت غیر موجود ہو جائے، تمام نظامِ عالم درہم برہم ہو جائے۔ یہ کیا بات ہے کہ نظامِ شمسی کا ہر کُرّہ اپنی اپنی جگہ معلّق ہے، اپنے اپنے دائروں میں حرکت کر رہا ہے، اور ایسا کبھی نہیں ہوتا کہ ذرا بھی انحراف و میلان واقع ہو؟ یہی عدالت کا قانون ہے جس نے سب کو ایک خاص نظم کے ساتھ جکڑ بند کر رکھا ہے۔ تمام کُرّے اپنی اپنی کشش رکھتے ہیں، اور اُن کے مجموعی جذب و انجذاب کے توازن سے ایسی حالت پیدا ہو گئی ہے کہ ہر کُرّہ اپنی جگہ قائم و معلّق ہے۔ اگر کوئی کُرّہ اس قانونِ عدالت سے باہر ہو جائے، تو معاً دوسرے کُرّوں سے ٹکرا جائے اور تمام نظامِ شمسی مختل ہو جائے۔

اعداد کے تناسب کی عظیم الشان صداقت جس پر ریاضی اور حساب کے تمام حقائق کا دارومدار ہے، کیا ہے؟ یہی عدل و تعادل کی حقیقت ہی۔ جس دن یہ حقیقت ذہنِ انسانی پر کھلی تھی، علوم و معارف کے تمام دروازے باز ہو گئے تھے۔

چنانچہ قرآن نے اِس حقیقت کی طرف جا بجا اشارات کیئے ہیں:

وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيزَانَ ۙ أَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيزَانِ (۵۵: ۶)	اور آسمان کو دیکھو، جسے اُس نے بلند کر دیا، اور (اجرام سماویہ کے قیام کے لیئے قانونِ عدالت کا) میزان بنا دیا!

یہ "اَلْمِیْزَان" یعنی ترازو کیا ہے؟ تعادل و توازن کا قانون ہے، جو تمام اجرام سماویہ کو اُنکی مقررہ جگہ میں تھامے ہوئے ہی، اور کبھی ایسا نہیں ہو سکتا کہ اُسکے توازن کا پلّہ کسی ایک طرف ہی کو جھک پڑے۔ اجرام سماویہ کا یہی وہ غیر مرئی ستون ہے جسکی نسبت سورۂ رعد میں فرمایا:

اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا (۱۳: ۲)	اللہ، جس نے آسمانوں کو (یعنی اجرام سماویہ کو تم پر) بغیر کسی ستون کے بلند کر دیا ہے اور تم (اُسکی یہ حکمت) دیکھ رہے ہو!

اور سورۂ لقمان میں بھی اسی کی طرف اشارہ کیا ہے:

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا (۳۱: ۹)	اُس نے آسمانوں کو (یعنی اجرام سماویہ کو) پیدا کر دیا، اور تم دیکھ رہے ہو کہ کوئی ستون اُنہیں تھامے ہوئے نہیں ہے!

یہ کہنا ضروری نہیں کہ عدل و تعادل کی حقیقت سمجھانے کیلئے میزان یعنی ترازو سے بہتر کوئی عام فہم اور واضح تعبیر نہیں ہو سکتی تھی۔

اسی طرح سورۂ آلِ عمران کی مشہور آیت شہادت میں قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ (۳: ۱۶) کہہ کر اسی

حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے۔ یعنی کائنات خلقت میں اسکے تمام کام عدالت کے ساتھ قائم ہیں اور اس نے قیامِ ہستی کے لیئے یہی قانون ٹھرادیا ہے۔

قرآن کہتا ہے، جب عدالت کا یہ قانون کائنات خلقت کے ہر گوشہ میں نافذ ہے، تو کیونکر ممکن ہو کہ انسان کے افکار و اعمال کے لیئے بے اثر ہو جائے؟ پس اس گوشہ میں بھی وہی فکر اور عمل مقبول ہوتا ہے جو افراط و تفریط اور میل و انحراف کی جگہ فطرت کے عدل و قسط پر مبنی ہوتا ہے، اور اسی کو وحی الٰہی قولِ ثابت اور عمل صالح کے نام سے تعبیر کرتی ہے۔ اگر تعبیر و جمال کے سینکڑوں ناموں سے تمہیں مغالطہ نہیں ہو جاتا، اور یہ بات پالیتے ہو کہ ان سب میں اصل حقیقت ایک ہی ہے اور وہ عدالت ہے، تو اس گوشہ میں ایمان و عمل کی اصطلاح سے تمہیں کیوں توحش ہو؟ اور کیوں بے تحاشا انکار کر بیٹھو؟

أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ	کیا یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ کا ٹھرایا ہوا دین چھوڑکر کوئی دوسرا دین
أَسْلَمَ مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ	تلاش کریں؟ حالانکہ آسمان اور زمین میں جو کوئی بھی ہے، سب اُسی کے
طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ﴿٨٢﴾	حکم کی اطاعت کر رہے ہیں۔ خوشی سے ہو یا ناخوشی سے (مگر سب کے لیئے چلنا
(۳: ۸۲)	اُسی کے ٹھرائے ہوئے قانون پر ہے) اور بالآخر سب اُسی کیطرف لوٹنے والے ہیں!

یہی وجہ ہے کہ قرآن نے بدعملی اور برائی کے لیئے جتنی تعبیرات اختیار کی ہیں، سب ایسی ہیں کہ اگر اُنکے معانی پر غور کیا جائے تو عدل و توازن کی ضد اور مخالف ثابت ہونگی۔ گویا قرآن کے نزدیک برائی کی حقیقت اسکے سوا کچھ نہیں ہے کہ حقیقتِ عدل سے انحراف ہو۔ مثلاً ظلم، طغیان، اسراف، تبذیر، افساد، اعتدا، عدوان، وغیر ذٰلک۔

ظلم کے معنی وضع الشئ فی غیر موضعہٖ کے ہیں۔ یعنی جو بات جس جگہ ہونی چاہیئے، اگر وہاں نہ ہو، بے محل ہو، تو لغت میں اس حالت کو ظلم کہیں گے۔ اسی لیئے قرآن نے شرک کو ظلم عظیم کہا ہے کیونکہ اس سے زیادہ کوئی بے محل بات نہیں ہوسکتی، اور یہ ظاہر ہے کہ کسی چیز کا اپنی صحیح جگہ میں نہ ہونا ایک ایسی حالت ہے، جو حقیقت عدل کے عین منافی ہے۔

طغیان کے معنی یہ ہیں کہ کسی چیز کا اپنی حد سے گزر جانا۔ دریا کا پانی اپنی حد سے بلند ہو جاتا ہے تو کہتے ہیں طغی الماء۔ ظاہر ہے کہ حد سے تجاوز عین عدالت کی ضد ہے۔

اسراف "سرف" سے ہے۔ سرف کے معنی یہ ہیں کہ جو چیز جتنی مقدار میں جہاں خرچ کرنی چاہیئے اُس سے زیادہ خرچ کردی جائے۔

تبذیر کے معنی کسی چیز کو ایسی جگہ خرچ کرنا ہے جہاں خرچ نہ کرنا چاہیئے، اسراف اور تبذیر میں مقدار اور محل کا فرق ہے۔ کھانے میں خرچ کرنا، خرچ کا صحیح محل ہو، لیکن اگر ضرورت سے زیادہ خرچ کیا جائے' تو یہ اسراف ہوگا۔ دریا میں روپیہ پھینک دینا روپیہ خرچ کرنے کا صحیح محل نہیں ہو۔ اگر تم روپیہ پانی میں پھینک دو تو یہ فعل تبذیر ہوگا۔ دونوں صورتیں عدالت کے منافی ہیں۔ کیوں کہ حقیقتِ عدل، مقدار اور محل' دونوں میں تناسب چاہتی ہے۔

فساد کے معنی ہی خروج الشئ عن الاعتدال کے ہیں۔ یعنی کسی چیز کا حالتِ اعتدال سے باہر ہو جانا۔

اعتداء اور عدوان ایک ہی مادہ سے ہیں' اور دونوں کے معنی حد سے گزر جانا ہے۔

قرآن اور صفاتِ الٰہی کا تصور

قرآن نے خدا کی صفات کا جو تصور قائم کیا ہے، سورۂ فاتحہ اُس کی سب سے پہلی رونمائی ہو۔ ہم اِس مرقع میں وہ شبیہ دیکھ لے سکتے ہیں جو قرآن نے نوعِ انسانی کے سامنے پیش کی ہے۔ یہ ربوبیت، رحمت، اور عدالت کی شبیہ ہے۔ اِنہی تین صفتوں کے تفکّر سے ہم اُسکے تصورِ الٰہی کی معرفت حاصل کرسکتے ہیں۔

خدا کا تصور ہمیشہ انسان کی روحانی و اخلاقی زندگی کا محور رہا ہے۔ یہ بات کہ ایک عہد کا معنوی اور نفسیاتی مزاج کیسا ہو، اور وہ اپنے پیروؤں کے لیئے کس طرح کے اثرات رکھتا ہو؟ صرف یہ بات دیکھکر معلوم کرلی جاسکتی ہے کہ اُسکے تصورِ الٰہی کی نوعیت کیا ہے؟ یہی وجہ ہے کہ علم الاجتماع کے مفکرین خصوصیت کے ساتھ اِس پہلو پر زور دیتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں، کسی جماعت کی ذہنی و اخلاقی رفتارِ ترقی معلوم کرنیکے لیئے سب سے پہلے اس بات کا سُراغ لگاؤ کہ اُس نے اپنے خدا کو کس شکل و شباہت میں دیکھا تھا؟ اسی شکل و شباہت میں تمہیں خود اُس جماعت کے ذہن و اخلاق کی صورت نظر آجائے گی!

جب ہم نوعِ انسانی کے تصوراتِ الوہیت کا اُسکے مختلف عہدوں میں مطالعہ کرتے ہیں، تو ہم دیکھتے ہیں کہ اُن کے تغیرات کی کچھ عجیب رفتار رہی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے، گویا انسان کے مادّی تصورات کی طرح اُسکے خدا پرستانہ تصور میں بھی ایک طرح کے تدریجی ارتقاء کا سلسلہ جاری رہا، اور بتدریج ادنےٰ سے اعلےٰ اور پستی سے بلندی کی طرف ترقی ہوتی رہی۔ بلاشبہ یہ مشکل ہو کہ ہم اِس سلسلہ کی

سب سے ابتدائی کڑیاں متعین کر سکیں، کیونکہ جس قدر ماضی کی طرف بڑھتے ہیں، تاریخ کی روشنی دھندلی پڑتی جاتی ہے، اور وحی و نبوّت کی زبانیں بھی تفصیلات سے خاموش ہیں۔ تاہم اقوام و جماعات کے مختلف عہد ہمارے سامنے ہیں، اور اُن سے اِس سلسلہ کی مختلف کڑیاں بہم پہنچائی جا سکتی ہیں۔ اگر یہ تمام کڑیاں تاریخی ترتیب کے ساتھ یکجا کر دی جائیں، تو صاف نظر آجاتے کہ اِس سلسلہ کی سب سے آخری اور اِس لیئے سب سے زیادہ ترقی یافتہ کڑی وہی ہے جو قرآن نے نوعِ انسانی کے سامنے پیش کی ہے۔

لیکن یاد رہے، یہاں خدا کے تصوّر سے مقصود اُسکی صفات کا تصور ہے۔ اُسکی ہستی کا اعتقاد نہیں ہے۔ خدا کی ہستی کا اعتقاد انسان کے ذہن کی پیداوار نہ تھا کہ ذہنی تبدیلیوں کے ساتھ ساتھ وہ بھی بدلتا رہتا، بلکہ وہ اُسکی فطرت کا ایک وجدانی احساس تھا۔ وجدانی احساسات میں نہ تو ذہن و فکر کے موثرات مداخلت کر سکتے ہیں، نہ باہر کے اثرات سے ان میں تبدیلی ہو سکتی ہے۔

لیکن انسان کی عقل، ذاتِ مجرّد کے تصور سے عاجز ہے۔ وہ جب کسی چیز کا تصوّر کرنا چاہتی ہے، تو گو تصور ذات کا کرنا چاہے۔ لیکن تصوّر میں صفات و عوارض ہی آتے ہیں، اور صفات ہی کے جمع و تفرقہ سے وہ ہر چیز کا تصوّر آراستہ کرتی ہے۔ پس جب فطرت کے اندرونی جذبہ نے ایک بالاتر ہستی کے اعتراف کا ولولہ پیدا کیا، تو ذہن نے چاہا، اُسکا تصوّر آراستہ کرے، لیکن جب تصوّر کیا، تو یہ اُسکی ذات کا تصوّر نہ تھا۔ اُسکی صفات کا تصوّر تھا۔ اور صفات میں سے بھی اُنہی صفات کا، جن کا ذہن انسانی تخیّل کر سکتا تھا۔ یہیں سے خدا پرستی کے فطری جذبہ میں ذہن و فکر کی مداخلت شروع ہو گئی۔

عقلِ انسانی کا ادراک محسوسات کے دائرہ میں محدود ہے۔ اسلیئے اسکا تصوّر اِس دائرہ سے باہر قدم نہیں نکال سکتا۔ وہ جب کسی اَن دیکھی اور غیر محسوس چیز کا تصوّر کرے گی، تو ناگزیر ہے کہ تصوّر میں وہی صفات آئیں، جنہیں وہ دیکھتی اور سنتی ہے، اور جو اُسکے حاسّۂ ذوق و لمس کی دسترس سے باہر نہیں ہیں پھر اُسکے ذہن و تفکّر کی جتنی بھی رسائی ہے، یہ یک دفعہ ظہور میں نہیں آئی ہے، بلکہ ایک طول طویل عرصہ کے نشوُو ارتقاء کا نتیجہ ہے۔ ابتدا میں اُسکا ذہن عہدِ طفولیت میں تھا۔ اسلیئے اُس کے تصوّرات بھی اسی نوعیت کے ہوتے تھے۔ پھر جوں جوں اُسمیں اور اُسکے ماحول میں ترقی ہوتی گئی، اُسکا ذہن بھی ترقی کرتا گیا، اور ذہن کی ترقی و تزکیہ کے ساتھ، اُسکے تصوّرات میں بھی شائستگی اور بلندی آتی گئی۔

اِس صورتِ حال کا قدرتی نتیجہ یہ تھا کہ انسانی ذہن نے ہمیشہ خدا کی ویسی ہی صورت بنائی جیسی صورت خود اُس نے اور اُسکے ماحول نے پیدا کر لی تھی۔ جوں جوں اُسکا معیارِ فکر بدلتا گیا، وہ اپنے معبود کی شکل و شباہت بھی بدلتا گیا۔ اُسے اپنے آئینۂ تفکّر میں ایک صورت نظر آتی تھی۔ وہ سمجھتا تھا، یہ اُس کے

معبود کی صورت ہے۔ حالانکہ وہ اُسکے معبود کی صورت نہ تھی، خود اُسی کے ذہن و صفات کا عکس تھا!
فکرِ انسانی کی سب سے پہلی درماندگی یہی ہے جو اس راہ میں پیش آئی!

حرم جویاں درے رامی پرستند | فقیہاں دفترے رامی پرستند!
برافگن پردہ تا معلوم گردد | کہ یاراں دیگرے رامی پرستند!

بہر حال انسان کے تمام تصورات کی طرح صفاتِ الٰہی کا تصور بھی اسکی ذہنی و معنوی ترقی کے ساتھ ساتھ ترقی کرتا رہا ہے۔ انبیاءِ کرام (علیہم السلام) کی دعوت کی ایک بنیادی اصل یہ رہی ہے کہ انہوں نے ہمیشہ خدا پرستی کی تعلیم ویسی ہی شکل و اسلوب میں دی، جیسی شکل و اسلوب کے فہم و تحمل کی استعداد مخاطبین میں پیدا ہو گئی تھی۔ وہ مجمع انسانی کے معلم و مربی تھے۔ معلم کا فرض ہے کہ متعلمین میں جس درجہ کی استعداد پائی جائے، اُسی درجہ کا سبق دے۔ پس انبیاءِ کرام نے بھی وقتاً فوقتاً خدا کی صفات کیلئے جو پیرایۂ تعلیم اختیار کیا، وہ اس سلسلۂ ارتقاء سے باہر نہ تھا۔ بلکہ اُسی کی مختلف کڑیاں مہیا کرتا ہے۔

اس سلسلۂ ارتقاء کی تمام کڑیوں پر جب ہم نظر ڈالتے ہیں اور اُنکے فکری عناصر کی تحلیل کرتے ہیں، تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ اُنکی بے شمار نوعیتیں قرار دی جا سکتی ہیں، لیکن ارتقائی نقطے ہمیشہ تین ہی رہے ہیں، اور انہی سے اس سلسلہ کی بدایت و نہایت معلوم کی جا سکتی ہے:

(۱) تجسّم[1] سے تنزیہہ کی طرف۔

(۲) تعدّد و اشراک سے توحید کی طرف۔

(۳) صفاتِ قہر و جلال سے صفاتِ رحمت و جمال کی طرف۔

یعنی تجسّم اور صفاتِ قہریہ کا تصور اسکا ابتدائی درجہ ہے، اور تنزہ اور صفاتِ رحمت و جمال سے اتصاف، اعلیٰ و کامل درجہ۔ جو تصور جس قدر ابتدائی اور کم ترقی یافتہ ہے، اُتنا ہی تجسّم اور صفات قہریہ کا عنصر اسمیں زیادہ ہے۔ جو تصور جس قدر زیادہ ترقی یافتہ ہے، اُتنا ہی زیادہ منزّہ اور صفات رحمت و جلال سے متصف ہے۔

انسان کا تصور صفات قہریہ و سلبیہ کے تخیّل سے کیوں شروع ہوا؟ اسکی علّت واضح ہے۔ نظر کائنات کی تعمیر، تخریب کے نقاب میں پوشیدہ ہے۔ انسانی فکر کی طفولیّت تعمیر کا حُسن نہ دیکھ سکی۔ تخریب کی

[1] تجسّم سے مقصود یہ ہے کہ خدا کی نسبت ایسا تصور قائم کرنا کہ وہ مخلوق کی طرح جسم و صورت رکھتا ہے، یا اُسکی صفات بھی ویسی ہی ہیں جیسی مخلوقات کی ہیں۔ تنزیہہ سے مقصود یہ ہے کہ اُن تمام باتوں سے جو اُسے مخلوقات سے مشابہ کرتی ہوں، یا اُس کی پاکی و قدوسیت اور عظمت و کبریائی کے خلاف ہوں، اُسے مبرّا یقین کرنا ۱۲

ہولناکیوں سے سہم گئی۔ تعمیر کا حسن و جمال دیکھنے کیلئے عقل کی دوررس نگاہ مطلوب تھی، اور وہ ابھی اُسکی آنکھوں نے پیدا نہیں کی تھی۔

دنیا میں ہر چیز کی طرح ہر فعل کی نوعیت بھی اپنا مزاج رکھتی ہے۔ بناؤ ایک ایسی حالت ہے جس کا مزاج سرتاسر سکون اور خاموشی ہے، اور بگاڑ ایک ایسی حالت ہے کہ اُس کا مزاج سرتاسر شورش اور ہولناکی ہے۔ بناؤ ایجابی ہے، نظم ہے، جمع و ترتیب ہے۔ بگاڑ سلبی ہے، برہمی ہے، تفرقہ و اختلال ہے۔ جمع و نظم کی حالت ہمیشہ سکون کی حالت ہوتی ہے، اور تفرقہ و برہمی کی حالت ہمیشہ شورش و انفجار کی حالت ہے۔ دیوار جب بنتی ہے تو تمہیں کوئی شورش محسوس نہیں ہوتی، لیکن جب گرتی ہے تو دھماکا ہوتا ہے، اور تم بے اختیار چونک اُٹھتے ہو۔ اِس صورتِ حال کا قدرتی نتیجہ یہ ہے کہ حیوانی طبیعت سلبی افعال سے فوراً متاثر ہو جاتی ہے کیونکہ اُنکی نمود میں شورش اور ہولناکی ہے، لیکن ایجابی افعال سے متاثر ہونے میں دیر لگاتی ہے، کیونکہ اُن کا حسن و جمال یکایک مشاہدہ میں نہیں آجاتا اور اُن کا مزاج شورش کی جگہ خاموشی اور سکون ہے۔ چنانچہ تم دیکھتے ہو کہ انسان کے بچے ہوں یا حیوان کے، ڈرتے زیادہ ہیں اور اُنس دیر میں پکڑتے ہیں۔ پہلا اثر جو وہ قبول کرینگے، خوف کا ہوگا۔ اُنس و محبت کا نہ ہوگا۔

اِسی بنا پر، عقل انسانی نے جب اپنے عہدِ طفولیت میں آنکھیں کھولیں، تو فطرتِ کائنات کے سلبی مظاہر کی دہشت سے معًا متاثر ہوگئی، کیونکہ زیادہ نمایاں اور پُرشور تھے، اور ایجابی و تعمیری حقیقت سے متاثر ہونے میں بہت دیر لگ گئی، کیونکہ اُن میں شورش اور ہنگامہ نہ تھا۔ بادلوں کی گرج، بجلی کی کڑک، آتش فشاں پہاڑوں کا انفجار، زمین کا زلزلہ، آسمان کی ژالہ باری، دریا کا سیلاب، سمندر کا تلاطم؛ اِن تمام سلبی مظاہر میں اُسکے لئے رعب و ہیبت تھی، اور اسی ہیبت کے اندر وہ ایک غضبناک خدا کی ڈراؤنی صورت دیکھنے لگا تھا۔ اُسے بجلی کی کڑک میں کوئی حُسن محسوس نہیں ہوتا تھا۔ وہ بادلوں کی گرج میں کوئی شانِ محبوبیت نہیں پاتا تھا۔ وہ آتش فشاں پہاڑوں کی سنگ باری سے پیار نہیں کرسکتا تھا، اور اُسکی عقل ابھی خدا کے اِنہی کاموں سے آشنا ہوئی تھی!

خود اُسکی ابتدائی معیشت کی نوعیت بھی ایسی ہی تھی کہ اُنس و محبت کی جگہ خوف و وحشت کے جذبات برانگیختہ ہوتے۔ وہ کمزور اور نہتا تھا، اور دنیا کی ہر چیز اُسے دُشمنی اور ہلاکت پر تُلی نظر آتی تھی۔ دلدل کے مچھروں کے جھنڈ چاروں طرف منڈلا رہے تھے، زہریلے جانور ہر طرف رینگ رہے تھے، درندوں کے حملوں سے ہر وقت مقابل رہنا پڑتا تھا۔ سر پر سورج کی تپش بے پناہ تھی، اور چاروں طرف موسم کے اثرات ہولناک تھے۔ غرضکہ اُسکی زندگی سرتاسر جنگ اور محنت تھی، اور اس ماحول کا قدرتی نتیجہ تھا کہ اُس کا

ذہن، خدا کا تصور کرتے ہوئے، خدا کی ہلاکت آفرینیوں کی طرف جاتا، رحمت و فیضان کا ادراک نہ کر سکتا۔

لیکن جوں جوں انہیں اور اسکے ماحول میں تبدیلی ہوتی گئی، اسکے تصور میں بھی یاس و دہشت کی جگہ امید و رحمت کا عنصر شامل ہوتا گیا۔ یہاں تک کہ معبودیت کے تصور میں صفات رحمت و جمال نے بھی ویسی ہی جگہ پالی، جیسی صفات قہر و جلال کے لئے تھی۔ چنانچہ اگر قدیم اقوام کے اصنام پرستانہ تصورات کا مطالعہ کریں تو ہم دیکھیں گے کہ ان کی ابتدا ہر جگہ صفات قہر و غضب کے تصور ہی سے ہوتی ہے، اور پھر آہستہ آہستہ صفات رحمت و جمال کی طرف قدم اٹھا ہے۔ آخری کڑیاں وہ نظر آئیں گی جن میں صفات قہر و غضب کے ساتھ رحمت و جمال کا تصور بھی مساویانہ حیثیت سے قائم ہو گیا ہے۔ مثلاً قہر و ہلاکت کے دیوتاؤں اور قوتوں کے ساتھ زندگی، رزق، دولت اور حسن و علم کے دیوتاؤں کی بھی پرستش شروع ہو گئی ہے۔ یونان کا علم الاصنام اپنے لطافت تخیل کے لحاظ سے تمام اصنامی تخیلات میں اپنی خاص جگہ رکھتا ہے، لیکن اسکی پرستش کے بھی قدیم معبود وہی تھے جو قہر و غضب کی خوفناک قوتیں سمجھی جاتی تھیں۔ ہندوستان میں اس وقت تک زندگی اور بخشش کے دیوتاؤں سے کہیں زیادہ ہلاکت کے دیوتاؤں کی پرستش ہوتی ہے۔

بہرحال ہمیں غور کرنا چاہیئے کہ ظہور قرآن کے وقت خدا کے تصور کی عام نوعیت کیا تھی اور قرآن نے جو تصور پیش کیا، اسکی حیثیت کیا ہے؟

نزول قرآن کے وقت چار مذہبی تصور فکر انسانی پر حکمراں تھے: ہندوستانی، مجوسی، یہودی، اور مسیحی۔

ہندوستانی تصور میں سب سے پہلے اوپنشدوں کا فلسفۂ الٰہی نمایاں ہوتا ہے۔ اوپنشدوں کے مطالب کی نوعیت کے بارے میں زمانۂ حال کے شارحوں اور نقادوں کی رائیں متفق نہیں ہیں[۵۱] تاہم ایک بات بالکل واضح ہے۔ یعنی اوپنشد مسئلہ وحدۃ الوجود کا سب سے قدیم سرچشمہ ہیں، اور گیتا کا زمانۂ تصنیف کچھ ہی کیوں نہ ہو، لیکن وہ بھی اوپنشد ہی کی صداؤں کی بازگشت ہے۔ مسئلۂ وحدۃ الوجود خدا کی ہستی و صفات کا جو تصور پیدا کرتا ہے، اسکی نوعیت کچھ عجیب طرح کی واقع ہوئی ہے۔ ایک طرف

---

[۵۱] اوپنشدوں کے متعلق ہماری جسقدر بھی معلومات ہیں، تمام تر مستشرقین یورپ کی تحقیقات سے ماخوذ ہیں۔ مسٹر گف کی رائے میں اوپنشد روحانیت سے خالی ہیں، لیکن پال ڈیوسن میکس ملر، اور نائٹ انہیں روحانیت کا سرچشمہ کہتے ہیں۔ مشہور جرمن حکیم شوپن ہار تو اس درجہ معترف ہوا کہ اس کا یہ جملہ مشہور ہو گیا ہے: "اوپنشد زندگی بھر میری تشفی کرتے رہے، اور دم آخر بھی مجھے انہی سے تشفی ملے گی!" ۱۲

تو وہ ہر وجود کو خدا قرار دیتا ہے کیونکہ وجود حقیقی کے علاوہ اور کوئی وجود موجود ہی نہیں۔ دوسری طرف خدا کے لیے کوئی محدود اور مقید تخیل بھی قائم نہیں کرتا۔ بہرحال جو کچھ بھی ہو، یہ تصور اپنی نوعیت میں اس درجہ فلسفیانہ قسم کا تھا کہ کسی عہد اور ملک میں بھی عامۃ الناس کا عقیدہ نہ بن سکا۔ خود ہندستان میں بھی اسکی حیثیت فلسفۂ الٰہیات کے ایک مذہب (اسکول) سے زیادہ نہیں رہی۔ بہترین تعبیر جو اس صورتِ حالات کی کی گئی ہو، یہ ہے کہ عوام کے لیئے اصنام پرستی قرار دی گئی تھی، اور خواص کیلئے وحدۃ الوجود کا اعتقاد تھا۔

اوپنشدوں کے بعد بُدھ مذہب کی تعلیم نمایاں ہوتی ہے، اور ظہورِ قرآن کے وقت ہندستان کا عام مذہب یہی تھا۔ بُدھ مذہب کی بھی مختلف تفسیریں کی گئی ہیں۔ مستشرقین کا ایک گروہ اُسے اوپنشدوں کی تعلیم ہی کی ایک عملی شکل قرار دیتا ہے اور کہتا ہے "نروان" میں جذب و انفصال کا عقیدہ پوشیدہ ہے۔ یعنی جس سرچشمۂ الوہیت سے ہستیٔ انسانی نکلی ہے، پھر اُسی میں واصل ہوجانا نروان ہے۔ لیکن دوسرا گروہ اس سے انکار کرتا ہے۔ اِس گروہ کی رائے میں بُدھ مذہب خدا کی ہستی کا کوئی تصور ہی نہیں رکھتا۔ وہ دنیا کا تنہا مذہب ہے جس نے فلسفیانہ عقائد کو مذہب کا جامہ پہنا دیا۔ وہ صرف پراکرتی یعنی مادۂ ازلی کا ذکر کرتا ہے۔ جسے طبیعت اور نفس حرکت میں لاتے ہیں۔ "نروان" سے مقصود یہ ہے کہ ہستی کی انانیت فنا ہو جائے، اور زندگی کے عذاب سے چھٹکارا ملجائے۔ ہم جب اُن تصریحات کا مطالعہ کرتے ہیں جو براہ راست گوتم بُدھ کی طرف منسوب ہیں، تو ہمیں دوسری تفسیر ہی زیادہ صحیح معلوم ہوتی ہے۔

جہاں تک فطرتِ کائنات کی صفات کا تعلق ہے، گوتم بُدھ دنیا میں درد و اذیت کے سوا کچھ نہیں دیکھتا۔ زندگی اُسکے نزدیک سرتا سر عذاب ہے۔ وہ کہتا ہے، زندگی کی بڑی اذیتیں چار ہیں: پیدائش، بڑھاپا، بیماری، موت، اور نجات کی راہ اشٹانگ مارگ ہے۔ یعنی آٹھ راہوں کا سفر۔ اِن آٹھ عملوں سے مقصود علم صحیح، رحم و شفقت، قربانی، ہوا و ہوس سے آزادی، اور انانیت فنا کردینا ہے۔[1]

عملی نقطۂ خیال سے بُدھ مذہب کی خصوصیت یہ ہے کہ اُس نے تعزیر و سزا کی جگہ سرتاسر رحم و ہمدردی پر زور دیا۔ "کسی جاندار کو دُکھ نہ پہنچاؤ" اسکی بنیادی تعلیم ہے۔

مجوسی تصوّر کی بنیاد ثنویّت پر ہے یعنی خیر و شر کی دو الگ الگ قوتیں تسلیم کی گئی ہیں۔

---

[1] ڈیوڈز آر بُدھ ازم ۱۲

یزدان نور اور خیر کا خدا ہے۔ اہرمن تاریکی و بدی کا۔ عبادت کی بنیاد آتش پرستی اور آفتاب پرستی پر رکھی گئی کہ روشنی یزدانی صفت کی سب سے بڑی مظہر ہے۔ کہا جا سکتا ہے کہ ایران نے خیر و شر کی کشمکش کی گتھی یوں سلجھائی کہ اُلوہیت کی قوت دو متقابل خداؤں میں تقسیم کر دی۔

یہودیوں کا تصورِ تجسّم اور تنزّہ کے بین بین تھا، اور صفاتِ الٰہی میں غالب عنصر قہر و غضب کا تھا۔ خدا کا گاہ گاہ متشکل ہو کر نمودار ہونا، مخاطباتِ الالٰہیہ کا سر تا سر انسانی صفات و جذبات پر مبنی ہونا، قہر و انتقام کی شدّت، اور ادنیٰ درجہ کا تمثیلی اُسلوب، تورات کے صفحات کا عام تصوّر ہے۔

مسیحی تصوّر رحم و محبت کا پیام تھا، اور خدا کے لیئے باپ کی محبت و شفقت کا تصوّر پیدا کرنا چاہتا تھا۔ تجسّم و تنزّہ کے لحاظ سے اُس نے کوئی قدم آگے نہیں بڑھایا۔ گویا اسکی سطح وہیں تک رہی، جہاں تک تورات کا تصوّر پہنچ چکا تھا۔ لیکن حضرت مسیحؑ کے بعد جب مسیحی عقائد کا رومی اصنام پرستی کے تخیلات سے امتزاج ہوا، تو اقانیم ثلاثہ، کفارہ، اور مریم پرستی کے عقائد پیدا ہو گئے۔ نزولِ قرآن کے وقت بہ حیثیت مجموعی مسیحی تصوّر، ترحم و محبت کے ساتھ، کفارہ، تجسّم، اور مریم پرستی کا مخلوط تصوّر تھا۔

اِن تصورات کے علاوہ، ایک تصوّر فلاسفۂ یونان کا بھی ہے جو اگرچہ مذاہب کے تصوّرات کی طرح قوموں کا تصوّر نہ ہو سکا، تاہم اُسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ تقریبًا پانچ سو برس قبل از مسیحؑ یونان میں توحید و تنزیہہ کا اعتقاد نشوو پانے لگا تھا۔ اسکی سب سے بڑی معلّم شخصیت سقراط کی حکمت میں نمایاں ہوئی۔ سقراط کے تصوّرِ الٰہی کا جب ہم سُراغ لگاتے ہیں، تو ہمیں افلاطون کی شہرہ آفاق کتاب جمہوریّت میں حسبِ ذیل مکالمہ ملتا ہے[۵۱]:

---

[۵۱] افلاطون کی جمہوریّت مکالمہ کے پیرایہ میں ہے۔ مکالمہ یوں شروع ہوتا ہے کہ ایک عید کے موقع پر سقراط اور گلوکن سیوالس کے مکان میں جمع ہوتے۔ سیوالس کا لڑکا پولی مارکس، اڈیمنٹس، اور نسیراس بھی موجود تھے۔ اثنائے گفتگو میں سوال پیدا ہو گیا کہ عدالت کی حقیقت کیا ہے؟ اس پر پولی مارکس اور بعض حاضرین نے یکے بعد دیگرے عدالت کی تعریف بیان کی۔ لیکن سقراط انہیں رد کرتا رہا۔ پھر بات میں سے بات نکلتے ہوئے حکومت و قوانین کی نوعیت تک پہنچ گئی اور یہی کتاب کا اصلی موضوع ہے۔ پوری کتاب دس ابواب میں منقسم ہے۔

اشخاصِ مکالمہ میں گلوکن اور اڈیمنٹس افلاطون کے بھائی ہیں۔ گلوکن کا ذکر خود افلاطون نے اپنے مقالات میں کیا ہے۔ خلفائے عباسیہ کے عہد کے مترجمین نے جمہوریت کا بھی ترجمہ کیا تھا۔ چنانچہ چھٹی صدی ہجری میں ابن رشد نے اسکی شرح لکھی۔ شرح کے دیباچہ میں تصریح کی ہے کہ "میں نے ارسطو کی کتاب السیاسۃ کی شرح لکھنی چاہی تھی لیکن اندلس میں اسکا کوئی نسخہ نہیں ملا۔ مجبورًا افلاطون کی کتاب شرح کے لیئے منتخب کرتا ہوں۔" ابو نصر فارابی نے گو تصریح نہیں کی ہے لیکن یہ ظاہر ہے، کہ المدینۃ الفاضلہ کا تخیل اُسے افلاطون کی جمہوریت ہی سے ہوا تھا۔ ابن رشد کی شرح کے عبرانی اور لاطینی تراجم یورپ (بقیہ آئندہ)

"اِڈمنٹس نے سوال کیا کہ شعراء کو الوہیت کا ذکر کرتے ہوئے کیا پیرایۂ بیان اختیار کرنا چاہیئے"؟

سقراط: ہر حال میں خدا کی ایسی توصیف کرنی چاہیئے جیسی کہ وہ اپنی ذات میں ہے۔ خواہ قصصی شعر ہو، خواہ غنائی۔ علاوہ بریں اس میں کوئی شبہ نہیں کہ خدا کی ذات صالح ہو پس ضروری ہے کہ اسکی صفات بھی صلاح و حق پر مبنی ہوں۔

اِڈمنٹس: یہ درست ہو۔

سقراط: اور یہ بھی ظاہر ہے کہ جو وجود صالح ہوگا، اُس سے کوئی بات مُضر صادر نہیں ہوسکتی، اور جو ہستی غیر مُضر ہوگی، وہ کبھی شر کی صانع نہیں ہوسکتی۔ اِسی طرح یہ بات بھی ظاہر ہے کہ جو ذات صالح ہوگی، ضروری ہے کہ نافع بھی ہو۔ پس معلوم ہوا کہ خدا صرف خیر کی علّت ہو۔ شر کی علت نہیں ہوسکتا۔

اِڈمنٹس: درست ہو۔

سقراط: اور یہیں سے یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ خدا کا تمام حوادث و افعال کی علّت ہونا ممکن نہیں جیسا کہ عام طور پر مشہور ہے، بلکہ وہ انسانی حالات کے بہت ہی تھوڑے حصہ کی علّت ہو۔ کیونکہ ہم دیکھتے ہیں، ہماری بُرائیاں بھلائیوں سے کہیں زیادہ ہیں، اور برائیوں کی علّت خدا کی صالح و نافع ہستی نہیں ہوسکتی۔ پس چاہیئے کہ صرف اچھائی ہی کو اسکی طرف نسبت دیں اور بُرائی کی علت کسی دوسری جگہ ڈھونڈھیں۔

اِڈمنٹس: میں محسوس کرتا ہوں کہ یہ امر بالکل واضح ہے۔

سقراط: تو اب ضروری ہوا کہ ہم شعراء کے ایسے خیالات سے متفق نہ ہوں جیسے خیالات ہومر کے حسب ذیل اشعار میں ظاہر کیئے گئے ہیں: "مشتری[۵۱] کی ڈیوڑھی میں دو پیالے رکھے ہیں۔ ایک خیر کا ہے

(بقیہ صفحہ ۱۰۹) کتب خانوں میں موجود ہیں، لیکن اصل عربی ناپید ہے۔ یورپ کی زبانوں کے موجودہ تراجم براہ راست یونانی سے ہوتے ہیں۔ ہمارے پیش نظر اے۔ ای ٹیلر کا انگریزی ترجمہ ہے۔

یاد رہے کہ "ری پبلک" کے لیئے "جمہوریہ" کا لفظ موجودہ عہد کی اصطلاح نہیں ہو بلکہ اُسی عہد کے مترجمین کے اختیارات میں سے ہو"۔

۵۱ مشتری (Jupiter) یونان کے صنامی عقائد میں ربُّ الارباب یعنی سب سے بڑا دیوتا تھا۔ ہومر نے ایلیڈ میں دیوتاؤں کی جو مجلس آراستہ کی ہو، اسمیں تخت نشین ہستی مشتری ہی کی ہے۔ اسکی بیوی (Junon) ہوا کی ممثلہ اور ازدواج کی دیبی تھی۔ اپالون (Apollon) روشنی کا دیوتا تھا۔ ایتھنہ یا منروا (Minerve) حکمت کی دیبی تھی۔ مریخ (Mars) جنگ کا دیوتا تھا۔ زہرہ (Venus) حسن و غرام کی دیبی تھی۔ ہیڈس (Hades) تاریکی اور موت کا دیوتا تھا اور جہنم کا پاسبان یقین کیا جاتا تھا۔ عطارد یا ہرمیس (Hermes) کی نسبت ان کا خیال تھا کہ دیوتاؤں کا پیغامبر ہے"۔

ایک شر کا، اور وہی انسان کی بھلائی اور بُرائی کی تمامتر علت ہیں۔ جس انسان کے حصہ میں پیالۂ خیر کی شراب آگئی، اُسکے لیئے تمام تر خیر ہے۔ جسکے حصہ میں شر کا گھونٹ آگیا، اُسکے لیئے تمام تر شر ہے۔ اور پھر جس کسی کو دونوں پیالوں کا مِلا جُلا گھونٹ مِل گیا، اُسکے حصہ میں اچھائی بھی آگئی، بُرائی بھی آگئی[۱]

پھر آگے چلکر تجسّم کی طرف اشارہ کیا ہے، اور اُس سے انکار کیا ہے کہ "خدا ایک بازیگر اور بہروپیئے کی طرح کبھی ایک بھیس میں نمودار ہوتا ہے، کبھی دوسرے بھیس میں[۲]"۔

حکما، یونان کے تصوّر الٰہی کی یہ سب سے بہتر شبیہ ہے جو افلاطون کے قلم سے نکلی ہو۔ یہ خدا کے تشکّل سے انکار کرتی ہے، اور صفاتِ رویہ و خسیسہ سے بھی ایک منزّہ تخیل پیش کرتی ہے لیکن بہ حیثیت مجموعی صفاتِ حسنہ کا کوئی ارفع و اعلیٰ تصور نہیں رکھتی، اور خیر و شر کی گتھی سلجھانے سے یک قلم عاجز ہے۔ اِسے مجبوراً یہ اعتقاد پیدا کرنا پڑا کہ حوادثِ عالم اور افعالِ انسانی کا غالب حصہ خدا کے دائرہ تصرف سے باہر ہے، کیونکہ دنیا میں غلبہ شر کو ہے۔ نہ کہ خیر کو، اور خدا کو شر کا صانع نہیں ہونا چاہیئے!

بہرحال چھٹی صدی مسیحی میں دنیا کی خدا پرستانہ زندگی کے تصورات اِس حد تک پہنچے تھے کہ قرآن کا نزول ہوا۔

اب غور کرو کہ قرآن کے تصوّر الٰہی کا کیا حال ہے؟ جب ہم اِن تمام تصورات کے مطالعہ کے بعد قرآن کے تصور پر نظر ڈالتے ہیں، تو صاف نظر آجاتا ہے کہ تصوّر الٰہی کے تمام عناصر میں اُسکی جگہ

---

[۱] یہ اشعار الیڈ کے ہیں۔ سلیمان بستانی نے اپنے عدیم النظیر ترجمۂ عربی میں اِن کا ترجمہ حسب ذیل کیا ہے:

فیا عتاب زفس قارورتانِ ذی لخیرِ وذی لشرّ الھوانِ

فیھما کلّ قسمۃِ الانسانِ

فالذی منھما مزیجاً أنالا زفس یلقی خیراً و یلقی وبالا

والذی لا ینال الا من الشر فتنتابہ الخطوب انتیابا

بطواہ یطوی البلاد کلیلا تا ئھاً فی عُرض الفلاۃ ذلیلا

من بنی الخلد والوری منخذولا (الیاذہ نشید ۲۴ - صفحہ ۱۱۳۱)

اِن اشعار میں "زفس" سے مقصود مشتری ہے ۱۲

[۲] دی رِی پبلک ترجمہ ٹیلر۔ باب دوم ۱۲

سب سے الگ اور سب سے بلند تر ہے۔ اِس سلسلہ میں حسبِ ذیل امور قابلِ غور ہیں:

اوّلاً، تجسّم اور تنزیہہ کے لحاظ سے قرآن کا تصوّر تنزیہہ کی ایسی تکمیل ہے، جسکی کوئی نمود اُس وقت دنیا میں موجود نہیں تھی۔ قرآن سے پہلے تنزیہہ کا بڑے سے بڑا مرتبہ جس کا ذہن انسانی متحمل ہو سکا تھا، یہ تھا کہ اصنام پرستی کی جگہ ایک ان دیکھے خدا کی پرستش کی جائے، لیکن جہاں تک صفاتِ الٰہی کا تعلق ہے، انسانی اوصاف و جذبات کی مشابہت اور جسم و ہیئت کے تمثل سے کوئی تصوّر بھی خالی نہ تھا۔ یہودی تصوّر جس نے اصنام پرستی کی کوئی شکل بھی جائز نہیں رکھی تھی، اس طرح کے تشبّہ و تمثل سے یکسر آلودہ ہے۔ حضرت ابراہیمؑ کا خدا کو ممرے کے بلوطوں میں دیکھنا، خدا کا حضرت یعقوبؑ سے کُشتی لڑنا، مصر سے خروج کے وقت بدلی اور آگ کا ستون بنکر رہنمائی کرنا، کوہ طور پر شعلوں کے اندر نمودار ہونا، حضرت موسیٰؑ کا خدا کو پیچھے سے دیکھنا، خدا کا جوشِ غضب میں آکر کوئی کام کر بیٹھنا اور پھر پچھتانا، بنی اسرائیل کو اپنی چہیتی بیوی بنا لینا اور پھر اُسکی بدچلنی پر ماتم کرنا، ہیکل کی تباہی پر اُسکا نوحہ، اُسکی انتڑیوں میں درد کا اُٹھنا اور کلیجہ میں سوراخ پڑ جانا، تورات کا عام اُسلوب بیان ہے۔

اصل یہ ہے کہ قرآن سے پہلے فکر انسانی اس درجہ بلند نہیں ہوا تھا کہ تمثیل کا پردہ ہٹا کر صفاتِ الٰہی کا جلوہ دیکھ لیتا۔ اسلیئے ہر تصوّر کی بنیاد تمام تر تمثیل و تشبیہہ ہی پر رکھنی پڑی۔ مثلاً تورات میں ہم دیکھتے ہیں کہ ایک طرف زبور کے ترانوں اور امثالِ سلیمان میں خدا کے لیئے شائستہ صفات کا تخیل موجود ہے، لیکن دوسری طرف خدا کا کوئی مخاطبہ ایسا نہیں جو سر تا سر انسانی اوصاف و جذبات کی تشبیہہ سے مملو نہ ہو۔ حضرت مسیحؑ نے جب چاہا کہ رحمتِ الٰہی کا عالمگیر تصوّر پیدا کریں، تو وہ بھی مجبور ہوئے کہ خدا کے لیئے باپ کی تشبیہہ سے کام لیں۔ اسی تشبیہہ سے ظاہر پرستوں نے ٹھوکر کھائی، اور ابنیتِ مسیحؑ کا عقیدہ پیدا کر لیا۔

لیکن اِن تمام تصوّرات کے بعد جب ہم قرآن کی طرف رُخ کرتے ہیں، تو ایسا معلوم ہوتا ہے گویا اچانک فکر و تصوّر کی ایک بالکل نئی دنیا سامنے آگئی۔ یہاں تمثیل و تشبیہہ کے تمام پردے بہ یک دفعہ اُٹھ جاتے ہیں، انسانی اوصاف و جذبات کی مشابہت مفقود ہو جاتی ہے، ہر گوشہ میں مجاز کی جگہ حقیقت کا جلوہ نمایاں ہو جاتا ہے، اور تجسّم کا شائبہ تک باقی نہیں رہتا۔ تنزیہہ اس مرتبہ کمال تک پہنچ جاتی ہے کہ:

لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ (۴۲ : ۹) اُس کے مثل کوئی شے نہیں۔ کسی چیز سے بھی تم اُسے مشابہ نہیں ٹھہرا سکتے!

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ	انسان کی نگاہیں اُسے نہیں پا سکتیں، لیکن وہ انسان کی نگاہوں کو دیکھ رہا ہے!
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ (۱۱۲: ۱-۴)	اللہ کی ذات یگانہ ہے، بے نیاز ہے، اُسے کسی کی احتیاج نہیں۔ نہ تو اس سے کوئی پیدا ہوا، نہ وہ کسی سے پیدا ہوا، اور نہ کوئی ہستی اُس کے درجہ اور برابری کی ہے!

یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، قرآن کا اُسلوبِ بیان اُس تمثیلی اُسلوب سے بالکل مختلف ہے جو تورات و انجیل وغیرہا میں پایا جاتا ہے۔ وہ ہر موقع پر تمثیل و مجاز کی جگہ حقیقت کا تصور پیدا کرنا چاہتا ہے، اور تشبیہ کی جگہ تنزیہہ کے اعتقاد پر زور دیتا ہے۔ وہ نہ تو خدا کی ہستی کو مادّہ کی طرح اجسام و اشکال کی اصل قرار دیتا ہے، نہ تورات کی طرح شوہر کی تشبیہ اختیار کرتا ہے، نہ انجیل کی طرح باپ کے رشتہ سے مشابہت پیدا کرتا ہے، بلکہ براہِ راست ایک خالق اور مالک ہستی کا تصور پیدا کرتا ہے۔ اور پھر اسکی ربوبیت و رحمت اور صفاتِ کاملہ و حسنہ کا ایک مکمل نقشہ کھینچ دیتا ہے۔ یہ گویا اس تعلیم کا سب سے اعلیٰ سبق تھا۔ پچھلے دَوروں میں نوعِ انسانی کی ذہنی استعداد اس درجہ شائستہ نہیں ہوئی تھی کہ تمثیلوں کے بغیر حقیقت کا تصور پیدا کر سکتی۔ لامحالہ پیرایۂ تعلیم بھی تمام تر تشبیہ و مجاز پر مبنی ہوتا تھا لیکن جب تعلیم اپنے درجۂ کمال تک پہنچ گئی، تو تمثیلوں کی ضرورت باقی نہ رہی۔ ضروری ہوگیا کہ اب حقیقت براہِ راست اپنا جلوہ دکھلا دے!

تورات اور قرآن کے جو مقامات مشترک ہیں، دقتِ نظر کے ساتھ ان کا مطالعہ کرو۔ تورات میں جہاں کہیں خدا کی براہِ راست نمود کا ذکر کیا گیا ہے، قرآن وہاں خدا کی تجلی کا ذکر کرتا ہے۔ تورات میں جہاں یہ پاؤ گے کہ خدا متشکل ہو کر اُترا، قرآن اُس موقع کی یوں تعبیر کرے گا کہ خدا کا فرشتہ متشکل ہو کر نمودار ہوا۔ بطورِ مثال کے صرف ایک مقام پر نظر ڈال لی جائے۔ تورات میں ہے:

"خداوند نے کہا، اے موسیٰ دیکھ، یہ جگہ میرے پاس ہے، تو اس چٹان پر کھڑا رہ، اور یوں ہوگا کہ جب میرے جلال کا گزر ہوگا تو میں تجھے اُس چٹان کی دراڑ میں رکھوں گا، اور جب تک گزر لونگا، تجھے اپنی ہتھیلی سے ڈھانپے رہونگا۔ پھر ایسا ہوگا کہ میں ہتھیلی اٹھا لونگا اور تو میرا پیچھا دیکھ لیگا، لیکن تو میرا چہرہ نہیں دیکھ سکتا۔" (خروج ۳۳: ۲۰)

"تب خداوند بدلی کے ستون میں ہو کر اُترا اور خیمہ کے دروازے پر کھڑا رہا...... .... اُس نے کہا کہ میرا بندہ موسیٰ اپنے خداوند کی شبیہ دیکھے گا۔" (گنتی ۱۲: ۵)

اِسی معاملہ کی تعبیر قرآن نے یوں کی ہے:

قَالَ رَبِّ اَرِنِیْٓ اَنْظُرْ اِلَیْکَ قَالَ لَنْ تَرٰىنِیْ وَلٰکِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ (۷: ۱۴۳)

موسیٰؑ نے کہا، اے پروردگار! مجھے اپنا جلوہ دکھا تاکہ میں تیری طرف نگاہ کرسکوں۔ فرمایا نہیں، تو کبھی مجھے نہیں دیکھے گا، لیکن ہاں، اِس پہاڑ کی طرف دیکھ۔

البتہ یاد رہے کہ تنزیہہ اور تعطیل میں فرق ہے۔ تنزیہہ سے مقصود یہ ہے کہ جہاں تک عقل بشری کی پہنچ ہے، صفاتِ الٰہی کو مخلوقات کی مشابہت سے پاک اور بلند رکھا جائے، تعطیل کے معنی یہ ہیں کہ تنزیہہ کے منع و نفی کو اس حد تک پہنچا دیا جائے کہ فکرِ انسانی کے تصور کے لیئے کوئی بات باقی ہی نہ رہے۔ قرآن کا تصورِ تنزیہہ کی تکمیل ہے تعطیل کی ابتدا نہیں ہے۔

اگر خدا کے تصور کے لیئے صفات و اعمال کی کوئی ایسی صورت باقی ہی نہ رہے، جسکا فکرِ انسانی ادراک کرسکتی ہے، تو نتیجہ یہ نکلیگا کہ تنزیہہ کے معنی نفیِ وجود کے ہو جائیں گے۔ مثلاً اگر کہا جائے کہ خدا کیلئے کوئی صفت نہیں قرار دی جاسکتی، اسلیئے کہ جو صفت بھی قرار دی جائیگی، اُس میں مخلوقات کے اوصاف سے مشابہت پیدا ہوجائے گی، تو ظاہر ہے کہ عقل انسانی کسی ایسی ذات کا تصور ہی نہیں کرسکتی، یا مثلاً اگر نفیِ مماثلت میں اِس درجہ غلو کیا جائے کہ خدا کی ہستی اثبات کی جگہ سر تا سر نفی ہو جائے، تو عقل انسانی کے لیئے بجز اِسکے کیا رہجائے گا کہ وجود کی جگہ عدم کا تصور کرے؟ پس قرآن نے تنزیہہ کا جو مرتبہ قرار دیا ہے، وہ یہ ہے کہ فرداً فرداً تمام صفات و افعال کا اثبات کرتا ہے، مگر ساتھ ہی اصلاً مماثلت کی نفی بھی کردیتا ہے۔ وہ کہتا ہے، خدا خوبی و جمال کی تمام صفتوں سے متصف ہے۔ وہ زندہ ہے، قادر ہے، پرورش کنندہ ہے، رحیم ہے، سُننے والا ہے، دیکھنے والا ہے، سب کچھ جاننے والا ہے۔ اتنا ہی نہیں، بلکہ انسان کی بول چال میں قدرت و اختیار اور ارادہ و فعل کی جتنی شائستہ تعبیرات ہیں، اُنہیں بھی بلا تامل استعمال کرتا ہے۔ مثلاً کہتا ہے خدا کے ہاتھ کشادہ ہیں: بَلْ یَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ (۵: ۶۹) اُسکے تختِ حکومت کے تصرف سے کوئی گوشہ باہر نہیں: وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ (۲: ۲۵۶) وہ اپنے عرشِ جلال پر متمکن ہے: اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى (۲۰: ۳) لیکن ساتھ ہی یہ بھی واضح کردیتا ہے کہ جتنی چیزیں کائناتِ ہستی میں موجود ہیں، یا جتنی چیزوں کا بھی تم تصور کرسکتے ہو، اُن میں سے کوئی چیز نہیں جو اُسکے مثل ہو: لَیْسَ کَمِثْلِهٖ شَیْءٌ (۶: ۱۰۳) تمہاری نگاہ اُسے پا ہی نہیں سکتی: لَا تُدْرِکُهُ الْاَبْصَارُ (۶: ۱۰۳) پس ظاہر ہے کہ اُس کا زندہ ہونا ہمارے زندہ ہونے کی طرح نہیں ہو سکتا۔ اُسکی ربوبیت ہماری ربوبیت کی سی

نہیں ہو سکتی۔ اُس کا جاننا، دیکھنا، سُننا ویسا نہیں ہو سکتا، جیسا ہمارا جاننا، دیکھنا، اور سُننا ہے۔ اُسکی قدرت و بخشش کا ہاتھ اور کبریائی و جلال کا عرش ضرور ہے، لیکن یقیناً انکا مطلب وہ نہیں ہو سکتا جو اِن الفاظ سے ہمارے ذہن میں متشکل ہو جاتا ہے!

اسلامی فرقوں میں سے جہمیہ اور باطنیہ نے جو صفات کی نفی کی تھی، تو وہ اِسی غلطی کے مرتکب ہوئے تھے۔ وہ تنزیہہ اور تعطیل میں فرق نہ کر سکے[۱]

ثانیاً تنزیہہ کی طرح صفاتِ رحمت و جمال کے لحاظ سے بھی قرآن کے تصور پر نظر ڈالی جائے، تو اُسکی شانِ تکمیل نمایاں ہے۔ نزولِ قرآن کے وقت یہودی تصور میں قہر و غضب کا عنصر غالب تھا، مجوسی تصور نے نور و ظلمت کی دو مساویانہ قوتیں الگ الگ بنالی تھیں، مسیحی تصور نے رحم و محبت پر زور دیا تھا۔ لیکن جزاو سزا کی حقیقت مستور ہو گئی تھی۔ اِسی طرح بدھ مذہب نے بھی صرف رحم و محبت پر زور دیا۔ عدالت پر اُسکی نظر نہیں پڑی گویا جہاں تک رحمت و جمال کا تعلق ہے، یا تو قہر و غضب کا عنصر غالب تھا، یا مساوی تھا، یا پھر رحمت و محبت آئی تھی، تو اس طرح آئی تھی، کہ عدالت کے لیئے کوئی جگہ باقی نہیں رہی تھی۔

لیکن قرآن نے ایک طرف تو رحمت و جمال کا ایسا کامل تصور پیدا کر دیا کہ قہر و غضب کے لیئے کوئی جگہ ہی نہ رہی، دوسری طرف جزاو سزا کا سر رشتہ بھی ہاتھ سے نہیں دیا، کیونکہ جزاو سزا کا اعتقاد قہر و غضب کی بنا پر نہیں بلکہ عدالت کی بنا پر قائم کر دیا۔ چنانچہ صفاتِ الٰہی کے بارے میں اس کا عام اعلان یہ ہے:

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ (۱۷:۱۱۰)	اے پیغمبر، اِن سے کہدو، تم خدا کو اللہ کے نام سے پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو، جس صفت سے بھی پکارو، اُسکی ساری صفتیں حُسن و خوبی کی صفتیں ہیں!

یعنی وہ خدا کی تمام صفتوں کو "اسماء حسنیٰ" قرار دیتا ہے۔ اِس سے معلوم ہوا کہ خدا کی کوئی صفت نہیں جو حسن و خوبی کی صفت نہ ہو۔ یہ صفتیں کیا گیا ہیں؟ قرآن نے پوری وسعت کے ساتھ اُنہیں جابجا بیان کیا ہے۔ اُن میں ایسی صفتیں بھی ہیں جو قہر و جلال کی صفتیں ہیں۔ مثلاً جبّار، قہّار، لیکن قرآن کہتا ہے،

---

[۱] مسئلہ صفات میں محدثین و سلفیہ کا متکلمین سے اختلاف بھی دراصل اسی اصل پر مبنی تھا۔ یہ بات نہ تھی کہ وہ تجسم کی طرف مائل تھے، جیسا کہ اُن کے متعصب مخالفوں نے مشہور کیا۔ متاخرین میں شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے اِس مسئلہ پر نہایت دقت نظر کے ساتھ بحث کی ہے۔ انکے شاگرد امام ابن قیمؒ کی اجتماع جیوش اسلامیہ بھی اسی موضوع پر ہے، اور اس باب میں کفایت کرتی ہے ۱۲

وہ بھی "اسمارِ حسنیٰ" ہیں۔ کیونکہ اُن میں عدالتِ الٰہی کا ظہور ہے، اور عدالت حسن و خوبی ہے۔ خونخواری و خوفناکی نہیں ہے۔ چنانچہ سورۂ حشر میں صفاتِ رحمت و جمال کے ساتھ قہر و جلال کا بھی ذکر کیا ہے، اور پھر متصلاً اُن سب کو "اسمارِ حسنیٰ" قرار دیا ہے:

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ (۵۹ : ۱۱۳)

وہ اللہ ہے۔ اُسکے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ الملک ہے۔ القدوس ہے۔ السلام۔ المؤمن ہے۔ المہیمن ہے۔ العزیز ہے۔ الجبار ہے۔ المتکبر ہے۔ اور اُس ساجھے سے پاک ہے جو لوگوں نے اُسکی معبودیت میں بنا رکھے ہیں۔ وہ الخالق ہے۔ الباری ہے۔ المصور ہے (غرضکہ) اُسکے لئے حُسن و خوبی کی صفتیں ہیں۔ آسمان و زمین میں جتنی بھی مخلوقات ہیں، سب اُس کی پاکی اور عظمت کی شہادت دے رہی ہیں، اور بلاشبہ وہی ہے جو حکمت کے ساتھ غلبہ و توانائی بھی رکھنے والا ہے!

اسی طرح سورۂ اعراف میں ہے:

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْهُ بِهَا ۪ وَذَرُوا الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْۤ اَسْمَآىِٕهٖ ؕ (۷ : ۱۸۰)

اور اللہ کے لئے حسن و خوبی کی صفتیں ہیں، سو چاہئے کہ اُن صفتوں سے اُسے پکارو۔ اور جن لوگوں کا شیوہ یہ ہو کہ اُسکی صفتوں میں کج اندیشیاں کرتے ہیں، سو انہیں اُنکے حال پر چھوڑ دو۔

چنانچہ اسی لیئے سورۂ فاتحہ میں صرف تین صفتیں نمایاں ہوئیں: ربوبیت، رحمت اور عدالت۔ اور قہر و غضب کی کسی صفت کو یہاں جگہ نہ دی گئی۔ اس سے معلوم ہوا کہ قرآن کا تصورِ الٰہی سرتاسر رحمت و جمال کا تصور ہے۔ قہر و خوفناکی کی اس میں کوئی گنجائش نہیں!

ثالثاً، جہاں تک توحید و اشراک کا تعلق ہے، قرآن کا تصور اس درجہ کامل اور بے لچک ہے کہ اسکی کوئی نظیر پچھلے تصورات میں نہیں مل سکتی۔

---

۵۱ اس آیت میں "الحاد فی الاسمار" سے مقصود کیا ہے؟ "الحاد" لحد سے ہے۔ لحد کے معنی میلان عن الوسط کے ہیں۔ یعنی درمیان سے کسی ایک طرف کو ہٹا ہوا ہونا۔ اسی لیئے ایسی قبر کو جس میں نعش کی جگہ ایک طرف کو ہٹی ہوئی ہوتی ہے، لحد کہتے ہیں۔ جب یہ لفظ انسانی افعال کے لیئے بولا جاتا ہے تو اسکے معنی راہِ حق سے ہٹ جانے کے ہوتے ہیں، کیونکہ وسط حق ہے، اور جو اس سے منحرف ہو، باطل ہے۔ اَلْحَدَ فلان ای مال عن الحق۔ پس یہاں الحاد فی الاسماء کا مطلب یہ ہوا کہ خدا کی صفات کے بارے میں جو راہ حق ہے، اُس سے منحرف ہو جانا۔ امام راغب اصفہانی نے اسکی تشریح حسب ذیل لفظوں میں کی ہے: ان یوصف بما لا یصح وصفه به، او ان یتاول اوصافه علی ما لا یلیق به۔ (مفردات: ۴۶۴) یعنی خدا کیلئے کوئی ایسا وصف قرار دینا جو اُسکا وصف نہیں ہونا چاہیئے، یا اُسکی صفتوں کا ایسا مطلب ٹھہرانا جو اسکی شان کے لائق نہیں۔

اگر خدا اپنی ذات میں یگانہ ہے، تو ضروری ہے کہ وہ اپنی صفات میں بھی یگانہ ہو۔ کیونکہ اسکی یگانگت کی عظمت قائم نہیں رہ سکتی۔ اگر کوئی دوسری ہستی اُسکے صفات میں شریک و سہیم مان لی جائے۔ قرآن سے پہلے توحید کے ایجابی پہلو پر تو تمام مذاہب نے زور دیا تھا، لیکن سلبی پہلو نمایاں نہیں ہو سکا تھا۔ ایجابی پہلو یہ ہے کہ خدا ایک ہی۔ سلبی یہ ہے کہ اُسکی طرح کوئی نہیں۔ اور جب اُس کی طرح کوئی نہیں، تو ضروری ہے کہ جو صفتیں اسکے لیئے ٹھہرادی گئی ہیں، اُن میں کوئی دوسری ہستی شریک نہ ہو۔ پہلی بات "توحید فی الذات" سے اور دوسری توحید فی الصفات سے تعبیر کی گئی ہے۔ قرآن سے پہلے فکر انسانی کی استعداد اس درجہ بلند نہیں ہوئی تھی کہ توحید فی الصفات کی نزاکتوں اور بندشوں کی متحمل ہو سکتی، اسلیئے مذاہب نے تمام تر زور توحید فی الذات ہی پر دیا۔ توحید فی الصفات اپنی ابتدائی اور سادہ حالت میں چھوڑ دی گئی۔

چنانچہ یہی وجہ ہو کہ ہم دیکھتے ہیں، باوجودیکہ تمام مذاہب قبل از قرآن میں عقیدۂ توحید کی تعلیم موجود تھی، لیکن کسی نہ کسی صورت میں شخصیت پرستی، عظمت پرستی، اور اصنام پرستی نمودار ہوتی رہی، اور رہنمایانِ مذاہب اسکا دروازہ بند نہ کر سکے۔ ہندوستان میں تو غالبًا اوّل دن ہی سے یہ بات تسلیم کر لی گئی تھی کہ عوام کی تشفی کے لیئے دیوتاؤں اور انسانی عظمتوں کی پرستاری ناگزیر ہے، اور اس لیئے توحید کا مقام صرف خواص کے لیئے مخصوص ہونا چاہیئے۔ فلاسفۂ یونان کا بھی یہی خیال تھا۔ یقینًا وہ اس بات سے بیخبر نہ تھے کہ کوہ المپس کے دیوتاؤں کی کوئی اصلیت نہیں، تاہم سقراط کے علاوہ کسی نے بھی اسکی ضرورت محسوس نہیں کی کہ عوام کے اصنامی عقائد میں خلل انداز ہو۔ وہ کہتے تھے، اگر دیوتاؤں کی پرستش کا نظام قائم نہ رہا تو عوام کی مذہبی زندگی درہم برہم ہو جائے گی۔ فیثاغورس کی نسبت بیان کیا گیا ہے کہ جب اُس نے اپنا مشہور حسابی قاعدہ معلوم کیا تھا تو اُسکے شکرانے میں سو بچھڑوں کی قربانی دیوتاؤں کے نذر کی تھی۔

اس بارے میں سب سے زیادہ نازک معاملہ معلم و رہنما کی شخصیت کا تھا۔ یہ ظاہر ہے کہ کوئی تعلیم عظمت و رفعت حاصل نہیں کر سکتی، جب تک معلم کی شخصیت میں بھی عظمت کی شان پیدا نہ ہو جائے لیکن شخصیت کی عظمت کے حدود کیا ہیں؟ یہیں آکر سب کے قدموں نے ٹھوکر کھائی۔ وہ اس کی ٹھیک ٹھیک حد بندی نہ کر سکے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ کبھی شخصیت کو خدا کا اوتار بنا دیا، کبھی ابن اللہ سمجھ لیا، کبھی شریک و سہیم ٹھہرادیا، اور اگر یہ نہیں کیا تو کم از کم اسکی تعظیم میں بندگی و نیاز کی سی شان پیدا کر دی۔ یہودیوں نے اپنے ابتدائی عہد کی گمراہیوں کے بعد، کبھی ایسا نہیں کیا کہ پتھر کے بت تراش کر

ان کی پوجا کی ہو۔ لیکن اس بات سے وہ بھی نہ بچ سکے کہ اپنے نبیوں کی قبروں پر ہیکل تعمیر کرکے اُنہیں عبادت گاہوں کی سی شان و تقدیس دیدیتے تھے۔ گوتم بُدھ کی نسبت معلوم ہے کہ اُسکی تعلیم میں اصنام پرستی کیلئے کوئی جگہ نہ تھی۔ اُسکی آخری وصیت جو ہم تک پہنچی ہے، یہ ہے "ایسا نہ کرنا کہ میری نعش کی راکھ کی پوجا شروع کردو۔ اگر تم نے ایسا کیا تو یقین کرو، نجات کی راہ تم پر بند ہوجائے گی"[1] لیکن اس وصیت پر جیسا کچھ عمل کیا گیا، وہ دُنیا کے سامنے ہے۔ نہ صرف بُدھ کی خاک اور یادگاروں پر معبد تعمیر کیئے گئے، بلکہ مذہب کی اشاعت کا ذریعہ ہی یہ سمجھا گیا کہ اُسکے مجسّموں سے زمین کا کوئی گوشہ خالی نہ رہے۔ یہ واقعہ ہے کہ دنیا میں کسی معبود کے بھی اتنے مجسّمے نہیں بنائے گئے، جتنے گوتم بودھ کے بنائے گئے ہیں۔ حد ہوگئی کہ فارسی زبان میں بودھ (بُت) کا لفظ ہی صنم کے معنوں میں بولا جانے لگا۔ اسی طرح ہمیں معلوم ہے کہ مسیحیت کی حقیقی تعلیم سرتا سر توحید کی تعلیم تھی، لیکن ابھی اُسکے ظہور کو پورے تین سو برس بھی نہیں گزرے تھے کہ اُلوہیتِ مسیح کا عقیدہ نشو و نما پا چکا تھا۔

لیکن قرآن نے توحید فی الصفات کا ایسا کامل نقشہ کھینچدیا کہ اس طرح کی لغزشوں کے تمام دروازے بند ہوگئے۔ اُس نے صرف توحید ہی پر زور نہیں دیا، بلکہ شرک کی بھی راہیں مسدود کردیں، اور یہی اس باب میں اسکی خصوصیت ہے۔

وہ کہتا ہے، ہر طرح کی عبادت اور نیاز کی مستحق صرف خدا ہی کی ذات ہے۔ پس اگر تم نے عابدانہ عجز و نیاز کے ساتھ کسی دوسری ہستی کے سامنے سر جھکایا، تو توحید الٰہی کا اعتقاد باقی نہ رہا۔ وہ کہتا ہے یہ اُسی کی ذات ہے جو انسانوں کی پکار سُنتی اور اُنکی دعائیں قبول کرتی ہے۔ پس اگر تم نے اپنی دعاؤں اور طلبگاریوں میں کسی دوسری ہستی کو بھی شریک کرلیا، تو گویا تم نے اُسے خدا کی خدائی میں شریک کرلیا۔ وہ کہتا ہے۔ دعا، استعانت، رکوع و سجود، عجز و نیاز، اعتماد و توکّل، اور اس طرح کے تمام عبادت گزارانہ اور نیازمندانہ اعمال، وہ اعمال ہیں جو خدا اور اُسکے بندوں کا باہمی رشتہ قائم کرتے ہیں۔ پس اگر ان اعمال میں تم نے کسی دوسری ہستی کو بھی شریک کرلیا، تو خدا کے رشتۂ معبودیت کی یگانگی باقی نہ رہی۔ اِسی طرح عظمتوں، کبریائیوں، کارسازیوں، اور بے نیازیوں کا جو اعتقاد تمہارے اندر خدا کی ہستی کا تصوّر پیدا کرتا ہے، وہ صرف خدا ہی کے لیئے مخصوص ہونا چاہیئے۔ اگر تم نے ویسا ہی اعتقاد کسی دوسری ہستی کے لیئے بھی پیدا کرلیا، تو تم نے اُسے خدا کا نِدّ یعنی شریک ٹھہرالیا، اور توحید کا اعتقاد درہم برہم ہوگیا!

[1] آر۔ ڈی بودھ ازم ۱۲

یہی وجہ ہے کہ سورۂ فاتحہ میں اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ کی تلقین کی گئی۔ اِسمیں اوّل تو عبادت کے ساتھ استعانت کا بھی ذکر کیا گیا، پھر دونوں جگہ مفعول کو مقدم کیا جو مفید اختصاص ہے۔ یعنی "صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھی سے مدد طلب کرتے ہیں"۔ اِسکے علاوہ تمام قرآن میں اس کثرت کے ساتھ توحید فی الصفات اور ردّ اِشراک پر زور دیا گیا ہے کہ شاید ہی کوئی سورت بلکہ کوئی صفحہ اس سے خالی ہو۔

سب سے زیادہ اہم مسئلہ مقام نبوت کی حد بندی کا تھا۔ یعنی معلّم کی شخصیت کو اسکی اصلی جگہ میں محدود کر دینا، تاکہ شخصیت پرستی کا ہمیشہ کے لئے سدّباب ہو جائے۔ اِس بارے میں قرآن نے جس طرح صاف اور قطعی لفظوں میں جا بجا پیغمبرِ اسلام کی بشریّت اور بندگی پر زور دیا ہے، محتاج بیان نہیں۔ ہم یہاں صرف ایک بات کی طرف توجہ دلائیں گے۔ اسلام نے اپنی تعلیم کا بنیادی کلمہ جو قرار دیا ہے وہ سب کو معلوم ہے: اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ یعنی "میں اقرار کرتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں، اور میں اقرار کرتا ہوں کہ محمد (صلعم) خدا کے بندے اور اُسکے رسول ہیں"۔ اِس اقرار میں جس طرح خدا کی توحید کا اعتراف کیا گیا ہے، ٹھیک اُسی طرح پیغمبر اسلامؐ کی بندگی اور درجۂ رسالت کا بھی اعتراف ہے۔ غور کرنا چاہیئے کہ ایسا کیوں کیا گیا؟ صرف اسلیئے کہ پیغمبرِ اسلام کی بندگی اور درجۂ رسالت کا اعتقاد اسلام کی اصلِ اساس بن جائے، اور اس کا کوئی موقع باقی ہی نہ رہے کہ عبدیت کی جگہ معبودیت کا اور رسالت کی جگہ اوتار کا تخیل پیدا ہو۔ ظاہر ہے کہ اس سے زیادہ اِس معاملہ کا تحفظ کیا کیا جا سکتا تھا؟ کوئی شخص دائرہ اسلام میں داخل ہی نہیں ہو سکتا جب تک کہ وہ خدا کی توحید کی طرح پیغمبر اسلامؐ کی بندگی کا بھی اقرار نہ کرلے!

یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، پیغمبر اسلام (صلعم) کی وفات کے بعد مسلمانوں میں بہت سے اختلافات پیدا ہوئے، لیکن اُنکی شخصیت کے بارے میں کبھی کوئی سوال پیدا نہیں ہوا۔ ابھی اُن کی وفات پر چند گھنٹے بھی نہیں گزرے تھے کہ حضرت ابوبکرؓ نے بر سرِ منبر اعلان کر دیا تھا:

مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ مُحَمَّدًا فَاِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ مَاتَ وَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ يَعْبُدُ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ! (بخاری)	جو کوئی تم میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی پرستش کرتا تھا، سو اُسے معلوم ہونا چاہیئے کہ محمدؐ نے وفات پائی۔ اور جو کوئی تم میں سے اللہ کی پرستش کرتا تھا، تو اُسے معلوم ہونا چاہیئے کہ اللہ کی ذات ہمیشہ زندہ ہے۔ اُسکے لئے موت نہیں!

رابعًا، قرآن سے پہلے علوم و فنون کی طرح مذہبی عقائد میں بھی خاص و عام کا تفاوت

ملحوظ رکھا جاتا تھا۔ اور خیال کیا جاتا تھا کہ خدا کا ایک تصوّر تو حقیقی ہے اور خواص کے لیئے ہے، ایک تصور عملی ہے اور عوام کے لیئے ہے۔ چنانچہ ہندوستان میں خدا شناسی کے تین درجے قرار دیئے گئے تھے : عوام کیلئے دیوتاؤں کی پرستش، خواص کیلئے براہ راست خدا کی پرستش، اخصّ الخواص کیلئے وحدۃ الوجود کا مشاہدہ۔ یہی حال فلاسفۂ یونان کا تھا۔ وہ خیال کرتے تھے کہ ایک غیر مرئی اور غیر مجسّم خدا کا تصور صرف اہلِ علم و حکمت ہی کر سکتے ہیں۔ عوام کیلئے اسی میں امن ہے کہ دیوتاؤں کی پرستاری میں مشغول رہیں۔

لیکن قرآن نے حقیقت و عمل یا خاص و عام کا کوئی امتیاز باقی نہ رکھا۔ اُس نے سب کو خدا پرستی کی ایک ہی راہ دکھائی، اور سب کے لیئے صفاتِ الٰہی کا ایک ہی تصور پیش کیا۔ وہ حکماء و عرفاء سے لیکر جُہّال و عوام تک، سب کو حقیقت کا ایک ہی جلوہ دکھاتا ہے، اور سب پر اعتقاد و ایمان کا ایک ہی دروازہ کھولتا ہے۔ اُس کا تصور جس طرح ایک حکیم و عارف کے لیئے سرمایۂ تفکر ہے، اسی طرح ایک چرواہے اور دہقان کے لیئے سرمایۂ تسکین!

خامساً، قرآن نے تصورِ الٰہی کی بنیاد نوعِ انسانی کے عالمگیر وجدانی احساس پر رکھی ہے یہ نہیں کیا ہے کہ اُسے نظر و فکر کی کاوشوں کا ایک ایسا معمّا بنا دیا ہو جسے کسی خاص گروہ اور طبقہ کا ذہن ہی حل کر سکے۔ انسان کا عالمگیر وجدانی احساس کیا ہے؟ یہ ہے کہ کائناتِ ہستی خود بخود پیدا نہیں ہو گئی، پیدا کی گئی ہے۔ اور اسلیئے ضروری ہے کہ ایک صانع ہستی موجود ہو۔ پس قرآن بھی اِس بارے میں جو کچھ بتلاتا ہے، صرف اتنا ہی ہے۔ وہ نہ تو توحید وجودی کا ذکر کرتا ہے نہ توحید شہودی کا[1]۔ وہ صرف ایک خالقِ کائنات ہستی کا ذکر کرتا ہے جو خوبی و کمال کی تمام صفتوں سے متصف اور نقص و زوال کی تمام باتوں سے منزہ ہے اور اِس سے زیادہ فکرِ انسانی پر کوئی بوجھ نہیں ڈالتا!

---

[1] توحید وجودی سے مقصود وحدۃ الوجود کا عقیدہ ہے۔ یعنی خدا کی ہستی کے سوا کوئی ہستی وجود نہیں رکھتی، وجود ایک ہی ہے۔ باقی جو کچھ ہے، تعینات کا فریب ہے:

مگو کہ کثرتِ اشیاء نقیضِ وحدت ہست
تو در حقیقتِ اشیا نظر فگن، ہمہ اوست!

توحید شہودی یہ ہے کہ موجوداتِ خلقت کو بحیثیت موجودات تسلیم کرتے ہیں لیکن کہتے ہیں، جب انہیں وجودِ الٰہی کی نمود میں دیکھا جاتا ہے تو اُنکی ہستی یک قلم ناپید ہو جاتی ہے۔ اسلیئے نہیں کہ وہ غیر موجود ہیں، بلکہ اسلیئے کہ سورج نکل آیا، اور اسکی سطوتِ تجلّی میں ستارے ناپید ہو گئے!

فلما استبان الصبح ادرج ضوئہ   باسفارہٖ اضواء نور الکواکب!

سادساً جس ترتیب کے ساتھ سورۂ فاتحہ میں یہ تینوں صفتیں بیان کی گئی ہیں، دراصل فکر انسانی کے طلب و معرفت کی قدرتی منزلیں ہیں، اور اگر غور کیا جائے، تو اسی ترتیب سے پیش آتی ہیں۔ سب سے پہلے ربوبیت کا ذکر کیا گیا۔ کیونکہ کائنات ہستی میں سب سے زیادہ ظاہر نمود اسی صفت کی ہے، اور ہر وجود کو سب سے زیادہ اسی کی احتیاج ہے۔ ربوبیت کے بعد رحمت کا ذکر کیا گیا، کیونکہ اسکی حقیقت بمقابلہ ربوبیت کے مطالعہ و تفکر کی محتاج ہے، اور ربوبیت کے مشاہدات سے جب نظر آگے بڑھتی ہے تب رحمت کا جلوہ نمودار ہوتا ہے۔ رحمت کے بعد عدالت کی صفت بیان کی گئی، کیونکہ یہ اس سفر کی آخری منزل ہے، رحمت کے مشاہدات سے جب نظر آگے بڑھتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہاں عدالت کی بھی نمود ہر جگہ موجود ہے، اور اسلیئے موجود ہے کہ ربوبیت اور رحمت کا مقتضا یہی ہے۔

(۶) اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝

ہدایت ہدایت کے معنی رہنمائی کرنے، راہ دکھانے، راہ پر لگا دینے کے ہیں۔ اجمالاً اس کا ذکر اوپر گزر چکا ہے۔ یہاں ہم چاہتے ہیں، ہدایت کے مختلف مراتب و اقسام پر نظر ڈالیں جن کا قرآن حکیم نے ذکر کیا ہے، اور جن میں سے ایک خاص مرتبہ، وحی و نبوت کی ہدایت کا ہے۔

تم ابھی پڑھ چکے ہو کہ خدا کی ربوبیت نے جس طرح مخلوقات کو انکے مناسب حال جسم و قوی دیئے ہیں، اسی طرح انکی ہدایت کا فطری سامان بھی مہیا کر دیا ہے۔ فطرت کی یہی ہدایت ہے جو ہر وجود کو زندگی و معیشت کی راہ پر لگاتی اور ضروریاتِ زندگی کی جستجو میں رہنما ہوتی ہے۔ اگر فطرت کی یہ ہدایت موجود نہ ہوتی، تو ممکن نہ تھا کہ کوئی مخلوق بھی زندگی و بقا کا سامان بہم پہنچا سکتی۔ چنانچہ قرآن نے جا بجا اس حقیقت پر توجہ دلائی ہے۔ وہ کہتا ہے، ہر وجود کے بننے اور درجۂ تکمیل تک پہنچنے کے مختلف مراتب ہیں، اور ان میں آخری مرتبہ ہدایت کا مرتبہ ہے۔ سورۂ اعلیٰ میں بالترتیب چار مرتبوں کا ذکر کیا ہے:

الَّذِیْ خَلَقَ فَسَوّٰی ۝ وَالَّذِیْ قَدَّرَ فَهَدٰی ۝ (۸۷ : ۲)	وہ پروردگار جس نے ہر چیز پیدا کی، پھر اسے درست کیا، پھر ہر وجود کیلئے ایک اندازہ ٹھہرا دیا، پھر اس پر راہ (عمل) کھول دی!

یعنی تکوینِ وجود کے چار مرتبے ہوئے: تخلیق، تسویہ، تقدیر، ہدایت۔

تخلیق کے معنی پیدا کرنے کے ہیں۔ یہ بات کہ کائناتِ خلقت اور اس کے ہر وجود کا مواد عدم سے وجود میں آگیا، تخلیق ہے۔

تسویہ کے معنی یہ ہیں کہ ایک چیز کو جس طرح ہونا چاہیئے، ٹھیک ٹھیک اُسی طرح درست اور آراستہ کر دینا۔

تقدیر کے معنی اندازہ ٹھہرا دینے کے ہیں، اور اسکی تشریح اوپر گزر چکی ہے۔

ہدایت سے مقصود یہ ہے کہ ہر وجود پر اُسکی زندگی و معیشت کی راہ کھول دی جاتے، اور اسکی تشریح بھی ربوبیت کے مبحث میں گزر چکی ہے۔

مثلاً مخلوقات میں ایک خاص قسم پرندی کی ہے۔ یہ بات کہ اُنکا مادۂ خلقت ظہور میں آگیا، تخلیق ہے؛ یہ بات کہ اُنکے تمام ظاہری و باطنی قویٰ اس طرح بنا دیئے گئے کہ ٹھیک ٹھیک قوام و اعتدال کی حالت پیدا ہو گئی، تسویہ ہے۔ یہ بات کہ انکے ظاہری و باطنی قویٰ کے اعمال کے لیئے ایک خاص طرح کا اندازہ ٹھہرا دیا گیا ہے جس سے وہ باہر نہیں جاسکتے، تقدیر ہے۔ مثلاً یہ کہ ہوا میں اُڑینگے۔ مچھلیوں کیطرح پانی میں تیرینگے نہیں۔ یہ بات کہ اُنکے اندر وجدان و حواس کی روشنی پیدا ہو گئی جو انہیں زندگی و بقا کی راہیں دکھاتی، اور سامانِ حیات کے طلب و حصول میں رہنمائی کرتی ہے، ہدایت ہے!

قرآن کہتا ہے، خدا کی ربوبیت کا مقتضا یہی تھا کہ جس طرح اُس نے ہر وجود کو اُسکا جامۂ ہستی عطا فرمایا، اور اُسکے ظاہری و باطنی قویٰ درست کر دیئے، اور اُسکے اعمال کے لیئے ایک مناسب حال اندازہ ٹھہرا دیا اُسی طرح اسکی ہدایت کا بھی سر و سامان کر دیتا:

رَبُّنَا الَّذِیٓ اَعۡطٰی کُلَّ شَیۡءٍ خَلۡقَہٗ ثُمَّ ھَدٰی (۲۰: ۵۲)

ہمارا پروردگار وہ ہے جس نے ہر چیز کو اُسکی بناوٹ دی، پھر اُسپر راہِ عمل کھول دی!

قرآن نے حضرت ابراہیم (علیہ السلام) اور اُن کی قوم کا جو مکالمہ جا بجا نقل کیا ہے، اُس میں حضرت ابراہیمؑ اپنے عقیدہ کا اعلان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

وَاِذۡ قَالَ اِبۡرٰھِیۡمُ لِاَبِیۡہِ وَقَوۡمِہٖٓ اِنَّنِیۡ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ اِلَّا الَّذِیۡ فَطَرَنِیۡ فَاِنَّہٗ سَیَھۡدِیۡنِ ○ (۴۳: ۲۵)

اور جب ابراہیمؑ نے اپنے باپ اور قوم سے کہا تھا، (یاد رکھو) تم جن (دیوتاؤں) کی پرستش کرتے ہو، مجھے اُن سے کوئی سروکار نہیں میرا رشتہ صرف اُس ذات سے ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے، اور وہی میری رہنمائی کریگی

"اَلَّذِیۡ فَطَرَنِیۡ فَاِنَّہٗ سَیَھۡدِیۡنِ" یعنی جس خالق نے مجھے جسم و وجود عطا فرمایا ہے، ضروری ہے کہ اُس نے میری ہدایت کا بھی سامان کر دیا ہو۔ سورۂ شعراء میں یہی بات زیادہ وضاحت کے ساتھ بیان کی گئی ہے:

الَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَهُوَ یَهْدِیْنِ ۙ وَالَّذِیْ هُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ ۙ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ۙ (۲۶: ۷۹)

جس پروردگار نے مجھے پیدا کیا ہے، وہی میری ہدایت کرے گا اور پھر وہی ہے جو مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے، اور جب بیمار ہو جاتا ہوں تو شفا بخشتا ہے۔

یعنی جس پروردگار کی پروردگاری نے میری تمام ضروریاتِ زندگی کا سامان کر دیا ہے، جو مجھے بھوک کے لیئے غذا، پیاس کے لیئے پانی، اور بیماری میں شفا عطا فرماتا ہے۔ کیونکر ممکن ہو کہ اُس نے مجھے پیدا تو کر دیا ہو، لیکن میری ہدایت کا سامان نہ کیا ہو؟ اگر اُس نے مجھے پیدا کیا ہے، تو یقیناً وہی ہے جو طلب و سعی میں میری رہنمائی بھی کرے۔ سورۂ صافات میں یہی مطلب اِن لفظوں میں ادا کیا گیا ہے:

اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ (۳۷: ۹۹)

میں (ہر طرف سے کٹ کر) اپنے پروردگار کا رخ کرتا ہوں۔ وہ میری ہدایت کرے گا!

"رَبِّیْ" کے لفظ پر غور کرو، وہ "میرا رب" ہے، اور جب وہ "رب" ہے تو ضروری ہے کہ وہی مجھ پر راہِ عمل بھی کھولدے!

ہدایت کے ابتدائی تین مرتبے

پھر ہدایت کے بھی مختلف مراتب ہیں جو ہم حیوانات میں محسوس کرتے ہیں۔ سب سے پہلا مرتبہ **وجدان** کی ہدایت کا ہے۔ وجدان طبیعتِ حیوانی کا فطری اور اندرونی الہام ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ ایک بچہ پیدا ہوتے ہی غذا کے لیئے رونے لگتا ہے؛ اور بغیر اسکے کہ خارج کی کوئی رہنمائی اُسے ملی ہو، ماں کی چھاتی مُنہ میں لیتے ہی اُسے چوستا اور اپنی غذا حاصل کر لیتا ہے۔

وجدان کے بعد **حواس** کی ہدایت کا مرتبہ ہے، اور وہ اِس سے بلند تر ہے۔ یہ ہمیں دیکھنے، سُننے، چکھنے، چھُونے، اور سُونگھنے کی قوتیں بخشتی ہے، اور انہی کے ذریعہ ہم خارج کا علم حاصل کرتے ہیں۔

ہدایتِ فطرت کے یہ دونوں مرتبے انسان اور حیوان، سب کے لیئے ہیں، لیکن جہانتک انسان کا تعلق ہے، ہم دیکھتے ہیں کہ ایک تیسرا مرتبۂ ہدایت بھی موجود ہے، اور وہ **عقل** کی ہدایت ہے۔ فطرت کی یہی ہدایت ہے جس نے انسان کے آگے غیر محدود ترقیات کا دروازہ کھول دیا ہے، اور اُس نے کائناتِ ارضی میں سب سے زیادہ ترقی یافتہ مخلوق کی حیثیت حاصل کر لی ہے۔

وجدان کی ہدایت اُس میں سعی و طلب کا ولولہ پیدا کرتی ہے، حواس اسکے لیئے معلومات بہم پہنچاتے ہیں، اور عقل، نتائج و احکام مرتب کرتی ہے۔ حیوانات کو اِس آخری مرتبہ کی ضرورت نہ تھی، اِس لیئے اُن کا قدم وجدان اور حواس سے آگے نہیں بڑھا۔ لیکن انسان میں یہ تینوں مرتبے جمع ہو گئے۔

جوہر عقل کیا ہے؟ دراصل اُسی قوت کی ایک ترقی یافتہ حالت ہو جس نے حیوانات میں وجدان اور حواس کی روشنی پیدا کر دی ہے۔ جس طرح انسان کا جسم اجسام ارضی کی سب سے اعلیٰ کڑی ہے، اُسیطرح اسکی معنوی قوت بھی تمام معنوی قوتوں کا برترین جوہر ہے۔ روح حیوانی کا وہ جوہر ادراک، جو نباتات میں مخفی، اور حیوانات کے وجدان و مشاعر میں نمایاں تھا، انسان کے درجہ میں پہنچکر درجہ کمال تک پہنچ گیا، اور جوہر عقل کے نام سے پکارا گیا!

پھر ہم دیکھتے ہیں کہ ہدایتِ فطرت کے اِن تینوں مرتبوں میں سے ہر مرتبہ اپنی قوّت و عمل کا ایک خاص دائرہ رکھتا ہے۔ اُس سے آگے نہیں بڑھ سکتا۔ اور اگر اُس مرتبہ سے ایک دوسرا بلند تر مرتبہ موجود نہ ہوتا، تو ہماری معنوی قوتیں اُس حدتک ترقی نہ کرسکتیں، جس حدتک فطرت کی رہنمائی سے ترقی کررہی ہیں۔ **وجدان** کی ہدایت ہم میں طلب و سعی کا جوش پیدا کرتی ہے اور مطلوباتِ زندگی کی راہ پر لگاتی ہے۔ لیکن ہمارے وجود سے باہر جو کچھ موجود ہے، اُسکا ادراک حاصل نہیں کرسکتی یہ کام مرتبہ حواس کی ہدایت کا ہے۔ آنکھ دیکھتی ہے۔ کان سُنتا ہے۔ زبان چکھتی ہے۔ ہاتھ چھوتا ہے۔ ناک سونگھتی ہے، اور اس طرح ہم اپنے وجود سے باہر کی تمام محسوس اشیاء کا ادراک حاصل کرلیتے ہیں۔

لیکن حواس کی ہدایت بھی ایک خاص حدتک ہی کام دے سکتی ہے۔ اُس سے آگے نہیں بڑھ سکتی۔ آنکھ دیکھتی ہے مگر صرف اُسی حالت میں جبکہ دیکھنے کی تمام شرطیں موجود ہوں۔ اگر کوئی ایک شرط بھی نہ پائی جائے۔ مثلاً روشنی نہ ہو، یا فاصلہ زیادہ ہو، تو ہم آنکھ رکھتے ہوئے بھی ایک موجود چیز کو براہ راست نہیں دیکھ سکتے۔ علاوہ بریں حواس کی ہدایت صرف اتنا ہی کرسکتی ہے کہ اشیاء کا احساس پیدا کردے، لیکن مجرد احساس کافی نہیں ہے۔ ہمیں استنباط و استنتاج کی ضرورت ہو، احکام کی ضرورت ہے، کلّیات کی ضرورت ہے۔ اور یہ کام عقل کی ہدایت کا ہے۔ وہ اُن تمام مُدرکات کو جو حواس کے ذریعہ حاصل ہوتی ہیں، ترتیب دیتی ہے، اور اُنسے احکام و کلیات کا استنباط کرتی ہے۔

علاوہ بریں جس طرح وجدان کی تکمیل کے لیئے حواس و مشاعر کی ضرورت تھی، اُسی طرح حواس کی تصحیح و نگرانی کے لیئے عقل کی ضرورت تھی۔ حواس کا ذریعۂ ادراک نہ صرف محدود ہی ہے، بلکہ بسا اوقات غلطی و گمراہی سے بھی محفوظ نہیں۔ ہم دور سے ایک چیز دیکھتے ہیں، اور محسوس کرتے ہیں کہ ایک سیاہ نقطہ سے زیادہ حجم نہیں رکھتی۔ حالانکہ وہ ایک عظیم الشان گنبد ہوتا ہے۔ ہم بیماری کی حالت میں شہد جیسی میٹھی چیز چکھتے ہیں، لیکن ہمارا حاسۂ ذوق یقین دلاتا ہے کہ مزہ کڑوا ہے۔ ہم تالاب میں ایک لکڑی کا عکس دیکھتے ہیں۔ لکڑی مستقیم ہوتی ہے لیکن عکس میں ٹیڑھی دکھائی دیتی ہے۔ بارہا ایسا ہوتا ہے کہ

کسی عارضہ کی وجہ سے کان بجنے لگتے ہیں، اور ہمیں ایسی صدائیں سنائی دیتی ہیں جن کا خارج میں کوئی وجود نہیں۔ اگر مرتبۂ حواس سے ایک بلند تر مرتبۂ ہدایت موجود نہ ہوتا تو ممکن نہ تھا کہ ہم حواس کی ان درماندگیوں میں حقیقت کا سراغ پاسکتے۔ لیکن ان تمام حالتوں میں عقل کی ہدایت نمودار ہوتی ہے۔ وہ حواس کی درماندگیوں میں ہماری رہنمائی کرتی ہے۔ وہ ہمیں بتلاتی ہے کہ سورج ایک عظیم الشان کرّہ ہے۔ اگرچہ ہماری آنکھ اُسے سنہری تھالی سے زیادہ محسوس نہیں کرتی۔ وہ ہمیں بتلاتی ہے کہ شہد کا مزہ ہر حال میں میٹھا ہے، اور اگر ہمیں کڑوا محسوس ہوا ہے تو یہ اس لیئے ہو کہ ہمارے مُنہ کا مزہ بگڑ گیا ہے۔ اِسی طرح وہ ہمیں تبلاتی ہے کہ بعض اوقات خشکی بڑھ جانے سے کان بجنے لگتے ہیں، اور اس حالت میں جو صدائیں سنائی دیتی ہیں وہ خارج کی صدائیں نہیں ہوتیں، خود ہمارے ہی دماغ کی گونج ہوتی ہے۔

ہدایت فطرت کا چوتھا مرتبہ | لیکن جس طرح وجدان کے بعد حواس کی ہدایت نمودار ہوئی، کیونکہ وجدان کی ہدایت ایک خاص حد سے آگے نہیں بڑھ سکتی تھی، اور جس طرح حواس کے بعد عقل کی ہدایت نمودار ہوئی، کیوں کہ حواس کی ہدایت بھی ایک خاص حد سے آگے نہیں بڑھ سکتی تھی، ٹھیک اُسی طرح ہم محسوس کرتے ہیں کہ عقل کی ہدایت کے بعد بھی ہدایت کا کوئی مزید مرتبہ ہونا چاہیئے، کیونکہ عقل کی ہدایت بھی ایک خاص حد سے آگے نہیں بڑھ سکتی، اور اُسکے دائرۂ عمل کے بعد بھی ایک دائرہ باقی رہجاتا ہے۔ عقل کی کارفرمائی جیسی کچھ اور جتنی کچھ بھی ہے، محسوسات کے دائرہ میں محدود ہے۔ یعنی وہ صرف اُسی حد تک کام دے سکتی ہے، جس حد تک ہمارے حواس خمسہ معلومات بہم پہنچاتے رہتے ہیں۔ لیکن محسوسات کی سرحد سے آگے کیا ہے؟ اُس پردے کے پیچھے کیا ہے جس سے آگے ہماری چشمِ حواس نہیں بڑھ سکتی؟ یہاں پہنچکر عقل بالکل درماندہ و معطل ہوجاتی ہے۔ اُسکی ہدایت ہمیں کوئی روشنی نہیں دے سکتی!

علاوہ بریں جہاں تک انسان کی عملی زندگی کا تعلق ہے، عقل کی ہدایت نہ تو ہر حال میں کافی ہے اور نہ ہر حال میں مؤثر۔ نفسِ انسان طرح طرح کی خواہشوں اور جذبوں سے کچھ اس طرح مقہور واقع ہوا ہے کہ جب کبھی عقل اور جذبات میں کشمکش ہوجاتی ہے، تو اکثر حالتوں میں فتح جذبات ہی کے لیئے ہوتی ہے۔ بسا اوقات عقل ہمیں یقین دلاتی ہے کہ فلاں فعل مضر اور مہلک ہے۔ لیکن جذبات ہمیں ترغیب دیتے ہیں، اور ہم اُسکے ارتکاب سے اپنے آپ کو نہیں روک سکتے۔ عقل کی بڑی سے بڑی دلیل بھی ہمیں ایسا نہیں بنا دے سکتی کہ غصہ کی حالت میں بے قابو نہ ہوجائیں، اور بھوک کی حالت میں مضر غذا کی طرف ہاتھ نہ بڑھائیں!

اچھا، اگر خدا کی ربوبیت کے لیئے ضروری تھا کہ وہ ہمیں وجدان کے ساتھ حواس بھی دے، کیونکہ وجدان کی ہدایت ایک خاص حد سے آگے نہیں بڑھ سکتی، اور اگر ضروری تھا کہ حواس کے ساتھ عقل بھی دے،

کیونکہ حواس کی ہدایت بھی ایک خاص حد سے آگے نہیں بڑھ سکتی، تو کیا یہ ضروری نہ تھا کہ عقل کے ساتھ کچھ اور بھی دے، کیونکہ عقل کی ہدایت بھی ایک خاص حد سے آگے نہیں بڑھ سکتی، اور اعمال کی درستگی و انضباط کے لیئے کافی نہیں؟

قرآن کہتا ہے کہ ضروری تھا۔ اور اسی لیئے اللہ کی ربوبیت نے انسان کے لیئے ایک **چوتھے** مرتبۂ ہدایت کا بھی سامان کردیا۔ یہی مرتبۂ ہدایت ہے جسے وہ **وحی و نبوّت کی ہدایت** سے تعبیر کرتا ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں۔ اُس نے جا بجا ان مراتب ہدایت کا ذکر کیا ہے، اور انہیں ربوبیتِ الٰہی کی سب سے بڑی بخشش و رحمت قرار دیا ہے:

إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا بَصِيرًا ۝ إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا وَإِمَّا كَفُورًا ۝ (۷۶: ۲)	ہم نے انسانوں کو ملے جُلے نطفہ سے پیدا کیا جسے (ایک کے بعد ایک) مختلف حالتوں میں پلٹتے ہیں، پھر اُسے ایسا بنادیا کہ سننے والا اور دیکھنے والا وجود ہوگیا۔ ہم نے اس پر راہِ عمل کھولدی ہے۔ اب یہ اُسکا کام ہے کہ یا تو شکر کرنے والا ہو یا ناشکر۔ (یعنی یا تو خدا کی دی ہوئی قوتیں ٹھیک ٹھیک کام میں لائے اور فلاح و سعادت کی راہ اختیار کرے)
أَلَمْ نَجْعَل لَّهُ عَيْنَيْنِ ۝ وَلِسَانًا وَشَفَتَيْنِ ۝ وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ ۝ (۹۰: ۶)	کیا ہم نے اُسے ایک چھوڑ دو دو آنکھیں نہیں دیدی ہیں (جن سے وہ دیکھتا ہے) اور زبان اور ہونٹ نہیں دیئے ہیں (جو گویائی کا ذریعہ ہیں)؟
وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ (۱۶: ۸۰)	اور اللہ نے تمہیں سننے اور دیکھنے کو حواس دیئے، اور سوچنے کے لیے دل دیئے (یعنی عقل دی[1]) تاکہ تم شکرگزار ہو! (یعنی خدا کی دی ہوئی قوتیں ٹھیک طریقہ پر کام میں لاؤ)

ان آیات اور ان کی ہم معنی آیات میں حواس و مشاعر اور عقل و فکر کی ہدایت کی طرف اشارات کیئے گئے ہیں، لیکن وہ تمام مقامات جہاں انسان کی روحانی سعادت و شقاوت کا ذکر کیا گیا ہے، وحی و نبوّت کی ہدایت سے متعلق ہیں مثلاً:

إِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدَىٰ ۝ وَإِنَّ لَنَا لَلْآخِرَةَ وَالْأُولَىٰ ۝	بلاشبہ یہ ہمارا کام ہے کہ ہم رہنمائی کریں، اور یقیناً آخرت اور دنیا، دونوں ہمارے ہی لیئے ہیں (پس جو کوئی سیدھی راہ چلیگا، اُسکے لیے دونوں جگہ

---

[1] یاد رہے کہ عربی میں قلب اور فؤاد کے معنی محض اُس عضو ہی کے نہیں ہیں جسے اردو میں دل کہتے ہیں، بلکہ اسکا اطلاق عقل و فکر پر بھی ہوتا ہے، قرآن میں جہاں کہیں سمع و بصر وغیرہ کے ساتھ قلب اور فؤاد کہا گیا ہے اُس سے مقصود جوہر عقل ہے ۱۲

(۱۳ : ۹۲) — کامیابی ہے، اور جو منحرف ہوگا، اُسکے لیے دونوں جگہ نامرادی!

وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى (۴۱ : ۱۶)

اور باقی رہی قوم ثمود، تو اُسے بھی ہم نے راہ (حق) دکھلا دی تھی لیکن اس نے اندھے پن کا شیوہ پسند کیا، اور ہدایت کی راہ نہ چلی۔

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ (۲۹ : ۶۹)

اور جن لوگوں نے ہماری راہ میں سعی و جانفشانی کی، تو ضروری ہے کہ ہم بھی اُن پر اپنی راہیں کھول دیں، اور بلاشبہ اللہ اُن لوگوں کا ساتھی اور مددگار ہے جو نیک عمل ہیں!

اَلْهُدٰى | چنانچہ اس سلسلہ میں وہ اللہ کی ایک خاص ہدایت کا ذکر کرتا ہے، اور اسے "اَلْهُدٰى" کے نام سے پکارتا ہے۔ یعنی الف لام تعریف کے ساتھ:

قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۭ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (۶ : ۷۰)

(اے پیغمبر ان سے) کہہ دو، یقیناً اللہ کی ہدایت ہی "الہُدیٰ" ہے (یعنی انسان کے لیے حقیقی ہدایت ہے) اور ہم سب کو (اسی بات کا) حکم دیا گیا ہے کہ تمام کائناتِ خلقت کے پروردگار کے آگے سرِ عبودیت جھکا دیں

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ۭ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۭ (۲ : ۱۲۰)

اور (یاد رکھو) یہودی تم سے خوش ہونے والے نہیں جب تک کہ تم انکی ملت کی پیروی نہ کرو، اور یہی حال نصاریٰ کا ہے۔ (اے پیغمبر تم ان سے) کہہ دو، "الہُدیٰ" (یعنی حقیقی ہدایت) تو وہی ہے جو اللہ کی ہدایت ہے (پس تمہاری مذہبی گروہ بندیوں کی ملتوں کی میں کیونکر پیروی کر سکتا ہوں)

یہ "الہُدیٰ" یعنی ہدایت کی حقیقی راہ، کونسی راہ ہے؟ قرآن کہتا ہے، وحی الٰہی کی وہ عالمگیر ہدایت ہے جو اوّل دن سے دنیا میں موجود ہے، اور بلا تفریق و امتیاز، تمام نوع انسانی کے لیے ہے۔ وہ کہتا ہے، جس طرح خدا نے وجدان، حواس، اور عقل کی ہدایت میں نہ تو نسل و قوم کا امتیاز رکھا ہے، نہ زمان و مکان کا، اسی طرح اُسکی ہدایت وحی بھی ہر طرح کے تفرقہ و امتیاز سے پاک ہے۔ وہ سب کے لیے ہے، اور سب کو دی گئی ہے، اور اس ایک ہدایت کے سوا اور جتنی ہدایتیں بھی انسانوں نے سمجھ رکھی ہیں، سب انسانی بناوٹ کی راہیں ہیں۔ خدا کی ٹھہرائی ہوئی راہ، صرف یہی ایک راہ ہے۔

اسی لیے وہ ہدایت کی اُن تمام صورتوں سے یک قلم انکار کرتا ہے جو اصل سے منحرف ہو کر طرح طرح کی مذہبی گروہ بندیوں اور متخالف ٹولیوں میں بٹ گئی ہیں، اور سعادت و نجات کی عالمگیر حقیقت خاص خاص گروہوں اور حلقوں کی میراث بنالی گئی ہے۔ وہ کہتا ہے، انسانی بناوٹ کی یہ الگ الگ راہیں ہدایت کی راہ نہیں ہو سکتیں۔ ہدایت کی راہ تو وہی عالمگیر ہدایت کی راہ ہے۔ اُسی عالمگیر ہدایتِ وحی کو وہ "الدّین"

کے نام سے پکارتا ہے۔ یعنی نوع انسانی کے لئے حقیقی دین۔ اور اسی کا نام اس کی زبان میں "الاسلام" ہے

وحدتِ دین کی اصلِ عظیم اور قرآن حکیم

یہ اصلِ عظیم قرآن کی دعوت کی سب سے پہلی بنیاد ہے۔ وہ جو کچھ بھی بتلانا اور سکھانا چاہتا ہے، تمام تر اسی اصل پر مبنی ہے۔ اگر اس اصل سے قطع نظر کرلی جائے، تو اُس کا تمام کارخانۂ دعوت درہم برہم ہو جائے گا۔ لیکن تاریخ عالم کے عجائب تصرفات میں سے یہ واقعہ بھی سمجھنا چاہیئے کہ جس درجہ قرآن نے اس اصل پر زور دیا تھا، اتنا ہی زیادہ دنیا کی نگاہوں نے اس سے اعراض کیا حتیٰ کہ کہا جا سکتا ہے، آج قرآن کی کوئی بات بھی دنیا کی نظروں سے اس درجہ پوشیدہ نہیں ہے، جسقدر کہ یہ اصلِ عظیم ہے۔ اگر ایک شخص ہر طرح کے خارجی اثرات سے خالی الذہن ہو کر قرآن کا مطالعہ کرے، اور اُسکے صفحات میں جا بجا اِس اصلِ عظیم کے قطعی اور واضح اعلانات پڑھے، اور پھر دنیا کی طرف نظر اُٹھائے جو قرآن کی حقیقت اس سے زیادہ نہیں سمجھتی کہ بہت سے مذہبی حلقوں کی طرح وہ بھی ایک مذہبی حلقہ ہے تو یقیناً وہ حیران ہو کر پکار اُٹھے گا، یا تو اُسکی نگاہیں اُسے دھوکا دے رہی ہیں، یا دنیا ہمیشہ آنکھیں کھولے بغیر ہی اپنے فیصلے صادر کر دیا کرتی ہے!

اِس حقیقت کی توضیح کے لئے ضروری ہے کہ ایک مرتبہ تفصیل کے ساتھ یہ بات واضح کر دی جائے کہ جہاں تک وحی و نبوت کا، یعنی دین کا تعلق ہے، قرآن کی دعوت کیا ہے، اور کس راہ کی طرف نوع انسانی کو لے جانا چاہتی ہے؟ بہت ممکن ہے، یہ تفصیل اُس حد سے متجاوز ہو جائے جو ہم ترجمان القرآن کی توضیحات کے لئے قرار دے چکے ہیں، لیکن اِس سوال کی غیر معمولی اہمیت دیکھتے ہوئے ہم محسوس کرتے ہیں، ہمیں اتنی سختی کے ساتھ عنانِ فکر نہیں کھینچنی چاہیئے کہ مطالبِ قرآنی کے بنیادی مباحث تشنہ رہجائیں۔

اِس باب میں قرآن نے جو کچھ بیان کیا ہے، اُس کا خلاصہ حسب ذیل ہے:

وہ کہتا ہے، ابتدا میں انسانی جمعیت کا یہ حال تھا کہ لوگ قدرتی زندگی بسر کرتے تھے۔ اُن میں نہ تو کسی طرح کا باہمی اختلاف تھا، نہ کسی طرح کی مخاصمت۔ سب کی زندگی ایک ہی طرح کی تھی اور سب اپنی قدرتی سادگی پر قانع تھے۔ پھر ایسا ہوا کہ نسل انسانی کی کثرت اور ضروریاتِ معیشت کی وسعت سے طرح طرح کے اختلافات پیدا ہو گئے، اور اختلافات نے تفرقہ و انقطاع اور ظلم و فساد کی صورت اختیار کرلی۔ ہر گروہ دوسرے گروہ سے نفرت کرنے لگا، اور ہر زبردست زیر دست کے حقوق پامال کرنے لگا۔ جب یہ صورتِ حال پیدا ہوئی، تو ضروری ہوا کہ نوع انسانی کی ہدایت اور عدل و صداقت کے قیام کے لئے وحی الٰہی کی روشنی نمودار ہو۔ چنانچہ یہ روشنی نمودار ہوئی، اور خدا کے رسولوں کی دعوت

وتبلیغ کا سلسلہ قائم ہوگیا۔ وہ اُن تمام رہنماؤں کو جن کے ذریعہ اس ہدایت کا سلسلہ قائم ہوا، "رسول" کے نام سے تعبیر کرتا ہے۔ کیونکہ وہ خدا کی سچائی کا پیغام پہنچانے والے تھے، اور "رسول" کے معنی پیغام پہنچانے والے کے ہیں:

وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ
(۱۰ : ۳۰)

اور ابتدا میں تمام انسانوں کا ایک ہی گروہ تھا (الگ الگ گروہوں میں متفرق نہ تھے) پھر ایسا ہوا کہ وہ باہدگر مختلف ہوگئے۔ اور اگر اس بارے میں تمہارے پروردگار نے پہلے سے ایک فیصلہ نہ کر دیا ہوتا (یعنی یہ کہ انسانوں میں اختلاف ہوگا، اور مختلف راہیں لوگ اختیار کرینگے) تو ...

كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللَّهُ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ وَأَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيمَا اخْتَلَفُوا فِيهِ
(۲ : ۲۱۳)

ابتدا میں تمام انسان ایک ہی گروہ تھے (پھر اُن میں اختلاف پیدا ہوا، اور ایک دوسرے کے مخالف ہوگئے) پس اللہ نے (یکے بعد دیگرے) نبیوں کو مبعوث کیا۔ وہ (نیک عملی کے نتائج کی) بشارت دیتے اور (بدعملی کے نتائج سے) ڈراتے۔ نیز انکے ساتھ الکتاب (یعنی وحی الٰہی سے لکھی جانے والی تعلیم) نازل کی تاکہ جن باتوں میں لوگ اختلاف کرنے لگے تھے، اُن میں ...

یہ ہدایت کسی خاص ملک، قوم یا عہد کے لیے مخصوص نہ تھی، بلکہ تمام نوعِ انسانی کیلئے تھی چنانچہ ہر زمانے اور ہر ملک میں، یکساں طور پر، اُسکا ظہور ہوا۔ قرآن کہتا ہے، دنیا کا کوئی گوشہ نہیں جہاں نسلِ انسانی آباد ہوئی ہو، اور خدا کا کوئی رسول مبعوث نہ ہوا ہو:

وَإِنْ مِنْ أُمَّةٍ إِلَّا خَلَا فِيهَا نَذِيرٌ
(۳۵ : ۲۵)

اور کوئی قوم دنیا کی ایسی نہیں ہے جس میں (بدعملیوں کے نتائج سے) ڈرانے والا (خدا کا کوئی رسول) نہ گزرا ہو۔

إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرٌ ۖ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ
(۱۳ : ۹)

(اے پیغمبر) بلاشبہ تم اسکے سوا اور کیا ہو کہ (بدعملیوں کے نتائج سے) ڈرانے والے رسول ہو، اور دنیا میں ہر قوم کے لیئے ایک ہدایت کرنے والا ہوا ہے۔

وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَسُولٌ ۖ فَإِذَا جَاءَ رَسُولُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ○
(۱۰ : ۴۸)

اور ہر قوم کے لیئے ایک رسول ہو، پس جب رسول (اپنی تعلیمِ حق کے ساتھ) ظاہر ہوتا ہے، تو (اس قوم کے تمام نزاعوں اور ظلم و فساد کا) انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیا جاتا ہے۔

وہ کہتا ہے، نسلِ انسانی کے ابتدائی عہدوں میں کتنے ہی پیغمبر گزرے ہیں جو یکے بعد دیگرے مبعوث ہوئے اور قوموں کو پیغامِ حق پہنچایا:

وَكَمْ أَرْسَلْنَا مِنْ نَبِيٍّ فِي ...

اور کتنے ہی نبی ہیں جو ہم نے پہلوں میں (یعنی ابتدائی عہد کی قوموں ...

الاوّلین ۰! (۴۳ : ۵) میں) مبعوث کیے!

وہ کہتا ہے، یہ بات عدلِ الٰہی کے خلاف ہو کہ ایک گروہ اپنے اعمالِ بد کیلئے جواب دہ ٹھہرایا جائے، حالانکہ اُسکی ہدایت کیلئے کوئی رسول نہ بھیجا گیا ہو:

وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ۰ (۱۷ : ۱۶) — اور (ہمارا قانون یہ ہو کہ) جب تک ہم ایک پیغمبر مبعوث کرکے راہِ ہدایت نہ دکھادیں، اسوقت تک (پاداشِ عمل میں) عذاب دینے والے نہیں!

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِیْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِی الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ۰ (۲۸ : ۵۹) — اور (یاد رکھو) تمہارے پروردگار کا قانون یہ ہو کہ وہ کبھی انسان کی بستیوں کو (پاداشِ عمل میں) ہلاک نہیں کرتا جب تک کہ اُن میں ایک پیغمبر مبعوث نہ کردے، اور وہ خدا کی آیتیں پڑھکر اُنہیں سُنادے، اور ہم کبھی بستیوں کو ہلاک کرنیوالے نہیں مگر صرف اُسی حالت میں کہ اُنکے باشندوں نے ظلم کا شیوہ اختیار کر لیا ہو (یعنی ہمارے قوانین کی رو سے صرف ایسی آبادی ہلاک ہوتی ہے)

خدا کے اِن رسولوں اور دینِ الٰہی کے داعیوں میں سے بعض کا ذکر قرآن میں کیا گیا ہے، بعض کا ذکر نہیں کیا گیا:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ (۴۰ : ۷۸) — اور (اے پیغمبر) ہم نے تم سے پہلے کتنے ہی پیغمبر مبعوث کیے۔ ان میں سے کچھ ایسے ہیں جنکے حالات تمہیں سناتے ہیں، کچھ ایسے ہیں جنکے حالات نہیں سنائے (یعنی قرآن میں انکا ذکر نہیں کیا گیا)

قومِ نوح اور عاد و ثمود کے بعد کتنی ہی قومیں گزر چکی ہیں، اور اُن میں کتنے ہی رسول مبعوث ہو چکے ہیں، جن کا ٹھیک ٹھیک حال اللہ ہی کو معلوم ہے:

اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ وَالَّذِيْنَ مِنْ بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا اللّٰهُ ؕ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِیْٓ اَفْوَاهِهِمْ (۱۴ : ۹) — تم سے پہلے جو قومیں دنیا میں گزر چکی ہیں، کیا تم تک انکی خبر نہیں پہنچی؟ قومِ نوح، قومِ عاد، قومِ ثمود، اور وہ قومیں جو انکے بعد ہوئیں جن کی ٹھیک ٹھیک تعداد اللہ ہی کو معلوم ہو۔ ان سب میں انکے پیغمبر سچائی کی روشنیوں کے ساتھ مبعوث ہوئے، مگر انہوں نے جہل و سرکشی سے انکی تعلیم اُنہی پر لوٹا دی، اور کان دھرنے سے انکار کر دیا!

فطرتِ الٰہی کی راہ، کائناتِ ہستی کے ہر گوشہ میں ایک ہی ہے۔ وہ نہ تو ایک سے زیادہ ہو سکتی ہے، نہ باہمدگر مختلف۔ پس ضروری تھا کہ یہ ہدایت بھی اوّل دن سے ایک ہی ہوتی، اور ایک ہی طرح پر تمام انسانوں کو مخاطب کرتی۔ چنانچہ قرآن کہتا ہے، خدا کے جتنے پیغامبر پیدا ہوئے، خواہ وہ کسی

زمانے اور کسی گوشہ میں ہوئے ہوں، سب کی راہ ایک ہی تھی، اور سب خدا کے ایک ہی عالمگیر قانونِ سعادت کی تعلیم دینے والے تھے۔ یہ عالمگیر قانونِ سعادت کیا ہے؟ ایمان اور عمل صالح کا قانون ہے۔ یعنی ایک پروردگار عالم کی پرستش کرنی، اور نیک عملی کی زندگی بسر کرنی۔ اسکے علاوہ، اور اسکے خلاف جو کچھ بھی دین کے نام سے کہا جاتا ہے، دینِ حقیقی کی تعلیم نہیں ہے:

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ (۱۶: ۳۸)	اور بلا شبہ ہم نے دنیا کی ہر قوم میں ایک پیغمبر مبعوث کیا جسکی تعلیم یہ تھی) کہ اللہ کی عبادت کرو، اور طاغوت سے (یعنی سرکش اور شریر قوتوں کے اغوا سے) بچتے رہو۔
وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ إِلَّا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا فَاعْبُدُونِ ۝ (۲۱: ۲۴)	اور (اے پیغمبر) ہم نے تم سے پہلے کوئی رسول بھی دنیا میں نہیں بھیجا مگر اس وحی کے ساتھ، کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں پس میری ہی عبادت کرو!

وہ کہتا ہے، دنیا میں کوئی بانیٔ مذہب بھی ایسا نہیں ہوا ہے جس نے ایک ہی دین پر اکٹھے رہنے اور تفرقہ و اختلاف سے بچنے کی تعلیم نہ دی ہو۔ سب کی تعلیم یہی تھی کہ خدا کا دین بچھڑے ہوئے انسانوں کو جمع کر دینے کیلئے ہو۔ الگ الگ کر دینے کے لیئے نہیں ہے۔ پس ایک پروردگارِ عالم کی بندگی و نیاز میں سب متحد ہو جاؤ، اور تفرقہ و مخاصمت کی جگہ باہمی محبت و یک جہتی کی راہ اختیار کرو!

وَإِنَّ هَٰذِهِ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَأَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُونِ ۝ (۲۳: ۵۴)	اور (دیکھو) یہ تمہاری اُمّت، فی الحقیقت ایک ہی امت ہے اور میں تم سب کا پروردگار ہوں، پس (میری عبودیت نیاز کی راہ میں تم سب ایک ہو جاؤ اور) نافرمانی سے بچو!

وہ کہتا ہے، خدا نے تمھیں ایک ہی جامۂ انسانیت دیا تھا، لیکن تم نے طرح طرح کے بھیس اور نام اختیار کر لیئے، اور رشتۂ انسانیت کی وحدت سینکڑوں ٹکڑوں میں بکھر گئی۔ تمہاری نسلیں بہت سی ہیں، اس لیئے تم نسل کے نام پر ایک دوسرے سے الگ ہو گئے ہو۔ تمہارے وطن بہت سے بن گئے ہیں اس لیئے اختلافِ وطن کے نام پر ایک دوسرے سے لڑ رہے ہو۔ تمہاری قومیتیں بے شمار ہیں، اسلیئے ہر قوم دوسری قوم سے دست و گریباں ہو رہی ہے۔ تمہارے رنگ یکساں نہیں، اور یہ بھی باہمی نفرت و عناد کا ایک بڑا ذریعہ بن گیا ہے۔ تمہاری بولیاں مختلف ہیں، اور یہ بھی ایک دوسرے سے جدا رہنے کی بہت بڑی حجت بن گئی ہے۔ پھر انکے علاوہ امیر و فقیر، نوکر و آقا، وضیع و شریف، ضعیف و قوی، ادنیٰ و اعلیٰ، بے شمار اختلافات پیدا کر لیئے گئے ہیں، اور سب کا منشا یہی ہے کہ ایک دوسرے سے جدا ہو جاؤ،

اور ایک دوسرے سے نفرت کرتے رہو۔ ایسی حالت میں بتلاؤ، وہ رشتہ کونسا رشتہ ہے، جو اتنے اختلافات رکھنے پر بھی انسانوں کو ایک دوسرے سے جوڑ دے، اور انسانیت کا بچھڑا ہوا گھرانا پھر از سرِ نو آباد ہو جائے؟ وہ کہتا ہے، صرف ایک ہی رشتہ باقی رہ گیا ہے، اور وہ خدا پرستی کا مقدس رشتہ ہی۔ تم کتنے ہی الگ الگ ہو گئے ہو، لیکن تمہارے لیئے خدا الگ الگ نہیں ہو جا سکتے۔ تم سب ایک ہی پروردگار کے بندے ہو، تم سب کی بندگی و نیاز کے لیئے ایک ہی معبود کی چوکھٹ ہی، تم بیشمار اختلافات رکھنے پر بھی ایک ہی رشتۂ عبودیت میں جکڑے ہوئے ہو۔ تمہاری کوئی نسل ہو، تمہارا کوئی وطن ہو، تمہاری کوئی قومیت ہو۔ تم کسی درجہ اور کسی حلقہ کے انسان ہو، لیکن جب ایک ہی پروردگار کے آگے سرِ نیاز جھکا دوگے، تو یہ آسمانی رشتہ، تمہارے تمام ارضی اختلافات مٹا دے گا۔ تم سب کے بچھڑے ہوئے دل ایک دوسرے سے جڑ جائیں گے۔ تم محسوس کروگے کہ تمام دنیا تمہارا وطن ہے، تمام نسلِ انسانی تمہارا گھرانا ہے، اور تم سب ایک ہی ربّ العٰلمین کی عیال ہو!

چنانچہ وہ کہتا ہے، خدا کے جتنے رسول بھی پیدا ہوئے، سب کی تعلیم یہی تھی کہ اَلدّین پر یعنی بنی نوع انسانی کے ایک ہی عالمگیر دین پر قائم رہو، اور اس راہ میں ایک دوسرے سے الگ الگ نہ ہو جاؤ!

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا	(اور دیکھو) اُس نے تمہارے لیئے دین کی وہی راہ ٹھہرا دی ہے
وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ	جس کی وصیت نوحؑ کو کی گئی تھی اور جس پر چلنے کا حکم ابراہیمؑ
اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ	اور موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو دیا تھا۔ (ان سب کی تعلیم یہی تھی) کہ اَلدّین
وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ! (۴۲ : ۱۱)	(یعنی خدا کا ایک ہی دین) قائم رکھو، اور اس راہ میں الگ الگ نہ ہو!

اسی بنا پر وہ بطور ایک دلیل کے اس بات پر زور دیتا ہے کہ اگر تمہیں میری تعلیم کی سچائی سے انکار ہے، تو تم کسی مذہب کی الہامی کتاب سے بھی ثابت کر دکھاؤ کہ دینِ حقیقی کی راہ اسکے سوا کچھ اور بھی ہو سکتی ہے۔ تم جس مذہب کی بھی حقیقی تعلیم دیکھوگے، تمہیں اصل و بنیاد یہی ملے گی:

قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ	(اے پیغمبرؐ انسے) کہدو (اگر تمہیں میری تعلیم سے انکار ہے، تو تم دلیل
مَنْ مَّعِيَ وَذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ۭ بَلْ	پیش کرو۔ یہ کلامِ الٰہی موجود ہے جس پر میرے ساتھی یقین رکھتے ہیں،
اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ فَهُمْ	اور اسی طرح وہ کلام بھی موجود ہے جو مجھ سے پہلوں پر نازل ہو چکا ہے
مُّعْرِضُوْنَ ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ	(تم ثابت کر دکھاؤ کہ کسی نے بھی میری تعلیم کے خلاف تعلیم دی ہو) اصل یہ ہے
مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ	کہ ان (منکرینِ حق) میں اکثر آدمی ایسے ہیں جنہیں سرے سے امرِ حق کی خبر ہی

اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ۝ (۲۱ : ۲۴)

نہیں، اور اسلیئے حقیقت کیطرف سے گردن موڑے ہوئے ہیں۔ (اے پیغمبر! یقین کرو) ہم نے تم سے پہلے کوئی پیغمبر بھی ایسا نہیں بھیجا ہو جسے اس بات کے

م سوا کوئی دوسری بات بتلائی گئی ہو کہ "میرے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، بس میری ہی عبادت کرو!"

اتنا ہی نہیں، بلکہ وہ کہتا ہے، کسی الہامی کتاب سے، کسی مذہب کی تعلیم سے، علم و بصیرت کے کسی قول اور روایت سے تم ثابت کر دکھاؤ کہ میری تعلیم سچائی کی تعلیم نہیں ہے!

اِیْتُوْنِیْ بِکِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ (۴۶ : ۳)

اگر تم اپنے انکار میں سچے ہو، تو ثبوت میں کوئی کتاب پیش کرو جو اس سے پہلے نازل ہوئی ہو، یا (کم از کم) علم و بصیرت کی کوئی پچھلی روایت ہی دکھلا دو جو تمہارے پاس موجود ہو!

اسی بنا پر وہ تمام مذاہب عالم کی باہمدگر تصدیق کو بھی بطور ایک دلیل کے پیش کرتا ہے۔ یعنی وہ کہتا ہے، ان میں سے ہر تعلیم دوسری تعلیم کی تصدیق کرتی ہے، جھٹلاتی نہیں۔ اور جب ہر تعلیم دوسری تعلیم کی تصدیق کرتی ہے، تو اس سے معلوم ہوا، ان تمام تعلیمات کے اندر کوئی ایک ہی ثابت و قائم حقیقت ضرور کام کر رہی ہے۔ کیونکہ اگر مختلف وقتوں، مختلف گوشوں، مختلف قوموں مختلف ناموں، مختلف پیرایوں، اور مختلف زبانوں سے کوئی بات کہی گئی ہو، اور باوجود ان تمام اختلافات کے بات ہمیشہ ایک ہی ہو، اور ایک ہی مقصد پر زور دیتی ہو، تو قدرتی طور پر تمہیں ماننا پڑے گا کہ ایسی بات اصلیت سے خالی نہیں ہو سکتی!

نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِیْلَ ۝ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ (۳ : ۲)

(اے پیغمبر!) اللہ نے تم پر یہ کتاب سچائی کے ساتھ نازل کی ہے جو ان کتابوں کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے نازل ہو چکی ہیں اور اسی طرح لوگوں کی ہدایت کیلیئے اس نے تورات اور انجیل نازل کی تھی۔

وَاٰتَیْنٰهُ الْاِنْجِیْلَ فِیْهِ هُدًى وَّ نُوْرٌ ۙ وَّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ (۵ . ۴۶)

اور ہم نے عیسیٰ کو انجیل عطا کی۔ اس میں انسان کے لیئے ہدایت اور روشنی ہے۔ اور اس سے پہلے جو تورات نازل ہو چکی تھی، وہ اسکی تصدیق کرتی ہے (اُسے جھٹلاتی نہیں)

یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، اُسکے بیان و موعظت کا ایک بڑا موضوع پچھلے عہدوں کی ہدایتوں اور رسالتوں کا تذکرہ ہے۔ وہ اُنکی یکسانی، ہم آہنگی، اور وحدۃ تعلیم سے مذہبی صداقت کے تمام مقاصد پر استشہاد کرتا ہے۔

"اَلدِّیْن" اور "شرع"

اچھا، اگر تمام نوع انسانی کے لیئے دین ایک ہی ہے، اور تمام بانیان مذاہب نے

ایک ہی اصل و قانون کی تعلیم دی ہے، تو پھر مذاہب میں اختلاف کیوں ہوا؟ کیوں تمام مذہبوں میں ایک ہی طرح کے احکام، ایک ہی طرح کے اعمال، ایک ہی طرح کے رسوم وظواہر نہ ہوتے، کسی مذہب میں عبادت کی ایک خاص شکل اختیار کی گئی ہے، کسی میں دوسری۔ کسی مذہب کے ماننے والے ایک طرف منہ کرکے عبادت کرتے ہیں، کسی مذہب کے ماننے والے دوسری طرف۔ کسی کے یہاں احکام و قوانین ایک خاص طرح کی نوعیت کے ہیں، کسی کے یہاں دوسری طرح کے۔

قرآن کہتا ہے: مذاہب کا اختلاف دو طرح کا ہے۔ ایک اختلاف تو وہ ہے جو پیروانِ مذاہب نے مذہب کی حقیقی تعلیم سے منحرف ہوکر پیدا کرلیا ہے، یہ اختلاف مذاہب کا اختلاف نہیں ہے بلکہ پیروان مذاہب کی گمراہی کا نتیجہ ہے۔ دوسرا اختلاف وہ ہے، جو فی الحقیقت مذاہب کے احکام واعمال میں پایا جاتا ہے۔ مثلاً ایک مذہب میں عبادت کی کوئی خاص شکل اختیار کی گئی ہے، دوسری میں کوئی دوسری شکل۔ تو یہ اختلاف اصل وحقیقت کا اختلاف نہیں ہے۔ محض فروع وظواہر کا اختلاف ہے، اور ضروری تھا کہ ظہور میں آتا۔

وہ کہتا ہے، مذاہب کی تعلیم دو قسم کی باتوں سے مرکب ہے۔ ایک قسم تو وہ ہے جو انکی روح و حقیقت ہے۔ دوسری وہ ہے جن سے اُن کی ظاہری شکل وصورت آراستہ کی گئی ہے۔ پہلی چیز اصل ہے۔ دوسری فرع ہے۔ پہلی چیز کو وہ "دین" سے تعبیر کرتا ہے۔ دوسری کو "شرع" اور "نسک" سے، اور اس کے لئے "منہاج" کا لفظ بھی استعمال کیا گیا ہے۔ "شرع" اور "منہاج" کے معنی راہ کے ہیں، اور "نسک" سے مقصود عبادت کا طور طریقہ ہے۔ وہ کہتا ہے، مذاہب میں جسقدر بھی اختلاف، اُن کا اصلی اختلاف ہے، وہ "دین" کا اختلاف نہیں ہے۔ محض شرع و منہاج کا اختلاف ہے، یعنی اصل کا نہیں ہے فرع کا ہے۔ حقیقت کا نہیں ہے، ظواہر کا ہے۔ روح کا نہیں ہے، صورت کا ہے۔ اور ضروری تھا کہ یہ اختلاف ظہور میں آتا۔ مذہب کا مقصود انسانی جمعیت کی سعادت و اصلاح ہے، لیکن انسانی جمعیت کے احوال و ظروف ہر عہد اور ہر ملک میں یکساں نہیں رہے ہیں، اور نہ یکساں رہ سکتے تھے۔ کسی زمانے کی معاشرتی اور ذہنی استعداد ایک خاص طرح کی نوعیت رکھتی تھی، کسی زمانے میں ایک خاص طرح کی۔ کسی ملک کے حالات ایک خاص طرح کی معیشت چاہتے ہیں۔ کسی دوسرے ملک کے دوسری طرح کی۔ پس جس مذہب کا ظہور جیسے زمانے میں اور جیسی استعداد وطبیعت کے لوگوں میں ہوا، اُسی کے مطابق شرع و منہاج کی صورت بھی اختیار کی گئی۔ جس عہد اور جس ملک میں جو صورت اختیار کی گئی، وہی اُس عہد اور اُس ملک کیلئے موزوں تھی اس لیئے ہر صورت اپنی جگہ بہتر اور حق ہے، اور یہ اختلاف اس سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتا، جتنی

اہمیت نوع بشری کے تمام معاشرتی اور طبیعی اختلافات کو دی جا سکتی ہے :

لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْأَمْرِ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى مُّسْتَقِيمٍ ○ (۲۲ : ۶۶)

(اے پیغمبر) ہم نے ہر گروہ کے لیے عبادت کا ایک خاص طور طریقہ ٹھہرا دیا ہے جس پر وہ عمل کرتا ہے، پس لوگوں کو چاہیئے اس معاملہ میں جھگڑا نہ کریں۔ تم لوگوں کو اپنے پروردگار کی طرف دعوت دو (کہ اصلی چیز یہی ہے) یقیناً تم ہدایت کے سیدھے رستہ پر گامزن ہو۔

جب تحویلِ قبلہ کا معاملہ پیش آیا۔ یعنی پیغمبر اسلام (صلعم) بیت المقدس کی جگہ خانۂ کعبہ کی طرف مُنہ کر کے نماز پڑھنے لگے، تو یہ بات یہودیوں اور عیسائیوں پر بہت شاق گزری، اُن کے نزدیک مذہب کا تمام تر دارو مدار اسی طرح کی ظاہری اور فروعی باتوں پر تھا، اور انہی کو حق و باطل کا معیار سمجھتے تھے۔ لیکن ہم دیکھتے ہیں، قرآن نے اس معاملہ کو بالکل دوسری ہی نظر سے دیکھا ہے وہ کہتا ہے، تم اس طرح کی باتوں کو اسقدر اہمیت کیوں دیتے ہو؟ یہ نہ تو حق و باطل کا معیار ہیں اور نہ مذہب کی اصل حقیقت میں انہیں کوئی دخل ہے۔ ہر مذہب نے اپنے حالات و مقتضیات کے مطابق کوئی ایک طریقہ عبادت کا اختیار کر لیا تھا، اور اُس پر لوگ کاربند ہو گئے۔ مقصودِ اصلی سب کا ایک ہی ہے، اور وہ خدا پرستی اور نیک عملی ہے۔ پس جو شخص سچائی کا طلبگار ہے، اُسے چاہیئے کہ اصلِ مقصود پر نظر رکھے، اور اُسی کے لحاظ سے ہر بات کو جانچے اور پرکھے۔ اِن باتوں کو حق و باطل کا معیار نہ بنائے:

وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللَّهُ جَمِيعًا إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (۲ : ۱۴۸)

اور (دیکھو) ہر گروہ کے لیے کوئی نہ کوئی سمت ہو جس کی طرف عبادت کرتے ہوئے وہ اپنا مُنہ کر لیتا ہے۔ پس (اس معاملہ کو اسقدر طول نہ دو) نیکی کی راہ میں ایک دوسرے سے آگے بڑھ جانے کی کوشش کرو (کہ اصلی کام یہی ہے) تم کسی جگہ بھی ہو، اللہ تم سب کو پالیگا۔ یقیناً اللہ کی قدرت سے کوئی چیز باہر نہیں!

پھر اسی سورت میں آگے چل کر، صاف صاف لفظوں میں واضح کر دیا ہے کہ اصل دین کیا ہے اور کن باتوں سے ایک انسان دین کی سعادت و فلاح حاصل کر سکتا ہے؟ وہ کہتا ہے، دین محض اس طرح کی باتوں میں نہیں ہے کہ ایک شخص نے عبادت کے وقت پچھم کی طرف مُنہ کر لیا یا پورب کی طرف۔ اصل دین تو یہ ہے کہ دیکھا جائے، خدا پرستی اور نیک عملی کے لحاظ سے ایک انسان کا کیا حال ہے؟ پھر تفصیل کے ساتھ بتلایا ہے کہ خدا پرستی اور نیک عملی کی اصلی باتیں کیا کیا ہیں:

لَيْسَ الْبِرَّ أَن تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ

اور (دیکھو) نیکی یہ نہیں ہے کہ تم نے (عبادت کے وقت) اپنا

الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ٥ (۲ : ۱۷۷)

منہ پورب کی طرف اور پچھم کی طرف کر لیا۔ (یا اسی طرح کی کوئی دوسری بات ظاہری رسم اور ڈھنگ کی کر لی) نیکی کی راہ تو اُسکی راہ ہے جو اللہ پر، آخرت کے دن پر، ملائکہ پر، اللہ کی تمام کتابوں اور نبیوں پر ایمان لاتا ہے، اپنا مال محبوب ہونے پر بھی رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں، اور سائلوں کی راہ میں اور غلاموں کے آزاد کرانے میں خرچ کرتا ہے۔ نماز قائم کرتا ہے زکوٰۃ ادا کرتا ہے، قول و قرار کا پکا ہوتا ہے تنگی اور مصیبت کی گھڑی ہو، یا خوف و ہراس کا وقت، ہر حال میں صابر اور ثابت قدم رہتا ہے۔ (سو یاد رکھو) ایسے ہی لوگ ہیں جو (اپنی دینداری میں) سچے ہیں، اور یہی ہیں جو برائیوں سے بچنے والے انسان ہیں!

جس کتاب میں تیرہ سو برس سے یہ آیت موجود ہے، اگر دنیا اسکی دعوت کا مقصد اصلی نہیں سمجھ سکتی، تو پھر کونسی بات ہے جسے دنیا سمجھ سکتی ہے؟

سورہ مائدہ میں ہم دیکھتے ہیں، ایک خاص ترتیب کے ساتھ مختلف دعوتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ ذکر حضرت موسیٰ (علیہ السلام) اور تورات سے شروع ہوتا ہے: انا انزلنا التورٰیة فیہ ھدًی و نور۔ پھر حضرت مسیح (علیہ السلام) کے ظہور کا ذکر کیا جاتا ہے: ثم قفینا علٰی اٰثارھم بعیسی ابن مریم۔ حضرت مسیحؑ کے بعد پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ظہور ہوا: وانزلنا الیک الکتٰب بالحق مصدقا لما بین یدیہ۔ پھر ان مختلف دعوتوں کے ذکر کے بعد وہ لوگوں کو مخاطب کرتا ہے اور کہتا ہے:

لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ (۵ : ۴۸)

ہم نے تم میں سے ہر ایک کیلئے (یعنی ہر دعوت کے پیروؤں کیلئے) ایک خاص شریعت اور راہ ٹھہرا دی، اور اگر اللہ چاہتا، تو (شریعتوں کا کوئی اختلاف ہی نہ ہوتا) تم سب کو ایک امت بنا دیتا، لیکن یہ اختلاف اسلئے ہوا کہ (ہر وقت و حالت کے مطابق) تمہیں جو احکام دیئے گئے ہیں اُن میں تمہاری آزمائش کرے پس (اس اختلاف کے پیچھے نہ پڑو۔ نیکی کی راہوں میں ایک دوسرے سے آگے نکل

اس آیت پر سرسری نظر ڈال کر آگے نہ بڑھ جاؤ، بلکہ اسکے ایک ایک لفظ پر غور کرو۔ قرآن کا جب

ظہور ہوا تو دنیا کا یہ حال تھا کہ تمام پیروانِ مذاہب، مذہب کو صرف اُسکے ظواہر و رسوم ہی میں دیکھتے تھے، اور مذہبی اعتقاد کا تمام جوش و خروش اِسی طرح کی باتوں میں سمٹ آیا تھا۔ ہر گروہ یقین کرتا تھا کہ دوسرا گروہ نجات سے محروم ہے۔ کیونکہ وہ دیکھتا تھا، دوسرے کے اعمال و رسوم ویسے نہیں ہیں، جیسے خود اُس نے اختیار کر رکھے ہیں۔ لیکن قرآن کہتا ہے کہ نہیں، یہ اعمال و رسوم نہ تو دین کی اصل و حقیقت ہیں، نہ اُن کا اختلاف حق و باطل کا اختلاف ہے۔ یہ محض مذہب کی عملی زندگی کا ظاہری ڈھانچا ہے۔ لیکن روح و حقیقت اِن سے بالاتر ہے، اور وہی اصل دین ہے۔ یہ اصل دین کیا ہے؟ ایک خدا کی پرستش اور نیک عملی کی زندگی۔ یہ کسی ایک گروہ ہی کی میراث نہیں ہے کہ اُس کے سوا کسی انسان کو نہ ملی ہو۔ یہ تمام مذاہب میں یکساں طور پر موجود ہے۔ چونکہ یہ اصل دین ہے، اس لیے نہ تو اسمیں تغیر ہوا، اور نہ کسی طرح کا اختلاف۔ اعمال و رسوم فرع ہیں، اسلیئے ہر زمانے اور ہر مُلک کی حالت کے مطابق بدلتے رہے، اور جس قدر بھی اختلاف ہوا، انہی میں ہُوا۔

پھر وہ کہتا ہے، اعمال و رسوم کے اِس اختلاف کو تم اسقدر اہمیت کیوں دے رہے ہو؟ خدا نے ہر زمانے اور ہر مُلک کیلئے ایک خاص طرح کا طور طریقہ ٹھہرا دیا ہے جو اسکی حالت اور ضرورت کے مطابق مناسب تھا، اور وہ اُسپر کار بند ہے۔ اگر خدا چاہتا تو تمام نوعِ انسانی کو ایک ہی قوم و جماعت بنا دیتا، اور فکر و عمل کا کوئی اختلاف وجود ہی میں نہ آتا، لیکن معلوم ہے کہ خدا نے ایسا نہیں چاہا۔ اُسکی حکمت کا مقتضا یہی ہوا کہ فکر و عمل کی مختلف حالتیں پیدا ہوں۔ پس اِس اختلاف کو حق و باطل کا اختلاف کیوں بنا لیا جائے؟ کیوں اس اختلاف کی بنا پر ایک جماعت دوسری جماعت سے برسر پیکار رہے؟ اصل چیز جس پر تمام تر توجہ مبذول کرنی چاہیئے، "خیرات" ہے۔ یعنی نیکی کے کام ہیں، اور تمام اعمال و رسوم اُنہی کے لیئے ہیں۔

غور کرو، اِس آیت میں لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا کہا۔ یعنی تم میں سے ہر جماعت کے لیئے ہم نے ایک "شرع" اور "منہاج" ٹھہرا دی ہے۔ یہ نہیں کہا کہ ایک "دین" ٹھہرا دیا ہے۔ کیونکہ دین تو سب کے لیئے ایک ہی ہے۔ اِسمیں تعدد اور تنوع نہیں ہو سکتا۔ البتہ شرع و منہاج سب کے لیئے یکساں نہیں ہو سکتے تھے۔ ضروری تھا کہ ہر عہد اور ہر ملک کے احوال و ظروف کے مطابق الگ الگ ہوں۔ پس مذاہب کا اختلاف، اصل کا اختلاف نہیں ہوا۔ محض فرع کا اختلاف ہُوا۔

اِس موقع پر یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ جہاں کہیں قرآن نے اِس بات پر زور دیا ہے کہ "اگر خدا چاہتا تو تمام انسان ایک ہی راہ پر جمع ہو جاتے" یا "ایک ہی قوم بن جاتے" جیسا کہ آیت مندرجہ صدر میں ہے

تو ان سب سے مقصود اسی حقیقت کا اظہار ہے۔ وہ چاہتا ہے، یہ بات لوگوں کے دل میں اُتار دے کہ فکر و عمل کا اختلاف طبیعت بشری کا قدرتی خاصہ ہے، اور جس طرح ہر گوشہ میں موجود ہے، اسی طرح مذہب کے معاملہ میں بھی موجود ہے پس اس اختلاف کو حق و باطل کا معیار نہیں سمجھنا چاہیئے۔ وہ کہتا ہے، جب خدا نے انسان کی طبیعت ہی ایسی بنائی ہے کہ ہر انسان، ہر قوم، ہر عہد اپنی اپنی سمجھ، اپنی اپنی پسند، اور اپنا اپنا طور طریقہ رکھتا ہے، اور ممکن نہیں، کسی ایک چھوٹی سے چھوٹی بات میں بھی تمام انسانوں کی طبیعت ایک طرح کی ہو جائے، تو پھر کیونکر ممکن تھا کہ مذہبی اعمال و رسوم کی راہیں مختلف نہ ہوتیں، اور سب ایک ہی طرح کی وضع و حالت اختیار کر لیتے؟ یہاں بھی اختلاف ہونا تھا، اور اختلاف ہوا، کسی نے ایک طریقہ سے اصل مقصود حاصل کرنا چاہا، کسی نے دوسرے طریقہ سے، لیکن اصل مقصود، یعنی خدا پرستی اور نیک عملی کی تعلیم، تو اس میں سب متفق رہے۔ کسی مذہب نے بھی یہ تعلیم نہیں دی کہ خدا کی بندگی نہیں کرنی چاہیئے کسی نے بھی یہ نہیں سکھلایا کہ جھوٹ بولنا سچ بولنے سے بہتر ہے۔ پس جب اصل مقصود سب کا ایک ہے تو محض ظواہر و اعمال کے اختلاف سے کیوں ایک دوسرے کا مخالف و معاند ہو جائے؟ کیوں ہر گروہ دوسرے گروہ کو جھٹلائے؟ کیوں مذہبی سچائی کسی ایک ہی نسل و گروہ کی میراث سمجھ لی جائے؟

چنانچہ ایک موقع پر خود پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) کو مخاطب کرتے ہوئے وہ کہتا ہے تم جوشِ دعوت میں چاہتے ہو، تمام لوگوں کو راہِ حق دکھلا دو۔ لیکن تمہیں یہ بات نہیں بھولنی چاہیئے کہ اختلافِ فکر و عمل طبیعت انسانی کا قدرتی خاصہ ہے۔ تم بہ جبر کسی کے اندر ایک بات نہیں اُتار دے سکتے:

وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ (۱۰: ۹۹)

اور اگر تمہارا پروردگار چاہتا، تو زمین میں جتنے بھی انسان ہیں، سب ایمان لے آتے (لیکن تم دیکھ رہے ہو کہ اس کی حکمت کا فیصلہ یہی ہوا کہ ہر انسان اپنی اپنی سمجھ اور اپنی اپنی راہ رکھے) پھر کیا تم چاہتے ہو لوگوں کو مجبور کرو کہ وہ مومن ہو جائیں؟

وہ کہتا ہے، انسان کی طبیعت ہی ایسی واقع ہوئی ہے کہ ہر جماعت کو اپنا ہی طور طریقہ اچھا دکھائی دیتا ہے۔ وہ اپنی باتوں کو دوسروں کی مخالفانہ نگاہ سے نہیں دیکھ سکتی۔ جس طرح تمہاری نظر میں سب سے بہتر راہ تمہاری ہے، ٹھیک اسی طرح دوسروں کی نظر میں سب سے بہتر راہ اُنکی ہے۔ پس اسکے سوا چارہ نہیں کہ اس بارہ میں رواداری اور وسعتِ نظر پیدا کرو:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًا بِغَيْرِ

اور دیکھو، جو لوگ خدا کو چھوڑ کر دوسرے معبودوں کو پکارتے ہیں، تو تم انہیں برا نہ کہو، کیونکہ نتیجہ یہ نکلے گا کہ یہ لوگ بھی از راہ جہل و نادانی خدا کو برا

عِلْمٍ ۭ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۠ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ (۶ : ۱۰۹)

بھلا کہنے لگیں گے۔ (یاد رکھو) ہم نے انسان کی طبیعت ہی ایسی بنائی ہے کہ ہر گروہ کو اپنا ہی عمل اچھا دکھائی دیتا ہے۔ پھر بالآخر سب کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹنا ہے، اور وہیں ہر گروہ پر اُسکے اعمال کی حقیقت کھلنے والی ہے۔

تشیّع اور تحزّب کی گمراہی اور تجدید دعوت کی ضرورت

اچھا، جب تمام مذاہب کا اصل مقصد ایک ہی ہے، اور سب کی بنیاد سچائی پر ہے، تو پھر قرآن کے ظہور کی ضرورت کیا تھی؟

وہ کہتا ہے، اسلیئے، کہ اگرچہ تمام مذاہب سچے ہیں، لیکن تمام مذاہب کے پیرو سچائی سے منحرف ہوگئے ہیں۔ اسلیئے ضروری ہے کہ سب کو اُنکی گم شدہ سچائی پر از سر نو جمع کر دیا جائے!

اِس سلسلہ میں اُس نے پیروانِ مذاہب کی تمام گمراہیاں ایک ایک کرکے گنائی ہیں وہ عقادی اور عملی دونوں طرح کی ہیں۔ من جملہ اُنکے ایک سب سے بڑی گمراہی جس پر جا بجا زور دیتا ہو، وہ ہے، جسے اس نے "تشیّع" اور "تحزّب" کے الفاظ سے تعبیر کیا ہے۔ عربی میں "تشیّع" اور "تحزّب" کے معنی یہ ہیں کہ الگ الگ جتھے اور جماعتیں بنا لینی۔ اور ان میں ایسی روح کا پیدا ہو جانا جسے اُردو میں گروہ پرستی کی روح سے تعبیر کیا جاسکتا ہے:

اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ۭ اِنَّمَآ اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝ (۶ : ۱۶۰)

جن لوگوں نے اپنے ایک ہی دین کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے، اور الگ الگ گروہ بندیوں میں بٹ گئے، تمہیں اُن سے کوئی واسطہ نہیں۔ اُن کا معاملہ خدا کے حوالے ہے۔ جیسے کچھ اُن کے عمل رہے ہیں، اس کا نتیجہ خدا انہیں بتلادے گا۔

فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ۭ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝ (۲۳ : ۵۴)

پھر لوگوں نے ایک دوسرے سے کٹ کر، جدا جدا دین بنا لیے، ہر ٹولی کے پلّے جو کچھ پڑ گیا ہے، اُسی میں مگن ہے!

"تشیّع" اور "تحزّب" کی گمراہی سے کیا مقصود ہے؟ اُسے پوری وضاحت کے ساتھ سمجھ لینا چاہیے وہ کہتا ہے، خدا کے ٹھہرائے ہوئے دین کی حقیقت تو یہ تھی کہ وہ نوع انسانی پر خدا پرستی اور نیک عملی کی راہ کھولتا تھا۔ یعنی خدا کے اِس قانونِ عمل کا اعلان کرتا تھا کہ دنیا کی ہر چیز کی طرح انسانی اعمال کے بھی خواص و نتائج ہیں۔ اچھے عمل کا بدلہ اچھا ہے، اور بُرے عمل کا بدلہ بُرا ہے۔ لیکن لوگوں نے یہ حقیقت

فراموش کردی، اور دین و مذہب کو نسلوں قوموں، ملکوں، اور طرح طرح کی رسموں اور رواجوں کا ایک جتھا بنا لیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اب انسان کی نجات و سعادت کی راہ یہ نہیں سمجھی جاتی کہ کس کا اعتقاد اور عمل کیسا ہے؟ بلکہ سارا دار و مدار اسپر آکے ٹھہر گیا ہے کہ کون کس بنے ہوئے گروہ بندی میں داخل ہے، اور کون داخل نہیں ہے۔ اگر ایک آدمی کسی خاص مذہبی گروہ بندی میں داخل ہے، تو یقین کیا جاتا ہے کہ وہ نجات یافتہ ہے اور دین کی سچائی اُسے مل گئی ہے۔ اگر داخل نہیں ہے تو یقین کیا جاتا ہے کہ نجات کا دروازہ اُسپر بند ہو گیا ہے اور دین کی سچائی میں اُسکا کوئی حصہ نہیں۔ گویا دین کی سچائی، آخرت کی نجات، اور حق و باطل کا معیار تمام تر گروہ بندی اور گروہ پرستی ہوگئی۔ اعتقاد اور عمل کوئی چیز نہیں ہے۔ پھر باوجودیکہ تمام مذاہب کا مقصود اصلی ایک ہی ہے، اور سب ایک ہی پروردگار عالم کی پرستش کرنے والے ہیں، لیکن ہر گروہ یقین کرتا ہے کہ دین کی سچائی صرف اُسی کے حصہ میں آئی ہے۔ باقی تمام نوع انسانی اس سے محروم ہے۔ چنانچہ ہر مذہب کا پیرو دوسرے مذہب کے خلاف نفرت و تعصب کی تعلیم دیتا ہے، اور دنیا میں خدا پرستی اور دین داری کی راہ، سر تا سر بغض و عداوت، نفرت و توحش، اور قتل و خونریزی کی راہ بن گئی ہے!

اس سلسلہ میں قرآن نے جن مہمات پر زور دیا ہے، اُن میں تین باتیں سب سے زیادہ نمایاں ہیں:

(۱) انسان کی نجات و سعادت کا دار و مدار اعتقاد و عمل پر ہے۔ نہ کہ کسی خاص گروہ بندی پر۔

(۲) نوع انسانی کے لیے دین الٰہی ایک ہی ہے، اور یکساں طور پر سب کو اسی کی تعلیم دی گئی ہے۔ پس یہ جو پیروانِ مذاہب نے دین کی وحدت اور عالمگیر حقیقت ضائع کرکے بہت سے متخالف اور متخاصم جتھے بنا لیے ہیں، یہ صریح گمراہی ہے۔

(۳) اصل دین توحید ہے یعنی ایک پروردگار عالم کی براہِ راست پرستش کرنی، اور تمام بانیانِ مذاہب نے اسی کی تعلیم دی ہے۔ اسکے خلاف جسقدر عقائد اور اعمال اختیار کر لیے گئے ہیں، اصلیت سے انحراف کا نتیجہ ہیں۔

چنانچہ آیات مندرجہ صدر کے علاوہ، حسب ذیل آیات میں بھی اسی حقیقت پر زور دیا گیا ہے:

وَقَالُوا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلٰى مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗ اَجْرُهٗ عِنْدَ

اور یہود اور نصاریٰ نے کہا، جنت میں کوئی انسان داخل نہیں ہو سکتا جب تک کہ یہودی اور نصاریٰ نہ ہو (یعنی جبتک یہودیت اور نصرانیت کی گروہ بندیوں میں داخل نہ ہو) یہ اُن لوگوں کی (جاہلانہ) اُمنگیں ہیں نہ کہ حقیقت (اے پیغمبر) ان سے کہدو، اگر تم اپنے اس زعم باطل میں سچے ہو تو بتلاؤ تمہاری دلیل کیا ہے؟ ہاں (بلاشبہ نجات کی راہ کھلی ہوئی ہے) مگر وہ کسی

رَبِّهٖ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝	خاص گروہ بندی کی راہ نہیں ہوسکتی۔ وہ تو ایمان و عمل کی راہ ہو؛ جس کسی نے بھی خدا کے آگے سر جھکا دیا، اور وہ نیک عمل بھی ہوا، تو (خواہ وہ یہودی اور نصرانی ہو، خواہ کوئی ہو) وہ اپنے پروردگار سے اپنا اجر پائیگا، اور نہ اُسکے لیے کسی طرح کا کھٹکا ہو، نہ کسی طرح کی غمگینی!
(۲۰ : ۱۰۶)	

سورۂ بقرہ میں یہی حقیقت زیادہ واضح لفظوں میں بیان کی گئی ہے :

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝	جو لوگ (پیغمبر اسلام پر) ایمان لائے ہیں، وہ ہوں، یا وہ لوگ ہوں جو یہودی کہلاتے ہیں۔ یا نصاریٰ، اور صابی ہوں (کوئی بھی ہو، اور کسی گروہ بندی سے تعلق رکھتا ہو، لیکن خدا کا قانونِ نجات یہ ہو کہ) جو بھی اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان لایا، اور اسکے کام بھی اچھے ہوئے تو وہ اپنے ایمان و عمل کا اجر اپنے پروردگار سے ضرور پائیگا۔ اسکے لیے نہ تو کسی طرح کا کھٹکا ہے، نہ کسی طرح کی غمگینی!
(۲ : ۵۹)	

یعنی دین سے مقصود تو خدا پرستی اور نیک عملی کی راہ تھی۔ وہ کسی خاص حلقہ بندی کا نام نہ تھا۔ کوئی انسان ہو، کسی نسل و قوم سے ہو، کسی نام سے پکارا جاتا ہو، لیکن اگر خدا پرست اور نیک عمل ہے، تو دینِ الٰہی پر چلنے والا ہے اور اُسکے لیے نجات ہو۔ لیکن یہودیوں اور عیسائیوں نے ایک خاص طرح کی نسلی اور جماعتی گروہ بندی کا قانون بنا دیا۔ یہودیوں نے گروہ بندی کا ایک دائرہ کھینچا اور اُس کا نام "یہودیت" رکھدیا۔ جو اس دائرہ کے اندر ہو، وہ سچائی پر ہے اور اُسکے لیئے نجات ہو۔ جو اس سے باہر ہے، وہ باطل پر ہے، اور اُسکے لیئے نجات نہیں۔ اسی طرح عیسائیوں نے بھی ایک دائرہ کھینچ لیا، اور اُسکا نام "مسیحیت" یا کلیسا رکھدیا۔ جو اِمیں داخل ہو صرف وہی سچائی پر ہے، اور صرف اُسی کے لیئے نجات ہو۔ جو اس سے باہر ہے اُسکا سچائی میں کوئی حصہ نہیں، اور نجات سے قطعاً محروم ہے۔ باقی رہا عمل، تو اس کا قانون یک قلم غیر مؤثر ہوگیا ہے۔ ایک شخص کتنا ہی خدا پرست اور نیک عمل ہو، لیکن اگر "یہودیت" کی نسلی گروہ بندی یا "مسیحیت" کی جماعتی گروہ بندی میں داخل نہیں، تو اُسے کوئی یہودی اور عیسائی ہدایت یافتہ انسان تسلیم نہیں کرسکتا۔ لیکن ایک سخت سے سخت بدعمل انسان بھی نجات یافتہ سمجھ لیا جائیگا، اگر ان گروہ بندیوں میں داخل ہوگا۔ قرآن اُنکے اسی اعتقاد کو اِن لفظوں میں نقل کرتا ہے : كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا۔ یعنی ہدایت کی راہ اعتقاد اور عمل کی راہ نہیں ہے، بلکہ یہودیت اور نصرانیت کی گروہ بندی کی راہ ہو۔ جب تک کوئی یہودی یا نصرانی نہ ہوجائے، ہدایت یافتہ نہیں ہوسکتا۔ پھر اسکا رد کرتے ہوئے کہتا ہے، خدا کی ہدایت جو دنیا کا

ایک عالمگیر قانون ہے، وہ بھلا ان خود ساختہ گروہ بندیوں میں کیونکر محدود ہو جا سکتی ہے؟ بَلٰی مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ کے زور اور عموم پر غور کرو۔ کوئی انسان ہو، کسی نسل و قوم اور گروہ بندی کا ہو لیکن جس کسی نے بھی اللہ کے آگے عبودیت کا سر جھکا دیا، اور نیک عملی کی زندگی اختیار کی۔ اس نے دین کی نجات و سعادت پالی، اور اُسکے لیئے کوئی غم اور کھٹکا نہیں!

غور کرو، مذہبی صداقت کی عالمگیر وسعت کا اس سے زیادہ واضح اور ہمہ گیر اعلان اور کیا ہو سکتا ہے؟

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى عَلٰى شَيْءٍ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝

اور یہودیوں نے کہا عیسائیوں کا دین کچھ نہیں ہے۔ اسی طرح عیسائیوں نے کہا، یہودیوں کے پاس کیا دھرا ہے؟ حالانکہ دونوں اللہ کی کتاب پڑھتے ہیں (اور دونوں کا سرچشمہ دین ایک ہی ہے) ٹھیک ایسی ہی بات ان لوگوں نے بھی کہی جو (مقدس نوشتوں کا) علم نہیں رکھتے (یعنی مشرکین عرب کہ وہ بھی صرف اپنے ہی کو نجات کا وارث سمجھتے ہیں) اچھا جس بات میں یہ باہم جھگڑ رہے ہیں، قیامت کے دن اللہ اُسکا فیصلہ کر دے گا، (اور اُس وقت حقیقت حال سب پر کھل جائے گی)

(۲ : ۱۱۳)

یعنی باوجودیکہ خدا کا دین ایک ہی ہے، اور کتاب الٰہی یعنی تورات دونوں کے سامنے ہے، بایں ہمہ مذہبی گروہ بندی کا نتیجہ یہ ہے کہ باہمدگر مخالف اور مکذب جتھے قائم ہو گئے ہیں۔ ہر جتھا دوسرے جتھے کو جھٹلا رہا ہے، اور ہر جتھا صرف اپنے ہی کو نجات و سعادت کا مالک سمجھتا ہے!

سوال یہ ہے کہ جب دین کی راہ، ایک ہونے کی جگہ بے شمار جتھوں اور ٹولیوں میں تقسیم ہو گئی، اور ہر جتھا ایک ہی طریقہ پر اپنی سچائی کا مدعی ہے، اور ایک ہی طریقہ پر دوسروں کو جھٹلاتا ہے تو اب اس بات کا فیصلہ کیونکر ہو کہ فی الحقیقت سچائی ہے کہاں؟ قرآن کہتا ہے، سچائی اصلاً سب کے پاس ہے، مگر عملاً سب نے کھو دی ہے۔ سب کو ایک ہی دین کی تعلیم دی گئی تھی، اور سب کے لیئے ایک ہی عالمگیر قانون ہدایت تھا، لیکن سب نے اصل حقیقت ضائع کر دی، اور دین الٰہی پر مستقیم رہنے کی جگہ الگ الگ گروہ بندیاں کر لیں۔ اب ہر گروہ دوسرے گروہ سے لڑ رہا ہے، اور سمجھتا ہے، دین کی سعادت اور نجات صرف اسی کے ورثہ میں آئی ہے۔ دوسروں کا اس میں کوئی حصہ نہیں!

سورۂ بقرہ میں مندرجۂ صدر آیت کے بعد ہی حسب ذیل بیان شروع ہو جاتا ہے:

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ أَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ خَرَابِهَا ۚ أُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَنْ يَّدْخُلُوْهَآ إِلَّا خَآئِفِيْنَ ۚ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ (۲ : ۱۱۴)	اور غور کرو، اُس سے بڑھکر ظلم کرنے والا انسان کون ہو سکتا ہے جو اللہ کی عبادت گاہوں میں اُسکے نام کی یاد سے مانع آئے اور انکی ویرانی میں کوشاں ہو؟ جن لوگوں کے ظلم و شرارت کا یہ حال ہو یقیناً وہ اس لائق نہیں کہ خدا کی عبادت گاہوں میں قدم رکھیں بجز اس حالت کے کہ دوسروں کو اپنی طاقت سے ڈرانے کی جگہ خود دوسروں کی طاقت سے ڈرے سہمے ہوئے ہوں (اور ظلم و شرارت کی جرأت ان میں باقی نہ رہے) یاد رکھو، ایسے لوگوں کے لیے دنیا میں بھی رسوائی ہو اور آخرت میں بھی

یعنی مذہبی گروہ بندی کی گمراہی کا نتیجہ یہ ہے کہ خدا کی عبادت گاہیں تک الگ ہو گئی ہیں اور باوجودیکہ تمام پیروانِ مذاہب ایک ہی خدا کے نام لیوا ہیں، لیکن ممکن نہیں، ایک مذہب کا پیرو دوسرے مذہب کی بنائی ہوئی عبادت گاہ میں جاکر خدا کا نام لے سکے۔ اتنا ہی نہیں، بلکہ ہر گروہ صرف اپنی ہی عبادتگاہ کو خدا کی عبادت گاہ سمجھتا ہے۔ اور دوسرے گروہ کی عبادت گاہ اُسکی نظروں میں کوئی احترام نہیں رکھتی۔ حتیٰ کہ بسا اوقات وہ مذہب کے نام پر اُٹھتا ہے اور دوسروں کی عبادت گاہیں خراب و برباد کر ڈالتا ہے۔ قرآن کہتا ہے اس سے بڑھکر انسان کا ظلم اور کیا ہو سکتا ہے کہ خدا کے بندوں کو خدا کی یاد سے روکا جائے اور صرف اس لیے روکا جائے کہ وہ ایک دوسرے مذہبی گروہ سے تعلق رکھتے ہیں؟ یا ایک عبادت گاہ ڈھا دی جائے، اور اسلیے ڈھا دی جائے کہ وہ ہماری بنائی ہوئی نہیں ہے۔ دوسرے گروہ کی بنائی ہوئی ہے؟ کیا تمہارے بنائے ہوئے مذہبی جتھوں کے اختلاف سے خدا بھی مختلف ہو گئے؟ اور اس لیے ایک جتھے کی بنائی ہوئی عبادت گاہ تو خدا کی عبادت گاہ ہے، مگر دوسرے کی بنائی ہوئی عبادت گاہ خدا کی خدا کی عبادت گاہ نہیں؟

وَلَا تُؤْمِنُوْٓا إِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ۭ قُلْ إِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ أَنْ يُّؤْتٰٓى أَحَدٌ مِّثْلَ مَآ أُوْتِيْتُمْ أَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۭ قُلْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ (۳ : ۷۳)	اور (یہ لوگ آپس میں ایک دوسرے سے کہتے ہیں) یہ بات کبھی نہ مانو کہ دین کی جو سعادت تمہیں دی گئی ہو (یعنی یہودیوں کو دی گئی ہو) ویسی اب کسی دوسرے انسان کو مل سکے، یا اللہ کے حضور تمہارے خلاف کسی کی کوئی حجت چل سکے، (اے پیغمبر) تم ان لوگوں سے کہدو، ہدایت تو وہی ہے جو اللہ کی ہدایت ہو (اور اسکی راہ سب کے لیے کھلی ہوئی ہو محض کسی ایک گروہ ہی کے لیے نہیں ہو) اور فضل و بخشش کا سر رشتہ تمہارے ہاتھ نہیں ہو، اللہ کے ہاتھ ہو وہ جسے چاہتا دیدے، اور وہ (اپنے فضل میں) بڑی وسعت رکھنے والا اور (سب کچھ جاننے والا ہے)

یعنی یہودیوں کا اعتقاد یہ ہے کہ وحی و نبوت کی ہدایت جو اُنہیں دی گئی ہے، وہ صرف اُنہی کے لیئے ہی، ممکن نہیں، کسی دوسرے انسان یا قوم کو یہ بات حاصل ہو سکے۔ چنانچہ اِسی بنا پر وہ کہتے ہیں اپنے مذہب کے آدمیوں کے علاوہ اور کسی آدمی کی سچائی اور بزرگی تسلیم نہ کرو، اور نہ یہ بات مانو کہ تمہارے خلاف (یعنی یہودیوں کے خلاف) کسی آدمی کی کوئی دلیل خدا کے حضور مقبول ہو سکتی ہے۔ قرآن اِس زعم باطل کو رد کرتا ہے، اور کہتا ہے "اِنَّ الْھُدٰی ھُدَی اللّٰہِ"۔ ہدایت کی راہ تو وہی ہے جو اللہ کی ہدایت ہی۔ اور اللہ کا فضل کسی ایک انسان یا گروہ ہی کے لیئے نہیں ہے۔ سب کے لیئے ہی، پس جو انسان بھی ہدایت کی راہ پر چلے گا، ہدایت یافتہ انسان ہوگا، خواہ یہودی ہو یا کوئی ہو۔

یہودیوں کی گروہ بندی کا غرور یہاں تک بڑھ گیا تھا کہ وہ کہتے تھے، خدا نے دوزخ کی آگ ہم پر حرام کر دی ہے۔ اگر ہم میں سے کوئی آدمی جہنم میں ڈالا بھی جائے گا، تو اس لیئے نہیں کہ اسے عذاب میں ڈالا جائے، بلکہ اسلیئے کہ گناہ کے داغ دھبوں سے پاک صاف کر دیا جائے، اور وہ پھر جنت میں جا داخل ہو۔ قرآن ان کا یہ زعم باطل جا بجا نقل کرتا ہے، اور پھر اُسکا رد کرتے ہوئے پوچھتا ہے، یہ بات تمہیں کہاں سے معلوم ہوگئی کہ یہودی گروہ بندی کا ہر فرد نجات یافتہ ہے؟ اور عذاب اُخروی سے اُسے چھٹکارا مل چکا ہے؟ کیا تمہیں خدا نے غیر مشروط نجات کا کوئی پٹہ لکھکر دیدیا ہے کہ جہاں ایک انسان یہودی ہوا اور آتش دوزخ اُس پر حرام ہوگئی؟ اگر نہیں دیا ہی تو پھر بتلاؤ، ایسا اعتقاد رکھنا خدا پر افترا کرنا نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ اُسکے بعد صاف صاف لفظوں میں خدا کے قانون عمل کا اعلان کرتا ہی: "جس کسی نے بھی اپنے عمل سے بُرائی کمائی، اُسکے لیئے بُرائی ہی۔ جس کسی نے بھی بھلائی کمائی، اُسکے لیئے بھلائی ہی"۔ یعنی جس طرح سنکھیا کھانے سے ہر کھانے والا ہلاک ہو جاتا ہے، خواہ یہودی ہو یا غیر یہودی ہو، اور دودھ پینے سے صحت و توانائی ملتی ہے، خواہ پینے والا کسی نسل و قوم اور گروہ سے تعلق رکھتا ہو، اِسی طرح عالم معنویات میں بھی ہر عمل کا ایک خاصہ ہے، اور وہ اسلیئے بدل نہیں جا سکتا کہ عمل کرنے والے کی نسل یا گروہ بندی کیا ہے۔ چنانچہ سورۃ بقرہ میں ہے:

وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَیَّامًا مَّعْدُوْدَۃً ؕ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰہِ عَھْدًا فَلَنْ یُّخْلِفَ اللّٰہُ عَھْدَہٗٓ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَی اللّٰہِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ بَلٰی مَنْ کَسَبَ سَیِّئَۃً وَّاَحَاطَتْ بِہٖ	اور ان لوگوں نے (یعنی یہودیوں نے) کہا، ہمیں جہنم کی آگ کبھی چھونے والی نہیں، اور اگر چھوئے بھی تو اس سے زیادہ نہیں کہ چند دنوں کیلیئے چھوئے (اے پیغمبر!) ان سے کہو، یہ جو تم کہتے ہو، تو کیا تم نے خدا سے کوئی قول قرار کرا لیا ہے، اور اب خدا اپنے قول قرار سے پھر نہیں سکتا، یا پھر تم خدا کے نام سے ایک ایسی جھوٹی بات کہہ رہے ہو جسکا تمہیں کوئی

خَطِيْٓئَتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ھُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ (۲: ۸۲-۸۱)

علم نہیں؟ نہیں، خدا کا قانون تو یہ ہے کہ کسی نسل اور کسی گروہ کا انسان ہو، لیکن جس کسی نے بھی برائی کمائی، اور اپنے گناہوں میں گھر گیا، وہ دوزخی گروہ میں سے ہے، ہمیشہ دوزخ میں رہنے والا۔ اور جس کسی نے بھی ایمان کی راہ اختیار کی اور نیک عمل ہوا، تو بہشتی گروہ میں سے ہے۔ ہمیشہ بہشت میں رہنے والا!

سورۂ نساء میں نہ صرف یہودیوں اور عیسائیوں کو، بلکہ سب کو مخاطب کرکے صاف صاف اعلان کردیا ہے۔ ایسا اعلان، جسکے بعد کسی طرح کے شک و شبہ کی گنجائش باقی نہیں رہی:

لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَھْلِ الْكِتٰبِ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ (۴: ۱۲۳)

(مسلمانو! یاد رکھو، نجات اور سعادت) نہ تو تمہاری آرزوؤں پر موقوف ہے، نہ اہل کتاب کی آرزوؤں پر (خدا کا قانون تو یہ ہے کہ) جو کوئی بھی برائی کرے گا، اس کا نتیجہ اسکے سامنے آئیگا، اور پھر نہ تو کسی کی دوستی اُسے عذاب الٰہی سے بچاسکے گی، نہ کسی طاقت کی مددگاری!

اِسی مذہبی گروہ بندی کا نتیجہ تھا کہ یہودی سمجھتے تھے، سچائی اور دیانت داری کے جسقدر بھی احکام ہیں، وہ اسلئے نہیں ہیں کہ تمام انسانوں کے ساتھ دیانت اور راستبازی برتنی چاہیئے، بلکہ محض اس لئے ہیں کہ ایک یہودی دوسرے یہودی کے ساتھ بُرائی نہ کرے۔ وہ کہتے تھے اگر ایک آدمی ہمارا ہم مذہب نہیں ہے، تو ہمارے لئے جائز ہے کہ جس طرح بھی چاہیں اُس سے فائدہ اُٹھائیں۔ کچھ ضروری نہیں کہ راست بازی و دیانت کے اصول ملحوظ رکھے جائیں۔ چنانچہ لین دین میں سود لینے کی ممانعت کو انہوں نے صرف اپنے ہم مذہبوں کے ساتھ مخصوص کردیا تھا ۔۔۔ آج تک اُن کا طرز عمل یہی ہے۔ وہ کہتے ہیں ایک یہودی کو دوسرے یہودی سے ظالمانہ سود نہیں لینا چاہیئے، لیکن ایک یہودی، غیر یہودی سے لے تو کوئی مضائقہ نہیں۔ قرآن اُنکے اس عقیدہ کا ذکر کرتا، اور اسے اُن کی بہت بڑی گمراہی قرار دیتا ہے:

وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُھُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ (۴: ۱۵۹)

اور ان کا سود کھانا، حالانکہ وہ اس سے روک دیئے گئے تھے اور اُنکی یہ بات کہ لوگوں کا مال ناجائز طریقے پر کھا لیتے تھے۔

اسی طرح جو یہودی عرب میں آباد تھے، وہ کہتے تھے، عرب کے اَن پڑھ باشندوں کے ساتھ معاملہ کرنے میں راست بازی و دیانت داری کچھ ضروری نہیں ہے۔ یہ لوگ بُت پرست ہیں۔ ہم ان لوگوں کا مال جسطرح بھی کھالیں، ہمارے لیے جائز ہے:

ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا

(یہودیوں کی) یہ (بدمعاملگی) اس لیے ہے کہ وہ کہتے ہیں (عرب کے) ان اَن پڑھ

فِی الْاُمِّیّٖنَ سَبِیْلٌ ۚ وَ یَقُوْلُوْنَ عَلَی اللّٰهِ الْکَذِبَ وَ هُمْ یَعْلَمُوْنَ ۝ بَلٰی مَنْ اَوْفٰی بِعَهْدِهٖ وَ اتَّقٰی فَاِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ

(۳ : ۷۰)

لوگوں سے (یہ معاملگی کرنے میں) ہمارے لیئے کوئی باز پرس نہیں ہوگی (جس طرح بھی ہم چاہیں، اِن کا مال کھا سکتے ہیں حالانکہ) ایسا کہتے ہوئے وہ صریح اللہ پر افترا کرتے ہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ اللہ کے دین کا یہ حکم نہیں ہو سکتا۔ ہاں (اُن سے باز پرس ہوگی اور ضرور ہوگی، کیونکہ اللہ کا قانون تو یہ ہے کہ) جو کوئی اپنا قول قرار سچائی کے ساتھ پورا کرتا ہو اور برائی سے بچتا ہو تو وہی اللہ کی ...

یعنی ایسا عقیدہ رکھنا خدا کے دین پر صریح افترا ہے۔ خدا کا دین تو یہ ہے کہ ہر انسان کے ساتھ نیکی کرنی چاہیئے، اور ہر حال میں راست بازی و دیانت داری کی راہ چلنی چاہیئے، خواہ کوئی انسان ہو، اور کسی عقیدہ اور گروہ کا ہو، کیونکہ سفید ہر حال میں سفید ہے، اور سیاہ ہر حال میں سیاہ۔ کوئی سفید چیز اسلیئے کالی نہیں ہو جا سکتی کہ کس آدمی کو دی گئی ہے، اور کوئی کالی چیز اسلیئے سفید نہیں ہو جا سکتی کہ کسی خاص نسل یا کسی خاص گروہ کے ہاتھوں نکلی ہے۔ پس دیانت داری ہر حال میں دیانت داری ہے، اور بددیانتی ہر حال میں بددیانتی۔

نزولِ قرآن کے وقت بڑے مذہبی گروہ عرب میں تین تھے۔ یہودی، عیسائی اور مشرکینِ عرب؛ اور یہ تینوں حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی شخصیت کو یکساں طور پر عزت و احترام کی نظر سے دیکھتے تھے، کیونکہ تینوں گروہوں کے مورثِ اعلیٰ وہی تھے۔ پس قرآن مذہبی گروہ بندی کی گمراہی واضح کرنے کے لیئے ایک نہایت سیدھا سادہ سوال اِن تینوں کے سامنے پیش کرتا ہے۔ اگر دین کی سچائی گروہ بندیوں کے ساتھ وابستہ ہے، تو بتلاؤ حضرت ابراہیم کس گروہ بندی کے آدمی تھے؟ یہ ظاہر ہے کہ اُس وقت تک نہ تو یہودیت کا ظہور ہوا تھا، نہ مسیحیت کا، اور نہ کوئی دوسری گروہ بندی موجود تھی۔ پھر اگر حضرت ابراہیم کسی گروہ بندی میں داخل نہ ہونے پر بھی دینِ حق کی راہ پر تھے، تو بتلاؤ، وہ راہ کونسی تھی؟ قرآن کہتا ہے، وہ اُسی دینِ حقیقی کی راہ تھی جو تمہاری تمام بنائی ہوئی گروہ بندیوں سے بالاتر، اور نوعِ انسانی کے لیئے عالمگیر قانونِ نجات ہے۔ یعنی ایک خدا کی سیدھی سادی پرستش اور نیک عملی کی زندگی:

وَ قَالُوْا کُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰی تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِیْفًا ؕ وَ مَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ

(۲ : ۱۳۹)

اور یہودی کہتے ہیں، یہودی ہو جاؤ، ہدایت پاؤگے۔ نصاریٰ کہتے ہیں نصرانی ہو جاؤ، ہدایت پاؤگے (اے پیغمبر) تم کہو، نہیں، (اللہ کی عالمگیر ہدایت تمہاری اِن گروہ بندیوں کی پابند نہیں ہو جا سکتی)، ہدایت کی راہ تو وہی حنیفی راہ ہے جو ابراہیم کا طریقہ تھا، اور یقیناً وہ مشرکوں میں سے نہ تھا (اگرچہ اُسکی نسلِ عرب میں مبتلائے شرک ہو گئی)

يَاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَاجُّوْنَ فِيْ اِبْرٰهِيْمَ وَمَآ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ (۳ : ۵۸)	اے اہل کتاب! تم ابراہیم کے بارے میں کیوں حجت کرتے ہو حالانکہ یہ بات بالکل ظاہر ہے کہ تورات اور انجیل اسکے بہت بعد نازل ہوئی ہیں۔ کیا تم اتنی موٹی بات سمجھنے کے لیے بھی عقل نہیں رکھتے؟

یعنی وہ یہودیوں اور عیسائیوں سے سوال کرتا ہے۔ تمہاری ان گروہ بندیوں کی تاریخ زیادہ سے زیادہ تورات اور انجیل کے ظہور تک جا سکتی ہے۔ اچھا، بتلاؤ، تورات سے پہلے بھی ہدایت یافتہ انسان ہو چکے تھے یا نہیں؟ اگر تھے تو انکی راہ کیا تھی؟ خود تمہارے اسرائیلی گھرانے کے تمام نبیوں کی راہ کیا تھی؟ حضرت ابراہیمؑ نے اپنے بیٹوں اور پوتوں کو جس دین کی تلقین کی، وہ دین کونسا تھا؟ حضرت یعقوبؑ جب بستر مرگ پر تھے اور اپنے بیٹوں کو دین الٰہی پر قائم رہنے کی وصیت کر رہے تھے، تو اُس دین سے مقصود کونسا دین تھا؟ یہ تو ظاہر ہے کہ وہ یہودیت یا مسیحیت کی گروہ بندیاں نہیں ہو سکتی، کیونکہ یہ دونوں گروہ بندیاں حضرت موسیٰؑ اور حضرت مسیحؑ کے نام پر کی گئی ہیں، اور یہ حضرت ابراہیمؑ اور حضرت یعقوبؑ وغیرہم سے کئی سو برس بعد پیدا ہوئے۔ پس معلوم ہوا، تمہارے ان خود ساختہ حلقہ ہائے نجات سے بھی کوئی بالاتر راہ نجات موجود ہے، جو اُس وقت بھی نوع انسانی کے سامنے موجود تھے۔ جب ان حلقہ بندیوں کا نام و نشان تک نہ تھا۔ قرآن کہتا ہے، یہی راہ نجات، دین کی اصلی راہ ہے، اور اسے حاصل کرنے کیلئے کسی گروہ بندی کی نہیں بلکہ اعتقاد اور عمل کی ضرورت ہے:

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ (۲ : ۱۲۷)	پھر کیا تم اُس وقت موجود تھے جب یعقوبؑ کے سرہانے موت آ کھڑی ہوئی تھی، اور اُس نے اپنی اولاد سے پوچھا تھا: بتلاؤ، میرے بعد تم کس کی عبادت کرو گے؟ انہوں نے جواب میں کہا تھا: ہم اسی ایک خدا کی عبادت کریں گے جس کی تو نے عبادت کی ہے، اور تیرے بزرگوں، ابراہیمؑ، اسمٰعیلؑ، اور اسحٰقؑ نے عبادت کی ہے، اور ہم خدا کے حکموں کے فرمانبردار ہیں!

وہ کہتا ہے، دین الٰہی کی اصل، نوع انسانی کی اخوت و وحدت ہے، نہ کہ تفرقہ و منافرت۔ خدا کے جتنے بھی رسول دنیا میں آئے، سب نے یہی تعلیم دی تھی کہ تم سب اصلاً ایک ہی اُمت اور ایک ہی گروہ ہو، اور تم سب کا پروردگار ایک ہی پروردگار ہے۔ پس چاہیئے کہ سب اُسی ایک پروردگار کی بندگی کریں، اور ایک گھرانے کے بھائیوں کی طرح مل جلکر رہیں۔ اگرچہ ہر مذہب کے داعی نے اسی راہ کی تعلیم دی تھی، لیکن ہر مذہب کے پیروؤں نے

اِس سے انحراف کیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ ہر ملک، ہر قوم، ہر نسل نے اپنے اپنے جتھے الگ الگ بنا لیے، اور ہر جتھا اپنے طور طریقہ میں مگن ہو گیا۔

قرآن نے پچھلے رسولوں اور مذاہب کے بانیوں میں سے جن جن رہنماؤں کے مواعظ نقل کیے ہیں، اُن سب میں بھی اصل اصول یہی حقیقت ہے، اور عموماً اکثر مواعظ کا خاتمہ دین کی وحدت اور انسان کی عالمگیر اخوت کی تعلیم ہی پر ہوتا ہے۔ مثلاً سورۂ مومنوں میں سب سے پہلے حضرت نوح (علیہ السلام) کی دعوت کا ذکر کیا ہے: وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ (۲۳: ۲۳) اس کے بعد اُن دعوتوں کی طرف اشارہ کیا ہے جو حضرت نوحؑ کے بعد ظاہر ہوتی رہیں: ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ (۳۲) پھر حضرت موسیٰ (علیہ السلام) کا ذکر کیا ہے: ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَاَخَاهُ هٰرُوْنَ (۴۵) حضرت موسیٰ کے بعد حضرت مسیح (علیہ السلام) کی دعوت نمایاں ہوئی: وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗۤ اٰيَةً (۵۲) پھر ان تمام دعوتوں کے بعد یہ صدائے حق بلند ہوتی ہے:

يٰۤاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ	اور ہم نے تمام رسولوں کو یہی حکم دیا تھا کہ پاک و صاف چیزیں کھاؤ
وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّىْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ	اور نیک عملی کی زندگی بسر کرو۔ تم جو کچھ کرتے ہو اُس سے میں بے خبر نہیں ہوں
عَلِيْمٌ ؕ وَاِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ	اور (دیکھو) یہ تمہارا گروہ در اصل ایک ہی گروہ ہے، اور میں تم سب کا
اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ	پروردگار ہوں (پس الگ الگ نہ ہو اور) نافرمانی سے بچو: لیکن پھر
فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ كُلُّ	یہ ہوا کہ لوگوں نے ایک دوسرے سے کٹ کر جدا جدا دین بنا لیے۔ ہر
حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝	ٹولی کے پلے جو کچھ پڑ گیا ہے وہ اسی میں مگن ہے:

(۲۳: ۵۳)

یعنی تمام رسولوں نے یکے بعد دیگرے یہی تعلیم دی تھی کہ خدا کی بندگی کرو اور نیک عملی کی زندگی اختیار کرو، تم سب خدا کے نزدیک ایک ہی اُمت اور گروہ ہو۔ اور تم سب کا پروردگار ایک ہی پروردگار ہے۔ تم میں سے کوئی گروہ دوسرے گروہ کو اپنے سے الگ نہ سمجھے، نہ کوئی گروہ دوسرے گروہ کا مخالف ہو جائے۔ فَتَقَطَّعُوْۤا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا لیکن لوگوں نے یہ تعلیم فراموش کر دی اور اپنی الگ الگ ٹولیاں بنا لیں۔ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝ اب ہر ٹولی اُسی میں مگن ہے جو اُس کے پلے پڑ گیا ہے!

مذہبی گروہ بندی کی رسموں رواجوں میں سے ایک رسم وہ ہے جو عیسائی کلیسا نے اختیار کر رکھی ہے اور جسے وہ اصطباغ (بپتسما) سے تعبیر کرتے ہیں۔ یہ در اصل ایک یہودی رسم تھی جو اُس وقت ادا کی جاتی تھی

جب لوگ گناہوں سے توبہ کیا کرتے تھے، اور اسلیئے فی نفسہ ایک مقررہ رسم سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتی لیکن عیسائیوں نے اسے انسانی نجات و سعادت کی بنیاد سمجھ لیا ہے۔ جب تک ایک شخص مسیح علیہ السلام کے نام پر اصطباغ نہ لے، وہ نیک و دیندار انسان نہیں سمجھا جاتا، اور نہ آخرت کی نجات اُسے مل سکتی ہے۔ قرآن کہتا ہے، یہ کیسی گمراہی ہے کہ انسانی نجات و سعادت جس کا دارومدار عمل پر ہے، محض ایک مقررہ رسم کے ساتھ وابستہ کردی جائے؟ انسانوں کا یہ ٹھہرایا ہوا اصطباغ اللہ کا اصطباغ نہیں ہے۔ اللہ کا اصطباغ تو یہ ہے کہ تمہارے دل خدا پرستی کے رنگ میں رنگ جائیں!

صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ز وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ۝

یہ اللہ کا رنگ ہے (یعنی دینِ الٰہی کا قدرتی اصطباغ ہے) اور اللہ سے بہتر رنگ دینے میں اور کون ہوسکتا ہے؟ ہم تو اُسی کی بندگی کرنے والے ہیں!

(۲ : ۱۳۸)

اسی طرح وہ سورۂ بقرہ میں بار بار کہتا ہے، دینِ الٰہی عمل کا قانون ہے، اور ہر انسان کے لیئے وہی ہونا ہے جو اُسکے عمل کی کمائی ہے۔ یہ بات کہ ایک گروہ میں بہت سے نبی اور برگزیدہ انسان ہوچکے ہیں، یا نیک انسانوں کی نسل میں سے ہے، یا کسی پچھلی قوم سے رشتہ قدامت رکھتا ہے، نجات و سعادت کے لیئے کچھ سودمند نہیں:

تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

یہ ایک اُمت تھی جو گزر چکی۔ اسکے لیے وہ تھا، جو اس نے اپنے عمل سے کمایا، اور تمہارے لیئے وہ ہے، جو تم اپنے عمل سے کماؤ۔ ان کے کاموں کے لئے تم سے باز پرس نہیں ہوگی!

(۲ : ۱۴۱)

قرآن کی دعوت

چنانچہ ہم دیکھتے ہیں، کوئی بات بھی قرآن کے صفحوں پر اس درجہ نمایاں نہیں ہے، جسقدر یہ بات ہے۔ اُس نے بار بار صاف اور قطعی لفظوں میں اِس حقیقت کا اعلان کردیا ہے کہ وہ کسی نئی مذہبی گروہ بندی کی دعوت لیکر نہیں آیا ہے، بلکہ وہ چاہتا ہے، تمام مذہبی گروہ بندیوں کی جنگ و نزاع سے دنیا کو نجات دلادے، اور سب کو اُسی ایک راہ پر جمع کردے جو سب کی مشترک اور متفقہ راہ ہے!

وہ بار بار کہتا ہے، جس راہ کی میں دعوت دیتا ہوں، وہ کوئی نئی راہ نہیں ہے، اور نہ سچائی کی راہ نئی ہوسکتی ہے۔ یہ تو وہی راہ ہے جو اوّل دن سے موجود ہے، اور تمام مذاہب کے بانیوں نے اسی کی طرف بلایا ہے:

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ

اور (دیکھو) اُس نے تمہارے لیئے دین کی وہی راہ ٹھہرائی ہے جس کی

نُوحًا وَّالَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ وَمَا وَصَّیْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰى وَعِیْسٰٓى اَنْ اَقِیْمُوا الدِّیْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِیْهِ ؕ (۴۲ : ۱۳)

وصیت نوحؑ کو کی گئی تھی، اور جس پر چلنے کا ابراہیمؑ اور موسیٰؑ اور عیسیٰؑ کو حکم دیا تھا (ان سب کی تعلیم یہی تھی) کہ اَلدِّیْن (یعنی خدا کا ایک ہی دین) قائم رکھو، اور اس راہ میں الگ الگ نہ ہو جاؤ!

سورہ نسا میں ہے:

اِنَّآ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ كَمَآ اَوْحَیْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِیّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَیْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِیْسٰى وَاَیُّوْبَ وَیُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَیْمٰنَ ۚ وَاٰتَیْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۚ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَیْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَیْكَ ؕ (۴ : ۱۶۳)

(اے پیغمبر!) ہم نے تمہیں اسی طرح اپنی وحی سے مخاطب کیا ہے جس طرح نوحؑ کو کیا تھا، اور ان تمام نبیوں کو کیا تھا، جو نوحؑ کے بعد ہوئے نیز جس طرح ابراہیمؑ، اسمٰعیلؑ، اسحٰقؑ یعقوبؑ، اولادِ یعقوبؑ، عیسیٰؑ، ایوبؑ، یونسؑ، ہارونؑ، سلیمانؑ (وغیرہم) کو مخاطب کیا، اور داؤدؑ کو زبور عطا کی۔ علاوہ بریں وہ رسول جن میں سے بعض کا حال ہم تمہیں پہلے سنا چکے ہیں، اور بعض ایسے ہیں جن کا حال تمہیں نہیں سنایا گیا۔

سورہ انعام میں پچھلے رسولوں کا ذکر کر کے پیغمبرِ اسلامؐ کو مخاطب کیا ہے، اور کہا ہے:

اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ (۶ : ۹۰)

یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے راہِ حق دکھلائی۔ پس (اے پیغمبر!) تم بھی انہی کی ہدایت کی پیروی کرو۔

اِسی لیے اسکی دعوت کی بنیاد بھی یہی ہے کہ تمام بانیانِ مذہب اور تمام آسمانی کتابوں کی یکساں طور پر تصدیق کی جائے، یعنی یقین کیا جائے کہ سب حق پر تھے، سب خدا کی سچائی کے پیغامبر تھے اور سب نے ایک ہی اصل و قانون کی تعلیم دی ہے، اور ان سب کی متفقہ تعلیم پر کاربند ہونا ہی ہدایت و سعادت کی حقیقی راہ ہے:

قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِیَ مُوْسٰى وَعِیْسٰى وَالنَّبِیُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۪ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ

(اے پیغمبر!) کہہ دو، ہمارا طریقہ تو یہ ہے کہ ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں، اور جو کچھ اس نے ہم پر نازل کیا ہے اس پر ایمان لائے ہیں۔ نیز جو کچھ ابراہیم، اسمٰعیل، اسحٰق، یعقوب، اور اولادِ یعقوب پر نازل ہوا ہے، ان سب پر ایمان رکھتے ہیں۔ اسی طرح جو کچھ موسیٰ اور عیسیٰ کو اور دنیا کے تمام نبیوں کو ان کے پروردگار سے دیا گیا ہے، سب پر ہمارا ایمان ہے۔ ہم ان میں سے کسی ایک کو بھی دوسرے

مِّنْهُمْ ۡ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ (۳ : ۷۸)

جدا نہیں کرتے (کہ اُسے نہ مانیں، دوسروں کو مانیں۔ ہم سب کی یکساں طور پر تصدیق کرتے ہیں) اور ہم اللہ کے فرمانبردار ہیں (اسکی سچائی جہاں کہیں بھی اور جس کسی کی زبانی بھی آئی ہو، اُسپر ہمارا ایمان ہے)۔

قرآن نے اس آیت میں اور نیز متعدد موقعوں پر "تفریق بین الرسل" کو ایک بہت بڑی گمراہی قرار دیا ہے، اور سچائی کی راہ یہ بتلائی ہے کہ "تفریق بین الرسل" سے انکار کیا جائے۔ "تفریق بین الرسل" کے معنی یہ ہیں کہ خدا کے رسولوں میں باعتبار تصدیق کے تفرقہ و امتیاز کرنا۔ یعنی ایسا سمجھنا کہ ان میں سے فلاں سچا تھا، فلاں سچا نہ تھا۔ یا کسی ایک کی تصدیق کرنی، باقی سب سے انکار کردینا۔ یا سب کی تصدیق کرنی کسی ایک سے انکار کردینا۔ قرآن کہتا ہے، ہر راست باز انسان کا جو خدا کے سچے دین پر چلنا چاہتا ہے، فرض ہے کہ بلا کسی فرق و امتیاز کے تمام رسولوں، تمام کتابوں، تمام مذہبی دعوتوں پر ایمان لائے، اور کسی ایک کا بھی انکار نہ کرے۔ اسکا شیوہ یہ ہونا چاہیے کہ وہ کہے، سچائی جہاں کہیں بھی ظاہر ہوئی ہے، اور جس کسی کی زبان پر بھی ظاہر ہوئی ہے، سچائی ہے۔ اور میرا اُسپر ایمان ہے:

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ (۲ . ۲۸۵)

اللہ کا رسول اس (کلام حق) پر ایمان رکھتا ہے جو اُسکے پروردگار کی طرف سے اُسپر نازل ہوا ہے، اور وہ لوگ بھی جو ایمان لائے ہیں۔ یہ سب اللہ پر، اُسکے ملائکہ پر، اُسکی کتابوں پر، اور اُسکے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں (اُنکے ایمان کا دستور العمل یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں) ہم اللہ کے رسولوں میں کسی کو دوسرے سے جدا نہیں کرتے (کہ کسی ایک کو مانیں۔ دوسروں کو جھٹلائیں۔ ہم سب کی یکساں طور پر تصدیق کرتے ہیں) اور یہ وہ لوگ ہیں کہ جب اُنہیں داعی حق نے پکارا تو) اُنہوں نے کہا، خدایا! ہم نے تیرا پیام حق سنا اور تیری فرمانبرداری کی، ہمیں تیری مغفرت نصیب ہو، اور ہم سب کو بالآخر تیرے ہی طرف لوٹنا ہے!

وہ کہتا ہے، خدا ایک ہے، اُسکی سچائی ایک ہے، لیکن سچائی کا پیغام بہت سی زبانوں نے پہنچایا ہے پھر اگر تم کسی ایک پیغامبر کی تصدیق کرتے ہو، دوسروں کا انکار کردیتے ہو، تو اسکے معنی یہ ہوئے کہ ایک ہی حقیقت کو ایک جگہ مان لیتے ہو، دوسری جگہ ٹھکرا دیتے ہو۔ یا ایک ہی بات کو مانتے بھی ہو، رد بھی کرتے ہو۔ ظاہر ہے، کہ ایسا ماننا، ماننا نہیں ہے بلکہ ایک زیادہ بری قسم کا انکار ہے!

وہ کہتا ہے، خدا کی سچائی، اُسکی ساری باتوں کی طرح، اُسکی عالمگیر بخشش ہے۔ وہ نہ تو کسی خاص ملک سے

وابستہ کی جاسکتی ہے، نہ کسی خاص نسل و قوم سے، اور نہ ہی کسی خاص مذہبی گروہ بندی سے۔ تم نے اپنے لیئے طرح طرح کی قومیتیں اور جغرافیائی اور نسلی حدبندیاں بنالی ہیں، لیکن تم خدا کی سچائی کیلیئے کوئی ایسا امتیاز نہیں گھڑھ سکتے۔ اُسکی نہ تو کوئی قومیت ہی، نہ نسل ہو، نہ جغرافیائی حدبندی ہو، نہ جماعتی حلقہ بندی۔ وہ خدا کے سورج کی طرح ہر جگہ چمکتی اور نوع انسانی کے ہر فرد کو روشنی بخشتی ہے۔ اگر تم خدا کی سچائی کی ڈھونڈھ میں ہو، تو اُسکو کسی ایک ہی گوشہ میں نہ ڈھونڈھو۔ وہ ہر جگہ نمودار ہوتی ہے، اور ہر عہد میں اپنا ظہور رکھتی ہے۔ تمہیں زمانوں کا، قوموں کا، وطنوں کا، زبانوں کا، اور طرح طرح کی گروہ بندیوں کا پرستار نہیں ہونا چاہیئے، بلکہ صرف خدا کا اور اُسکی عالمگیر سچائی کا پرستار ہونا چاہیئے۔ اُسکی سچائی جہاں کہیں بھی آئی ہو اور جس بھیس میں بھی آئی ہو، تمہاری متاع ہے، اور تم اُسکے وارث ہو!

چنانچہ اُس نے جابجا "تفریق بین الرسل" کی راہ کو انکار کی راہ قرار دیا ہے، اور ایمان کی راہ یہ بتلائی ہے کہ بلاتفریق سب کی تصدیق کیجائے۔ وہ کہتا ہے، یہاں راہیں صرف دو ہی ہیں۔ تیسری نہیں ہوسکتی۔ ایمان کی راہ یہ ہے کہ سب کو مانو۔ انکار کی راہ یہ ہے کہ سب کا یا کسی ایک کا انکار کرو۔ یہاں کسی ایک کا انکار بھی وہی حکم رکھتا ہے جو سب کے انکار کا ہے!

إِنَّ الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ وَيُرِيدُونَ أَن يُفَرِّقُوا بَيْنَ اللَّهِ وَرُسُلِهِ وَيَقُولُونَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَنَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَيُرِيدُونَ أَن يَتَّخِذُوا بَيْنَ ذَٰلِكَ سَبِيلًا ۝ أُولَٰئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ حَقًّا ۚ وَأَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ عَذَابًا مُّهِينًا ۝ وَالَّذِينَ آمَنُوا بِاللَّهِ وَرُسُلِهِ وَلَمْ يُفَرِّقُوا بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ أُولَٰئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيهِمْ أُجُورَهُمْ ۗ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ۝ (۴ : ۱۴۹)

جو لوگ اللہ اور اُس کے پیغمبروں سے برگشتہ ہیں، اور چاہتے ہیں، اللہ اور اُسکے رسولوں میں تفرقہ کریں (یعنی کسی کو خدا کا رسول مانیں کسی کو نہ مانیں)، اور کہتے ہیں، اِن میں سے بعض کو ہم مانتے ہیں، بعض کا انکار کرتے ہیں، اور پھر اس طرح چاہتے ہیں کہ کفر اور ایمان کے درمیان کوئی تیسرا راستہ اختیار کریں، تو یقین کرو، یہی لوگ ہیں کہ انکے کفر میں کوئی شک نہیں۔ اور جن لوگوں کی راہ کفر کی راہ ہے، تو اُن کے لیے رسواکن عذاب تیار ہے۔ لیکن جو لوگ اللہ اور اُسکے تمام پیغمبروں پر ایمان لائے اور کسی ایک پیغمبر کو بھی دوسروں سے جدا نہیں کیا (یعنی کسی ایک کی سچائی سے بھی انکار نہیں کیا) تو بلاشبہ یہی لوگ ہیں جنھیں عنقریب اللہ اُن کے اجر عطا فرمائے گا، اور وہ بڑا ہی بخشنے والا مہربان ہے!

سورۂ بقرہ میں جو سورۂ فاتحہ کے بعد قرآن کی پہلی سورۃ ہی، سچے مومنوں کی راہ یہ بتلائی ہی:

وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ وَبِالْآخِرَةِ

اور وہ لوگ جو اُس سچائی پر ایمان لائے جو پیغمبر اسلام پر نازل ہوئی ہے اور اُن تمام سچائیوں پر جو اُن سے پہلے (دنیا میں) نازل ہوچکی ہیں اور نیز

هُمۡ يُوۡقِنُوۡنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنۡ رَّبِّهِمۡ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ (۲ : ۲)

آخرت کی زندگی پر بھی یقین رکھتے ہیں۔ سو یہی لوگ ہیں جو اپنے پروردگار کی ٹھہرائی ہوئی ہدایت پر ہیں، اور یہی ہیں جنہوں نے فلاح پائی۔

وہ کہتا ہے، اگر تمہیں اس بات سے انکار نہیں کہ تمام کارخانہ ہستی کا خالق ایک ہی خالق ہے اور اُسی کی پروردگاری یکساں طور پر، ہر مخلوق کو پرورش کر رہی ہے۔ تو پھر تمہیں اس بات سے کیوں انکار ہو کہ اسکی روحانی سچائی کا قانون بھی ایک ہی ہے اور وہ ایک ہی طرح پر تمام نوعِ انسانی کو دیا گیا ہے؟ وہ کہتا ہے تم سب کا پروردگار ایک ہی، تم سب ایک ہی خدا کے نام لیوا ہو، تم سب کے رہنماؤں نے تمہیں ایک ہی راہ دکھلائی ہے۔ پھر یہ کیسی گمراہی کی انتہا اور عقل کی موت ہے کہ رشتہ ایک ہے، مقصد ایک ہی، راہ ایک ہی، لیکن ہر گروہ دوسرے گروہ کا دشمن ہے، اور ہر انسان دوسرے انسان سے متنفر۔ اور پھر یہ تمام جنگ و نزاع کس کے نام پر کی جارہی ہے؟ اُسی خدا کے نام پر، اور اُسی خدا کے دین کے نام پر، جس نے سب کو ایک ہی چوکھٹ پر جھکایا تھا، اور سب کو ایک ہی رشتہ اخوت میں جکڑ دیا تھا؟

قُلۡ يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ هَلۡ تَنۡقِمُوۡنَ مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنۡ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡنَا وَمَاۤ اُنۡزِلَ مِنۡ قَبۡلُ ۙ وَاَنَّ اَكۡثَرَكُمۡ فٰسِقُوۡنَ ۝ (۵ : ۶۴)

ان لوگوں سے کہو کہ اے اہلِ کتاب! تم جو ہماری مخالفت میں کمربستہ ہوگئے ہو تو بتلاؤ، اسکے سوا ہمارا جرم کیا ہے کہ ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں، اور جو کچھ ہم پر نازل ہوا ہے اور جو کچھ ہم سے پہلے نازل ہو چکا ہے اُس پر ایمان رکھتے ہیں؟ (پھر کیا خدا پرستی اور خدا کے رسولوں کی تصدیق تمہارے نزدیک جرم اور عیب ہے؟ افسوس تم پر!) تم میں اکثر ایسے ہی ہیں جو راہِ حق سے یکسر برگشتہ ہیں!

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّىۡ وَرَبُّكُمۡ فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ (۱۹ : ۳۶)

دیکھو، خدا تو میرا اور تمہارا، دونوں کا پروردگار ہے۔ پس اُسی کی بندگی کرو۔ یہی دین کی سیدھی راہ ہے!

قُلۡ اَتُحَآجُّوۡنَنَا فِى اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمۡ ۚ وَلَنَاۤ اَعۡمَالُنَا وَلَكُمۡ اَعۡمَالُكُمۡ ۚ وَنَحۡنُ لَهٗ مُخۡلِصُوۡنَ ۝ (۲ : ۱۳۹)

(اے پیغمبر ان سے) کہو، کیا تم خدا کے بارے میں ہم سے جھگڑا کرتے ہو حالانکہ ہمارا اور تمہارا، دونوں کا پروردگار وہی ہو۔ اور ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں۔ تمہارے لیے تمہارے اعمال (یعنی ہر انسان کو اُسکے عمل کے مطابق نتیجہ ملنا ہو۔ پھر اس بارے میں جھگڑا کیوں ہو؟)

یہ بات یاد رکھنی چاہیئے کہ قرآن میں جہاں کہیں اس طرح کے مخاطبات ہیں، جیسا کہ آیات مندرجہ صدر میں ہے: اِنَّ اللّٰهَ رَبِّىۡ وَرَبُّكُمۡ۔ اللہ ہمارا اور تمہارا دونوں کا پروردگار ہے۔ یا اِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمۡ

وَاحِدٌ۔ "ہمارا اور تمہارا، دونوں کا خدا ایک ہی ہے" یا اَتُحَآجُّوْنَنَا فِی اللّٰہِ وَھُوَ رَبُّنَا وَرَبُّکُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَکُمْ اَعْمَالُکُمْ " کیا تم خدا کے بارے میں ہم سے جھگڑا کرتے ہو حالانکہ ہمارا تمہارا، سب کا پروردگار ہی ہے اور ہمارے لیئے ہمارے عمل ہیں تمہارے لیئے تمہارے"۔ تو ان تمام مخاطبات سے مقصود اسی حقیقت پر زور دینا ہے۔ یعنی جب سب کا پروردگار ایک ہی، اور ہر انسان کے لیئے ویسا ہی نتیجہ ہی جیسا اُسکا عمل ہی، تو پھر خدا اور مذہب کے نام پر یہ عالمگیر جنگ و جدال کیوں برپا ہے؟ وہ بار بار کہتا ہے، میری تعلیم اسکے سوا کچھ نہیں ہے کہ خدا پرستی اور نیک عملی کیطرف بلاتا ہوں۔ میں کسی مذہب کو نہیں جھٹلاتا، میں کسی رہنما سے انکار نہیں کرتا۔ "سب کی یکساں تصدیق" اور "سب کی مشترکہ اور متفقہ تعلیم" میرا دستور العمل ہے۔ پھر میرے خلاف تمام پیروانِ مذاہب نے کیوں اعلانِ جنگ کر دیا ہے؟

اور یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، اُس نے کسی مذہب کے پیرو سے بھی یہ مطالبہ نہیں کیا کہ وہ کوئی نیا عقیدہ یا نیا اُصول قبول کرلے، بلکہ ہر گروہ سے یہی مطالبہ کرتا ہے کہ اپنے اپنے مذہب کی حقیقی تعلیم پر سچائی کے ساتھ کاربند ہو جائے۔ وہ کہتا ہے، اگر تم نے ایسا کر لیا، تو میرا کام پورا ہو گیا، کیونکہ میرا پیام کوئی نیا پیام نہیں ہے۔ وہی قدیم اور عالمگیر پیام ہے جو تمام بانیانِ مذاہب دے چکے ہیں:

قُلْ یٰٓاَھْلَ الْکِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰی شَیْءٍ حَتّٰی تُقِیْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِیْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکُمْ مِّنْ رَّبِّکُمْ ۭ وَلَیَزِیْدَنَّ کَثِیْرًا مِّنْھُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ طُغْیَانًا وَّکُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ ھَادُوْا وَالصّٰبِئُوْنَ وَالنَّصٰرٰی مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝ (۵: ۷۳)	اے اہل کتاب! جبتک تم تورات اور انجیل پر اور اُن تمام صحیفوں پر جو تم پر نازل ہوئے ہیں، ٹھیک ٹھیک کاربند نہ ہو جاؤ، اُس وقت تک تمہارے پاس دین میں سے کچھ بھی نہیں ہے، اور (اے پیغمبر) تمہارے پروردگار کی طرف سے جو کچھ تم پر نازل ہوا ہی (بجائے اسکے کہ یہ لوگ اُس سے ہدایت حاصل کریں تم دیکھو گے کہ) ان میں سے بہتوں کا کفر و طغیان اسکی وجہ سے اور زیادہ بڑھ جائیگا، تو جن لوگوں نے (راست بازی کی جگہ) انکار حق کی راہ اختیار کر لی ہو (وہ کبھی ماننے والے نہیں) تم انکی حالت پر بیکار کو غم نہ کھاؤ! جو لوگ تم پر ایمان لائے ہیں، جو یہودی ہیں، جو صابی ہیں، جو نصاریٰ ہیں، (یہ ہوں یا کوئی ہو، خدا کا قانون یہ ہو کہ) جو کوئی بھی اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لائے اور اسکے عمل بھی نیک ہوں، تو اُسکے لیئے نہ تو کسی طرح کا خوف ہو اور نہ کسی طرح کی غمگینی!

یہی وجہ ہے کہ قرآن نے اُن راست باز انسانوں کے ایمان و عمل کا پوری فراخ دلی کے ساتھ اعتراف کیا ہے، جو نزولِ قرآن کے وقت مختلف مذاہب میں موجود تھے، اور جنہوں نے اپنے مذہبوں کی حقیقی روح ضلالت

نہیں کی تھی۔ البتہ وہ کہتا ہے، ایسے لوگوں کی تعداد بہت ہی کم ہے۔ غالب تعداد اُنہی لوگوں کی ہے جنہوں نے دینِ الٰہی کی اعتقادی اور عملی حقیقت یک قلم ضائع کر دی ہے:

لَيْسُوْا سَوَآءً ۭ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَاۗىِٕمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَاۗءَ الَّيْلِ وَھُمْ يَسْجُدُوْنَ ۝ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ۝
(۳ : ۱۱۱)

یہ بات نہیں ہے کہ سب ایک ہی طرح کے ہوں۔ انہی اہل کتاب میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ اصل دین پر قائم ہیں۔ وہ راتوں کو اٹھ اٹھ کر اللہ کے کلام کی تلاوت کرتے ہیں اور انکے سر اسکے سامنے جھکے ہوئے ہیں! وہ اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں، نیکی کا حکم دیتے ہیں، برائی سے روکتے ہیں، نیکی کی راہوں میں تیز گام ہیں، اور بلاشبہ نیک انسانوں میں سے ہیں۔ اور (یاد رکھو) یہ لوگ جو کچھ بھی نیکی کرتے ہیں، تو ہرگز ایسا نہیں ہوگا کہ اسکی قدر نہ کی جائے (اور وہ رائیگاں جائے) اللہ کے علم سے انسانوں کا حال مخفی نہیں ہے۔ وہ جانتا ہے کہ کون پرہیزگار ہے (کون نہیں ہے!)

مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ۭ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَاۗءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ۝
(۵ : ۷۱)

اُن میں ایک گروہ ایسے لوگوں کا ہے جو میانہ رو ہیں، لیکن بڑی تعداد ایسے لوگوں کی ہے کہ جو کچھ بھی کرتے ہیں، بہت ہی برا کرتے ہیں!

یہ جو قرآن جا بجا اس بات پر زور دیتا ہے کہ وہ پچھلی آسمانی کتابوں کی تصدیق کرنے والا ہے۔ جھٹلانے والا نہیں ہے، اور اہل کتاب سے بار بار کہتا ہے: وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ (۲: ۳۸) اُس کتاب پر ایمان لاؤ جو تمہاری کتاب کی تصدیق کرتی ہوئی نمایاں ہوئی ہے، تو اس سے مقصود بھی اسی حقیقت پر بھی زور دینا ہے۔ یعنی جب میری تعلیم تمہارے مقدس نوشتوں کے خلاف کوئی نئی بات پیش نہیں کرتی، اور نہ اُن سے تمہیں منحرف کرانا چاہتی ہے، بلکہ سرتاسر اُنکی مصدق اور مؤید ہے، تو پھر تم میں اور مجھ میں نزاع کیوں ہو؟ کیوں تم میرے خلاف اعلانِ جنگ کرو؟

اور پھر یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، اس نے نیکی کے لئے "معروف" کا اور برائی کے لئے "منکر" کا لفظ اختیار کیا ہے۔ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ (۳۱: ۱۶) معروف "عرف" سے ہے، جس کے معنی پہچاننے کے ہیں۔ پس "معروف" وہ بات ہوئی جو جانی پہچانی ہوئی بات ہو۔ "منکر" کے معنی انکار کرنے کے ہیں۔ یعنی ایسی بات جس سے عام طور پر انکار کیا گیا ہو۔ پس قرآن نے نیکی اور برائی کے لئے یہ الفاظ اس لئے اختیار کئے کہ وہ کہتا ہے، دنیا میں عقائد و افکار کا کتنا ہی اختلاف ہو لیکن کچھ باتیں ایسی ہیں

جن کے اچھے ہونے پر سب کا اتفاق ہے، اور کچھ باتیں ایسی ہیں، جنکے بُرے ہونے پر سب متفق ہیں۔ مثلاً اِس بات میں سب کا اتفاق ہے کہ سچ بولنا اچھا ہے۔ جھوٹ بولنا بُرا ہے۔ اسمیں سب کا اتفاق ہے کہ دیانت داری اچھی بات ہے۔ بددیانتی بُرائی ہے۔ اِس سے کسی کو اختلاف نہیں کہ ماں باپ کی خدمت، ہمسا سے سلوک، مسکینوں کی خبر گیری، مظلوم کی دادرسی، انسان کے اچھے اعمال ہیں، اور ظلم اور بدسلوکی بُرے اعمال ہیں۔ گویا یہ وہ باتیں ہوئیں، جن کی اچھائی عام طور پر جانی بوجھی ہوئی ہے، اور جنکے خلاف جانا عام طور پر قابل انکار و اعتراض ہے۔ دنیا کے تمام مذاہب، دنیا کے تمام اخلاق، دنیا کی تمام حکمتیں، دنیا کی تمام جماعتیں دوسری باتوں میں کتنا ہی اختلاف رکھتی ہوں، لیکن جہاں تک اِن اعمال کا تعلق ہے، سب ہم آہنگ، ہم رائے ہیں!

قرآن کہتا ہے، یہ اعمال جن کی اچھائی عام طور پر نوع انسانی نے جانی بوجھی ہوئی ہے، دین الٰہی کے مطلوبہ اعمال ہیں۔ اِسی طرح وہ اعمال جن سے عام طور پر انکار کیا گیا ہے، اور جن کی بُرائی پر تمام مذاہب متفق ہیں، دین الٰہی کے ممنوعہ اعمال ہیں۔ یہ بات چونکہ دین کی اصل حقیقت تھی، اسلئے اسمیں اختلاف نہ ہوسکا، اور مذہبی گروہوں کی بے شمار گمراہیوں اور حقیقت فراموشیوں پر بھی ہمیشہ معلوم و مسلّم رہی۔ اِن اعمال کی اچھائی اور بُرائی پر نوع انسانی کے تمام عہدوں، تمام مذہبوں، اور تمام قوموں کا عالمگیر اتفاق، اُن کی الہامی اصلیت پر ایک بہت بڑی دلیل ہے۔ پس جہاں تک اعمال کا تعلق ہے، مَیں انہی باتوں کے کرنے کا حکم دیتا ہوں، جن کی اچھائی عام طور پر جانی بوجھی ہوئی ہے۔ اور اُنہی باتوں سے روکتا ہوں جن سے عام طور پر نوع انسانی نے انکار کیا ہے۔ یعنی مَیں **معروف** کا حکم دیتا ہوں **منکر** سے روکتا ہوں۔ پس جب میری دعوت کا یہ حال ہے، تو پھر کسی انسان کو بھی جسے نیکی اور راستی سے اختلاف نہیں، کیوں مجھ سے اختلاف ہو؟

وہ کہتا ہے، یہی راہِ عمل، نوع انسانی کے لیے خدا کا ٹھہرایا ہوا فطری دین ہے، اور فطرت کے قوانین میں کبھی تبدیلی نہیں ہوسکتی۔ یہی "**الدّین القیّم**" ہے۔ یعنی سیدھا اور درست دین جس میں کسی طرح کی کجی اور خامی نہیں۔ یہی "دین حنیف" ہے جس کی دعوت حضرت ابراہیم نے دی تھی۔ اِسی کا نام میری اصطلاح میں "**الاسلام**" ہے۔ یعنی خدا کے ٹھہرائے قوانین کی فرمانبرداری:

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا	دین کی راہ میں ہر طرف سے مُنہ پھیر کر صرف ایک خدا ہی کی طرف رُخ کرلو
فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۭ	یہی خدائی بناوٹ ہے جس پر اُس نے انسان کو پیدا کیا ہے۔ اللہ کی بناوٹ کیلئے
لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ الدِّيْنُ	کبھی تبدیلی نہیں۔ یہی دین کا سیدھا راستہ ہے، لیکن اکثر انسان ایسے ہیں جو

الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ٥ مُنِيْبِيْنَ اِلَيْهِ وَاتَّقُوْهُ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ٥ مِنَ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا شِيَعًا ؕ كُلُّ حِزْبٍۢ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ٥	نہیں جانتے (دیکھو) اُسی (ایک خدا) کی طرف متوجہ رہو۔ اُس کی نافرمانی سے بچو، نماز قائم کرو، اور مشرکوں میں سے نہ ہو جاؤ جنہوں نے اپنے دین کے ٹکڑے ٹکڑے کرکے جدا جدا گروہ بندیاں کرلیں۔ ہر گروہ کے پاس جو کچھ ہے، وہ اسی میں مگن ہے!

(۳۰ : ۳۰-۳۱-۳۲)

وہ کہتا ہے، خدا کا ٹھہرایا ہوا دین جو کچھ ہے وہ یہی ہے۔ اس کے سوا جو کچھ بنا لیا گیا ہے وہ انسانی گروہ بندیوں کی گمراہیاں ہیں۔ پس اگر تم خدا پرستی کی اصل پر جو تم سب کے یہاں اصل دین ہے، جمع ہو جاؤ، اور خودساختہ گمراہیوں سے باز آجاؤ، تو میرا مقصد پورا ہو گیا۔ میں اس سے زیادہ کچھ نہیں چاہتا:

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۫ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ٥ (۳ : ۱۸-۱۹)	اللہ کے نزدیک دین ایک ہی ہے، اور وہ الاسلام ہے، اور یہ جو اہل کتاب نے اختلاف کیا (اور ایک دین پر مجتمع رہنے کی جگہ یہودیت اور نصرانیت کی گروہ بندیوں میں بٹ گئے) تو یہ اسلیے ہوا کہ گو علم و حقیقت کی راہ اُن پر کھل چکی تھی، لیکن آپس کی ضد اور سرکشی سے اختلاف میں پڑ گئے۔ اور (یاد رکھو) جو کوئی اللہ کی آیتوں سے انکار کرتا ہے، تو اللہ (کا قانون مکافات بھی) حساب لینے میں سست رفتار نہیں! پھر اگر یہ لوگ تم سے اس بارے میں جھگڑا کریں، تو تم اُن سے کہو، میری اور میرے پیروؤں کی راہ تو یہ ہے کہ اللہ کے آگے سرِ اطاعت جھکا دینا، اور ہم نے سر جھکا دیا ہے۔ پھر اہل کتاب سے اور ان پڑھ لوگوں سے (یعنی مشرکین عرب سے) پوچھو، تم بھی اللہ کے آگے جھکتے ہو یا نہیں؟ (یعنی ساری باتیں جھگڑے کی چھوڑ دو، یہ بتلاؤ تمہیں خدا پرستی منظور ہے یا نہیں؟) اگر وہ جھک گئے تو (سارا جھگڑا ختم ہو گیا اور) انہوں نے راہ پالی، اگر روگردانی کریں، تو (پھر جن لوگوں کو خدا پرستی کی ایسی کھلی بات سے بھی انکار ہو، اُنسے بحث و نزاع کیا مفید ہو سکتی ہے؟) تمہارے ذمہ جو کچھ ہے، وہ یہی ہے کہ پیام حق پہنچا دو۔ (باقی سب کچھ اللہ پر چھوڑ دو،) اللہ کی نظروں سے بندوں کا حال پوشیدہ نہیں!

اُس نے دین کے لیے الاسلام کا لفظ اسی لیے اختیار کیا ہے کہ "اسلام" کے معنی کسی بات کے مان لینے اور فرماں برداری کرنے کے ہیں۔ وہ کہتا ہے دین کی حقیقت یہی ہے کہ خدا نے جو قانون سعادت انسان کے لیے ٹھہرا دیا ہے، اُسکی ٹھیک ٹھیک اطاعت کی جائے۔ وہ کہتا ہے، یہ کچھ انسان ہی کے لیے نہیں ہے، بلکہ تمام کائنات ہستی اسی اصل پر قائم ہے۔ سب کے بقاء و قیام کے لیے خدا نے کوئی نہ کوئی قانونِ عمل ٹھہرا دیا ہے، اور سب اُسکی اطاعت کر رہے ہیں۔ اگر ایک لمحہ کے لیے بھی روگردانی کریں، تو تمام کارخانۂ ہستی درہم برہم ہو جائے:

أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ۝ (۳ : ۸۲)

پھر کیا یہ لوگ چاہتے ہیں، اللہ کا ٹھہرایا ہوا دین چھوڑ کر کوئی دوسرا دین ڈھونڈھ نکالیں، حالانکہ آسمان اور زمین میں جس قدر بھی مخلوق ہے سب چاروناچار اسی کے (ٹھہرائے ہوئے قانونِ عمل کے) آگے جھکی ہوئی ہے اور (بالآخر) سب کو اُسی کی طرف لوٹنا ہے!

وہ جب کہتا ہے "الاسلام" کے سوا کوئی دین اللہ کے نزدیک مقبول نہیں، تو اسکا مطلب یہی ہوتا ہے کہ دینِ حقیقی کے سوا، جو ایک ہی ہے اور تمام رسولوں کی مشترک تعلیم ہے، انسانی ساخت کی کوئی گروہ بندی مقبول نہیں۔ سورۂ آلِ عمران میں جہاں یہ بات بیان کی ہے کہ دینِ حقیقی کی راہ تمام مذہبی رہنماؤں کی تصدیق اور پیروی کی راہ ہی، وہیں متصلاً یہ بھی کہدیا ہے:

وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِينًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ ۝ (۳ : ۸۴)

اور جو کوئی اسلام کے سوا (جو عالمگیر سچائی اور تصدیق کی راہ ہے) کوئی دوسرا دین چاہے گا، تو یاد رکھو، اُس کی راہ کبھی قبول نہ کی جائے گی، اور وہ آخرت میں دیکھے گا کہ اُسکی جگہ کمانے والوں میں نہیں بلکہ نقصان اُٹھانے والوں میں ہے!

اور اسی لیے وہ تمام پیروانِ دعوت کو بار بار متنبہ کرتا ہے کہ دین میں تفرقہ اور گروہ بندی سے بچیں، اور اُسی گمراہی میں پھر مبتلا نہ ہو جائیں جس سے قرآن نے نجات دلائی ہے۔ وہ کہتا ہے میری دعوت نے تمام انسانوں کو جو مذہب کے نام پر ایک دوسرے کے دشمن ہو رہے تھے، خداپرستی کی راہ میں اِس طرح جوڑ دیا، کہ ایک دوسرے کے جاں نثار بھائی بن گئے۔ ایک یہودی جو پہلے حضرت مسیحؑ کا نام سنتے ہی نفرت سے بھر جاتا تھا، ایک عیسائی جو ہر یہودی کے خون کا پیاسا تھا، ایک مجوسی جسکے نزدیک تمام غیر مجوسی ناپاک تھے، ایک عرب جو اپنے سوا سب کو انسانی شرف و محاسن سے تہی دست سمجھتا تھا ایک صابی جو یقین کرتا تھا کہ دنیا کی قدیم سچائی صرف اُسی کے حصے میں آئی ہے؛ ان سب کو دعوتِ قرآنی نے

ایک صف میں کھڑا کر دیا ہے، اور اب یہ سب ایک دوسرے سے نفرت کرنے کی جگہ، ایک دوسرے کے مذہبی رہنماؤں کی تصدیق کرتے، اور سب کی بتلائی ہوئی متفقہ راہِ ہدایت پر گامزن ہیں:

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا ص وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا ج وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ط كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ○ (۳:۹۸)

اور (دیکھو) سب مل جُلکر اللہ کی رسّی مضبوط پکڑ لو، اور جُدا جُدا نہ ہو، اللہ نے تم پر جو فضل و کرم کیا ہے، اُسے یاد کرو۔ تمہارا حال یہ تھا کہ ایک دوسرے کے دشمن ہو رہے تھے، لیکن اللہ نے تمہارے دلوں میں باہمدگر الفت پیدا کر دی، اور پھر ایسا ہوا کہ بھائی بھائی ہو گئے! اور (دیکھو) تمہارا تو یہ حال تھا، گویا آگ سے بھرا ہوا ایک گڑھا ہے اور اُسکے کنارے کھڑے ہو، لیکن اللہ نے تمہیں اس مصیبت سے بچا لیا (اور زندگی و کامرانی کی شاہ راہ پر پہنچا دیا) اللہ اسی طرح اپنی کارفرمائیوں کی نشانیاں تم پر واضح کرتا ہے، تاکہ ہدایت پاؤ (اور گمراہی سے محفوظ رہو)

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَ اخْتَلَفُوْا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ط وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ○ (۳:۱۰۱)

اور (دیکھو) اُن لوگوں کی سی چال اختیار نہ کر لینا جو (ایک دین پر قائم رہنے کی جگہ) جدا جدا ہو گئے اور اختلافات میں پڑ گئے، باوجودیکہ روشن دلیلیں اُنکے سامنے آچکی تھیں (یاد رکھو) یہ وہ لوگ ہیں جن کے لیے (کامیابی و فلاح کی جگہ) بڑا (بھاری) عذاب ہے!

وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا فَاتَّبِعُوْهُ ج وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ط ذٰلِكُمْ وَصّٰكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ○ (۶:۱۵۵)

اور (دیکھو) یہ میری راہ ہے، بالکل سیدھی راہ۔ پس اسی ایک راہ پر چلو اور طرح طرح کی راہوں کے پیچھے نہ پڑ جاؤ کہ وہ تمہیں خدا کی راہ سے ہٹا کر جُدا جُدا کر دیں گی۔ یہی بات ہے جس کا خدا تمہیں حکم دیتا ہے تاکہ تم (نافرمانی سے) بچو۔

قرآن اور اُسکے مخالفوں میں بنائے نزاع

اب چند لمحوں کے لیے اُس نزاع پر غور کرو جو قرآن اور اُسکے مخالفوں میں پیدا ہو گئی تھی۔ یہ مخالف کون تھے؟ پچھلے مذاہب کے پیرو تھے۔ جن میں سے بعض کے پاس کتاب تھی، بعض کے پاس نہ تھی۔

اچھا، بنائے نزاع کیا تھی؟

کیا یہ تھی کہ قرآن نے اُنکے بانیوں اور رہنماؤں کو جھٹلایا تھا، یا اُنکی مقدس کتابوں سے انکار

کیا تھا؟ اور اس لیئے وہ اسکی مخالفت میں کمربستہ ہو گئے تھے؟

کیا یہ تھی کہ اُس نے دعوٰی کیا تھا، خدا کی سچائی صرف میرے ہی حصّہ میں آئی ہے، اور تمام پیروانِ مذاہب کو چاہیئے، اپنے اپنے مذہبوں کی دعوت سے برگشتہ ہو جائیں؟

یا پھر اُس نے دین کے نام سے کوئی ایسی بات پیش کر دی تھی جو پیروانِ مذاہب کے لیئے بالکل نئی بات تھی، اور اسلیئے قدرتی طور پر انہیں ماننے میں تامل تھا؟

قرآن کے صفحے کھُلے ہوئے ہیں، اور اسکے نزول کی تاریخ بھی دنیا کے سامنے ہے۔ یہ دونوں ہیں بتلاتے ہیں کہ ان تمام باتوں میں سے کوئی بات بھی نہ تھی، اور نہ ہو سکتی تھی۔ اُس نے نہ صرف اُن تمام رہنماؤں کی تصدیق کی جنکے نام لیوا اُسکے سامنے تھے، بلکہ صاف صاف لفظوں میں کہدیا، مجھ سے پہلے جتنے بھی سچے اور مذاہب کے بانی آچکے ہیں، میں سب کی تصدیق کرتا ہوں، اور اُن میں سے کسی ایک کے انکار کو بھی خدا کی سچائی کا انکار سمجھتا ہوں۔ اُس نے کسی مذہب کے ماننے والے سے یہ مطالبہ نہیں کیا کہ وہ اپنے مذہب کی دعوت سے انکار کردے، بلکہ جب کبھی مطالبہ کیا تو یہی کیا کہ اپنے اپنے مذہبوں کی حقیقی تعلیم پر کاربند ہو جاؤ، کیونکہ تمام مذہبوں کی اصل تعلیم ایک ہی ہے۔ اُس نے نہ تو کوئی نیا اصول پیش کیا، نہ کوئی نیا عمل بتلایا۔ اس نے ہمیشہ انہیں باتوں پر زور دیا جو دنیا کے تمام مذاہب کی سب سے زیادہ جانی بوجھی ہوئی باتیں رہی ہیں، یعنی ایک پروردگارِ عالم کی پرستش، اور نیک عملی کی زندگی! اُس نے جب کبھی لوگوں کو اپنی طرف دعوت دی ہے تو یہی کہا ہے، اپنے اپنے مذہبوں کی حقیقی تعلیم از سرِ نو تازہ کرلو۔ تمہارا ایسا کرنا ہی مجھے قبول کر لینا ہے۔

سوال یہ ہے کہ جب قرآن کی دعوت کا یہ حال تھا، تو پھر آخر اُسمیں اور اُسکے مخالفوں میں وجہ نزاع کیا تھی؟ ایک شخص جو کسی کو بُرا نہیں کہتا۔ سب کو مانتا اور سب کی تعظیم کرتا ہے، اور ہمیشہ انہی باتوں کی تلقین کرتا ہے جو سب کے یہاں مانی ہوئی ہیں، کوئی اُس سے لڑے تو کیوں لڑے؟ اور کیوں لوگوں کو اُس کا ساتھ دینے سے انکار ہو؟

کہا جا سکتا ہے کہ قریش مکّہ کی مخالفت اس بنا پر تھی کہ قرآن نے بُت پرستی سے انکار کر دیا تھا: اور وہ بُت پرستی کے طریقوں سے مالوف ہو چکے تھے؛ بلاشبہ ایک وجہ نزاع یہ بھی ہے، لیکن صرف یہی وجہ نزاع نہیں ہو سکتی۔ سوال یہ ہے کہ یہودیوں نے کیوں مخالفت کی جو بُت پرستی سے قطعاً کنارہ کش تھے عیسائی کیوں برسرِ پیکار ہو گئے جنہوں نے کبھی بُت پرستی کی حمایت کا دعوٰی نہیں کیا؟

اصل یہ ہے کہ پیروانِ مذاہب کی مخالفت اسلیئے نہ تھی کہ وہ اُنہیں جھٹلاتا کیوں ہے۔ بلکہ اسلیئے تھی کہ جھٹلاتا کیوں نہیں؟ ہر مذہب کا پیرو چاہتا تھا کہ وہ صرف اُسی کو سچا کہے۔ باقی سب کو جھٹلائے۔ اور چونکہ وہ

یکساں طور پر سب کی تصدیق کرتا تھا، اسلیئے کوئی بھی اُس سے خوش نہیں ہو سکتا تھا۔ یہودی اِس بات سے تو بہت خوش تھے کہ قرآن حضرت موسٰیؑ کی تصدیق کرتا ہے۔ لیکن وہ صرف اتنا ہی نہیں کرتا تھا۔ وہ حضرت مسیحؑ کی بھی تصدیق کرتا تھا، اور یہیں آکر اُسمیں اور یہودیوں میں نزاع شروع ہو جاتی تھی۔ عیسائیوں کو اسپر کیا اعتراض ہو سکتا تھا کہ حضرت مسیحؑ اور حضرت مریمؑ کی پاکی و صداقت کا اعلان کیا جائے؟ لیکن قرآن صرف اتنا ہی نہیں کرتا تھا، وہ یہ بھی کہتا تھا کہ نجات کا دارومدار عمل پر ہے نہ کہ کفارہ اور اصطباغ پر، اور قانونِ نجات کی یہ عالمگیر وسعت عیسائی کلیسا کے لیئے ناقابلِ برداشت تھی۔

اسی طرح قریش مکہ کے لیئے اس سے بڑھکر کوئی دلخوش کن صدا نہیں ہو سکتی تھی کہ حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمٰعیلؑ کی بزرگی کا اعتراف کیا جائے، لیکن جب وہ دیکھتے تھے کہ قرآن جس طرح ان دونوں کی بزرگی کا اعتراف کرتا ہے، اُسی طرح یہودیوں کے پیغمبروں کی بزرگی و رہنمائی کے داعی کا بھی معترف ہو، تو اُن کے نسلی اور جاعتی غرور کو ٹھیس لگتی تھی۔ وہ کہتے تھے، ایسے لوگ حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسمٰعیلؑ کے پیرو کیونکر ہو سکتے ہیں، جو اُنکی بزرگی اور صداقت کی صف میں دوسروں کو بھی لا کھڑا کرتے ہیں؟

مختصراً یوں سمجھنا چاہیئے کہ قرآن کے تین اصول ایسے تھے، جو اُس میں اور تمام پیروانِ مذاہب میں وجہ نزاع ہو گئے:

(۱) وہ مذہبی گروہ بندی کی روح کا مخالف تھا، اور دین کی وحدت یعنی ایک ہونے کا اعلان کرتا تھا۔ اگر پیروانِ مذاہب یہ مان لیتے، تو اُنھیں تسلیم کر لینا پڑتا کہ دین کی سچائی کسی ایک ہی گروہ کے حصہ میں نہیں آئی ہے۔ سب کو یکساں طور پر ملی ہے، لیکن یہی ماننا اُنکی گروہ پرستی پر شاق گزرتا تھا۔

(۲) قرآن کہتا تھا، نجات اور سعادت کا دارومدار عمل پر ہے۔ نسل، قوم، گروہ بندی اور ظاہری رسم ریت پر نہیں ہے۔ اگر یہ اصل وہ تسلیم کر لیتے، تو پھر نجات کا دروازہ بلا امتیاز، تمام نوعِ انسانی پر کھل جاتا، اور کسی ایک مذہبی حلقہ کی ٹھیکیداری باقی نہ رہتی۔ لیکن اس بات کے لیئے اُن میں سے کوئی بھی تیار نہ تھا۔

(۳) وہ کہتا تھا، اصل دین خدا پرستی ہے، اور خدا پرستی یہ ہے کہ ایک خدا کی براہ راست پرستش کی جائے، لیکن دنیا کے تمام مذہبی گروہوں نے کسی نہ کسی شکل میں شرک و بت پرستی کے طریقے اختیار کر لیئے تھے۔ اور گو انہیں اس سے انکار نہ تھا کہ اصل دین خدا پرستی ہی ہے اور خدا ایک ہی ہے، لیکن یہ

بات شاق گزرتی تھی کہ اپنے مالوف و معتاد طریقوں سے دست بردار ہو جائیں۔

خلاصۂ بحث | متذکرۂ صدر تفصیلات کا ماحصل حسبِ ذیل دفعات میں بیان کیا جا سکتا ہے:

(۱) نزولِ قرآن کے وقت دنیا کا مذہبی تخیل اس سے زیادہ وسعت نہیں رکھتا تھا کہ نسلوں، خاندانوں، اور قبیلوں کی معاشرتی حد بندیوں کی طرح، مذہب کی بھی ایک خاص گروہ بندی کر لی گئی تھی۔ ہر گروہ بندی کا آدمی سمجھتا تھا، دین کی سچائی صرف اُسی کے حصہ میں آئی ہے۔ جو انسان اس کی مذہبی حد بندی میں داخل ہے، نجات یافتہ ہے، جو داخل نہیں ہے، نجات سے محروم ہے۔

(۲) ہر گروہ کے نزدیک مذہب کی اصل و حقیقت محض اُسکے ظاہری اعمال و رسوم تھے۔ جونہی ایک انسان انہیں اختیار کر لیتا، یقین کیا جاتا کہ نجات و سعادت اُسے حاصل ہوگئی۔ مثلاً عبادت کی شکل و طریقہ، قربانیوں کے رسوم و عوائد، کسی خاص طعام کا کھانا یا نہ کھانا، کسی خاص وضع و قطع کا اختیار کرنا یا نہ کرنا۔

(۳) چونکہ یہ اعمال و رسوم ہر مذہب میں الگ الگ تھے۔ اسلیئے ہر مذہب کا پیرو یقین کرتا تھا کہ دوسرا مذہب مذہبی صداقت سے خالی ہے۔ کیونکہ اُسکے اعمال و رسوم ویسے نہیں ہیں، جیسے خود اُس نے اختیار کر رکھے ہیں۔

(۴) ہر مذہبی گروہ کا دعویٰ صرف یہی نہ تھا کہ وہ سچا ہے، بلکہ یہ بھی تھا کہ دوسرا جھوٹا ہے۔ نتیجہ یہ تھا کہ ہر گروہ صرف اتنے ہی پر قانع نہیں رہتا کہ اپنی سچائی کا اعلان کرے، بلکہ یہ بھی ضروری سمجھتا کہ دوسروں کے خلاف تعصب و نفرت پھیلائے۔ اِس صورتِ حال نے نوعِ انسانی کو ایک دائمی جنگ و جدال کی حالت میں مبتلا کر رکھا تھا۔ مذہب اور خدا کے نام پر ہر گروہ دوسرے گروہ سے نفرت کرتا اور اُسکا خون بہانا جائز سمجھتا۔

(۵) لیکن قرآن نے نوعِ انسانی کے سامنے مذہب کی عالمگیر سچائی کا اصول پیش کیا:

(الف) اُس نے نہ صرف یہی بتلایا کہ ہر مذہب میں سچائی ہے، بلکہ صاف صاف کہدیا کہ تمام مذاہب سچے ہیں۔ اُس نے کہا کہ دین خدا کی عالم بخشش ہے، اِس لیئے ممکن نہیں کہ کسی ایک قوم اور جماعت ہی کو دیا گیا ہو، اور دوسروں کا اِس میں کوئی حصہ نہ ہو۔

(ب) اُس نے کہا، خدا کے تمام قوانینِ فطرت کی طرح انسان کی روحانی سعادت کا قانون بھی ایک ہی ہے، اور سب کے لیئے ہے۔ پس پیروانِ مذاہب کی سب سے بڑی گمراہی

یہ ہے کہ اُنھوں نے دینِ الٰہی کی وحدت فراموش کرکے الگ الگ گروہ بندیاں کرلی ہیں، اور ہر گروہ بندی دوسری گروہ بندی سے لڑرہی ہے۔

(ج) اُس نے بتلایا کہ خدا کا دین اسلیئے تھا کہ نوعِ انسانی کا تفرقہ اور اختلاف دفع ہو۔ اِس لیئے نہ تھا کہ تفرقہ و نزاع کی ایک علّت بن جائے۔ پس اِس سے بڑھکر گمراہی اور کیا ہوسکتی ہے کہ جو چیز تفرقہ دور کرنیکے لیے آئی تھی، اُسی کو تفرقہ کی بنیاد بنالیا ہے؟

(د) اُس نے بتلایا کہ ایک چیز دین ہے۔ ایک شرع و منہاج ہے۔ دین ایک ہی ہے، اور ایک ہی طرح پر سب کو دیا گیا ہے۔ البتہ شرع و منہاج میں اختلاف ہوا، اور یہ اختلاف ناگزیر تھا۔ کیونکہ ہر عہد اور ہر قوم کی حالت یکساں نہ تھی، اور ضروری تھا کہ جیسی جس کی حالت ہو، ویسے ہی احکام و اعمال اُسکے لیئے اختیار کیئے جائیں۔ پس شرع و منہاج کے اختلاف سے اصل دین مختلف نہیں ہو جاسکتے۔ تم نے دین کی حقیقت تو فراموش کردی ہے۔ محض شرع و منہاج کے اختلاف پر ایک دوسرے کو جھٹلا رہے ہو۔

(ھ) اُس نے بتلایا کہ تمہاری مذہبی گروہ بندیوں اور اُنکے ظواہر و رسوم کو انسانی نجات و سعادت میں کوئی دخل نہیں۔ یہ گروہ بندیاں تمہاری بنائی ہوئی ہیں۔ ورنہ خدا کا ٹھہرایا ہوا دین تو ایک ہی ہے۔ وہ دین حقیقی کیا ہے؟ وہ کہتا ہے: ایک خدا کی پرستش اور نیک عملی کی زندگی۔ جو انسان بھی ایمان اور نیک عملی کی راہ اختیار کرے گا، اُسکے لیئے نجات ہے، خواہ وہ تمہاری گروہ بندیوں میں داخل ہو یا نہ ہو۔

(و) اُس نے صاف صاف لفظوں میں اعلان کردیا کہ اُسکی دعوت کا مقصد اِسکے سوا کچھ نہیں ہے کہ تمام مذاہب اپنی مشترک اور متفقہ سچائی پر جمع ہوجائیں۔ وہ کہتا ہے، تمام مذاہب سچے ہیں، لیکن پیروانِ مذاہب سچائی سے منحرف ہوگئے ہیں۔ اگر وہ اپنی فراموش کردہ سچائی از سرِ نو اختیار کرلیں، تو میرا کام پورا ہوگیا اور اُنھوں نے مجھے قبول کرلیا۔ تمام مذاہب کی یہی مشترک اور متفقہ سچائی ہے جسے وہ "الدّین" اور "الاسلام" کے نام سے پکارتا ہے۔

(ز) وہ کہتا ہے، خدا کا دین اسلیئے نہیں ہے کہ ایک انسان دوسرے انسان سے

نفرت کرے، بلکہ اسلیئے ہو کہ ہر انسان دوسرے سے محبت کرے، اور سب ایک ہی
پروردگار کے رشتۂ عبودیت میں بندھ کر ایک ہوجائیں۔ وہ کہتا ہے، جب سب کا
پروردگار ایک ہی، جب سب کا مقصود اُسی کی بندگی ہے، جب ہر انسان کیلیئے وہی
ہونا ہے، جیسا اُس کا عمل ہی، تو پھر خدا اور مذہب کے نام پر یہ تمام جنگ و نزاع کیوں ہو؟

(۶) مذاہب عالم کا اختلاف صرف اختلاف ہی کی حد تک نہیں رہا ہی، بلکہ باہمی نفرت و مخاصمت کا
ذریعہ بن گیا ہی۔ سوال یہ ہی کہ یہ مخاصمت کیونکر دور ہو؟ یہ تو ہو نہیں سکتا کہ تمام پیروان مذاہب اپنے
دعوے میں سچے مان لیئے جائیں، کیونکہ ہر مذہب کا پیرو صرف اِسی بات کا مدعی نہیں ہے کہ وہ سچا ہی
بلکہ اسکا بھی مدعی ہے کہ دوسرے جھوٹے ہیں۔ پس اگر اُنکے دعادی مان لیئے جائیں تو تسلیم کرنا پڑیگا
کہ ہر مذہب بہ یک وقت سچا بھی ہے اور جھوٹا بھی ہے۔ یہ بھی نہیں ہو سکتا کہ سب کو جھوٹا قرار دیا جائے
کیونکہ اگر تمام مذاہب جھوٹے ہیں تو پھر مذہب کی سچائی ہے کہاں؟ پس اگر کوئی صورت رفع نزاع کی
ہو سکتی ہے، تو وہ وہی ہے جس کی دعوت لیکر قرآن نمودار ہوا ہے۔ تمام مذاہب سچے ہیں کیونکہ اصل
دین ایک ہی ہے اور وہ سب کو دیا گیا ہے، لیکن تمام پیروان مذاہب سچائی سے منحرف ہو گئے ہیں کیونکہ
انھوں نے دین کی حقیقت اور وحدت ضائع کر دی ہے، اور اپنی گمراہیوں کی الگ الگ ٹولیاں بنالی
ہیں۔ اگر ان گمراہیوں سے لوگ باز آجائیں، اور اپنے اپنے مذہب کی حقیقی تعلیم پر کاربند ہوجائیں، تو
مذاہب کی تمام نزاعات ختم ہو جائیں گی۔ ہر گروہ دیکھ لیگا کہ اُسکی راہ بھی اصلاً وہی ہے، جو اور تمام گروہوں
کی راہ ہے۔ قرآن کہتا ہے، تمام مذاہب کی یہی مشترک اور متفقہ حقیقت "الدین" ہی۔ یعنی نوع انسانی
کے لیے حقیقی دین۔ اور اسی کو وہ "الاسلام" کے نام سے پکارتا ہے!

(۷) نوع انسانی کی باہمی یگانگت اور اتحاد کے جتنے رشتے بھی ہو سکتے تھے، سب انسان کے
ہاتھوں ٹوٹ چکے۔ سب کی نسل ایک تھی، مگر ہزاروں نسلیں ہو گئیں۔ سب کی قومیت ایک تھی، مگر بے شمار
قومیتیں بن گئیں۔ سب کی وطنیت ایک تھی، لیکن سیکڑوں وطنیتوں میں بٹ گئے۔ سب کا درجہ ایک تھا،
لیکن امیر و فقیر، شریف و وضیع، اور ادنیٰ و اعلیٰ کے بہت سے درجے ٹھہرا لیئے گئے۔ ایسی حالت میں کون سا
رشتہ ہے جو ان تمام تفرقوں پر غالب آسکتا ہی اور تمام انسان ایک ہی صف میں کھڑے ہو جاسکتے ہیں؟ قرآن
کہتا ہے کہ خدا پرستی کا رشتہ۔ یہی ایک رشتہ ہی جو انسانیت کا بچھڑا ہوا گھرانا پھر آباد کر دے سکتا ہی۔ یہ
اعتقاد کہ ہم سب کا پروردگار ایک ہی پروردگار ہی اور ہم سب کے سر اُسی ایک کی چوکھٹ پر جھکے ہوئے ہیں یک جہتی
و یگانگت کا ایسا جذبہ پیدا کر دیتا ہی، کہ ممکن نہیں انسان کے بنائے ہوئے تفرقے اُسپر غالب آسکیں۔

صراط مستقیم

چنانچہ اسی بنا پر سورۂ فاتحہ میں جس دعا کی تلقین کی گئی وہ "صراطِ مستقیم" پر چلنے کی طلبگاری ہے۔ "صراط" کے معنی راہ کے ہیں، اور "مستقیم" کے سیدھا ہونے کے۔ پس "صراط مستقیم" ایسی راہ ہوئی جو سیدھی ہو۔ کسی طرح کا پیچ و خم نہو۔ پھر اس راہ کی پہچان یہ بتلائی کہ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ یعنی اُن لوگوں کی راہ جن پر خدا کا انعام ہُوا۔ اُن کی راہ نہیں جو مغضوب ہوئے، نہ اُن کی جو گمراہ ہیں۔

یہ انعام یافتہ انسان کون ہیں جن کی راہ سیدھی راہ ہوئی؟ قرآن نے جابجا واضح کیا ہے کہ خدا کے تمام رسول اور راست باز انسان جو دنیا کے مختلف عہدوں اور گوشوں میں گزر چکے ہیں، انعام یافتہ انسان ہیں، اور اُنہیں کی راہ صراطِ مستقیم ہے:

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ	اور جس کسی نے اللہ اور رسول کی اطاعت کی، تو بلاشبہ وہ اُن
فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ	لوگوں کا ساتھی ہے جن پر اللہ نے انعام کیا ہے۔ اور یہ انعام
عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ	یافتہ جماعت نبیوں کی ہے، صدّیقوں کی ہے، شہدا کی ہے،
وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَ	نیک عمل انسانوں کی ہے، اور (جسکے ساتھی ایسے لوگ ہوں تو) کیا ہی
حَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝ (۴: ۷۰)	اچھی اُسکی رفاقت ہے!

اِس آیت میں بالترتیب چار جماعتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ اور اُنہیں انعام یافتہ قرار دیا ہے۔ انبیاء، صدیقین، شہدا، صالحین۔ "انبیا" سے مقصود خدا کی سچائی کے تمام پیغامبر ہیں جو نوع انسانی کی ہدایت کیلئے پیدا ہوئے۔ "صدیق" سے مقصود ایسے انسان ہیں جو کامل معنوں میں سچے ہوں۔ یعنی اُنکی فطرت سچائی کے سانچے میں کچھ اس طرح ڈھلی ہوئی ہو کہ سچائی کے خلاف کوئی بات اُس میں اُتر ہی نہ سکے۔ "شہید" کے معنی گواہ کے ہیں۔ یعنی ایسے انسان جو اپنے قول و فعل سے حق و صداقت کا اعلان کرنے والے ہوں۔ "صالحین" سے مقصود وہ تمام انسان ہیں جو نیک عملی کی راہ میں استقامت رکھیں، اور برائی کی راہوں سے کنارہ کش ہوں۔ پس معلوم ہوا، انعام یافتہ انسانوں سے مقصود دنیا کے تمام رسول اور داعیانِ حق ہیں جو قرآن کے نزول سے پہلے دنیا میں پیدا ہو چکے تھے، اور تمام راست باز انسان ہیں جو نوع انسانی میں گزر چکے تھے۔ اسمیں نہ تو کسی خاص نسل و قوم کی خصوصیت رکھی گئی ہے، نہ کسی خاص مذہب اور اُسکے پیروؤں کی۔ دنیا کے تمام نبی، تمام صدیق، تمام شہداءِ حق، تمام صالح انسان، خواہ کسی ملک و قوم میں ہوئے ہوں، قرآن کے نزدیک "انعام یافتہ" انسان ہیں، اور اُنہی کی راہ "صراطِ مستقیم" ہے۔

خدا کے اِن تمام رسولوں اور نوعِ انسانی کے راست باز افراد کی راہ کونسی راہ تھی؟ وہی راہ جسے قرآن دینِ حقیقی کی راہ قرار دیتا ہے۔ وہ کہتا ہے، دنیا میں جسقدر بھی سچائی کے داعی آئے سب نے یہی تعلیم دی کہ اَقِیْمُوا الدِّیْنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوْا فِیْهِ! "خدا کا ایک ہی دین قائم رکھو، اور اس راہ میں جُدا جُدا نہ ہوجاؤ" یہی راہ سچائی کی سیدھی راہ ہے۔

چنانچہ یہی وجہ ہے کہ قرآن نے جابجا دینِ حقیقی کو صراطِ مستقیم سے بھی تعبیر کیا ہے۔ سورۂ شوریٰ میں پیغمبرِ اسلام کو مخاطب کرتے ہوئے کہتا ہے، تم صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت کرنیوالے ہو، اور صراطِ مستقیم تو صراط اللہ ہے۔ یعنی اللہ کی ٹہرائی ہوئی راہِ عمل:

وَاِنَّكَ لَتَهْدِیْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ	اور اے پیغمبر! بلاشبہ تم صراطِ مستقیم کی طرف ہدایت کرنے
صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ	والے ہو، صراط اللہ یعنی اللہ کی راہ کی طرف۔ وہ اللہ، کہ آسمان
وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِلَى اللّٰهِ تَصِیْرُ	زمین میں جو کچھ ہے سب اُسی کا ہے۔ ہاں، یاد رکھو، (کائناتِ
الْاُمُوْرُ ۝ (۴۲ : ۵۳)	خلقت کے) تمام کاموں کا مرجع اسی کی ذات ہے!

اِسی طرح وہ جابجا کہتا ہے کہ خدا کے تمام رسولوں کی دعوت صراطِ مستقیم کی دعوت تھی۔ سورۂ نحل میں حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کی نسبت ہے: وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝ (۱۶: ۱۲۱) سورۂ زخرف میں حضرت مسیح (علیہ السلام) کی زبانی سُنتے ہیں: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّیْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ۝ (۴۳ : ۶۴) سورۂ انعام میں پہلے حضرت نوحؑ اور حضرت ابراہیمؑ کا ذکر کیا ہے، پھر سلسلۂ ابراہیمی کے بہت سے نبیوں کا جو تورات کی مشہور شخصیتیں ہیں، خصوصیت کے ساتھ نام لیا ہے۔ اسکے بعد کہا ہے: وَاجْتَبَیْنٰهُمْ وَهَدَیْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (۶ : ۸۷)

اصل یہ ہو کہ خدا کے عالمگیر دین کی حقیقت ظاہر کرنیکے لیے صراطِ مستقیم سے بہتر تعبیر نہیں ہوسکتی تھی۔ تم کسی خاص مقام تک پہنچنے کے لیے کتنی ہی راہیں نکال لو، لیکن سیدھی راہ ہمیشہ ایک ہی ہوگی، اور اسی پر چلکر ہر مسافر منزلِ مقصود تک بحفاظت و امن پہنچ سکے گا۔ علاوہ بریں، سیدھی راہ ہی ہمیشہ شاہراہِ عام کی حیثیت اختیار کرلیتی ہے۔ تمام مسافر خواہ کسی گوشہ کے رہنے والے ہوں، لیکن سب مل جُلکر وہی راہ اختیار کرینگے، اور کبھی یہ نہ کرینگے کہ الگ الگ ٹولیاں بناکر ٹیڑھی ترچھی راہوں میں متفرق ہوجائیں۔ قرآن کہتا ہے کہ ٹھیک اسی طرح دین کی سیدھی راہ بھی ایک ہی ہے، بہت سی نہیں ہوسکتیں، اور وہ اوّل دن سے موجود ہے۔ ہر عہد، ہر قوم، ہر ملک، اور ہر گروہ اُسی پر چلکر منزلِ مقصود تک پہنچا ہے؛ بعد کو پیروانِ مذاہب نے ایسا کیا کہ بہت سی ٹیڑھی ترچھی راہیں نکال لیں، اور ایک راہ پر متفق رہنے کی

جگہ، الگ الگ ٹولیاں بناکر، متفرّق ہوگئے۔ وہ کہتا ہے، اب اگر تم چاہتے ہو کہ منزل مقصود کا سراغ پاؤ، تو چاہیئے کہ اُسی سیدھی راہ پر اکٹھے ہوجاؤ۔ فھو طریقًا مستقیمًا، سھلاً، مسلوکًا، واسعًا، موصلاً الی المقصود!

وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا	اور (دیکھو) یہ میری راہ ہے۔ بالکل سیدھی راہ۔ پس اسی ایک راہ
فَاتَّبِعُوْهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ	پر چلو اور طرح طرح کے رستوں کے پیچھے نہ پڑو۔ وہ تمہیں خدا کی سیدھی
بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ذٰلِكُمْ وَصّٰكُمْ بِهٖ	راہ سے ہٹاکر، جُدا جُدا کر دینگے۔ یہی بات ہے جس کا خدا تمہیں حکم دیتا
لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ○ (۶: ۱۵۴)	ہے تاکہ (اُسکی نافرمانی سے) بچو!

چنانچہ یہ حقیقت بالکل واضح ہوجاتی ہے جب "صراطِ مستقیم" کی اُس تفسیر پر نظر ڈالی جائے جو خود پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمائی ہے:

عن ابن مسعود رض قال خطّ لنا	حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں، رسول اللہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم	صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلی سے ایک لکیر کھینچی اور فرمایا یوں
خطًا بیدہٖ ثم قال ھٰذا سبیل	سمجھو کہ یہ لکیر اللہ کا ٹھہرایا ہوا راستہ ہے۔ بالکل سیدھا! اسکے
اللہ مستقیمًا ثم خط خطوطًا	بعد اس لکیر کے دونوں طرف بہت سی ترچھی لکیریں کھینچ دیں،
عن یمین ذٰلک الخط و عن شمالہٖ	اور فرمایا! یہ طرح طرح کے راستے ہیں جو بنا لیئے گئے ہیں، اور
ثم قال وھٰذہ السبل لیس منھا	ان میں کوئی راستہ نہیں جس کی طرف بلانے کیلیے ایک شیطان
سبیل الا علیہ شیطان یدعوا	موجود نہ ہو۔ پھر یہ آیت پڑھی۔ وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا
الیہ ثم قرأ ھٰذہ الآیۃ (اخرجہ	الی آخرہٖ۔
النسائی واحمد والبزاز وابن	
المنذر وابو الشیخ والحاکم وصححہ)	

اِس سے معلوم ہوا، تمام اِدھر اُدھر کے ٹیڑھے ترچھے راستے "سُبُل متفرقہ" ہیں جو جمعیت بشری کو متحد کرنے کی جگہ متفرق کر دیتے ہیں، اور درمیان کی ایک ہی سیدھی راہ "صراطِ مستقیم" ہے۔ یہ متفرق کرنے کی جگہ تمام رہروانِ منزل کو ایک ہی شاہراہ پر جمع کر دیتی ہے!

یہ سُبُل متفرقہ کیا ہیں؟ اُسی گمراہی کا نتیجہ ہیں، جسے قرآن نے "تشیّع" اور "تحزّب" کی گمراہی سے تعبیر کیا ہے، اور تشریح اسکی اوپر گزر چکی۔

دینِ حقیقی کی راہ کا سیدھا ہونا، اور "سُبُل متفرقہ" یعنی خود ساختہ گروہ بندیوں کی راہوں کا

پُرپیچ و خم ہونا، ایک ایسی حقیقت ہے جسے ہر انسان بغیر کسی عقلی کاوش کے سمجھ سکتا ہے۔ خدا کا دین اگر انسان کی ہدایت کیلئے ہے تو ضروری ہے کہ خدا کے تمام قوانین کی طرح یہ بھی صاف اور واضح ہو، اِس میں کوئی راز نہ ہو، کوئی پیچیدگی نہ ہو، ناقابلِ حل معمّا نہ ہو۔ اعتقاد میں سہل ہو اور عمل میں ہلکا۔ ہر عقل اُسے بوجھ لے۔ اور ہر طبیعت اُس پر مطمئن ہو جائے۔ اچھا، اب غور کرو، یہ تعریف کس راہ پر صادق آتی ہے؟ اُن مختلف راہوں پر جو پیروانِ مذاہب نے الگ الگ گروہ بندیاں کرکے نکال لی ہیں یا اُس ایک ہی راہ پر جسے قرآن اصل دین کی راہ بتلاتا ہے؟ اِن گروہ بندیوں میں سے کوئی گروہ بندی بھی ایسی نہیں ہے جو اپنے بوجھل عقیدوں، ناقابلِ فہم عُقدوں، اور ناقابلِ برداشت عملوں کی ایک طول طویل فہرست نہ ہو۔ ہم یہاں تفصیلات میں نہیں جائینگے۔ ہر شخص جانتا ہے کہ دنیا کے تمام پیروانِ مذاہب کے مزعومہ عقائد و اعمال کا کیا حال ہے، اور اُن کی نوعیت کیسی ہے؟ مذہب کا عقل کیلئے معمّا اور طبیعت کے لیئے بوجھ ہونا، ایک ایسی بات ہو جو عام طور پر مذاہب کا خاصہ تسلیم کرلی گئی ہے لیکن قرآن جس راہ کو دینِ حقیقی کی راہ کہتا ہے، اُس کا کیا حال ہے؟ اُسکی راہ تو اتنی واضح، اتنی نیک اتنی سہل، اتنی مختصر ہے، کہ عقائد و اعمال کی پوری فہرست صرف دو لفظوں میں ختم کردی جا سکتی ہے **ایمان** اور **عملِ صالح** - یعنی خدا پرستی اور نیک عملی۔ اُسکے عقائد میں عقل کے لیئے کوئی بوجھ نہیں اسکے اعمال میں طبیعت کیلئے کوئی سختی نہیں۔ ہر طرح کے پیچ و خم سے پاک۔ ہر معنی میں اعتقاد و عمل کی سیدھی سے سیدھی بات حنیفیۃ السمحۃ، لیلہا کنہارہا! اُسکی رات بھی اُسکے دن کی طرح روشن ہے!

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰي عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا — ہر طرح کی ستائش اللہ ہی کے لیئے ہو جس نے اپنے بندے پر کتاب نازل کی، اور اس میں کسی طرح کی بھی کجی نہ رکھی۔

(۱۸ : ۱)

بہر حال، قرآن کا پیرو وہ ہے جو دین کی سیدھی راہ پر چلنے والا ہے۔ وہ راہ نہیں جو کسی خاص گروہ، کسی خاص نسل، کسی خاص قوم، کسی خاص عہد کی راہ ہے، بلکہ خدا کی عالمگیر سچائی کی راہ ہو جو ہر جگہ اور ہر عہد میں نمایاں ہوئی ہے، اور ہر طرح کی جغرافیائی اور جماعتی حدبندیوں کے امتیازات سے پاک ہے:

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ — اللہ میرا اور تمہارا، دونوں کا پروردگار ہے، پس اُسکی عبادت کرو۔
هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ (۴۳ : ۶۴) — یہی صراطِ مستقیم ہے!

علاوہ بریں بحث و نظر کے بعض دوسرے پہلو بھی ہیں جو اِس موقع پر پیشِ نظر رہنے چاہئیں:

اولاً فلاح و سعادت کی راہ کو "سیدھی راہ" سے تعبیر کیا گیا، اور "سیدھی راہ" پر چلنا ایک ایسی

بات ہے جس کی سمجھ اور طلب بالطبع ہر انسان کے اندر موجود ہے۔ پھر اسکی پہچان بتلاتے ہوئے کوئی اس طرح کی تعریف نہیں کی گئی جسکے سمجھنے اور منطبق کرنے میں ذہنی کاوشوں کی ضرورت ہو، بلکہ ایک خاص طرح کے انسانوں کی طرف انگلی اٹھا دی کہ صراط مستقیم ان لوگوں کی راہ ہے۔ اس اسلوبِ بیان نے ہر انسان کے سامنے صراط مستقیم کو ایک محسوس و مشہود صورت میں نمایاں کر دیا۔ ہر انسان خواہ کسی عہد اور کسی ملک و قوم سے تعلق رکھتا ہو، لیکن اس بات سے بے خبر نہیں ہو سکتا کہ یہاں دو طرح کے انسان موجود ہیں۔ ایک وہ ہیں جن کی راہ سعادت و کامیابی کی راہ ہے۔ ایک وہ ہیں جن کے حصے میں محرومی و شقاوت آئی ہے۔ بس کامیابی کی راہ کی پہچان اس سے زیادہ بہتر اور مؤثر طریقہ سے بیان نہیں کی جا سکتی کہ وہ کامیاب انسانوں کی راہ ہے۔ اگر اس کی پہچان منطقی تعریفوں کی طرح بیان کیجاتی تو ظاہر ہے کہ نہ تو ہر انسان بغیر کاوش و فکر کے سمجھ سکتا، اور نہ قطعی طور پر کسی ایک راہ پر منطبق کی جا سکتی۔

ثانیاً جہاں تک انسانی فلاح و سعادت کا تعلق ہے، صراط مستقیم کی تعبیر ہی ہر لحاظ سے حقیقی اور قدرتی تعبیر ہو سکتی تھی۔ انسان کے فکر و عمل کا کوئی گوشہ ہو، لیکن صحت و درستگی کی راہ ہمیشہ وہی ہوگی جو سیدھی راہ ہو۔ جہاں انحراف اور کجی پیدا ہوئی، نقص و فساد ظہور میں آگیا یہی وجہ ہے کہ دنیا کی تمام زبانوں میں سیدھا ہونا اور سیدھی چال چلنا، فلاح و سعادت کے معنوں میں عام طور پر بولا جاتا ہے، گویا اچھائی اور خوبی کے معنوں میں یہ ایک ایسی تعبیر ہے، جو تمام نوعِ انسانی کی عالمگیر تعبیر کہی جا سکتی ہے!

پس صراطِ مستقیم پر چلنے کی طلب، زندگی کی تمام راہوں میں درستگی و صحت کی راہ چلنے کی طلب ہوئی۔ اور اسی لئے، سعی و عمل کے ہر گوشہ میں، انعام یافتہ گروہ وہی ہو سکتا ہے جس کی راہ صراطِ مستقیم ہو!

"المغضوب علیہم" اور "الضالین" پھر صراط مستقیم کی پہچان صرف اُسکے مثبت پہلو ہی سے واضح نہیں کی گئی، بلکہ اُس کا ضد و مخالف پہلو بھی واضح کر دیا گیا: غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ۔ اُن کی راہ نہیں جو مغضوب ہوئے، اور نہ اُنکی جو گمراہ ہو کر بھٹک گئے۔

مغضوب علیہ گروہ "منعم علیہ" کی بالکل ضد ہے۔ کیونکہ انعام کی ضد غضب ہے، اور فطرتِ کائنات کا قانون یہ ہے کہ رحمت باز انسانوں کے حصے میں انعام آتا ہے۔ نافرمانوں کے حصے میں غضب "گمراہ" وہ ہیں جو راہ حق نہ پا سکے، اور اُسکی جستجو میں بھٹک گئے پس مغضوب وہ ہوئے جنھوں نے راہ پائی

اور اُسکی نعمتیں بھی پائیں، لیکن پھر اُس سے منحرف ہوگئے، اور نعمت کی راہ چھوڑ کر محرومی و شقاوت کی راہ اختیار کرلی۔ گمراہ وہ ہوئے جو راہ ہی نہ پاسکے، اس لیئے اِدھر اُدھر بھٹک رہے ہیں اور صراطِ مستقیم کی سعادتوں سے محروم ہیں۔

مَغضوب علیہ کی محرومی، حصولِ معرفت کے بعد انکار کا نتیجہ ہے، اور گمراہ کی محرومی جہل کا نتیجہ۔ پہلے نے پاکر روگردانی کی، اس لیئے محروم ہوا، دوسرا پا ہی نہ سکا، اسلیئے محروم ہے۔ محروم دونوں ہوئے، مگر یہ ظاہر ہے کہ پہلے کی محرومی زیادہ مجرمانہ ہے۔ کیونکہ اُس نے نعمت حاصل کرکے پھر اُس سے روگردانی کی۔ اِسی لیئے اُسے مغضوب کہا گیا، اور دوسرے کی حالت صرف گمراہی کے لفظ سے تعبیر کی گئی۔

ہم دیکھتے ہیں، دنیا میں فلاح و سعادت سے محروم آدمی ہمیشہ دو ہی طرح کے ہوتے ہیں۔ جاحد اور جاہل۔ جاحد وہ ہوتا ہے جو حقیقت پالیتا ہے، بااین ہمہ اُس سے روگردانی کرتا ہے۔ جاہل وہ ہوتا ہے جو حقیقت سے ناآشنا ہوتا ہے، اور اپنے جہل پر قانع ہوجاتا ہے پس صراطِ مستقیم پر چلنے کی طلبگاری کے ساتھ، محرومی و شقاوت کی اِن دونوں صورتوں سے بچنے کی طلب بھی سکھلادی، تاکہ فلاح و سعادت کی راہ کا تصور ہر طرح کامل اور لغزشوں سے محفوظ ہوجائے۔

جہاں تک مذہبی صداقت کا تعلق ہے، دونوں طرح کی محرومیوں کی مثالیں قوموں کی تاریخ میں موجود ہیں۔ کتنی ہی قومیں ہیں جنکے قدم صراطِ مستقیم پر اُستوار ہوگئے تھے، اور فلاح و سعادت کی تمام نعمتیں اُنکے لیئے مہیا تھیں، بااین ہمہ اُنھوں نے روگردانی کی، اور راہِ حق کی معرفت حاصل کرکے پھر اُس سے منحرف ہوگئے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ وہی قوم جو کل تک دنیا کی انعام یافتہ جماعت تھی، سب سے زیادہ محروم و نامراد جماعت ہوگئی۔ اِسی طرح کتنی ہی جماعتیں ہیں، جن کے سامنے فلاح و سعادت کی راہ کھول دی گئی، لیکن اُنھوں نے معرفت کی جگہ جہل اور روشنی کی جگہ تاریکی پسند کی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ راہِ حق نہ پاسکے، اور نامرادی و محرومی کی وادیوں میں گم ہوگئے۔

احادیث و آثار میں اِسکی جو تفسیر بیان کی گئی ہے۔ اُس سے یہ حقیقت اور زیادہ واضح ہوجاتی ہے۔ ترمذی اور احمد و ابن حبان وغیرہم کی مشہور حدیث ہے کہ آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا، "المغضوب" یہودی ہیں اور "الضّالّین" نصاریٰ ہیں۔ یقیناً اِس تفسیر کا مطلب یہ نہیں ہوسکتا کہ مغضوب سے مقصود صرف یہودی اور گمراہ سے مقصود صرف نصاریٰ ہیں۔ بلکہ مقصود یہ ہے کہ مغضوبیت اور گمراہی کی حالت واضح کرنیکے لیئے دو جماعتوں کا ذکر بطور مثال کے کردیا جائے۔ چنانچہ اِن دونوں جماعتوں کی

تاریخ میں ہم محرومی کی دونوں حالتوں کا کامل نمونہ دیکھ لے سکتے ہیں۔ یہودیوں کی قومی تاریخ مغضوبیت کے لیئے اور عیسائیوں کی تاریخ گمراہی کے لیئے، عبرت و تذکیر کا بہترین سرمایہ ہے۔

قرآن کے قصص اور استقراء تاریخی

یہی وجہ ہے کہ ہم دیکھتے ہیں، قرآن نے ہدایت و تذکیر اُمم کے لیئے جن جن اصلوں پر زور دیا ہے، اُن میں سب سے زیادہ نمایاں اصل، پچھلی قوموں کے ایّام و وقائع اور اُن کے نتائج ہیں۔ وہ کہتا ہے، کائناتِ ہستی کے ہر گوشہ کی طرح قوموں اور جماعتوں کے لیئے بھی خدا کا قانونِ سعادت و شقاوت ایک ہی ہے، اور ہر عہد اور ہر ملک میں ایک ہی طرح کے احکام و نتائج رکھتا ہے اُس کے احکام میں کبھی تبدیلی نہیں ہوسکتی، اور اُسکے نتائج ہمیشہ اور ہر حال میں اٹل ہیں۔ جس طرح سنکھیا کی تاثیر اسلیئے بدل نہیں جاسکتی کہ وہ کس عہد اور کس سنہ میں استعمال کی گئی۔ اسی طرح قوموں اور جماعتوں کے اعمال کے نتائج بھی اِس لیئے متغیر نہیں ہو جاسکتے کہ کس عہد اور کس ملک میں پیش آئے اگر ماضی میں ہمیشہ شہد، شہد کا خاصّہ رکھتا آیا ہے، اور سنکھیا کی تاثیر سنکھیا ہی کی رہی ہو، تو مستقبل میں بھی ہمیشہ شہد، شہد ہی رہے گا، اور سنکھیا کی تاثیر سنکھیا ہی کی ہوگی۔ پس جو کچھ ماضی میں پیش آچکا ہے، ضروری ہے کہ مستقبل میں بھی پیش آئے:

سُنَّةَ اللهِ فِي الَّذِينَ خَلَوْا مِن قَبْلُ ۚ وَلَن تَجِدَ لِسُنَّةِ اللهِ تَبْدِيلًا (۳۳ : ۶۲)

جو لوگ تم سے پہلے گزر چکے ہیں، اُنکے لیئے اللہ کی سنت یہی رہی ہے۔ (یعنی اللہ کے قوانین و احکام کا دستور یہی رہا ہے) اور اللہ کی سنت میں تم کبھی رد و بدل نہیں پاؤگے!

فَهَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا سُنَّتَ الْأَوَّلِينَ ۚ فَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللهِ تَبْدِيلًا ۖ وَلَن تَجِدَ لِسُنَّتِ اللهِ تَحْوِيلًا ۝ (۳۵ : ۴۱)

پھر یہ لوگ کس بات کی راہ تک رہے ہیں؟ کیا اُس سنت کی جو اگلے لوگوں کے لیئے رہ چکی ہے؟ تو یاد رکھو، تم اللہ کی سنت کو کبھی بدلتا ہوا نہیں پاؤگے، اور نہ کبھی ایسا ہو سکتا ہے کہ اُسکی سنت کے احکام پھیر دیئے جائیں۔

سُنَّةَ مَن قَدْ أَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِن رُّسُلِنَا ۖ وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيلًا ۝ (۱۷ : ۹۰)

(اے پیغمبر!) تم سے پہلے جن رسولوں کو ہم نے بھیجا ہے، اُنکے لیئے ہماری سنت یہی رہی ہے، اور ہماری سنت کبھی ٹلنے والی نہیں!

چنانچہ وہ ایک طرف تو انعام یافتہ جماعتوں کی کامرانیوں کا بار بار ذکر کرتا ہے۔ دوسری طرف مغضوب اور گمراہ جماعتوں کی محرومیوں کی سرگزشتیں بار بار سناتا ہے۔ اور پھر جا بجا اُن سے عبرت و بصیرت کے نتائج اخذ کرتا ہے۔ جن پر اقوام و جماعات کا عروج و زوال موقوف ہے۔ وہ کھول کھول کر بتلاتا

ہے کہ انعام یافتہ جماعتوں کی سعادت و کامرانی اِن اِن اعمال کا انعام تھے، اور مغضوب و گمراہ جماعتوں کی شقاوت و محرومی اِن اِن بدعملیوں کی پاداش تھی۔ اچھے نتائج کو "انعام" کہتا ہے۔ کیونکہ یہ فطرتِ الٰہی کی قبولیت ہے۔ بُرے نتائج کو "غضب" کہتا ہے، کیونکہ یہ قانونِ الٰہی کی پاداش ہے۔ وہ کہتا ہے، جن اسباب و علل سے دس مرتبہ ایک خاص طرح کا معلول پیدا ہو چکا ہے، تم کیونکر انکار کر سکتے ہو کہ گیارھویں مرتبہ بھی ویسا ہی معلول پیدا نہ ہوگا؟

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ	تم سے پہلے بھی دنیا میں (خدا کے) احکام و قوانین کے نتائج گزر
فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا	چکے ہیں، پس ملکوں کی سیر کرو، دیکھو اُن لوگوں کا انجام کیا ہُوا
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝	جنہوں نے (اللہ کے احکام و قوانین کو) جھٹلایا تھا!

(۳ : ۱۳۱)

قرآن کی سورتوں میں ایک بڑی تعداد ایسی سورتوں کی ہے، جو تمام تر اسی مطلب پر مشتمل ہیں۔ کہا جا سکتا ہے کہ قرآن میں جس قدر بیان بھی پچھلے عہدوں کے وقائع و قصص کا ہے، وہ تمام تر سورۂ فاتحہ کی اسی آیت کی تفصیل ہے۔

سورۂ فاتحہ کی تعلیمی روح

اچھا، اب چند لمحوں کے لئے سورۂ فاتحہ کے مطالب پر بحیثیت مجموعی نظر ڈالو، اور دیکھو، اُسکی سات آیتوں کے اندر مذہبی عقائد و تصور کی جو روح مضمر ہے، وہ کس طرح کی ذہنیت پیدا کرتی ہے؟ سورۂ فاتحہ ایک دعا ہے۔ فرض کرو، ایک انسان کے دل و زبان سے شب و روز یہی دعا نکلتی رہتی ہے۔ اِس صورت میں اُسکے فکر و اعتقاد کا کیا حال ہوگا؟

وہ خدا کی حمد و ثنا میں زمزمہ سنج ہے، لیکن اُس خدا کی حمد میں نہیں جو نسلوں قوموں اور مذہبی گروہ بندیوں کا خدا ہے، بلکہ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ کی حمد میں جو تمام کائنات خلقت کا پروردگار ہے، اور اِس لیئے تمام نوع انسانی کے لئے یکساں طور پر پروردگاری و رحمت رکھتا ہے۔ پھر وہ اُسے اُسکی صفتوں کے ساتھ پکارنا چاہتا ہے۔ لیکن اُسکی تمام صفتوں میں سے صرف رحمت اور عدالت ہی کی صفتیں اُسے یاد آتی ہیں، گویا خدا کی ہستی کی نمود اُسکے لیئے سرتاسر رحمت و عدالت کی نمود ہے۔ اور وہ جو کچھ بھی اُسکی نسبت جانتا ہے، وہ رحمت و عدالت کے سوا کچھ نہیں ہے۔ پھر وہ اپنا سر نیاز جھکاتا، اور اُسکی عبودیت کا اقرار کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے، صرف تیری ہی ایک ذات ہے جس کے آگے بندگی و نیاز کا سر جھک سکتا ہے، اور صرف تو ہی ہے جو ہماری ساری درماندگیوں اور احتیاجوں میں مددگاری کا سہارا ہے۔ وہ اپنی عبادت اور استعانت، دونوں کو صرف ایک ہی ذات کے ساتھ وابستہ کر دیتا ہے، اور اِس طرح دنیا کی ساری قوتوں اور ہر طرح کی انسانی فرمانروائیوں سے بے پروا ہو جاتا ہے۔ اب کسی چوکھٹ پر اُس کا سر جھک نہیں سکتا۔ اب کسی قوت سے وہ ہراساں نہیں ہو سکتا۔ اب کسی کے آگے اُس کا دستِ طلب دراز نہیں ہو سکتا!

پھر وہ خدا سے سیدھی راہ چلنے کی توفیق طلب کرتا ہے۔ یہی ایک مدعا ہے جس سے زبان احتیاج آشنا ہوتی ہے۔ لیکن کونسی سیدھی راہ؟ کسی خاص نسل کی سیدھی راہ؟ کسی خاص قوم کی سیدھی راہ؟ کسی خاص مذہبی حلقہ کی سیدھی راہ؟ نہیں، وہ راہ جو دنیا کے تمام مذہبی رہنماؤں اور تمام راست باز انسانوں کی متفقہ راہ ہے، خواہ کسی عہد اور کسی قوم میں ہوئے ہوں۔ اسی طرح وہ محرومی اور گمراہی کی راہوں سے پناہ مانگتا ہے، لیکن یہاں بھی کسی خاص نسل و قوم یا کسی خاص مذہبی گروہ کا ذکر نہیں کرتا۔ بلکہ ان راہوں سے بچنا چاہتا ہے جو دنیا کے تمام محروم اور گمراہ انسانوں کی راہیں رہ چکی ہیں

گویا جس بات کا طلبگار ہے، وہ بھی نوع انسانی کی عالمگیر اچھائی ہے، اور جس بات سے پناہ مانگتا ہے، وہ بھی نوع انسانی کی عالمگیر برائی ہے۔ نسل، قوم، ملک، یا مذہبی گروہ بندی کے تفرقہ و امتیاز کی کوئی پرچھائیں اُسکے دل و دماغ پر نظر نہیں آتی!

غور کرو، مذہبی تصور کی یہ نوعیت انسان کے ذہن و عواطف کے لیئے کس طرح کا سانچا مہیا کرتی ہے؟ جس انسان کا دل و دماغ ایسے سانچے میں ڈھلکر نکلے گا، وہ کس قسم کا انسان ہوگا؟ کم از کم دو باتوں سے تم انکار نہیں کرسکتے۔ ایک یہ کہ اسکی خداپرستی، خدا کی عالمگیر رحمت و جمال کے تصور کی خداپرستی ہوگی دوسری یہ کہ کسی معنی میں بھی نسل و قوم یا گروہ بندیوں کا انسان نہیں ہوگا۔ عالمگیر انسانیت کا انسان ہوگا، اور دعوتِ قرآنی کی اصلی روح یہی ہے!


ترجمان القرآن

اَلْفَاتِحَةُ

مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سَبْعُ اٰيَاتٍ

سورۂ فاتحہ - مکی - سات آیتیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے جو الرحمٰن اور الرحیم ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ
الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۵ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

ہر طرح کی ستائش (یعنی حسن و جمال کے اعتراف اور کبریائی و کمال کے اعتقاد کے ساتھ جو کچھ بھی اور جیسا کچھ بھی کہا جائے) صرف اللہ ہی کے لئے ہے۔ اللہ ہی کے لئے، جو تمام کائناتِ خلقت کا پروردگار ہے (جس کی پروردگاری کائناتِ خلقت کے ہر وجود کو زندگی اور بقا کا سروسامان بخشتی، اور پرورش کی ساری ضرورتیں مہیا کرتی رہتی ہے) جو رحمت والا ہے، اور جس کی رحمت، تمام کائناتِ ہستی کو اپنی بخششوں سے مالامال کر رہی ہے۔ جو جزا اور سزا کے دن کا مالک ہے۔ (اور جس کی عدالت نے ہر کام کے لئے بدلہ اور ہر بات کے لئے نتیجہ ٹھہرا دیا ہے) خدایا! ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں، اور صرف تو ہی ہے جس سے (زندگی اور آخرت کی ساری احتیاجوں میں) مدد مانگتے ہیں (تیرے سوا کوئی معبود نہیں جس کی بندگی کی جائے، اور طاقت و بخشش کا کوئی سہارا نہیں جس سے مدد مانگی جائے!) خدایا! ہم پر (فلاح و سعادت کی) سیدھی راہ کھول دے! وہ راہ، جو اُن لوگوں کی راہ ہے جن پر تیرا انعام ہوا۔ اُن کی نہیں جو تیرے حضور مغضوب ہوئے، اور نہ اُن کی جو راہ سے بھٹک گئے اور منزل کا سُراغ اُن پر گم ہو گیا!

البقرۃ مدنیۃ ۔ وہی مائتان وست وثمانون آیۃ

البقرۃ ۔ مدنی ۲۸۶ آیتیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٓمّٓ ۚ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۚ فِيْهِ ۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ ۱-۲
وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ ۳-۴
يُوْقِنُوْنَ ۗ اُولٰۤئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۗ وَاُولٰۤئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ۴-۵
ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ ۶

یہ کتاب متقی انسانوں پر فلاح وسعادت کی راہ کھولنے والی ہے، اور قبولیت حق کے لحاظ سے انسانوں کی پہلی قسم۔

۱ الف ۔ لام ۔ میم ۔ یہ کتاب الٰہی ہے ۔ اس میں کوئی شبہ نہیں
متقی انسانوں پر (فلاح وسعادت کی) راہ کھولنے والی (متقی انسان
۲ وہ ہیں) جو غیب (کی حقیقتوں) پر ایمان رکھتے ہیں، نماز قائم کرتے
۳ ہیں، اور ہم نے جو کچھ روزی انھیں دے رکھی ہے، اُسے (نیکی کی راہ میں) خرچ کرتے ہیں ۔ نیز وہ لوگ جو اُس (سچائی)
پر ایمان رکھتے ہیں جو تم پر (یعنے پیغمبر اسلام پر) نازل ہوئی ہے، اور اُن تمام (سچائیوں) پر، جو تم سے پہلے (یعنے
۴ پیغمبر اسلام سے پہلے) نازل ہو چکی ہیں، اور (ساتھ ہی) آخرت (کی زندگی) کے لئے بھی اُنکے اندر یقین ہے ۔ تو یقیناً یہی
لوگ ہیں جو اپنے پروردگار کے (ٹھہرائے ہوئے) راستہ پر ہیں، اور یہی ہیں جو (دنیا اور آخرت میں) کامیاب ہیں!

دوسری قسم، منکرین حق کی، جو قبولیت کی استعداد کے لحاظ سے پہلی قسم کی ضد ہیں۔

۵ (لیکن) وہ لوگ جنھوں نے (ایمان کی جگہ) انکار کی راہ اختیار کی (اور
سچائی کے سننے اور قبول کرنے کی استعداد کھو دی) تو (انکے لئے ہدایت کی تمام
صدائیں بیکار ہیں) تم اُنھیں (انکار حق کے نتائج سے) ڈراؤ یا نہ ڈراؤ، وہ (کبھی)
ماننے والے نہیں (اُنھوں نے روشنی کی طرف سے آنکھیں بند کر لی ہیں، اور اللہ کا
قانون یہ ہے کہ جو آنکھیں بند کر لیتا ہے اُس کے لئے تاریکی ہی تاریکی ہوتی ہے ۔ پس اس صورت حال کا نتیجہ یہ ہے کہ)
۶ اُنکے دلوں اور کانوں پر اللہ نے مہر لگا دی، اور اُن کی آنکھوں پر پردہ پڑ گیا (کوئی بات کتنی ہی سچی ہو، سمجھ نہیں
سکتے، کوئی آواز کتنی ہی اونچی ہو، سُن نہیں سکتے، کوئی چیز کتنی ہی روشن ہو، دیکھ نہیں سکتے) سو (جن لوگوں نے
اپنا یہ حال بنا لیا ہے، وہ کبھی ہدایت نہیں پا سکتے ۔ کامیابی کی جگہ) اُنکے لئے عذاب جانکاہ ہے!

تیسری قسم اُن لوگوں کی، جو اگرچہ خدا پرستی کا دعویٰ

۷ (ان دو قسم کے آدمیوں کے علاوہ) کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں ہم
اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ اُنکے اندر

ع ۱

۷ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۧ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ
۸ بِمُؤْمِنِيْنَ ۘ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۭ فِيْ
۹-۱۰ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ
۱۱ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ
۱۲ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَاۗءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاۗءُ
۱۳ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ قَالُوْٓا

کرتے ہیں مگر فی الحقیقت اس سے محروم ہیں۔

۸ ایمان نہیں ہے۔ وہ (ایمان کا دعوا کرکے چاہتے ہیں) اللہ کو اور ایمان والوں کو دھوکا دیں، حالانکہ (دوسروں کو کیا دھوکا دینگے؟) وہ خود ہی دھوکے میں پڑے ہوئے ہیں، اگرچہ (جہل و سرکشی سے) اسکا شعور نہیں رکھتے

۹ (یہ لوگ ایمان کے مدعی تھے لیکن) انکے دلوں میں (انکار کا) روگ (چھپا ہوا) تھا۔ پس اللہ نے (دعوت حق کو کامیاب کرکے) اُن کا روگ اور زیادہ کردیا (سو) ایسے لوگوں کے لئے (بھی کامیابی کی جگہ) عذاب جانکاہ (کی نامرادی) ہے۔ اس لئے کہ وہ اپنی نمایش میں سچے نہیں ہیں!

وہ مفسد ہیں مگر اپنے آپ کو مصلح سمجھتے ہیں!

۱۰ جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے، ملک میں خرابی نہ پھیلاؤ (اور بدعملیوں سے باز آجاؤ) تو کہتے ہیں (ہمارے کام خرابی کا باعث کیسے ہوسکتے ہیں) ہم ہی تو سنوارنے والے ہیں۔

۱۱ یاد رکھو، یہی لوگ ہیں جو خرابی پھیلانے والے ہیں اگرچہ (جہل و سرکشی سے اپنی حالت کا) شعور نہیں رکھتے!

وہ راست بازی کو بے وقوفی اور نفاق کو دانشمندی سمجھتے ہیں!

۱۲ اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے (اپنی مفسدانہ روش سے باز آجاؤ، اور راست بازی کے ساتھ) ایمان کی راہ اختیار کرو، جس طرح اور لوگوں نے اختیار کی ہے، تو کہتے ہیں، کیا ہم بھی اُسی طرح ایمان لے آئیں جس طرح (یہ) بے وقوف آدمی ایمان لے آئے ہیں (یعنے جس طرح ان لوگوں نے اپنے دنیوی سود و زیاں کی کچھ پروا نہ کی اور بے سروسامانی و مظلومی کی حالت میں دعوت حق کا ساتھ دیدیا، اسی طرح ہم بھی بے وقوف بنکر ساتھ دے دیں؟) یاد رکھو، یہی (دانشمندی کی ڈینگیں مارنے والے) فی الحقیقت بے وقوف ہیں، اگرچہ (جہل و غرور کی سرشاری میں) اپنی حالت کا شعور نہیں رکھتے!

راست بازوں کی تحقیر اور ایمان والوں کا تمسخر ان لوگوں کا شیوہ ہے

۱۳ جب یہ لوگ اُن لوگوں سے ملتے ہیں جو (دعوت حق پر) ایمان لا چکے ہیں تو اپنے آپ کو مومن ظاہر کرتے ہیں۔ لیکن جب اپنے شیطانوں کے ساتھ اکیلے میں بیٹھتے ہیں تو کہتے ہیں ہم انکے ساتھ تمسخر کرتے تھے ورنہ

۱۴ اِنَّا مَعَكُمْ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِىْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ
۱۵-۱۶ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝ مَثَلُهُمْ
كَمَثَلِ الَّذِى اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّآ اَضَآءَتْ مَا حَوْلَهٗ ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِىْ ظُلُمٰتٍ
۱۷-۱۸ لَّا يُبْصِرُوْنَ ۝ صُمٌّ ۢ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۙ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُوْنَ
۱۹ اَصَابِعَهُمْ فِىْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۗ وَاللّٰهُ مُحِيْطٌ ۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ

۱۴ (ویسے دل سے تو) تمھارے ہی ساتھ ہیں (یہ لوگ ایمان کے معاملہ میں تمسخر کرتے ہیں۔ حالانکہ) حقیقت یہ ہے کہ خود اُنہی کے ساتھ تمسخر ہو رہا ہے کہ اللہ (کے قانون جزاء و سزا) نے رسّی ڈھیلی چھوڑ رکھی ہے، اور وہ سرکشی (کے طوفان) میں بہکے چلے جا رہے ہیں!

۱۵ (یقین کرو) یہی لوگ ہیں جنھوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی (اور سمجھے ہم بڑی ہی عقلمندی کی تجارت کر رہے ہیں) لیکن نہ تو انکی تجارت فائدہ مند نکلی، اور نہ ہدایت ہی پر قائم رہے!

تیسری قسم کے لوگوں کی محرومی کی ایک مثال

۱۶ ان لوگوں کی مثال ایسی ہے، جیسے ایک آدمی (رات کی تاریکی میں بھٹک رہا تھا۔ اس نے روشنی کے لئے) آگ سلگائی، لیکن جب (آگ سلگ گئی، اور اُسکے شعلوں سے) آس پاس روشن ہو گیا، تو قدرت الٰہی سے ایسا ہوا کہ (اچانک شعلے بجھ گئے، اور) روشنی جاتی رہی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ روشنی کے بعد پھر اندھیرا چھا گیا، اور آنکھیں اندھی ہو کر رہ گئیں کہ کچھ سوجھائی نہیں دیتا (سو یہی حال ان لوگوں کا ہے۔ انھوں نے دین الٰہی کی روشنی حاصل کی تھی، لیکن کچھ سود مند نہ ہوئی، اور پھر گمراہی میں پڑ کر سراسیمہ و سرگرداں ہو گئے۔

۱۷ کانوں سے) بہرے (منہ سے) گونگے (آنکھوں سے) اندھے! پس (جن لوگوں کی محرومی و شقاوت کا یہ حال ہو گیا ہے) وہ کبھی اپنی گم گشتگی سے لوٹ نہیں سکتے!

حق کے ظہور اور محروموں کی محرومی کی دوسری مثال
کائنات خلقت کی ہولناکیاں بھی خیر و برکت کے لئے ہیں
لیکن محروموں کے حصہ میں خوف و سراسیمگی کے سوا کچھ نہیں آتا!

۱۸ یا پھر ان لوگوں کی مثال یوں سمجھو، جیسے آسمان سے پانی کا برسنا (جب پانی برسنے کو ہوتا ہے تو طرح طرح کی ہولناک حالتیں پیش آتی ہیں) کالی گھٹاؤں سے تاریکی (پھیل جاتی ہے) بادلوں کی گرج (سے زمین کانپ اُٹھتی ہے) بجلی کی چمک (سے نگاہیں خیرہ ہونے لگتی ہیں۔ فرض کرو، دنیا پانی کے لئے بے قرار تھی۔ اللہ نے اپنی رحمت سے بارش کا ساماں باندھ دیا۔ تو اب ان لوگوں کا حال یہ ہے کہ بارش کی برکتوں کی جگہ صرف اُسکی ہولناکیاں ہی انکے حصے میں آئی ہیں) بادل جب زور سے گرجتے ہیں تو موت کا ڈر انھیں دہلا دیتا ہے (اُس کی گرج تو

۲۰ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فِرَاشًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً ۠ وَّاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ

۲۱ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰي عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۠ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

رکوع ۳

روک سکتے نہیں) اپنے کانوں میں انگلیاں ٹھونسنے لگتے ہیں۔ حالانکہ (اگر بجلی گرنے والی ہی ہو تو انکے کان بند کرلینے سے رُک نہیں جائے گی) اللہ کی قدرت تو (ہر حال میں) انھیں گھیرے ہوئے ہے۔

۱۹ (جب) بجلی (زور سے چمکتی ہے، تو ان کی خیرگی کا یہ حال ہوتا ہے، گویا) قریب ہے کہ بینائی اُچک لے۔ اُس کی چمک سے جب فضا روشن ہوجاتی ہے تو دو چار قدم چل لیتے ہیں۔ جب اندھیرا چھا جاتا ہے تو (ٹھٹک کر) رُک جاتے ہیں۔ (کانوں میں مارے دہشت کے انگلیاں ٹھنسی ہوئیں! آنکھوں تلے اندھیرا چھایا ہوا! پاؤں چلنے سے درماندہ! دل خوف سے لرزاں! تمام دنیا بارانِ رحمت کی برکتوں سے فیضیاب ہورہی ہے، لیکن ان نامرادوں کے حصے میں جو کچھ آیا ہے، وہ صرف یہی ہے!) اگر اللہ چاہے، تو یہ بالکل بہرے اندھے ہوکر رہ جائیں (کانوں میں انگلیاں ٹھونسنے اور نگاہوں کے خیرہ ہونے کی ضرورت ہی نہ رہے) اور یقیناً اللہ ہر بات پر قادر ہے!

توحیدِ الٰہی کی تلقین، اور خالقیت اور ربوبیت سے استدلال جس کا یقین انسان کی فطرت میں ہے

اے افرادِ نسلِ انسانی! اپنے پروردگار کی عبادت کرو (اُس پروردگار کی) جس نے تمھیں پیدا کیا، اور اُن سب کو بھی پیدا کیا جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں (اور اس لئے پیدا کیا) تاکہ اس کی نافرمانی سے بچو۔

وہ پروردگارِ عالم جس نے تمھارے لئے زمین فرش کی طرح بچھا دی، اور آسمان کو چھت کی طرح بلند کردیا، اور (پھر تم دیکھ رہے ہو کہ وہی ہے) جو آسمان سے پانی برساتا ہے جس سے زمین شاداب ہوجاتی ہے۔ اور طرح طرح کے پھل تمھاری غذا کے لئے پیدا ہوجاتے ہیں۔ پس (جب خالقیت اُسی کی خالقیت ہے، اور ربوبیت اُس کی ربوبیت، تو) ایسا نہ کرو کہ اسکے ساتھ کسی دوسری ہستی کو شریک اور ہم پایہ بناؤ۔ اور تم جانتے ہو کہ اُسکے سوا کوئی نہیں ہے!

صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ ۲۲
اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا ۲۳
الْاَنْهٰرُ ۭ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ
مُتَشَابِهًا ۭ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ڎ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ ۲۴
مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ بِهٖ

رسالت اور وحی

۲۱ اور (دیکھو) اگر تمھیں اس (کلام) کی سچائی میں شک ہو جو ہم نے اپنے بندے پر (یعنے پیغمبر اسلام پر) نازل کیا ہو (اور تم خیال کرتے ہو، یہ اللہ کے طرف سے نہیں ہو، یا تمھیں رسالت اور وحی ہی سے انکار ہو) تو (اس کا فیصلہ بہت آسان ہو۔ اگر یہ محض ایک انسانی دماغ کی بناوٹ ہو، تو تم بھی انسان ہو۔ زیادہ نہیں) اُس کی سی ایک سورت ہی بنا لاؤ، اور اللہ کے سوا جن (طاقتوں) کو تم نے

۲۲ اپنا حمایتی سمجھ رکھا ہو، ان سب کو بھی اپنی مدد کے لئے بلا لو۔ پھر اگر تم ایسا نہ کرسکو، اور حقیقت یہ ہو کہ کبھی نہیں کرسکو گے، تو (چاہئے کہ سچائی کے انکار سے باز آؤ، اور اس کی پاداش سے ڈرو) اُس آگ کے عذاب سے ڈرو، جو (لکڑی کی جگہ) انسان اور پتھر کے ایندھن سے سلگتی ہو، اور منکرین حق کے لئے طیار ہو!

۲۳ (لیکن، ہاں،) جن لوگوں نے (انکار و سرکشی کی جگہ) ایمان کی راہ اختیار کی، اور اُنکے اعمال بھی اچھے ہوئے، تو اُنکے لئے (آگ کی جگہ راحت و سرور ابدی کے) باغوں کی بشارت ہو۔ (سرسبز و شاداب باغ) جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں (اور اس لئے وہ کبھی خشک ہونے والے نہیں) جب کبھی ان باغوں کا کوئی پھل اُنکے حصے میں آئے گا، (یعنے بہشتی زندگی کی کوئی نعمت اُنکے حصے میں آئے گی) تو بول اُٹھیں گے، یہ تو وہ نعمت ہو جو پہلے ہمیں دی جا چکی ہو (یعنے نیک عملی کا وہ اجر ہو جسکے ملنے کی ہمیں دنیا میں خبر دی جا چکی ہو) اور (یہ اس لئے کہینگے کہ) باہم کر ملتی جلتی ہوئی چیزیں انکے سامنے آئیں گی (یعنے جیسا کچھ اُن کا عمل تھا، ٹھیک ویسی ہی بہشتی زندگی کی نعمت بھی ہوگی) علاوہ بریں انکے لئے نیک اور پارسا بیویاں ہونگی، اور اُن کی راحت ہمیشگی کی راحت ہوگی کہ اُسے کبھی زوال نہیں!

سنت الٰہی یہ ہو کہ وحی کا کلام انسانی بول چال کے مطابق ہوتا ہو اور بیان حقائق کے لئے مثالیں ضروری ہیں۔

۲۴ اللہ (کا کلام جو انسانوں کو ان کی سمجھ کے مطابق مخاطب کرنا چاہتا ہو) اس بات سے نہیں جھجکتا کہ کسی (حقیقت کے سمجھانے کے لئے کسی حقیر سے حقیر چیز کی) مثال

۲۵ كَثِيرًا ۙ وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلَّا الْفٰسِقِينَ ۙ الَّذِينَ يَنقُضُونَ عَهْدَ اللّٰهِ مِن بَعْدِ مِيثَاقِهِ
وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللّٰهُ بِهِ أَن يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ أُولٰئِكَ هُمُ الْخٰسِرُونَ
۲۶ كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللّٰهِ وَكُنتُمْ أَمْوٰتًا فَأَحْيٰكُمْ ۖ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ
۲۷ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۔ هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ۚ ثُمَّ اسْتَوٰى إِلَى
۲۸ السَّمَاءِ فَسَوّٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۔ وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰئِكَةِ
إِنِّي جَاعِلٌ فِي الْأَرْضِ خَلِيفَةً ۖ قَالُوا أَتَجْعَلُ فِيهَا مَن يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ

ع ۳

سے کام لے۔ مثلاً مچھر کی، یا اس سے بھی زیادہ کسی حقیر چیز کی (اس طرح کی مثالیں کلام حق میں جا بجا آئینگی) پس جو لوگ ایمان رکھتے ہیں، وہ (مثالیں سُنکر اُن کی دانائی اور نصیحت میں غور کرتے ہیں، اور) جان لیتے ہیں کہ یہ جو کچھ ہی، اُنکے پروردگار کے طرف سے ہی۔ لیکن جن لوگوں نے انکار حق کی راہ اختیار کی ہی، تو وہ (اپنی کج فہمی سے حقیقت نہیں پاسکتے وہ) کہتے ہیں بھلا ایسی مثال بیان کرنے سے اللہ کا مطلب کیا ہوسکتا ہی؟ (سو حقیقت یہ ہی کہ تعلیم و نصیحت کی تمام باتوں کی طرح مثال بھی ایک بات ہی۔ جو کوئی راست بازی کے ساتھ غور کریگا ہدایت پائے گا، جو کج فہمی سے انکار کریگا، گمراہ ہوگا۔ پس کتنے ہی انسان ہیں جن کے حصہ میں اس سے گمراہی آئیگی اور کتنے ہی ہیں، جن پر اس (کے فہم و تدبر) سے راہ (سعادت) کھل جائے گی۔ اور (خدا کا قانون یہ ہی کہ) وہ گمراہ نہیں کرتا مگر اُنہی لوگوں کو جو (ہدایت کی تمام حدیں توڑ کر) فاسق ہوگئے ہیں!

۲۵ (فاسق کون ہیں؟ فاسق وہ ہیں) جو احکام الٰہی کی اطاعت کا عہد و میثاق کرکے پھر اُسے توڑ ڈالتے ہیں، اور جن رشتوں کے جوڑنے کا خدا نے حکم دیا ہی، انکے قطع کردینے میں بے باک ہیں، اور (اپنی بدعملیوں اور سرکشیوں سے) ملک میں فساد پھیلاتے ہیں، سو (جن لوگوں کی شقاوتوں کا یہ حال ہی، وہ ہمیشہ گمراہی کی چال ہی چلیں گے۔ اور فی الحقیقت) یہی لوگ ہیں، جن کے لئے سرتاسر نامرادی اور نقصان ہی!

آخرت کی زندگی، اور پہلی پیدائش سے دوسری پیدائش پر استدلال

۲۶ (اے افرادِ نسلِ انسانی!) تم کس طرح اللہ سے (اور اسکی عبادت سے) انکار کرسکتے ہو، جبکہ حالت یہ ہی کہ تمھارا وجود نہ تھا، اُسنے زندگی بخشی، پھر وہی ہی جو زندگی کے بعد موت طاری کرتا ہی اور موت کے بعد دوبارہ زندگی بخشے گا، اور بالآخر تم سب کو اُسی کے حضور لوٹنا ہی!

زمین کی مخلوقات میں نوع انسانی کی برتری اور مخلوقات ارضی کا

۲۷ (اور دیکھو) یہ اُسی (پروردگار) کی کار فرمائی ہی کہ اُسنے زمین کی ساری چیزیں تمھارے لئے پیدا کیں (تاکہ جس طرح چاہو

الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ۚ قَالَ إِنِّىٓ أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝ وَعَلَّمَ ٢٩
ءَادَمَ الْأَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلَٰٓئِكَةِ فَقَالَ أَنۢبِـُٔونِى بِأَسْمَآءِ هَٰٓؤُلَآءِ إِن
كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ۝ قَالُوا۟ سُبْحَٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَآ ۖ إِنَّكَ أَنتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ٣٠
قَالَ يَٰٓـَٔادَمُ أَنۢبِئْهُم بِأَسْمَآئِهِمْ ۖ فَلَمَّآ أَنۢبَأَهُم بِأَسْمَآئِهِمْ قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ إِنِّىٓ أَعْلَمُ ٣١
غَيْبَ السَّمَٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ وَأَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ ۝ وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَٰٓئِكَةِ ٣٢

اس لئے ہوتا کہ انسان انھیں اپنے کام میں لائے۔

اُن سے کام لو) پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا، اور سات آسمان درست کر دیئے (جن سے طرح طرح کے فوائد تمھیں حاصل ہوتے ہیں) اور وہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے!

انسان کا زمین میں خدا کا خلیفہ ہونا، نوعِ انسانی کی معنوی تکمیل، آدم کا ظہور، اور قوموں کی ہدایت و ضلالت کی ابتدا۔

٢٨ اور (اے پیغمبر! اس حقیقت پر غور کرو) جب ایسا ہوا تھا کہ تمھارے پروردگار نے فرشتوں سے کہا تھا: میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں۔ فرشتوں نے کہا: کیا ایسی ہستی کو خلیفہ بنایا جا رہا ہے جو زمین میں خرابی پھیلائے گی اور خونریزی کرے گی، حالانکہ ہم تیری حمد و ثنا کرتے ہوئے تیری پاکی و قدوسی کا اقرار کرتے ہیں (کہ تیری مشیت برائی سے پاک اور تیرا کام نقصان سے منزہ ہے!) اللہ نے کہا، میری نظر جس حقیقت پر ہے تمھیں اُس کی خبر نہیں!

٢٩ (پھر جب ایسا ہوا کہ مشیت الٰہی نے جو کچھ چاہا تھا، ظہور میں آگیا) اور آدم نے (یہاں تک معنوی ترقی کی کہ) تعلیم الٰہی سے تمام چیزوں کے نام معلوم کر لئے، تو اللہ نے فرشتوں کے سامنے وہ (تمام حقائق) پیش کر دیئے، ٣٠ اور فرمایا، اگر تم (اپنے شبہ میں) درستی پر ہو تو بتلاؤ، ان (حقائق) کے نام کیا ہیں؟ فرشتوں نے عرض کیا، خدایا ساری پاکیاں اور بڑائیاں تیرے ہی لئے ہیں۔ ہم تو اُتنا ہی جانتے ہیں جتنا تو نے ہمیں سکھلا دیا ہے۔ علم تیرا علم ہے اور حکمت تیری حکمت! ٣١ (جب فرشتوں نے اس طرح اپنے عجز کا اعتراف کر لیا، تو) حکم الٰہی ہوا۔ اے آدم، تم (اب) فرشتوں کو ان (حقائق) کے نام بتلا دو۔ جب آدم نے بتلا دیئے، تو اللہ نے فرمایا۔ کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ آسمان و زمین کے تمام غیب مجھ پر روشن ہیں، اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو وہ بھی میرے علم میں ہے، اور جو کچھ تم چھپاتے تھے، وہ بھی مجھ سے مخفی نہیں!

فرشتوں کا آدم کے سامنے سربسجود ہو جانا مگر ابلیس کا

٣٢ اور پھر (دیکھو) جب ایسا ہوا تھا کہ ہم نے فرشتوں کو حکم دیا تھا۔ آدم کے آگے سربسجود ہو جاؤ۔ وہ جھک گئے، مگر ابلیس کی گردن نہیں جھکی

۳۳ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْۤا اِلَّاۤ اِبْلِیْسَ ؕ اَبٰی وَ اسْتَكْبَرَ ٭۫ وَ كَانَ مِنَ الْكٰفِرِیْنَ ۝ وَ قُلْنَا
یٰۤاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَ زَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَ كُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَیْثُ شِئْتُمَا ٪ وَ لَا تَقْرَبَا هٰذِهِ
۳۴ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ فَاَزَلَّهُمَا الشَّیْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِیْهِ ۪ وَ
قُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَ لَكُمْ فِی الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّ مَتَاعٌ اِلٰی حِیْنٍ ۝
۳۵ فَتَلَقّٰۤی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَیْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ۝ قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا

انکار کرنا۔ آدم کی بہشتی زندگی اور شجر ممنوع۔

اُس نے نہ مانا، اور گھمنڈ کیا، اور حقیقت یہ ہے کہ وہ کافروں میں سے تھا۔

۳۳ پھر (ایسا ہوا کہ) ہمنے آدم سے کہا۔ اے آدم، تم اور تمھاری بیوی، دونوں جنت میں رہو، جس طرح چاہو، کھاؤ پیو، امن چین کی زندگی بسر کرو۔ مگر دیکھو، وہ جو ایک درخت ہے، تو کبھی اُسکے پاس نہ پھٹکنا۔ اگر تم اُس کے قریب گئے، تو (نتیجہ یہ نکلے گا کہ) حد سے تجاوز کر بیٹھوگے، اور اُن لوگوں میں سے ہوجاؤگے جو زیادتی کرنے والے ہیں۔

آدم کی لغزش، اعترافِ قصور، قبولیت توبہ، اور ایک نئی زندگی کا آغاز!

۳۴ پھر (ایسا ہوا کہ) شیطان کی وسوسہ اندازی نے اُن دونوں کے قدم ڈگمگا دیئے، اور یہ اُسی کا نتیجہ تھا کہ جیسی کچھ (راحت و سکون کی) زندگی بسر کر رہے تھے، اُس سے نکلنا پڑا۔ خدا کا حکم ہوا۔ یہاں سے نکل جاؤ۔ تم میں سے ہر وجود دوسرے کا دشمن ہے۔ اب تمھیں (جنت کی جگہ) زمین میں رہنا ہے، اور ایک خاص وقت تک کے لئے (جو علم الٰہی میں مقرر ہوچکا ہے) اُس سے فائدہ اُٹھانا ہے۔

۳۵ پھر ایسا ہوا کہ آدم نے اپنے پروردگار کے القاء سے چند کلمات معلوم کرلئے (جن کے لئے اُس کے حضور قبولیت تھی) پس اللہ نے اُس کی توبہ قبول کرلی۔ اور بلاشبہ وہی ہے جو رحمت سے درگزر کرنے والا ہے، اور اُس کے درگزر کی کوئی انتہا نہیں!

وحی الٰہی کی ہدایت اور انسان کی سعادت و شقاوت کا قانون

۳۶ (آدم کی توبہ قبول ہوگئی، لیکن جس زندگی سے وہ نکل چکا تھا دوبارہ نہیں مل سکتی تھی۔ پس) ہمارا حکم ہوا، اب تم سب یہاں سے نکل چلو، (اور جس نئی زندگی کا دروازہ تم پر کھولا جارہا ہے اُسے اختیار کرلو) لیکن (یاد رکھو) جب کبھی ایسا ہوگا کہ ہماری جانب سے تم پر راہِ (حق) کھولی جائے گی، تو (تمھارے لئے دو ہی راہیں ہونگی) جو کوئی ہدایت کی پیروی کریگا، اُسکے لئے (کامیابی و سعادت ہوگی) کسی طرح کا کھٹکا نہیں۔

۳۷ کسی طرح کی غمگینی نہیں۔ اور جو کوئی انکار کریگا اور ہماری نشانیاں جھٹلائیگا، وہ دوزخی گروہ میں سے ہوگا۔ ہمیشہ عذاب میں رہنے والا۔

جَمِيعًا ۚ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى فَمَن تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ﴿٣٨﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٣٩﴾ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ اذْكُرُوا نِعْمَتِيَ الَّتِي أَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَأَوْفُوا بِعَهْدِي أُوفِ بِعَهْدِكُمْ وَإِيَّايَ فَارْهَبُونِ ﴿٤٠﴾ وَآمِنُوا بِمَا أَنزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُونُوا أَوَّلَ كَافِرٍ بِهِ ۖ وَلَا تَشْتَرُوا بِآيَاتِي ثَمَنًا قَلِيلًا وَإِيَّايَ فَاتَّقُونِ ﴿٤١﴾ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ﴿٤٢﴾

ع ۴ ۲۷-۲۸ — ۳۹

وحی الٰہی کی ہدایت کا جاری ہونا، اور اس سلسلہ میں بنی اسرائیل سے خطاب کر کتاب اللہ کے سب سے بڑے حامل وہی سمجھے جاتے تھے۔

۳۸ اے بنی اسرائیل! میری نعمت یاد کرو، وہ نعمت جس سے میں نے تمھیں سرفراز کیا تھا، اور دیکھو، اپنا عہد پورا کرو (جو ہدایت قبول کرنے اور اُس پر کاربند ہونے کا عہد ہی) میں بھی اپنا عہد پورا کرونگا (جو ہدایت پر کاربند ہونے والوں کے لئے کامرانی و سعادت کا عہد ہی) اور دیکھو، میرے سوا کوئی نہیں، پس دوسروں سے نہیں، صرف مجھی سے ڈرو!

اور اُس کلام پر ایمان لاؤ جو میں نے نازل کیا ہی، اور جو اُس کلام کی تصدیق کرتا ہوا نمایاں ہوا ہی جو تمھارے پاس (پہلے سے) موجود ہی، اور ایسا نہ کرو کہ اُس کے انکار میں (شقاوت کا) پہلا قدم جو اُٹھے، وہ تمھارا ہو۔ اور (دیکھو) میرے سوا کوئی نہیں، پس میری نافرمانی سے بچو!

۳۹ اور ایسا نہ کرو کہ حق کو باطل کے ساتھ ملا کر مشتبہ بنا دو، اور حق کو چھپاؤ، حالانکہ تم جانتے ہو کہ حقیقت حال کیا ہی۔

۴۰ نماز قائم کرو (جسکی حقیقت تم نے کھو دی ہی) زکوٰۃ ادا کرو (جبکہ تم میں اخلاص باقی نہیں رہا) اور جب اللہ کے حضور جھکنے والے جھکیں، تو اُن کے ساتھ تم بھی سر نیاز جھکا دو!

۴۱ تم لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو مگر خود اپنی خبر نہیں لیتے کہ تھارے اعمال کا کیا حال ہی، حالانکہ خدا کی کتاب تھارے پاس ہی اور ہمیشہ تلاوت کرتے رہتے ہو؟ پھر کیا خدا کی کتاب کے علم و تلاوت کا نتیجہ یہی ہونا چاہئے کہ خود تلاوت کرنے والا تو اُس پر عمل نہ کرے لیکن دوسروں کو عمل کرنے کا حکم دے؟ افسوس تھاری عقلوں پر! کیا اتنی موٹی سی بات بھی تھاری سمجھ میں نہیں آتی؟

"صبر" اور "نماز" دو بڑی روحانی قوتیں ہیں، جن سے اصلاح نفس اور انقلاب حال میں مدد لی جا سکتی ہی۔

۴۲ اور (دیکھو) صبر اور نماز (کی قوتوں) سے (اپنی صلاح میں) مدد لو (نفس کی برائیاں کتنی ہی سخت کیوں نہ ہوگئی ہوں، لیکن صبر اور نماز کی روح انھیں مغلوب کر لے گی

۴۰-۴۱ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝ اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَ

۴۲ تَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ

۴۳ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ

۴۴ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاتَّقُوْا (الربع)

يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْــًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ

۴۶ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝ وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ

---

۴۳ لیکن (یاد رکھو) نماز ایک ایسا عمل ہے جو (انسان کی راحت طلب طبیعت پر) بہت ہی شاق گزرتا ہے۔ البتہ جن لوگوں کے دل اللہ کے حضور جھکے ہوئے ہیں، اور جو سمجھتے ہیں، انھیں اپنے پروردگار سے ملنا اور (بالآخر) اسی کے حضور لوٹنا ہے، تو ان پر یہ عمل شاق نہیں گزر سکتا (وہ تو اس میں سرتا سر لذت و راحت محسوس کرتے ہیں!)

۴۴ اے بنی اسرائیل! میری نعمتیں یاد کرو جن سے میں نے تمھیں سرفراز کیا تھا،

> بنی اسرائیل کے ایام و وقائع کا تذکرہ اور قوموں کی ہدایت و ضلالت کے حقائق

۴۵ اور (خصوصاً) یہ (نعمت) کہ دنیا کی قوموں پر تمھیں فضیلت دی تھی، اس دن کے مواخذہ سے ڈرو جبکہ (انسان کی کوئی کوشش بھی اسے اعمال بد کے نتائج سے نہیں بچا سکے گی اس دن) نہ تو کوئی انسان دوسرے انسان کے کام آئے گا، نہ کسی کی سعی و سفارش سنی جائے گی، نہ کسی طرح کا بدلہ قبول کیا جائے گا، اور نہ کہیں سے کسی طرح کی مدد ملے گی!

> فوائد: مصر کی غلامی سے نجات اور کتاب و فرقان کا عطیہ لیکن بنی اسرائیل کا مصری بت پرستی کی طرف مائل ہو جانا، اور گو سالہ پرستی شروع کر دینی۔

۴۶ اور (اپنی تاریخ حیات کا) وہ وقت یاد کرو جب ہم نے تمھیں خاندان فرعون (کی غلامی) سے، جنھوں نے تمھیں نہایت سخت عذاب میں ڈال رکھا تھا، نجات دی تھی۔ وہ تمھارے لڑکوں کو بے دریغ ذبح کر ڈالتے (تاکہ تمھاری نسل و جمعیت نابود ہو جائے) اور تمھاری عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتے (تاکہ حکمران قوم کی لونڈیاں بنا کر زندگی بسر کریں) اور فی الحقیقت اس صورت حال میں، تمھارے پروردگار کی طرف سے تمھارے لئے بڑی ہی آزمائش تھی!

۴۷ اور پھر وہ وقت یاد کرو، جب (تم مصر سے نکلے تھے اور فرعون تمھارا تعاقب کر رہا تھا) ہم نے سمندر کا پانی اس طرح الگ الگ کر دیا کہ تم بچ نکلے، مگر فرعون کا گروہ غرق ہو گیا، اور تم (کنارے پر کھڑے) دیکھ رہے تھے!

۴۸ اور (پھر وہ واقعہ بھی یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ سے چالیس راتوں والا وعدہ کیا

۴۷ أَبْنَاءَكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ ۚ وَفِي ذَٰلِكُمْ بَلَاءٌ مِّن رَّبِّكُمْ عَظِيمٌ ۝ وَإِذْ فَرَقْنَا
۴۸ بِكُمُ الْبَحْرَ فَأَنجَيْنَاكُمْ وَأَغْرَقْنَا آلَ فِرْعَوْنَ وَأَنتُمْ تَنظُرُونَ ۝ وَإِذْ وَاعَدْنَا مُوسَىٰ أَرْبَعِينَ
۴۹ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِن بَعْدِهِ وَأَنتُمْ ظَالِمُونَ ۝ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنكُم مِّن بَعْدِ ذَٰلِكَ
۵۰-۵۱ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ وَإِذْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝ وَإِذْ قَالَ
مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ يَا قَوْمِ إِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ أَنفُسَكُم بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوبُوا إِلَىٰ بَارِئِكُمْ
فَاقْتُلُوا أَنفُسَكُمْ ذَٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِندَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ ۚ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ

تھا۔ پھر (جب ایسا ہوا کہ وہ چالیس دن کے لئے تمھیں چھوڑ کر کوہ طور پر چلا گیا، تو اس کے جاتے ہی) تم نے ایک بچھڑے کی پرستش اختیار کرلی، اور تم راہِ حق سے منحرف ہوگئے تھے۔ (یہ تمھاری بڑی ہی گمراہی تھی) لیکن ہم نے (اپنی) رحمت سے، درگزر کی (اور اس گمراہی کے نتائج سے تمھیں بچا لیا) تاکہ اللہ کی بخشائشوں کی قدر کرو۔ ۴۹

۵۰ اور پھر (وہ واقعہ بھی یاد کرو) جب ہمنے (چالیس راتوں والا وعدہ پورا کیا تھا، اور) موسیٰ کو الکتاب (یعنے تورات) اور الفرقان (یعنے حق و باطل میں امتیاز کرنے والی قوت) عطا فرمائی تھی، تاکہ تم پر (سعادت و فلاح کی) راہ کھلے۔

۵۱ اور (پھر وہ وقت) جب موسیٰ (کتابِ الٰہی کا عطیہ لیکر پہاڑ سے اُترا تھا، اور تمھیں ایک بچھڑے کی پُوجا میں سرگرم دیکھ کر) پکار اُٹھا تھا: اے میری قوم! (افسوس تمھاری حق فراموشی پر!) تم نے بچھڑے کی پوجا کرکے خود اپنے ہاتھوں اپنے کو تباہ کردیا ہے۔ پس چاہئے کہ اپنے خالق کے حضور توبہ کرو، اور گوسالہ پرستی کے بدلے اپنی جانوں کو قتل کرو۔ اسی میں خدا کے نزدیک تمھارے لئے بہتری ہے۔ چنانچہ تمھاری توبہ قبول کرلی گئی، اور اللہ بڑا ہی رحمت والا اور رحمت سے درگزر کرنے والا ہے!

۵۲ اور (پھر وہ واقعہ یاد کرو) جب تم نے کہا تھا: اے موسیٰ! ہم کبھی تم پر یقین کرنے والے نہیں جب تک کہ کُھلے طور پر اللہ کو (تم سے کلام کرتا ہوا) نہ دیکھ لیں۔ پھر (تمھیں یاد ہے کہ اس گمراہانہ جسارت کا نتیجہ کیا نکلا تھا؟ یہ نکلا تھا کہ) بجلی کے کڑاکے نے (اچانک) آگھیرا، اور تم نظر اُٹھائے تک رہے تھے!

بنی اسرائیل کی یہ گمراہی کہ اُنکے دلوں میں وحی الٰہی پر دل یقین نہ تھا

۵۳ پھر ہم نے تمھیں اس ہلاکت کے بعد (دوبارہ) اُٹھا کھڑا کیا (اور تم پر زندگی و افزائش کی راہ کھول دی) تاکہ اپنے آپ کو نعمتِ الٰہی کا قدر شناس ثابت کرو!

۵۲ وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝ ۵۳-۵۴ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ۭ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ۭ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ ۵۵ وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ۭ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

۵۴ صحراءِ سینا کی بے آب وگیاہ سرزمین میں زندگی کی تمام ضروریات کا مہیا ہوجانا لیکن بنی اسرائیل کا کفرانِ نعمت کرنا

اور (پھر جب ایسا ہوا تھا کہ صحراءِ سینا کی بے آب وگیاہ سرزمین میں دھوپ کی شدت اور غذا کے نہ ملنے سے تم ہلاک ہوجانے والے تھے، تو) ہم نے تمھارے سروں پر ابر کا سایہ پھیلا دیا اور منؔ[1] اور سلویٰ کی غذا فراہم کردی (تم سے کہا گیا:) خدا نے تمھاری غذا کے لئے جو اچھی چیزیں مہیا کردی ہیں، اُنھیں بفراغت کھاؤ، اور کسی طرح کی تنگی وقلت محسوس نہ کرو (لیکن اس پر بھی تم اپنی بدعملیوں سے باز نہ آئے۔ غور کرو) تم نے (اپنی ناشکریوں سے) ہمارا کیا بگاڑا؟ خود اپنا ہی نقصان کرتے رہے!

۵۵ بنی اسرائیل کی یہ گمراہی کہ جب اُنھیں فتح وکامرانی عطا کی گئی تو عبودیت ونیاز کی جگہ غفلت وغرور میں مبتلا ہوگئے۔

اور پھر کیا اُس وقت کی یاد بھی تمھارے اندر عبرت وبصیرت پیدا نہیں کرسکتی، جب (ایک شہر کی آبادی تمھارے سامنے تھی، اور) ہم نے حکم دیا تھا کہ اس آبادی میں (فتح مندانہ) داخل ہوجاؤ، اور پھر (بہ حیثیت ایک فاتح قوم کے) کھاؤ پیو، آرام چین کی زندگی بسر کرو، لیکن (ساتھ ہی یہ بات بھی یاد رکھو کہ ایک مدت کے انتظار کے بعد فتح وکامرانی کا دروازہ تم پر کھلا ہے۔ پس چاہیے کہ) جب شہر کے دروازے میں قدم رکھو، تو تمھارے سر اللہ کے حضور جھکے ہوئے ہوں، اور تمھاری زبانوں پر توبہ واستغفار کا کلمہ جاری ہو کہ "حِطَّۃٌ! حِطَّۃٌ!" (خدایا، ہمیں گناہوں کی آلودگی سے پاک کردے! ہمیں گناہوں کی آلودگی سے پاک کردے! اگر تم نے ایسا کیا، تو) اللہ تمھاری خطائیں معاف کردیگا، اور (اُس کا قانون یہی ہے کہ) نیک کردار انسانوں کے اعمال میں برکت دیتا ہے، اور اُنکے اجر میں فراوانی ہوتی رہتی ہے!

[1] "من" درخت کا شیرہ ہے جو گوندھ کی طرح جم جاتا ہے اور خوش ذائقہ اور مقوّی ہوتا ہے۔ "سلویٰ" ایک پرندہ ہے۔ یہ دونوں چیزیں کوہِ طور کے اطراف وجوانب میں بکثرت ہوتی ہیں۔ یہ "من" وہ ہے جسے خود کھایا ہے جو فلسطین کے یہودی بنایا کرتے ہیں ۱۲

٥٦ فَبَدَّلَ الَّذِينَ ظَلَمُوا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِي قِيلَ لَهُمْ فَأَنزَلْنَا عَلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا رِجْزًا مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ۝ ٥٧ وَإِذِ اسْتَسْقَىٰ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِب بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۖ فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۖ قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۖ كُلُوا وَاشْرَبُوا مِن رِّزْقِ اللَّهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ ٥٨ وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَن نَّصْبِرَ عَلَىٰ طَعَامٍ وَاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ مِن بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۖ قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي

٥٦ لیکن پھر ایسا ہوا کہ تم میں سے اُن لوگوں نے جن کی راہ ظلم و شرارت کی راہ تھی، حق کی بتلائی ہوئی بات سے اُسے بدل ڈالا (اور عجز و عبودیت کی جگہ غفلت و سرکشی میں مبتلا ہو گئے) بالآخر ظلم و شرارت کرنے والوں پر ہم نے آسمان سے عذاب نازل کیا، اور یہ اُن کی نافرمانیوں کی سزا تھی!

٥٧ اور پھر (وہ واقعہ بھی یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لئے پانی طلب کیا تھا، اور ہم نے حکم دیا تھا، اپنی لاٹھی سے پہاڑ کی چٹان پر ضرب لگاؤ (تم دیکھو گے، پانی تمہارے لئے موجود ہے۔ موسیٰ نے اس حکم کی تعمیل کی) چنانچہ بارہ چشمے پھوٹ نکلے، اور تمام لوگوں نے اپنے اپنے پانی لینے کی جگہ معلوم کر لی۔ (اُس وقت تم سے کہا گیا تھا۔ اس بے آب و گیاہ بیابان میں تمہارے لئے زندگی کی تمام ضرورتیں مہیا ہو گئی ہیں) کھاؤ پیو، خدا کی بخشائش سے فائدہ اٹھاؤ، اور ایسا نہ کرو کہ ملک میں فتنہ و فساد پھیلاؤ (یعنے ضروریاتِ معیشت کے لئے لڑائی جھگڑا کر دیا ہر طرف لوٹ مار مچاتے پھرو)

صحرائے سینا میں پانی کے چشموں کا نمایاں ہو جانا لیکن ہر قبیلہ کو پانی کے لئے باہمی جھگڑوں و رقابت سے بچا دینا!

٥٨ اور پھر (دیکھو، تمہاری تاریخ حیات کا وہ واقعہ بھی کس درجہ عبرت انگیز ہے) جب تم نے موسیٰ سے کہا تھا، ہم سے یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک ہی طرح کے کھانے پر قناعت کر لیں (یعنے صرف من اور سلویٰ پر قناعت کر لیں) پس اپنے پروردگار سے دعا کرو، ہمارے لئے وہ تمام چیزیں پیدا کر دی جائیں، جو زمین کی پیداوا

محکومی و غلامی سے قوم کی اخلاقی پستی۔ ہوسناکی اور ان تقاضوں کے لئے جذبہ قوم باقی نہیں رہی تھی۔ بنی اسرائیل صدیوں تک مصریوں کی غلامی سے پست ہو گئے تھے اور ذہنی عظمت کا تقابل اُن کے سامنے تھا، لیکن وہ اُن حقیر راحتوں کے لئے ترستے تھے، جو مصر کی غلامانہ زندگی میں میسر تھیں اور وہ چھوٹی چھوٹی تکلیفیں شاق گزرتی تھیں جو آزادی و عظمت کی راہ میں پیش آتی تھیں!

هُوَ خَيْرٌ ۚ اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا سَاَلْتُمْ ۚ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ۚ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ ۵۹ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ ۶۰ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ

نیز اس حقیقت کا اعلان کہ یہودیوں کی ایسی ہی بداعمالیاں ان کی مغضوبیت کا باعث ہوئیں۔

ہیں سبزی، ترکاری، گیہوں، دال، پیاز، لہسن (وغیرہ) جو مصر میں ہم کھایا کرتے تھے! موسیٰ نے یہ سنکر کہا (افسوس تمہاری غفلت اور بے حسی پر!) کیا تم چاہتے ہو، ایک ادنیٰ سی بات کے لئے (یعنی غذا کی لذت کے لئے) اُس (مقصد عظیم) سے دستبردار ہو جاؤ جس (کی راہ میں یہ ساری) خیر و برکت ہے؟ (یعنی قومی آزادی و سعادت سے)؟ اچھا، اگر تمہاری غفلت و بدبختی کا یہی حال ہے تو یہاں سے نکلو، شہر کی راہ لو۔ وہاں یہ تمام چیزیں ملجائیں گی جن کے لئے ترس رہے ہو (اگرچہ غلامی کی ذلت و نامرادی کے ساتھ ملیں گی!) بہرحال بنی اسرائیل پر خواری و نامرادی کی مار پڑی اور خدا کے غضب کے سزاوار ہوئے۔ اور یہ اس لئے ہوا کہ خدا کی آیتوں سے انکار کرتے تھے اور اُس کے نبیوں کے ناحق قتل میں بے باک تھے، اور (گمراہی و شقاوت کی یہ روح ان میں) اس لئے (پیدا ہوگئی) کہ (اطاعت کی جگہ) سرکشی سما گئی تھی، اور (حق و ہدایت کی) حدیں توڑ کر بے لگام ہو گئے تھے!

۵۹

اس اصل عظیم کا اعلان کہ سعادت و نجات ایمان و عمل سے ہے، البتہ نسل و خاندان یا مذہبی گروہ بندی کو اس میں کوئی دخل نہیں۔ یہودی جب ایمان و عمل سے محروم ہوگئے، تو نہ تو اُن کی نسل اُن کے کام آئی، نہ یہودیت کی گروہ بندی سود مند ہوسکی۔ خدا کے قانون نے یہ نہیں دیکھا کہ وہ کون ہیں اور کس گروہ بندی سے تعلق رکھتے ہیں؟ بلکہ صرف یہ دیکھا کہ عمل کا کیا حال ہے؟ اور پھر جب آزمائش عمل میں پورے نہ اُترے، تو مغضوب و نامراد ہوگئے!

(دراصل اس بارے میں خدا کا ٹھہرایا ہوا قانون تو یہ ہے کہ فلاح و سعادت ایمان و عمل سے حاصل ہوتی ہے نہ کہ نسل و خاندان یا مذہبی گروہ بندیوں سے) جو لوگ (پیغمبر اسلام پر) ایمان لا چکے ہیں، وہ ہوں، یا وہ لوگ ہوں جو یہودی ہیں، یا نصاریٰ اور صابی ہوں، (کوئی ہو، اور کسی گروہ بندی میں سے ہو) لیکن جو کوئی بھی خدا پر اور آخرت کے دن پر ایمان لایا، اور اُس کے اعمال بھی اچھے ہوئے تو وہ اپنے ایمان و عمل کا

خُذُوا مَا آتَيْنَاكُم بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ ثُمَّ تَوَلَّيْتُم مِّن بَعْدِ ٦١
ذَٰلِكَ ۖ فَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ لَكُنتُم مِّنَ الْخَاسِرِينَ ۝ وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِينَ ٦٢
اعْتَدَوْا مِنكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ ۝ فَجَعَلْنَاهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ
يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ ۝ وَإِذْ قَالَ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ ٦٣
أَن تَذْبَحُوا بَقَرَةً ۖ قَالُوا أَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۖ قَالَ أَعُوذُ بِاللَّهِ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْجَاهِلِينَ ۝ قَالُوا
ادْعُ لَنَا رَبَّكَ

اجر اپنے پروردگار سے ضرور پائے گا۔ اس کے لئے نہ تو کسی طرح کا کھٹکا ہوگا، نہ کسی طرح کی غمگینی!

٦٠ اور پھر (اپنی تاریخ حیات کا وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے تم سے کتاب کا عہد لیا تھا، اور یہ وہ وقت تھا کہ تم نیچے کھڑے تھے، اور کوہ طور کی چوٹیاں تم پر بلند کر دی گئی تھیں: "دیکھو، جو کتاب ہدایت تمھیں دی گئی ہے، اس پر مضبوطی کے ساتھ جم جاؤ، اور جو کچھ اس میں بیان کیا گیا ہے، اسے ہمیشہ یاد رکھو (اور یہ اس لئے ہے) تاکہ تم (نافرمانی سے) بچو (اور فلاح و سعادت کی راہ میں کامیاب ہو!)"

بنی اسرائیل کی یہ گمراہی کہ شریعت کے احکام پر سچائی کے ساتھ عمل نہیں کرتے تھے، اور ان سے بچنے کے لئے طرح طرح کے شرعی حیلے گھڑ لیتے تھے یعنے محض نمائشی طور پر تو ان کی تعمیل کرتے، لیکن جو کچھ حقیقی مقصد تھا وہ پورا نہ کرتے۔

٦١ لیکن پھر تم اپنے عہد سے پھر گئے (اور احکام شریعت کی خلاف ورزی شروع کر دی) اور اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تمھارا ساتھ نہ دیتی، تو (تمھاری گمراہانہ روش تو ایسی تھی کہ) فوراً ہی نامرادی و تباہی کے حوالے ہو جاتے!

٦٢ اور یقیناً تم ان لوگوں کے حال سے بے خبر نہیں ہو جو تم ہی میں سے تھے، اور جنھوں نے سبت کے معاملہ میں راست بازی کی حدیں توڑ ڈالی تھیں (یعنے حکم شریعت سے بچنے کے لئے حیلوں اور مکاریوں سے کام لیا تھا۔ جب انھوں نے ایسا کیا تو انسانیت کے درجے سے گر گئے) ہم نے کہا، ذلیل و خوار بندروں کی طرح ہو جاؤ (انسانوں کے پاس سے ہمیشہ دھتکارے نکالے جاؤ گے، چنانچہ ایسا ہی ہوا) اور ہم نے اس معاملہ کو ان سب کے لئے جن کے سامنے ہوا، اور ان کے لئے بھی جو بعد کو پیدا ہوئے، تازیانۂ عبرت بنا دیا، اور ان لوگوں کے لئے جو متقی ہیں، اس میں نصیحت و دانائی رکھ دی!

٦٣ اور پھر (وہ معاملہ یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے یہ

کثرت سوال، اور تعمق فی الدین کی گمراہی یعنے احکام حق کی سیدھی سادی

يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذَٰلِكَ ۖ

(٦٤) فَافْعَلُوا مَا تُؤْمَرُونَ ۞ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۚ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ

(٦٥) صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النَّاظِرِينَ ۞ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّن لَّنَا مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ

(٦٦) عَلَيْنَا وَإِنَّا إِن شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ ۞ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُولٌ تُثِيرُ الْأَرْضَ

وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ۚ قَالُوا الْآنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ۚ فَذَبَحُوهَا وَمَا

(٦٧) كَادُوا يَفْعَلُونَ ۞ وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا ۖ وَاللَّهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ ۞

اطاعت کرنے کی جگہ، کد و کاوش کرنا، طرح طرح کے سوالات کرنا، بلا ضرورت باریکیاں اور دقیقہ سنجیاں کرنی، اور شریعت کی سہولتوں کو ... بے جا تشدد سے بدل دینا

(سیدھی سادی) بات کہی تھی کہ خدا کا حکم ہے ایک گائے ذبح کرو۔ بجائے اسکے کہ راست بازی کے ساتھ اسپر عمل کرتے طرح طرح کی باتیں بنانے لگے (پہلے کہا (بھلا یہ کیونکر ممکن ہے کہ خدا نے ایسی بات کا حکم دیا ہو؟)

معلوم ہوتا ہے، تم ہمارے ساتھ تمسخر کر رہے ہو۔ موسیٰ نے کہا۔ نعوذ باللہ مجھ سے یہ کہ احکام الٰہی کی تبلیغ میں تمسخر کروں اور جاہلوں کا شیوہ اختیار کروں۔ یہ سن کر وہ بولے۔ (اگر ایسا ہی ہے تو) اپنے پروردگار سے درخواست کرو، وہ کھول کر بیان کر دے، کس طرح کا جانور ذبح کرنا چاہیے؟ (ہمیں تفصیلات معلوم ہونی چاہئیں) موسیٰ نے کہا۔ خدا کا حکم یہ ہے کہ ایسی گائے ہو، جو نہ تو بالکل بوڑھی ہو، نہ بالکل بچھیا۔ درمیانی عمر کی ہو۔ اور اب (کہ تمھیں تفصیل کے ساتھ حکم مل گیا ہے) چاہیے کہ اس کی تعمیل کرو۔ (لیکن انھوں نے پہلے سوال کا جواب پاکر ایک دوسرا

(٦٤) سوال پیدا کر دیا) کہنے لگے، اپنے پروردگار سے درخواست کرو۔ وہ یہ بھی بتلا دے کہ جانور کا رنگ کیسا ہونا چاہیے؟ موسیٰ نے کہا حکم الٰہی یہ ہے کہ اس کا رنگ زرد ہو۔ خوب گہرا زرد۔ ایسا کہ دیکھنے والوں کا جی دیکھ کر خوش ہو جائے

(٦٥) (جب رنگ کی خصوصیت بھی معین ہو چکی تو انھوں نے ایک اور الجھاؤ پیدا کر دیا) کہنے لگے (ان ساری باتوں کے بعد بھی) ہمارے لیے (مطلوبہ) جانور کی پہچان مشکل ہے۔ اپنے پروردگار سے کہو کہ (اور زیادہ وضاحت کے

(٦٦) ساتھ) بتلا دے کہ جانور کیسا ہونا چاہیے؟ انشاء اللہ ہم ضرور پتہ لگا لینگے۔ اس پر موسیٰ نے کہا۔ اللہ فرماتا ہے ایسی گائے ہو، جو نہ تو کبھی ہل میں جوتی گئی ہو، نہ کبھی آب پاشی کے لئے کام میں لائی گئی ہو۔ پوری طرح صحیح سالم، داغ دھبے سے پاک و صاف۔ (جب معاملہ اس حد تک پہنچ گیا، تو پھر عاجز ہو کر) بولے ہاں اب تم نے ٹھیک ٹھیک بات بتلا دی۔ چنانچہ جانور ذبح کیا گیا۔ اگرچہ ایسا کرنے پر وہ (دل سے) آمادہ نہ تھے!

بنی اسرائیل کا قتل نفس سے بے باک ہو جانا جو شریعت الٰہی کے

(٦٧) اور پھر (غور کرو، وہ واقعہ) جب تم نے (یعنی تمھاری قوم نے) ایک

۶۸-۶۹ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۞ ثُمَّ
قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِىَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا
يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ
۷۰ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۞ اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيْقٌ
۷۱ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۞ وَاِذَا لَقُوا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ

دوسرے انسان کا بڑے سے بڑا رہنما

جان ہلاک کر دی تھی، اور اس کی نسبت آپس میں جھگڑتے اور ایک دوسرے پر الزام لگاتے تھے اور (جرم و معصیت کی) جو بات تم چھپانا چاہتے ہو، خدا اُسے آشکارا کر دینے والا ہو!

۶۸ چنانچہ ایسا ہوا کہ ہم نے حکم دیا' اس شخص پر (جو فی الحقیقت قاتل تھا) مقتول کے بعض (اجزاءِ جسم) اسے ضرب لگاؤ (جب ایسا کیا گیا تو حقیقت کھل گئی اور قاتل کی شخصیت معلوم ہو گئی) اللہ اسی طرح مُردوں کو زندگی بخشتا، اور تمھیں اپنی (قدرت و حکمت کی) نشانیاں دکھلاتا ہو' تاکہ فہم و عقل سے کام لو!

۶۹ اور پھر (دیکھو) ان ایام و وقائع کے بعد تم پر وہ وقت آیا، جب بداعمالیوں اور شقاوتوں کے (امتداد سے) تمھارے دل سخت پڑ گئے۔ ایسے سخت، گویا پتھر کی چٹانیں ہیں! (نہیں) بلکہ پتھر سے بھی زیادہ سخت، کیونکہ پتھروں میں تو بعض پتھر ایسے بھی ہیں' جن میں سے پانی کے چشمے پھوٹ نکلتے ہیں' اور انہی پتھروں میں ایسی چٹانیں بھی ہیں جو شق ہو کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتی ہیں اور ان میں سے پانی اپنی راہ نکال لیتا ہو' اور پھر انہی میں وہ چٹانیں بھی ہیں جو خوف الٰہی سے (لرز کر) گر پڑتی ہیں (لیکن تمھارے دلوں کی بے حسی کا تو یہ حال ہو گیا کہ کتاب الٰہی کی کوئی تنبیہ اور خدا کے رسولوں کی کوئی تخویف بھی اُنھیں نہ ہلا سکی! اور حوادث و وقائع کا کوئی سیلاب بھی اُن میں راہ نہ پا سکا! پس افسوس اُن دلوں پر' جن کے سامنے پتھر کی سختی اور چٹانوں کا جماؤ بھی ماند پڑ جائے! بہرحال) یاد رکھو، خدا (کا قانون) تمھارے اعمال کی طرف سے غافل نہیں ہو (وہ تمھارے ایک ایک عمل پر نگاہ رکھتا ہو' اور ضروری ہو کہ جیسا جس کا عمل ہو' اسی کے مطابق نتائج بھی پیش آئیں!)

بنی اسرائیل کی نفسی و اخلاقی حالت کا انتہائی تنزل، حتیٰ کہ اس حالت کا پیدا ہو جانا، جب عبرت پذیری اور تنبہ کی استعداد یک قلم معدوم ہو جاتی ہو' اور فکر انسان اپنی تباہ شدہ حالت پر قانع و مطمئن ہو جاتا ہو!

النصف

۷۲ عَلَيْكُمْ لِيُحَاجُّوكُمْ بِهِ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ○ أَوَلَا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّونَ

۷۳ وَمَا يُعْلِنُونَ ○ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ○ فَوَيْلٌ

لِلَّذِينَ يَكْتُبُونَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيهِمْ ثُمَّ يَقُولُونَ هَٰذَا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ لِيَشْتَرُوا بِهِ ثَمَنًا

۷۴ قَلِيلًا ۖ فَوَيْلٌ لَهُمْ مِمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَهُمْ مِمَّا يَكْسِبُونَ ○ وَقَالُوا لَنْ

تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا مَعْدُودَةً ۚ قُلْ أَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللَّهِ عَهْدًا فَلَنْ يُخْلِفَ اللَّهُ

۷۵ عَهْدَهُ ۖ أَمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ○ بَلَىٰ مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَأَحَاطَتْ بِهِ خَطِيئَتُهُ

۷۰ بنی اسرائیل کے گذشتہ ایّام و وقائع کے ذکر کے بعد، اُنکے موجودہ اعمال و اقوال پر تبصرہ، اُن کی اعتقادی اور عملی گمراہیوں کی تشریح، اور دینِ الٰہی کے حجج و براہین۔

سب سے پہلی اور بنیادی گمراہی یہ ہو کہ نہ تو کتاب اللہ کا سچّا علم باقی رہا ہو، نہ سچّا عمل!

(اے پیروانِ دعوتِ حق! جن لوگوں کی شقاوت کا یہ حال ہو، اُن سے قبولیتِ حق کی کیا امید ہو سکتی ہو؟) کیا تم توقع رکھتے ہو کہ وہ (کلامِ حق پر غور کرینگے، اور اُسکی سچائی پرکھ کر) تمھاری بات تسلیم کرلینگے، حالانکہ ان میں ایک گروہ ایسا تھا جو اللہ کا کلام سُنتا تھا، اور اُس کے مطالب سمجھتا تھا، لیکن پھر بھی، دیدہ و دانستہ اس میں تحریف کر دیتا تھا (یعنے اس کا مطلب بدلدیتا تھا تاکہ اپنے ذاتی اغراض پُورے کرے یا اپنے خیالات اور آراء کے مطابق اسے ڈھال لے۔ سو جن لوگوں کی گمراہی اس حد تک پہنچ چکی ہو، تم اُن سے اتباعِ حق کی کیا امید کرسکتے ہو؟)

۷۱ اور (دیکھو، ان کا حال تو یہ ہو کہ) جب یہ ایمان والوں سے ملتے ہیں، تو اپنے آپ کو مومن ظاہر کرتے ہیں لیکن جب اکیلے میں ایک دوسرے سے باتیں کرتے ہیں، تو کہتے ہیں "جو کچھ تمھیں خدا نے (تورات کا) علم دیا ہو، وہ ان لوگوں پر کیوں ظاہر کرتے ہو؟ کیا اس لئے کہ وہ تمھارے خلاف تمھارے پروردگار کے حضور اُس سے حجت پکڑیں (یعنے تمھارے پروردگار کے کلام سے تمھارے خلاف استدلال کریں؟) کیا (اتنی موٹی سی بات بھی) تم نہیں سمجھتے؟" (غور کرو، اگر ان کے دل میں خدا کی کتاب پر سچّا ایمان ہوتا، تو کیا ممکن تھا کہ محض اپنی ہار جیت کے لئے یہ اُس کی تعلیم دوسروں سے چھپانا چاہتے، اور یہ جاننے پر بھی کہ اُس کی تعلیم اُنکے خلاف حجت

۷۲ ہو، اپنی گمراہیوں کا اقرار نہ کرتے؟ افسوس اُنکے اِدعاءِ ایمان و حق پرستی پر!) کیا یہ نہیں جانتے کہ (معاملہ انسان سے نہیں بلکہ اللہ سے ہو، اور) اللہ کے علم سے کوئی بات پوشیدہ نہیں؟ وہ جو کچھ پوشیدہ رکھتے ہیں، اُسے بھی وہ جانتا ہو، اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں، وہ بھی اُس کے سامنے ہو!

فَاُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِکَ ۷۶
اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ ۷۷
اِلَّا اللّٰهَ ۟ وَبِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا وَّذِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا
وَّاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّکٰوةَ ۚ ثُمَّ تَوَلَّیْتُمْ اِلَّا قَلِیْلًا مِّنْکُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ
وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَکُمْ لَا تَسْفِکُوْنَ دِمَآءَکُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَکُمْ مِّنْ دِیَارِکُمْ ۷۸
ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ

اُن کے علماء حق فروش ہیں، اور عوام کا سرمایۂ دین خوش اعتقادی کی آرزوؤں اور جہالت کے ولولوں کے سوا کچھ نہیں ہے!

یہودیوں کے علماء کی یہ گمراہی کہ کتاب اللہ کے احکام پر اپنی رایوں اور خواہشوں کو ترجیح دیتے، اور پھر اپنے گھڑے ہوئے حکموں اور مسئلوں کو کتاب اللہ کی طرح واجب العمل بتلاتے۔

۷۳ اور (پھر یہ حال تو اُن کے علماء کا ہے جو مقدس نوشتوں کا علم رکھتے ہیں، لیکن) انہی میں وہ لوگ بھی ہیں جو اَن پڑھ ہیں، اور جہاں تک کتاب الٰہی کا تعلق ہے، (خوش اعتقادی کی) آرزوؤں اور ولولوں کے سوا اور کچھ نہیں جانتے، اور (دین کے علم وعمل کی جگہ) محض وہموں گمانوں میں گمن ہیں

پس افسوس اُن (مدعیانِ علم) پر! جن کا شیوہ یہ ہے کہ خود اپنے ہاتھ سے کتاب لکھتے ہیں (یعنے اپنی رایوں اور خواہشوں کے مطابق احکامِ شرع کی کتابیں بناتے ہیں) پھر لوگوں سے کہتے ہیں، یہ اللہ کے طرف سے ہے (یعنے اس خود ساختہ کتاب میں جو کچھ لکھا ہوا ہے، وہ کتاب الٰہی کے احکام ہیں) اور یہ سب کچھ اس لئے کرتے ہیں، تاکہ اس کے معاوضہ میں ایک حقیر سی قیمت دنیوی فائدہ کی حاصل کرلیں۔ پس افسوس اُس پر، جو کچھ اُنکے ہاتھ لکھتے ہیں، اور افسوس اُس پر، جو کچھ وہ اس ذریعہ سے کماتے ہیں!

یہودیوں کی یہ گمراہی کہ سمجھتے تھے، اُن کی امت نجات یافتہ اُمت ہے، اس لئے ممکن نہیں کہ کوئی یہودی ہمیشہ کے لئے دوزخ میں ڈالا جائے۔

قرآن انکے اس زعمِ باطل کا رد کرتا ہے، اور کہتا ہے، جنت و دوزخ کی تقسیم قوموں کی تقسیم کی بناء پر نہیں ہے کہ کسی خاص قوم کے لئے جنت ہو، اور باقی کے لئے دوزخ، بلکہ اس کا تمام تر دارومدار ایمان وعمل پر ہے۔ جس انسان نے بھی اپنے اعمال کے ذریعہ برائی کمائی، اُس کے لئے برائی یعنے عذاب ہے، اور جس کسی نے بھی اپنے اعمال کے ذریعہ اچھائی کمائی اسکے

۷۴ یہ لوگ (یعنے یہودی) کہتے ہیں، جہنم کی آگ ہمیں کبھی چھونے والی نہیں (کیونکہ ہماری اُمت خدا کے نزدیک نجات یافتہ اُمت ہے) اگر ہم آگ میں ڈالے بھی جائینگے تو (اس لئے نہیں کہ ہمیشہ عذاب میں رہیں، بلکہ) صرف چند دنوں کے لئے (تاکہ گناہ کے میل کچیل سے پاک صاف ہو کر پھر جنت میں جا داخل ہوں) اے پیغمبر! ان لوگوں سے کہدو، یہ بات جو تم کہتے ہو تو (دو حالتوں سے خالی نہیں۔ یا تو) تم نے خدا سے (غیر مشروط) نجات کا کوئی

٧٩ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ٥ ٨٠ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ٥

لئے اچھائی یعنے نجات ہو۔ خواہ وہ کوئی ہو، اور کسی گروہ بندی کا ہو!

پٹہ لکھوالیا ہو کہ اب وہ اُس کے خلاف جا نہیں سکتا، اور یا پھر تم خدا کے نام پر ایک ایسا بہتان باندھ رہے ہو جس کے لئے تمھارے پاس کوئی علم نہیں!

٧٥ نہیں، (آخرت کی نجات کسی ایک اُمت اور گروہ ہی کی میراث نہیں ہو کہ ہر حالمیں اُسی کے لئے ہو۔ خدا کا قانون تو یہ ہو کہ کوئی انسان ہو، اور کسی گروہ اور امت کا ہو) لیکن جس کسی نے بھی اپنے اعمال سے بُرائی کمائی اور اُسکے گناہوں نے اُسے

٧٦ گھیرے میں لے لیا، تو وہ دوزخی گروہ میں سے ہو۔ ہمیشہ دوزخ میں رہنے والا۔ اور جس کسی نے بھی ایمان کا شیوہ اختیار کیا اور اُسکے اعمال بھی اچھے ہوئے، تو وہ بہشتی گروہ میں سے ہو۔ ہمیشہ بہشت میں رہنے والا!

٧٧ اور پھر (وہ وقت) یاد کرو، جب ہمنے بنی اسرائیل سے (اتباع شریعت کا) عہد لیا تھا (وہ عہد کیا تھا؟ کیا اسرائیلیت کے گھمنڈ اور یہودی گروہ بندی کی نجات یافتگی کا عہد تھا؟ نہیں، ایمان و عمل کا عہد تھا) اللہ کے سوا اور کسی کی عبادت نہ کرنا، ماں باپ کے ساتھ احسان کرنا، عزیزوں قریبوں کے ساتھ نیکی سے پیش آنا، یتیموں مسکینوں کی خبر گیری کرنا۔ تمام انسانوں سے اچھے طریق پر ملنا، نماز قائم کرنی، زکوٰۃ ادا کرنی (ایمان و عمل کی یہی بنیادی سچائیاں ہیں جن کا تم سے عہد لیا گیا تھا) لیکن تم اس عہد پر قائم نہیں رہے، اور ایک قلیل تعداد کے سوا سب نے روگردانی کی، اور حقیقت یہ ہو کہ (ہدایت کی طرف سے) کچھ تمھارے رُخ ہی پھرے ہوئے ہیں!

٧٨ اور پھر (وہ حالت یاد کرو) جب ایسا ہوا تھا کہ ہم نے تم سے عہد لیا تھا آپس میں ایک دوسرے کا خون نہیں بہاؤگے، اور نہ اپنے آپ کو (یعنے اپنی جماعت کے افراد کو) جلاوطن کروگے۔ تم نے اس کا اقرار کیا تھا، اور تم

٧٩ (اب بھی) یہ بات تسلیم کرتے ہو۔ لیکن پھر (دیکھو) تم ہی

پیروان مذاہب کی گمراہی کی وہ حالت، جبکہ اتباع دین کی روح یکقلم مفقود ہو جاتی ہو، اور دینداری کی نمائش صرف اس لئے کی جاتی ہو تاکہ نفسانی خواہشوں اور کامجوئیوں کے لئے اُسے آلۂ کار بنایا جائے۔ اس صورت حال کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہو کہ شریعت کے بنیادی اور اصولی احکام پر

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ اَفَكُلَّمَا جَاۗءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ ۝ ۸۱ وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ۭ بَلْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا يُؤْمِنُوْنَ ۝ ۸۲ وَلَمَّا جَاۗءَھُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَھُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَي الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ښ فَلَمَّا جَاۗءَھُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ ۡ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ۸۳

تو کوئی توجہ نہیں کرتا، لیکن چھوٹی چھوٹی باتوں پر جو نمائش اور ریاکاری کا ذریعہ ہوسکتی ہیں، اور جن کے کرنے میں کچھ چھوڑنا اور کھونا نہیں پڑتا، بہت زور دیا جاتا ہے۔ حالانکہ اگر اُن اصولی باتوں پر ٹھیک ٹھیک عمل کیا جاتا تو یہ فروعی خلاف ورزیاں ظہور ہی میں نہ آتیں۔ علماء یہود اسی گمراہی میں مبتلا تھے۔

وہ اقرار کرنے والی جماعت ہو جس کے افراد ایک دوسرے کو بے دریغ قتل کرتے ہیں، اور ایک فریق دوسرے فریق کے خلاف ظلم و معصیت سے جتھا بندی کرکے اُسے اُسکے وطن سے نکال باہر کرتا ہو (اور تم میں سے کسی کو بھی یہ بات یاد نہیں آتی کہ اس بارے میں خدا کی شریعت کے احکام کیا ہیں؟) لیکن پھر جب ایسا ہوتا ہو کہ تمھارے جلاوطن کئے ہوئے آدمی (دشمنوں کے ہاتھ پڑ جاتے ہیں اور) قیدی ہوکر تمھارے سامنے آتے ہیں، تو تم فدیہ دے کر چھڑا لیتے ہو (اور کہتے ہو، شریعت کی رو سے ایسا کرنا ضروری ہے) حالانکہ (اگر شریعت کے حکموں کا تمھیں اتنا ہی پاس ہے، تو) شریعت کی رُو سے تو یہی بات حرام تھی کہ اُنھیں اُنکے گھروں اور بستیوں سے جلاوطن کردو (اور اُنکے خلاف ظلم و معصیت سے جتھا بندی کرو۔ پھر یہ گمراہی کی کیسی انتہا ہے کہ قیدیوں کے چھڑانے اور اُنکے فدیہ کے لئے مال جمع کرنے میں تو شریعت یاد آجاتی ہے۔ لیکن اُس ظلم و معصیت کے وقت یاد نہیں آتی جس کی وجہ سے وہ دشمنوں کے ہاتھ پڑے اور قید ہوئے؟) کیا یہ اس لئے ہے کہ کتاب الٰہی کا کچھ حصہ تو تم مانتے ہو، اور کچھ حصے سے منکر ہو؟ (یعنے بہ یک وقت کتاب الٰہی کے ماننے والے بھی ہو اور جھٹلانے والے بھی ہو؟) پھر بتلاؤ، تم میں سے جن لوگوں کے اعمال کا یہ حال ہے اُنھیں پاداش عمل میں اس کے سوا کیا مل سکتا ہے کہ دنیا میں ذلت و رسوائی ہو، اور قیامت کے دن سخت سے سخت عذاب! یاد رکھو، اللہ (کا قانون جزاء و سزا) تمھارے اعمال کی طرف سے غافل نہیں ہے!

۸۰ یقیناً یہی لوگ ہیں جنھوں نے آخرت (کی زندگی) تاراج کرکے دنیا کی زندگی مول لی ہے۔ (پس ایسے لوگوں کے لئے فلاح کی کوئی امید نہیں) نہ تو اُن کے عذاب میں کمی ہوگی، نہ کہیں سے مدد پاسکیں گے!

یہ حالت اس بات کا نتیجہ ہو کہ راست بازی اور حق پرستی کی جگہ نفسانی

۸۱ اور (پھر دیکھو) ہم نے (تمھاری رہنمائی کے لئے پہلے) موسیٰ کو

٨٤ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ۭ وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝

٨٥ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۤ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۭ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

٨٦ وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ ٨٧ وَ

کتاب دی۔ پھر موسیٰ کے بعد سلسلۂ ہدایت پے در پے رسولوں کو بھیجکر جاری رکھا، بالآخر مریم کے بیٹے عیسیٰ کو سچائی کی روشن نشانیاں دیں اور روح القدس کی تائید سے ممتاز کیا (لیکن ان میں سے ہر دعوت کی تم نے مخالفت کی، اور خدا کے ہر پیام کو تم نے جھٹلایا) پھر کیا تمھارا شیوہ ہی یہ ہو کہ جب کبھی اللہ کا کوئی رسول ایسی دعوت لے کر آئے جو تمھاری نفسانی خواہشوں کے خلاف ہو، تو تم اُسکے مقابلہ میں سرکشی کر بیٹھو، اور اُن میں سے کسی کو جھٹلاؤ، کسی کو قتل کر دو؟

خواہشوں کی پرستش کی جاتی ہی، اور یہی وجہ ہو کہ غرض پرستوں نے ہمیشہ داعیانِ حق و اصلاح کی مخالفت کی ہو۔ بنی اسرائیل کے تکذیبِ رُسُل اور قتل انبیاء سے استشہاد، کہ جس طرح ہمیشہ سچائی کے منکر و معاند رہے، اُسی طرح اب بھی انکار و عناد میں سرگرم ہیں۔

٨٢ اور (یہ لوگ اپنے جمود اور بے حسی کی حالت پر فخر کرتے ہیں' اور) کہتے ہیں ہمارے دل تہ در تہ غلافوں میں لپٹے ہوئے ہیں (یعنے اب کسی نئی بات کا اثر اُن تک پہنچ ہی نہیں سکتا۔ حالانکہ یہ اعتقاد کی پختگی اور حق کا ثبات نہیں ہی جو قابلِ تعریف ہو) بلکہ انکارِ حق کے تعصب کی پھٹکار ہی (کہ کلامِ حق سننے اور اثر پذیر ہونے کی استعداد ہی معدوم ہو گئی) اور اسی لئے بہت کم ایسا ہوتا ہی کہ وہ دعوتِ حق سنیں اور قبول کریں۔

حق کے ثبات اور تقلید کے جمود میں فرق ہو۔ خیالات کی ایسی پختگی میں کوئی خوبی نہیں کہ ہم دوسروں کی بات سنتے ہی سے انکار کر دیں۔ علماء یہود ایسے ہی جمود میں مبتلا تھے، اور اُسے اعتقاد کی پختگی سمجھ کر فخر کرتے تھے۔

٨٣ چنانچہ جب ایسا ہوا کہ اللہ کے طرف سے اُنکی ہدایت کے لئے ایک کتاب نازل ہوئی اور وہ اُس کتاب کی تصدیق کرتی تھی جو پہلے سے انکے پاس موجود ہی تو باوجودیکہ وہ (تورات کی پیشین گوئیوں کی بنا پر اس ظہور کے منتظر تھے' اور) کافروں کے مقابلے میں اس کا نام لیکر فتح و نصرت کی دعائیں مانگتے تھے، لیکن جب وہی جانی بوجھی ہوئی بات سامنے آگئی، تو صاف انکار کر گئے، (اور اُس کی مخالفت پر کمر باندھ لی) پس اُن لوگوں کے لئے جو (دیدہ دانستہ) کفر کی

إِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ وَاسْمَعُوا قَالُوا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَأُشْرِبُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ بِهِ إِيمَانُكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ ۸۸ قُلْ إِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْآخِرَةُ عِنْدَ اللَّهِ خَالِصَةً مِنْ دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ وَلَنْ يَتَمَنَّوْهُ أَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ۝ ۸۹ وَلَتَجِدَنَّهُمْ أَحْرَصَ النَّاسِ عَلَىٰ حَيَاةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا ۚ ۹۰

مع ۲

راہ اختیار کریں، اللہ کی لعنت ہو (اور اُس کا قانون یہی ہو کہ ایسوں پر صلاح و سعادت کی راہ کبھی نہیں کھلتی!)

قبول حق کی راہ میں جو موانع پیش آتے ہیں، ان میں سب سے بڑا مانع نسلی، جماعتی، یا شخصی حسد ہو

۸۴ (افسوس انکی شقاوت پر!) کیا ہی بُری قیمت ہو جسکے بدلے اُنھوں نے اپنی جانوں کا سودا چکایا! اُنھوں نے اللہ کی بھیجی ہوئی سچائی سے (دیدہ و دانستہ) انکار کیا، اور صرف اس لئے انکار کیا کہ وہ جس کسی پر چاہتا ہو، اپنا فضل نازل کر دیتا ہو) اسمیں خود اُن کی نسل و جماعت کی کوئی خصوصیت نہیں ہو۔ یہ لوگ اپنی بدعملیوں کی وجہ سے پہلے ہی ذلیل و خوار ہو چکے تھے، لیکن اس نئے انکار سے اَور زیادہ ذلت و خواری کے مستوجب ہوئے) پس اللہ کا غضب بھی یکے بعد دیگرے اُن کے حصے میں آیا، اور اس کا قانون یہی ہو کہ انکارِ حق کرنے والوں کے لئے (ہمیشہ) رسواکن عذاب ہوتا ہو!

اہل مذاہب کی عالمگیر گمراہی یہ ہو کہ جب اُنھیں اتباع حق کی دعوت دی جاتی ہو، تو کہتے ہیں، ہمارے پاس ہمارا دین موجود ہو۔ ہمیں کسی نئی تعلیم کی ضرورت نہیں۔ حالانکہ وہ بھول جاتے ہیں کہ جس دین کو اپنا دین کہتے ہیں اُسی پر اُن کا عمل کب ہو؟ قرآن کہتا ہو، دین سب کے لئے اور سب کا ایک ہی ہو۔ اور میں اس لئے نہیں آیا ہوں کہ پچھلی تعلیمات کی جگہ کوئی نیا دین پیش کروں بلکہ اس لئے آیا ہوں کہ اُن کا سچا اعتقاد اور عمل پیدا کر دوں۔

۸۵ اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے، جو کچھ خدا نے نازل کیا ہے، اُس پر ایمان لاؤ، تو کہتے ہیں، ہم تو صرف وہی بات مانیں گے جو ہم پر نازل ہوئی ہے۔ یعنے اس کے سوا جو کچھ ہے اُس سے اُنھیں انکار ہے۔ حالانکہ وہ خدا کا سچا کلام ہے جو اُن کی کتاب کی تصدیق کرتا ہوا نمودار ہوا ہے (بہرحال) اے پیغمبر! تم ان لوگوں سے کہو، اچھا اگر واقعی تم (اپنی کتاب پر) ایمان رکھنے والے ہو (اور قرآن کی دعوت سے صرف اس لئے انکار کرتے ہو کہ تورات پر ایمان رکھنے کے بعد اسکی ضرورت نہیں) تو پھر تم نے پچھلے وقتوں میں خدا کے نبیوں کو کیوں قتل کیا (جو تمھیں تورات پر عمل کرنے کی تلقین کرتے تھے، اور کیوں ایمان کی جگہ انکار و سرکشی کی راہ اختیار کی؟) ۸۶

يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۞ ۹۱ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۞ ۹۲ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ۞ ۹۳ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ۞

ع ۱۱

اور پھر دیکھو، یہ واقعہ ہے کہ موسیٰ سچائی کی روشن دلیلوں کے ساتھ تمھارے پاس آیا لیکن جب (چالیس دن کے لئے) تم سے الگ ہو گیا تو تم بچھڑے کے پیچھے پڑ گئے، اور ایسا کرتے ہوئے یقیناً تم (شیوۂ ایمان میں ثابت قدم نہ تھے) ایمان سے منحرف ہو گئے تھے!

۸۷ اور پھر جب ایسا ہوا تھا کہ ہم نے (دین الٰہی پر قائم رہنے کا) تم سے عہد لیا تھا، اور کوہ طور کی چوٹیاں تم پر بلند کر دی تھیں (تو تم نے اس کے بعد کیا کیا؟ تمھیں حکم دیا گیا تھا کہ) "جو کتاب تمھیں دی گئی ہے، اس پر مضبوطی کے ساتھ جم جاؤ، اور اس کے حکموں پر کاربند ہو"۔ تم نے (زبان سے) کہا، سنا، اور (دل سے کہا) نہیں مانتے۔ اور پھر ایسا ہوا کہ تمھارے کفر کی وجہ سے تمھارے دلوں میں گوسالہ پرستی رچ گئی (اے پیغمبر) ان سے کہو، (دعوتِ حق سے بے نیازی ظاہر کرتے ہوئے) تم اپنے جس، ایمان کا دعویٰ کرتے ہو، اگر وہ یہی ایمان ہے، تو افسوس اس ایمان پر! کیا ہی بری راہ ہے جس پر تمھارا ایمان تمھیں لے جا رہا ہے!

۸۸ (یہ لوگ کہتے ہیں آخرت کی نجات صرف انہی کے حصے میں آئی ہے) تم ان سے کہو، اگر آخرت کا گھر، خدا کے نزدیک، صرف تمھارے ہی لئے ہے۔ اور کسی انسان کا اس میں حصہ نہیں، اور تم اپنے اس اعتقاد میں سچے ہو، تو (تمھیں دنیا کی جگہ آخرت کا طلبگار ہونا چاہئے۔ پس بے خوف ہو کر) موت کی آرزو کرو (حیاتِ فانی کے پجاری نہ بنو) اے پیغمبر! تم دیکھ لوگے کہ یہ لوگ اپنی بدعملیوں کی وجہ سے جنکا ذخیرہ جمع کر چکے ہیں، کبھی ایسا کرنے والے نہیں، اور اللہ ظلم کرنے والوں کو اچھی طرح جانتا ہے۔

مومن کے دل میں نجات اخروی کا سچا یقین ہے، وہ موت سے خائف اور حیاتِ دنیوی کے پجاری نہیں ہو سکتے۔ بنی اسرائیل کی دنیا پرستی اور حیاتِ دنیوی کی حرص سے انکے ایمان و یقین کے فقدان پر استشہاد۔

۸۹

۹۰ اور پھر اتنا ہی نہیں، بلکہ تم دیکھو گے، زندگی کی سب سے زیادہ حرص رکھنے والے یہی لوگ ہیں۔ مشرکوں سے بھی زیادہ (ان مدعیانِ توحید کے دلوں میں حیاتِ فانی کا عشق ہے) ان میں سے ایک ایک آدمی کا دل یہ حسرت رکھتا ہے، کہ کاش ایک ہزار برس تک تو جئے! حالانکہ (یہ لوگ کتنے ہی زیادہ عرصہ تک جئیں، بہرحال ایک دن مرنا ضرور ہے، اور) کچھ عمر کی

۹۴ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ
۹۵ وَلَمَّا جَاۗءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ
اُوْتُوا الْكِتٰبَ ڎ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَاۗءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاتَّبَعُوْا مَا ۹۶
تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰي مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا
يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۤ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَي الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا
يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ

درازی انھیں عذابِ آخرت سے نجات نہیں دلادے گی، اور وہ جو کچھ کر رہے ہیں، اللہ کی نظر سے مخفی نہیں ہے!

جو کوئی سلسلۂ وحی کا مخالف ہے، تو وہ اللہ اور اُس کے قوانینِ ہدایت کا مخالف ہے۔

۹۱ (اے پیغمبر! یہ اللہ کا کلام ہے جو جبرئیل نے اُس کے حکم سے تمھارے قلب میں اُتارا ہے، اور یہ اُس کلام کی تصدیق کرتا ہوا آیا ہے، جو اس سے پہلے نازل ہو چکا ہے۔ اسمیں انسان کے لئے ہدایت ہے، اور اُن لوگوں کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں (فلاح و کامیابی کی) بشارت۔ (پھر اگر یہ لوگ اللہ کے سلسلۂ وحی و نبوت کے مخالف ہیں، اور شدّت جہل و تعصب سے کہتے ہیں، ہم جبرئیل کا اُتارا ہوا کلام نہیں مانینگے۔ اُس سے ہماری دشمنی ہے تو) تم کہدو، جو کوئی اللہ کا، اُس کے ملائکہ کا، اُس کے رسولوں کا، اور جبرئیل اور میکائل کا ۹۲ دشمن ہے، تو یقینًا اللہ بھی منکرینِ حق کا دوست نہیں ہے!

پیغمبرِ اسلام سے خطاب کہ دعوتِ حق کا ظہور سچائی کی روشن دلیلوں کے ساتھ ہوا ہے جن سے کوئی راستباز انسان انکار نہیں کرسکتا، اور اگر علماءِ یہود باوجود کتاب اللہ کے حامل ہونے کے انکار کر رہے ہیں، تو یہ کفر و جحود کا کوئی نیا مظاہرہ نہیں ہے جس پر تعجب ہو۔ اس سے پہلے بھی انکی روش ایسی ہی رہ چکی ہے

۹۳ اے پیغمبر! یقین کرو، ہم نے تم پر سچائی کی روشن دلیلیں نازل کی ہیں، اور اُن سے کوئی انکار نہیں کرسکتا مگر صرف وہی جو راست بازی کے دائرہ سے باہر ہوگیا ہے

۹۴ (اور یہ لوگ جو آج دعوتِ حق کی مخالفت کر رہے ہیں تو غور کرو، اس سے پہلے ان لوگوں کی روش کیسی رہ چکی ہے؟) جب کبھی ان لوگوں نے اتباعِ حق کا کوئی عہد کیا، تو کسی نہ کسی گروہ نے ضرور ہی اُسے پسِ پشت ڈال دیا، اور حقیقت یہ ہے کہ ان میں بڑی تعداد ایسے ہی لوگوں کی ہے جن کے دل خدا پرستی کے سچے ایمان سے خالی ہیں!

۹۵ چنانچہ (دیکھو) جب ایسا ہوا کہ اللہ کا ایک رسول اُس کتاب کی تصدیق کرتا ہوا آیا جو پہلے سے انکے پاس موجود تھی (یعنے حضرت مسیح کا ظہور ہوا) تو ان لوگوں میں سے ایک گروہ نے کہ کتابِ الٰہی کے حامل تھے، کتاب

حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ؕ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ؕ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖۤ اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ ۹۷

ع ۱۲

الٰہی اس طرح پس پشت ڈال دی، گویا اسے جانتے ہی نہیں!

۹۶ بنی اسرائیل کے ضعف عقل و ایمان پر اس واقعہ سے استشہاد کہ جادوگروں کے شعبدوں اور بُرے معصیت عملوں پر جھک پڑے تھے، اور کتاب الٰہی کی تعلیم پس پشت ڈال دی تھی۔ یعنی اس حقیقت کا اعلان کہ اس بارے میں جو خرافات مشہور ہیں، ان کی کوئی اصلیت نہیں۔

اور پھر (دیکھو) ان لوگوں نے (کتاب الٰہی کی تعلیم فراموش کرکے جادوگری کے) اُن (مشرکانہ) عملوں کی پیروی کی جنھیں شیطان، سلیمان کے عہد سلطنت کی طرف منسوب کرکے پڑھا پڑھایا کرتے تھے۔ حالانکہ (یہ سلیمان پر افترا تھا۔ ایسی باتوں کا کرنا کفر ہے، اور) سلیمان کبھی کفر کا مرتکب نہیں ہوا۔ دراصل یہ انہی شیطانوں کا کفر تھا کہ لوگوں کو جادوگری سکھلاتے تھے۔ اور یہ بھی صحیح نہیں ہے کہ بابل میں دو فرشتوں ہاروت اور ماروت پر اس طرح کی کوئی بات نازل ہوئی تھی (جیسا کہ ان لوگوں میں مشہور ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ) وہ جو کچھ بھی کسی کو سکھلاتے تھے، تو یہ کہے بغیر نہیں سکھلاتے تھے کہ دیکھو، ہمارا وجود تو ایک فتنہ ہے۔ پھر تم کیوں کفر میں مبتلا ہوتے ہو؟ (یعنے جادوگری کی باتوں کا بُرا ہونا ایک ایسی مانی ہوئی بات ہے، کہ جو لوگ اسکے سکھلانے والے تھے، وہ بھی تسلیم کرتے تھے کہ یہ بات خداپرستی کے خلاف ہے) لیکن اس پر بھی لوگ ان سے ایسے ایسے عمل سیکھتے جن کے ذریعہ شوہر اور بیوی میں جدائی ڈالنا چاہتے۔ حالانکہ فی الحقیقت وہ کسی انسان کو نقصان نہیں پہنچا سکتے تھے۔ اِلّا یہ کہ خدا کے حکم سے کسی کو نقصان پہنچنے والا ہو اور نقصان پہنچ جائے۔ (بہرحال) یہ لوگ (کتاب الٰہی کی تعلیم فراموش کرکے) ایسی باتیں سیکھتے ہیں جو انھیں سراسر نقصان پہنچانے والی ہیں اور کوئی فائدہ نہیں رکھتیں۔ اور (پھر کچھ یہ بات بھی نہیں کہ انھیں احکام الٰہی کی خبر نہ ہو) انھیں اچھی طرح معلوم ہے کہ جو کوئی (اپنا دین و ایمان بیچکر) جادوگری کا خریدار ہوتا ہے، اُس کے لئے آخرت کی برکتوں میں کوئی حصہ نہیں ہوتا۔ (لیکن یہ جانتے ہوئے بھی وہ اس سے باز نہیں آتے) پس افسوس ان کی اس خرید و فروخت پر! کیا ہی بُری متاع ہے جس کے بدلے اُنھوں نے اپنی جانوں کی نجات بیچ ڈالی! کاش وہ جانتے (کہ کس طرح اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو برباد کر رہے

٩٨ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ
٩٩ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ
عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ
١٠٠ الْعَظِيْمِ ۝ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ
١٠١ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ۝ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا
لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝

ہیں!)

٩٧ اگر یہ لوگ (احکام الٰہی پر سچائی کے ساتھ) ایمان لاتے، اور نیک عملی کی روش اختیار کرتے، تو انکے لئے اللہ کے حضور بہتر اجر تھا۔ (لیکن وہ دنیا کے موہوم فائدہ کے لئے آخرت کی نجات سے دست بردار ہوگئے) کاش وہ سمجھیں (اور عقل و بصیرت سے کام لیں!)

٩٨ اے پیروان دعوت ایمانی! (پیغمبر اسلام کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہو، تو ان منکرین حق کی طرح) یہ نہ کہو کہ "راعنا" (جو مشتبہ اور ذو معنی لفظ ہے) بلکہ صاف اور بے لاگ الفاظ استعمال کرو۔ مثلاً کہو "انظرنا" ہماری طرف التفات کیجئے! اور پھر وہ جو کچھ بھی کہیں اُسے جی لگا کر سنو اور اسکی اطاعت کرو۔ باقی رہے یہ منکرین حق، تو یاد رکھو، منکرین حق کے لئے (پاداش عمل میں) دردناک عذاب ہے!

دعوت قرآنی کے پیروں سے خطاب کہ بنی اسرائیل کے ایّام و وقائع سے عبرت پکڑیں، اور ان ٹھوکروں سے بچیں جو انھیں اس راہ میں لگ چکی ہیں۔ نیز ان شکوک اور اعتراضات کا جواب جو منکرین حق مسلمانوں کے دلوں میں پیدا کرنا چاہتے تھے۔

٩٩ اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے، وہ، اور مشرکین مکہ، دونوں نہیں چاہتے کہ تمھارے پروردگار کی طرف سے تم پر خیر و برکت (یعنے وحی الٰہی) نازل ہو (اور اس لئے وہ طرح طرح کے شکوک پیدا کرکے تمھیں اتباع حق سے باز رکھنا چاہتے ہیں) لیکن اللہ (کا قانون اس بارے میں انسانی خواہشوں کا پابند نہیں ہوسکتا۔ وہ) جسے چاہتا ہے، اپنی رحمت کے لئے چن لیتا ہے، اور وہ بہت بڑا فضل رکھنے والا ہے!

١٠٠ (یاد رکھو، وحی و تنزیل کے بارے میں ہمارا مقررہ قانون یہ ہے کہ) ہم اپنے احکام میں سے جو کچھ منسوخ کر دیتے ہیں، یا فراموش ہوجانے دیتے ہیں، تو اسکی جگہ اس سے

ایک شریعت کے بعد دوسری شریعت کا ظہور اس لئے ہوا کہ یا تو "نسخ" کی حالت طاری ہوتی۔ یا "انساء" کی۔ "نسخ" یہ ہے کہ ایک بات پہلے سے موجود تھی لیکن

۱۰۲ أَمْ تُرِيدُونَ أَن تَسْأَلُوا رَسُولَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوسَىٰ مِن قَبْلُ ۗ وَمَن يَتَبَدَّلِ
۱۰۳ الْكُفْرَ بِالْإِيمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ۞ وَدَّ كَثِيرٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ
لَوْ يَرُدُّونَكُم مِّن بَعْدِ إِيمَانِكُمْ كُفَّارًا حَسَدًا مِّنْ عِندِ أَنفُسِهِم مِّن بَعْدِ
مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۖ فَاعْفُوا وَاصْفَحُوا حَتَّىٰ يَأْتِيَ اللَّهُ بِأَمْرِهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ
۱۰۴ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۞ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ ۚ وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُم
۱۰۵ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِندَ اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۞ وَقَالُوا

منسوخ ہوگئی، اور اُس کی جگہ دوسری بات آگئی۔ "نسیان" کے معنی بھول جانے کے ہیں۔ پس بعض حالتوں میں ایسا ہوا کہ پچھلی شریعت کسی نہ کسی شکل میں موجود تھی، لیکن احوال و ظروف بدل گئے تھے۔ یا اُس کے پیرؤں کی عملی روح معدوم ہوگئی تھی۔ اِس لئے ضروری ہوا کہ نئی شریعت ظہور میں آئے۔ بعض حالتوں میں ایسا ہوا کہ امتدادِ وقت سے پچھلی تعلیم بالکل فراموش ہوگئی، اور اصلیت میں سے کچھ باقی نہ رہا، پس لامحالہ تجدیدِ ہدایت ناگزیر ہوئی۔

سنت الٰہی یہ ہے کہ نسخ شرائع ہو یا نسیانِ شرائع، لیکن ہر نئی تعلیم پچھلی تعلیم سے بہتر ہوتی ہے۔ یا کم از کم اُس کے مانند ہوتی ہے۔ ایسا نہیں ہوتا کہ کمتر ہو کیونکہ

۱۰۲ اصل تکمیل و ارتقاء ہے، نہ کہ تنزل و تسفل۔

کثرتِ سوال اور تعمق فی الدین کی ممانعت۔

بہتر یا (کم از کم) اُس جیسا حکم نازل کردیتے ہیں (پس اگر اب ایک نئی شریعت ظہور میں آئی ہے، تو یہ کوئی ایسی بات نہیں جس پر لوگوں کو حیرانی ہو[1]) کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ کی قدرت سے کوئی بات باہر نہیں؟ (اگر وہ ایک مرتبہ تمھاری ہدایت کے لئے حسبِ ضرورت احکام بھیج سکتا ہے، تو یقیناً اُس کے بعد بھی بار بار ایسا کرسکتا ہے) اور پھر کیا تم نہیں جانتے کہ اللہ ہی کے لئے آسمان و زمین کی سلطانی ہے اور اُس کے سوا کوئی نہیں جو تمھارا دوست اور مددگار ہو؟

پھر کیا تم چاہتے ہو، اپنے رسول سے بھی (دین کے بارے میں) ویسے ہی سوالات کرو، جیسے سوالات اب سے پہلے موسیٰ سے کئے جاچکے ہیں؟ (یعنے جس طرح بنی اسرائیل نے راست بازی و اطاعت شعاری کی جگہ کٹ حجتیاں کرنے اور بلا ضرورت باریکیاں نکالنے کی روش اختیار کی تھی، ویسی ہی روش تم بھی اختیار کرو؟ سو یاد رکھو) جو کوئی بھی ایمان کی نعمت پاکر، پھر اُسے کفر کی روش سے بدل دیگا، تو یقیناً وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا (اور فلاح و کامیابی کی منزل اُس پر گم ہوگئی)۔

[1] اس آیت میں نسخ آیات سے مقصود پچھلی شریعتوں کا نسخ ہے یا خود قرآن کے بعض احکام و آیات کا؟ اس بارے میں مفسرین کے دونوں قول موجود ہیں۔ ہم نے پہلی صورت اختیار کی۔ کیونکہ ہمارے خیال میں یہ سیاق و سباق سے زیادہ مربوط ہے۔ لیکن جن حضرات کے نزدیک ترجیح دوسری صورت کو ہو، وہ اُسی کو اختیار کریں، و لکل وجهة هو موليها فاستبقوا الخيرات۔ اِس صورت میں اُنھیں یہ سطر قلمزد کردینی چاہیے اور اسکی جگہ حسبِ ذیل عبارت مطالعہ میں رکھنی چاہئے: "پس اگر کسی پچھلے حکم کی جگہ کوئی دوسرا حکم نازل ہوا ہے، تو یہ کوئی ایسی بات نہیں جس پر لوگوں کو حیرانی ہو" ۱۲

لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا
بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۞ بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ ١٠٦
اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۞ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ ١٠٧
النَّصٰرٰى عَلٰى شَیْءٍ ۪ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَیْءٍ ۙ وَّهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ
كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۞ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ١٠٨

ع ۱۳ ۱۴

١٠٣ یاد رکھو، اہل کتاب میں ایک بڑی تعداد ایسے لوگوں کی ہو جو چاہتے ہیں، تمھیں ایمان کے بعد پھر کفر کی طرف لوٹا دیں، اور اگرچہ اُن پر سچائی ظاہر ہو چکی ہو، لیکن پھر بھی اُس حسد کی وجہ سے جس کی جلن اُنکے اندر ہو، پسند نہیں کرتے کہ تم راہ حق میں ثابت قدم رہو۔ پس چاہیے کہ (اُن سے لڑنے جھگڑنے میں اپنا وقت ضائع نہ کرو، اور) عفو و درگزر سے کام لو۔ یہاں تک کہ اللہ کا فیصلہ ظاہر ہو جائے (اور وہ حق کو فتح مند کرکے بتلا دے کہ کون حق پر تھا اور کس کی جگہ باطل پرستی کی جگہ تھی) اور بلاشبہ وہ ہر بات پر قادر ہو!

١٠٤ اور نماز قائم کرو، اور زکوٰۃ ادا کرو (تاکہ تمھاری معنوی قوت نشوونما پائے، اور راہ ایمان میں اُستوار ہو جاؤ۔) یاد رکھو، جو کچھ بھی تم اپنے لئے نیکی کا سرمایہ پہلے سے فراہم کر لوگے، اللہ کے پاس اُس کے نتائج موجود پاؤگے (یعنے مستقبل میں اُس کے نتائج و ثمرات ظاہر ہونگے) تم جو کچھ بھی کرتے ہو، اللہ اُسے دیکھ رہا ہو!

١٠٥ اور یہودی کہتے ہیں، جنت میں کوئی انسان داخل نہیں ہو سکتا، جب تک کہ وہ یہودی نہ ہو۔ اسی طرح عیسائی کہتے ہیں، جنت میں کوئی داخل نہیں ہو سکتا جب تک کہ عیسائی نہ ہو۔ (یعنے ان میں سے ہر گروہ سمجھتا ہو کہ آخرت کی نجات صرف اُسی کے حصہ میں آئی ہو، اور جب تک ایک انسان اس کی مذہبی گروہ بندی میں داخل نہ ہو، نجات نہیں پا سکتا۔ اے پیغمبر!) یہ ان لوگوں کی (جاہلانہ)

نماز اور زکوٰۃ یعنے قلبی اور مالی عبادت کی سرگرمی۔ ایک ایسی حالت ہو جس سے جماعت کی معنوی استعداد نشوونما پاتی ہو اور قوی ہوتی ہو۔ جس جماعت میں یہ سرگرمی موجود ہو، وہ نہ تو دین سے برگشتہ ہو سکتی ہو، نہ اسکی اجتماعی قوت میں ضعف آسکتا ہو۔

اہل مذاہب کی عالمگیر گمراہی یہ ہو کہ انھوں نے دین کی سچائی، جو ایک ہی تھی اور یکساں طور پر سب کو دی گئی تھی، مذہبی گروہ بندیوں کے الگ الگ حلقے بنا کر ضائع کر دی۔ اب ہر گروہ دوسرے گروہ کو جھٹلاتا ہو، اور صرف اپنے ہی کو سچائی کا وارث سمجھتا ہو۔ سوال یہ ہو کہ اس نزاع کا فیصلہ کیونکر ہو؟ اگر کوئی ایک گروہ ہی سچا ہو، تو کیوں وہی سچا ہو، دوسرے سچے نہ ہوں؟ اگر سب سچے ہیں، تو پھر کوئی بھی سچا نہیں۔ کیونکہ ہر گروہ دوسرے کو جھٹلا رہا ہو۔ اگر

وَسَعٰى فِىْ خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا
خِزْىٌ وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا ۱۰۹
فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ ۱۱۰
مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۝ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى ۱۱۱
اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ ۱۱۲
اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ

سب جھوٹے ہیں، تو پھر خدا کی سچائی گئی کہاں؟

قرآن کہتا ہے، خدا کی سچائی سب کے لئے ہے اور سب کو ملی تھی، لیکن سب نے سچائی سے انحراف کیا۔ سب اصل کے اعتبار سے سچے ہیں، اور سب عمل کے اعتبار سے جھوٹے۔ میں چاہتا ہوں، اُسی مشترک اور عالمگیر سچائی پر سب کو جمع کر دوں اور مذہبی نزاع کا خاتمہ ہو جائے۔ یہ مشترک اور عالمگیر سچائی کیا ہے؟ خدا پرستی اور نیک عملی کا قانون ہے۔ یہی قانون خدا کا ٹھہرایا ہوا دین ہے، اور اسی کو میں الاسلام کے نام سے پکارتا ہوں۔ ۱۰۶

یہودی کہتے تھے، جب تک ایک انسان یہودی گروہ بندی میں داخل نہ ہو، نجات نہیں پا سکتا۔ عیسائی کہتے تھے، جب تک عیسائی گروہ بندی میں داخل نہ ہو، نجات نہیں مل سکتی۔ قرآن کہتا ہے، نجات کا دار و مدار خدا پرستی اور نیک عملی پر ہے، نہ کہ کسی خاص گروہ بندی پر۔ جو انسان بھی خدا پرست اور نیک عمل ہوگا، نجات پائے گا۔ خواہ تمہاری گڑھی ہوئی گروہ بندیوں میں داخل ہو یا نہ ہو۔ ۱۰۷

اُمنگیں اور آرزوئیں ہیں۔ نہ کہ حقیقت حال ہے۔ تم ان سے کہو، اگر تم اپنے اس زعم میں سچے ہو، تو ثابت کرو، تمھارے اس دعوے کی دلیل کیا ہے؟

ہاں، (بلاشک نجات کی راہ کھلی ہوئی ہے، مگر وہ کسی خاص گروہ بندی کی راہ نہیں ہو سکتی۔ وہ تو ایمان و عمل کی راہ ہے۔ کوئی ہو، کسی گروہ میں سے ہو، کسی نام سے پکارا جاتا ہو، لیکن) جس کسی نے بھی اللہ کے آگے سر نیاز جھکا دیا، اور وہ نیک عمل بھی ہوا، تو وہ اپنے پروردگار سے اپنا اجر ضرور پائے گا۔ نہ تو اس کے لئے کسی طرح کا کھٹکا ہے، نہ کسی طرح کی غمگینی!

اور (دیکھو، یہ کیسی گمراہی ہے کہ ہر گروہ دوسرے گروہ کو جھٹلاتا ہے، اور سچائی کا صرف اپنے ہی کو ٹھیکیدار سمجھتا ہے) یہودی کہتے ہیں، عیسائیوں کا دین کچھ نہیں ہے۔ عیسائی کہتے ہیں، یہودیوں کے پاس کیا دھرا ہے۔ حالانکہ اللہ کی کتاب دونوں پڑھتے ہیں (اور اصل دین دونوں کے لئے ایک ہی ہے) ٹھیک ایسی ہی بات ان لوگوں نے بھی کہی، جو (مقدس نوشتوں کا) علم نہیں رکھتے (یعنے مشرکین عرب نے، کہ وہ بھی صرف اپنے طریقہ ہی کو سچائی کا طریقہ سمجھتے ہیں، اور دوسروں کو جھٹلاتے ہیں) اچھا، (یہ لوگ اسی طرح ایک دوسرے کو جھٹلاتے رہیں) قیامت کے دن اللہ ان کے درمیان حاکم ہوگا، اور جس بات میں جھگڑ رہے ہیں، اُس کا فیصلہ کر دیگا!

قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۞ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ۞ وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ۭ قُلْ اِنَّ ھُدَى اللّٰهِ ھُوَ الْهُدٰى ۭ وَلَىِٕنِ اتَّبَعْتَ اَھْوَاۗءَھُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَاۗءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۞ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰھُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ۭ اُولٰۗىِٕكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۞ يٰبَنِىْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِىَ الَّتِىْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّىْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۞

۱۱۳ ۱۱۴ ۱۱۵ ۱۱۶

مذہبی گروہ بندی کا تعصب یہاں تک بڑھ گیا ہو کہ ہر گروہ کے لئے اُس کی مخصوص عبادت گاہیں ہیں۔ اگر دوسرے گروہ کا کوئی آدمی ان میں خدا کی عبادت کرنی چاہے، تو اُسے روک دیا جاتا ہو، اور ہر گروہ چاہتا ہو، دوسرے گروہ کی عبادت گاہیں ڈھا دے اور ویران کردے۔ حالانکہ سب خدا پرستی کے مدعی ہیں، اور سب کا خدا ایک ہی خدا ہو۔

خدا کسی خاص عبادت گاہ کی چار دیواری کے اندر محدود نہیں ہو کہ صرف وہیں اسکی عبادت کی جا سکے۔ جہاں کہیں بھی اسے اخلاص کے ساتھ یاد کیا جائے، وہ قبول کریگا۔

۱۰۸ اور غور کرو، اُس سے بڑھ کر ظلم کرنے والا انسان کون ہو سکتا ہو، جو اللہ کی عبادت گاہوں میں اُسکے نام کی یاد سے مانع آئے، اور اُن کی ویرانی میں کوشاں ہو؟ جن لوگوں کے ظلم و شرارت کا یہ حال ہو، یقیناً وہ اس لائق نہیں کہ خدا کی عبادت گاہوں میں قدم رکھیں بجز اس حالت کے کہ (دوسروں کو اپنی طاقت سے ڈرانے کی جگہ، خود دوسروں کی طاقت سے) ڈرے سہمے ہوئے ہوں (اور ظلم و شرارت کی جرأت ہی اُن میں باقی نہ رہے) یاد رکھو، ایسے لوگوں کے لئے دنیا میں بھی رسوائی ہو، اور آخرت میں بھی سخت ترین عذاب ہو!

۱۰۹ اور دیکھو، پورب ہو یا پچھم، ساری دنیا اللہ ہی کے لئے ہو۔ (اُس کی عبادت کسی ایک جہت اور مقام ہی پر موقوف نہیں) جہاں کہیں بھی تم اللہ کی طرف رُخ کرلو، اللہ تمھارے سامنے ہو۔ بلاشبہ اسکی قدرت کی سمائی بڑی ہی سمائی ہو، اور وہ سب کچھ جاننے والا ہو!

عیسائیوں کی یہ گمراہی کہ کتاب الٰہی کی تعلیم سے منحرف ہو گئے، اور ابنیت مسیح کے اعتقاد باطل پر اپنی کلیسائی گروہ بندی قائم کرلی۔

۱۱۰ اور (عیسائیوں کو دیکھو) انھوں نے کہا، خدا نے (نوع انسانی کا گناہ معاف کرنے کے لئے مسیح کو) اپنا بیٹا بنایا۔ حالانکہ خدا کی ذات اس سے پاک ہو (وہ کیوں اس بات کا محتاج ہو کہ کسی کو اپنا بیٹا بنائے؟) زمین اور آسمان میں جو کچھ ہو، سب اُسی کا ہو، اور سب اسکے فرمان کے آگے جھکے ہوئے ہیں۔

۱۱۱ وہ آسمان و زمین کا صناع ہو۔ وہ جب کسی کام کا فیصلہ کرلیتا ہو، تو (نہ تو اُسے کسی مددگار کی ضرورت

۱۱۷ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِىْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا
۱۱۸ شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ۭ قَالَ اِنِّىْ
۱۱۹ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ۭ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ۭ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ○ وَاِذْ
جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ۭ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ۭ وَ
عَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ
۱۲۰ السُّجُوْدِ ○ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ

ہوتی ہو۔ نہ وسائل و ذرائع کی) بس وہ حکم دیتا ہو کہ ہو جائے، اور جیسا کچھ اُسنے حکم دیا تھا، ویسا ہی ظہور میں آجاتا ہو!

۱۱۷ اور جو لوگ (مقدس نوشتوں کا) علم نہیں رکھتے (یعنی مشرکین عرب) وہ کہتے ہیں (اگر یہ تعلیم خدا کے طرف سے ہی، تو) کیوں ایسا نہیں ہوتا کہ خدا ہم سے براہ راست بات چیت کرے، یا اپنی کوئی (عجیب و غریب) نشانی ہی بھیج دے، تو (دیکھو، گمراہی و جہالت کی) جیسی بات یہ کہہ رہے ہیں، ٹھیک ٹھیک ایسی ہی بات اُن لوگوں نے بھی کہی تھی، جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں۔ اس بارے میں پہلوں اور پچھلوں، سب کے دل ایک ہی طرح کے ہوئے۔ (بہرحال، اگر یہ لوگ نشانیوں ہی کے طلب گار ہیں، تو چاہئے، نشانیوں کی پہچان بھی پیدا کریں، اور اگر نشانیوں کی پہچان رکھتے ہیں، تو دیکھ لیں) ہم نے اُن لوگوں کے لئے جو جاننے والے ہیں، کتنی ہی نشانیاں نمایاں کر دی ہیں! (اور وہ ان سے ایمان و معرفت کی روشنی حاصل کر رہے ہیں!)

> مشرکین عرب اور اُن کے جاہلانہ و معاندانہ اعتراضات۔
>
> جس طرح انسانی صداقت کا مزاج ہمیشہ ایک ہی طرح کا رہا ہو، اُسی طرح انسانی گمراہی کا مزاج بھی ایک ہی طرح کا رہتا ہو۔ یہی وجہ ہو کہ ہم دیکھتے ہیں، ہر زمانہ میں منکرین حق نے ایک ہی طریقہ پر سچائی کو جھٹلایا ہو، اور ایک ہی طرح کی صدائیں بلند کی ہیں۔

۱۱۸ اے پیغمبر! یہ ایک حقیقت ہو کہ ہم نے تمھیں (خلق اللہ کی ہدایت کے لئے) بھیجا ہو، اور اس لئے بھیجا ہو کہ (ایمان و عمل کی برکتوں کی) بشارت دو، اور (انکار حق کے نتائج سے) ڈراؤ (یعنے تمھاری دعوت تمام تر اسی حقیقت کی دعوت ہو۔ تم خدا پرستی اور نیک عملی کی طرف بلاتے ہو۔ انکار حق اور بد عملی کے نتائج سے ڈراتے ہو۔ پھر جو لوگ نشانیاں مانگ رہے ہیں، اگر

> سچائی کی پہچان رکھنے والوں کے لئے سب سے بڑی نشانی پیغمبر کی تعلیم اور اُس کی زندگی ہو، اور یہ بات سنت الٰہی کے خلاف ہو کہ لوگوں کے جاہلانہ خیالات کے مطابق فرمائشی معجزے دکھلائے جائیں۔

الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ ۱۲۱ وَاِسْمٰعِيْلُ ۭ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ ۱۲۲ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَ ۱۲۳ الْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا ۱۲۴

فی الحقیقت ان میں سچائی کی طلب ہے، تو غور کرو، ایک طالب صادق کے لئے تمھاری دعوت سے بڑھ کر اور کونسی نشانی ہو سکتی ہے؟ کیا کسی انسان کے سچے ہونے کے لئے یہ کافی نہیں کہ اُس کی تمام باتیں صرف سچائی ہی کے لئے ہوں؟ لیکن اگر اس پر بھی یہ لوگ انکار و سرکشی سے باز نہیں آتے، تو انھیں اُنکے حال پر چھوڑ دو، اور اپنا کام کئے جاؤ) جو لوگ (اپنی محرومی و شقاوت سے) دوزخی گروہ ہو چکے ہیں، تم انکے لئے خدا کے حضور جوابدہ نہیں ہوگے (تمھارا کام صرف پیام حق پہنچا دینا ہے!)

۱۲۴ اور (حقیقت یہ ہے کہ تم اپنی سچائی کی کتنی ہی نشانیاں پیش کرو، لیکن) یہود اور نصاریٰ تم سے خوش ہونے والے نہیں۔ وہ تو صرف اُسی حالت میں خوش ہو سکتے ہیں کہ تم اُنکی (بنائی ہوئی) ملتوں کے پیرو ہو جاؤ (کیونکہ جس بات کو اُنھوں نے دین سمجھ رکھا ہے، وہ گروہ پرستی کے تعصب کے سوا کچھ نہیں ہے) پس تم اُن سے (صاف صاف) کہدو کہ خدا کی ہدایت کی راہ تو وہی ہے جو ہدایت کی حقیقی راہ ہے (نہ کہ تمھاری خود ساختہ ملتیں اور گروہ بندیاں، اور میری راہ وہی ہے) اور یاد رکھو، اگر تم نے ان لوگوں کی خواہشوں کی پیروی کی، باوجودیکہ تمھارے پاس علم و یقین کی روشنی آچکی ہے، تو (یہ ہدایت الٰہی سے صریح

یہ جتنی ملتیں الگ الگ بنائی گئی ہیں، یعنے الگ الگ گروہ بندیاں کرلی گئی ہیں، مثلاً یہودیت اور مسیحیت، تو یہ سب انسانی گمراہی کی بناوٹیں ہیں۔ ہدایت کی راہ تو بس ہدایت کی راہ ہے۔ جو کوئی اُس پر چلے گا، ہدایت یافتہ ہوگا۔ خواہ ان بنائی ہوئی ملتوں میں داخل ہو یا نہ ہو۔

مذہبی گروہ بندی کا نتیجہ یہ ہے کہ حق پسندی اور حقیقت بینی کی جگہ محض گروہ پرستی کی روح کام کر رہی ہے۔ لوگ یہ نہیں دیکھتے کہ ایک انسان کا اعتقاد اور عمل کیسا ہے؟ صرف یہ دیکھتے ہیں کہ وہ ہماری گروہ بندی میں داخل ہے یا نہیں؟ جب لوگوں کی ذہنیت ایسی ہو جائے، تو ظاہر ہے کہ دلائل و حقائق کچھ کام نہیں دے سکتے۔ کتنی ہی سچی اور معقول بات کیوں نہ کہی جائے، ان لوگوں کے لئے بیکار ہوگی!

جب تک تم یہودیت اور نصرانیت کی گروہ بندی میں داخل نہ ہو جاؤ،

مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِی الدُّنْیَا ۚ وَاِنَّهٗ فِی الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ
اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَوَصّٰی بِهَاۤ اِبْرٰهٖمُ بَنِیْهِ وَ (۱۲۵-۱۲۶)
یَعْقُوْبُ ؕ یٰبَنِیَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰی لَكُمُ الدِّیْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ؕ اَمْ كُنْتُمْ (۱۲۷)
شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ یَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِیْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِیْ ؕ قَالُوْا نَعْبُدُ
اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآىِٕكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚۖ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ
تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ (۱۲۸)

یہودی اور عیسائی تم سے خوش ہونے والے نہیں، اگرچہ تمھارا اعتقاد اور عمل کتنا ہی اچھا اور معقول ہو، اور خود انکی مسلمہ تعلیمات کے ٹھیک ٹھیک مطابق ہی کیوں نہ ہو۔

انحراف ہوگا، اور پھر اللہ کی دوستی اور مددگاری سے تم یکسر محروم ہو جاؤ گے!

(۱۱۵) اہل کتاب میں جو لوگ ایسے ہیں جو کتاب الٰہی کی ٹھیک ٹھیک تلاوت کرتے ہیں (یعنے راست بازی و اخلاص کے ساتھ پڑھتے ہیں اور اُس کے مطالب میں غور و فکر کرتے ہیں) تو وہی ہیں جو (قبولیتِ حق کی استعداد رکھتے ہیں، اور اس لئے وہی ہیں جو) اس پر ایمان لائیں گے، اور جو کوئی (ان میں سے) انکار کرتا ہے تو (اسکی ہدایت کی کوئی امید نہیں) یہ وہ لوگ ہیں جنکے لئے تباہی و نامرادی ہے!

(۱۱۶) اے بنی اسرائیل! میری وہ نعمتیں یاد کرو جن سے میں نے تمھیں سرفراز کیا تھا۔ میں نے تمھیں دنیا کی تمام قوموں میں برگزیدگی عطا فرمائی تھی!

(۱۱۷) اور دیکھو، اُس دن سے ڈرو جو یقیناً آنے والا ہے (اور جس دن ہر انسان کو اپنے اعمال کے نتائج سے دوچار ہونا ہے) اُس دن نہ تو کوئی جان دوسری جان کے کام آئے گی (کہ اپنے بزرگوں اور پیشواؤں کا نام لے کر اپنے آپ کو بخشوا لو) نہ کسی طرح کا معاوضہ قبول کیا جائے گا (کہ اپنی بدعملیوں کا فدیہ دیکر جان چھڑا لو) نہ کسی کی سعی و سفارش چل سکے گی (کہ اُن کا وسیلہ پکڑ کے کام نکال لو) اور نہ ہی ایسا ہوگا کہ مجرموں کو کہیں سے مدد ملے!

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آزمائش، منصب امامت کا عطیہ، دین الٰہی کی دعوت معبد کعبہ کی تعمیر، اور اُمتِ مسلمہ کے ظہور کی دعا یہ ذکر اس محل میں۔

(۱۱۸) اور (پھر غور کرو، وہ واقعہ) جب ابراہیم کو اُس کے پروردگار نے چند باتوں میں آزمایا تھا، اور وہ اُن میں پورا اُترا تھا۔ جب ایسا ہوا، تو خدا نے فرمایا

وَقَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ ۱۲۹
الْمُشْرِكِيْنَ ۝ قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ۱۳۰
وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا نُفَرِّقُ
بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۫ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝ فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ ۱۳۱
تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ صِبْغَةَ اللّٰهِ ۱۳۲

چار بصیرتیں رکھتا ہے:

(۱) یہود، نصاریٰ، اور مشرکین عرب، تینوں گروہوں کے لئے حضرت ابراہیم کی شخصیت ایک مسلّمہ شخصیت تھی۔ اس لئے اُن کی دعوت سے استشہاد تینوں کے لئے ناقابلِ انکار استشہاد تھا۔

(۲) مذہبی گروہ بندی کے خلاف، تینوں گروہوں کے لئے ایک حجّت قاطع ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ تینوں گروہ بندیاں اور اُنکے عقائد و رسوم حضرت ابراہیم کے بہت بعد پیدا ہوئے۔ سوال یہ ہے کہ حضرت ابراہیم کا طریقہ کیا تھا؟ یقیناً وہ ان گروہ بندیوں کا طریقہ نہ تھا۔ پس جو طریقہ اُنکا تھا، اُسی کی دعوت قرآن دیتا ہے!

(۳) یہودیوں کی جماعتی سرگرانی زیادہ تر نسلی غرور کا نتیجہ تھی۔ وہ کہتے تھے، ہم حضرت ابراہیم کی نسل سے ہیں اور تورات میں ہے کہ خدا نے اُس کی نسل کو برکت دی۔ اس بیان نے واضح کردیا کہ اوّل تو نسل کے شرف میں بنی اسحاق کی طرح بنی اسماعیل بھی شریک ہیں، پھر جو کچھ بھی ہو، خدا کا عہد برکت نیک کرداروں کے لئے تھا۔ نہ کہ بدکرداروں کے لئے۔ جن لوگوں نے ایمان و عمل کی سعادت کھودی، اُنکے لئے نسل کا امتیاز کچھ سودمند نہیں ہوسکتا!

(۴) پچھلی امتوں کی محرومیوں کے ذکر کے بعد یہ حقیقت واضح کرنی تھی کہ اب توفیق الٰہی نے پیروانِ دعوتِ قرآن کو خدمتِ حق کے لئے چُن لیا ہے اور اقوامِ عالم کی ہدایت کا سررشتہ اُنکے سپرد کیا جارہا ہے۔ اسکے لئے ضروری تھا کہ پہلے دعوتِ قرآن کے ظہور کی معنوی تاریخ بیان کردی جائے۔ چنانچہ

اے ابراہیم! میں تجھے انسانوں کے لئے امام بنانے والا ہوں (یعنے دنیا کی آنے والی قومیں اور نسلیں تیری دعوت قبول کریں گی اور تیرے نقش قدم پر چلیں گی) ابراہیم نے عرض کیا، جو لوگ میری نسل میں سے ہونگے اُن کی نسبت کیا حکم ہے؟ ارشاد ہوا، جو ظلم و معصیت کی راہ اختیار کریں، تو اُن کا میرے عہد میں کوئی حصہ نہیں!

۱۱۹ اور (پھر دیکھو) جب ایسا ہوا تھا کہ ہم نے (مکہ کے) اس گھر کو (یعنے خانۂ کعبہ کو) انسانوں کی گردآوری کا مرکز اور امن و حرمت کا مقام ٹھہرادیا، اور حکم دیا کہ ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ (ہمیشہ کے لئے) نماز کی جگہ بنالی جائے۔ اور ہم نے ابراہیم اور اسماعیل کو حکم دیا تھا کہ ہمارے نام پر جو گھر بنایا گیا ہے، اُسے طواف کرنے والوں، عبادت کے لئے ٹھہرنے والوں، اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لئے (ہمیشہ) پاک رکھنا (اور ظلم و معصیت کی گندگیوں سے آلودہ نہ کرنا!)

۱۲۰ اور (پھر) جب ایسا ہوا تھا کہ ابراہیم نے خدا کے حضور دعا مانگی تھی: "اے پروردگار! اس جگہ کو (جو دنیا کی آباد سرزمینوں سے دور اور سرسبزی و

۱۳۸ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً ؗ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ۝ ۱۳۹ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِى اللّٰهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ ۝ ۱۴۰ اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ ۱۴۱ تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

ع ۱۶ / ۱۶

معبد کعبہ کی تعمیر اور حضرت ابراہیم کی دعا کا ذکر اسی غرض سے کیا گیا ہے کہ آنے والے بیان کے لئے ایک قدرتی تمہید کا کام دے۔

شادابی سے یک قلم محروم ہے) امن و امان کا ایک آباد شہر بنا دے، اور اپنے فضل و کرم سے ایسا کر کہ یہاں کے بسنے والوں میں جو لوگ تجھ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والے ہوں، اُن کی رزق کے لئے ہر طرح کی پیداوار مہیا ہو جائے!"

اس پر ارشاد الٰہی ہوا تھا کہ (تمھاری دعا قبول کی گئی، اور یہاں کے باشندوں میں سے) جو کوئی کفر کا شیوہ اختیار کرے گا، سو اُسے بھی ہم (سر و سامانِ رزق سے) فائدہ اُٹھانے دینگے۔ البتہ یہ فائدہ اُٹھانا بہت تھوڑا ہوگا۔ کیونکہ بالآخر اُسے (پاداشِ عمل میں) چار و ناچار دوزخ میں جانا ہے، اور (جو بدبخت نعمت کی راہ چھوڑ کر عذاب کی راہ اختیار کرلے، تو کیا ہی بُری اُس کی راہ ہے، اور) کیا ہی بُرا اُس کا ٹھکانا!

۱۲۱ اور (پھر دیکھو، وہ کیا عظیم الشان اور انقلاب انگیز وقت تھا) جب ابراہیم خانۂ کعبہ کی بنیاد چُن رہا تھا اور اسمٰعیل بھی اُسکے ساتھ شریک تھا (اُنکے ہاتھ تو پتھر چُن رہے تھے اور دل و زبان پر یہ دعا طاری تھی:) "اے پروردگار! (ہم تیرے دو عاجز بندے تیرے مقدس نام پر اس گھر کی بنیاد رکھ رہے ہیں، سو) ہمارا یہ عمل تیرے حضور قبول ہو! بلاشبہ تو ہی ہے جو دعاؤں کا سُننے والا اور (مصالحِ عالم کا) جاننے والا ہے!

۱۲۲ اے پروردگار (اپنے فضل و کرم سے) ہمیں ایسی توفیق دے کہ ہم سچے مسلم (یعنے تیرے حکموں کے فرمانبردار) ہو جائیں، اور ہماری نسل میں سے بھی ایک ایسی امت پیدا کر دے جو تیرے حکموں کی فرماں بردار ہو! خدایا ہمیں ہماری عبادت کے (سچے) طور طریقے بتلا دے، اور ہمارے قصوروں سے درگزر کر۔ بلاشبہ تیری ہی ذات ہے جو رحمت سے درگزر کرنے والی ہے، اور جسکی رحیمانہ درگزر کی کوئی انتہا نہیں!

۱۲۳ اور خدایا! (اپنے فضل و کرم سے) ایسا کیجیو کہ اس بستی کے بسنے والوں میں تیرا ایک رسول مبعوث ہو جو انہی میں سے ہو۔ وہ تیری آیتیں پڑھکر لوگوں کو سنائے، کتاب اور حکمت کی اُنھیں تعلیم دے، اور (اپنی پیغمبرانہ تربیت سے) اُنکے دلوں کو مانجھ دے۔ اے پروردگار! بلاشبہ تیری ہی ذات ہے جو حکمت والی اور سب پر غالب ہے"

سَيَقُولُ السُّفَهَاۤءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِىْ كَانُوْا عَلَيْهَا ؕ ۱۳۶
قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَاۤءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝
وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَاۤءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ ۱۳۷
الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ؕ وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِىْ كُنْتَ عَلَيْهَاۤ اِلَّا ۱۳۸
لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً

۱۲۴ (یہ ہی ابراہیم کا طریقہ) اور اُن لوگوں کے سوا جنہوں نے اپنے آپ کو نادانی وجہالت کے حوالہ کر دیا ہو، کون ہی جو ابراہیم کے طریقہ سے روگرداں ہوسکتا ہو؟ اور واقعہ یہ ہو کہ ہم نے دنیا میں بھی اُسے برگزیدگی کے لئے چُن لیا، اور آخرت میں بھی اُس کی جگہ نیک انسانوں کے زُمرے میں ہوگی!

۱۲۵ جب ابراہیم کے پروردگار نے اُسے حکم دیا تھا کہ "فرمانبردار ہوجاؤ" تو وہ پکار اُٹھا تھا "میں اُس کے حکموں کا فرمانبردار ہوگیا جو تمام دنیا کا پروردگار ہو"!

۱۲۶ اور پھر اسی طریقہ کی ابراہیم نے اپنے بیٹوں کو اور (اُسکے پوتے) یعقوب نے اپنی اولاد کو وصیت کی تھی۔ اُنھوں نے کہا تھا "اے میرے بیٹو! خدا نے تمھارے لئے اِس دین (حقیقی) کی راہ پسند فرمائی ہو، تو دیکھو، دنیا سے نہ جانا مگر اِس حالت میں کہ تم مسلم ہو (یعنے فرمانبردار ہو)

دین کی جو راہ حضرت ابراہیم نے اختیار کی تھی، وہ کیا تھی؟ اُنکے بعد اُنکی اولاد جس طریقہ پر چلتی رہی، وہ کونسا طریقہ تھا؟ خود "اسرائیل" یعنے حضرت یعقوب نے اپنے بسترِ مرگ پر جس دین کی وصیت کی وہ کونسا دین تھا؟ یقیناً وہ یہودیت اور مسیحیت کی گروہ بندی نہ تھی۔ وہ صرف خدا پر ایمان لانے اور اُسکے قانونِ سعادت کی فرمانبرداری کرنے کی فطری اور عالمگیر سچائی تھی، اور اُسی کی دعوت قرآن دیتا ہو۔

دینِ الٰہی کو اسی لئے "الاسلام" کے نام سے تعبیر کیا گیا جسکے معنی اطاعت کرنے کے ہیں۔ یعنے ہر طرح کی نسبتوں اور گروہ بندیوں سے الگ ہوکر صرف اطاعتِ حق کی طرف انسان کو دعوت دی جائے۔

۱۲۷ (تم کہتے ہو، نجات اور سعادت صرف اُنہی لوگوں کے لئے ہو جو یہودیت یا مسیحیت کی گروہ بندی میں داخل ہوں۔ اچھا بتلاؤ، ابراہیم کس گروہ بندی میں داخل تھا؟ سب بڑھ کر یہ کہ اسرائیل یعنے یعقوب کا طریقہ کیا تھا جسکی طرف تمھاری نسل منسوب ہو؟) پھر کیا تم اُسوقت موجود تھے جب یعقوب کے سرہانے موت آکھڑی ہوئی تھی، اور اُسنے اپنے بیٹوں کو وصیت کرتے ہوئے پوچھا تھا "میرے بعد تم کس کی عبادت کروگے"؟ اور اُنھوں نے جواب دیا تھا "اُسی خدائے واحد کی جس کی تو نے عبادت کی ہو، اور تیرے بزرگوں ابراہیم، اسماعیل، اور اسحاق نے کی ہو، اور ہم اُسکے حکموں کے فرمانبردار ہیں!"

إِلَّا عَلَى الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ ۗ وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١٣٩﴾ قَدْ نَرَىٰ تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ ۖ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا ۚ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ وَحَيْثُ مَا كُنتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ ۗ وَإِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِن رَّبِّهِمْ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُونَ ﴿١٤٠﴾ وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَّا تَبِعُوا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَا أَنتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُم بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ

۱۳۸ قانون الٰہی یہ ہو کہ ہر فرد اور جماعت کو وہی پیش آتا ہو، جو اُسنے اپنے عمل سے کمایا ہو۔ نہ تو ایک کی نیکی دوسرے کو بچا سکتی ہو۔ نہ ایک کی بدعملی کے لئے دوسرا جوابدہ ہو سکتا ہو۔

(بہرحال) یہ ایک امت تھی جو گزر چکی (نہ تو اُسکی نیک عملی تمھاری بدعملیوں کا کفارہ ہو سکتی ہو، نہ اُسکی بدعملی کے لئے تم جوابدہ ہوگے) اُس کے لئے وہ تھا جو اُسنے اپنے عمل سے کمایا۔ تمھارے لئے وہ ہوگا، جو تم اپنے عمل سے کماؤگے۔ تم سے کچھ اِسکی پوچھ گچھ نہیں ہوگی کہ اُن لوگوں کے اعمال کیسے تھے؟

۱۳۹ بہرحال ہدایت کی راہ ان گروہ بندیوں کی راہ نہیں ہو سکتی، اور نہ وہ کسی ایک قوم اور گروہ ہی کے حصہ میں آئی ہو۔ ہدایت کی راہ تو وہی ہو جو حضرت ابراہیم کی راہ تھی، اور وہ خدا کا عالمگیر قانون نجات ہو۔

پس سچائی کی راہ یہ ہوئی کہ ایک دوسرے کو جھٹلانے کی جگہ سب کی تصدیق کرو، اور سب کی بتلائی ہوئی مشترکہ تعلیم پر کاربند ہو۔ دنیا میں جسقدر بھی رہنمایانِ مذاہب آئے ہیں، خواہ وہ کسی عہد اور کسی ملک و قوم سے تعلق رکھتے ہوں، سب ایک ہی سچائی کے پیغامبر تھے، اور اس لئے سب کی یکساں طور پر تصدیق کرنی چاہئے۔

داعیانِ مذاہب میں سے کسی ایک کا انکار بھی، سب کا انکار ہو۔ جو کوئی "تفریق بین الرُسل" کرتا ہو۔ یعنے کسی کو مانتا ہو۔ کسی کو نہیں مانتا۔ وہ فی الحقیقت خدا کے پورے سلسلۂ ہدایت کا منکر ہو۔

۱۴۰ قرآن کہتا ہو، میری راہ عالمگیر تصدیق کی راہ ہو۔ اگر تم یہودی ہو اور

اور (دیکھو یہود اور نصاریٰ، دونوں کا دعویٰ یہ ہو کہ ہدایت صرف انہی کے حصے میں آئی ہو) یہودیوں نے کہا، یہودی ہو جاؤ، ہدایت پاؤگے۔ نصاریٰ نے کہا، نصرانی ہو جاؤ، ہدایت پاؤگے۔ لیکن تم کہو، نہیں (خدا کی عالمگیر سچائی اِن گروہ بندیوں میں محدود نہیں ہو جا سکتی) اُس کی راہ تو وہی "حنیفی" راہ ہو جو ابراہیم کی راہ تھی (یعنے تمام انسانی طریقوں سے مُنہ موڑنا، اور صرف خدا کے سیدھے سادھے فطری طریقہ کا ہو رہنا) اور یقیناً وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھا۔ (اگرچہ عرب میں اُسکی اولاد مبتلائے شرک ہو گئی)

(اے پیروانِ دعوتِ قرآنی!) تم کہو، ہمارا طریقہ تو یہ ہو کہ ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں۔ قرآن پر ایمان لائے ہیں جو ہم پر نازل ہوا ہو۔ اُن تمام تعلیموں پر

۱۴۱ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ إِنَّكَ إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِينَ ۘ
الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّ فَرِيقًا مِنْهُمْ
۱۴۲ لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ۝
۱۴۳ وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا ۖ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ۚ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ
۱۴۴ اللَّهُ جَمِيعًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ

تقف النبی

تورات پر ایمان رکھتے ہو، تو میں اُس کا مصدق ہوں، اور اسی لئے آیا ہوں، تاکہ تورات کی دعوت تازہ کردوں۔ اگر تم مسیحی ہو، تو میں انجیل کا منکر کب ہوں؟ میں تو اسی لئے آیا ہوں کہ تم انجیل کے سچے عامل بن جاؤ۔ اگر تم حضرت ابراہیم کے نام لیوا ہو، تو میری دعوت سر تا سر ملتِ ابراہیمی ہی کی دعوت ہے۔ اگر تم کسی دوسرے رسول اور بانیٔ مذہب کے پیرو ہو، تو میں تمھیں اُس سے ہٹانا نہیں چاہتا۔ اُس کی تصدیق میں اور زیادہ پختہ کردینا چاہتا ہوں۔

ایمان لائے ہیں جو ابراہیم کو، اسماعیل کو، اسحاق کو، یعقوب کو، اور اولادِ یعقوب کو دی گئیں۔ نیز اُن کتابوں پر، جو موسیٰ اور عیسیٰ کو دی گئی تھیں۔ اور (صرف اتنا ہی نہیں، بلکہ) اُن تمام تعلیموں پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو دنیا کے تمام نبیوں کو اُنکے پروردگار سے ملی ہیں۔ ہم ان میں سے کسی ایک کو بھی دوسروں سے جُدا نہیں کرتے (کہ اُسے نہ مانیں۔ باقی سب کو مانیں۔ یا اُسے مانیں۔ مگر دوسروں سے منکر ہو جائیں۔ خدا کی سچائی کہیں بھی، اور کسی پر بھی آئی ہو) ہم خدا کے فرماں بردار ہیں!

۱۳۱ پھر اگر یہ لوگ بھی ایمان کی راہ اختیار کرلیں۔ اُسی طرح جس طرح تم نے اختیار کی ہے، تو (سارے جھگڑے ختم ہوگئے، اور) انھوں نے ہدایت پالی۔ لیکن اگر اس سے روگردانی کریں، تو پھر سمجھ لو کہ (اُن کے ماننے اور متفق ہونے کی کوئی امید نہیں) اُن کی راہ (طلب حق کی جگہ) مخالفت اور ہٹ دھرمی کی راہ ہے۔ پس (اُن سے قطع نظر کرلو اور اپنے کام میں سرگرم رہو) وہ وقت دور نہیں، جب اللہ کی مدد تمھیں ان کی مخالفتوں سے بے پروا کردیگی۔ وہ سننے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے!

۱۳۲ (تم کہو، ہدایت اور نجات کی راہ کسی رسمی اصطباغ یعنے رنگ دینے کی محتاج نہیں، جیسا کہ عیسائیوں کا شیوہ ہے) یہ اللہ کا رنگ دینا ہے، اور بتلاؤ، اللہ سے بہتر اور کس کا رنگ دینا ہوسکتا ہے؟ اور ہم اُسی کی بندگی کرنے والے ہیں!

۱۳۳ (اے پیغمبر) تم ان لوگوں سے کہو۔ (ہماری راہ تو خدا پرستی کی راہ ہے۔ پھر) کیا تم خدا کے بارے میں ہم

جب سب کا پروردگار ایک ہے، اور ہر انسان کے لئے اُس کا عمل ہے،

۱۴۵ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ○
وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا
وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۗ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
مِنْهُمْ ۗ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِيْ ۗ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ
۱۴۶ تَهْتَدُوْنَ ۛ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ
وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ

سے جھگڑتے ہو؟ (یعنے خدا پرستی کے شیوہ ہی سے تمھیں اختلاف ہو؟) حالانکہ ہمارا اور تمھارا، دونوں کا پروردگار وہی ہو۔ ہمارے لئے ہمارے اعمال ہیں، تمھارے لئے تمھارے اعمال۔ اور ہمارا طریقہ اسکے سوا کچھ نہیں ہو کہ صرف اُسی کی بندگی کرنے والے ہیں!

تو پھر خدا اور دین کے نام پر یہ تمام جھگڑے کیوں ہیں؟ کیوں ایک مذہب کا پیرو دوسرے مذہب کے پیروؤں کا دشمن ہو؟ کیوں ایک انسان دوسرے انسان سے نفرت کرے؟

۱۳۴ یا پھر تمھارا (یعنے یہود اور نصاریٰ کا) دعویٰ یہ ہو کہ ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب، اور اولادِ یعقوب بھی یہودی اور نصرانی تھے؟ (اگر تم جہل و نادانی کی ایسی بات کہہ سکتے ہو، تو افسوس تمھاری عقلوں پر) اے پیغمبر، ان سے کہو، تم زیادہ جاننے والے ہو یا اللہ ہو؟ (اگر اللہ ہو، تو اُس کی شہادت تو تمھارے خلاف خود تمھاری کتاب میں موجود ہو جسے تم دیدہ و دانستہ چھپا رہے ہو) پھر بتلاؤ اُس سے بڑھ کر کون ظالم ہو سکتا ہو، جس کے پاس اللہ کی ایک شہادت موجود ہو، اور وہ اُسے چھپائے؟ (اور محض اپنی بات کی پچ کے لئے سچائی کا اعلان نہ کرے؟) یاد رکھو، جو کچھ بھی تم کر رہے ہو، اللہ اس سے غافل نہیں ہو!

کتمانِ حق یعنے سچائی کو دیدہ و دانستہ ظاہر نہ کرنا اللہ کے نزدیک سب سے بڑا گناہ ہو۔

۱۳۵ (اور پھر جو کچھ بھی ہو) یہ ایک امت تھی جو گزر چکی۔ اسکے لئے وہ تھا جو اُس نے اپنے عمل سے کمایا۔ تمھارے لئے وہ ہوگا، جو تم اپنے عمل سے کماؤگے۔ تم سے کچھ اسکی پوچھ گچھ نہیں ہوگی کہ اُنکے اعمال کیسے تھے۔

۱۳۶ جو لوگ عقل و بصیرت سے محروم ہیں، وہ (اس بات کی حقیقت نہیں پا سکتے کہ کیوں بیت المقدس کی جگہ خانۂ کعبہ قبلہ قرار دیا گیا ہو۔ وہ) کہیں گے، مسلمان جس

دعوتِ ابراہیمی سے وحدتِ دین کے استشہاد کا بیان ختم ہو گیا۔ اب یہاں سے اس کا دوسرا حصہ شروع ہوتا ہو۔ وہ پچھلے بیان کا قدرتی نتیجہ ہو۔ حضرت

وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ۛ فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ ۱۴۷
وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ۚ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ ۱۴۸
وَالصَّلَاةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝ وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ ۱۴۹
اللَّهِ أَمْوَاتٌ ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ ۝ وَلَنَبْلُوَنَّكُم بِشَيْءٍ مِّنَ ۱۵۰
الْخَوْفِ وَالْجُوعِ

مع ۸ ع ۲

ابراہیم کو اقوامِ عالم کی امامت ملی تھی۔ اُنھوں نے مکہ میں عبادت گاہِ کعبہ تعمیر کی، اور امتِ مسلمہ کے ظہور کی التجا کی۔ دعا مانگی۔ مشیتِ الٰہی میں اس ظہور کے لئے ایک خاص وقت مقرر تھا۔ جب وہ وقت آگیا، تو پیغمبرِ اسلام کا ظہور ہوا، اور اُن کی تعلیم و تزکیہ سے موعودہ اُمت پیدا ہو گئی۔ اس امت کو "نیک ترین امت" ہونے کا نصب العین عطا کیا گیا، اور اقوامِ عالم کی تعلیم و ہدایت اُس کے سپرد کی گئی۔ ضروری تھا کہ اسکی روحانی ہدایت کا ایک دائمی مرکز و سرچشمہ بھی ہوتا۔ یہ مرکز، قدرتی طور پر، عبادت گاہِ کعبہ ہی ہو سکتا تھا۔ چنانچہ تحویلِ قبلہ نے اسکی مرکزیت کا اعلان کر دیا۔ یہی حقیقت "قبلہ" کے تقرر میں پوشیدہ تھی۔ جب تک بنی اسرائیل کا دورِ ہدایت قائم رہا، مرکزِ ہدایت بیت المقدس تھا، اور اس لئے عبادت کے وقت سب کا رُخ بھی اُسی کی طرف رہتا تھا۔ لیکن جب دعوتِ حق کا مرکز مکہ کا معبد قرار پایا، تو ناگزیر ہوا کہ وہی قبلہ بھی قرار پائے، اور اقوامِ عالم کے رُخ اُسی کی طرف پھر جائیں۔

چنانچہ "سیقول السفہاء" سے یہی بیان شروع ہوتا ہے۔ پیروانِ دعوتِ قرآنی مخاطب ہیں، اور اُنھیں بتلایا جا رہا ہے کہ حضرت ابراہیم کے عمل حق نے جو بیج بویا تھا، وہ بارآور ہو گیا ہے۔ اب مرکزِ امم خانۂ کعبہ ہے، اور "نیک ترین امت" تم ہو۔

قبلہ کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھا کرتے تھے، کیا بات ہوئی کہ اُن کا رُخ اُس سے پھر گیا؟ (اے پیغمبر) تم کہو، پورب ہو یا پچھم، سب اللہ ہی کے لئے ہے۔ (وہ کسی خاص مقام یا جہت میں محدود نہیں۔ جب بیت المقدس کی طرف رُخ کر کے نماز پڑھتے تھے، تو وہ بھی اللہ کے لئے تھی، اور اب کعبہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں، تو یہ بھی اللہ ہی کے لئے ہے۔ البتہ ایک خاص جہت قرار دینے میں مصلحت تھی) اور وہ جس کسی کو چاہتا ہے (کامیابی و سعادت کی) سیدھی راہ دکھا دیتا ہے!

۱۴۷ اور (اے پیروانِ دعوتِ قرآنی! جس طرح یہ بات ہوئی کہ بیت المقدس کی جگہ خانۂ کعبہ "قبلہ" قرار پایا، تو) اسی طرح یہ بات بھی ہوئی کہ ہم نے تمھیں "نیک ترین امت" ہونے کا درجہ عطا فرمایا، تاکہ تمام انسانوں کے لئے (سچائی کی) شہادت دینے والے تم ہو، اور تمھارے لئے اللہ کا رسول شہادت دینے والا ہو۔ (یعنے تم اللہ کے رسول سے دعوتِ حق کا پیغام حاصل کرو، اور دنیا کی تمام نسلیں اور قومیں تم سے حاصل کریں)

۱۴۸ اور (اے پیغمبر!) یہ جو منکرینِ حق اعتراض کرتے ہیں کہ اگر خانۂ کعبہ ہی کو قبلہ ہونا تھا، تو اتنے دنوں تک کیوں بیت المقدس کی طرف تمھارا رُخ رہا؟ تو یہ اس لئے ہے کہ کاروبارِ حق کی حکمتوں سے بے خبر ہیں)

۱۵۱ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ۭ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَآ
۱۵۲ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ عَلَيْهِمْ
۱۵۳ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۣ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۝ اِنَّ
الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَاۗىِٕرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ
۱۵۴ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۭ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ۝ اِنَّ
الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ

اگر ہم نے اتنے دنوں تک تمھیں اُسی قبلہ پر رہنے دیا جس کی طرف تم رُخ کر کے نماز پڑھا کرتے تھے، تو یہ اس لئے تھا، تاکہ (وقت پر) معلوم ہو جائے، کون لوگ اللہ کے رسول کی پیروی میں سچے ہیں، اور کون لوگ (دل کے کچے ہیں جو آزمائش میں پڑکر) اُلٹے پاؤں پھر جانے والے ہیں۔ اور اس میں شک نہیں کہ ہدایت یافتہ لوگوں کے سوا اور سب کے لئے اس معاملہ میں بہت ہی سخت آزمائش تھی۔ بہر حال (جو لوگ آزمائش میں پورے اُترے ہیں، وہ یقین کریں، اُن کی استقامت کے ثمرات بہت جلد اُنھیں حاصل ہونگے) ایسا نہیں ہو سکتا کہ خدا تمھارا ایمان رائگاں جانے دے۔ وہ تو انسانوں کے لئے سر تا سر شفقت و رحمت رکھنے والا ہے!

۱۳۹ (اے پیغمبر!) ہم دیکھ رہے ہیں کہ (حکم الٰہی کے شوق و طلب میں) تمھارا چہرہ بار بار آسمان کی طرف اُٹھ اُٹھ جاتا ہے، تو یقین کرو، ہم عنقریب تمھارا رُخ ایک ایسے ہی قبلہ کی طرف پھرا دینے والے ہیں جس سے تم خوشنود ہو جاؤ گے۔ (اور اب کہ اس معاملہ کے ظہور کا وقت آگیا ہے) تو چاہئے کہ تم اپنا رُخ مسجد حرام (یعنی خانۂ کعبہ) کی طرف پھیر لو، اور جہاں کہیں بھی تم اور تمھارے ساتھی ہوں، ضروری ہے کہ (نماز میں) رُخ اسی طرف کو پھر جایا کرے۔

اور جن لوگوں کو کتاب دی گئی ہے (یعنے یہود اور نصاریٰ کے علماء) وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ یہ معاملہ اُنکے پروردگار کی طرف سے ایک امر حق ہے (کیونکہ اُنکے مقدس نوشتوں میں اس کی پیشین گوئی موجود ہے۔ لیکن گروہ پرستی کا تعصب اُنھیں اجازت نہیں دیتا کہ سچائی کا اقرار کریں۔ تو تم اُنکی مخالفتوں کی کچھ پروا نہ کرو) جیسے کچھ اُنکے اعمال ہیں، اللہ اُن سے غافل نہیں ہے!

۱۴۰ اگر تم اہل کتاب کے سامنے دنیا جہان کی ساری دلیلیں بھی پیش کر دو، جب بھی وہ تمھارے قبلہ کی پیروی کرنے والے نہیں۔ نہ یہ ہو سکتا ہے کہ (علم و بصیرت سے

یہود اور نصاریٰ کا تحویل قبلہ پر اعتراض کرنا محض گروہ پرستی کے تعصب کا نتیجہ ہے۔ اگر اُن میں حق پرستی ہوتی، تو وہ آپس میں کیوں ایک دوسرے

مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتٰبِ
١٥٥ أُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ۙ إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَأَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا فَأُولٰٓئِكَ
١٥٦ أَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَأَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ إِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ
١٥٧ كُفَّارٌ أُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِيْنَ ۝ خٰلِدِيْنَ
١٥٨ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ۝ وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ
لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝

ع ١٩

بے بہرہ ہو کر) تم اُنکے قبلہ کی پیروی کرنے لگو، اور نہ خود وہی کسی ایک قبلہ پر متفق ہیں۔ اُن میں سے ایک گروہ دوسرے گروہ کا قبلہ ماننے والا نہیں (یہودیوں کا قبلہ الگ ہے۔ عیسائیوں کا قبلہ الگ ہے۔ پس جب صورتِ حال ایسی ہے تو ظاہر ہے کہ یہ اختلاف بحث و دلائل سے دُور نہیں ہو سکتا، اور نہ ایسے لوگوں کے ساتھ کوئی متفقہ راہِ عمل پیدا ہو سکتی ہے) اور یاد رکھو، اگر تم نے ان لوگوں کی خواہشوں کی پیروی کی باوجودیکہ تمہیں اس بارے میں علم حاصل ہو چکا ہے، تو (یہ دیدہ و دانستہ ہدایت سے انحراف ہوگا، اور) تم یقیناً نافرمانی کرنے والوں میں سے ہو جاؤ گے!

سے مختلف ہوتے، اور کیوں ایسا ہوتا کہ یہودی عیسائیوں کا قبلہ نہیں مانتے، اور عیسائیوں کو یہودیوں کے قبلہ سے انکار ہوتا؟ پس جب صورتِ حال ایسی ہے، تو متبع حق کو چاہئے، ایسے لوگوں کے اتفاق و یک جہتی سے قطع نظر کرلے۔ کیونکہ جن لوگوں نے اتباعِ حق سے یک قلم کنارہ کشی کرلی ہے، اُنکے ساتھ متبع حق کا کبھی اتفاق نہیں ہو سکتا۔

١٤١ اور حقیقت یہ ہے کہ جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے (یعنے اہلِ کتاب کے علماء) اُن پر حقیقتِ حال پوشیدہ نہیں ہے۔ وہ پیغمبرِ اسلام کو ویسے ہی جان پہچان گئے ہیں، جس طرح اپنی اولاد کو جانتے پہچانتے ہیں۔ لیکن اس پر بھی ان میں ایک گروہ ایسا ہے، جو دیدہ و دانستہ سچائی کو چھپاتا ہے، (اور اس کا اعتراف نہیں کرتا۔ پس جن لوگوں کی حق فراموشیوں کا یہ حال ہو، اُن سے اعترافِ حق کی کیا امید ہو سکتی ہے؟)

١٤٢ یقین کرو، یہ (تحویل قبلہ کا) معاملہ تمہارے پروردگار کی طرف سے ایک امرِ حق ہے (اور جو بات حق ہو، تو اُس کا حق ہونا ہی اُس کے لئے سب سے بڑی دلیل ہے۔ کیونکہ حق کا خاصہ قیام و ثبات ہے، اور باطل کا خاصہ شکست و زوال ہے۔ جو بات حق ہوگی، وہ اپنے قیام و ثبات سے اپنی حقانیت کا اعلان کردے گی۔ پس دیکھو ایسا نہ ہو کہ تم

کسی بات کا حق ہونا ہی اُسکی حقانیت کی سب سے بڑی دلیل ہے۔ کیونکہ حق کے معنی ہی قائم و ثابت رہنے کے ہیں، اور جو بات قائم و ثابت رہنے والی ہے، اُسکے لئے، اُس کے قیام و ثبات سے بڑھ کر اور کونسی دلیل ہو سکتی ہے؟

۱۵۹ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝

۱۶۰ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

شک وشبہ کرنے والوں میں سے ہو جاؤ!

۱۴۳ اور (دیکھو) ہر گروہ کے لئے ایک سمت ہو جسکی طرف وہ (عبادت کے وقت) رُخ پھیر لیتا ہو۔ (پس یہ کوئی ایسی بات نہیں جو دین کے اصول و مہمات میں سے ہو، اور جسے حق و باطل کا معیار سمجھ لیا جائے۔ اصلی چیز جو اس طرح کے تمام احکام سے مقصود ہو، وہ تو نیک عملی ہو) پس نیکیوں کی راہ میں ایک دوسرے سے آگے نکل جانے کی کوشش کرو۔ تم جہاں کہیں بھی ہو (یعنے جس جگہ اور جس سمت میں بھی خدا کی عبادت کرو) خدا تم سب کو پالے گا۔ یقیناً اُس کی قدرت سے کوئی بات باہر نہیں (اُس کی قدرت ہر چیز اور ہر گوشہ کا احاطہ کئے ہوئے ہے!)

> اور پھر جو کچھ بھی ہو، تقررِ قبلہ کا معاملہ کوئی ایسی بات نہیں ہو جو دین کے اصول و مہمات میں سے ہو، اور اُسے حق و باطل کا معیار سمجھ لیا جائے۔ ہر گروہ کے لئے کوئی نہ کوئی جہت ہو، اور وہ اُسی کی طرف رُخ کرکے عبادت کرتا ہو۔ عبادت جس طرف بھی منہ کرکے کی جائے خدا کی عبادت ہو، وہ کسی ایک جہت ہی میں محدود نہیں۔ اصلی چیز جو سمجھنے اور کرنے کی ہو، وہ "خیرات" ہو۔ یعنے نیک عملی۔ پس چاہئے کہ اُسمیں ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرو۔ اور اسی کو دینداری و خدا پرستی کا اصلی کام سمجھو۔

۱۴۴ اور (اے پیغمبر!) تم کہیں سے بھی نکلو (یعنے کسی سمت اور کسی مقام میں بھی ہو) لیکن (نماز میں) رُخ اُسی طرف کو پھیر لو، جس طرف مسجدِ حرام واقع ہو۔ اور یقین کرو، یہ معاملہ تمھارے پروردگار کے طرف سے ایک امرِ حق ہو (پس ایک نئے قبلہ کی عالمگیر قبولیت تمھیں کتنی ہی دشوار نظر آتی ہو، لیکن اس کی کامیابی قطعی اور اٹل ہو۔ اس میں کسی طرح کا شک وشبہ نہ کرو) اور جانتے رہو کہ اللہ تمھارے اعمال کی طرف سے غافل نہیں ہو (اُس کا قانونِ مجازات تمھارے ایک ایک عمل حق کی نگرانی کر رہا ہو!)

> تقررِ قبلہ کا حکمِ عام، اور اُسکے مصالح و حِکَم۔

۱۴۵ اور (دیکھو) تم کہیں سے بھی نکلو (اور کسی مقام میں بھی ہو) لیکن چاہئے کہ (نماز میں) اپنا رُخ مسجدِ حرام کی طرف پھیر لو، اور (اے پیروانِ دعوتِ قرآنی) تم بھی اپنا رُخ اسی طرف کو کر لیا کرو۔ خواہ کسی جگہ اور کسی سمت میں

وَلَوْ يَرَى الَّذِينَ ظَلَمُوا إِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ أَنَّ الْقُوَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا وَأَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعَذَابِ ۝ ۱۶۱ إِذْ تَبَرَّأَ الَّذِينَ اتُّبِعُوا مِنَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا وَرَأَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْأَسْبَابُ ۝ ۱۶۲ وَقَالَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا لَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّأَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوا مِنَّا ۗ كَذَٰلِكَ يُرِيهِمُ اللَّهُ أَعْمَالَهُمْ حَسَرَاتٍ عَلَيْهِمْ ۖ وَمَا هُمْ بِخَارِجِينَ مِنَ النَّارِ ۝ ۱۶۳ يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا ۙ

ع ۲۰

ہو۔ اور یہ (جو تقرّر قبلہ پر اسقدر زور دیا گیا ہے، تو یہ) اس لئے ہے، تاکہ تمھارے خلاف لوگوں کے پاس کوئی دلیل باقی نہ رہے (اور یہ حقیقت واضح ہوجائے کہ معبدِ ابراہیمی ہی تمھارا قبلہ اور مرکزِ ہدایت ہے) البتہ جو لوگ بے انصاف اور ناحق کوش ہیں، (اُن کی مخالفت ہر حال میں جاری رہے گی) تو (ان کی مخالفت تمھارا کچھ نہیں بگاڑ سکتی) اُن سے نہ ڈرو۔ مجھ سے ڈرو (کہ تمھارا پروردگار ہوں۔ اگر تم مجھ سے ڈرتے رہے، تو دنیا کی کوئی طاقت بھی تمھیں نہیں ڈرا سکے گی!) اور علاوہ بریں یہ (حکم) اس لئے (دیا گیا) ہے کہ میں اپنی (موعودہ) نعمت تم پر پوری کردوں۔ نیز اس لئے کہ (سعی و عمل کی) سیدھی راہ پر تم گام زن ہوجاؤ!

۱۴۶ جس طرح یہ بات ہوئی کہ ہم نے تم میں سے ایک شخص کو اپنی رسالت کے لئے چن لیا۔ وہ ہماری آیتیں تمھیں سناتا ہے، (اپنی پیغمبرانہ تربیت سے) تمھارے دلوں کی اصلاح کرتا ہے، کتاب و حکمت کی تعلیم دیتا ہے، اور وہ باتیں سکھلاتا ہے جن سے تم یکسر ناآشنا تھے، (تو اسی طرح ہم چاہتے ہیں، اپنی نعمت تم پر پوری کردیں، اور تم اس مرکزِ ہدایت سے وابستہ ہوکر "نیک ترین" امت ہونے کا مقام حاصل کرلو!)

۱۴۷ پس (اب کہ تمھارے ظہور و قیام کا یہ تمام سر و سامان مہیا ہوگیا ہے، چاہئے کہ سرگرمِ عمل ہوجاؤ، اور) میری یاد میں لگے رہو۔ میں بھی تمھارے طرف سے غافل نہ ہونگا (یعنے قانونِ الٰہی یہ ہے کہ اگر تم اللہ سے غافل نہ ہوگے، تو اللہ کی مدد و نصرت بھی تمھاری طرف سے غافل نہ ہوگی) اور دیکھو! میری نعمتوں کی قدر کرو۔ ایسا نہ کرو کہ کفرانِ نعمت میں مبتلا ہوجاؤ!

کتاب و حکمت کی تعلیم، شخصِ نبوت کی پیغمبرانہ تربیت، مرکزِ ہدایت کا قیام، اور "نیک ترین امت" ہونے کا نصب العین، یہی وہ بنیادی عناصر تھے جن کی موعودہ امت کی نشوونما کے لئے ضرورت تھی۔ جب یہ تمام مراتب ظہور میں آگئے، تو اب ضروری ہوا کہ پیروانِ دعوتِ قرآنی کو مخاطب کیا جائے، اور سرگرمِ عمل ہوجانے کی دعوت دی جائے۔ چنانچہ "فاذکرونی اذکرکم" سے یہی مخاطبہ شروع ہوتا ہے۔

وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝ اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ۝ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اے پیروانِ دعوتِ ایمانی! صبر اور نماز (کی معنوی قوتوں) سے سہارا پکڑو (یہی دو قوتیں ہیں جن کے ذریعہ تم راہِ عمل کی مشکلوں اور آزمائشوں سے عہدہ برا ہو سکتے ہو) یقین کرو، اللہ (کی نصرت) صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے!

اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل ہو جاتے ہیں تو یہ مت کہو کہ وہ مردے ہیں۔ نہیں، وہ تو زندہ ہیں لیکن تم ان کی زندگی کا شعور نہیں رکھتے۔

اور یاد رکھو (جس راہ میں تم نے قدم اٹھایا ہے ناگزیر ہے کہ اس کی آزمائشوں سے گزرنا پڑے) یہ ضروری ہے کہ ہم تمہارے عزم و ثبات کا امتحان لیں۔ خطرات کا خوف، بھوک کی تکلیف، مال و جان کا نقصان، پیداوار کی تباہی، وہ آزمائشیں ہیں جو کچھ نہ کچھ تمھیں بھی پیش آئیں گی۔ پھر جو لوگ ایسے ہیں کہ صبر کرنے والے ہیں، تو انھیں (فتح و کامرانی کی) بشارت دیدو۔

یہ وہ لوگ ہیں کہ جب کبھی کوئی مصیبت ان پر آ پڑتی ہے تو (بے قرار اور بے طاقت ہونے کی جگہ ذکرِ الٰہی سے اپنی روح کو تقویت پہنچاتے ہیں اور) ان کے زبانِ حال کی صدا یہ ہوتی ہے کہ انا للہ و انا الیہ راجعون! (ہماری زندگی اور موت، رنج و غم، سود و زیاں، جو کچھ بھی ہے، سب کچھ اللہ کے لئے ہے، اور ہم سب کو بالآخر مرنا اور اُس کی طرف لوٹنا ہے!) سو یقیناً ایسے ہی لوگ ہیں، جن پر اُنکے پروردگار کے

اور پھر چونکہ سرگرمِ عمل ہونے کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ راہِ عمل کی مشکلیں اور آزمائشیں پیش آئیں، اس لئے دعوتِ عمل کے ساتھ ہی صبر و استقامت اور جانفروشی و قربانی کی بھی دعوت دیدی گئی، اور واضح کر دیا گیا کہ اس راہ میں آزمائشوں سے گزرنا ناگزیر ہے۔ ساتھ ہی اُن اصول و مہمات کی طرف بھی اشارہ کر دیا گیا، جن میں ثابت قدم ہو جانے کے بعد گمراہی و ناکامی سے قدم محفوظ ہو جا سکتے ہیں۔

(۱) صبر اور نماز کی قوتوں سے مدد لو۔ صبر کی حقیقت یہ ہے کہ مشکلات و مصائب کے جھیلنے اور نفسانی خواہشوں سے مغلوب نہ ہونے کی قوت پیدا ہو جائے۔ نماز کی حقیقت یہ ہے کہ اللہ کے ذکر و فکر سے روح کو تقویت ملتی رہے۔ جس جماعت میں یہ دو قوتیں پیدا ہو جائیں گی، وہ کبھی ناکامیاب نہیں ہو سکتی!

(۲) راہِ حق میں موت، موت نہیں ہے۔ سرتاسر زندگی و ابدیت ہے۔ پس موت کے خوف سے اپنے دلوں کو پاک کرلو!

كُلُوا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوا لِلّٰهِ إِنْ كُنْتُمْ إِيَّاهُ تَعْبُدُونَ

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۱۶۸

فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۞ إِنَّ ۱۶۹

الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُونَ بِهٖ ثَمَنًا قَلِيلًا

أُولٰٓئِكَ مَا يَأْكُلُونَ

الطاف وکرم ہیں، اور جو اُس کی رحمت کا مورد ہوتے ہیں، اور یہی ہیں جو (اپنے مقصد میں) کامیاب ہیں!

(۳) مرکز قبلہ سے وابستگی اور حج کا قیام۔

۱۵۳ بلاشبہ صفا اور مروہ (نامی دو پہاڑیاں) (مکہ [illegible] کی) نشانیوں میں سے ہیں، پس جو شخص حج یا عمرہ کی نیت سے اس گھر کا (یعنی خانۂ کعبہ کا) قصد کرے، تو اس کے لئے کوئی گناہ کی بات نہیں کہ ان دونوں پہاڑیوں کے درمیان طواف کے پھیرے کرے۔ اور جو کوئی خوشدلی کے ساتھ نیکی کا کوئی کام کرتا ہے، تو (وہ یقین کرے، اُس کی نیکی رائگاں جانے والی نہیں) اللہ ہر عمل کی اسکی منزلت کے مطابق قدر کرنے والا، اور سب کچھ جاننے والا ہے!

(۴) کتاب اللہ کی تعلیم و تذکیر اور احکام حق کی تبلیغ ایک مقدس جماعتی فرض ہے۔ جو لوگ دنیا کے خوف یا طمع سے احکام حق چھپاتے ہیں، وہ اللہ کی لعنت کے سزاوار ہوتے ہیں۔

۱۵۴ جن لوگوں کا شیوہ یہ ہے کہ (دنیا کے خوف یا طمع سے) اُن باتوں کو چھپاتے ہیں جو سچائی کی روشنیوں اور رہنمائیوں میں سے ہم نے نازل کی ہیں، باوجودیکہ ہم نے لوگوں کے جاننے اور عمل کرنے کے لئے اُنھیں کتاب میں کھول کھول کر بیان کر دیا ہے، تو یقین کرو، ایسے ہی لوگ ہیں جن پر اللہ لعنت کرتا ہے، (یعنے اسکی رحمت سے محروم ہو جاتے ہیں) اور تمام لعنت کرنے والوں کی لعنتیں بھی اُن کے حصے میں آتی ہیں!

۱۵۵ مگر ہاں، (توبہ کا دروازہ ہر معصیت کے بعد کھلا ہوا ہے۔ پس) جن لوگوں نے اس معصیت سے توبہ کر لی، اور اپنی (بگڑی) حالت ازسرنو سنوار لی، اور ساتھ ہی (احکام حق کو چھپانے کی جگہ اُنھیں) بیان کر دینے کا شیوہ اختیار کر لیا، تو ایسے لوگوں کی توبہ ہم قبول کر لیتے ہیں۔ اور ہم بڑے ہی درگزر کرنے والے اور رحمت سے بخش دینے والے ہیں!

فِیْ بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا یُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَلَا یُزَكِّیْهِمْ ۚۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰی وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ ۱۷۰
فَمَآ اَصْبَرَهُمْ عَلَی النَّارِ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ الَّذِیْنَ ۱۷۱
اخْتَلَفُوْا فِی الْكِتٰبِ لَفِیْ شِقَاقٍۭ بَعِیْدٍ ۝ لَیْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ ۱۷۲
قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

۱۵۶ (لیکن) جن لوگوں نے راہِ حق سے انکار کیا، اور پھر مرتے دم تک اُسی پر قائم رہے، تو (ظاہر ہے کہ انکے لئے اصلاح
۱۵۷ حال کا کوئی موقعہ باقی نہ رہا) یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ کی، اُسکے فرشتوں کی، انسانوں کی، سب کی لعنت ہے ہمیشہ اسی حالت میں رہنے والے۔ نہ تو کبھی اُنکے عذاب میں کمی کی جائے گی، اور نہ اُنھیں مہلت ملے گی!

۱۵۸ اور (دیکھو، لوگوں نے اپنے اعتقاد و پرستش کے کتنے ہی معبود بنالئے ہوں، مگر) تمھارا معبود ایک ہی معبود ہے۔ کوئی معبود نہیں، مگر صرف اُسی کی ایک ذات۔ رحمت والی، اور اپنی رحمت کی بخشش سے تمام کائنات ہستی کو فیضیاب کرنے والی!

(۵) خدا پرستی میں ثابت قدم رہنے، عقل و بصیرت سے کام لینے، کائنات خلقت میں تدبر و تفکر کرنے، اور حقائق ہستی کی معرفت حاصل کرنے کا حکم، اور برہان فضل و رحمت سے استدلال۔

۱۵۹ بلاشبہ آسمان و زمین کے پیدا کرنے میں، اور رات دن کے، ایک کے بعد ایک، آتے رہنے میں، اور کشتی میں جو انسان کی کاربراریوں کے لئے سمندر میں چلتی ہے، اور بارش میں جسے اللہ آسمان سے برساتا ہے، اور اُس (کی آب پاشی) سے زمین مرنے کے بعد پھر جی اُٹھتی ہے، اور اس بات میں کہ ہر قسم کے جانور زمین کی وسعت میں پھیلے ہوئے ہیں، اور ہواؤں کے (مختلف رُخ) پھرنے میں، اور بادلوں میں جو آسمان و زمین کے درمیان (اپنی مقررہ جگہ کے اندر) مسخر ہیں، اُن لوگوں کے لئے جو عقل و بینش رکھنے والے ہیں (اللہ کی ہستی و یگانگی اور اسکے قوانین رحمت کی) بڑی ہی نشانیاں ہیں!

۱۶۰ اور (دیکھو) انسانوں میں سے کچھ انسان ایسے بھی ہیں، جو (خدا کی دی ہوئی عقل و بصیرت سے کام نہیں لیتے، اور) خدا کو چھوڑ کر دوسری ہستیوں کے پیچھے اس طرح پڑ جاتے ہیں کہ اُنھیں اُس کا ہم پلہ بنا لیتے ہیں۔ وہ اُنھیں اس طرح چاہنے لگتے ہیں جیسی چاہت

اللہ پر ایمان، اور اللہ کی محبت، دونوں لازم و ملزوم ہیں۔ پس اگر اللہ کے سوا کسی دوسری ہستی کو بھی ویسی ہی چاہت سے ماننے لگے، جیسی چاہت سے ماننا صرف اللہ ہی کے لئے ہے، تو پھر یہ اللہ کے ساتھ دوسرے کو ہم پلہ بنا دینا ہوا، اور توحید الٰہی کا اعتقاد درہم برہم ہوگیا۔

وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ۱۷۳

مومن وہ ہے جو سب سے زیادہ اللہ کی محبت رکھنے والا ہو۔

اللہ کے لئے ہونی چاہئے۔ حالانکہ جو لوگ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں، اُنکے دلوں میں تو سب سے زیادہ محبت اللہ ہی کی ہوتی ہے۔

جوبات ان ظالموں کو اُس وقت سوجھے گی جب عذاب اُنکے سامنے آجائے گا۔

کاش اس وقت سوجھتی! (اور خدا کو چھوڑ کر، یہ دوسروں کو اُس کا ہم پلہ نہ بناتے!) اُس دن یہ دیکھیں گے کہ قوت، اور ہر طرح کی قوت، صرف اللہ ہی کو ہے، اور (اگر اُس کے قوانین حق سے سرتابی کی جائے، تو) اُس کا عذاب بڑا ہی سخت عذاب ہے!

(۶) پیشوایانِ باطل کی پیروی کرنے کا حسرت انگیز نتیجہ جو اُنکے بدقسمت پیرؤں کے حصہ میں آئے گا۔

پچھلی امتوں کی تباہی کا ایک بنیادی سبب، پیشوایانِ باطل کا اتباع ہے۔ ایسا نہ ہو کہ تم بھی اسمیں مبتلا ہو جاؤ۔

۱۶۱ اور (دیکھو) جب ایسا ہوگا کہ وہ (پیشوایانِ باطل) جن کی پیروی کی گئی تھی (بجائے اسکے کہ اپنے پیرؤں کے کام آئیں) اپنے پیرؤں سے بیزاری ظاہر کرنے لگیں گے (یعنے کہیں گے، ہمیں ان لوگوں سے کوئی واسطہ نہیں) کیونکہ عذاب (کی ہولناکیاں) اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے، اور اُنکے باہمی رشتوں وسیلوں کا تمام سلسلہ ٹوٹ جائے گا (کہ نہ تو کوئی کسی کا ساتھ دیگا، اور نہ کسی کو کسی کی فکر ہوگی) اور تب وہ لوگ، جنھوں نے ۱۶۲ پیشوایانِ باطل کی) پیروی کی تھی پکار اُٹھیں گے۔ کاش ہمیں ایک دفعہ پھر دنیا میں لوٹنے کی مہلت مل جائے، تو ہم ان (پیشوایانِ باطل) سے اسی طرح بیزاری ظاہر کردیں، جس طرح یہ ہم سے بیزاری ظاہر کر رہے ہیں! سو دیکھو، اس طرح اللہ ان لوگوں کو انکے اعمال کی حقیقت دکھلا دیگا کہ سراسر حسرت و پشیمانی کا منظر ہوگا، اور وہ (خواہ کتنی ہی پشیمانی و تاسف ظاہر کریں، لیکن) آتش عذاب سے چھٹکارا پانے والے نہیں!

اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ
۱۷۴ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ
۱۷۵ وَرَحْمَةٌ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ
۱۷۶ حَيٰوةٌ يّٰاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ
الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرًا ۚ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا
عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ۝

۱۶۳ اِن اصولی مہمات کی تلقین کے بعد، اب یہاں سے اُن فروعی احکام کا بیان شروع ہوتا ہے جن کے متعلق طرح طرح کی گمراہیاں لوگوں میں پھیلی ہوئی تھیں، اور دینِ حق کی بنیادی صداقتوں پر ان کا اثر پڑتا تھا۔ یہ بیان اگرچہ فروعی احکام کا بیان ہے، لیکن اپنی تشریحات و موعظت میں سرتاسر اصولی معارف ہیں:

۱۶۴ من جملہ عالمگیر گمراہیوں کے، ایک بنیادی گمراہی یہ تھی کہ کھانے پینے کے بارے میں طرح طرح کی بے اصل پابندیاں لگائی گئی تھیں، اور دینداری کی سب سے بڑی بات یہ سمجھی جاتی تھی کہ ایک انسان کھانے پینے میں سب سے زیادہ توہم پرست ہو۔ ظاہر ہے کہ جس جماعت کی ذہنیت ایسی توہم پرستانہ پابندیوں میں جکڑی ہوئی ہو، وہ کبھی آزادی کے ساتھ ترقی و وسعت کا قدم نہیں اُٹھا سکتی۔ پس سب سے پہلے اس معاملہ کی حقیقت واضح کی گئی اور اُن تمام غلطیوں کا ازالہ کر دیا گیا جو اس بارے میں پھیلی ہوئی تھیں۔

(۱) خدا نے انسان کی غذا کے لئے جسقدر اچھی چیزیں زمین میں مہیا کر دی ہیں، شوق سے کھانی چاہئیں۔ بے اصل روک ٹوک اور من گھڑت پابندیاں شیطانی وسوسے ہیں۔

(۲) ضمناً اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ ایمان کی راہ عقل و بصیرت کی راہ ہے، اور کفر کا خاصّہ کورانہ تقلید اور بے بصیرتی ہے۔ اندھی تقلید کرنا جو کچھ دیکھتے اور سنتے آئے ہیں، بے سمجھے بوجھے اُسی پر جمے رہنا، اور دلیل

اے افرادِ نسلِ انسانی! زمین میں جسقدر حلال اور پاکیزہ چیزیں (تمھاری غذا کے لئے) مہیا کر دی گئی ہیں، شوق سے کھاؤ، اور (یہ جو لوگوں نے اپنے وہموں خیالوں سے طرح طرح کی رکاوٹیں اختیار کر رکھی ہیں، تو یہ شیطانی وسوسے ہیں۔ تم) شیطان کے نقشِ قدم پر نہ چلو۔ وہ تو تمھارا کھلا دشمن ہے۔

وہ تو تمھیں بُری اور نہایت درجہ قبیح باتوں ہی کے لئے حکم دیگا۔ نیز اس (گمراہی) کے لئے اُکسائیگا کہ اللہ کے نام سے جھوٹی باتیں کہو جن کے لئے تمھارے پاس کوئی علم نہیں (یعنے حلال و حرام، نیک و بد، اور عذاب و ثواب کے بارے میں اپنے ظن و خیال سے ایسے احکام بناؤ جن کے لئے خدا کا کوئی حکم موجود نہیں)

اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے، اللہ نے جو ہدایت نازل کی ہے اسکی پیروی کرو (اور خدا کی دی ہوئی عقل و بصیرت سے کام لو) تو کہتے ہیں نہیں، ہم تو اُسی طریقہ پر چلیں گے جس پر اپنے بڑے بوڑھوں کو چلتے دیکھا ہے ہیں (افسوس ان کی بے دانشی و جہالت پر!) کوئی ان لوگوں سے پوچھے، اگر تمھارے بڑے بوڑھے عقل

فَمَنۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ ۱۷۷
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ؕ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ ۱۷۸
اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ ۱۷۹
كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۙ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ ۱۸۰
كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا

ع ۲۲

برہان کی جگہ اپنے بزرگوں پیشواؤں کا قول و عمل حجت سمجھنا، ہدایت کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔

اندھی تقلید کرنے والوں کے سامنے علم و بصیرت کی بات پیش کرنا ایسا ہے جیسے چارپایوں کو مخاطب کرنا۔

سے کورے اور ہدایت سے محروم رہے ہوں، تو تم بھی عقل و ہدایت سے انکار کردو گے؟

۱۶۶ اور (حقیقت یہ ہے کہ) جن لوگوں نے (اللہ کی دی ہوئی عقل و تمیز کھو کر) کفر کی راہ اختیار کی ہے، تو اُن کی مثال ایسی ہے (یعنے انھیں کورانہ تقلید کی جگہ عقل و ہدایت کی دعوت دینا ایسا ہے) جیسے ایک چرواہا چارپایوں کے آگے چیختا چلّاتا ہے کہ چارپائے کچھ بھی نہیں سنتے مگر صرف بلانے اور پکارنے کی صدائیں (یعنے جس طرح چرواہا اپنی بکریوں کو بلانے کے لئے چیختا ہے اور وہ اُس کی آواز سنتی اور تعمیل کرتی ہیں، لیکن اگر اور کوئی بات کہی جائے، تو نہ تو سُنے گی نہ سمجھے گی۔ سو یہی حال ان اندھی تقلید کرنے والوں کا ہے۔ یہ چارپایوں کی طرح اپنے چرواہوں کی آواز سنکر اُنکے پیچھے دوڑنے لگیں گے، لیکن سوچنے سمجھنے کی ان سے امید نہ رکھو) وہ بہرے، گونگے، اندھے ہوکر رہ گئے ہیں اُکہ خدا کے دئے ہوئے ہوش و حواس سے کام نہیں لیتے) پس کبھی سوچنے سمجھنے والے نہیں!

۱۶۷ اے پیروانِ دعوتِ ایمانی! اگر تم صرف اللہ ہی کی بندگی کرنے والے ہو (اور سمجھتے ہو کہ حلال و حرام میں حکم اُسی کا حکم ہے، تو اُن پابندیوں کی کچھ پروانہ کرو جو یہود و نصاریٰ نے اپنے پیشواؤں کی کورانہ تقلید میں، یا مشرکینِ عرب نے اپنے وہم پرستانہ رسوم کی بنا پر، اختیار کررکھی ہیں) وہ تمام اچھی اور پاکیزہ چیزیں بے کھٹکے کھاؤ، جو اللہ نے تمھاری غذا کے لئے مہیا کردی ہیں، اور اُس کی نعمتیں کام میں لاکر اُس کی بخشایشوں کے شکر گزار ہو!

(۳) جن چارپایوں کا گوشت عام طور پر کھلایا جاتا ہے، وہ سب حلال ہیں مگر چار چیزیں۔

۱۶۸ اللہ نے جو چیزیں تم پر حرام کردی ہیں، وہ تو صرف یہ ہیں کہ مردار جانور، حیوانات کا خون، سور کا گوشت، اور وہ (جانور) جو اللہ کے سوا کسی دوسری ہستی کے نام پر پکارے جائیں (تو بلاشبہ ان چیزوں کا

أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۚ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ ۖ فَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ ۚ وَأَن تَصُومُوا خَيْرٌ لَّكُمْ ۖ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ (۱۸۱) شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدَىٰ وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَن شَهِدَ مِنكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۖ وَمَن كَانَ مَرِيضًا

کھانا تمھارے لئے جائز نہیں) البتہ اگر ایسی حالت پیش آجائے کہ ایک آدمی (حلال غذا نہ مل سکنے کی وجہ سے) بہ حالتِ مجبوری کھالے، اور (اُس کی مجبوری واقعی ہو) یہ بات نہ ہو کہ حکم شریعت کی پابندی سے نکل جانا چاہتا ہو، یا اُتنی مقدار سے زیادہ کھانا چاہتا ہو، جتنے کی (زندگی بچانے کے لئے) ضرورت ہے، تو اس صورت میں مجبور آدمی کے لئے کوئی گناہ نہ ہوگا۔ بلاشبہ اللہ (خطاؤں لغزشوں کو) بخشدینے والا اور (ہر حال میں تمھارے لئے رحمت رکھنے والا ہے۔

(۱۶۹) جو لوگ اُن احکام کو جو اللہ نے اپنی کتاب میں نازل کئے ہیں، چھپاتے ہیں، اور اس (کتمانِ حق) کے معاوضہ میں دنیا کے حقیر فوائد خریدتے ہیں (یعنے طمع دنیوی سے کتاب اللہ کے احکام میں تحریف کرتے ہیں، یا اُنھیں ظاہر نہیں کرتے) تو یقین کرو، یہ وہ لوگ ہیں جو حق فروشی کی کمائی سے نہیں، بلکہ آگ کے شعلوں سے اپنا پیٹ بھر رہے ہیں (کیونکہ یہ کمائی اُنکے لئے آتشِ عذاب کے شعلے بننے والی ہے) قیامت کے دن یہ اللہ کے خطاب سے محروم رہیں گے، وہ انھیں (بخشکر) گناہوں سے پاک نہیں کریگا۔ انکے لئے عذاب دردناک میں مبتلا ہونا ہے!

(۱۷۰) یہی لوگ ہیں جنھوں نے ہدایت بیچکر گمراہی مول لی، اور مغفرت کے بدلے عذاب کا سودا کیا تو (برائی کی راہ میں اُن کا حوصلہ کیا ہی عجیب حوصلہ ہے! اور

(۴) اور یہ جو اہل کتاب نے حلت و حرمت طعام کے بارے میں طرح طرح کی پابندیاں اپنے پیچھے لگالی ہیں، اور انھیں احکام الٰہی کی طرح واجب العمل سمجھتے ہیں، تو یہ اس لئے ہے کہ کتاب اللہ کا علم و عمل متروک ہوگیا ہے۔ اُنکے علماء حق فروش ہیں کہ طمع دنیوی سے احکام الٰہی میں تحریف کرتے ہیں۔ یا اُنھیں ظاہر نہیں کرتے۔ اور عوام اپنے مذہبی پیشواؤں کی کورانہ تقلید میں مبتلا ہیں۔

کتاب اللہ علم و حقیقت ہے، اور اختلاف، جہل و ظن سے پیدا ہوتا ہے۔ پس جب علم و حقیقت آجائے، تو اختلاف باقی نہیں رہنا چاہئے۔ پھر جو لوگ کتاب اللہ کے نزول کے بعد بھی اختلافات میں مبتلا ہوجاتے ہیں، اور الگ الگ مذہبی فرقے بنا کر دین کی وحدت کھو دیتے ہیں، تو وہ "شقاق بعید" میں پڑ جاتے ہیں۔ یعنے ایسے گہرے اور دور دراز تفرقوں میں، جن سے کبھی نہیں نکل سکتے، اور جسقدر ہاتھ پاؤں مارتے ہیں اور زیادہ حقیقت سے دور ہوتے جاتے ہیں!

أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۗ يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ○ وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ ١٨٢ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ○ أُحِلَّ لَكُمْ ١٨٣ لَيْلَةَ الصِّيَامِ

١٧١ جہنم کی آگ کے لئے اُن کی برداشت کیسی سخت برداشت ہے!

یہ اس لئے ہوا (یعنے یہود اور نصاریٰ اس حالت میں اس لئے مبتلا ہوئے) کہ اللہ نے کتاب (تورات) سچائی کے ساتھ نازل کردی تھی (اور جب وحی الٰہی کی روشنی آجائے تو پھر انسانی ظنون و اوہام کے لئے کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی، جن سے اختلافات پیدا ہوتے ہیں. بایں ہمہ، یہ لوگ اختلافات میں پڑ گئے) اور جن لوگوں نے کتاب اللہ (کے احکام) میں اختلاف کیا ہے (باوجودیکہ اُس کے واضح اور قطعی احکام میں اختلاف کی کوئی گنجائش نہ تھی) تو وہ تفرقہ و مخالفت کی دور دراز راہوں میں کھوئے گئے ہیں!

١٧٢ نیکی اور بھلائی (کی راہ) یہ نہیں ہے کہ تم نے (عبادت کے وقت) اپنا منہ پورب کی طرف پھیر لیا یا پچھم کی طرف کر لیا (یا اسی طرح کی کوئی دوسری بات ظواہر و رسوم کی کر لی) نیکی کی راہ تو اُن لوگوں کی راہ ہے، جو: اللہ پر، آخرت کے دن پر، ملائکہ پر، آسمانی کتابوں پر، اور خدا کے تمام نبیوں پر ایمان لاتے ہیں۔

اور خدا کی محبت کی راہ میں اپنا مال، رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں، اور سائلوں کو دیتے ہیں، اور غلاموں کو آزاد کرانے کے لئے خرچ کرتے ہیں۔

نماز قائم کرتے ہیں۔

زکواۃ ادا کرتے ہیں۔

اپنی بات کے پکے ہوتے ہیں. جب قول و قرار کر لیتے ہیں تو اُسے پورا کر کے رہتے ہیں

(۵) دین حق کی اس اصل عظیم کا اعلان کہ سعادت و نجات کی راہ یہ نہیں ہے کہ عبادت کی کوئی خاص شکل، یا کھانے پینے کی کوئی خاص پابندی یا اسی طرح کی کوئی دوسری بات اختیار کر لی جائے۔ بلکہ وہ سچی خدا پرستی اور نیک عملی کی زندگی سے حاصل ہوتی ہے، اور اصلی شے دل کی پاکی اور عمل کی نیکی ہے۔ شریعت کے ظاہری احکام و رسوم بھی اسی لئے ہیں تاکہ یہ مقصود حاصل ہو۔

نزول قرآن کے وقت دنیا کی عالمگیر مذہبی گمراہی یہ تھی کہ لوگ سمجھتے تھے، دین سے مقصود محض شریعت کے ظواہر و رسوم ہیں، اور انہی کے کرنے نہ کرنے پر انسان کی نجات و سعادت موقوف ہے۔ لیکن قرآن کہتا ہے: اصل دین خدا پرستی اور نیک عملی ہے، اور شریعت کے ظاہری رسوم و اعمال بھی اسی لئے ہیں کہ یہ مقصود حاصل ہو۔ پس جہاں تک دین کا تعلق ہے، ساری طلب مقاصد کی ہونی چاہئے۔ نہ کہ وسائل کی۔

الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ ۚ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ۗ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ ۖ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ ۚ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۖ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ

تنگی و مصیبت کی گھڑی ہو، یا خوف و ہراس کا وقت، لیکن ہر حال میں صبر کرنے والے (اور اپنی راہ میں ثابت قدم) ہوتے ہیں۔

تو بلاشبہ ایسے ہی لوگ ہیں جو نیکی کی راہ میں سچے ہیں، اور یہی ہیں جو متقی انسان ہیں!

۱۷۳

اے پیروانِ دعوتِ ایمانی! جو لوگ قتل کر دئے جائیں، اُنکے لئے تمھیں قصاص (یعنے بدلہ لینے کا) حکم دیا جاتا ہی۔ (لیکن بدلہ لینے میں ہر انسان دوسرے انسان کے برابر ہی) اگر آزاد آدمی نے آزاد آدمی کو قتل کیا ہی، تو اسکے بدلہ وہی قتل کیا جائے گا (یہ نہیں ہو سکتا کہ مقتول کی بڑائی یا نسل کے شرف کی وجہ سے دو آدمی قتل کئے جائیں جیسا کہ عرب جاہلیۃ میں دستور تھا) اگر غلام قاتل ہی، تو غلام ہی قتل کیا جائے گا (یہ نہیں ہو سکتا کہ مقتول کے آزاد ہونے کی وجہ سے دو غلام قتل کئے جائیں) عورت نے قتل کیا ہی، تو عورت ہی قتل کی جائے گی۔

اور پھر اگر ایسا ہو، کہ کسی قاتل کو مقتول کے وارث سے کہ (رشتۂ انسانی میں) اُس کا بھائی ہی، معافی مل جائے (اور قتل کی جگہ خون بہا لینے پر راضی ہو جائے) تو (خون بہا لے کر چھوڑ دیا جا سکتا ہی) اور (اس صورت میں) مقتول کے وارث کے لئے دستور کے

قصاص کا حکم، اور اس سلسلہ میں اُن مفاسد کا ازالہ جو اس بارے میں پھیلے ہوئے تھے:

(۱) انسانی مساوات کا اعلان، اور نسل و شرف کے تمام امتیازات سے انکار جو لوگوں نے بنا رکھے ہیں، اور جن کی وجہ سے انسانی حقوق پامال ہو رہے ہیں۔ آزاد ہو یا غلام، مرد ہو یا عورت، بڑا ہو یا چھوٹا، وضیع ہو یا شریف، انسان ہونے کے لحاظ سے سب برابر ہیں۔ اس لئے قصاص میں کوئی امتیاز تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔

(۲) اگر مقتول کے ورثار خون بہا لینے پر راضی ہو جائیں تو قاتل کی جاں بخشی ہو سکتی ہی۔

(۳) قصاص میں اگرچہ جان کی ہلاکت ہو، مگر اس لئے ہی تاکہ زندگی کی حفاظت کی جائے۔ پس جب مقصود اصلی حفظِ نفس ہوا، نہ کہ قتلِ نفس، تو ظاہر ہی کہ اسے قتلِ نفس کا ذریعہ بنانا کیونکر جائز ہو سکتا ہی؟

وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ فِی الْمَسٰجِدِ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝ ۱۸۴ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ ۱۸۵ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِىَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ

۱۷۴ مطابق (خون بہا کا) مطالبہ ہی، اور قاتل کے لئے خوش معاملگی کے ساتھ ادا کر دینا۔ اور دیکھو، یہ (جو قصاص کے معاملہ کو تمام زیادتیوں اور ناانصافیوں سے پاک کرکے عدل و مساوات کی حقیقت پر قائم کر دیا گیا ہی، تو یہ) تمھارے پروردگار کی طرف سے تمھارے لئے سختیوں کا کم کر دینا اور رحمت کا فیضان ہی۔ اب اسکے بعد جو کوئی ظلم و زیادتی کرے گا، تو یقین کرو، وہ (اللہ کے حضور) عذاب دردناک کا سزاوار ہوگا!

۱۷۵ اور اے اربابِ دانش! قصاص کے حکم میں (اگرچہ بظاہر ایک جان کی ہلاکت کے بعد دوسری جان کی ہلاکت گوارا کر لی گئی ہی، لیکن فی الحقیقت یہ ہلاکت نہیں ہی) تمھارے لئے زندگی ہی، اور یہ سب کچھ اس لئے ہی تاکہ تم بُرائیوں سے بچو (اور ظلم و فساد کی راہیں بند ہو جائیں)

۱۷۶ اے پیروانِ دعوتِ ایمانی! یہ بات بھی تم پر فرض کر دی گئی ہی کہ جب تم میں سے کوئی آدمی محسوس کرے، اُس کے مرنے کی گھڑی آ گئی، اور وہ اپنے بعد مال و متاع میں سے کچھ چھوڑ جانے والا ہو، تو چاہیے کہ اپنے ماں باپ اور رشتہ داروں کے لئے اچھی وصیت کر جائے۔ جو متقی انسان ہیں، اُنکے لئے ایسا کرنا ضروری ہی۔

۱۷۷ پھر جو کوئی ایسا کرے کہ کسی آدمی کی وصیت سننے (اور اُسکے گواہ اور امین ہونے) کے بعد اُس میں ردّ و بدل کر دے، تو اس گناہ کی ذمہ داری اُسی کے سر ہوگی جسنے ردوبدل کیا ہی۔ (وصیت پر اس کا

مرنے سے پہلے پس ماندوں کے لئے اچھی وصیت کرنے کا حکم، اور اس اصولی حقیقت کی تلقین کہ :-

(۱) انسان موت کے بعد جو کچھ چھوڑ جاتا ہی، وہ اگرچہ دوسروں کے قبضہ میں جاتا ہی، لیکن مرنے سے پہلے اُس کے ٹھیک ٹھیک خرچ ہونے اور عزیزوں قریبوں کو فائدہ پہنچانے کی فکر مرنے والے کی زندگی کے فرائض میں سے ہی، اور اس ذمہ داری سے وہ بری الذمہ نہیں ہو سکتا۔

(۲) مرنے والے کی وصیت ایک مقدس امانت ہی۔ جو لوگ اسکے امین ہوں، ان کا فرض ہی کہ بے کم و کاست اُس کی تعمیل کریں۔

(۳) اگر وہ لوگ جن پر وصیت کی تعمیل چھوڑی گئی ہی، خیانت کریں، تو اسکے لئے وہ خود جواب دہ ہونگے۔ وصیت کرنے والا، اور وصیت سے فائدہ اٹھانے والے جواب دہ نہیں ہو سکتے۔

مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○ ۱۸۶ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ○ ۱۸۷ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

کوئی اثر نہیں پڑیگا۔ اُس کی تعمیل ہر حال میں ضروری ہوگی) یقین کرو، اللہ سب کچھ سننے والا اور سب کچھ جاننے والا ہے۔ (پس نہ تو یہ ہوسکتا ہے کہ کسی مظلوم کی فریاد سے وہ بے خبر رہجائے، اور نہ یہ ممکن ہے کہ کوئی انسان اپنی خیانت اُس سے چھپا سکے!)

۱۷۸ اور اگر کسی شخص کو وصیت کرنے والے سے بیجا رعایت کرنے یا کسی معصیت کا اندیشہ ہو، اور وہ (بروقت مداخلت کرکے، یا وارثوں کو سمجھا بجھا کر) اُن میں مصالحت کرادے، تو ایسا کرنے میں کوئی گناہ نہیں (کیونکہ یہ وصیت میں ردّ و بدل کرنا نہیں ہے، بلکہ ایک بُرائی کی اصلاح کردینا ہے اور) بلاشبہ اللہ (انسانی کمزوریوں کو) بخشنے والا، اور (اپنے تمام احکام میں) رحمت رکھنے والا ہے!

رمضان میں روزہ رکھنے کا حکم، اور اس سلسلہ میں دینِ حق کے بعض اصولی حقائق کی تعلیم۔ نیز اُن غلطیوں کا ازالہ جو اس بارے میں عام طور پر پھیلی ہوئی تھیں:

(۱) روزہ کے حکم سے یہ مقصود نہیں ہے کہ انسان کا فاقہ کرنا اور اپنے جسم کو تکلیف و مشقت میں ڈالنا کوئی ایسی بات ہے جس میں پاکی و نیکی ہو۔ بلکہ تمام تر مقصود نفسِ انسانی کی اصلاح و تہذیب ہے۔ روزہ رکھنے سے تم میں پرہیزگاری کی قوت پیدا ہوگی، اور نفسانی خواہشوں کو قابو میں رکھنے کا سبق ملیگا۔

۱۷۹ اے پیروانِ دعوتِ ایمانی! جس طرح اُن لوگوں پر جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں، روزہ فرض کر دیا گیا تھا، اُسی طرح تم پر بھی فرض کر دیا گیا ہے۔ تاکہ تم برائیوں سے بچو (یعنی برائیوں سے بچنے اور پرہیزگار ہونے کی تم میں صلاحیت پیدا ہو)

۱۸۰ (یہ روزہ کے) چند گنے ہوئے دن ہیں۔ (کوئی بڑی اور ناقابل برداشت مدت نہیں ہے۔ اور نہ ایسا ہے کہ بغیر کسی مدت کی تحدید کے عام طور پر حکم دیدیا گیا ہو) پھر جو کوئی تم میں بیمار ہو، یا سفر میں ہو، تو اُسکے لئے اجازت ہے کہ دوسرے دنوں میں روزہ رکھکر، روزہ کے دنوں کی گنتی پوری کرلے۔ اور جو لوگ ایسے ہوں کہ اُنکے لئے روزہ رکھنا ناقابل برداشت ہو (جیسے نہایت بوڑھا آدمی کہ نہ تو روزہ

حَتّٰی یُقٰتِلُوۡکُمۡ فِیۡہِ ۚ فَاِنۡ قٰتَلُوۡکُمۡ فَاقۡتُلُوۡہُمۡ ؕ کَذٰلِکَ جَزَآءُ الۡکٰفِرِیۡنَ ۝ فَاِنِ انۡتَہَوۡا فَاِنَّ اللّٰہَ غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ۝ وَقٰتِلُوۡہُمۡ حَتّٰی لَا تَکُوۡنَ فِتۡنَۃٌ وَّ یَکُوۡنَ الدِّیۡنُ لِلّٰہِ ؕ فَاِنِ انۡتَہَوۡا فَلَا عُدۡوَانَ اِلَّا عَلَی الظّٰلِمِیۡنَ ۝ اَلشَّہۡرُ الۡحَرَامُ بِالشَّہۡرِ الۡحَرَامِ وَالۡحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ اعۡتَدٰی عَلَیۡکُمۡ فَاعۡتَدُوۡا عَلَیۡہِ بِمِثۡلِ مَا اعۡتَدٰی عَلَیۡکُمۡ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰہَ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰہَ مَعَ الۡمُتَّقِیۡنَ ۝ وَاَنۡفِقُوۡا فِیۡ

۱۸۸-۱۸۹ ۱۹۰ ۱۹۱

رکھنے کی طاقت رکھتا ہو، نہ یہ توقع رکھتا ہو کہ آگے چل کر قضا کر سکے گا) تو اُس کے لئے روزہ کے بدلے ایک مسکین کو کھانا کھلا دینا ہو۔ پھر اگر کوئی اپنی خوشی سے مزید نیکی کرے (یعنے اس مقررہ تعداد سے زیادہ مسکینوں کو کھلائے) تو یہ اُس کے لئے مزید اجر کا موجب ہوگا۔ لیکن اگر تم سمجھ بوجھ رکھتے ہو تو سمجھ لو کہ روزہ رکھنا تمھارے لئے (ہر حال میں) بہتر ہو۔

۱۸۱ یہ رمضان کا مہینہ ہو جس میں قرآن کا نزول (شروع) ہوا ہو۔ وہ انسانوں کے لئے رہنما ہو، ہدایت کی روشن صداقتیں رکھتا ہو، اور حق کو باطل سے الگ کر دینے والا ہو۔ پس جو کوئی تم میں سے یہ مہینہ پائے، تو چاہئے کہ اُس میں روزہ رکھے۔ ہاں جو کوئی بیمار ہو یا سفر کی حالت میں ہو، تو اس کے لئے یہ حکم ہو کہ دوسرے دنوں میں چھوٹے ہوئے روزوں کی گنتی پوری کرلے (جیسا کہ پہلے حکم دیا جا چکا ہو۔ یاد رکھو، دینِ حق کی راہ تنگی و سختی کی راہ نہیں ہو) اللہ تمھارے لئے نرمی اور آسانی چاہتا ہو۔ سختی و تنگی نہیں چاہتا۔ اور یہ (جو بیماروں اور مسافروں کے لئے روزہ قضا کرنے کا حکم دیا گیا ہو، تو یہ) اس لئے ہو کہ (حکمتِ الٰہی نے روزہ کے فوائد کے لئے دنوں کی ایک خاص گنتی ٹھہرا دی ہو، تو تم اسکی) گنتی پوری کرلو (اور اس عمل میں ناقص نہ رہو) اور اس لئے کہ اللہ نے تم پر راہ (سعادت) کھول دی ہو، تو اس پر اُس کی بڑائی کا اعلان کرو۔ نیز اس لئے کہ (اُس کی نعمتِ ہدایت کام میں لاکر) اُس کی شکرگزاری میں سرگرم رہو!

(۲) روزہ کے لئے رمضان کا مہینہ اس لئے قرار پایا کہ اسی مہینے میں قرآن کا نزول شروع ہوا ہو، اور اس کا روزہ کے لئے مخصوص ہو جانا نزولِ قرآن کی یادآوری و تذکیر ہو۔

(۳) دینِ حق میں اصل آسانی ہو۔ نہ کہ سختی و تنگی۔ پس یہ سمجھنا کہ اسطرح کی عبادتوں میں سختی و تنگی اختیار کرنا خدا کی خوشنودی کا موجب ہوگا، صحیح نہیں ہو سکتا۔

سَبِيلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَأَحْسِنُوا ۛ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝ وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ۚ فَإِنْ أُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۖ وَلَا تَحْلِقُوا رُءُوسَكُمْ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ ۚ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا أَوْ بِهِ أَذًى مِنْ رَأْسِهِ فَفِدْيَةٌ مِنْ صِيَامٍ أَوْ صَدَقَةٍ أَوْ نُسُكٍ ۚ فَإِذَا أَمِنْتُمْ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ

۱۹۲ مع ۱۸۲ ۱۸۳ عنوان تقلین ۱۱

اور (اے پیغمبر) جب میرا کوئی بندہ میری نسبت تم سے دریافت کرے (کہ کیونکر مجھ تک پہنچ سکتا ہے؟) تو تم اُسے بتلا دو کہ میں اُس سے دور نہیں ہوں کہ مجھ تک پہنچنے کے لئے کسی طرح کی محنت و مشقت برداشت کرنی پڑے۔ میں) تو اُس کے پاس ہوں وہ جب پکارتا ہے، تو میں اُس کی پکار سنتا اور اُسے قبول کرتا ہوں۔ پس (اگر وہ واقعی میری طلب رکھتے ہیں، تو) چاہئے کہ میری پکار کا جواب دیں، اور مجھ پر ایمان لائیں، تاکہ حصول مقصد میں کامیاب ہوں۔

(۴) اس طرح کی عبادتوں سے مقصود خود تمھارے نفس کی اصلاح و تربیت ہے۔ یہ بات نہیں ہے کہ جب تک فاقہ کشی کے چلّے نہ کھینچے جائیں، خدا کو پکارا نہیں جا سکتا (جیسا کہ اہل مذاہب کا خیال تھا) خدا تو ہر حال میں انسان کی پکار سننے والا، اور اُس کی شہ رگ سے بھی زیادہ اُس سے قریب ہے۔ ایمان و اخلاص کے ساتھ جب کبھی اُسے پکاروگے، اُس کا دروازہ رحمت تم پر کھل جائے گا!

تمھارے لئے یہ بات جائز کر دی گئی ہے کہ روزہ کے دنوں میں رات کے وقت اپنی بیویوں سے خلوت کرو۔ تم میں اور ان میں چولی دامن کا ساتھ ہے (یعنے انکی زندگی تم سے وابستہ ہے۔ تمھاری اُن سے۔ وہ تمھارے بغیر نہیں رہ سکتیں۔ تم اُنکے بغیر نہیں رہ سکتے۔ البتہ جو کچھ کرو، ٹھیک طور پر سمجھ بوجھ کے کرو۔ ایسا نہ کرو کہ ایک بات کے طرف سے تمھارے دلوں میں شک و شبہ ہو، مگر اُسے صاف کئے بغیر کئے جاؤ، اور پھر اُسے اپنی کمزوری سمجھ کر چھپانے لگو) اللہ کے علم سے یہ بات پوشیدہ نہیں رہی کہ تم اپنے اندر ایک بات کا خیال رکھ کر، پھر اُسکی بجا آوری میں خیانت

(۵) یہودیوں کے یہاں روزہ کی شرطیں نہایت سخت تھیں۔ از انجملہ یہ کہ اگر شام کو روزہ کھولکر سو جائیں، تو پھر اُٹھ کر کچھ کھا پی نہیں سکتے تھے اسی طرح روزہ کے مہینے میں زناشوئی کا علاقہ بھی مطلقاً ممنوع تھا۔ مسلمانوں کو جب روزہ کا حکم ہوا تو انھوں نے خیال کیا، اُنکے لئے بھی یہ پابندیاں ضروری ہیں۔ اور چونکہ پابندیاں سخت تھیں، اس لئے بعض لوگ بہانے نکالنے اور اپنے فعل کو کمزوری سمجھ کر چھپانے لگے۔ علم اللہ انکم کنتم تختانون انفسکم میں اسی معاملہ کی طرف اشارہ ہے۔

روزہ سے مقصود یہ نہیں ہے کہ جسمانی خواہشیں بالکل ترک کر دی جائیں،

فِی الۡحَجِّ وَسَبۡعَۃٍ اِذَا رَجَعۡتُمۡ ؕ تِلۡکَ عَشَرَۃٌ کَامِلَۃٌ ؕ ذٰلِکَ لِمَنۡ لَّمۡ یَکُنۡ اَهۡلُهٗ حَاضِرِی الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِیۡدُ الۡعِقَابِ ۠ اَلۡحَجُّ اَشۡهُرٌ مَّعۡلُوۡمٰتٌ ۚ فَمَنۡ فَرَضَ فِیۡهِنَّ الۡحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوۡقَ ۙ وَلَا جِدَالَ فِی الۡحَجِّ ؕ وَمَا تَفۡعَلُوۡا مِنۡ خَیۡرٍ یَّعۡلَمۡهُ اللّٰهُ ؕ وَتَزَوَّدُوۡا فَاِنَّ خَیۡرَ الزَّادِ التَّقۡوٰی ۫ وَاتَّقُوۡنِ یٰۤاُولِی الۡاَلۡبَابِ ۝ لَیۡسَ عَلَیۡکُمۡ جُنَاحٌ اَنۡ تَبۡتَغُوۡا فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّکُمۡ ؕ

کر رہے ہو (یعنے اپنے ضمیر کی خیانت کر رہے ہو۔ کیونکہ اگرچہ اس بات میں بُرائی نہ تھی مگر تم نے خیال کرلیا تھا کہ برائی ہی) پس اُس نے (اپنے فضل وکرم سے تمھیں اس غلطی کے لئے جوابدہ نہیں ٹھرایا) تمھاری ندامت قبول کرلی، اور تمھاری خطا بخشدی۔ اور اب (کہ یہ معاملہ صاف کردیا گیا ہی) تم (بغیر کسی اندیشہ کے) اپنی بیویوں سے خلوت کرو، اور جو کچھ تمھارے لئے (ازدواجی زندگی میں) اللہ نے ٹھرا دیا ہی، اس کے خواہشمند ہو۔ اور (اسی طرح رات کے وقت کھانے پینے کی بھی کوئی روک نہیں) شوق سے کھاؤ پیو۔ یہاں تک کہ صبح کی سفید دھاری (رات کی) کالی دھاری سے الگ نمایاں ہوجائے (یعنے صبح کی سب سے پہلی نمود شروع ہوجائے) پھر اُس وقت سے لے کر رات (شروع ہونے) تک روزہ کا وقت پورا کرنا چاہئے۔ البتہ اگر تم مسجد میں اعتکاف کر رہے ہو، تو اس حالت میں نہیں چاہئے کہ اپنی بیویوں سے خلوت کرو۔ (جہاں تک روزہ کا تعلق ہی) یہ اللہ کی ٹھرائی ہوئی حدبندیاں ہیں، پس ان سے دور دور رہنا۔ اللہ اسی طرح اپنے احکام لوگوں (کی فہم وبصیرت) کے لئے واضح کردیتا ہی تاکہ (نافرمانی سے) بچیں۔

اور دیکھو، ایسا نہ کرو کہ آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقہ سے کھاؤ، اور نہ ایسا کرو کہ مال و دولت

بلکہ مقصود ضبط واعتدال ہی۔ پس کھانے پینے اور زناشوئی کے معاملہ کی جو کچھ ممانعت ہی، صرف دن کے وقت ہی۔ رات کے وقت کوئی روک نہیں۔

(۶) زناشوئی کا تعلق کوئی بُرائی اور ناپاکی کی بات نہیں ہی جسکا عبادت کے مہینے میں کرنا جائز نہ ہو۔ وہ مرد اور عورت کا ایک فطری تعلق ہی اور دونوں ایک دوسرے سے اپنے حوائج میں وابستہ ہیں۔ پس ایک فطری علاقہ عبادت الٰہی کے منافی کیوں ہو؟

(۷) مومن وہ ہی جس کے عمل میں کوئی کھوٹ اور راز نہ ہو۔ اگر ایک بات بُری نہیں ہی، مگر تم نے اُسے بُرا سمجھ لیا ہی، اور اس لئے چوری چھپے کرنے لگے ہو، تو گو تم نے اصلاً بُرائی نہیں کی، مگر تمھارے ضمیر کے لئے بُرائی ہوگئی اور تمھارے دل کی پاکی پر دھبّہ لگ گیا۔

(۸) اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ مشقت نفس کی عبادتیں کچھ سودمند نہیں

فَإِذَآ أَفَضْتُم مِّنْ عَرَفَٰتٍ فَٱذْكُرُوا۟ ٱللَّهَ عِندَ ٱلْمَشْعَرِ ٱلْحَرَامِ ۖ وَٱذْكُرُوهُ كَمَا هَدَىٰكُمْ وَإِن كُنتُم مِّن قَبْلِهِۦ لَمِنَ ٱلضَّآلِّينَ ۝ ۱۹۵ ثُمَّ أَفِيضُوا۟ مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ ٱلنَّاسُ وَٱسْتَغْفِرُوا۟ ٱللَّهَ ۚ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ ۱۹۶ فَإِذَا قَضَيْتُم مَّنَٰسِكَكُمْ فَٱذْكُرُوا۟ ٱللَّهَ كَذِكْرِكُمْ ءَابَآءَكُمْ أَوْ أَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ ٱلنَّاسِ مَن يَقُولُ رَبَّنَآ ءَاتِنَا فِى ٱلدُّنْيَا وَمَا لَهُۥ فِى ٱلْءَاخِرَةِ مِنْ خَلَٰقٍ ۝ ۱۹۷ وَمِنْهُم مَّن يَقُولُ رَبَّنَآ ءَاتِنَا فِى ٱلدُّنْيَا

ہوسکتیں اگر ایک شخص حقوق العباد سے بے پروا ہو اور مال حرام سے اپنے آپکو نہیں روک سکتا نیکی صرف اسی میں نہیں ہو کہ چند دنوں کے لئے تم نے جائز غذا ترک کر دی نیکی کی راہ یہ ہو کہ ہمیشہ کے لئے ناجائز غذا ترک کر دو۔

کو حاکموں کے دلوں تک پہنچنے کا (یعنی اُنھیں اپنی طرف مائل کر لینے کا) ذریعہ بناؤ، تاکہ (اس مخفی اور پُر پیچ طریقہ سے) دوسروں کے مال کا کوئی حصہ ناحق حاصل کر لو۔ حالانکہ تم جانتے ہو (کہ اس طرح کے طریقوں سے بھی مقصود دوسروں کا مال ناجائز طریقہ پر کھا لینا ہو، اور رشوت خور حاکم کے فیصلہ سے ناجائز بات جائز نہیں ہو جا سکتی)

۱۸۵ حج کے احکام، اور اس سلسلہ میں دینِ حق کی بعض اصولی ہدایتیں اور اہلِ عرب اور دیگر اقوام کی گمراہیوں کا ازالہ:

(۱) چاند کے طلوع و غروب سے مہینوں کا حساب لگا لیا جاتا ہو، اور حج کے موسم کا تعین اسی حساب سے کیا جاتا ہو۔ اسکے علاوہ جو وہم پرستانہ خیالات لوگوں میں پھیلے ہوئے ہیں خواہ اُن کا تعلق کواکب پرستی سے ہو یا نجوم کے عقائد سے، ان کی کوئی اصلیت نہیں۔

(۲) مقدس زیارت گاہوں اور تیرتھوں پر جانے کے لئے لوگوں نے طرح طرح کی پابندیاں لگائی ہیں، اور اجر و ثواب کے لئے اپنے آپ کو تکلیفوں مشقتوں میں ڈالتے ہیں لیکن یہ سب گمراہی کی باتیں ہیں۔ نیکی کی اصلی راہ یہ ہو کہ اپنے اندر تقویٰ پیدا کرو۔

اے پیغمبر! لوگ تم سے (مہینوں کی) چاند رات کی نسبت دریافت کرتے ہیں۔ ان لوگوں سے کہدو، یہ انسان کے لئے وقت کا حساب ہو، اور اس سے حج کے مہینے کا تعین ہو جاتا ہو (باقی جسقدر توہمات لوگوں میں پھیلے ہوئے ہیں، اور ان کی بنا پر لوگوں نے طرح طرح کی رسمیں اختیار کر رکھی ہیں، تو انکی کوئی اصلیت نہیں) اور یہ کوئی نیکی کی بات نہیں ہو کہ اپنے گھروں میں (دروازہ چھوڑ کر) پچھواڑے سے داخل ہو (جیسا کہ عرب کی رسم تھی کہ حج کے مہینے کا چاند دیکھ لینے اور احرام باندھ لینے کے بعد، اگر گھروں میں داخل ہونا چاہتے، تو دروازہ سے داخل نہ ہوتے۔ پچھواڑے سے راہ نکال کر جاتے) نیکی تو اُس کے لئے ہی جس نے اپنے اندر تقویٰ پیدا کیا۔ پس (ان وہم پرستیوں میں مبتلا نہ ہو) گھروں میں آؤ، تو دروازہ ہی کی راہ آؤ۔

حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ ۱۹۸

وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ ۱۹۹

يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ ۲۰۰

الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰي مَا فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَھُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ۝ وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي ۲۰۱

الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا

(پچھواڑے سے راہ نکالنے کی مصیبت میں کیوں پڑو؟) البتہ اللہ کی نافرمانی سے بچو، تاکہ (راہِ سعادت میں) کامیاب ہو!

۱۸۶ اور (دیکھو) جو لوگ تم سے جنگ کر رہے ہیں، چاہیے کہ اللہ کی راہ میں تم بھی اُن سے لڑو۔ (پیٹھ نہ دکھلاؤ) البتہ کسی طرح کی زیادتی نہیں کرنی چاہیے۔ اللہ اُن لوگوں کو پسند نہیں کرتا جو زیادتی کرنے والے ہیں۔

۱۸۷ (اہلِ مکہ نے تمھارے خلاف اعلانِ جنگ کر دیا ہے، تو تمھارے طرف سے بھی اب اعلانِ جنگ ہی) جہاں پاؤ، اُنھیں قتل کرو، اور جس جگہ سے اُنھوں نے تمھیں نکالا ہے، تم بھی اُنھیں لڑکر نکال باہر کرو۔ (اس طرح تمھیں قتل و خونریزی کا جواب قتل و خونریزی سے دینا پڑیگا، اور قتل و خونریزی بجائے خود ایک برائی ہے۔ لیکن) فتنہ کا قائم رہنا قتل و خونریزی سے بھی بڑھکر ہے۔ اور (باقی رہا حدود حرم کا معاملہ کہ اسکے اندر لڑائی کی جائے یا نہ کی جائے؟ تو اس بارے میں حکم یہ ہے کہ) جب تک وہ خود مسجد حرام کے حدود میں تم سے جنگ نہ کریں، تم بھی اُس جگہ اُن سے جنگ نہ کرو۔ پھر اگر ایسا ہوا کہ اُنھوں نے وہاں جنگ کی، تو تمھارے لئے بھی یہی ہوگا کہ جنگ کرو۔ منکرینِ حق (کی ظالمانہ پیش قدمیوں) کا یہی بدلہ ہے۔ لیکن اگر ایسا ۱۸۸

(۳) اہلِ مکہ کے ظلم و تعدی سے حج کا دروازہ مسلمانوں پر بند ہو گیا تھا، اور جو مقام اُنکے لئے مرکزِ ہدایت قرار پایا تھا، وہی اُنکے دسترس سے باہر تھا۔ پس حکم دیا گیا کہ جنگ کے بغیر چارہ نہیں۔ ضروری ہے کہ اس مقام کو ظالموں کے قبضہ و تصرف سے نجات دلائی جائے۔

اس بارے میں اصل یہ ہے کہ امن کی حالت ہو یا جنگ کی، لیکن مسلمانوں کے کسی کام میں بھی عدل و راستی کے خلاف کوئی بات نہیں ہونی چاہیے۔

(۴) جنگ برائی ہے، لیکن فتنہ کا قائم رہنا اس سے بھی زیادہ سخت برائی ہے۔ پس ناگزیر ہوا کہ فتنہ کے ازالہ کے لئے جنگ کی حالت گوارا کر لی جائے۔ قریشِ مکہ کا فتنہ کیا تھا؟ یہ تھا کہ وہ جبر و قہر سے لوگوں کو مجبور کرتے تھے کہ جس بات کو حق سمجھتے ہیں، اُسے حق نہ سمجھیں۔ یعنی دین و اعتقاد کی آزادی مفقود ہو گئی تھی۔ قرآن کہتا ہے، یہ برائی جنگ کی برائی سے بھی زیادہ سخت ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ اسکے انسداد کے لئے جنگ کی برائی گوارا کر لیجائے

۲۰۲ وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ
۲۰۳ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۗ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ
۲۰۴ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا
فِى السِّلْمِ كَآفَّةً ۠ وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۗ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝
۲۰۵ فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝
۲۰۶ هَلْ يَنْظُرُوْنَ

ہوا کہ وہ جنگ سے باز آگئے، تو (پھر اللہ کا دروازہ رحمت و بخشش کبھی بند نہیں ہی) بلاشبہ وہ رحمت سے بخشدینے والا ہی!

۱۸۹ اور دیکھو، ان لوگوں سے جنگ جاری رکھو۔ یہاں تک کہ فتنہ (یعنے ظلم و فساد) باقی نہ رہے، اور دین صرف اللہ کے لئے ہوجائے (انسانی ظلم و استبداد کی مداخلت اسمیں باقی نہ رہے) پھر اگر ایسا ہو کہ یہ لوگ جنگ سے باز آجائیں، تو (تمھیں بھی ہاتھ روک لینا چاہئے۔ کیونکہ) جنگ کا تشدد نہیں کرنا ہی، مگر صرف اُنھی لوگوں کے مقابلہ میں، جو ظلم کرنیوالے ہیں۔

جنگ کی اجازت اس لئے دی گئی ہی کہ دین و اعتقاد کی آزادی حاصل ہو جائے۔ یعنے دین کے معاملہ میں جس کا تعلق صرف اللہ سے ہی، انسان کے ظلم و تشدد کی مداخلت باقی نہ رہے۔

۱۹۰ (باقی رہا اُن مہینوں کا معاملہ جنکا عرب میں احترام کیا جاتا ہی، اور ان میں لڑائی بند کردی جاتی ہی، تو اس بارے میں تمھارا طریقہ یہ ہونا چاہئے کہ) اگر حرمت کے مہینوں کی رعایت کی جائے، تو تمھارے طرف سے بھی رعایت ہونی چاہئے۔ اگر نہ کی جائے، تو تمھارے طرف سے بھی نہیں ہی۔ (مہینوں کی) حرمت کے معاملہ میں (جب کہ جنگ ہو) اَدلہ کا بدلہ ہی (یعنے جیسی روش ایک فریق جنگ کی ہوگی، ویسی ہی دوسرے فریق کو بھی اختیار کرنی پڑے گی۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ ایک فریق تو مہینوں کی حرمت سے بے پروا ہوکر حملہ کردے، اور دوسرا فریق حرمت کے خیال سے ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا رہے) پس جو کوئی تم پر زیادتی کرے، تو چاہئے کہ جس طرح کا معاملہ اُس نے تمھارے ساتھ کیا ہی، ویسا ہی معاملہ تم بھی اُس کے ساتھ کرو (لڑتا ہی، تو تم بھی لڑو۔ نہیں لڑتا ہی، تو تمھارے طرف سے بھی لڑائی نہیں ہونی چاہئے) البتہ (ہر حال میں) اللہ سے ڈرتے رہو، اور یہ بات نہ بھولو کہ اللہ اُنھی کا ساتھی ہی جو (اپنے تمام کاموں میں) پرہیزگار ہیں!

۱۹۱ اور اللہ کی راہ میں مال خرچ کرو۔ ایسا نہ کرو کہ (جہاد

(۵) جو لوگ جہاد کی راہ میں مال خرچ نہیں کرتے، وہ اپنے ہاتھوں اپنے

إِلَّا أَن يَأْتِيَهُمُ اللَّهُ فِي ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلَائِكَةُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ ۚ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ۝ سَلْ بَنِي إِسْرَائِيلَ كَمْ آتَيْنَاهُم مِّنْ آيَةٍ بَيِّنَةٍ ۗ وَمَن يُبَدِّلْ نِعْمَةَ اللَّهِ مِن بَعْدِ مَا جَاءَتْهُ فَإِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا الْحَيَاةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُونَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا ۘ وَالَّذِينَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَن يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَاحِدَةً فَبَعَثَ اللَّهُ

۲۰۷ ۲۰۸ ۲۰۹ — ۲۵ ع ۹ — وقف لازم

آپ کو ہلاکت میں ڈال دیتے ہیں۔ کیونکہ جہاد سے اعراض کا نتیجہ قومی زندگی کی ہلاکت ہے۔

کی اعانت سے غافل ہوکر) اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالدو (کیونکہ اگر تم نے اُس کام کے لئے خدا کا دیا ہوا مال خرچ نہیں کیا، جس میں تمھارے لئے ظلم و فساد سے نجات اور فتح و کامرانی کا حصول تھا، تو یہ دیدہ و دانستہ، قومی زندگی کی جگہ ہلاکت کو پسند کرنا ہوگا) نیکی کرو! یقیناً اللہ کی محبت اُنہی لوگوں کے لئے ہے جو نیکی کرنے والے ہیں!

(۶) اگر لڑائی کی وجہ سے یا کسی دوسری وجہ سے راہ میں رُک جانا پڑے، تو اس صورت میں کیا کرنا چاہئے؟ نیز حج اور عمرہ کے تمتع کی صورت (یعنے دونوں کو ملاکر کرنے کی صورت)

۱۹۲ اور دیکھو، حج اور عمرہ کی جب نیت کرلی جائے تو اُسے اللہ کے لئے پُورا کرنا چاہئے۔

اور اگر ایسی صورت پیش آجائے کہ تم (اس نیت سے نکلے، مگر) راہ میں گھر گئے (جنگ کی وجہ سے یا کسی دوسری وجہ سے، اور منزل مقصود تک بروقت نہ پہنچ سکے) تو پھر ایک جانور کی قربانی کرنی چاہئے۔ جیسا کچھ بھی میسر آئے۔

اور اُس وقت تک سر کے بال نہ منڈواؤ (جو اعمال حج سے فارغ ہوکر احرام اُتارتے وقت کیا جاتا ہے) جب تک کہ قربانی اپنے ٹھکانے نہ پہنچ جائے۔

ہاں اگر کوئی شخص بیمار ہو۔ یا اُسے سر کی کسی تکلیف کی وجہ سے مجبوری ہو، تو چاہئے کہ (بال اُتارنے کا) فدیہ دیدے۔ اور وہ یہ ہے کہ روزہ رکھے۔ یا صدقہ دے۔ یا جانور کی قربانی کرے۔

اور پھر جب ایسا ہو کہ تم امن کی حالت میں ہو (یعنے جنگ کی وجہ سے یا کسی دوسری وجہ سے کسی طرح کی رکاوٹ نہ ہو) اور کوئی شخص چاہے کہ (عمرہ، حج سے ملاکر) تمتع کرے (یعنے ایک ہی سفر میں دونوں عملوں کے ثواب سے فائدہ اُٹھائے) تو اُس کے لئے بھی جانور کی قربانی ہے جیسی کچھ میسر آجائے۔

اور جس کسی کو قربانی میسر نہ آئے، تو اُسے چاہئے، تین روزے حج کے دنوں میں رکھے، سات روزے

النَّبِیّٖنَ مُبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ لِیَحْکُمَ بَیْنَ النَّاسِ فِیْمَا اخْتَلَفُوْا فِیْهِ ؕ وَمَا اخْتَلَفَ فِیْهِ اِلَّا الَّذِیْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَیِّنٰتُ بَغْیًۢا بَیْنَهُمْ ۚ فَهَدَی اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِیْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ؕ وَاللّٰهُ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝

۲۱۰ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا یَاْتِکُمْ مَّثَلُ الَّذِیْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِکُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ

واپسی پر، یہ دس کی پوری گنتی ہوگئی۔

البتہ یاد رہے کہ یہ حکم (یعنے عمرہ کے تمتع کا حکم) اُس کے لئے ہی جس کا گھر بار مکہ میں نہ ہو (باہر سے حج کے لئے آیا ہو۔ جو لوگ مکہ میں رہنے والے ہیں، وہ ایسا نہیں کر سکتے)

اور دیکھو، ہر حال میں اللہ کی نافرمانی سے بچو، اور یقین کرو، وہ (نافرمانوں کو) سزا دینے میں بہت ہی سخت ہی!

۱۹۳ حج کے مہینے عام طور پر معلوم ہیں۔ پس جس کسی نے اِن مہینوں میں حج کرنا اپنے اوپر لازم کرلیا تو (وہ حج کی حالت میں ہوگیا، اور) حج کی حالت میں نہ تو عورتوں کی طرف رغبت کرنا ہی، نہ فسق کی کوئی بات کرنی ہی، اور نہ لڑائی جھگڑا۔ اور (یاد رکھو) تم نیک عملی کی باتوں میں سے جو کچھ بھی کرتے ہو، اللہ کے علم سے پوشیدہ نہیں رہتا۔ پس (حج کرو تو اُس کے) سر و سامان کی طیاری بھی کرو۔ اور سب سے بہتر سر و سامان (دل کا سر و سامان ہی، اور وہ) تقویٰ ہی۔

(۱) حج کے دنوں میں (اور وہ اس وقت سے شروع ہو جاتے ہیں جب تم نے احرام باندھ لیا) نہ تو عورت کے ساتھ خلوت کرنی چاہئے، نہ گناہ کی کوئی بات اور نہ کسی طرح کی لڑائی جھگڑا۔ اعمال حج کے لئے سب سے بڑی طیاری یہ ہو کہ تم میں تقویٰ پیدا ہو!

اور اے ارباب دانش! (ہر حال میں) اللہ سے ڈرتے رہو (کہ خوف الٰہی ہی سے پرہیزگاری پیدا ہوتی ہی!)

۱۹۴ (اور دیکھو) اسمیں تمھارے لئے کوئی گناہ کی بات نہیں، اگر (اعمال حج کے ساتھ) تم اپنے پروردگار کے فضل کی بھی تلاش میں رہو (یعنے کاروبار تجارت کا بھی مشغلہ رکھو۔ البتہ ایسا نہیں کرنا چاہئے کہ کاروبار دنیوی کے انہماک کی وجہ سے حج کے اوقات و اعمال

(۱) دین حق کی اس اصل عظیم کا اعلان کہ خدا پرستی اور دینداری کی راہ، دنیوی معیشت اور دنیوی فلاح و ترقی کے خلاف نہیں ہی، بلکہ وہ ایک ایسی کامل زندگی پیدا کرنی چاہتا ہو جسمیں دنیا اور آخرت، دونوں کی سعادتیں موجود ہوں۔ حج ایک عبادت ہو۔ لیکن اُس کا عبادت ہونا اس سے مانع نہیں

وَالضَّرَّاءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ نَصْرَ
اللّٰهِ قَرِيْبٌ ۝ ۲۱۱ يَسْــَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ؕ قُلْ مَاۤ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ
وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ ۲۱۲ كُتِبَ عَلَيْكُمُ
الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْــًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰۤى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْــًٔا ۲۱۳
وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيْهِ ؕ ۲۱۴

ع ۲۶ / ۱۰

سے بے پرواہو جاؤ۔ جیساکہ جاہلیت کے لوگوں کا شیوہ ہو گیا تھا) پس جب عرفات (نامی مقام) سے انبوہ در انبوہ لوٹو، تو مشعر الحرام (یعنے مزدلفہ) میں (ٹھہر کر) اللہ کا ذکر کرو۔ اور اُسی طرح ذکر کرو جس طرح ذکر کرنے کا طریقہ تمھیں بتلا دیا گیا ہے، حالانکہ اس سے پہلے تم بھی اُنہی لوگوں میں سے تھے، جو راہِ حق سے بھٹک گئے ہیں (یعنے اعمال و اذکار کا صحیح طریقہ فراموش کر کے طرح طرح کی گمراہیوں میں مبتلا ہو گئے تھے) ۱۹۴

پھر (یہ بات بھی ضروری ہے کہ جس جگہ (تک جا کر) لوگ انبوہ در انبوہ لوٹتے ہیں، تم (اہلِ مکہ) بھی وہیں سے لوٹو، اور اللہ سے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرو (یعنے ایسا نہ کرو، جیسا ایامِ جاہلیت میں کیا کرتے تھے کہ حدودِ حرم تک جا کر لوٹ آتے تھے۔ باہر کے حاجیوں کی طرح، عرفات تک نہیں جاتے تھے[۱]) بلاشبہ اللہ (خطائیں) بخشنے والا اور (ہر حال میں) رحمت رکھنے والا ہے۔ ۱۹۵

پھر جب تم حج کے تمام ارکان پورے کر چکو، تو چاہئے کہ جس طرح پہلے اپنے آباؤ اجداد کی بڑائیوں کا ۱۹۶

کہ کاروبارِ دنیوی کو بھی فائدہ اٹھاؤ۔ مال و دولت اللہ کا فضل ہے۔ پس چاہئے کہ اللہ کے فضل کی تلاش میں رہو۔

(۹) دین اور دنیا کے معاملہ میں دنیا کی عالمگیر گمراہی یہ ہے کہ یا تو افراط میں پڑ گئے ہیں، یا تفریط میں؛ اور راہِ اعتدال گم ہو گئی ہے۔ یعنے یا تو دنیا کا انہماک اس درجہ بڑھ جاتا ہے کہ آخرت سے یک قلم بے پرواہ ہو جاتے ہیں۔ یا آخرت کے استغراق میں اتنے دور نکل جاتے ہیں کہ ترکِ دنیا اور رہبانیت کا دم بھرنے لگتے ہیں۔ لیکن دینِ حق کی راہ ہر گوشۂ عمل کی طرح، یہاں بھی اعتدال و توسط کی راہ ہے، اور صحیح زندگی اُس کی زندگی ہے جو کہتا ہے "خدایا! میں دنیا اور آخرت، دونوں کی سعادتیں چاہتا ہوں"!

[۱] حج کے اعمال میں سے ایک عمل عرفات جا کر ٹھہرنا اور وہاں سے لوٹنا ہے، لیکن باشندگانِ مکہ نے یہ طریقہ اختیار کر لیا تھا کہ حدودِ حرم تک جا کر لوٹ آتے، اور کہتے، ہم تو اسی مقام کے باشندے ہیں۔ ہمارے لئے حدودِ حرم سے باہر جانا ضروری نہیں۔ یہ کچھ تو اس لئے تھا کہ باشندۂ مکہ ہونے کا غرور باطل تھا۔ اور زیادہ تر اس لئے کہ دنیوی کاروبار کے انہماک سے اعمالِ حج کی مشغولیت اُنہیں شاق گزرتی تھی۔ چاہتے تھے کہ باہر کے حاجی حج میں مشغول رہیں۔ ہم موسم سے تجارت کا فائدہ اُٹھائیں۔

قُلْ قِتَالٌ فِيهِ كَبِيرٌ ۖ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَكُفْرٌ بِهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَإِخْرَاجُ أَهْلِهِ مِنْهُ أَكْبَرُ عِنْدَ اللَّهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۗ وَلَا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ حَتَّىٰ يَرُدُّوكُمْ عَنْ دِينِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوا ۚ وَمَنْ يَرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ ۲۱۵

ذکر کیا کرتے تھے، اب اُسی طرح اللہ کا ذکر کیا کرو۔ بلکہ اُس سے بھی زیادہ (جوش و محبت کے ساتھ، کہ تمام اعمالِ حج سے اصل مقصود یہی ہی)

اور پھر (دیکھو) کچھ لوگ تو ایسے ہیں (جو صرف دنیا ہی کے پرستار ہوتے ہیں اور) جن کی صدائے حال یہ ہوتی ہو کہ "پروردگار! ہمیں جو کچھ دینا ہی، دنیا ہی میں دیدے" پس آخرت کی زندگی میں اُنکے لئے کوئی حصہ نہیں ہوتا۔ اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو (دنیا اور آخرت، دونوں کی فلاح چاہتے ہیں۔ وہ) کہتے ہیں ۱۹۷ "پروردگار! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے، اور آخرت میں بھی بھلائی دے، اور ہمیں عذابِ دوزخ سے بچالے"

تو یقین کرو، ایسے ہی لوگ ہیں جنھیں اُنکے عمل کے مطابق (دنیا و آخرت کے) فلاح میں حصہ ملنا ہی، اور اللہ ۱۹۸ (کا قانون) اعمال کے محاسبہ میں سست رفتار نہیں (وہ ہر انسان کو اُس کے عمل کے مطابق فوراً نتیجہ دیدینے والا ہی)

اور (دیکھو) حج کے گنے ہوئے دنوں میں (جو معلوم ہیں، اور دسویں ذوالحجہ سے لیکر تیرہویں تک ہیں) اللہ کی ۱۹۹ یاد میں مشغول رہو۔ پھر جو کوئی (واپسی میں) جلدی کرے، اور دو ہی دن میں روانہ ہو جائے تو اسمیں کوئی گناہ کی بات نہیں۔ اور جو کوئی تاخیر کرے، تو وہ تاخیر کر سکتا ہی۔ اُس کے لئے بھی کوئی گناہ نہیں۔ لیکن یہ (تعجیل اور تاخیر کی رخصت) اسی کے لئے ہی جسمیں تقویٰ ہو (کیونکہ تمام اعمال سے اصل مقصود تقویٰ ہی۔ اگر ایک شخص کے قصد و عمل میں تقویٰ نہیں، تو اُس کا کوئی عمل بھی صحیح نہیں ہو سکتا) پس ہر حال میں اللہ سے ڈرتے رہو، اور یہ بات نہ بھولو کہ تم سب کو (ایک دن مرنا اور پھر) اُس کے حضور جمع ہونا ہی!

۲۰۰ اور (دیکھو) بعض آدمی ایسے ہیں کہ دنیوی زندگی کے بارے میں اُن کی باتیں تمھیں بہت ہی اچھی معلوم ہوتی ہیں، اور وہ اپنی ضمیر کی پاکی پر اللہ کو گواہ ٹھراتے ہیں۔ حالانکہ فی الحقیقت (اُن کا دل ایمان و صداقت سے خالی ہوتا ہی اور) وہ دشمنی و خصومت میں بڑے ہی سخت ہیں۔

(۱۰) دینِ حق دنیا کا نہیں لیکن دنیا پرستی کے غرور و سرشاری کا مخالف ہی۔

یہی دنیا پرستی کا غرور ہی جو انسان کو خدا پرستی اور [illegible] سے بے پروا کر دیتا ہی، اور جب اُسے طاقت اور حکومت مل جاتی ہی، تو نفس پرستی کی

يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۭ قُلْ فِيْهِمَآ ۲۱۶
اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ۭ وَيَسْــَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ڛ ۲۱۷
قُلِ الْعَفْوَ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۭ
وَيَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰي ۭ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّھُمْ خَيْرٌ ۭ وَاِنْ تُخَالِطُوْھُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ۲۱۸
يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ وَلَا ۲۱۹-۲۲۰

۲۰۱ اور جب انھیں حکومت مل جاتی ہے، تو ان کی تمام سرگرمیاں ملک میں اس لئے ہوتی ہیں تا کہ خرابی پھیلائیں اور انسان کی زراعت و محنت کے نتائج اور اس کی نسل ہلاک کر دیں۔ حالانکہ اللہ یہ کبھی پسند نہیں کر سکتا کہ (زندگی و آبادی کی جگہ) ویرانی و خرابی پھیلائی جائے۔

۲۰۲ اور جب ان لوگوں سے کہا جائے، خدا سے ڈرو (اور ظلم و فساد سے باز آؤ) تو ان کا گھمنڈ انھیں (اور زیادہ) گناہ پر اکساتا ہے (اور خدا کے آگے جھکنے کی جگہ اور زیادہ سرکش ہو جاتے ہیں) پس (جن لوگوں کا حال ایسا ہو، تو وہ کبھی ظلم و فساد سے باز آنے والے نہیں) انھیں تو جہنم ہی کفایت کریگا (اور جس کسی نے جہنم کا ٹھکانا ڈھونڈھا، تو اس کا ٹھکانا) کیا ہی برا ٹھکانا ہے!

پرستش میں وہ سب کچھ کر گزرتا ہے، جو دنیا میں انسان کا ظلم و فساد کر سکتا ہے۔

لیکن جو لوگ سچے خدا پرست ہیں، وہ دنیا میں کتنے ہی مشغول ہوں، مگر ان کا مطمح نظر نفس پرستی نہیں ہوتی، بلکہ رضاء الٰہی کا حصول ہوتا ہے۔ ایک دنیا پرست اپنے نفس کے لئے دوسروں کو قربان کر دیگا۔ لیکن یہ لوگ رضاء الٰہی کی راہ میں خود اپنے نفس کو قربان کر دینگے!

ایک شخص کی دنیوی زندگی بظاہر کتنی ہی خوشنما ہو، اور وہ اپنی نیک دلی کا کتنا ہی دعوٰی کرے، لیکن ان باتوں سے کچھ نہیں ہوتا۔ اصلی کسوٹی یہ ہو کہ دیکھا جائے، طاقت و اختیار پا کر اپنے ابناء جنس کے ساتھ کیا سلوک کرتا ہے؟ حرث و نسل کی تباہی، انسانی غرور و طاقت کا بہت بڑا فساد ہے۔ دنیوی طاقت کے متوالوں سے جب کہا جاتا ہے، اللہ سے ڈرو، تو ان کا گھمنڈ انھیں اور زیادہ ظلم و معصیت پر آمادہ کر دیتا ہے۔

۲۰۳ اور (برخلاف ان کے) کچھ آدمی ایسے بھی ہیں جو (نفس پرستی کی جگہ خدا پرستی کی روح سے معمور ہوتے ہیں، اور) اللہ کی خوشنودی کی طلب میں اپنی جانیں تک فروخت کر دیتے ہیں (یعنے رضاء الٰہی کی راہ میں اپنا سب کچھ قربان کر دیتے ہیں) اور (جو کوئی ایسا کرتا ہے، تو یاد رکھے) اللہ بھی اپنے بندوں کے لئے شفقت و مہربانی رکھنے والا ہے!

۲۰۴ اے پیروان دعوت ایمانی! مسلم ہونے کے لئے صرف اتنا ہی کافی نہیں کہ زبان سے اسلام کا اقرار کر لو۔ بلکہ چاہئے کہ) پوری طرح اور (اعتقاد و عمل کی)

(۱۱) دنیا پرستی کی یہ سرشاری و غفلت، قوموں کی گمراہی کا بہت بڑا سبب رہی ہو بخصوصاً فتح و اقبال کے حصول کے بعد۔ اس لئے پیروان دعوت حق

تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ؕ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚۖ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۲۲۱ وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِى الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ ۲۲۲

ساری باتوں میں مسلم ہو جاؤ۔ اور دیکھو، شیطانی وسوسوں کی پیروی نہ کرو۔ وہ تو تمھارا کھلا دشمن ہے۔

پھر اگر ایسا ہوا کہ تم ڈگمگا گئے، باوجودیکہ ہدایت کی روشن دلیلیں تمھارے سامنے آچکی ہیں، تو یاد رکھو اللہ (کے قانونِ جزا) کی پکڑ سے تم بچ نہیں سکتے۔ وہ سب پر غالب اور (اپنے تمام کاموں میں) حکمت والا ہے!

(اگر ان لوگوں کے ایمان و یقین کے لئے وہ سب کچھ کافی نہیں، جو اسوقت تک انکے سامنے آچکا ہے، تو) پھر یہ لوگ کس بات کے انتظار میں ہیں؟ کیا اس بات کے منتظر ہیں کہ خدا انکے سامنے نمودار ہو جائے (اور اس طرح نمودار ہو جائے کہ) بادل اس پر سایہ کئے ہوں، اور فرشتے (صف باندھے کھڑے) ہوں، اور جو کچھ ہونا ہے ہو چکے؟ (اگر وہ اسی بات کے منتظر ہیں تو یاد رکھیں، یہ بات دنیا میں ہونے والی نہیں) اور تمام کاموں کا سررشتہ اللہ ہی کے ہاتھ ہے!

(اے پیغمبر! چاہئے کہ یہ لوگ پچھلی امتوں کی سرگزشتوں سے عبرت پکڑیں) بنی اسرائیل سے پوچھو، ہم نے انھیں (علم و بصیرت کی) کتنی روشن نشانیاں دیں (اور کس طرح فلاح و سعادت کی تمام راہیں ان پر کھول دیں؟ لیکن اسپر بھی راہ ہدایت پر قائم نہ رہے، اور نعمتِ الٰہی کی قدر شناسی نہ کی) اور جو کوئی خدا کی نعمت پاکر پھر اسے (محرومی و شقاوت سے) بدل ڈالے، تو یاد رکھو، خدا (کا قانونِ مکافات) بھی سزا دینے میں بہت سخت ہے۔

کو خصوصیت کے ساتھ متنبہ کیا جاتا ہے کہ اس صورتِ حال سے اپنی حفاظت کریں، اللہ کی ہدایت ظاہر ہو چکی ہے، اور وہ سب کچھ تمھیں بتلایا جاچکا ہے جس کی استقامتِ حق کے لئے ضرورت تھی۔ اسپر بھی اگر تم نے ٹھوکر کھائی، اور راہ ہدایت پر قائم نہ رہے، تو یہ نعمت الٰہی کو محرومی سے بدل دینا ہوگا۔ ۲۰۹

اگر ایک گروہ کے ایمان و یقین کے لئے کلام الٰہی کی ہدایت کافی نہیں، تو پھر اسکے بعد یہی رہگیا ہے کہ خدا انکے سامنے آکر اپنی زبان سے کہدے کہ میں تمھارا خدا ہوں اور مجھ پر ایمان لاؤ۔ لیکن نہ ایسا ہوا ہے اور نہ ہو سکتا ہے۔

ایمان کی برکتیں اور سعادتیں حاصل کرنے کے لئے صرف یہی کافی نہیں کہ اسلام کے دائرہ میں آجاؤ، بلکہ چاہئے کہ پوری طرح آجاؤ۔ یعنے اعتقاد و عمل کے ہر گوشہ میں ایمان کی روح تمھارے اندر پیدا ہو جائے، اور از سرتاپا پیکرِ ایمان ہو جاؤ!

(۱۲) بنی اسرائیل کی سرگزشت سے عبرت پکڑو۔ اللہ نے انھیں ہدایت و سعادت کی راہ دکھلائی، لیکن انھوں نے محرومی و شقاوت کی راہ اختیار کی۔ ۲۰۷

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ۝ نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ ۲۲۳
شِئْتُمْ ۖ وَقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوا أَنَّكُم مُّلَاقُوهُ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ۝
وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّأَيْمَانِكُمْ أَن تَبَرُّوا وَتَتَّقُوا وَتُصْلِحُوا بَيْنَ النَّاسِ ۗ وَاللّٰهُ سَمِيعٌ ۲۲۴
عَلِيمٌ ۝ لَّا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَٰكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا كَسَبَتْ قُلُوبُكُمْ ۗ ۲۲۵
وَاللّٰهُ غَفُورٌ حَلِيمٌ ۝ لِّلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِن نِّسَائِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ ۖ فَإِن فَاءُوا فَإِنَّ ۲۲۶

۲۰۸ منکرینِ حق کی نگاہوں میں تو صرف دنیا کی زندگی ہی سمائی ہوئی ہے۔ وہ ایمان والوں کی (موجودہ بے سروسامانی دیکھ کر) ہنسی اڑاتے ہیں۔ حالانکہ (عزت کی اصلی چیز دنیوی مال و جاہ نہیں ہے، ایمان و عمل کی دولت ہے) جو لوگ متقی ہیں، قیامت کے دن وہی ان منکروں کے مقابلہ میں بلند مرتبہ ہونگے (اور یہ خاک ذلت پر لوٹ رہے ہونگے) اور (پھر قطع نظر اس کے، یہ منکرین حق نہیں جانتے کہ جو لوگ آج مال و جاہِ دنیوی سے تہی دست ہیں، یہی کل کو اللہ کے فضل سے مالا مال ہو جا سکتے ہیں۔ اور) اللہ جسے چاہتا ہے، اپنی رزق بے حساب سے مالا مال کر دیتا ہے!

۲۰۹ ابتدا میں ایسا تھا کہ لوگ الگ الگ گروہوں میں بٹے ہوئے نہیں تھے۔ ایک ہی قوم و جماعت تھے۔ (پھر ایسا ہوا کہ باہم دگر مختلف ہوگئے اور الگ الگ ٹولیاں بن گئیں) پس اللہ نے (یکے بعد دیگرے) نبیوں کو مبعوث کیا۔ وہ (ایمان و عمل کی برکتوں کی) بشارت دیتے، اور (انکار و بدعملی کے نتائج سے) ڈراتے تھے۔ نیز اُنکے ساتھ کتاب الٰہی نازل کی گئی، تاکہ جن باتوں میں لوگ اختلاف کرنے لگے تھے، ان میں وہ فیصلہ کر دینے والی ہو (اور تمام لوگوں کو راہِ حق پر متحد کر دے) اور یہ جو لوگ باہم دگر مختلف ہوئے، تو اس لئے نہیں ہوئے کہ ہدایت سے محروم اور حقیقت سے بے خبر تھے۔ نہیں، وحی الٰہی

(۳۱) دینِ حق کی اس اصلِ عظیم کا اعلان کہ ابتدا میں تمام انسان ایک ہی قوم و جماعت تھے، اور فطری زندگی کی سادگی پر قانع تھے۔ پھر ایسا ہوا کہ نسل انسانی کی کثرت و وسعت سے طرح طرح کے تفرقے پیدا ہوگئے، اور تفرقہ کا نتیجہ ظلم و فساد کی صورت میں ظاہر ہوا۔ تب وحی الٰہی نمودار ہوئی، اور یکے بعد دیگرے خدا کے رسول مبعوث ہوتے رہے۔ ہر رسول کی دعوت کا مقصد ایک ہی تھا۔ یعنے خدا پرستی و نیک عملی کی تلقین اور تفرقہ و اختلاف کی جگہ وحدت و اجتماع کا قیام۔

کتاب اللہ ہمیشہ اس لئے نازل ہوئی، تاکہ دین کے تفرقہ و اختلاف میں حَکَم ہو، اور لوگوں کو وحدتِ دین کی اصل پر متحد کر دے۔

تفرقہ و اختلاف کی علت باہمی "بغی و عصیان" ہے۔ یعنے آپس کی ضد اور اتباعِ حق کی جگہ خود پرستی و سرکشی۔

اس محل میں اس ذکر کی مناسبت یہ ہے کہ پیروانِ اسلام کو دعوت استقامت دیتے ہوئے، پہلے بنی اسرائیل کے حالات سے استشہاد کیا تھا۔ اب واضح کیا جاتا ہے کہ تفرقہ

۲۲۰ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ

۲۲۸ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ

يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ۭ

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝ ع ۲۸ / ۱۲

۲۲۹ اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۠ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا

مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَـيْـــًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ

کے واضح احکام اُنکے سامنے تھے (اور اُن میں تفرقہ و اختلاف کی کوئی گنجایش نہ تھی) مگر پھر بھی محض آپس کی ضد اور مخالفت سے اختلاف کرنے لگتے تھے (اور دین کی ایک راہ پر مجتمع رہنے کی جگہ الگ الگ گروہ بندیوں میں بٹ جاتے تھے) بالآخر اللہ نے ایمان لانے والوں کو (دین کی) وہ حقیقت دکھا دی، جسمیں لوگ مختلف ہوگئے تھے (اور ایک دوسرے کو جھٹلا رہے تھے) اور اللہ جسے چاہتا ہے، دین کی سیدھی راہ دکھلا دیتا ہے!

بنی اسرائیل ہی پر موقوف نہیں۔ تمام اگلی جماعتوں کا یہی حال رہا ہے۔ ہر عہد میں خدا کی ہدایت نمایاں ہوئی، لیکن ہمیشہ لوگوں نے ہدایت کے بعد گمراہی کی راہ اختیار کی، اور اسی لئے یکے بعد دیگرے تجدید ہدایت ضروری ہوئی۔ پس قیام حق کے لئے تعلیم حق کی نہیں (کیونکہ وہ تو اول دن سے ایک ہی رہی ہے اور ہمیشہ موجود رہی ہے) بلکہ حق پر ثابت قدم رہنے کی ضرورت ہے۔

۲۱۰ پھر کیا تم نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ (محض ایمان کا زبانی دعویٰ کرکے) تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے (اور مومن ہونے کے لئے سعی و عمل کی آزمائشوں میں کامیاب ہونا ضروری نہیں؟) حالانکہ ابھی تو تمھیں وہ آزمائشیں پیش ہی نہیں آئی ہیں جو تم سے پہلے لوگوں کو پیش آچکی ہیں۔ ہر طرح کی سختیاں اور محنتیں اُنھیں پیش آئیں، شدتوں اور ہولناکیوں سے اُنکے دل دہل گئے۔ یہاں تک کہ اللہ کے رسول اور جو لوگ ایمان لائے تھے پکار اُٹھے "اے نصرت الٰہی! تیرا وقت کب آئے گا"؟ (تب اچانک پردۂ غیب چاک ہوا، اور خدا کی نصرت یہ کہتی ہوئی نمودار ہوگئی:) "ہاں، گھبراؤ نہیں، خدا کی نصرت تم سے دُور نہیں ہے!"

(۱۴۴) مومن ہونے کے لئے صرف یہی کافی نہیں کہ تم نے ایمان کا اقرار کرلیا اور جنتی ہوگئے، بلکہ ضروری ہے کہ اُن تمام آزمائشوں میں ثابت قدم رہو، جو تم سے پہلے حق پرستوں کو پیش آچکی ہیں اور تمھیں بھی پیش آئیں گی۔

۲۱۱ اے پیغمبر! تم سے لوگ دریافت کرتے ہیں کہ خیرات کے

خیرات کرنے کا حکم، اور اس غلطی کا ازالہ کہ لوگ سمجھتے تھے، خیرات صرف غرب

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا ۚ وَمَن يَتَعَدَّ
حُدُودَ اللَّهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝ فَإِن طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِن بَعْدُ حَتَّىٰ تَنكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ ۗ ۲۳۰
فَإِن طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَن يَتَرَاجَعَا إِن ظَنَّا أَن يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ ۗ وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ
يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ ۲۳۱
سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ ۚ وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوا ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ ۚ
وَلَا تَتَّخِذُوا آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا ۚ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمَا أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّنَ الْكِتَابِ وَ

ہی کو دی جاسکتی ہے۔ اپنوں اور عزیزوں کی مدد کرنا خیرات نہیں ہے۔ خیرات کے مصارف بتلاتے ہوئے واضح کر دیا گیا کہ اُس کا اولین مصرف تمھارے عزیز و اقربا ہیں اگر وہ محتاج ہوں۔

لئے خرچ کریں تو کیا خرچ کریں؟ ان سے کہدو، جو کچھ بھی تم اپنے مال میں سے نکال سکتے ہو، نکالو۔ اور جب نکالو، تو اُس کے مستحق تمھارے ماں باپ ہیں، عزیز و اقربا ہیں، یتیم بچے ہیں، مسکین ہیں، (مصیبت زدہ) مسافر ہیں۔ اور یاد رکھو، جو کچھ بھی تم بھلائی کے کاموں میں سے کرتے ہو، تو وہ اللہ سے پوشیدہ نہیں رہ سکتا (کہ اکارت جائے۔ اُس کا قانونِ مکافات یہ ہے کہ ہر نیکی اپنا بدلہ اور ہر نیکی کرنے والا اپنا اجر رکھتا ہے۔ اور) وہ سب کچھ جاننے والا ہے!

۲۱۲ لڑائی کا تمھیں حکم دیا گیا ہے، اور وہ تمھیں ناگوار
۲۱۳ ہے لیکن بہت ممکن ہے، ایک بات کو تم مکروہ سمجھتے ہو اور وہ تمھارے حق میں بہتر ہو، اور ایک بات تمھیں اچھی لگتی ہو، اور اُسی میں تمھارے لئے برائی ہو۔ (پس اپنے نفس کی پسندیدگی اور ناپسندیدگی کی بنا پر اعمال کی اچھائی بُرائی کا فیصلہ نہ کردو) اللہ جانتا ہے (کہ تمھارے لئے کس ناگواری میں خوشگواری اور کس پسندیدگی میں ناپسندیدگی ہے) مگر تم نہیں جانتے!

۲۱۴ اے پیغمبر! لوگ تم سے پوچھتے ہیں، جو مہینہ حرمت کا مہینہ سمجھا جاتا ہے، اُسمیں لڑائی لڑنا کیسا ہے؟ اُن سے کہدو، اُس میں جنگ کرنا بڑی بُرائی کی

جہاد کا حکم۔ یعنے دین کے اعتقاد و عمل کی آزادی کے لئے لڑنے کا حکم:

(۱) جنگ کی حالت کوئی ایسی حالت نہیں ہے جو تمھارے لئے خوشگوار ہو۔ لیکن اس دنیا میں کتنی ہی خوشگواریاں ہیں جو ناگواریوں سے پیدا ہوتی ہیں، اور کتنی ہی خوشگوار باتیں ہیں جن کا نتیجہ ناگوار ہوتا ہے!

(۲) جنگ بُرائی ہے۔ لیکن انسانی طاقت کا ظلم و فساد اُس سے بھی بڑھ کر برائی ہے۔ پس جب ایسی حالت پیش آجائے کہ ظلم کا ازالہ اور کسی طرح ممکن نہ ہو، تو جنگ کے سوا چارہ نہیں۔

(۳) دشمنوں کی مخالفت کسی خاص فرد یا جماعت سے نہ تھی، بلکہ اس بنا پر تھی کہ لوگ اپنے پچھلے عقائد چھوڑ کر کیوں ایک نیا اعتقاد اختیار کر رہے ہیں؟ یعنے محض اختلاف عقائد کی بنا پر وہ ایک جماعت کو نیست و نابود کر دینا چاہتے تھے پس جب تک مسلمان اپنے اعتقاد سے دست بردار نہ ہو جاتے، دشمنوں کی طرف سے قتل و غارتگری کا سلسلہ برابر

ع ۱۳

الْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاۗءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْھُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ ۲۳۳ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَھُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۭ وَعَلَي الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَاۗرَّ وَالِدَةٌۢ بِوَلَدِھَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۤ وَعَلَي الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ فَاِنْ

بات ہی۔ مگر (ساتھ ہی یہ بھی یاد رکھو، انسان کو اللہ کی راہ سے روکنا (یعنے ایمان اور خدا پرستی کی راہ اُس پر بند کردینی) اور اُس کا انکار کرنا، اور مسجد حرام میں نہ جانے دینا، نیز مکہ سے وہاں کے بسنے والوں کو نکال دینا، اللہ کے نزدیک اس سے بھی زیادہ بُرائی ہی؛

جاری رہتا اور جب مسلمان اسکے لئے طیار نہ تھے، تو پھر اسکے سوا کیا چارہ کار تھا کہ مردانہ وار لڑیں اور حق و باطل کا فیصلہ ہوجائے؟

(۳) قرآن نے جنگ کا قدم نہیں اُٹھایا، اور نہ وہ داعی امن ہوکر اٹھا سکتا تھا لیکن اُس کے خلاف اُٹھایا گیا، اور اُسنے پیٹھ نہیں دکھلائی۔

اور فتنہ (یعنے ظلم و فساد) قتل سے بھی بڑھ کر ہی (پھر بتلاؤ، ان برائیوں کا انسداد ضروری ہی، یا ایک مہینے کی حرمت کے پیچھے لگے رہنا جس کی حُرمت کا خود دشمنوں نے بھی لحاظ نہیں رکھا ہی؟)

اور (یاد رکھو) یہ لوگ تم سے برابر لڑتے ہی رہینگے۔ یہاں تک کہ اگر بن پڑے، تو تمھیں تمھارے دین سے برگشتہ کردیں۔ (کیونکہ تم میں اور اُن میں کوئی اور وجہ مخاصمت تو ہی نہیں۔ سارا جھگڑا اسی بات کا ہی کہ کیوں تم نے دین حق قبول کرلیا ہی۔ پھر کیا تم طیار ہو کہ جس بات کو حق سمجھتے ہو، محض لوگوں کے ظلم کی وجہ سے اُسے چھوڑ دو؟ اگر طیار نہیں ہو، تو ظاہر ہی کہ جنگ کے سوا کوئی چارہ نہیں) اور دیکھو، تم میں سے جو شخص اپنے دین سے برگشتہ ہوجائے گا، اور اسی حالتِ برگشتگی میں دنیا سے جائے گا، تو یاد رکھو، اُس کا شمار اُن لوگوں میں ہوگا، جن کے تمام اعمال دنیا اور آخرت میں اکارت گئے، اور ایسے ہی لوگ ہیں، جن کا گروہ دوزخی گروہ ہی۔ ہمیشہ عذاب میں رہنے والا!

۲۱۵ (برخلاف اس کے) جو لوگ ایمان لائے (اور راہ ایمان میں ثابت قدم رہے) اور جن لوگوں نے ہجرت کی سختیاں برداشت کیں، اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا، تو بلا شبہ ایسے ہی لوگ ہیں، جو اللہ کی رحمت کی (سچی) امیدواری کرنے والے ہیں؛ اور (جو کوئی اللہ کی رحمت کا سچے طریقہ پر امیدوار ہو، تو) اللہ (بھی) رحمت سے بخشدینے والا ہی!

أَرَادَا فِصَالًا عَن تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۗ وَإِنْ أَرَدتُّمْ أَن تَسْتَرْضِعُوا
أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِذَا سَلَّمْتُم مَّا آتَيْتُم بِالْمَعْرُوفِ ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ
اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝ وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنفُسِهِنَّ ۲۳۴
أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا ۖ فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِي أَنفُسِهِنَّ
بِالْمَعْرُوفِ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُم بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ ۲۳۵

(۵) جنگ کے سلسلہ میں تین سوالات پیدا ہوگئے تھے۔ اُنکے جوابات دیئے گئے:
عام طور پر سمجھا جاتا تھا (اور اب تک سمجھا جاتا ہی) کہ شراب سے لڑائی لڑنے میں مدد ملتی ہی، اور جوّا حصولِ مال کا ذریعہ ہی۔ اس غلطی کا ازالہ کردیا گیا، اور یہ اصولی حقیقت بتلادی گئی کہ صرف اشیاء کا نفع ہی نہیں دیکھنا چاہئیے، کیونکہ اضافی نفع سے تو کوئی چیز بھی خالی نہیں۔ بلکہ نفع اور نقصان، دونوں کا توازن کرنا چاہئیے۔ جس چیز میں نقصان زیادہ ہو، اُسے ترک کردینا چاہئیے، اگرچہ تھوڑا بہت نفع بھی ہو۔ اور جس چیز میں نفع زیادہ ہو، اُسے اختیار کرنا چاہئیے، اگرچہ نقصان کا بھی احتمال ہو۔

دوسرا سوال یہ تھا کہ مصارفِ جنگ کے لئے اور اسی طرح کی دوسری قومی ضرورتوں کے لئے کس قدر انفاق کیا جائے؟ فرمایا، کوئی خاص قید نہیں۔ ضروریاتِ معیشت سے جو کچھ فاضل ہو کر بچ رہے، اُس میں سے خرچ کرو۔

تیسرا سوال یتیم بچوں کی نسبت تھا۔ حکم دیا گیا کہ جس طریقہ میں اُنکے لئے اصلاح و درستگی ہو، وہی بہتر ہی، اور وہی اختیار کرنا چاہئیے۔ اور اگر تم اُنھیں اپنے گھرانے میں شامل کرلو، تو وہ تمھارے بھائی ہیں۔ کچھ غیر نہیں۔

۲۱۶ اے پیغمبر! تم سے لوگ شراب اور جوئے کی بابت دریافت کرتے ہیں۔ ان سے کہدو، ان دونوں چیزوں میں نقصان بہت ہی، اور انسان کے لئے فائدے بھی ہیں۔ لیکن اُن کا نقصان اُنکے فائدہ سے بہت زیادہ ہی (پس اُن سے احتراز کرو)

۲۱۷ اور تم سے پوچھتے ہیں، (راہِ حق میں خرچ کریں، تو) کیا خرچ کریں؟ اُن سے کہدو، جس قدر تمھاری ضروریاتِ معیشت سے فاضل ہو (یعنے زکوٰۃ کی طرح کوئی خاص مقدار معیّن نہیں کردی گئی ہی۔ جو کچھ تمھاری ضروریاتِ معیشت سے زیادہ ہو کر بچ رہے، اُس میں سے خرچ کرو) دیکھو، اللہ اس طرح کے احکام دے کر تم پر اپنی نشانیاں واضح کردیتا ہی تاکہ دنیا اور آخرت، (دونوں) کے مصالح میں غور و فکر کرو!

۲۱۸ اور لوگ تم سے یتیم بچوں کی نسبت پوچھتے ہیں۔ اُن سے کہدو، جس بات میں اُنکے لئے اصلاح و درستگی ہو، وہی بہتر ہی۔ اور اگر تم اُنکے ساتھ مِل جُل کر رہو (یعنے اُنھیں اپنے گھرانے میں شامل کرلو) تو بہر حال وہ تمھارے بھائی ہیں (کچھ غیر نہیں) اور (یاد رکھو، اللہ کی نظر سے کوئی بات پوشیدہ نہیں) وہ جانتا ہی کہ کون اصلاح کرنے والا ہی، اور کون خرابی کرنے والا ہی۔ (پس اگر تمھاری نیت بخیر ہی، تو تمھیں یتیموں کے مال کی ذمہ داری ۲۱۹ لینے سے نہیں گھبرانا چاہئیے، اور بقدرِ امکان، اصلاح و درستگی کی کوشش کرنی چاہئیے) اگر اللہ چاہتا تو تمھیں

اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ

اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ؕ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ وَ ۲۳۶

اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ لَا ۲۳۷

جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۚۖ وَّ

مَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ عَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ

۳۰ع ۴

مشقت میں ڈال دیتا (یعنے اس بارے میں سخت پابندیاں عائد کردیتا۔ کیونکہ یتیموں کے حقوق و فوائد کا معاملہ بہت ہی اہم ہی۔ لیکن اُسنے تمھاری استطاعت سے زیادہ تم پر بوجھ نہیں ڈالا) بلاشبہ وہ غلبہ و طاقت کے ساتھ حکمت بھی رکھنے والا ہی!

۲۲۰ اور دیکھو، مشرک عورتوں سے، جب تک ایمان نہ لے آئیں، نکاح نہ کرو۔ ایک مشرک عورت تمھیں (بظاہر) کتنی ہی پسند آئے، لیکن مومن عورت اس سے کہیں بہتر ہی۔ اور اسی طرح، مشرک مرد جب تک ایمان نہ لے آئیں، مومن عورتیں اُنکے نکاح میں نہ دی جائیں۔ یقیناً خدا کا مومن بندہ، ایک مشرک مرد سے بہتر ہی، اگرچہ

(۶) دشمنانِ اسلام سے جنگ کے سلسلہ میں یہ سوال پیدا ہوا کہ اُن سے مناکحت جائز ہی یا نہیں؟ فرمایا کہ مشرک مرد اور عورت سے مومن مرد اور عورت کا نکاح جائز نہیں علت بھی واضح کردی کہ جو لوگ تمھارے دین کی وجہ سے تمھارے دشمن ہوگئے ہیں اور تمھیں راہِ حق سے برگشتہ کرنا چاہتے ہیں، اُنکے ساتھ تمھارا ازدواجی رشتہ کبھی فلاح و سعادت کا موجب نہیں ہوسکتا۔

۲۲۱ بظاہر مشرک مرد تمھیں کتنا ہی پسند کیوں نہ آئے۔ یہ لوگ (یعنے مشرکین عرب) تمھیں (دینِ حق سے برگشتہ کرنا چاہتے ہیں، اور اس لئے) دوزخ کی طرف بلاتے ہیں، اور اللہ اپنے حکم سے (دینِ حق کی راہ کھول کر) تمھیں جنت اور مغفرت کی طرف بلا رہا ہی (پس ظاہر ہی کہ ایسے لوگوں کے ساتھ تمھاری سازگاری کیونکر ہوسکتی ہی؟) اللہ لوگوں کی ہدایت کے لئے اپنی آیتیں واضح کردیتا ہی، تاکہ متنبہ ہوں اور نصیحت پکڑیں!

۲۲۲ اور اے پیغمبر! لوگ تم سے عورتوں کے ماہواری ایام کے بارے میں دریافت کرتے ہیں اُن سے کہدو، وہ مضرت (کا وقت) ہی۔ پس چاہیئے کہ اُن دنوں میں عورتوں سے علیحدہ رہو۔ اور جب تک وہ (ایام سے فارغ ہوکر) پاک صاف نہ ہولیں اُن سے نزدیکی نہ کرو۔ اور (یہ بات بھی یاد رکھو کہ

مشرکین سے مناکحت کے بیان نے نکاح و طلاق اور ازدواجی زندگی کی مہمات کی طرف سلسلۂ بیان پھیر دیا ہی:

(۱) عورتوں سے اُنکے مہینے کے خاص ایام میں علیحدگی کا حکم، اور اسکی حقیقت کا

۲۳۸ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِیْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ؕ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰی ؕ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

۲۳۹ حٰفِظُوْا عَلَی الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰی ۗ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ۝

۲۴۰ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝

۲۴۱ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۚۖ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ

جب وہ پاک و صاف ہولیں اور تم اُن کی طرف ملتفت ہو، تو اللہ نے (فطری طور پر) جو بات جس طرح ٹھرا دی ہی، اُسی کے مطابق ہونی چاہیے۔ (اُس کے علاوہ کسی دوسری خلافِ فطرت بات کا خیال نہ کرو) اللہ اُن لوگوں کو دوست رکھتا ہی جو (بُرائی سے) پناہ مانگنے والے ہیں، اور اُن لوگوں کو دوست رکھتا ہی جو پاکی و صفائی رکھنے والے ہیں!

۲۲۳ (جہاں تک وظیفۂ زوجیت کا تعلق ہی) تمھاری عورتیں تمھارے لئے ایسی ہیں، جیسے کاشت کی زمین۔ پس جس طرح بھی چاہو، اپنی زمین میں (فطری طریقہ سے) کاشت کرو، اور اپنے لئے مستقبل کا سر و سامان کرو (یعنے اولاد کی پیدائش کا سر و سامان کرو) اور (اصلی بات یہ ہی کہ ہر حال میں) اللہ سے ڈرتے رہو، اور یہ بات نہ بھولو کہ (ایک دن تمھیں مرنا اور) اسکے حضور حاضر ہونا ہی (کہ تمھارے اندر دینداری کی سچی روح پیدا ہو) اور اُنکے لئے جو ایمان رکھتے ہیں (دینِ حق کی سہولتوں اور بے جا قید و بند سے پاک ہونے کی) بشارت ہی!

۲۲۴ اور دیکھو، ایسا نہ کرو کہ کسی کے ساتھ بھلائی کرنے، یا پرہیزگاری کی راہ اختیار کرنے، یا لوگوں کے درمیان صلح صفائی کرا دینے کے خلاف قسمیں کھا کر اللہ کے نام کو نیکی سے بچ نکلنے کا بہانہ بنالو،

اعلان کہ علحدگی کا سبب یہ نہیں ہی کہ عورتیں ناپاک ہو جاتی ہیں اور ملنے جلنے اور چھونے کے قابل نہیں رہتیں، جیسا کہ یہودیوں کا خیال تھا، بلکہ صرف یہ بات ہی کہ ان ایام میں زناشوئی کا تعلق مضر ہی، اور صفائی اور طہارت کے خلاف ہی۔

(۲) فطرت نے مرد اور عورت کے باہم ملنے اور وظیفۂ زوجیت ادا کرنے کے لئے جو بات جس طرح ٹھرا دی ہی، اُسی طرح ہونی چاہیے۔ اسکے سوا اور کوئی بات نہیں ہونی چاہیے۔ اللہ کی پسندیدگی اُن کے لئے ہی جو ناپاکی کی تمام باتوں سے اپنی نگہداشت کرتے ہیں۔

(۳) اس معاملہ کی نسبت جو وہم پرستیاں لوگوں میں پھیلی ہوئی ہیں، اور طرح طرح کی قیدیں اپنے پیچھے لگا رکھی ہیں۔ مثلاً کسی خاص طریقہ کو جائز سمجھتے ہیں، کسی کو ناجائز، کسی خاص طریقہ میں برکت سمجھتے ہیں، کسی میں نحوست، تو انکی کوئی اصلیت نہیں جس طرح بھی چاہو، فطری طریقہ سے یہ معاملہ کر سکتے ہو۔

اس گمراہی کا ازالہ کہ ازدواجی زندگی کی اہمیت سے لوگ بے پروا تھے، اور باتیں چھوٹی ہو گئی تھیں۔ طرح طرح کی بے معنی قسمیں کھا لیتے، اور پھر سمجھتے کہ رشتہ نکاح ٹوٹ گیا

(۱) کسی جائز اور نیکی کی بات کے خلاف قسم کھا لینی اور خدا کے نام کو اُس کے نہ کرنے کا ذریعہ

اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ فَلَمَّا
۲۵۰ فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّىْ ۚ وَ
مَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّىْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً ۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ فَلَمَّا
جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۙ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ
يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةً ۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ

رشتہ کوئی ایسی چیز نہیں ہو کہ جس گھڑی چاہا، بات کی بات میں توڑ کر رکھ دیا۔ اُس کے توڑنے کے لئے مختلف منزلوں سے گزرنے، اچھی طرح سوچنے سمجھنے کے بعد دیگرے اصلاح کی مہلت پانے، اور پھر اصلاح حال سے بالکل مایوس ہو کر، آخری فیصلہ کرنے کی ضرورت ہو۔

(۵) شوہر کے لئے جائز نہیں کہ جو کچھ بیوی کو دے چکا ہو، یا دیا گیا ہو، طلاق دیتے ہوئے واپس لے لے۔ (جیسا کہ عرب جاہلیت میں لوگ کیا کرتے تھے)

(۶) ہاں، اگر ایسی صورت پیش آجائے کہ شوہر طلاق دینا نہ چاہتا ہو، نہ اُسکے طرف سے کوئی قصور ہو، لیکن کسی وجہ سے آپس میں بنتی نہ ہو، اور اندیشہ پیدا ہو گیا ہو کہ ازدواجی زندگی کے فرائض ادا نہ ہو سکیں گے، تو اس صورت میں اگر عورت کہے، میں اپنا مہر یا اُس کا کوئی حصہ چھوڑ دیتی ہوں، اور شوہر اس کے بدلے میں طلاق دیدے، تو ایسی معاملت ہو سکتی ہے۔ اسی کو "خُلع" کہتے ہیں۔

(۷) نکاح کا مقصد یہ نہیں ہو کہ ایک مرد اور ایک عورت کسی نہ کسی طرح ایک دوسرے کے سر پڑ جائیں، اور نہ یہ ہو کہ عورت کو مرد کی خود غرضانہ کامجوئیوں کا آلہ بنا دیا جائے، بلکہ مقصود حقیقی یہ ہو کہ دونوں کے ملاپ سے ایک کامل اور خوشحال ازدواجی زندگی پیدا ہو جائے۔ ایسی زندگی جبھی پیدا ہو سکتی ہو جبکہ آپس میں محبت و سازگاری ہو، اور "حدود اللہ" یعنے خدا کے ٹھرائے ہوئے واجبات وحقوق ادا کئے جائیں۔ پس اگر کسی وجہ سے ایسا نہیں ہو، تو نکاح کا مقصود حقیقی فوت ہو گیا، اور ضروری ہو گیا کہ دونوں فریق کے لئے تبدیلی کا دروازہ کھول دیا جائے۔ اگر مقصود نکاح کے ۲۳۰ فوت ہو جانے پر بھی علٰحدگی کا دروازہ نہ کھولا جاتا، تو یہ انسان کے آزادانہ حق انتخا

(یعنے تیسرے مہینے تیسری طلاق دے کر جُدا ہو جانا ہی) اور تمھارے لئے جائز نہیں کہ جو کچھ اپنی بیویوں کو دے چکے ہو، (طلاق دیتے ہوئے) اُس میں سے کچھ واپس لے لو۔ ہاں اگر شوہر اور بیوی کو اندیشہ پیدا ہو جائے کہ اللہ کے ٹھرائے ہوئے واجبات وحقوق ادا نہ ہو سکیں گے (تو باہمی رضامندی سے ایسا ہو سکتا ہی) تو اگر تم دیکھو، ایسی صورت پیدا ہو گئی ہو کہ (واقعی) اندیشہ ہی، خدا کے ٹھرائے ہوئے واجبات وحقوق ادا نہ ہو سکیں گے، تو پھر شوہر اور بیوی کے لئے اسمیں کچھ گناہ نہ ہو گا، اگر بیوی (اپنا پیچھا چھڑانے کے لئے) بطور معاوضہ کے (اپنے حق میں سے) کچھ دیدے (اور شوہر اُسے لے کر علٰحدگی پر راضی ہو جائے) یاد رکھو، یہ اللہ کی ٹھرائی ہوئی حد بندیاں ہیں پس ان سے قدم باہر نہ نکالو (اور اپنی اپنی حدوں کے اندر رہو) جو کوئی اللہ کی ٹھرائی ہوئی حد بندیوں سے نکل جائے گا، تو ایسے ہی لوگ ہیں جو ظلم کرنے والے ہیں!

اگر ایسا ہوا کہ ایک شخص نے (دو طلاقوں کے

۲۵۱ الصّٰبِرِیْنَ ۝ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا
۲۵۲ وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝ فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ۫ وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ
الْمُلْکَ وَالْحِکْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا یَشَآءُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ
۲۵۳ الْاَرْضُ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ۝ تِلْکَ اٰیٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَیْکَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّکَ
۲۵۴ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۝ **تِلْکَ الرُّسُلُ** فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰی بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ کَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ
بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَیْنَا عِیْسَی ابْنَ مَرْیَمَ الْبَیِّنٰتِ وَاَیَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ

بعد رجوع نہ کیا، اور تیسرے مہینے تیسری) طلاق دیدی، تو پھر (دونوں میں قطعی جدائی ہوگئی، اور اب) شوہر کے لئے وہ عورت جائز نہ ہوگی، جب تک کہ کسی دوسرے مرد کے نکاح میں نہ آجائے۔

کے خلاف ایک ظالمانہ رکاوٹ ہوتی، اور ازدواجی زندگی کی سعادت سے سوسائٹی کو محروم کردیتا ہوتا۔

پھر اگر ایسا ہو کہ دوسرا مرد (نکاح کرنے کے بعد خود بخود) طلاق دیدے، (اور مرد و عورت از سر نو ملنا چاہیں) تو ایک دوسرے کی طرف رجوع کرسکتے ہیں۔ اسمیں اُنکے لئے کوئی گناہ نہیں۔ بشرطیکہ دونوں کو توقع ہو، اللہ کی ٹھہرائی ہوئی حدبندیوں پر قائم رہ سکیں گے (یعنے حقوق و واجبات ادا کرسکیں گے، اور محبت و سازگاری کے ساتھ رہینگے کہ ہر حال میں اصل مقصود نکاح و طلاق سے یہی ہے)

اور (دیکھو) یہ اللہ کی ٹھہرائی ہوئی حدبندیاں ہیں، جنھیں وہ ان لوگوں کے لئے جو (مصالح معیشت کا) علم رکھتے ہیں، واضح کردیتا ہے!

۲۳۱ اور جب ایسا ہو کہ تم اپنی عورتوں کو طلاق دیدو، اور اُن کی (عدت کی) مدت پوری ہونے کو آئے، تو پھر (تمھارے لئے دو ہی راستے ہیں) یا تو (طلاق سے رجوع کرکے) اُنھیں ٹھیک طریقہ پر روک لو، یا (آخری طلاق دے کر) ٹھیک طریقہ پر جانے دو۔ ایسا نہ کرو کہ اُنھیں نقصان پہونچانے کے لئے روکے رکھو، تاکہ اُن پر جور و ستم کرو (یعنے نہ تو رجوع کرو۔ نہ

(۸) یا تو عورت کو بیوی کی طرح رکھنا چاہئے اور اُسکے حقوق ادا کرنے چاہئیں، یا طلاق دیکر اُس کی راہ کھول دینی چاہئے۔ یہ نہیں کرنا چاہئے کہ نہ تو بیوی کی طرح رکھو، نہ طلاق دیکر اُس کی راہ کھولو۔ بیچ میں لٹکائے رکھو۔ (جیسا کہ عرب جاہلیت میں لوگ کیا کرتے تھے)

(۹) ازدواجی زندگی کا معاملہ نہایت اہم اور نازک ہے، اور مرد کی خود غرضیوں اور نفس پرستیوں سے ہمیشہ عورتوں کی حق تلفی ہوئی ہو۔ اس لئے خصوصیت کے ساتھ یہاں مسلمانوں کو نصیحت کی گئی کہ اللہ نے اُنھیں "نیک ترین" امت ہونے کا مرتبہ عطا

اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۟ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝ ع ٣٣

٢٥٥ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ وَّلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝

٢٥٦ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ

فرمایا ہے، اور کتاب و حکمت کی تعلیم نے ہدایت و موعظت کے تمام پہلو واضح کر دیئے ہیں، پس اپنے جماعتی شرف و مقام کی ذمہ داریوں سے غافل نہ ہوں، اور ازدواجی زندگی میں اخلاق و پرہیزگاری کا بہترین نمونہ بنیں۔ ضمناً اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ جس جماعت کے افراد کی ازدواجی زندگی درست نہیں ہے، وہ کبھی ایک فلاح یافتہ جماعت نہیں ہو سکتی۔

جانے دو۔ بیچ میں لٹکائے رکھو، تاکہ تمھارا جور و ستم سہتی رہیں، اور بے بسی کی وجہ سے کچھ نہ کر سکیں) اور یاد رکھو، جو کوئی ایسا کرے گا، تو (اگرچہ وہ اپنے نزدیک ایک دوسری جان پر ظلم کر رہا ہو، لیکن فی الحقیقت) اپنے ہاتھوں خود اپنا ہی نقصان کریگا! (کیونکہ ازدواجی زندگی کی سعادت سے محروم ہو جائے گا اور اللہ کے حضور گناہ گار ہوگا)

اور (دیکھو) ایسا نہ کرو کہ اللہ کے حکموں کو ہنسی کھیل بنا لو (کہ آج نکاح کر لو۔ کل بلا وجہ طلاق دیدو۔ یا ازدواجی زندگی کے واجبات و حقوق ملحوظ رکھنے کی جگہ محض اپنی نفسانی خواہشوں کی بنا پر رشتے جوڑنے اور توڑنے لگو) اللہ کا اپنے اوپر احسان یاد کرو، اُس نے کتاب و حکمت میں سے جو کچھ نازل کیا ہے اور اُس کے ذریعہ تمھیں نصیحت کرتا ہے، اُسے نہ بھولو۔ اللہ سے ڈرو، اور یاد رکھو کہ اُس کے علم سے کوئی بات باہر نہیں!

٢٣٢ اور جب تم نے عورتوں کو طلاق دیدی اور وہ اپنی (عدت کی) مدت پوری کر چکیں تو (پھر اُنھیں اپنی پسند سے دوسرا نکاح کر لینے کا اختیار ہے) اگر وہ اپنے (ہونے والے) شوہروں سے مناسب طریقہ پر نکاح کرنا چاہیں اور دونوں آپس میں رضامند ہو جائیں، تو اس سے اُنھیں نہ روکو (اور اُنکے نکاح کر لینے کا ہما

(۱۰) جب عورت کو طلاق دیدی گئی، اور اُس نے عدت کا زمانہ پورا کر لیا، تو پھر اُسے اختیار ہے جس سے چاہے، ٹھیک طریقہ پر نکاح کرلے۔ نہ تو اُسے دوسرے نکاح سے روکنا چاہیئے، نہ اُس کی پسند کے خلاف اُسپر زور ڈالنا چاہیئے، اور نہ اس بات پر ناراض ہونا چاہیئے۔ چونکہ اس بارے میں مردوں کی طرف سے زیادتی کا اندیشہ تھا، اس لئے خصوصیت کے ساتھ اس پر زور دیا گیا، اور فرمایا، اگر تم اللہ پر اور آخرت پر ایمان رکھتے ہو، تو اس حکم کی نافرمانی سے بچو گے!

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۖ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ ۖ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ۝ لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ ۖ قَد ۲۵۷
تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَن يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِن بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ
الْوُثْقَىٰ لَا انفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ اللَّهُ وَلِيُّ الَّذِينَ آمَنُوا يُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ ۲۵۸

نہ مانو تم میں سے ہر اُس انسان کو، جو اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہی، اس حکم کے ذریعہ نصیحت کی جاتی ہی! اسی بات میں تمھارے لئے زیادہ برکت اور زیادہ پاکی ہی، اور اللہ جانتا ہی (کہ تمھارے لئی بہتری کی راہ کونسی ہی) مگر تم نہیں جانتے!

۲۳۳ اور جو شخص (اپنی بیوی کو طلاق دیدے، اور بیوی کی گود میں بچہ ہو، اور وہ) ماں سے بچے کو دودھ پلوانا چاہے، تو اس صورت میں چاہئے، پورے دو برس تک ماں بچے کو دودھ پلائے (کہ یہی دودھ پلانے کی پوری مدت ہی) اور جس کا بچہ ہے، اُس پر لازم ہے کہ ماں کے کھانے کپڑے کا مناسب طریقہ پر انتظام کر دے (یہ انتظام ہر شخص کی حالت اور حیثیت کے مطابق ہونا چاہئے۔ اصل اس بارے میں یہ ہو کہ) کسی شخص پر اُس کی وسعت سے زیادہ بوجھ نہ ڈالا جائے۔

(۱۱) طلاق کی صورت میں ایک نہایت اہم سوال چھوٹے بچّوں کی پرورش کا تھا۔ ماں باپ کی علیحدگی کے بعد دودھ پیتے بچّوں کی پرورش کا انتظام کیا ہو؟ اس بارے میں طرح طرح کی خرابیوں کا اندیشہ تھا۔ پس انکا سدِّباب کر دیا گیا۔ بڑا محل نقصان پہنچنے کا ماں تھی، کہ طلاق کی وجہ سے جدا ہو گئی تھی، اور محبت مادری کی وجہ سے مجبور تھی کہ بچے کو دودھ پلائے۔ پس حکم دیا گیا کہ دودھ پلاتے تک اُس کا خرچ باپ کے ذمہ ہی، اور دودھ پلانے کی مدّت دو برس ہی۔ ساتھ ہی اس بارے میں دو بنیادی قاعدے بھی واضح کر دیئے "نہ تو ماں کو اُس کے بچے کی وجہ سے نقصان پہنچایا جائے اور نہ باپ کو" اور "کسی پر اُسکی وسعت سے زیادہ خرچ کا بار نہیں"

نہ تو ماں کو اُس کے بچے کی وجہ سے نقصان پہونچایا جائے۔ نہ باپ کو اُس کے بچے کی وجہ سے (دونوں کے حقوق اور احساسات کی رعایت کرنی چاہئے)

اور (اگر باپ کا اس اثناء میں انتقال ہو جائے، تو جو اُس کا) وارث (ہو، اُس) پر (عورت کا کھانا کپڑا) اسی طرح ہے (جس طرح باپ کے ذمہ تھا)

پھر اگر (کوئی ایسی صورت پیش آجائے کہ) ماں باپ آپس کی رضامندی اور صلاح مشورہ سے (قبل از مدّت) دودھ چھڑانا چاہیں، تو (ایسا کر سکتے ہیں) اُن پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔

اور اگر تم چاہو، اپنے بچوں کو (ماں کی جگہ کسی دوسری عورت سے) دودھ پلواؤ، تو اسمیں بھی کوئی گناہ نہیں، بشرطیکہ (ماؤں کی حق تلفی نہ کرو، اور) جو کچھ اُنھیں دینا کیا تھا۔ دستور کے مطابق اُنکے حوالہ کر دو

إِلَى النُّورِ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَوْلِيَاؤُهُمُ الطَّاغُوتُ يُخْرِجُونَهُم مِّنَ النُّورِ إِلَى الظُّلُمَاتِ ۗ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿۲۶۹﴾ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِي حَاجَّ إِبْرَاهِيمَ فِي رَبِّهِ أَنْ آتَاهُ اللَّهُ الْمُلْكَ إِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّيَ الَّذِي يُحْيِي وَيُمِيتُ قَالَ أَنَا أُحْيِي وَأُمِيتُ ۖ قَالَ إِبْرَاهِيمُ فَإِنَّ اللَّهَ يَأْتِي بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِي كَفَرَ ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي

ع ۳۴ / ۴ / ۲ — وقف لازم

اور دیکھو، (ہر حال میں) اللہ سے ڈرتے رہو، اور یقین رکھو، کہ جو کچھ تم کرتے ہو، اللہ کی نظریں اُسے دیکھ رہی ہیں!

۲۳۴ اور تم میں سے جو لوگ وفات پا جائیں، اور اپنے پیچھے بیویاں چھوڑ جائیں، تو اُنھیں چاہیے، چار مہینے دس دن تک (عدتِ وفات میں) اپنے آپ کو روکے رکھیں۔ پھر جب وہ یہ مدت پوری کر لیں، تو (اُنھیں اپنے معاملہ کا اختیار ہے) وہ جو کچھ جائز طریقہ پر اپنے لئے کریں (یعنے اپنے دوسرے نکاح کی طیاری کریں) اُس کے لئے تمھارے سر کوئی الزام نہیں (کہ تم نکاح سے مانع آؤ، یا زیادہ عرصہ تک سوگ کرنے پر مجبور کرو) اور تم جو کچھ بھی کرتے ہو، اللہ اُس کی خبر رکھنے والا ہے!

جو عورتیں بیوہ ہو جائیں، ان کی نسبت احکام، اور اُن مفاسد کا انسداد جو اس بارے میں پھیلے ہوئے تھے:

(۱) وفات کی عدت چار مہینے دس دن مقرر کر کے اُن مفاسد کی اصلاح کر دی جو اس بارے میں افراط و تفریط کا موجب تھے۔ نہ تو عورت فوراً ہی دوسرا نکاح کر سکتی ہو کہ اس میں معاملۂ نکاح کی بے وقعتی اور مرحوم شوہر کے تذکار و محبت سے تغافل ہو، نیز نسب بھی مشتبہ ہو جا سکتا ہو۔ اور نہ یہ ہونا چاہیے کہ زیادہ مدت تک عورت کو شوہر کا سوگ منانے کے لئے مجبور کیا جائے۔

(۲) اگر عورت عدت کے بعد دوسرا نکاح کرنا چاہے تو اُسے نہیں روکنا چاہیے، اور نہ اس بات کا خواہشمند ہونا چاہیے کہ عدت کی مقررہ مدت سے زیادہ شوہر کا سوگ کرے (جیسا کہ عرب جاہلیت میں لوگ کیا کرتے تھے)

(۳) نکاح کے بارے میں عورت سے جو کچھ بھی نامہ و پیام کیا جائے، علانیہ اور دستور کے مطابق ہونا چاہیے۔ چوری چھپے نہیں ہونا چاہیے کہ اس میں طرح طرح کے مفاسد پیدا ہو سکتے ہیں۔

(۴) جب تک عدت کی مدت پوری نہ ہو جائے، نکاح کا قول و قرار نہیں کرنا چاہیے۔

۲۳۵ اور (جن بیوہ عورتوں سے تم نکاح کرنا چاہو، تو) تمھارے لئے کوئی گناہ نہیں اگر اشارہ کنایہ میں اپنا خیال اُن تک پہنچا دو۔ یا اپنے دل میں نکاح کا ارادہ پوشیدہ رکھو۔ اللہ جانتا ہے کہ (قدرتی طور پر) اُن کا خیال تمھیں آئے گا، لیکن ایسا نہیں کرنا چاہیے کہ چوری چھپے نکاح کا وعدہ کر لو۔ اِلّا یہ کہ دستور کے مطابق کوئی بات کہی جائے (یعنے مناسب پیرایہ میں کوئی اشارہ کر دیا جائے، اور مقصود جائز طریقہ پر نکاح کا پیام دینا ہو)

۲۳۶ اور جب تک ٹھہرائی ہوئی مدت (یعنے عدت) پوری نہ ہو جائے، نکاح کی گرہ نہ کسو (کہ عدت کی حالت میں عورت کے لئے نکاح کی طیاری جائز نہیں)

۲۶۰ الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰى قَرْیَةٍ وَّ هِیَ خَاوِیَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى یُحْیٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَ شَرَابِكَ لَمْ یَتَسَنَّهْ ۚ وَ انْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ ن‍ع وَ لِنَجْعَلَكَ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَ انْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَیْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا

اور یقین کرو، جو کچھ تمھارے اندر (اس بارے میں نفس کی پوشیدہ کمزوری) ہے، اللہ اُسے اچھی طرح جانتا ہے، پس اُس سے ڈرتے رہو، اور جان لو کہ اللہ بخشنے والا، اور (نفس انسانی کی کمزوریوں کے لئے بہت) بُردبار ہے!

۲۳۷ اور اگر (ایسی صورت پیش آجائے کہ) بغیر اسکے کہ تم نے عورت کو ہاتھ لگایا ہو، اور اسکے لئے جو کچھ (مہر) مقرر کرنا تھا، مقرر کیا ہو، طلاق دیدو، تو (ایسا بھی کرسکتے ہو) اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں۔

البتہ ایسی صورت میں (عورت کو رشتہ جوڑنے اور پھر توڑ دینے سے جو نقصان پہنچا ہے، اُس کے معاوضہ میں ضروری ہے کہ) اُسے فائدہ پہنچاؤ۔ ایسا فائدہ جو دستور کے مطابق پہنچایا جائے۔ مقدور والا اپنی حیثیت کے مطابق دے، تنگ دست اپنی حالت کے مطابق۔ نیک کردار آدمیوں کے لئے ضروری ہے کہ ایسا کریں!

اگر نکاح کے بعد شوہر اور بیوی میں کوئی تعلق نہ ہوا ہو، اور شوہر طلاق دیدے، تو اس صورت میں مہر کے احکام، اور عورتوں کی حق تلفی کی امکانی صورتوں کا تدارک:

(۱) اگر مہر کی رقم متعین نہ ہوئی ہو، تو اس صورت میں چاہئے، مرد اپنی مقدور کے مطابق جسقدر دے سکتا ہے دیدے۔

(۲) اگر معیّن ہو، تو اس صورت میں آدھا مہر عورت کا حق ہوگا۔ اگر مرد اس سے زیادہ بھلائی کرسکے تو یہ تقوے اور فضیلت کی بات ہوگی

(۳) اس اصولی حقیقت کی تلقین کہ نکاح کے معاملہ میں مرد کا ہاتھ عورت سے زیادہ قوی ہے۔ اس لئے چاہئے کہ ہر معاملہ میں عفو و بخشش بھی اُسی کی طرف سے زیادہ ہو، نہ کہ عورت کی طرف سے۔

۲۳۸ اور اگر ایسا ہو کہ تم نے ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دیدی ہو، اور جو کچھ (مہر) مقرر کرنا تھا، مقرر کرچکے ہو، تو اس صورت میں مقررہ مہر کا آدھا دینا چاہئے۔ اِلّا یہ کہ عورت (اپنی خوشی سے) معاف کردے یا (مرد) جس کے ہاتھ میں نکاح کا سررشتہ ہے (پورا مہر دے کر آدھی رقم رکھ لینے کے حق سے) درگزرے۔ اور اگر تم (مرد) درگزر کروگے، تو یہ زیادہ تقوے کی بات ہوگی۔ دیکھو، آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ احسان اور بھلائی کرنا نہ بھولو، اور یاد رکھو، جو کچھ تم کرتے ہو، اللہ کی نظر سے مخفی نہیں ہے!

۲۳۹ اور (دیکھو) اپنی نمازوں کی حفاظت میں کوشاں رہو خصوصاً ایسی نماز کی جو (اپنے ظاہر و

لیکن انسان، جو خواہشوں کا بندہ اور غرض پرستیوں کی مخلوق ہے، کیونکر ایسی اخلاقی طاقت پیدا کرسکتا ہے کہ ازدواجی زندگی کی اخلاقی

۲۶۱ نَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِیْ كَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی ؕ قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّیَطْمَىِٕنَّ قَلْبِیْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّیْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَیْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ یَاْتِیْنَكَ سَعْیًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ ۝ ۲۶۲ مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ

رکوع ۳۵ / ۴

آزمائشوں میں پورا اُترے؟

اس کی راہ صرف یہ ہے کہ خداپرستی کی سچی روح پیدا کرے، اور خداپرستی کی سچی روح پیدا کرنے کا ذریعہ، خدا کی عبادت ہے۔ پس چاہئے کہ نماز کی محافظت کرو، اور نماز میں کھڑے ہو، تو اس طرح کھڑے ہو، کہ خشوع و خضوع میں ڈوبے ہوئے ہو!

خوف و جنگ کی حالت میں بھی نماز سے غفلت جائز نہیں جس طرح بھی بن پڑے، نماز بروقت ادا کرلینی چاہئے۔

باطن میں) بہترین نماز ہو[۱] اور اللہ کے حضور کھڑے ہو، تو اس طرح کھڑے ہو کہ ادب و نیاز میں ڈوبے ہوئے ہو!

۲۴۰ پھر اگر ایسا ہو کہ تمھیں (دشمن کا) ڈر ہو (اور مقررہ صورت میں نماز نہ پڑھ سکو) تو پیدل ہو یا سوار جس حالت میں بھی ہو، اور جس طرح بھی بن پڑے نماز پڑھ لو۔

پھر جب تم مطمئن ہو جاؤ (اور خوف و جنگ کی حالت باقی نہ رہے) تو چاہئے کہ اُسی طریقہ سے اللہ کا ذکر کیا کرو (یعنے نماز پڑھو) جس طرح اُس نے تمھیں سکھلا دیا ہے، اور جو تمھیں پہلے معلوم نہ تھا۔

۲۴۱ اگر شوہر نے وصیت کر دی ہو کہ ایک برس تک عورت اُس کے گھر میں رہے اور نان و نفقہ پائے (یعنے ایک سال تک سوگ منائے اور گھر سے نہ نکلے، جیسا کہ عرب جاہلیت میں دستور تھا) تو ایسی وصیت اب واجب التعمیل نہیں کیونکہ وفات کی عدت چار ماہ دس دن مقرر کر دی گئی ہے۔

اور جو لوگ تم میں سے وفات پائیں اور اپنے پیچھے بیوہ عورتیں چھوڑ جائیں، اور (مرنے سے پہلے اس طرح کی) وصیت کر جائیں کہ برس دن تک انھیں نان و نفقہ دیا جائے اور گھر سے نہ نکالی جائیں، اور پھر ایسا ہو کہ وہ (اس مدت سے پہلے) گھر چھوڑ دیں، (اور دوسرا نکاح کرلیں یا نکاح کی بات چیت کریں) تو جو کچھ وہ جائز طریقہ پر اپنے لئے کریں، اس کے لئے تم پر کوئی گناہ عائد نہ ہوگا (کہ تم انھیں وصیت کی تعمیل کے خیال سے روکو، اور سال بھر تک سوگ منانے پر مجبور کرو) یاد رکھو، اللہ سب پر غالب اور (اپنے ہر کام میں) حکمت رکھنے والا ہے!

۲۴۲ نکاح و طلاق کے احکام کا بیان ختم کرتے ہوئے، مطلقہ عورتوں کے

اور (یاد رکھو) جن عورتوں کو طلاق دیدی گئی ہو

[۱] "صلوٰۃ وسطیٰ" کی ایک تفسیر تو یہی ہے جو ہم نے اختیار کی ہے۔ دوسری تفسیر یہ ہے کہ یہاں "وسطیٰ" سے مقصود درمیانی چیز ہے، اور اس لئے پانچ وقت کی نمازوں میں سے کسی خاص درمیانی نماز کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ جن مفسرین نے یہ تفسیر اختیار کی ہے، وہ بخاری و مسلم کی حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ جب جنگِ احزاب میں عصر کا وقت نکل گیا، تو آنحضرت (صلعم) نے فرمایا "شغلونا عن الصلوٰۃ الوسطیٰ حتیٰ غابت الشمس" دشمنوں نے ہمیں صلوٰۃ وسطیٰ سے باز رکھا یہاں تک کہ سورج ڈوب گیا۔ پس صلوٰۃ وسطیٰ سے مقصود عصر کی نماز ہے۔

كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ
۲۶۳ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ
مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝
۲۶۴-۲۶۵ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ۝ يٰٓاَيُّهَا

لئے احسان و سلوک کا مکرر حکم، کیونکہ اس معاملہ میں شتہ کار مردوں کے ہاتھ میں تھا اور عورتوں کا پہلو کمزور تھا، اس لئے ضروری تھا کہ بار بار حسن سلوک اور عفو و درگزر پر زور دیا جائے۔

تو چاہئے کہ انھیں مناسب طریقہ پر فائدہ پہنچایا جائے (یعنے اُنکے ساتھ حسن قدر حسن سلوک کیا جاسکتا ہے،
کیا جائے) متقی انسانوں کے لئے ایسا کرنا لازمی ہے۔

۲۴۳ اس طرح اللہ تم پر اپنی آیتیں واضح کر دیتا ہے تاکہ عقل سے کام لو، اور سوچو سمجھو (کہ تمھاری معاشرتی زندگی کی فلاح و سعادت احکام الٰہی کی ٹھیک ٹھیک تعمیل پر موقوف ہے)

اب یہاں سے سلسلۂ بیان پھر اُسی طرف پھرتا ہے، جہاں سے نکاح و طلاق کا بیان شروع ہوا تھا۔ یعنے جہاد کے احکام و مصالح کی طرف: جو جماعت موت سے ڈرتی ہے، وہ کبھی زندگی کی کامرانیاں حاصل نہیں کر سکتی۔ بنی اسرائیل کے ایک گروہ کی عبرت انگیز سرگزشت جسنے باوجود کثرت تعداد کے، جہاد سے اعراض کیا تھا۔

---

۲۴۴ (اے پیغمبر!) کیا تم نے اُن لوگوں کی سرگزشت پر غور نہیں کیا جو اپنے گھروں سے نکل کھڑے ہوئے تھے، اور باوجودیکہ ہزاروں کی تعداد میں تھے، مگر (دلوں کی بے طاقتی کا یہ حال تھا کہ) موت کے ڈر سے بھاگ گئے تھے؟ (یعنے باوجود کثرت تعداد کے، اُنھوں نے حملہ آور دشمن کا مقابلہ نہیں کیا تھا، اور اپنا گھر بار چھوڑ کر راہِ فرار اختیار کی تھی۔ جب اُن بزدلوں نے ایسا کیا) تو اللہ کا حکم ہوا، (تم موت کے ڈر سے بھاگ رہے ہو، تو دیکھو) اب تمھارے لئے موت ہی ہے۔ (یعنے اُن کی بزدلی کی وجہ سے دشمن اُن پر غالب آ گئے، اور زندگی و کامرانی سے محروم ہو گئے) پھر (ایسا ہوا کہ) اللہ نے انھیں زندہ کر دیا (یعنے عزم و ثبات کی ایسی روح اُن میں پیدا ہو گئی، کہ دشمنوں کے مقابلہ پر آمادہ ہو گئے، اور فتحمند ہوئے) یقیناً اللہ انسان کے لئے بڑا ہی فضل و بخشش رکھنے والا ہے (کہ بڑی سے بڑی گمراہی کے بعد بھی اصلاح حال کا دروازہ اُن پر بند نہیں ہوتا) لیکن (افسوس انسان کی غفلت پر!) اکثر آدمی ایسے ہیں جو (اُس کے فضل و بخشش کی قدر شناسی کرنے کی جگہ) ناشکری کرنے والے ہیں!

۲۴۵ اور (دیکھو!) اللہ کی راہ میں (جنگ پیش آجائے، تو موت سے نہ ڈرو، بے خوف ہو کر) لڑو! اور یقین کرو، اللہ سننے والا، اور سب کچھ جاننے والا ہے! (پس نہ تو تمھارے دلوں کا کھوٹ اُس سے پوشیدہ

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ كَالَّذِىْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَىْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ۲۶۶ وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۢ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ ۲۶۷ اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ

رہ سکتا ہے، نہ وہ مظلوموں کی فریاد سے غافل ہو سکتا ہے!)

۲۴۶ کون ہے، جو (انسان کی جگہ خدا سے معاملہ کرتا ہے، اور) خدا کو خوشدلی کے ساتھ قرض دیتا ہے، تاکہ خدا اُس کا قرض دگنا سوگنا زیادہ کرکے ادا کردے؟ (یعنے مالِ حقیر راہِ حق میں خرچ کرکے، دین و دنیا کی بے شمار برکتیں اور سعادتیں حاصل کرلے؟) اور (باقی رہا تنگ دستی کا خوف جس کی وجہ سے تمھارا ہاتھ رُک جاتا ہے، تو یاد رکھو،) تنگی اور کشائش، دونوں کا رشتہ اللہ ہی کے ہاتھ ہے، اور اُسی کے حضور تم سب کو لوٹنا ہے!

> راہِ جہاد میں مال خرچ کرنا، اللہ کو قرض دینا ہے۔

۲۴۷ (اے پیغمبر!) کیا تم نے اس واقعہ پر غور نہیں کیا جو موسیٰ کے بعد بنی اسرائیل کے سرداروں کو پیش آیا تھا؟ بنی اسرائیل کے سرداروں نے اپنے عہد کے نبی سے درخواست کی تھی کہ ہم اللہ کی راہ میں جنگ کرینگے۔ ہمارے لئے ایک حکمران مقرر کردو۔ نبی نے کہا (مجھے امید نہیں کہ تم ایسا کرسکو) اگر تمھیں لڑائی کا حکم دیا گیا، تو کچھ بعید نہیں کہ تم لڑنے سے انکار کردو۔ سرداروں نے کہا، ایسا کیونکر ہو سکتا ہے کہ ہم اللہ کی راہ میں نہ لڑیں، حالانکہ ہم اپنے گھروں سے نکالے جاچکے ہیں، اور اپنی اولاد سے علیحدہ ہو چکے ہیں؟ لیکن پھر دیکھو، جب ایسا ہوا کہ انھیں جنگ کا حکم دیا گیا (اور اُس کا تمام سروسامان کردیا گیا) تو (اُن کی ساری گرمجوشیاں ٹھنڈی پڑ گئیں، اور) ایک قلیل تعداد کے سوا، سب نے پیٹھ دکھلادی۔ اور اللہ نافرمانوں (کے دلوں کے کھوٹ) سے ناواقف نہیں (وہ جانتا ہے کہ کون عزم و عمل کے دعووں میں سچے ہیں، اور کن کے دل ایمان و حق پرستی کی روح سے خالی ہیں!)

> طالوت (ساؤل) کی قیادت و فرمانروائی، اور بنی اسرائیل اور فلسطینیوں کے مقابلہ کی سرگزشت، اور قوموں کے ضعف و قوت اور فتح و ہزیمت کے بعض اہم حقائق:
>
> (۱) جس گروہ میں صبر و استقامت کی سچی روح نہیں ہوتی، اُس میں بسا اوقات سعی و عمل کے دعوے پیدا ہو جاتے ہیں، لیکن جب آزمائش کا وقت آتا ہے، تو بہت کم نکلتے ہیں جو راہِ عمل میں ثابت قدم رہنے والے ہوں۔

۲۴۸ اور پھر ایسا ہوا کہ اُن کے نبی نے کہا، اللہ نے تمھارے

> (۱) حکومت و قیادت کی جس میں قدرتی صلاحیت ہوتی ہے، وہی اس کا اہل ہوتا ہے۔ اگرچہ مال و دولت اور دنیوی عزت و جاہ سے خالی ہو۔

مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ
وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاۗءُ ښ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ
الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا ٢٦٨
لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۠ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا ٢٦٩
فِيْهِ ۭ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ حَمِيْدٌ ۝ اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَاۗءِ ۚ وَ ٢٧٠

لئے طالوت کو بہ حیثیت حکمران کے مقرر کردیا ہی (سو اُس کی اطاعت کرو، اور اُس کے ماتحت جنگ کے لئے طیار ہو جاؤ۔ جب سرداروں نے یہ بات سُنی، تو بجائے اس کے کہ اپنی فرماں برداری سے استعداد کار کا ثبوت دیتے، لگے طالوت کے انتخاب پر طرح طرح کے اعتراض کرنے!) اُنھوں نے کہا "یہ کیسے ہوسکتا ہی کہ اُسے ہم پر حکمرانی مل جائے، حالانکہ اُس سے کہیں زیادہ حکمران ہونے کے ہم خود حقدار ہیں۔ علاوہ بریں یہ بھی ظاہر ہی کہ اُسے مال و دولت کی وسعت حاصل نہیں" نبی نے یہ سُنکر کہا (حکمرانی کی اہلیت کا جو معیار تم نے سمجھ رکھا ہی، یہ تمھارے جہل و خود پرستی کا گڑھا ہوا معیار ہی۔ اللہ کا ٹھرایا ہوا معیار نہیں ہی) اللہ نے تو طالوت ہی کو (حکمرانی کی قابلیتوں کے لحاظ سے) تم پر برگزیدگی عطا فرمائی ہی، اور علم کی فراوانی اور جسم کی طاقت، دونوں میں اُسے وسعت دی ہی (یعنے دماغی اور جسمانی، دونوں طرح کی فضیلت رکھتا ہی اور یہی دو فضیلتیں قائد و حکمران کے لئے اصلی فضیلتیں ہیں، نہ کہ مال و جاہ اور نسل و خاندان کے امتیازات) اور (قیادت و حکمرانی تمھارے دیدینے سے کسی کو مل نہیں جاسکتی۔ یہ تو اُسی کو ملتی ہی، جسے اللہ نے اس کی صلاحیت دیدی ہو) وہ جسے چاہتا ہے، اپنی زمین کی حکمرانی بخشدیتا ہے، اور وہ (اپنی قدرت و تصرف میں) بڑی وسعت رکھنے والا اور سب کچھ جاننے والا ہی!

٢٤٩ اور پھر اُن کے نبی نے کہا (تم طالوت کے استحقاق حکومت پر اعتراض کرتے تھے، تو دیکھو) اُسکی (اہلیتِ) حکومت کی نشانی یہ ہی کہ (مقدس) تابوت (جو تم کھو چکے ہو اور دشمنوں کے ہاتھ پڑ چکا ہی) تمھارے پاس (واپس) آجائے گا، اور (حکمتِ الٰہی سے ایسا ہوگا کہ) فرشتے اُسے اُٹھا لائینگے۔ اس تابوت میں تمھارے پروردگار کی طرف سے تمھارے لئے (فتح و کامرانی کی) دلجمعی ہی، اور جو کچھ موسیٰ اور ہارون کے گھرانے (اپنی مقدس یادگاریں) چھوڑ گئے ہیں، اُن کا بقیہ ہی۔ اگر تم یقین کرنے

(٣) صلاحیت کے لئے اصلی چیز علم و جسم کی قوت ہی۔ یعنے دماغی اور جسمانی قابلیت، نہ کہ مال و دولت اور نسل و خاندان کا شرف۔

(٤) جو شخص بھی سردار مقرر ہو جائے، جماعت کے افراد کا فرض ہی کہ سچے دل سے اس کی اطاعت کریں۔ اگر ایک جماعت میں اطاعت نہیں ہی، تو وہ کبھی جماعتی زندگی کی کشاکش میں کامیاب نہیں ہوسکتی!

۲۶۸ اللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَاءُ ۚ

۲۶۹ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ وَمَا

۲۷۰ أَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ أَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَإِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهُ ۗ وَمَا لِلظّٰلِمِينَ مِنْ أَنْصَارٍ ۝

۲۷۱ إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَإِنْ تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَاءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَيُكَفِّرُ

۲۷۲ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِي

والے ہو، تو یقیناً اس واقعہ میں تمھارے لئے بڑی ہی نشانی ہے!

۲۵۰ پھر جب (کچھ عرصہ کے بعد) ایسا ہوا کہ طالوت نے لشکر کے ساتھ کوچ کیا، تو اُس نے کہا، دیکھو (راہ میں ایک ندی پڑے گی) اللہ (اُس ندی کے پانی سے (تمھارے صبر اور اطاعت کی) آزمایش کرنے والا ہے۔ پس یاد رکھو جس کسی نے اس ندی کا پانی پیا، اس سے میرا کوئی واسطہ نہیں۔ وہ میری جماعت سے خارج ہو جائے گا۔ میرا ساتھی وہی ہوگا جو اسکے پانی کا مزہ تک نہ چکھے۔ ہاں اگر کوئی آدمی (بہت ہی مجبور ہو، اور) اپنے ہاتھ سے ایک چلّو بھر لے اور پی لے، تو اس کا مضائقہ نہیں۔

(۵) طالوت کا پانی پینے سے روک کر لوگوں کے صبر و ثبات اور اطاعت و انقیاد کا امتحان لینا، اور ایک قلیل تعداد کے سوا سب کا اہل ثابت ہونا۔ اس راہ میں اصلی چیز صبر اور اطاعت ہے۔ جو لوگ ایک گھڑی کی پیاس ضبط نہیں کر سکتے، وہ میدانِ جنگ کی محنتیں کیونکر برداشت کرینگے!

لیکن (جب لشکر ندی پر پہنچا، تو) ایک قلیل تعداد کے سوا، سب نے پانی پی لیا (اور صبر و اطاعت کی آزمایش میں پورے نہ اُترے)

پھر جب طالوت اور اسکے ساتھ وہ لوگ جو حکمِ الٰہی پر سچا ایمان رکھتے تھے، ندی کے پار اُترے تو اُن لوگوں نے (جنھوں نے طالوت کے حکم کی نافرمانی کی تھی) کہا، "ہم میں یہ طاقت نہیں کہ آج جالوت سے (جو فلسطینیوں کے لشکر کا ایک دیو ہیکل سردار تھا) اور اُس کی فوج سے مقابلہ کرسکیں"۔ لیکن وہ لوگ جو سمجھتے تھے کہ انھیں (ایک دن) اللہ کے حضور حاضر ہونا ہے، پکار اُٹھے ("تم دشمنوں کی کثرت اور اپنی قلت سے ہراساں کیوں ہوئے جاتے ہو؟) کتنی ہی چھوٹی جماعتیں ہیں جو بڑی جماعتوں پر حکمِ الٰہی سے غالب آگئیں اور اللہ صبر کرنے والوں کا ساتھی ہے!"

(۶) کتنی ہی چھوٹی جماعتیں ہیں جو بڑی جماعتوں پر غالب آجاتی ہیں، اور کتنی ہی بڑی جماعتیں ہیں جو چھوٹی جماعتوں سے شکست کھا جاتی ہیں۔ فتح و شکست کا دار و مدار افراد کی کثرت و قلت پر نہیں، بلکہ دلوں کی قوت پر ہے، اور اللہ کی مدد انہی لوگوں کا ساتھ دیتی ہے جو صابر اور ثابت قدم ہوتے ہیں!

۲۵۱ اور پھر جب وہ میدانِ جنگ میں جالوت اور اسکے

(۷) سچی دعا وہ ہے جو سچی استعدادِ عمل کے ساتھ ہو۔ طالوت کے ساتھیوں

مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ وَجْهِ اللّٰهِ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝ لِلْفُقَرَاۗءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ۡ يَحْسَبُھُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَاۗءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُھُمْ بِسِيْمٰھُمْ ۚ لَا يَسْــَٔـلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ ۲۷۵ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَھُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَھُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا ھُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

ع ۳۷ / وقف منزل

لشکر کے سامنے آئے، تو اُنھوں نے کہا "اے پروردگار (تو دیکھ رہا ہے کہ ہم کمزور ہیں اور تھوڑے ہیں، اور مقابلہ اُن سے ہے جو طاقتور ہیں اور بہت ہیں۔ پس ہم (تشنگانِ عزیمت) پر صبر (کے جام) اُنڈیل دے، (کہ عزم و ثبات سے سیراب ہو جائیں) اور ہمارے قدم میدانِ جنگ میں جما دے (کہ کسی حال میں بھی پیچھے نہ ہٹیں) اور پھر (اپنے فضل و کرم سے) ایسا کر کہ منکرینِ حق کے گروہ پر فتحمند ہو جائیں!"

نے اپنی دعا میں صرف یہی نہیں کہا کہ "ہمیں فتحمند کر" بلکہ فتحمندی کی طلب سے پہلے صبر و ثبات کی طلبگاری کی اور کہا "ہمیں صبر دے اور ہمارے قدم جما دے"، کیونکہ خدا کی نصرت اُنھی کے حصہ میں آتی ہے جن میں صبر و ثبات کی روح پیدا ہو جاتی ہے۔

۲۵۲ چنانچہ (ایسا ہی ہوا) اُنھوں نے حکمِ الٰہی سے اپنے دشمنوں کو ہزیمت دی، اور داؤد کے ہاتھ سے جالوت مارا گیا۔ پھر اللہ نے داؤد کو بادشاہی اور حکمت سے سرفراز کیا، اور (حکمرانی و دانشوری کی باتوں میں سے) جو کچھ سکھلانا تھا، سکھلا دیا (اور اس طرح ایک گروہِ قلیل کے صبر و ثبات اور خدا پرستی نے بنی اسرائیل کو اُن کی گرتی ہوئی حالت سے نکال کر عظمت و اقبال کے عروج پر پہنچا دیا!)

اور حقیقت یہ ہے کہ اگر اللہ ایسا نہ کرتا کہ انسانوں کے ایک گروہ کے ذریعہ دوسرے گروہ کو راہ سے ہٹاتا رہتا (اور قوموں اور جماعتوں میں باہمدگر مزاحمت جاری رہتی) تو دنیا خراب ہو جاتی (اور امن و عدالت کا نام و نشان باقی نہ رہتا) لیکن اللہ دُنیا کے لئے فضل و رحمت رکھنے والا ہے (اور یہ اُس کا فضل ہے کہ کوئی ایک گروہ سدا ایک ہی حالت میں نہیں چھوڑ دیا جاتا، بلکہ ہمیشہ باہمی منازعت اور مدافعت جاری رہتی ہے)

(۸) اگر قوموں اور جماعتوں کی باہمی کشمکش اور مدافعت نہ ہوتی، اور ہر جماعت اپنی اپنی حالت میں بغیر منازعت کے چھوڑ دی جاتی، تو نتیجہ یہ نکلتا کہ دنیا ظلم و فساد سے بھر جاتی، اور حق و عدالت کا نام و نشان باقی نہ رہتا۔ پس یہ اللہ کا بڑا ہی فضل ہے کہ جب کبھی ایک گروہ ظلم و فساد میں چھوٹ ہو جاتا ہے، تو مزاحمت کے محرکات دوسرے گروہ کو مدافعت کے لئے کھڑا کر دیتے ہیں، اور ایک قوم کا ظلم دوسری قوم کی مقاومت سے دفع ہوتا رہتا ہے!

(۹) پس دفعِ مظالم کے لئے جنگ ناگزیر ہے۔ خدا نے مختلف عہدوں میں یکے بعد دیگرے اپنے پیغمبر مبعوث کئے، اور اُنھوں نے لوگوں کو تفرقہ و فساد کی جگہ حق پرستی و یگانگت کی تعلیم دی۔ اگر لوگ اس تعلیم پر قائم رہتے اور گروہ بندیاں کر کے الگ الگ نہ ہو جاتے، تو آپس میں جنگ و نزاع نہ کرتے، لیکن انھوں نے ایک دوسرے کے خلاف جتھا بندی کر لی،

۲۷۶ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ فَمَنْ جَآءَهٗ مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۞ ۲۷۷ يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ۞ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

وقف لازم

(اے پیغمبر!) یہ جو کچھ بیان کیا گیا ہے، تو یقین کرو، اللہ کی آیتیں ہیں جو ہم تمھیں سنا رہے ہیں، اور ہمارا سنانا برحق ہے۔ یقیناً تم اُن لوگوں میں سے ہو جنھیں ہم نے اپنی پیغمبری کے لئے چن لیا ہے!

یہ ہمارے پیغمبر ہیں جن میں سے بعض کو ہم نے بعض پر فضیلت دی ہے (یعنے اگرچہ پیغمبری کے لحاظ سے سب کا درجہ یکساں ہے، لیکن اپنی اپنی خصوصیتوں کے لحاظ سے مختلف درجے رکھتے ہیں) ان میں کچھ تو ایسے تھے جن سے اللہ نے کلام کیا، (یعنے اُن پر اپنی کتاب نازل کی) بعض ایسے تھے جن کے درجے (اُنکے وقتوں اور حالتوں کے مطابق، دوسری باتوں میں) بلند کئے گئے، اور (تم سے پہلے) مریم کے بیٹے عیسیٰ کو (ہدایت کی) روشن دلیلیں عطا فرمائیں، اور روح القدس (یعنے وحی) کی تائید سے سرفراز کیا۔ اگر اللہ چاہتا تو (اُس کی قدرت سے یہ بات باہر نہ تھی کہ) جو لوگ ان پیغمبروں کے بعد پیدا ہوئے، وہ ہدایت کی روشن دلیلیں پالینے کے بعد پھر (اختلاف و نزاع میں پڑتے اور) آپس میں لڑتے۔ لیکن (تم دیکھ رہے ہو کہ اُس کی حکمت کا فیصلہ یہی ہوا کہ انسان کو کسی ایک حالت پر مجبور نہ کر دے۔ ہر طرح کے ارادہ و فعل کی استعداد دیدے۔ پس) پیغمبروں کے بعد لوگ باہم دگر مخالف ہو گئے (اور راہِ ہدایت پر متحد نہ رہے) کچھ لوگوں نے ایمان کی راہ اختیار کی۔ کچھ لوگوں نے کفر کا شیوہ پسند کیا۔ اگر اللہ چاہتا تو یہ لوگ آپس میں نہ لڑتے، (یعنے اُن سے لڑائی کی قوت سلب کر لیتا) لیکن اللہ جو چاہتا ہے، کرتا ہے (تم اُس کے کاموں کی حکمتوں کا احاطہ نہیں کر سکتے)

اے پیروانِ دعوت ایمانی! ہم نے مال و متاعِ دنیا میں سے جو کچھ تمھیں دے رکھا ہے، اُسے (صرف اپنے

اور باہمی جنگ و خونریزی کا ایسا بیج بو دیا، جواب ہمیشہ پھل لاتا رہتا ہے۔

۲۵۳ اگر خدا چاہتا تو طبیعتِ بشری ایسی بناتا کہ اُس میں خلاف و نزاع کا مادہ ہی نہ ہوتا، اور کسی ایک حالتِ معیشت پر مجبور کر دیا جاتا۔ لیکن اُسکی حکمت کا فیصلہ یہی ہوا کہ انسان کو مجبور و مضطر نہ بنائے، اور ہر راہ میں چلنے کی قدرت دیدے۔ پس کتنے ہی ہیں جو ہدایت کی راہ اختیار کرتے ہیں۔ کتنے ہی ہیں جو گمراہی کو ترجیح دیتے ہیں۔

۲۵۴ پیغمبر اسلام سے خطاب کہ جنگ کی جو منزل تمھیں پیش آگئی ہے، سنت الٰہی کا مقتضا یہی تھا کہ پیش کئے ظلم و فساد کی مدافعت کے لئے اس منزل سے گزرنا ناگزیر ہے!

۲۵۵ (۱۰) جب جنگ ناگزیر ہے تو اس سے غفلت نہ کرو، اور بڑی طیاری یہ ہے کہ اپنا مال اس راہ میں خرچ کرو۔

وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَذَرُوا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۲۷۸

فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ ۖ وَإِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوسُ أَمْوَالِكُمْ لَا ۲۷۹

تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ ۝ وَإِنْ كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَىٰ مَيْسَرَةٍ ۚ وَأَنْ تَصَدَّقُوا خَيْرٌ لَكُمْ ۲۸۰

إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللَّهِ ۖ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ ۲۸۱

وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى فَاكْتُبُوهُ ۚ ۲۸۲

۳۸ ع ۶

(۱۱) آخرت کی نجات کا تمامتر دار و مدار ایمان و عمل پر ہے۔ وہاں نہ تو نجات کی خرید و فروخت ہو سکتی ہے، نہ کسی کی دوستی و آشنائی کام دے سکتی ہے، نہ کسی کی سفارش سے کام نکالا جا سکتا ہے۔

نفس کے آرام و راحت ہی پر نہیں، بلکہ راہِ حق میں بھی) خرچ کرو اور ہاتھ نہ روکو۔ قبل اس کے کہ (زندگی کی عارضی مہلت ختم ہو جائے، اور) آنے والا دن سامنے آجائے اُس دن نہ تو (دنیا کی طرح) خرید و فروخت ہو سکے گی (کہ قیمت دیکر نجات خرید لو) نہ کسی کی یاری و دوستی کام آئے گی (کہ اُس کے سہارے گناہ بخشوا لو) نہ ہی ایسا ہو سکے گا کہ کسی کی سعی و سفارش سے کام نکال لیا جائے (اُس دن صرف عمل ہی کی پرسش ہوگی، اور عمل ہی نجات دلا سکے گا) اور یاد رکھو، جو لوگ (اس حقیقت سے) منکر ہیں تو یقیناً یہی لوگ ہیں جو (اپنے ہاتھوں اپنا) نقصان کرنے والے ہیں!

خدا کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ مالک الملک ہے۔ حیّ و قیوم ہے اُس کی حکومت سے کوئی گوشہ باہر نہیں۔ اُس کے علم کے لئے کوئی شے مخفی اور مجہول نہیں۔ وہ غفلت سے منزّہ اور نسیان سے پاک ہے۔ جس ہستی کی صفتیں ایسی ہوں اُس کے سامنے کسی کی سعی و سفارش کی کیا گنجائش ہو سکتی ہے، اور اُس کے احکام و قوانین کے نفاذ میں کون ہے جو دخل دینے کی جرأت کر سکتا ہے؟

۲۵۶ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ "الحیّ" ہے (یعنی زندہ ہے اور اُس کی زندگی کے لئے فنا و زوال نہیں) "القیّوم" ہے (یعنے ہر چیز اُس کے حکم سے قائم ہے۔ وہ اپنے قیام کے لئے کسی کا محتاج نہیں) اُس کی آنکھ کے لئے نہ تو اونگھ ہے، نہ (دماغ کے لئے) نیند۔ آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے، سب اُسی کا ہے اور اُسی کے حکم سے ہے۔ کون ہے جو اُس کے سامنے، اُس کی اجازت بغیر کسی کی شفاعت کے لئے زبان کھولے ؟(اور اُس کی شفاعت مجرموں کو پاداشِ عمل سے بچالے؟) جو کچھ انسان کے سامنے ہے، وہ اُسے بھی جانتا ہے، اور جو کچھ پیچھے ہے، وہ بھی اسکے علم سے باہر نہیں۔ انسان اُس کے علم میں سے کسی بات کا بھی احاطہ نہیں کر سکتا۔ اِلّا یہ کہ جتنی بات کا علم وہ اُسے دینا چاہے، اور دیدے۔ اُس کا تخت (حکومت) آسمان و زمین کی تمام وسعت پر چھایا ہوا ہے، اور اُن کی نگرانی و حفاظت میں اسکے لئے کوئی تھکاوٹ نہیں اس کی ذات بڑی ہی بلند مرتبہ ہے!

اس اصلِ عظیم کا اعلان کہ دین و اعتقاد کے معاملہ میں کسی طرح کا جبر

۲۵۷ دین کے بارے میں کسی طرح کا جبر نہیں (کیونکہ وہ دل

وَلْيَكْتُب بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۚ وَلَا يَأْبَ كَاتِبٌ أَن يَكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللَّهُ ۚ فَلْيَكْتُبْ وَلْيُمْلِلِ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللَّهَ رَبَّهُ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْئًا ۚ فَإِن كَانَ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيهًا أَوْ ضَعِيفًا أَوْ لَا يَسْتَطِيعُ أَن يُمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهُ بِالْعَدْلِ ۚ وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ مِن رِّجَالِكُمْ ۖ فَإِن لَّمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَامْرَأَتَانِ مِمَّن تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ أَن تَضِلَّ إِحْدَاهُمَا فَتُذَكِّرَ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَىٰ ۚ وَلَا يَأْبَ الشُّهَدَاءُ إِذَا مَا دُعُوا ۚ وَلَا

کے اعتقاد سے تعلق رکھتا ہی، اور جبر و تشدد سی عقائد پیدا نہیں کیا جا سکتا) بلاشبہ ہدایت کی راہ گمراہی سے الگ اور نمایاں ہو گئی ہی (اور اب دونوں راہیں لوگوں کے سامنے ہیں جسے چاہیں اختیار کریں) پھر جو کوئی طاغوت سے انکار کرے (یعنے سرکشی و فساد کی قوتوں سے بیزار ہو جائے) اور اللہ پر ایمان لائے تو بلاشبہ اُسنے (فلاح و سعادت کی) مضبوط شاخ پکڑلی۔ یہ شاخ ٹوٹنے والی نہیں (جس کے ہاتھ آ گئی، وہ گرنے سے محفوظ ہو گیا) اور یاد رکھو، اللہ سب کچھ سننے والا، جاننے والا ہی!

٢٥٨ اللہ اُن لوگوں کا ساتھی اور مددگار ہی جو ایمان کی راہ اختیار کرتے ہیں۔ وہ اُنھیں (ہر طرح کی) تاریکیوں سے نکالتا اور روشنی میں لاتا ہے۔ مگر جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہی، تو اُنکے مددگار سرکش اور مفسد (معبودانِ باطل) ہیں۔ وہ اُنھیں روشنی سے نکالتے اور تاریکیوں میں لے جاتے ہیں۔ سو یہی لوگ ہیں جن کا گروہ دوزخی گروہ ہی۔ ہمیشہ عذابِ جہنم میں رہنے والا!

واستکراہ جائز نہیں۔ دین کی راہ دل کے اعتقاد و یقین کی راہ ہی، اور اعتقاد، دعوت و موعظت سے پیدا ہو سکتا ہی، نہ کہ جبر و استکراہ سے:

(١) احکام جہاد کے بعد ہی یہ ذکر اس لئے کیا گیا تاکہ واضح ہو جائے، جنگ کی اجازت ظلم و تشدد کے انسداد کے لئے دی گئی ہی۔ نہ کہ دین کی اشاعت کے لئے۔ دین کی اشاعت کا ذریعہ ایک ہی ہی، اور وہ دعوت ہی قریش مکہ کا فتنہ کیا تھا؟ یہ تھا کہ ظلم و تشدد کے ذریعہ دین و اعتقاد کا فیصلہ کرنا چاہتے تھے۔ قرآن نے اسکے خلاف جنگ کا حکم دیا۔ پس جس بات کے خلاف اسنے جنگ کا حکم دیا ہے، خود اُسی بات کا مرتکب کیونکر ہو سکتا ہی؟

(٢) سچائی روشنی ہی اگر تاریکی چھائی ہوئی ہی، تو صرف اس بات کی ضرورت ہی کہ روشنی موجود ہو جائے۔ اگر روشنی نمایاں ہو گئی، تو پھر روشنی کو دکھلانے کے لئے اور کسی بات کی ضرورت نہیں۔ روشنی جس طرف بھی رُخ کریگی، تاریکی خود بخود دفع ہو جائے گی!

٢٥٩ (اے پیغمبر!) کیا تم نے اُس شخص کی حالت پر غور نہیں کیا جسنے ابراہیم سے اُس کے پروردگار کے بارے میں حجت کی تھی، اور اس لئے حجت کی تھی کہ خدا نے اُسے پادشاہت دے رکھی تھی؟ (یعنے تاج و تخت شاہی نے اسکے اندر ایسا گھمنڈ پیدا

(٣) دعوت کی تاثیر و فتحمندی کی وضاحت کے لئے حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کے واقعہ کی طرف اشارہ۔ وہ ایک ایسے ملک میں جہاں اُن کا کوئی ساتھی نہ تھا، اور ایک ایسے پادشاہ کے سامنے جو اپنے عہد کا سب سے بڑا سرکش بادشاہ تھا، تن تنہا دعوتِ حق کا حربہ لیکر کھڑے ہو گئے اور فتحمند ہوئے!

(٤) ضمناً اس اصلِ عظیم کی طرف اشارہ کہ دعوت کی راہ تلقین و ہدایت کی

تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَ
اَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا
تَكْتُبُوْهَا ۭ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۠ وَلَا يُضَاۗرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ڛ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ
٢٨٣ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰي سَفَرٍ
وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِھٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ۭ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ

کردیا تھا کہ خدا کے بارے میں حجت کرنے لگا تھا، جب ابراہیم نے کہا، میرا پروردگار تو وہ ہی جو مخلوقات کو جِلاتا ہی اور مارتا ہی، تو اُسنے جواب میں کہا، جِلانے اور مارنے والا تو میں ہوں (جسے چاہوں ہلاک کردوں جسے چاہوں بخشدوں) اسپر ابراہیمؑ نے کہا، اچھا اگر ایسا ہی ہی تو اللہ سورج کو پورب کی طرف سے (زمین پر) طلوع کرتا ہے۔ تم پچھم سے نکال کھاؤ (تاکہ معلوم ہوجائے، تمھیں کائناتِ خلقت میں طاقت و تصرّف حاصل ہی) یہ جواب سُنکر وہ پادشاہ جسنے کفر کا شیوہ اختیار کیا تھا، ہکّا بکّا ہوکر رہ گیا (اور ابراہیمؑ کے خلاف کچھ نہ کرسکا) اور اللہ کا قانون یہ ہے کہ وہ ظالموں پر (کامیابی و فلاح کی) راہ نہیں کھولتا۔

٢٦٠ اور پھر اسی طرح اُس شخص کی حالت پر بھی غور کرو جو ایک ایسی بستی پر سے گذرا تھا جس کے مکانوں کی چھتیں گر چکی تھیں اور گری ہوئی چھتوں پر دیواروں کا ڈھیر تھا۔ (یہ حال دیکھ کر) وہ بول اُٹھا، "جس بستی کی ویرانی کا یہ حال ہی، کیونکر ہوسکتا ہی کہ اللہ اُسے موت کے بعد (دوبارہ) زندہ کردے؟" (یعنے دوبارہ آباد کردے)

پھر ایسا ہوا کہ اللہ نے اُس شخص پر سو برس تک موت طاری کردی۔ پھر اِس حالت سے اُسے اُٹھادیا، اور پوچھا، کتنی دیر اس حالت میں رہے؟ عرض کیا، ایک

راہ ہی جدل و خصومت کی راہ نہیں ہی۔ داعیٔ حق کا طریقہ یہ نہیں ہوتا کہ مخاطب کو دلیلوں کے اُلجھاؤ میں پھنسادے، یا کسی خاص دلیل پر اَڑ کر اُس کا ناطقہ بند کردے، بلکہ وہ چاہتا ہی کسی نہ کسی طرح اُس کے دل میں سچائی اُتارے۔ حضرت ابراہیم کی پہلی بات جب مخاطب کا دماغ ہضم نہ کرسکا، تو انھوں نے فوراً دوسری بات پیش کردی، جو اُس کی دماغی استعداد کے ٹھیک ٹھیک مطابق تھی۔ نتیجہ یہ نکلا کہ تیر نشانے پر لگ گیا اور انکار و سرکشی کا دم خم باقی نہ رہا!

(۵) بنی اسرائیل کے اَیّام و وقائع میں سے اُس واقعہ کی طرف اشارہ جبکہ بیت المقدس بالکل ویران و منہدم کردیا گیا تھا، اور یہودیوں کی قومیت اس طرح پامال ہوگئی تھی کہ ہیکل کی دوبارہ تعمیر کا وہم و گمان بھی نہیں کیا جاسکتا تھا۔ اُس وقت مشیتِ الٰہی سے ایسا ہوا کہ وقت کے سب سے بڑے تین شہنشاہوں کے دل بنی اسرائیل کے تین نبیوں کی دعوت سے مسخر ہوگئے اور بغیر اسکے کہ تاج و تخت اور لشکر و اسلحہ میں سے کوئی چیز بھی انھیں حاصل ہو، خود بخود اُنکے مردہ شہر، مردہ ہیکل، اور مُردہ جماعت کی دوبارہ زندگی کا سامان ہوگیا!

جن پادشاہوں کے قلب انبیاءِ بنی اسرائیل کی داعیانہ زندگی سے مسخر ہوئے، وہ خورس دارا، اور ارتخششت ہیں، اور جن انبیاء نے انھیں مسخر کیا، وہ دانیال، حجی، اور عُزیر علیہم السلام ہیں۔ انہی تین نبیوں میں سے کسی کو یہ معاملہ پیش آیا ہی "فاماته الله مأته عام" میں اسی طرف اشارہ ہی

أَمَانَتَهُ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهُ ۗ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ۚ وَمَن يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ ۗ وَاللّٰهُ
۲۸۴ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَإِن تُبْدُوا مَا فِي أَنفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوهُ (ع ۳۹)
۲۸۵ يُحَاسِبْكُم بِهِ اللّٰهُ ۖ فَيَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ ۗ وَاللّٰهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ آمَنَ
الرَّسُولُ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مِن رَّبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ ۚ كُلٌّ آمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ
لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّن رُّسُلِهِ ۚ وَقَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۝

بیت المقدس کی دوبارہ تعمیر و آبادی ٹھیک سو برس کے بعد ہوئی تھی۔

دن تک، یا ایک دن کا کچھ حصہ۔ ارشاد ہوا نہیں، بلکہ سو برس تک۔ پس اپنے کھانے اور پانی پر نظر ڈالو۔ اُن میں برسوں تک پڑے رہنے کی کوئی علامت نہیں (یعنے اُن میں کوئی ایسا تغیر نہیں ہوا ہے جس سے معلوم ہو کہ بڑی مدت اُن پر گزر چکی ہے) اور (اپنی سواری کے) گدھے پر بھی نظر ڈالو (کہ وہ کس حالت میں ہے؟) اور (یہ جو کچھ کیا گیا، سو) اس لئے کیا گیا، تاکہ ہم تمھیں لوگوں کے لئے (حق کی) ایک نشانی ٹھہرائیں (اور تمھارا علم اُنکے لئے یقین و بصیرت کا ذریعہ ہو) اور پھر (جسم کی) ہڈیوں پر غور کرو۔ کس طرح ہم (اُن کا ڈھانچہ بنا کر) کھڑا کر دیتے ہیں، اور پھر (کس طرح اس (ڈھانچے) پر گوشت (کا غلاف) چڑھا دیتے ہیں (کہ ایک مکمل اور متشکل ہستی ظہور میں آجاتی ہے؟) پس جب اُس شخص پر یہ حقیقت کھُل گئی، تو وہ بول اٹھا میں یقین کے ساتھ جانتا ہوں، بلاشبہ اللہ ہر بات پر قادر ہے!

(۶) دعوتِ حق سے مُردہ قوموں کا زندہ ہو جانا اور متوحش و گمراہ افراد کا ایک تربیت یافتہ جماعت کی حالت میں بدل جانا، اور اس بارے میں موعظت جو حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر واضح کی گئی تھی۔

حضرت ابراہیم کا ظہور ایک ایسے عہد میں ہوا تھا جبکہ انکے ملک میں اور انکے ملک سے باہر کوئی گروہ بھی ایسا نہ تھا جس میں قبولیتِ حق کی استعداد دکھائی دیتی ہو۔ یہ حالت دیکھ کر اُنھوں نے کہا "خدایا، تو کیونکر اس موت کو زندگی سے بدل دیگا؟" اس پر اللہ نے دعوتِ حق کی انقلاب انگیز حقیقت پرندوں کی مثال سے واضح کر دی۔ اگر تم ایک پرند کو کچھ دنوں تک اپنے پاس رکھ کر ایسا تربیت یافتہ بنا لے سکتے ہو کہ تمھاری آواز سنتا، اور تمھارے بلانے پر اُڑتا ہوا آجا سکتا ہے، تو کیا گمراہ اور متوحش انسان دعوتِ حق کی تعلیم و تربیت سے اس درجہ اثر پذیر نہیں ہو جا سکتے کہ تمھاری صدائیں سُنیں اور اُن کا جواب دیں؟ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اس داعیِ حق نے انسان کی متوحش اور

۲۶۱ اور پھر (دیکھو) جب ایسا ہوا تھا کہ ابراہیم نے کہا تھا "اے پروردگار! مجھے دکھلا دے۔ کس طرح تو مُردوں کو زندہ کر دیگا؟" اللہ نے فرمایا "کیا تمھیں اس کا یقین نہیں؟" عرض کیا "ضرور ہے لیکن یہ اس لئے چاہتا ہوں تاکہ میرے دل کو قرار آجائے" (یعنے تیری قدرت پر تو یقین و ایمان ہے، لیکن یہ جو مایوس کُن حالت دیکھ کر دل دھڑکنے لگتا ہے، تو یہ بات دُور ہو جائے)

اس پر ارشادِ الٰہی ہوا، اچھا، یوں کرو کہ پرندوں میں سے چار جانور پکڑ لو، اور انھیں اپنے پاس رکھ

۲۸۶ لَا یُکَلِّفُ اللّٰہُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَہَا ؕ لَہَا مَا کَسَبَتْ وَعَلَیْہَا مَا اکْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَاۤ اِنْ نَّسِیْنَاۤ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَاۤ اِصْرًا کَمَا حَمَلْتَہٗ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَۃَ لَنَا بِہٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ٞ وَاغْفِرْ لَنَا ٞ وَارْحَمْنَا ٞ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۔

۳۹ ع ۸

اپنے ساتھ ہلالو (یعنے اس طرح اُن کی تربیت کرو کہ وہ اچھی طرح تم سے ہل جائیں) پھر ان چاروں میں سے ہر ایک کو (اپنے سے دُور) ایک ایک پہاڑ پر بٹھا دو، پھر اُنھیں بلاؤ۔ وہ (آواز سنتے ہی) تمھاری طرف اُڑتے ہوئے چلے آئینگے! (یعنے اگر وحشی اور بے عقل پرند چند دنوں کے انس و تربیت سے ایسا ہو جا سکتا ہی کہ تمھاری آواز پہچاننے لگے اور تمھارے حکم کی تعمیل کرے، تو کیا دعوتِ حق سے انسانوں میں یہ تبدیلی نہیں ہو جا سکتی کہ تربیت یافتہ ہو جائیں، اور تمھاری تعلیم قبول کر لیں؟) یاد رکھو اللہ سب پر غالب اور اپنے تمام کاموں میں حکمت رکھنے والا ہی!

گمراہ روحوں کی جو تربیت کی تھی، اُسنے تاریخ عالم کا سب سے زیادہ عظیم الشان انقلاب پیدا کر دیا۔ قوموں کی قومیں اور نسلوں کی نسلیں دعوتِ ابراہیمی پر قدم اُٹھاتی رہیں، اور باوجودیکہ تین ہزار برس سے زیادہ مدت گزر چکی ہی، لیکن آج بھی ہر سال انسانوں کے بے شمار غول اُس دعوت پر لبیک کہتے ہوئے دوڑتے، اور معبدِ ابراہیمی میں جمع ہوتے ہیں![۱]

۲۶۲ جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتے ہیں، اُن کی (نیکی اور نیکی کی برکتوں کی) مثال اُس بیج کے دانے کی سی ہی جو زمین میں بویا جاتا ہی (جب بویا گیا تھا تو صرف ایک دانہ تھا لیکن جب بار آور ہوا، تو) ایک دانہ سے سات بالیں پیدا ہو گئیں، اور ہر بال میں سو دانے نکل آئے۔ (یعنے خرچ کیا ایک، اور بدلہ میں ملے سینکڑوں!) اور اللہ جس کسی کے لئے چاہتا ہی، اس سے بھی دوگنا کر دیتا ہے۔ وہ بڑی

جہاد کا بیان ختم ہو گیا۔ اب یہاں سے بیانِ احکام کا سلسلہ ایک دوسرے حکم کی طرف متوجہ ہوتا ہے:

گذشتہ بیانات میں جس قدر احکام دئے گئے ہیں، اُن سب کی سچی تعمیل جبھی ہو سکتی ہی جبکہ نیکی کے لئے مال خرچ کرنے کی پوری استعداد پیدا ہو جائے۔ وصیت، صیام، اکل حلال، حج، جہاد، نکاح، طلاق، یتیموں کی خبر گیری، عورتوں کے ساتھ حسن سلوک، یہ تمام امور ایسے ہیں جن پر ٹھیک ٹھیک عمل وہی کر سکتا ہی جو پیسہ کے عشق میں نہ مرتا ہو، اور نیکی کی راہ میں مال خرچ کرنے کا ولولہ رکھتا ہو، اس لئے مندرجۂ صدر احکام کے بعد خصوصیت کے ساتھ انفاق فی سبیل اللہ کے مواعظ بیان کئے گئے۔ یہ گویا اُن سب کے لئے ایک تتمہ بیان ہی:

[۱] اس واقعہ میں دو باتیں غور طلب ہیں۔ اولاً یہ کہ "کیف تحی الموتیٰ" میں موت و حیات سے مقصود کیا ہی؟ مجاز ہی، جیسا کہ "انّی یحیی ھذہ اللہ بعد موتھا" (۲: ۲۶۲) اور "استجیبوا للہ وللرسول اذا دعاکم لما یحییکم" (۸: ۲۴) وغیرہا آیات میں ہی، یا حقیقت ہی؟ مفسرین نے عام طور پر اسے حقیقت پر محمول کیا ہی۔ وہ کہتے ہیں، حضرت ابراہیمؑ کا سوال حشرِ اجساد کے بارے میں تھا۔ یعنے قیامت کے دن مُردے کیونکر زندہ ہو جائیں گے۔ ثانیاً یہ کہ پرندوں کے معاملہ سے مقصود کیا ہی؟ اکثر مفسرین اس طرف گئے ہیں کہ مقصود یہ تھا کہ پرندوں کو مار کر ٹکڑے ٹکڑے یا قیمہ قیمہ کر دیا جائے۔ پھر اُن کے چار حصے چار پہاڑوں پر رکھ دئے جائیں۔ پھر اُنھیں بلایا جائے۔ قدرتِ الٰہی سے زندہ ہو کر دوڑنے لگیں گے۔ اس تفسیر کی رو سے سوال و جواب

ہی وسعت رکھنے والا اور سب کچھ جاننے والا ہی!

(یعنے بے انتہا وسعت رکھنے والا ہی، اس لئے بخشش میں کمی نہیں ہو سکتی۔ ہر حالت کا جاننے والا ہی۔ اس لئے کوئی مستحق اسکے التفات سے محروم نہیں رہ سکتا!)

۲۶۳ (لیکن یاد رہے۔ سچی خیرات وہی ہی جو دل کے اخلاص اور نیکی کے ساتھ ہو۔ پس) جو لوگ اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں، اور اس طرح خرچ کرتے ہیں کہ اسکے بعد نہ تو احسان جتاتے ہیں، نہ لینے والے کو (اپنے قول و فعل سے کسی طرح کا) دکھ پہنچاتے ہیں، تو (راہِ حق میں خرچ کرنے کی نیکی انہی کی نیکی ہی یقیناً) انکے پروردگار کے حضور انکے عمل کا اجر ہی۔ نہ تو انکے لئے کسی طرح کا ڈر ہوگا، نہ کسی طرح کی غمگینی!

(۱) نیکی کے لئے خرچ کرنا اللہ کے لئے خرچ کرنا ہی۔ اب دیکھو۔ کائنات خلقت میں خدا کا قانون مکافات کیا ہی؟ سو یہ بات ہر انسان دیکھ رہا ہی کہ اگر غلہ کا ایک دانہ زمین کے حوالہ کر دیا جائے، تو وہ ایک دانہ کے بدلے پورا درخت واپس کر دیتی ہی۔ پس جس خدا کے قانون خلقت کی فیاضیوں کا یہ عالم ہی، کیا وہ انسان کے عمل خیر کے بدلے اتنی فیاضی بھی نہیں دکھلائے گا جتنی فیاضی ہر دانہ کے بدلے اسکی زمین دکھلا رہی ہی؟

(۲) لیکن کامیابی کی شرط یہ ہی کہ دانہ خراب نہ ہو، اور زمین میں ڈالا جائے۔ پتھر کی چٹانوں پر نہ پھینک دیا جائے۔ ورنہ ساری محنت اکارت جائے گی۔ اسی طرح خیرات کے لئے بھی ضروری ہی کہ اخلاص کے ساتھ کی جائے، یہ نہ ہو کہ لینے والے پر احسان جتلایا جائے، یا سخت زبانی اور بدسلوکی کی جائے

۲۶۴ سیدھے منہ سے ایک اچھا بول، اور (رحم و شفقت سے) عفو و درگزر کی کوئی بات، اُس خیرات سے کہیں بہتر ہی جسکے ساتھ خدا کے بندوں کے لئے اذیت ہو۔ اور (دیکھو، یہ بات نہ بھولو کہ) اللہ بے نیاز اور حلیم ہی (یعنے وہ بے نیاز ہی۔ اس لئے تمھاری نیکیوں کی اُسے احتیاج نہیں۔ لیکن وہ حلیم بھی ہی، اس لئے پسند کرتا ہے کہ تم میں بھی حلم اور عفو و درگزر ہو)

۲۶۵ اے پیروانِ دعوتِ ایمانی! اپنی خیرات کو احسان جتا کر اور لوگوں کو اذیت پہنچا کر تباہ نہ کر دو، جس طرح وہ آدمی تباہ کر دیتا ہی، جو محض لوگوں کو دکھانے کے لئے مال خرچ کرتا ہی، اور اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا (کہ جو کچھ کرے، اللہ کے لئے کرے، انسانوں کو دکھانے کے لئے نہ کرے)

(۳) دکھاوے کی خیرات بھی اکارت جاتی ہی، اور یہ برائی پچھلی برائی سے بھی سخت ہی کیونکہ جو شخص نیکی کو نیکی کے لئے نہیں بلکہ نام و نمود کے لئے کرتا ہی، اور خدا کی جگہ انسانوں کی نگاہوں میں بڑائی چاہتا ہی، وہ یقیناً خدا پر سچا ایمان نہیں رکھتا۔

(۴) جو لوگ دکھاوے کے لئے نیکی کرتے ہیں، اُن کی مثال ایسی ہی جیسے پہاڑ کی ایک چٹان، جس پر مٹی کی تہ جم گئی ہو۔ ایسی جگہ پر کتنی ہی بارش ہو، لیکن کبھی سرسبز نہ ہوگی۔ کیونکہ اُس میں پانی سے فائدہ اٹھانے کی استعداد ہی نہیں ہی۔ پانی جب برسے گا تو دھل دھلا کر صاف چٹان

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۶۱) میں مطابقت یوں ہی کہ سوال مُردوں کے زندہ ہو جانے کی نسبت تھا۔ جواب میں قدرت الٰہی کا معجزہ دکھلا دیا گیا کہ جس طرح یہ پرندے اپنے بلانے والے کی آواز پر زندہ ہو گئے، اسی طرح قیامت کے دن حکم الٰہی سے مُردے زندہ ہو جائینگے۔ لیکن اس تفسیر کے لئے ضروری ہی کہ پرندوں کو مارنے اور ٹکڑے ٹکڑے کر دینے کا مضمون محذوف تسلیم کر لیا جائے۔ کیونکہ قرآن کے الفاظ میں اس کی کوئی صراحت نہیں ہی، اور ترجمہ یوں کیا جائے "پرندوں میں سے چار جانور لو اور انھیں اپنے ساتھ ہلا لو (پھر انھیں ذبح کر کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالو) پھر ان کا ایک ایک حصہ چار پہاڑوں پر رکھ دو۔"

سو ایسے لوگوں کی مثال ایسی ہے۔ جیسے (پتھر کی) ایک چٹان اُس پر مٹی کی تہ جم گئی، اور اُس میں تخم ریزی کی گئی۔ جب زور سے پانی برسا تو (ساری مٹی مع تخم کے بہ گئی، اور) ایک صاف اور سخت چٹان کے سوا کچھ باقی نہ رہا (سو یہی حال ان ریاکاروں کا بھی ہے) انھوں نے (اپنے نزدیک خیر خیرات کرکے) جو کچھ بھی کمایا تھا، وہ (ریاکاری کی وجہ سے) رائگاں گیا۔ کچھ بھی انکے ہاتھ نہ لگا۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اللہ اُن لوگوں پر (فلاح وسعادت کی) راہ نہیں کھولتا جو کفر کی راہ اختیار کرتے ہیں!

۲۶۶ (برخلاف اسکے) جو لوگ اپنا مال (نمود ونمائش کے لئے نہیں بلکہ) اللہ کی رضا جوئی کی طلب میں، اپنے دل کے جماؤ کے ساتھ خرچ کرتے ہیں، تو ان کی مثال ایسی ہے، جیسے ایک بلند زمین پر اُگا ہوا باغ۔ اُس پر پانی برسا تو دو چند پھل پھول پیدا ہوگئے، اور اگر زور سے پانی نہ برسے، تو ہلکی بوندیں بھی اُسے شاداب کردینے کے لئے کافی ہیں! (کیونکہ اُس میں سرسبزی وشادابی کی استعداد موجود ہے)

نکل گئی!

برخلاف اسکے جو لوگ اخلاص کے ساتھ خیرات کرتے ہیں اُن کی مثال ایسی ہے جیسے ایک بلند اور موزوں مقام پر باغ ہو۔ جب بارش ہوگی تو اُس کی شادابی دوگنی ہوجائے گی۔ اگر زور سے پانی نہ برسے، تو ہلکی ہلکی بوندیں بھی اُسے شاداب کردیں۔ کیونکہ اُس میں سرسبزی وشادابی کی استعداد موجود ہے!

اس تمثیل میں خیرات کو بارش سے اور زمین کو دل سے تشبیہ دی گئی ہے اگر زمین ٹھیک ہو۔ یعنے دل میں اخلاص ہے، تو جسقدر بھی عمل خیر کیا جائے گا، برکت اور پھل لائے گا۔ اگر زمین درست نہیں ہے۔ یعنے اخلاص نہیں ہے، تو پھر کتنی ہی دکھاوے کی خیر خیرات کی جائے، سب رائگاں جائے گی، اور اُس بارش کی طرح جو چٹان کو سرسبز نہ کرسکی، یہ دکھاوے کی نیکیاں بھی کچھ سود مند نہ ہونگی!

اگر دل میں اخلاص ہے، تو تھوڑی سی خیرات بھی برکت وفلاح کا موجب ہوسکتی ہے جس طرح بارش کی چند ہلکی بوندیں بھی ایک باغ کو شاداب کردے سکتی ہیں!

(۵) عالم مادی اور عالم معنوی، دونوں کے احکام وقوانین یکساں ہیں جو بوؤگے، اور جس طرح بوؤگے، ویسا ہی اور اُسی طرح کا پھل بھی پاؤگے!

(۶) تم میں کون ہے جو یہ بات پسند کرے گا کہ اپنی ساری عمر باغ لگانے میں صرف کردے اور سمجھے، اسکی پیداوار بڑھاپے میں کام آئے گی، لیکن جب بڑھاپا آئے، تو دیکھے کہ سارا باغ جلکر ویران ہوگیا ہے؟ یہی حال اُس انسان کا ہے جو ساری عمر دکھاوے کی نیکیاں کرتا رہتا ہے اور سمجھتا ہے، عاقبت میں کام آئیں گی۔ لیکن جب عاقبت کا دن آئے گا تو دیکھے گا کہ اُس کی ساری محنت رائگاں گئی، اور اُس کی کوئی تخم ریزی بھی پھل نہ لاسکی!

اور یاد رکھو، تم جو کچھ بھی کرتے ہو، اللہ کی نظر سے پوشیدہ نہیں ہے!

۲۶۷ کیا تم میں سے کوئی آدمی بھی یہ بات پسند کرے گا کہ اُس کے پاس کھجوروں کے درختوں اور انگوروں کے بیلوں کا ایک باغ ہو۔ اُس میں نہریں بہ رہی ہوں (اور ایک ایک درخت کو سیراب کررہی ہوں) نیز اُس میں اور بھی ہر طرح کے پھل پھول پیدا ہوتے ہوں۔ پھر ایسا ہو کہ جب بڑھاپا آجائے، اور ناتواں اولاد اُس کے چاروں طرف جمع ہوں، تو اچانک ایک جھُلستی ہوئی آندھی چلے، اور (آن کی آن میں) باغ جل کر ویران ہوجائے؟ (سو یہی حال اُس آدمی کا ہے جو عمر بھر دکھاوے کی نیکیاں کرتا رہتا ہے، اور سمجھتا ہے، آخرت میں اُس کے کام آئیں گی، لیکن جب آخرت کا دن آئے گا، تو دیکھے گا کہ ساری

عمر کی کمائی ضائع گئی، اور اُس کی کوئی نیکی خدا کے حضور مقبول نہ ہوئی!) اللہ ایسے ہی مثالوں کے پیرایہ میں تم پر (حقیقت کی) نشانیاں واضح کر دیتا ہے تاکہ غور و فکر سے کام لو!

۲۶۸ اے پیروانِ دعوتِ ایمانی! جو کچھ (محنت مزدوری یا تجارت سے) کمایا ہو، تم اُس میں سے خرچ کرو، یا جو کچھ ہم تمھارے لئے زمین میں پیدا کر دیتے ہیں اُس میں سے نکالو، کوئی صورت ہو، لیکن چاہئے کہ خدا کی راہ میں خیرات کرو تو اچھی چیز خیرات کرو۔

(۷) ایسا نہ کرو کہ جو چیز نکمی اور بیکار ہو، اُسے خیرات کے نام سے محتاجوں کو دیدو، اور سمجھو کہ اس طرح تم نے ثواب کما لیا۔ اگر تمھیں کوئی ایسی چیز دیئے تو تم اُسے لینا پسند کرو گے؟ پھر اگر اپنے نفس کے لئے نکمی چیز لینا پسند نہیں کرتے تو اپنے محتاج بھائیوں کے لئے کیوں پسند کرتے ہو؟ دوسروں کے ساتھ وہی کرو، جو تم چاہتے ہو کہ تمھارے ساتھ کیا جائے!

۲۶۹ ایسا نہ کرو کہ فصل کی پیداوار میں سے کسی چیز کو ردّی اور خراب دیکھ کر خیرات کر دو (کہ بیکار کیوں جائے، خدا کے نام پر نکال دیں) حالانکہ اگر ویسی ہی چیز تمھیں دی جائے، تو تم کبھی اسے (خوشدلی سے) نہ لو مگر یہ کہ (جان بوجھ کر) آنکھیں بند کر لو۔ (پھر جو چیز خود اپنے نفس کے لئے پسند نہیں کر سکتے، اپنے محتاج بھائیوں کو دینا کیونکر گوارا کر لیتے ہو؟) یاد رکھو، اللہ کی ذات بے نیاز اور ساری ستائشوں سے ستودہ ہے (اُسے تمھاری کسی چیز کی احتیاج نہیں، مگر تم اپنی سعادت و نجات کے لئے عملِ خیر کے محتاج ہو!)

۲۷۰ شیطان تمھیں مفلسی سے ڈراتا ہے۔ اور برائیوں کی ترغیب دیتا ہے، لیکن اللہ تمھیں ایسی راہ کی طرف دعوت دیتا ہے جس میں اس کی مغفرت اور اُسکے فضل و کرم کا وعدہ ہے (پس شیطانی وسوسوں پر کاربند نہ ہو۔ خدا کی بتلائی ہوئی راہ اختیار کرو)

(۸) انسان میں ایسی سمجھ بوجھ کا پیدا ہو جانا کہ وہ دنیا کے ظاہری اور نمائشی فائدوں ہی میں پھنس کر نہ رہ جائے بلکہ حقیقی نفع و نقصان کو سمجھ سکے اور اچھائی اور برائی کی راہوں کا شناسا ہو جائے، اُن باتوں میں سے ہے جسے قرآن حکمت سے تعبیر کرتا ہے۔ اور جسے حکمت مل گئی، تو اُس نے زندگی کی بہت بڑی برکت پالی!

اور یاد رکھو اللہ وسعت رکھنے والا، اور سب کچھ جاننے والا ہے!

۲۷۱ وہ جسے چاہتا ہے، حکمت دیدیتا ہے، اور جس کسی کو حکمت مل گئی، تو یقین کرو، اُسے بڑی ہی بھلائی پالی۔ اور نصیحت حاصل نہیں کرتے مگر وہی لوگ، جو عقل و بصیرت رکھنے والے ہیں!

اور دیکھو، خیرات کی قسم میں سے تم جو کچھ بھی خرچ کرو، یا خدا کی نذر ماننے کے طور پر جو کچھ بھی نذر مانو، تو یہ بات یاد رکھو کہ اللہ کے علم سے وہ پوشیدہ نہیں ہے (وہ سب کچھ جانتا اور سب کچھ دیکھ رہا ہے) پس جو کوئی اپنی نذر ادا نہ کرے گا، یا ناجائز طریقوں پر کاربند ہوگا۔ تو اس کی راہ معصیت کی راہ ہوگی اور جو معصیت کرنے والے ہیں، تو انھیں (خدا کے مواخذہ سے بچانے میں) کوئی مددگار نہیں ملیگا!

۲۷۲ اگر تم (بغیر اسکے کہ دل میں نام و نمود کی خواہش ہو)

(۹) دکھاوے کی خیرات سے روکا گیا ہے، مگر اس کا مطلب یہ نہیں ہے

کھلے طور پر خیرات کرو، تو یہ بھی اچھی بات ہے۔ اگر پوشیدہ رکھو اور محتاجوں کو دے دو، تو اسمیں تمھارے لئے بڑی ہی بہتری ہے۔ یہ تمھارے گناہوں کو تم سے دُور کر دے گی۔ اور یاد رکھو، تم جو کچھ بھی کرتے ہو خدا کے علم سے پوشیدہ نہیں۔ وہ ہر بات کی خبر رکھنے والا ہے!

کہ جب تک چوری چھپے خیرات نہ کر سکو، خیرات کرو ہی نہیں۔ یا خواہ مخواہ پوشیدگی میں تکلف کرو کہ یہ تکلف بجائے خود عمل خیر سے مانع ہو جائے مطلب یہ ہے کہ دل میں اخلاص ہونا چاہئے، اور اپنی جانب سے کوئی بات دکھاوے اور نمائش کی نہیں کرنی چاہئے۔

(۱۰) خیرات کرنا خدا پرستی کا قدرتی نتیجہ ہے۔ اسمیں نہ تو کسی پر احسان کرنا ہے نہ کسی سے تحسین و تشکر کی توقع رکھنی ہے۔

۲۷۳ (اے پیغمبر!) تم پر کچھ اس بات کی ذمہ داری نہیں کہ لوگ ہدایت قبول ہی کر لیں (تمھارا کام صرف راہ دکھا دینا ہے) یہ کام اللہ کا ہے کہ جسے چاہے راہ پر لگا دے (پس تم لوگوں سے کہدو) جو کچھ بھی تم خیرات کروگے، تو (اس کا فائدہ کچھ مجھے نہیں ملجائے گا، اور نہ کسی دوسرے پر اس کا احسان ہوگا) خود اپنے ہی فائدہ کے لئے کروگے۔ اور تمھارا خرچ کرنا اسی غرض کے لئے ہے کہ اللہ کی رضا جوئی کی راہ میں خرچ کرو۔ (سو اگر اللہ پر سچّا ایمان رکھتے ہو، تو ممکن نہیں کہ اس کی راہ میں خرچ کرنے سے تمھارا ہاتھ رُک جائے) اور (پھر یہ بات بھی یاد رکھو کہ) جو کچھ تم خیرات کروگے تو (خدا کا قانون یہ ہے کہ) اس کا بدلہ پوری طرح تمھیں دیدیگا تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا (یعنے تمھاری حق تلفی نہ ہوگی۔ مکافاتِ الٰہی کی بخشش اور ماپ تول میں کبھی کمی بیشی یا غفلت نہیں ہوسکتی!)

۲۷۴ خیرات تو اُن حاجت مندوں کا حق ہے، جو (دنیا کے کام دھندوں سے الگ ہوکر) اللہ کی راہ میں گھر کر بیٹھ رہے ہیں (یعنے صرف اسی کام کے ہو رہے ہیں) اُنھیں یہ طاقت نہیں کہ (معیشت کی جستجو میں) نکلیں اور دوڑ دھوپ کریں (پھر باوجود فقر و بے مائگی کے ان کی بے طمعی اور خود داری کا یہ حال ہے کہ) ناواقف آدمی دیکھے، تو خیال کرے، اُنھیں کسی طرح کی احتیاج نہیں۔ تم اُنکے چہرے دیکھ کر اُن کی حالت جان لے سکتے ہو، لیکن وہ لوگوں کے پیچھے پڑ کر کبھی سوال نہیں کرتے۔ اور (یاد رکھو) تم جو کچھ بھی نیکی کی راہ میں خرچ کروگے، تو اللہ اُس کا علم

(۱۱) خیرات کا ایک ضروری مصرف ایسا تھا جس کی طرف ظاہر بین نگاہوں کو توجہ نہیں ہو سکتی تھی۔ یعنے اُن لوگوں کی مدد کرنا جو دنیا کا کام دھندہ چھوڑ کر راہِ حق کی خدمت کے لئے وقف ہو گئے ہیں۔ نہ تو انھیں تجارت کی مقدرت ہے۔ نہ کوئی دوسرا وسیلۂ معاش رکھتے ہیں۔ شب و روز دین و ملت کی خدمت میں مشغول رہتے ہیں۔ حالت ان کی حاجتمندی کی ہے مگر صورت بے نیازوں کی۔ چونکہ ایسے افرادِ خیر کی خبر گیری جماعت کا ضروری فرض تھا۔ اس لئے خصوصیت کے ساتھ اسپر توجہ دلائی۔

(۱۲) لوگ عموماً انھی لوگوں کو خیرات کا مستحق سمجھتے ہیں جو بھیک مانگنے میں چست و چالاک ہوتے ہیں، لیکن ایک خود دار حاجتمند کو کوئی نہیں پوچھتا، حالانکہ سب سے زیادہ مستحق ایسے ہی لوگ ہیں۔

(۱۳) ضمناً اس بات کی طرف بھی اشارہ کر دیا کہ جس طرح دینے والوں کو چاہئے، ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر دیں، اُسی طرح لینے والوں کو چاہئے سوال کرکے اپنی خود داری و عفت تاراج نہ کریں۔ انکی شان یہ ہونی

چاہئے کہ بے نیاز رہیں۔ لوگوں کا فرض یہ ہونا چاہئے کہ بے مانگے مدد کریں! رکھنے والا ہی!

۲۷۵ (غرضکہ) جو لوگ رات کی تاریکی میں اور دن کی روشنی میں، پوشیدہ طور پر اور کھلے طور پر، اپنا مال خرچ کرتے ہیں، تو یقیناً اُن کے پروردگار کے حضور اُن کا اجر ہی۔ نہ تو انکے لئے (عذاب کا) ڈر ہوگا نہ (نامرادی کی) غمگینی!

۲۷۶ جو لوگ (حاجت مندوں کی مدد کرنے کی جگہ اُلٹا اُن سے) سُود لیتے اور اُس سے اپنا پیٹ پالتے ہیں، وہ (یاد رکھیں، انکے ظلم وستم کا نتیجہ انکے آگے آنے والا ہی۔ وہ) کھڑے نہیں ہوسکیں گے مگر اُس آدمی کا کھڑا ہونا جسے شیطان کی چھوت نے باؤلا کردیا ہو۔ (یعنے مرگی کا روگی ہو) یہ اس لئے ہوگا کہ انھوں نے (سود کے ناجائز ہونے سے انکار کیا، اور) کہا، خرید فروخت کرنا بھی ایسا ہی ہی جیسے قرض دیکر سُود لینا حالانکہ خرید وفروخت کو تو خدا نے حلال ٹھرایا ہے اور سُود کو حرام (دونوں باتیں ایک طرح کی کیسے ہوسکتی ہیں؟) سو اب جس کسی کو اُس کے پروردگار کی یہ نصیحت پہنچ گئی، اور وہ آیندہ سُود لینے سے رُک گیا، تو جو کچھ پہلے لے چکا ہی، وہ اُس کا ہوچکا، (اُس کی واپسی کا مطالبہ نہیں کیا جاتا) اُس کا معاملہ خدا کے حوالے ہی (وہ اپنے فضل ورحمت سے بخشدینے والا ہے) لیکن جو کوئی باز نہ آیا تو وہ دوزخی گروہ میں سے ہی۔ ہمیشہ عذاب میں رہنے والا!

(۱۴۷) نیکی کی راہ میں خرچ کرنے کی استعداد نشو ونما نہیں پاسکتی تھی اگر اس کا حکم دیتے ہوئے اُن باتوں سے بھی روک نہ دیا جاتا جو ٹھیک ٹھیک اس کی ضد ہیں۔ پس انفاق فی سبیل اللہ کے حکم کے ساتھ ہی سُود کی بھی ممانعت کردی گئی جو دنیا کی تمام قوموں کی طرح عرب میں بھی رائج تھا۔

دینِ حق انسان میں باہمی محبت وہمدردی پیدا کرنی چاہتا ہی۔ اسی لئے اُسنے خیرات کا حکم دیا کہ ایک انسان دوسرے انسان کی حاجت روائی کرے، اور اُس کی احتیاج کو اپنی احتیاج سمجھے لیکن سود خواری کی ذہنیت بالکل اسکی ضد ہی۔ سود خوار ایک انسان کو حاجتمند دیکھتا ہی تو اسکی مدد کا جذبہ اُس میں پیدا نہیں ہوتا، بلکہ چاہتا ہی، اُسکی احتیاج اور بے بسی سے اپنا کام نکال لے، اور اُس کی محتاجی کو اپنی دولتمندی کا ذریعہ بنائے۔ خود غرضی کا یہ جذبہ اگر بے روک بڑہتا رہے، تو پھر اس حد تک پہنچ جاتا ہے کہ انسان میں انسانی ہمدردی کی بُو باس تک باقی نہیں رہتی۔ ایک بے رحم اور بے پناہ درندہ بنکر رہجاتا ہی۔ قرآن نے اسی حالت کو مرگی کے مرض سے تشبیہ دی ہی جسے عربی میں شیطان کے مس سے تعبیر کرتے تھے یعنے زرپرستی کے جوش سے تمام انسانی احساسات فنا ہوجاتے ہیں اور پیسہ کے پیچھے پاگل ہوکر رہجاتا ہی!

چنانچہ "یمحق اللہ الربوا ویربی الصدقات" کہہ کر سُود کی ممانعت کی علت ظاہر کردی۔ دینِ حق کا مقصد یہ ہی کہ سُود کو مٹائے۔ خیرات کے جذبہ کو ترقی دے۔ اگر خیرات کا جذبہ پوری طرح ترقی کرجائے، تو سوسائٹی کا کوئی فرد محتاج ومفلس رہ ہی نہیں سکتا!

۲۷۷ اللہ سُود کو مٹاتا ہی اور خیرات کو بڑہاتا ہی (یعنے سُود خواری کو مٹانا چاہتا ہی جس کا مقصد حاجتمند کو برباد کرکے خود فائدہ اُٹھانا ہی۔ اور خیرات کے جذبہ کو بڑہانا چاہتا ہی جس کا مقصد حاجتمند کی حاجت روائی کرنا اور اُس سے فائدہ اُٹھانے کی جگہ فائدہ پہنچانا ہی) اور (یاد رکھو) تمام ایسے لوگوں کو جو نعمتِ الٰہی کے ناسپاس اور نافرمان ہیں، اُس کی پسندیدگی حاصل نہیں ہوسکتی!

جو لوگ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں، اور اُنکے کام بھی اچھے ہیں نیز نماز قائم کرتے اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، تو بلا شبہ اُنکے پروردگار کے حضور ان کا اجر ہے۔ نہ تو انکے لئے کسی طرح کا ڈر ہو سکتا ہے، نہ کسی طرح کی غمگینی!

۲۷۸ مسلمانو! اگر فی الحقیقت تم خدا پر ایمان رکھتے ہو، تو اُس سے ڈرو، اور جسقدر سُود مقروضوں کے ذمے باقی رہ گیا ہے، اُسے چھوڑ دو۔ ۲۷۹ اگر تم نے ایسا نہ کیا (اور ممانعت کے بعد بھی سُود کے پیچھے پڑے رہے) تو پھر اللہ اور اسکے رسول سے جنگ کرنے کے لئے طیار ہو جاؤ (کیونکہ ممانعت کے صاف صاف حکم کے بعد اس کی خلاف ورزی کرنا، اللہ اور اس کے رسول کے برخلاف جنگ آزما ہونا ہے) اور اگر (اس باغیانہ روش سے) توبہ کرتے ہو، تو پھر تمھارے لئے یہ حکم ہے کہ اپنی اصلی رقم لے لو اور بقیہ سُود چھوڑ دو۔ نہ تو تم کسی پر ظلم کرو۔ نہ تمھارے ساتھ ظلم کیا جائے۔

۲۸۰ اور اگر ایسا ہو کہ ایک مقروض تنگ دست ہے (اور فوراً قرض ادا نہیں کر سکتا) تو چاہیئے کہ اُسے فراخی حاصل ہونے تک مُہلت دی جائے۔ اور اگر تم سمجھ رکھتے ہو، تو تمھارے لئے بہتری کی بات تو یہ ہے کہ (ایسے تنگ دست بھائی کو) اُس کا قرض بطور خیرات کے بخشدو۔

۲۸۱ اور دیکھو، اُس دن (کی پُرسش) سے ڈرو، جبکہ تم سب اللہ کے حضور لوٹائے جاؤگے، اور پھر ایسا ہوگا کہ ہر جان نے (اپنے عمل سے) جو کچھ کمایا ہے، اس کا بدلہ پُورا پُورا اُسے مل جائے گا۔ یہ نہ ہوگا کہ کسی کی بھی حق تلفی ہو۔

۲۸۲ مسلمانو! جب کبھی ایسا ہو کہ تم خاص میعاد کے لئے اودھار لینے دینے کا معاملہ کرو، تو چاہیئے کہ اُسے قیدِ کتابت میں لے آؤ۔

اور تمھارے درمیان ایک کاتب ہو جو دیانت داری کے ساتھ دستاویز قلمبند کردے۔

کاتب کو اس سے گریز نہیں کرنا چاہیئے کہ جس طرح اللہ نے اُسے (دیانت داری کے ساتھ لکھنا) بتلایا ہے، اُس کے مطابق لکھدے۔ اُسے لکھ دینا چاہیئے۔

لکھا پڑھی اس طرح ہو کہ جس کے ذمے دینا ہے، وہ مطلب بولتا جائے (اور کاتب لکھتا جائے) اور

چونکہ سُود کے ذکر سے لین دین کا معاملہ چھڑ گیا تھا، اس لئے اسکے ضروری احکام بھی بیان کردیئے گئے، اور اس بارے میں لوگوں کی جہالت اور بد معاملگی سے جو مفاسد پھیل گئے تھے، ان کا ازالہ کر دیا گیا:

(۱) لین دین جس قدر ہو، لکھا پڑھی کے ساتھ ہو۔ محض زبانی نہ ہو۔

(۲) ہر طرح کے لین دین کے لئے دو گواہوں کا ہونا ضروری ہے۔

(۳) اگر کوئی فریق نابالغ یا بے سمجھ ہو، تو اس کی جانب سے اُس کا سرپرست وکالت کرے۔

(۴) کاتب کا فرض ہے کہ دیانت داری کے ساتھ اپنا فرض انجام دے۔

(۵) گواہوں کو گواہی دینے سے انکار نہیں کرنا چاہیئے۔ گواہی کا چھپانا معصیت ہے۔

(۶) اس کا بندوبست کرنا چاہیئے کہ کاتب اور گواہ کو اہل غرض نقصان نہ پہنچا سکیں، ورنہ نظام شہادت درہم برہم ہو جائے گا۔

(۷) اگر دو مرد گواہ نہ مل سکیں تو ایک مرد کے بدلے دو عورتیں گواہ ہو جائیں۔ ایک بھول جائے گی تو دوسری یاد دلادے گی۔

چاہئے کہ ایسا کرتے ہوئے اپنے پروردگار کا دل میں خوف رکھے۔ جو کچھ اُس کے ذمے آتا ہے، اُس میں کسی طرح کی کمی نہ کرے۔ ٹھیک ٹھیک اعتراف کرے۔

اگر ایسا ہو کہ جسکے ذمے دینا آتا ہے، وہ بے عقل ہو یا ناتواں ہو (یعنے لین دین اور معاملہ کرنے کی سمجھ نہ رکھتا ہو) یا اس کی استعداد نہ رکھتا ہو کہ خود کہے اور لکھوائے، تو اس صورت میں چاہئے، اُس کی جانب سے اُس کا سرپرست دیانت داری کے ساتھ مطلب بولتا جائے۔

اور (جو دستاویز لکھی جائے) اُس پر اپنے آدمیوں میں سے دو آدمیوں کو گواہ کرلو۔

اگر دو مرد نہ ہوں، تو پھر ایک مرد (کے بدلے) دو عورتیں جنھیں تم گواہ کرنا پسند کرو۔ اگر (گواہی دیتے ہوئے) ایک عورت بھول جائیگی، دوسری یاد دلادے گی۔

اور جب گواہ طلب کئے جائیں، تو گواہی دینے سے گریز نہ کریں۔

اور معاملہ چھوٹا ہو یا بڑا، جب تک میعاد باقی ہے، دستاویز لکھنے میں کاہلی نہ کرو۔ اللہ کے نزدیک اس میں تمھارے لئے انصاف کی زیادہ مضبوطی ہے، شہادت کو اچھی طرح قائم رکھتا ہے، اور اس بات کا حتی الامکان بندوبست کردینا ہے کہ (آیندہ) شک و شبہ میں نہ پڑو۔

ہاں اگر ایسا ہو کہ نقد (لین دین) کا کاروبار ہو جسے تم (ہاتھوں ہاتھ) لیا دیا کرتے ہو، تو ایسی حالت میں کوئی مضائقہ نہیں اگر لکھا پڑھی نہ کی جائے۔

لیکن (تجارتی کاروبار میں بھی) سودا کرتے ہوئے گواہ کرلیا کرو (تاکہ خرید و فروخت کی نوعیت اور شرائط کے بارے میں بعد کو کوئی جھگڑا نہ ہوجائے)۔

اور کاتب اور گواہ کو کسی طرح کا نقصان نہ پہنچایا جائے (یعنے اس کا موقعہ نہ دیا جائے کہ اہل غرض اُن پر دباؤ ڈالیں، اور سچی بات کے اظہار سے مانع ہوں) اگر تم نے ایسا کیا، تو یہ تمھارے لئے گناہ کی بات ہوگی۔

اور چاہئے کہ (ہر حال میں) اللہ سے ڈرتے رہو۔ وہ تمھیں (فلاح و سعادت کے طریقے) سکھلاتا ہے، اور وہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے!

۲۸۳ (۸) رہن یعنے کوئی چیز گرو رکھ کر قرض لینے اور دینے کا حکم۔ مرہون چیز مالک کی چیز ہو۔ قرض دینے والے کے لئے جائز نہیں کہ اُس کی واپسی سے انکار کرے

اور اگر تم سفر میں ہو، اور (ایسی حالت ہو کہ باقاعدہ لکھا پڑھی کرنے کے لئے) کوئی کاتب نہ ملے، تو اس صورت میں ایسا ہوسکتا ہے کہ کوئی چیز گرو رکھ کر اُس کا قبضہ (قرض دینے والے کو) دیدیا جائے۔ پھر اگر ایسا ہو کہ تم میں سے ایک آدمی دوسرے کا اعتبار کرے، تو جس کا اعتبار کیا گیا ہے (یعنے جس کا اعتبار کرکے، گرو کی چیز اُس کی امانت میں دیدی گئی ہے) وہ (قرض کی رقم لے کر مقروض کی امانت واپس کردے، اور (اس بارے میں)

اپنے پروردگار (کی پرستش) سے بے خوف نہ ہو۔

اور دیکھو! ایسا نہ کرو کہ گواہی چھپاؤ (اور کسی کے خوف یا طمع سے حقیقت کا اظہار نہ کرو) جو کوئی گواہی چھپائے گا، وہ اپنے دل میں گنہگار ہوگا (اگرچہ بظاہر لوگ اُس کے جرم سے واقف نہ ہوں اور اُسے بے گناہ سمجھیں) اور (یاد رکھو) تم جو کچھ بھی کرتے ہو، اللہ کے علم سے پوشیدہ نہیں!

۲۸۴ آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے، سب اللہ ہی کے لئے ہے۔ (اُس کے حکم اور علم سے کوئی گوشہ باہر نہیں) جو کچھ تمھارے دلوں میں ہے، تم اُسے ظاہر کرو، یا پوشیدہ رکھو، ہر حال میں اللہ جاننے والا ہے، وہ تم سے ضرور اُس کا حساب لے گا (تم اپنے دلوں کا گناہ دُنیا کی نظروں سے چھُپا سکتے ہو، لیکن خدا کے محاسبہ سے نہیں بچ سکتے) اور پھر یہ اُسی کے ہاتھ ہے کہ جسے چاہے بخشدے، جسے چاہے عذاب دے۔ وہ ہر بات پر قادر ہے!

سورت کا اختتام اور دین حق کے اعتقاد و عمل کا خلاصہ سورت کی ابتدا بھی اسی سے ہوئی تھی، اور اختتام بھی اسی پر ہوتا ہے۔

۲۸۵ اللہ کا رسول اُس (کلام) پر ایمان رکھتا ہے جو اُس کے پروردگار کی طرف سے اُس پر نازل ہوا ہے، اور جو لوگ (دعوتِ حق پر) ایمان لائے ہیں، وہ بھی اُس پر ایمان رکھتے ہیں۔ یہ سب اللہ پر، اُس کے فرشتوں پر، اُس کی کتابوں پر، اُس کے رسولوں پر ایمان لائے ہیں۔ (انکے ایمان کا دستور العمل یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں) ہم اللہ کے رسولوں میں سے کسی کو دوسرے سے جُدا نہیں کرتے (کہ اُسے مانیں، دوسروں کو نہ مانیں۔ یا سب کو مانیں مگر کسی ایک سے انکار کردیں۔ ہم خدا کے تمام رسولوں کی یکساں طور پر تصدیق کرنے والے ہیں) اور (یہ وہ لوگ ہیں کہ جب اُنھیں داعیِ حق نے پکارا، تو) اُنھوں نے کہا، خدایا، ہم نے تیرا حکم سُنا اور ہم نے تیرے آگے اطاعت کا سر جُھکا دیا۔ تیری مغفرت ہمیں نصیب ہو۔ اے پروردگار! ہم سب کو تیری ہی طرف (بالآخر) لوٹنا (اور تیرے حضور حاضر ہونا) ہے!

۲۸۶ اللہ کسی جان پر اُس کی طاقت سے زیادہ ذمّہ داری نہیں ڈالتا۔ ہر جان کے لئے وہی ہے جیسی کچھ اُس کی کمائی ہے۔ جو کچھ اُسے پانا ہے، وہ بھی اُس کی کمائی سے ہے، اور جس کے لئے اُسے جوابدہ ہونا ہے، وہ بھی اس کی کمائی ہے (پس ایمان والوں کی صدائے حال یہ ہوتی ہے کہ) خدایا! اگر ہم سے (سعی و عمل میں) بھول چوک ہو جائے، تو اس کے لئے مواخذہ نہ کیجیو اور ہمیں بخشدیجیو! خدایا! ہم پر ویسی بندشوں اور گرفتاریوں کا بوجھ نہ ڈالیو جیسا اُن لوگوں پر ڈالا تھا جو ہم سے پہلے گزر چکے ہیں! اے پروردگار! ایسا بوجھ ہم سے نہ اُٹھوائیو جس کے اُٹھانے کی ہم (ناتوانوں) میں سکت نہ ہو! خدایا! ہم سے درگزر کر! خدایا! ہم پر رحم کر! خدایا! تو ہی ہمارا مالک و آقا ہے۔ پس اُن (ظالموں) کے مقابلے میں جن کا گروہ کفر کا گروہ ہے، ہماری مدد فرما!

آلِ عِمْرَان

مَدَنِيَّةٌ وَّهِيَ مِائَتَا اٰيَةً

آل عمران - مدنی - دو سو آیتیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱-۲ الۤمّۤ ○ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ○ نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ
۳ یَدَیْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِیْلَ ○ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ○ اِنَّ الَّذِیْنَ
۴ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ○ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَخْفٰى عَلَیْهِ شَیْءٌ

الف - لام - میم - اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ کوئی نہیں مگر اسی کی ایک ذات الحیّ (یعنے زندہ کہ اسکے لئے زوال و فنا نہیں) القیّوم (کہ کائنات ہستی کی ہر چیز اس سے قائم ہے۔ وہ اپنے قیام کے لئے کسی کا محتاج نہیں) اُسی نے تم پر سچائی کے ساتھ الکتاب نازل کی (یعنے قرآن نازل کیا) اُس سے پہلے جسقدر کتابیں نازل ہو چکی ہیں، اُن سب کی تصدیق کرتی ہوئی آئی ہے (اُن سے الگ نہیں ہے، اور نہ انھیں جھٹلانے والی ہے) اور اسی (حیّ و قیوم ذات) نے اس سے پہلے لوگوں کی ہدایت کے لئے تورات اور انجیل نازل کی تھی۔ نیز اس نے الفرقان (یعنے نیک و بد اور حق و باطل میں امتیاز کرنے والی قوت) بھی نازل فرمائی۔

۴ جو لوگ اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں (اور حق کو چھوڑ کر باطل کا ساتھ دیتے ہیں) تو (یاد رکھیں) انھیں (پاداش عمل میں) سخت عذاب ملنے والا ہے، اور اللہ سب پر غالب، اور (مجرموں کو) سزا دینے والا ہے۔

۴ بلاشبہ اللہ کے علم سے کوئی بات پوشیدہ نہیں۔ خواہ زمین میں ہو خواہ آسمان میں۔ یہ اُسی کی کارفرمائی ہے کہ جس طرح چاہتا ہے، ماں کے شکم میں تمھاری صورت (کاڈیل ڈول اور ناک نقشہ) بنا دیتا ہے (اور قبل اسکے کہ دُنیا میں قدم رکھو، تمھاری حالت و ضرورت کے مطابق تمھیں ایک موزوں صورت ملجاتی ہے)،

۱ اللہ الحیّ ہے۔ یعنے زندہ ہے۔ اُس کے لئے فنا و زوال نہیں۔ القیوم ہے۔ یعنے ہر چیز اُس سے قائم ہے۔ وہ اپنے قیام کے لئے کسی کا محتاج نہیں۔ اُسکے حیّ و قیوم ہونے کا مقتضے یہی تھا کہ انسان کی زندگی و قیام کی تمام احتیاجات مہیا کر دے۔ احتیاجات دو طرح کی ہیں جسمانی اور روحانی۔ اُسنے جس طرح پہلی کا انتظام کیا اُسی طرح دوسری کا بھی سر و سامان کیا۔ روحانی احتیاجات کے لئے انسان کو دو چیزیں دی گئیں۔ الکتاب اور الفرقان۔ الکتاب خدا کی وحی ہے جو ہدایت و سعادت کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ الفرقان جوہر عقل ہے جو اسے سمجھتا اور قبول کرتا ہے۔ پہلی چیز تعلیم ہے دوسری تعلّم کی استعداد ہے۔ پہلی ہدایت کی قوت فاعلہ ہے دوسری منفعلہ۔

۲ سنت الٰہی اس بارے میں یہ ہے کہ جو لوگ کفر و سرکشی کے ساتھ الکتاب کا مقابلہ کرتے ہیں اور الفرقان یعنے جوہر عقل و تمیز سے کام نہیں لیتے، تو اُنکے لئے دنیا میں نامرادی ہوتی ہے اور آخرت میں عذاب!

جس حیّ و قیوم کی کارفرمائیوں کا یہ حال ہے کہ انسان کو پیدائش سے پہلے اُس کی مناسب موزوں صورت دیدیتا ہے، کیا ضروری نہیں کہ پیدائش کے بعد اُس کی روحانی فلاح و سعادت کی بھی صورت آرائی کر دیتا؟

فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ ؕ هُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَیْفَ یَشَآءُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ هُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰیٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ ۵
اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ
تَاْوِیْلِهٖ ۚ وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗۤ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا یَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ ۶

یقیناً کوئی معبود نہیں ہے مگر وہی (جس کی قدرت وحکمت کی یہ کارفرمائی ہے) غالب توانا (کہ اُسی کے حکم وطاقت سے سب کچھ ظہور میں آتا ہے) حکمت والا (کہ انسان کی پیدائش سے پہلے شکم مادر میں اُس کی صورت آرائی کر دیتا ہے!)

۵ (اے پیغمبر!) وہی (حی وقیوم ذات) ہے جسنے تم پر الکتاب نازل فرمائی ہے۔ اسمیں ایک قسم تو محکم آیتوں کی ہے، (یعنے ایسی آیتوں کی جو اپنے ایک ہی معنی میں اٹل اور ظاہر ہیں) اور وہ کتاب کی اصل واساس ہیں۔ دوسری قسم متشابہات کی ہے (یعنے ایسی آیتوں کی جو جلتے جلتے معانی کا احتمال رکھتی ہیں) تو جن لوگوں کے دلوں میں کجی ہے (اور سیدھے طریقہ پر بات نہیں سمجھ سکتے) وہ (محکم آیتیں چھوڑ کر) اُن آیتوں کے پیچھے پڑ جاتے ہیں جو کتاب اللہ میں متشابہ ہیں۔ اس غرض سے کہ فتنہ پیدا کریں اور اُن کی حقیقت معلوم کرلیں۔ حالانکہ اُن کی حقیقت تو اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ (کیونکہ اُن کا تعلق اُس عالم سے ہے جہاں تک انسان کا علم وحواس پہنچ نہیں سکتا) مگر جو لوگ علم میں پکے ہیں، تو وہ (متشابہات کے پیچھے نہیں پڑتے، وہ) کہتے ہیں یہ ہم اُن پر ایمان رکھتے ہیں کیونکہ یہ سب کچھ ہمارے پروردگار کے طرف سے ہے اور حقیقت یہ ہے کہ (تعلیم حق سے) دانائی حاصل نہیں کرتے مگر وہی لوگ جو عقل وبصیرت رکھنے والے ہیں!

اس اصل عظیم کا بیان کہ کتاب اللہ کی تعلیم ہمیشہ دو اصولی قسموں پر مشتمل ہوتی ہے: محکم اور متشابہ۔ محکم سے مقصود وہ مطالب ہیں جو اصل بنیاد کی حیثیت رکھتے ہیں، اور اس لئے انسانی عمل کے لئے صاف صاف اور کھلے احکام ہیں مثلاً توحید ورسالت۔ اوامر ونواہی، حلال وحرام۔ متشابہ سے مقصود وہ مطالب ہیں جن کا تعلق ماوراء عقل حقائق سے ہے، اور انسان علم وحواس کے ذریعہ انکا ادراک نہیں کرسکتا۔ مثلاً خدا کی صفات، مرنے کے بعد کی زندگی۔ عالم آخرت کے احوال، عذاب وثواب کی حقیقت۔ پس ناگزیر طور پر اُن کا بیان ایسے پیرایہ میں کیا جاتا ہے کہ فہم انسانی کے لئے ناقابل برداشت نہ ہو، اور اس لئے تشبیہ ومجاز سے خالی نہیں ہوتا۔ اگر ایک شخص کج فہمی سے کاوش کرنی چاہے تو طرح طرح کے معانی ومباحث کے احتمالات پیدا کرلے سکتا ہے۔

پس جو لوگ سمجھ کے سیدھے اور علم میں پکے ہوتے ہیں، وہ محکمات کو اصل سمجھتے ہیں کہ عمل وہدایت کے لئے کافی ہیں، اور متشابہات کے پیچھے نہیں پڑتے کہ اُن میں کاوش سودمند عمل نہیں۔ علم کے رسوخ اور معرفت کے کمال سے یہ حقیقت اُن پر کھل جاتی ہے کہ متشابہات کی حقیقت کا ادراک عقل انسانی کی پہنچ سے باہر ہے۔ وہ خلاف عقل نہیں ہیں مگر ماوراء عقل ہیں۔ انسان اُن پر یقین کرسکتا ہے۔ مگر ان کی حقیقت نہیں پاسکتا۔ پس وہ کہتے ہیں، جو کچھ بھی اللہ کے کلام میں ہے، ہم اُس پر ایمان رکھتے ہیں، اور اس سے آگے قدم بڑھانا نہیں چاہتے!

لیکن جن لوگوں کے سمجھ میں کجی ہوتی ہے، وہ متشابہات کے پیچھے پڑ جاتے ہیں اور ایمان و یقین کے لئے فتنہ پیدا کردیتے ہیں۔

۶ (ان ارباب عقل وبصیرت کی صدائے حال ہمیشہ یہ ہوتی ہے کہ) اے پروردگار! ہمیں سیدھے رستے لگا دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ڈانواں ڈول نہ کر، اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما! یقیناً تو ہی ہے کہ بخشش میں

۷ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ۞ ۸ رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ۞ ۹ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمْ وَقُودُ النَّارِ ۞ ۱۰ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۞ ۱۱ قُل لِّلَّذِينَ كَفَرُوا سَتُغْلَبُونَ وَتُحْشَرُونَ إِلَىٰ جَهَنَّمَ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۞ قَدْ كَانَ لَكُمْ آيَةٌ فِي فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ۖ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَأُخْرَىٰ كَافِرَةٌ يَرَوْنَهُم

ع ۹

تجھ سے بڑا کوئی نہیں!"

۷ "خدایا! (عالم آخرت کے معاملات ہماری عقل نارسا میں آئیں یا نہ آئیں لیکن) اس میں کوئی شک نہیں کہ تو ایک دن سب کو اپنے حضور جمع کرنے والا ہے۔ (یہ تیرا وعدہ ہے، اور) یقیناً تیرا وعدہ کبھی خلاف نہیں ہو سکتا!"

۸ جن لوگوں نے (ایمان و راست بازی کی جگہ) کفر کی راہ اختیار کی ہے، تو (وہ یاد رکھیں) اُنھیں اللہ کے مواخذہ سے نہ تو انکی دولت بچا سکے گی (جس کی کثرت کا اُنھیں گھمنڈ ہے) نہ آل اولاد، (جو دنیا کی مصیبتوں مشکلوں میں اُنکے کام آتی رہتی ہے) یہ وہ لوگ ہیں کہ آتش عذاب کا ایندھن بن کر رہینگے!

> جن لوگوں نے الکتاب (یعنے قرآن) کا معاندانہ مقابلہ کیا ہے، تو انھوں نے سرکشی و جحود کی وہی روش اختیار کی ہے جو حضرت موسیٰ کے مقابلہ میں آل فرعون نے اختیار کی تھی، اور وہ وقت دور نہیں جب اُنکے لئے بھی وہی ہوگا، جو آل فرعون کے لئے ہوا تھا اور دنیا دیکھ لے گی کہ آخری فتحمندی کس کا ساتھ دیتی ہے؟

۹ اِن لوگوں کا بھی وہی ڈھنگ ہے، جو فرعون کے گروہ کا تھا، اور اُن لوگوں کا تھا جو اُس سے پہلے گزر چکے ہیں۔ اُنھوں نے اللہ کی نشانیاں جھٹلائیں۔ تو اللہ نے بھی پاداش عمل میں اُنھیں پکڑ لیا، اور (یاد رکھو) وہ (جرموں کی سزا دینے میں) بہت ہی سخت سزا دینے والا ہے!

۱۰ (اے پیغمبر!) جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے، اُن سے کہدو "وہ وقت دور نہیں جب (آل فرعون کی طرح) تم بھی (غلبۂ حق سے) مغلوب ہو جاؤ گے، اور جہنم کی طرف ہنکائے جاؤ گے۔ اور (جس گروہ کا آخری ٹھکانا جہنم ہو، تو اُس کا ٹھکانا) کیا ہی بُرا ٹھکانا ہے!"

> جنگ بدر کا نتیجہ اس معاملہ کی ابتدا تھا، تاہم فیصلہ کن تھا۔ اگر عبرت پذیری کی استعداد فنا نہ ہو گئی ہوتی تو ان لوگوں کے تنبہ کے لئے کافی تھا! ۵۱

۱۱ بلاشبہ تمھارے لئے اُن دو گروہوں میں (کلمۂ حق کی فتحمندیوں کی) بڑی ہی نشانی تھی، جو (بدر کے میدان میں) باہمدگر مقابل ہوئے تھے۔ اُس وقت ایک گروہ تو (مٹھی بھر بے سر و سامان) مسلمانوں کا تھا، جو اللہ کی راہ میں لڑ رہا تھا۔ دوسرا منکرین حق کا تھا جنھیں مسلمان اپنی آنکھوں سے دیکھ

۵۱ اہل مکہ کے مظالم سے مجبور ہو کر پیغمبر اسلام نے ہجرت کی اور مدینہ آ بسے۔ لیکن قریش مکہ نے یہاں بھی چین سے بیٹھنے نہ دیا۔ ہجرت کے دوسرے سال ایک لشکر طیار ہوا اور مدینہ پر حملہ آور ہو گیا۔ مسلمان بھی مدینہ سے نکلے، اور بدر نامی ایک کنوئیں کے پاس لڑائی ہوئی۔ جنگ بدر سے مقصود یہی لڑائی ہے۔ مسلمانوں کی تعداد ۳۱۳ تھی، اور دشمن اُن سے تین گنا زیادہ تھے لیکن نصرت الٰہی نے مسلمانوں کا ساتھ دیا، اور دشمنوں کو نہایت ذلت بخش شکست ہوئی۔

مِّثْلَيْهِمْ رَأْيَ الْعَيْنِ ۚ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۝
۱۲ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ
وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ۭ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ
۱۳ حُسْنُ الْمَاٰبِ ۝ قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ۭ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
۱۴ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ ۢ بِالْعِبَادِ ۝ اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا
۱۵ وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ ۝

رہے تھے کہ اُن سے دوچند ہیں (بایں ہمہ منکرینِ حق کو شکست ہوئی) اور اللہ جس کسی کو چاہتا ہے، اپنی نصرت سے مددگاری پہنچاتا ہے۔ بلاشبہ اُن لوگوں کے لئے جو چشم بینا رکھتے ہیں، اس معاملہ میں بڑی ہی عبرت ہے!

پیروانِ دعوتِ حق کو موعظت کہ اپنی دنیوی بے سروسامانی سے دل برداشتہ ہوں۔ اصلی دولت ایمان و عمل کی دولت ہے۔ اگر یہ حاصل ہے، تو دنیوی سروسامان خود بخود حاصل ہو جائینگے

ضمناً اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ حکمتِ الٰہی اسی کی مقتضی ہوئی کہ اہل و عیال اور مال و متاع میں انسان کے لئے دلبستگی و مشغولیت ہو۔ پس یہ زندگی کے فطری علائق ہیں، اور خدا کی مرضی یہی ہے کہ قائم رہیں۔

متقی انسانوں کے خصائل اور اُنکے ایمان و عمل کی بشر۔

۱۲ انسان کے لئے مرد و عورت کے رشتہ میں، اولاد میں، چاندی سونے کے ذخیروں میں، چُنے ہوئے گھوڑوں میں، مویشی میں، اور کھیتی باڑی میں دلبستگی و خوشنمائی رکھ دی گئی ہے۔ (یعنے خدا نے انسان کی طبیعت اور اُس کی حالت ایسی بنائی ہے کہ زندگی کی خوشحالی و زینت میں اس کا دل اٹکا ہوا ہے، اس لئے قدرتی طور پر تمھیں بھی ان چیزوں کی خواہش ہوگی) لیکن یہ جو کچھ ہے، دنیوی زندگی کا فائدہ اُٹھانا ہے، اور بہتر ٹھکانا تو اللہ ہی کے پاس ہے!

۱۳ (اے پیغمبر!) ان سے کہدو۔ میں تمھیں بتلاؤں۔ زندگی کے ان فوائد سے بھی بہتر تمھارے لئے کیا ہے؟ جو لوگ متقی ہیں، اُن کے لئے اُنکے پروردگار کے پاس (نعیم ابدی کے) باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں (اس لئے کبھی خشک ہونے والے نہیں) وہ ہمیشہ ان باغوں میں رہینگے۔ پاک بیویاں اُنکے ساتھ ہونگی اور (سب سے بڑھ کر یہ کہ) اللہ کی خوشنودی اُنھیں حاصل ہوگی۔ اور (یاد رکھو) اللہ اپنے بندوں کا حال دیکھ رہا ہے

۱۴ (یہ متقی انسان وہ ہیں) جو کہتے ہیں "خدایا! ہم تجھ پر ایمان لائے، پس ہمارے گناہ بخشدیجیو، اور عذابِ جہنم سے ہمیں بچا لیجیو!"

۱۵ (شدت و مصیبت میں) صبر کرنے والے، (قول و عمل میں) راست باز، خشوع و خضوع میں یکسر، نیکی کی راہ میں خرچ کرنے والے، اور رات کی آخری گھڑیوں میں (جب تمام دنیا خوابِ سحر کے مزے لوٹتی ہے) اللہ کے حضور کھڑے ہونے والے اور اُس کی مغفرت کے طلب گار!

دینِ الٰہی کی حقیقت یہ ہے کہ اللہ کے قانون کی اطاعت کی جائے۔ اللہ کا قانون کیا ہے؟ میزانِ عدل کا قیام ہے جس پر تمام کائناتِ عالم چل رہا ہے۔ اسکی معرفت یوں حاصل ہو سکتی ہے کہ کائناتِ ہستی کی شہادت پر غور و تدبر کیا جائے۔

۱۶ اللہ نے اس بات کی شہادت آشکارا کر دی کہ کوئی معبود نہیں ہے، مگر صرف اُس کی ذات یگانہ

۱۶ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۙ وَ الْمَلٰٓىٕكَةُ وَ اُولُوا الْعِلْمِ قَآىٕمًۢا بِالْقِسْطِؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُؕ

۱۷ اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ۫ وَ مَا اخْتَلَفَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْیًۢا بَیْنَهُمْؕ وَ مَنْ

۱۸-۱۹ یَّكْفُرْ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِیَ لِلّٰهِ وَ مَنِ اتَّبَعَنِؕ وَ قُلْ لِّلَّذِیْنَ اُوْتُوا

الْكِتٰبَ وَ الْاُمِّیّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْاۚ وَ اِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَیْكَ الْبَلٰغُؕ وَ اللّٰهُ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ۠

ع ۱۰

شہادتیں تین ہیں۔ اللہ کی۔ یعنے اللہ کے وحی کی۔ ملائکہ کی۔ یعنے مدبّرات ارضی و سماوی کی۔ اولو العلم کی یعنے اصحاب علم و بصیرت کی۔

یہ تینوں شہادتیں اعلان کر رہی ہیں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اسنے تمام کارخانۂ ہستی میزانِ عدل پر اُستوار کیا ہے۔

انسان کو اوّل دن سے ایک ہی دین دیا گیا ہے، اور وہ ہی الاسلام ہے۔ تمام رہنمایانِ عالم نے ہمیشہ اسی کی تعلیم دی، اور تفرقہ و اختلاف سے روکا۔

یہود اور نصاریٰ کا باہمی تفرقہ اور گروہ بندی اس لئے پیدا ہوئی کہ انھوں نے اصل دین سے انحراف کیا اور آپس کی ضد اور تعصب میں پڑ گئے۔

۱۶ عدل کے ساتھ (تمام کارخانۂ ہستی میں) تدبیر و انتظام کرنے والی۔ فرشتے بھی (اپنے اعمال سے) اسی کی شہادت دیتے ہیں، اور وہ لوگ بھی جو علم رکھنے والے ہیں۔ ہاں، کوئی معبود نہیں ہے مگر وہی ایک۔ طاقت و غلبہ والا کہ اسی کی تدبیر سے تمام کارخانۂ ہستی قائم ہے! حکمت والا کہ اسی نے اساسِ عدل پر اس کارخانہ کا ہر گوشہ اُستوار کر دیا ہے!

۱۷ بلاشبہ "الدین" (یعنے اصلی دین) اللہ کے نزدیک "الاسلام" ہی ہے (اس ایک دین کے سوا اور کوئی دین نہیں) اور یہ جو اہلِ کتاب نے باہمد گر اختلاف کیا (اور گروہ بندیاں کر کے، الگ الگ دین بنالئے) تو (یہ اس لئے نہیں ہوا کہ اس دین کے سوا اُنھیں کسی دوسرے دین کی راہ دکھلائی گئی تھی، یا دین کی راہ مختلف ہو سکتی ہے، بلکہ) اس لئے کہ علم کے حصول کے بعد وہ اسپر قائم نہیں رہے، اور آپس کی ضد اور عناد سے الگ الگ ہو گئے۔ اور یاد رکھو، جو کوئی اللہ کی آیتوں سے انکار کرتا ہے (اور ہدایت پر گمراہی کو ترجیح دیتا ہے) تو اللہ (کا قانونِ جزاء) بھی حساب لینے میں سُست رفتار نہیں!

یہود و نصاریٰ اور مشرکینِ عرب پر اتمامِ حجت کہ اصل دین خدا پرستی ہے۔ ساری باتیں چھوڑ کر یہ بتلاؤ، تھیں خدا پرستی سے اقرار ہے یا انکار؟ اگر اقرار ہے، تو سارا جھگڑا ختم ہو گیا کیونکہ اسلام کی حقیقت اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے۔ اگر انکار ہے، تو پھر جن مدعیانِ مذہب کو خدا پرستی ہی سے انکار ہو، اُن سے بحث و نزاع کیا سود مند ہو سکتی ہے؟

۱۸ پھر اگر یہ لوگ تم سے جھگڑا کریں، تو (اے پیغمبر!) تم کہدو، میرے اور میرے پیرؤں کا طریقہ تو یہ ہے کہ ہم نے اللہ کے آگے سرِ اطاعت

۱۹ جھکا دیا ہے (یعنے ہماری راہ خدا پرستی کے سوا اور کچھ نہیں ہے) اور اہلِ کتاب اور (عرب کے) اَن پڑھ لوگوں سے پوچھو، تم بھی اللہ کے آگے جھکتے ہو یا نہیں؟ اگر وہ جھک جائیں، تو (سارا جھگڑا ختم ہو گیا، اور) اُنھوں نے راہ پالی، اگر روگردانی کریں، تو پھر (جن لوگوں کو خدا پرستی ہی سے انکار ہو، اور محض گروہ بندی کے تعصب کو دینداری سمجھ رہے ہوں، اُنکے لئے دلیل و موعظت کیا سود مند ہو سکتی ہے؟ اُنھیں اُنکے حال پر چھوڑ دو، اور

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّيَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۠ وَغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝ فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ۣ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ

۲۰ ۲۱-۲۲ ۲۳ ۲۴

اپنا کام کئے جاؤ) تمھارے ذمّے جو کچھ ہے، وہ پیامِ حق پہنچا دینا ہے، اور اللہ اپنے بندوں کے حال سے غافل نہیں وہ سب کچھ دیکھ رہا ہے!

۲۰ جو لوگ اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں اور اُسکے نبیوں کے ناحق قتل میں بیباک ہیں، نیز اُن لوگوں کو قتل کرتے ہیں جو حق و عدالت کا حکم دینے والے ہیں، تو (ایسے خوش اعمال لوگوں کے لئے اسکے سوا کیا ہو سکتا ہے کہ) اُنھیں عذابِ الیم کی خوشخبری پہنچا دو!

یہودیوں کی قومی گمراہیوں اور بدعملیوں کی طرف اشارہ جس گروہ کی ذہنیت اس درجہ مسخ ہو گئی ہو کہ حق و عدالت کی دشمن اور ظلم و فساد کی پرستار ہو، اُس سے قبولیتِ حق کی کیا اُمید ہو سکتی ہے۔ علماءِ یہود کی یہ گمراہی کہ جس کتاب کو کتابِ الٰہی مانتے تھے اور اسکے علم و عمل کے مدعی تھے، جب اُسی کتاب پر عمل کرنے کی دعوت دی گئی، تو صاف انکار کر گئے۔ کیونکہ اسکے احکام پر عمل کرنا اُن کی نفسانی خواہشوں اور مطلب براریوں کے خلاف تھا۔

۲۱ یہی لوگ ہیں جن کا سارا کیا دھرا، دُنیا اور آخرت، دونوں میں اکارت گیا، اور کوئی نہیں جو انکا مددگار ہو گا

۲۲ (اے پیغمبر!) کیا تم نے اُن لوگوں کی حالت نہیں دیکھی جنھیں کتاب اللہ کے علم میں سے کچھ حصہ ملا ہے (یعنی یہودیوں کے علماء کی جو شب و روز تورات کی تلاوت کرتے رہتے ہیں) اُنھیں خدا کی کتاب کی طرف دعوت دی گئی کہ اُنکے درمیان فیصلہ کر دے۔ باایں ہمہ ایک گروہ اُس سے صاف روگرداں ہے، اور اصل یہ ہے کہ کتاب اللہ کے طرف سے ان سب کے رُخ ہی پھرے ہوئے ہیں!

۲۳ اور اُن کی یہ حالت اس لئے ہوئی کہ اُنھوں نے کہا، دوزخ کی آگ ہمیں کبھی نہیں چھوئیگی۔ اور اگر چھوئیگی بھی تو گنتی کے چند دنوں کے لئے (یعنے ہم نجات یافتہ اُمت ہیں۔ اگر ہم میں سے کوئی آدمی جہنم میں ڈالا بھی جائے گا، تو اس لئے نہیں کہ عذاب میں پڑا رہے، بلکہ اس لئے کہ گناہ کے میل کچیل سے پاک و صاف ہو کر پھر جنت میں جا داخل ہو) تو یہ جو وہ خدا پر افترا پردازی کرتے رہے ہیں، اسنے اُنھیں دین کے بارے میں مبتلائے فریب کر دیا ہے۔

یہ صورتِ حال اس لئے ہے کہ مذہبی گروہ بندی کے غرور نے اُن میں یہ زعم فاسد پیدا کر دیا ہے کہ ہم نجات یافتہ اُمت ہیں۔ ہمارے اعمال کیسے ہی کیوں نہ ہوں لیکن ہم جہنم میں نہیں ڈالے جائینگے حالانکہ خدا کا قانونِ نجات تو یہ نہیں دیکھے گا کہ کون کس گروہ بندی میں سے ہے اور کس کا نسب کس سے ملتا ہے؟ وہ تو صرف ایمان و عمل دیکھے گا، اور جس کا جیسا عمل ہوگا، ویسا ہی نتیجہ اسکے آگے آئیگا

۲۴ لیکن اُسوقت اُن کا حال کیا ہوگا جب قیامت کے دن جسکے آنے میں کوئی شبہ نہیں، ہم اُنھیں اپنے حضور جمع کرینگے، اور ہر جان نے (اپنے عمل سے) جیسا کچھ کمایا ہے، اُسی کے مطابق اُسے پورا پورا بدلہ ملے گا

۲۵ مَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ؗ وَتُعِزُّ
۲۶ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ
۲۷ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ
اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ فِي شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ
الْمَصِيْرُ ۝

اور کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہوگی؟ (یعنے اگر دنیا میں انھوں نے اپنے آپ کو مبتلائے فریب رکھا ہی تو کرلیں، قیامت کے دن دیکھ لیں گے کہ نجات کا تمام تر دارومدار عمل پر ہی۔ نہ کہ گروہ بندی اور نسل و خاندان پر!)

> بہرحال اب وقت آگیا ہی کہ دنیا ہی میں حق و باطل کا فیصلہ ہوجائے۔ جسے اُٹھنا ہے، وہ اُٹھ کھڑا ہو۔ جسے گرنا ہے، وہ گرا دیا جائے!

۲۵ (اے پیغمبر! تم اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کردو، اور) کہو "خدایا! شاہی و جہانداری کے مالک! تو جسے چاہے، مُلک بخشدے، جس سے چاہے مُلک لے لے۔ جسے چاہے عزت دیدے، جسے چاہے ذلیل کردے! تیرے ہی ہاتھ میں ہر طرح کی بھلائی کا سررشتہ ہی، اور تیری قدرت سے کوئی چیز باہر نہیں!

۲۶ ہاں، تو ہی ہی کہ رات کو دن میں لے آتا ہے، اور دن کو رات میں۔ جاندار کو بے جان سے نکالتا ہی اور بے جان کو جاندار سے۔ اور جسے چاہتا ہی (اپنے خزانۂ کرم سے) بے حساب بخشدیتا ہی!"

> چونکہ اب فیصلہ کا وقت آگیا ہی، اس لئے پیروانِ اسلام سے خطاب کہ راہِ عمل میں سرگرم ہوجائیں اور کمزوری نہ دکھائیں۔ اس سلسلہ میں سب سے زیادہ اہم بات یہ ہی کہ اپنے شخصی علائق کو جماعتی علائق پر ترجیح نہ دیں، اور دشمنوں کو اپنا مددگار و رفیق نہ بنائیں۔
> میدانِ جنگ گرم ہوچکا ہی۔ دوست اور دشمن کی دو صفیں الگ الگ کھڑی ہوگئی ہیں پس ہر شخص کے لئے ضروری ہی کہ اپنے لئے کوئی ایک صف اختیار کرلے، اور جسے اختیار کرے اُسی کا ہو رہے۔ یہ نہ ہو کہ ایک میں ہو کر دوسرے سے بھی ساز باز رکھے۔

۲۷ جو لوگ ایمان والے ہیں، اُنھیں ایسا نہیں کرنا چاہئے کہ مومنوں کو چھوڑ کر منکرینِ حق کو اپنا رفیق و مددگار بنائیں۔ اور جس کسی نے ایسا کیا، تو وہ یاد رکھے، اس کا اللہ کے ساتھ کوئی سروکار نہیں رہا۔ ہاں، اگر کوئی ایسی صورت پیش آجائے کہ تم اُنکے شر سے بچنے کے لئے اپنا بچاؤ کرنا چاہو اور کرلو، (تو ایسا کرسکتے ہو) اور دیکھو (انسان کے شر سے ڈرتے ہوئے یہ حقیقت نہ بھولو کہ) خدا بھی تمھیں اپنے (مواخذہ) سے ڈرا رہا ہی، اور آخرکار (تم سب کو) اُسی کی طرف لوٹ کر جانا ہی!

۲۸ (اے پیغمبر!) ان لوگوں سے کہدو، تمھارے دلوں کے اندر جو کچھ ہی، تم اُسے چھپاؤ یا ظاہر کرو، ہر حال میں اللہ اُسے خوب جانتا ہی، اور (اتنا ہی نہیں بلکہ) آسمان اور زمین میں جو کچھ ہی، سب اُس پر روشن ہی۔ اُسکی قدرت کے احاطے سے کوئی چیز باہر نہیں!

(اور دیکھو، اُس آنے والے دن کو نہ بھولو) جس دن ہر انسان دیکھے گا کہ جو کچھ اُسنے (دُنیا میں) نیک عملی کی تھی، اُس کے سامنے موجود ہی (یعنے اُس کا اجر اُسے مل رہا ہی)، اور جو کچھ بُرائی کی تھی، وہ بھی اُسکے سامنے ہی

قُلْ إِنْ تُخْفُوا مَا فِي صُدُورِكُمْ أَوْ تُبْدُوهُ يَعْلَمْهُ اللَّهُ ۗ وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ يَوْمَ ۲۹
تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُحْضَرًا وَمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوءٍ تَوَدُّ لَوْ أَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ أَمَدًا بَعِيدًا ۗ وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ
نَفْسَهُ ۗ وَاللَّهُ رَءُوفٌ بِالْعِبَادِ ۝ قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللَّهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللَّهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ ۲۹ ع
رَحِيمٌ ۝ قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ ۖ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِينَ ۝ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَىٰ آدَمَ وَنُوحًا وَآلَ إِبْرَاهِيمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ ۳۰
ذُرِّيَّةً بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ إِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي ۖ إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ ۳۱

اس دن وہ آرزو کریگا کہ اے کاش! اُس میں اور اس دن میں ایک عرصۂ دراز حائل ہوجاتا (کہ یہ دردانگیز نتیجہ اُس کے سامنے نہ آتا!) اور دیکھو، خدا تمھیں اپنے (مواخذہ) سے ڈراتا ہے (تاکہ اُس کی نافرمانی سے بچو) اور (یہ ڈرانا بھی اُس کی شفقت و مہربانی ہی کی وجہ سے ہے۔ کیونکہ) وہ اپنے بندوں کے لئے بڑی ہی مہربانی رکھنے والا ہے!

> جو کوئی اللہ سے محبت رکھنے کا دعویدار ہے، تو اُسے چاہئے، اللہ کے رسول کی پیروی کرے۔ اللہ کی محبت کا دعویٰ، اور اُس کی راہ بتلانے والے کی پیروی سے انکار، ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتے۔ خدا کا قانون یہ ہے کہ ہدایتِ خلق کے لئے اپنے رسولوں کو مبعوث کرتا ہے۔ جو اُن کی پیروی و اطاعت کرتے ہیں، کامیاب ہوتے ہیں۔ جو انکار و سرکشی سے مقابلہ کرتے ہیں، اسکی نصرت سے محروم رہتے ہیں۔

۲۹ (اے پیغمبر!) ان لوگوں سے کہدو، اگر تم واقعی اللہ سے محبت رکھتے ہو، تو تمھیں چاہئے کہ میری پیروی کرو۔ اگر تم نے ایسا کیا، تو اللہ تم سے محبت کرنے لگے گا، اور تمھاری خطائیں بخشدیگا۔ وہ بڑا ہی بخشنے والا، اور رحمت رکھنے والا ہے!

(اے پیغمبر!) تم کہدو (فلاح و سعادت کی راہ تمھارے لئے ایک ہی ہے، اور وہ یہ ہے کہ) اللہ کی اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو۔ پھر اگر یہ لوگ روگردانی کریں، تو (اطاعتِ الٰہی سے روگرداں ہونا شیوۂ کفر ہے، اور) اللہ کفر کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا!

> چنانچہ اسی قانون کے ماتحت، اللہ کے رسول ہمیشہ مبعوث ہوتے رہے، اور ہمیشہ ایک ہی طرح کا نتیجہ ظہور میں آیا۔ پیروی و اطاعت کرنے والوں نے کامیابی پائی، اور مقابلہ کرنے والوں نے نامرادی۔ اللہ کے رسولوں میں سے حضرت یحییٰ اور حضرت مسیح (علیہما السلام) کی دعوت سے استشہاد اور اس سلسلہ میں حضرت مریم (علیہا السلام) کی پیدائش کا ذکر۔

۳۰ بلاشبہ (یہ واقعہ ہے کہ) اللہ نے آدم اور نوح کو، اور ابراہیم اور عمران کے گھرانوں کو تمام دنیا میں برگزیدگی عطا فرمائی۔ یہ ایک نسل تھی جس میں سے بعض بعض سے پیدا ہوئے تھے، اور اللہ (دعائیں) سننے والا، اور (مصالحِ عالم کا) جاننے والا ہے!

۳۱ اور دیکھو، جب ایسا ہوا تھا کہ عمران کی بیوی نے دعا مانگی تھی "خدایا! میرے شکم میں جو بچہ ہے، میں اُسے (دنیا کے کام دھندوں اور ماں باپ کی خدمت سے) آزاد کر کے تیرے (مقدس ہیکل کے) لئے نذر کر دیتی ہوں (یعنے نذر مانتی ہوں کہ اُسے ہیکل کی خدمت کے لئے وقف کر دونگی) سو میری طرف سے یہ نیاز قبول کر لے۔ بلاشبہ تو (دعائیں) سننے والا، اور (نیتوں کا حال) جاننے والا ہے!"

فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي وَضَعْتُهَا أُنْثَىٰ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنْثَىٰ وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا
مَرْيَمَ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۝ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنْبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا كُلَّمَا ۳۷
دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ
بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ ۝ فَنَادَتْهُ الْمَلَائِكَةُ ۳۸-۳۹
وَهُوَ قَائِمٌ يُصَلِّي فِي الْمِحْرَابِ أَنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيَىٰ مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِنَ اللَّهِ وَسَيِّدًا وَحَصُورًا وَنَبِيًّا مِنَ
الصَّالِحِينَ ۝ قَالَ رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي غُلَامٌ وَقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَأَتِي عَاقِرٌ قَالَ كَذَٰلِكَ اللَّهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ ۝ ۳۹-۴۰

پھر جب ایسا ہوا کہ (لڑکے کی جگہ) لڑکی پیدا ہوئی، تو وہ بولی "خدایا! میرے تو لڑکی ہوئی ہے (اب میں کیا کروں؟)" حالانکہ جو وجود پیدا ہوا تھا، اللہ اُسے بہتر جاننے والا تھا (کہ لڑکی ہونے پر بھی بڑی فضیلت رکھنے والا تھا) لیکن اُس کی ماں نے کہا، میں نے لڑکے کے لئے نذر مانی تھی، پیدا ہوئی لڑکی)" اور لڑکا مثل لڑکی کے نہیں ہے (کہ اگر اُس کی جگہ لڑکی پیدا ہوگئی ہو، تو وہ ہیکل کی مجاور ہوسکے خیر، جو کچھ بھی ہوا میں نے اس کا نام مریم رکھا ہے، اور میں اِسے اور اسکی نسل کو تیری پناہ میں دیتی ہوں کہ شیطان رجیم (کی وسوسہ اندازیوں) سے محفوظ رہے!

حضرت مریم کا طفولیت میں ہیکل کے سپرد ہونا اور حضرت ذکریا کی نگرانی میں پرورش پانا، اور کم سنی میں زاہدانہ اور خداپرستانہ توکل!

پس ایسا ہوا کہ مریم کو اُس کے پروردگار نے بڑی ہی اچھی قبولیت کے ساتھ قبول کرلیا، اور ۳۷ ایسی نشوونما دی جو بڑی ہی اچھی نشوونما تھی (یعنے اُس کی پرورش بہتر سامانوں اور نیک نگرانیوں میں ہوئی) اور ذکریا کو (کہ ہیکل کا مجاور تھا) اُس کا نگران حال بنا دیا۔

جب کبھی ایسا ہوتا کہ ذکریا اُس کے پاس محراب میں (یعنے قربانگاہ میں) جاتا (جہاں وہ سرگرم عبادت رہا کرتی تھی) تو اُس کے پاس کچھ نہ کچھ کھانے کی چیزیں موجود پاتا۔ اسپر وہ پوچھتا "اے مریم! یہ چیزیں تجھے کہاں سے مل گئیں"؟ وہ کہتی "اللہ سے۔ اللہ جسے چاہتا ہے، بغیر حساب کے رزق دے دیتا ہے!" ۳۸

حضرت ذکریا (علیہ السلام) کی دعا اور حضرت یحیٰی کی پیدایش کہ ظہور مسیح کا مقدمہ تھی۔

اسی جگہ کا یہ معاملہ ہے (یعنے قربان گاہ کا) کہ ذکریا نے اپنے پروردگار کے حضور دعا مانگی تھی "خدایا! تو اپنے خاص فضل سے مجھے پاک نسل عطا فرما (جو مریم کی طرح نیک اور عبادت گزار ہو) بلاشبہ تو ہی ہے کہ دعائیں سننے والا اور التجائیں قبول کرنے والا ہے!" ۳۹

پھر ایسا ہوا کہ فرشتوں نے ذکریا کو پکارا، اور وہ محراب میں کھڑا نماز پڑھ رہا تھا "خدا تمھیں یحیٰی کی (یعنے ایک لڑکے کی جو پیدا ہوگا اور اُس کا نام یحیٰی رکھا جائے) بشارت دیتا ہے۔ وہ خدا کے حکم سے ایک ہونے والے ظہور کی تصدیق کرنے والا، جماعت کا سردار، پارسا و مرتاض، اور خدا کے صالح بندوں میں سے ایک نبی ہوگا" ذکریا نے جب یہ سُنا تو کہا "خدایا! میرے یہاں لڑکا کیسے ہوسکتا ہے جبکہ میں بوڑھا ہوچکا ہوں اور ۴۰ میری بیوی بانجھ ہے؟" حکم الٰہی ہوا "اسی طرح اللہ جو چاہتا ہے، کرتا ہے" (اُسکی قدرت سے کوئی بات بعید

قَالَ رَبِّ اجْعَل لِّي آيَةً ۖ قَالَ آيَتُكَ أَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ إِلَّا رَمْزًا ۗ وَاذْكُر رَّبَّكَ كَثِيرًا وَسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَ ۳۶
الْإِبْكَارِ ﴿﴾ وَإِذْ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفَاكِ عَلَىٰ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ ۝ يَا مَرْيَمُ اقْنُتِي لِرَبِّكِ ۳۷-۳۸ ع ۱۲
وَاسْجُدِي وَارْكَعِي مَعَ الرَّاكِعِينَ ۝ ذَٰلِكَ مِنْ أَنبَاءِ الْغَيْبِ نُوحِيهِ إِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُونَ أَقْلَامَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ ۳۹
مَرْيَمَ وَمَا كُنتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يَخْتَصِمُونَ ۝ إِذْ قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ يَا مَرْيَمُ إِنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيحُ عِيسَى ۴۰
ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيهًا فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِينَ ۝ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَمِنَ الصَّالِحِينَ ۝ قَالَتْ ۴۱-۴۲
رَبِّ أَنَّىٰ يَكُونُ لِي وَلَدٌ وَلَمْ يَمْسَسْنِي بَشَرٌ ۖ قَالَ كَذَٰلِكِ اللَّهُ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ إِذَا قَضَىٰ أَمْرًا فَإِنَّمَا يَقُولُ لَهُ
كُن فَيَكُونُ ۝ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ ۝ وَرَسُولًا إِلَىٰ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۳۳

۳۶ نہیں، اسپر زکریا نے عرض کیا "خدایا! اس بارے میں میرے لئے کوئی بات بطور نشانی کے ٹھہرا دے" ارشاد ہوا نشانی یہ ہو کہ تین دن تک بات چیت نہ کرو مگر صرف اشارہ سے (یعنے روزہ رکھو جیسا کہ اُس زمانے میں دستور تھا) اور اپنے پروردگار کا کثرت کے ساتھ ذکر کرو، اور صبح و شام اسکی حمد و ثنا میں مشغول رہو"

حضرت مریم کا بلوغ، اور اللہ کی طرف سے برگزیدگی و قبولیت کی بشارت۔
حضرت مریم کے سوانح حیات کے بعض ایسے جزئی واقعات جن کا علم پیغمبر اسلام کو بغیر وحی الٰہی کے نہیں ہو سکتا تھا

۳۷ اور پھر جب ایسا ہوا تھا کہ فرشتوں نے کہا تھا "اے مریم! اللہ نے تجھے اپنی قبولیت کے لئے چن لیا ہے، اور (برائیوں کی آلودگی سے) پاک کر دیا ہے، اور تمام دنیا کی عورتوں پر برگزیدگی عطا فرمائی ہے۔ ۳۸ اے مریم! اب تو اپنے پروردگار کی اطاعت و نیاز میں سرگرم ہو جا، اور رکوع و سجود کرنے والوں کے ساتھ تو بھی رکوع و سجود میں مشغول رہ"

۳۹ (اے پیغمبر!) یہ غیب کی خبروں میں سے ہے جسکی ہم تم پر وحی کر رہے ہیں۔ ورنہ یہ بات تو ظاہر ہے کہ تم اُسوقت اُن لوگوں کے پاس موجود نہ تھے جب (مریم کی ماں مریم کو لے کر ہیکل میں آئی تھی، اور ہیکل کے مجاور) اپنے اپنے قلم پھینک رہے تھے (قرعہ ڈالکر فیصلہ کرلیں) کون مریم کا کفیل ہو۔ اور (یقیناً) تم اُسوقت بھی موجود نہ تھے، جب وہ (مریم کی کفالت کے لئے) آپس میں جھگڑ رہے تھے!

حضرت مریم کو حضرت مسیح (علیہما السلام) کی پیدائش کی بشارت۔

۴۰ اور (پھر) جب ایسا ہوا کہ فرشتوں نے کہا "اے مریم! اللہ تجھے اپنے کلام کے ذریعہ (ایک لڑکے کی) بشارت دیتا ہے۔ اُس کا نام مسیح عیسیٰ ہوگا، اور مریم کا بیٹا کہلائیگا۔ ۴۱ وہ دنیا و آخرت، دونوں میں ارجمند ہوگا، اور بچپنے میں اور بڑی عمر میں، یکساں طور پر، (وعظ و ہدایت کا) کلام کرے گا۔ نیز اللہ کے حضور مقرب اور اسکے بندوں میں سے ایک صالح انسان ہوگا"

۴۲ مریم (نے یہ بشارت سُنی تو متعجب ہو کر) بولی "خدایا! یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ میرے لڑکا ہو، حالانکہ کسی مرد نے مجھے چھوا تک نہیں؟" ارشاد الٰہی ہوا کہ "اسی طرح اللہ جو کچھ چاہتا ہے، پیدا کر دیتا ہے۔ وہ جب کسی کام کا فیصلہ کر لیتا ہے، تو حکم دیتا ہے کہ ہو جا، اور پھر جیسا کچھ اُسنے چاہا تھا، ویسا ہی ظہور میں آجاتا ہے!"

۴۳ "اور (اے مریم!) اللہ اُس (ہونے والے لڑکے) کو کتاب اور حکمت کا علم عطا فرمائے گا۔ نیز تورات اور انجیل کا۔ اور اُسے بنی اسرائیل کے طرف بہ حیثیت رسول کے بھیجیگا"

أَنِّي قَدْ جِئْتُكُمْ بِآيَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ ۙ أَنِّي أَخْلُقُ لَكُم مِّنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَأَنفُخُ فِيهِ فَيَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِ اللَّهِ ۖ وَأُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَأُحْيِي الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِ اللَّهِ ۖ وَأُنَبِّئُكُم بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لَّكُمْ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝ ۴۴ وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَلِأُحِلَّ لَكُم بَعْضَ الَّذِي حُرِّمَ عَلَيْكُمْ ۚ وَجِئْتُكُم بِآيَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ إِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ۗ هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ ۝ ۴۵ فَلَمَّا أَحَسَّ عِيسَىٰ مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ أَنصَارِي إِلَى اللَّهِ ۖ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ نَحْنُ أَنصَارُ اللَّهِ آمَنَّا بِاللَّهِ وَاشْهَدْ بِأَنَّا مُسْلِمُونَ ۝ ۴۶ رَبَّنَا آمَنَّا بِمَا أَنزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُولَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ۝

حضرت مسیح (علیہ السلام) کا ظہور اور اُن کی منادی

"(اُس کی منادی یہ ہوگی کہ) دیکھو، میں تمھارے پروردگار کی نشانی لے کر تمھارے پاس آیا ہوں۔ میں تمھارے لئے مٹی سے ایسی چیز بنا دوں جو پرند کی سی صورت رکھتی ہو۔ پھر اُس میں پھونک ماردوں اور وہ اللہ کے حکم سے پرند ہو جائے۔ اور اللہ کے حکم سے اندھوں اور کوڑھیوں کو چنگا کردوں اور مُردوں کو زندہ، اور جو کچھ تم کھاتے ہو اور جو کچھ اپنے گھروں میں ذخیرہ کرکے جمع کرتے ہو، سب تمھیں تبلادوں۔ اگر تم واقعی اللہ پر ایمان رکھنے والے ہو تو یقیناً ان باتوں میں تمھارے لئے بڑی ہی نشانی ہے!"

۴۴ **تمام رسولوں کی طرح حضرت مسیح (علیہ السلام) بھی اس لئے نہیں آئے تھے کہ پچھلی تعلیم کو جھٹلائیں، بلکہ اس لئے کہ اس کی تصدیق کریں۔ کیونکہ اصل دین ہر زمانے اور ہر گروہ کے لئے ایک ہی ہے**

"اور دیکھو، میں اس لئے آیا ہوں کہ تورات کی جو میرے سامنے موجود ہے، تصدیق کروں، اور بعض چیزیں جو تم پر حرام ہو گئی ہیں، اُنھیں تمھارے لئے حلال کردوں (تاکہ شریعت کی سختیوں کی جگہ اُس کی آسانیوں کی راہ تم پر کھل جائے) اور دیکھو، میں تمھارے پروردگار کی نشانی لے کر تمھارے پاس آیا ہوں (جس کی مقدس نوشتوں میں خبر دی جا چکی ہے) تو اللہ سے ڈرو، اور میری اطاعت کرو!"

"دیکھو، اللہ میرا اور تمھارا، سب کا پروردگار ہے۔ پس اُس کی بندگی کرو۔ یہی دین کا سیدھا راستہ ہے!"

(چنانچہ اس بشارت کے مطابق مسیح کا ظہور ہوا، اور اُس نے بنی اسرائیل کی آبادیوں میں منادی شروع کردی)

۴۵ **یہودیوں کے سرداروں اور پیشواؤں کا حضرت مسیح کی مخالفت میں سرگرم ہو جانا، اور صرف حواریوں کا ایمان لانا جو چند گنے ہوئے بے مقدور اور شکستہ حال اشخاص تھے۔**

پھر جب ایسا ہوا کہ عیسیٰ نے بنی اسرائیل میں (اپنی دعوت کے خلاف) کفر محسوس کیا، تو وہ پکار اُٹھا "کون ہے جو اللہ کی راہ میں میرا مددگار ہوتا ہے؟" اس پر حواریوں نے (یعنے چند راست باز انسانوں نے جو مسیح پر ایمان لائے تھے) اُس کی دعوت قبول کرتے ہوئے جواب دیا "ہم اللہ کے (کلمۂ حق کے) مددگار ہیں۔ ہم اُس پر ایمان لاتے ہیں، اور (اے داعیِ حق، تو گواہ رہیو کہ اُس کی فرمانبرداری میں ہمارا سر جھک گیا ہے!"

۴۶ (نیز اُنھوں نے کہا) "خدایا جو کچھ تو نے نازل کیا ہے، اُس پر ہمارا ایمان ہے، اور ہم نے تیرے رسول کی پیروی کی۔ پس ہمارا شمار بھی اُن لوگوں میں ہو جو (حق کی) شہادت دینے والے ہیں!"

وَمَكَرُوا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ۭ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝

(۴۷-۴۸ ع ۵/۱۴، ۴۹-۵۰، ۵۱، ۵۲)

۴۷ اور پھر ایسا ہوا کہ یہودیوں نے (مسیح کے خلاف) مکر کیا (یعنے مخفی اور باریک طریقے مخالفت کے کام میں لائے) اور خدا بھی ویسے ہی طریقے کام میں لایا (یعنے مسیح کی حفاظت کے پوشیدہ اسباب و ذرائع پیدا کر دیے) اور یاد رکھو (اللہ جسے بچانا چاہے تو) مخفی طریقوں سے کام لینے والوں میں اُس سے بہتر کوئی نہیں!

یہودیوں کی حضرت مسیح کے خلاف مخفی اور پُر پیچ سازش، مگر اللہ کا اُنھیں ناکام کرنا اور حضرت مسیح کو اپنی حفاظت میں لے لینا۔

حضرت مسیح کی نسبت خدا کا وعدہ کہ:

(۱) میں تیرا وقت پورا کروں گا، اور تجھے اپنی طرف اُٹھا لونگا۔

(۲) تیرے منکروں نے تیرے خلاف جو افترا پردازیاں کی ہیں اُن سے تیری پاکی آشکارا کر دونگا

(۳) جو لوگ تیرے ماننے والے ہیں، اُنھیں تیرے منکروں پر قیامت تک برتر رکھونگا

۴۸ اور (پھر) جب ایسا ہوا تھا کہ اللہ نے فرمایا تھا "اے عیسیٰ! میں تیرا وقت پورا کروں گا، تجھے اپنی طرف اُٹھا لوں گا، تیرے منکروں (کی تہمتوں) سے تجھے پاک کر دوں گا، اور جن لوگوں نے تیری پیروی کی ہے، انھیں قیامت تک تیرے منکروں پر برتری دوں گا۔ اور بالآخر سب کو (قیامت کے دن) میری ہی طرف لوٹنا ہے سو اُس دن اُن باتوں کا فیصلہ کر دوں گا جن میں لوگ ایک دوسرے سے اختلاف کرتے رہے ہیں!"

۴۹ "پھر جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے، تو انھیں دنیا و آخرت، دونوں جگہ سخت عذاب دونگا، اور (عذاب الٰہی سے بچانے میں) کوئی بھی اُنکا مددگار نہ ہوگا۔ ۵۰ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں اور اُنکے عمل بھی نیک ہیں، تو اُنکا اجر اُنھیں پورا پورا مل جائے گا، اور (یاد رکھو، خدا کے کاموں میں بے انصافی نہیں ہو سکتی) وہ ظلم کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا"

۵۱ (اے پیغمبر!) یہ اللہ کی آیتیں اور حکمت والے تذکرے ہیں جو ہم تمھیں سنا رہے ہیں۔

۵۲ اللہ کے نزدیک تو عیسیٰ ایسا ہی ہے جیسے آدم، مٹی سے پیدا کیا، پھر اُس کی بناوٹ کے لئے حکم فرمایا کہ ہو جاؤ، اور (جیسی کچھ مشیت الٰہی تھی، اُسی کے مطابق) ہو گیا!

عیسائیوں کی اس گمراہی کا ذکر کہ حضرت مسیح کی الوہیت کا اعتقاد باطل پیدا کر لیا، حالانکہ تمام بنی آدم کی طرح وہ بھی ایک انسان تھے، اور خدا نے انھیں اپنی رسالت کے لئے چن لیا تھا۔

نیز اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ اگرچہ مسیحی کلیسا نے صدیوں سے الوہیت مسیح کا اعتقاد قائم کر رکھا ہے اور تمام دنیا میں پھیل گیا ہے، لیکن قرآن کی دعوت اسکے برخلاف نمایاں ہو کر رہیگی، کیونکہ یہ اعتقاد حقیقت کے خلاف ہے۔

عیسائیوں کو مباہلہ کی دعوت کہ اگر انھیں الوہیت مسیح کے اعتقاد پر یقین ہے تو پیغمبر اسلام کے مقابلہ میں آئیں، اور دونوں فریق خدا سے دعا مانگیں جو ناحق پر ہو، اُس پر خدا کی لعنت ہو!

۵۳-۵۴ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ ۝ فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ۣ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ

۵۵-۵۶ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ ۝

ع ۶ / ۱۴ ۵۷ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ

چنانچہ نجران سے عیسائی پیشواؤں کی جو جماعت مدینہ آئی تھی، پیغمبر اسلام نے انھیں مباہلہ کی دعوت دی، مگر انھیں مقابلہ کی جرأت نہ ہوئی، اور اطاعت کا اقرار کرکے واپس چلے گئے۔

۵۳ (اے پیغمبر! مسیح کے انسان ہونے کی نسبت جو کچھ کہا گیا ہے، تو) یہ تمھارے پروردگار کے طرف سے امر حق ہے (اور جو بات خدا کے طرف سے حق ہو، وہ ثابت اور اٹل حقیقت ہے۔ کبھی مٹنے والی نہیں، پس عیسائیوں کے عالمگیر اعتقاد باطل کے مقابلہ میں اس دعوے کی کامیابی کتنی ہی تعجب انگیز دکھائی دیتی ہو، لیکن بالآخر کامیابی اسی کے لئے ہے) تو دیکھو! ایسا نہ ہو کہ شک و شبہ کرنے والوں میں سے ہو جاؤ!

۵۴ پھر جو کوئی تم سے اس بارے میں جھگڑا کرے، حالانکہ علم و یقین تمھارے سامنے آچکا ہے، تو تم اس سے کہو (میرے پاس مسیح کے انسان ہونے کے لئے علم و یقین موجود ہے۔ اگر تم بھی اس کی الوہیت کے لئے ویسا ہی علم و یقین رکھتے ہو، تو) آؤ، (یوں فیصلہ کرلیں کہ) ہم دونوں فریق (میدان میں نکلیں اور) اپنے اپنے بیٹوں اور عورتوں کو بلائیں، اور خود بھی شریک ہوں۔ پھر عجز و نیاز کے ساتھ خدا کے حضور التجا کریں (ہم دونوں میں سے جس کا دعویٰ جھوٹا ہو، تو) جھوٹوں پر خدا کی پھٹکار ہو!

۵۵ (اے پیغمبر!) یہ جو کچھ بیان کیا گیا، بلاشبہ بیان حق ہے، اور کوئی معبود نہیں ہے، مگر صرف اللہ کی ذات یگانہ، اور یقیناً اسی کی ذات ہے جو سب پر غالب اور (اپنے تمام کاموں میں) حکمت رکھنے والی ہے!

۵۶ پھر اگر یہ لوگ (فیصلہ کا یہ طریقہ) قبول نہ کریں (اور مباہلہ سے گریز کر جائیں) تو اللہ مفسدوں کا حال خوب جانتا ہے (ان لوگوں کے دلوں کا کھوٹ اس کی نظر سے پوشیدہ نہیں!)

۵۷ (اے پیغمبر! تم (یہود اور نصاریٰ سے) کہدو کہ اے اہل کتاب! (اختلاف و نزاع کی ساری باتیں چھوڑ دو) اس بات کی طرف آؤ جو ہمارے اور تمھارے، دونوں کے لئے یکساں طور پر مسلم ہیں۔ یعنے اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں۔ کسی کی ہستی کو اس کا

مباہلہ کی دعوت کے بعد رفع نزاع اور اتمام حجت کی دوسری دعوت:
اگر تمھاری مخالفت محض تعصب و نفسانیت کی وجہ سے نہیں ہے، اور دین حق پرستی کی کچھ بھی طلب باقی ہے، تو آؤ، اختلاف و نزاع کی ساری باتیں چھوڑ دیں اور توحید خداپرستی کی اُن بنیادی صداقتوں پر متفق ہو جائیں جو خود تمھارے یہاں بھی مسلم ہیں، گو عملاً فراموش کردی گئی ہیں یعنے:
(۱) خدا کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں۔
(۲) جو کچھ اُسکے لئے ہے، اسمیں کسی دوسری ہستی کو شریک کیا جائے۔
(۳) کوئی انسان دوسرے انسان کو اپنے لئے ایسا مقدس اور معصوم نہ بنالے، گویا

شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ۝ ۵۸-۵۹ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْۤ اِبْرٰهِيْمَ وَمَاۤ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَاۤءِ ۶۰ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ ۶۱ يَهُوْدِيًّا وَّلَا نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ

اُسے خدا بنا لیا ہے۔

توحید و خدا پرستی کا یہی طریقہ، حضرت ابراہیم (علیہ السلام) کا طریقہ تھا۔ یہودیت اور نصرانیت کی گروہ بندیاں اور انکے عقائد و رسوم سب بعد کی پیداوار ہیں اور دین ابراہیمی سے انحراف کا نتیجہ ہیں۔ اگر یہود و نصاریٰ اس بارے میں حجت کرتے ہیں اور کہتے ہیں حضرت ابراہیم کا طریقہ یہودیت یا نصرانیت کا طریقہ تھا، تو یہ جہل و تعصب کی انتہا ہوگئی۔ کیونکہ یہ بات تو کسی بحث و دلیل کی محتاج نہیں کہ حضرت ابراہیم کے زمانہ میں ان گروہ بندیوں کا وجود ہی نہ تھا، اور نہ ہو سکتا تھا۔ یہ گروہ بندیاں حضرت موسیٰ اور حضرت مسیح (علیہما السلام) کے نام پر کی گئی ہیں اور یہ دونوں حضرت ابراہیم کے سینکڑوں برس بعد ہوئے ہیں۔

شریک ٹھرائیں، ہم میں سے ایک انسان دوسرے انسان کے ساتھ ایسا برتاؤ نہ کرے، گویا خدا کو چھوڑ کر اُسے اپنا پروردگار بنا لیا ہے۔ پھر اگر یہ لوگ (اس بات سے) روگردانی کریں، تو تم کہدو "گواہ رہنا کہ (انکار تمہاری طرف سے ہے، اور) ہم خدا کے ماننے والے ہیں"

۵۸ اے اہل کتاب! تم ابراہیم کے بارے میں کیوں حجت کرتے ہو (کہ انکا طریقہ یہودیت کا طریقہ تھا یا نصرانیت کا طریقہ تھا) حالانکہ تورات اور انجیل (جن کے نام پر یہ گروہ بندیاں کی گئی ہیں) نازل نہیں ہوئی ہیں مگر اُسکے بہت بعد (پس ظاہر ہے کہ جس گروہ بندی کا اُس وقت وجود ہی نہ تھا، وہ کیونکر اُس کا پیرو ہو سکتا ہے؟) کیا (اتنی موٹی سی بات بھی) تم نہیں سمجھ سکتے؟

۵۹ دیکھو، تم وہ لوگ ہو، کہ تم نے اُن باتوں میں نزاع کی، جن کے لئے (کچھ نہ کچھ) تمہارے پاس علم موجود تھا (مثلاً بعض اشیا کی حلت و حرمت کی نسبت کہ تمہارا خیال کتنا ہی غلط ہو، تاہم انکے لئے مذہبی روایتوں سے سند لانے کی کوشش کرتے تھے) تو اب اس بارے میں کیوں نزاع کرتے ہو جس کے لئے تمہارے پاس کوئی علم نہیں؟ اور اللہ (سب کچھ) جانتا ہے مگر تم کچھ نہیں جانتے۔

۶۰ (کچھ نہیں، یہ سب جہل و تعصب کی باتیں ہیں) ابراہیم نہ تو یہودی تھا، اور نہ نصرانی، (اور نہ کسی دوسری مذہبی جتھا بندی کا پیرو) بلکہ (اپنے عہد کی تمام گمراہیوں سے) ہٹا ہوا، خدا کا فرماں بردار بندہ! اور یقیناً اُس کی راہ شرک کرنے والوں کی راہ نہ تھی۔

۶۱ فی الحقیقت ابراہیم سے نزدیک تر لوگ تو وہ تھے، جو اُس کے قدم بقدم چلے۔ نیز اللہ کا یہ نبی ہے، اور وہ لوگ جو اس نبی پر ایمان لائے ہیں (نہ کہ وہ لوگ جنھوں نے دینِ الٰہی کے ٹکڑے ٹکڑے کرکے یہودیت اور نصرانیت

وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِينَ آمَنُوا ۗ وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَدَّتْ طَائِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يُضِلُّونَكُمْ ۚ وَمَا يُضِلُّونَ إِلَّا أَنفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ۝ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَأَنتُمْ تَشْهَدُونَ ۝ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَلْبِسُونَ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَأَنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ ع وَقَالَت طَّائِفَةٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ آمِنُوا بِالَّذِي أُنزِلَ عَلَى الَّذِينَ آمَنُوا وَجْهَ النَّهَارِ وَاكْفُرُوا آخِرَهُ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ۝ وَلَا تُؤْمِنُوا إِلَّا لِمَن تَبِعَ دِينَكُمْ قُلْ إِنَّ الْهُدَىٰ هُدَى اللَّهِ أَن يُؤْتَىٰ أَحَدٌ مِّثْلَ مَا أُوتِيتُمْ أَوْ يُحَاجُّوكُمْ عِندَ رَبِّكُمْ ۗ قُلْ

۶۲ ۶۳-۶۴ ۶۵ ۶۶ ع ۱۵

کی گروہ بندیاں کر لی ہیں، اور توحید و خداپرستی کی راہ سے منحرف ہوگئے ہیں) اور یاد رکھو، اللہ انہی کا مددگار ہے جو (سچا) ایمان رکھنے والے ہیں!

۶۲ (اے پیروانِ دعوتِ حق) اہلِ کتاب میں ایک گروہ ہے جو اس بات کا آرزومند ہے کہ کسی طرح تمھیں راہِ حق سے بھٹکا دے (اور دینِ ابراہیمی کی پیروی میں تمھارے قدم استوار نہ رہیں) لیکن یاد رکھو، وہ (تمھیں گمراہ کرنے کی سازشیں کر کے) تمھیں نہیں، خود اپنے ہی کو گمراہی میں ڈالے ہوئے ہیں۔ اگرچہ (شدتِ جہل و نفسانیت سے) اس کا شعور نہیں رکھتے!

۶۳ اے اہلِ کتاب! یہ کیا ہے کہ تم اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے ہو، حالانکہ (حقیقتِ حال سے بے خبر نہیں ہو اور) اس کی نشانیاں تمھارے سامنے ہیں!

> اہلِ کتاب کی مذہبی زندگی کی شقاوتوں کی طرف اشارہ کہ خدا کی آیتوں سے انکار، حق و باطل میں التباس، اور سچائی کا کتمان ان کا عام شیوہ ہے۔
>
> اہلِ کتاب کی یہ بنیادی گمراہی کہ انھوں نے دینِ صداقت کو صرف اپنی نسل و گروہ ہی کا ورثہ سمجھ رکھا ہے، اور کہتے ہیں، یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ کوئی شخص ہمارے گروہ میں سے نہ ہو اور پھر دینِ صداقت رکھتا ہو، یا کسی فرد اور قوم کو ہم سے بہتر دینِ صداقت کی کوئی بات مل سکے جو کچھ ملنا تھا، ہمیں مل چکا، اور خدا کے خزانۂ فیضانِ رحمت پر مُہر لگ گئی!

۶۴ اے اہلِ کتاب! کیوں حق کو باطل کے ساتھ ملا جُلا کر مشتبہ کر دیتے ہو، اور حق کو چھپاتے ہو، حالانکہ تم جانتے ہو (کہ اصلیت کیا ہے)

۶۵ اور (دیکھو) اہلِ کتاب میں ایک گروہ ہے جو کہتا ہے (مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لئے) ایسا کرو، کہ صبح اُن کی کتاب پر ایمان لے آؤ، شام کو انکار کر دو۔ اس طرح عجب نہیں وہ (لوگوں کو اسلام سے پھرتے ہوئے دیکھ کر خود بھی) پھر جائیں۔

۶۶ اور (وہ آپس میں کہتے ہیں) "دیکھو اُن لوگوں کے سوا جو تمھارے دین کی پیروی کرنے والے ہوں اور کسی کی بات نہ مانو (اگرچہ وہ کتنی ہی اچھی بات کیوں نہ کہتا ہو"۔ اے پیغمبر!) تم ان لوگوں سے کہہ دو، ہدایت تو وہی ہے جو اللہ کی ہدایت ہے (اور وہ کسی خاص گروہ اور نسل ہی کی میراث نہیں ہے کہ اور کسی کا اس میں حصہ نہ ہو۔ جو انسان بھی اس پر چلے گا، ہدایت یافتہ ہوگا۔ خواہ کسی گروہ و نسل سے تعلق رکھتا ہو)

(اور وہ کہتے ہیں) "یہ بات بھی نہ مانو کہ جیسا کچھ دین تمھیں دیا گیا ہے، ویسا کسی دوسرے انسان کو ملا ہو، یا یہ کہ تمھارے پروردگار کے حضور تمھارے خلاف کسی کی حجت چل سکتی ہو" (اے پیغمبر!) تم ان لوگوں سے کہو (یہ کیا

۶۷-۶۸ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝ وَمِنْ
أَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ إِنْ تَأْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ إِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ إِنْ تَأْمَنْهُ بِدِينَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ إِلَيْكَ إِلَّا مَا
۶۹ دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ۗ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْأُمِّيّٖنَ سَبِيلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝
۷۰-۷۱ بَلٰى مَنْ أَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَإِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِينَ ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا
أُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ ۠ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

زعم باطل ہے جسمیں تم مبتلا ہوگئے ہو؟) فضل و بخشش تو اللہ کے ہاتھ ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے، اپنے فضل و کرم سے مالا مال کر دیتا ہے، وہ بڑی ہی وسعت رکھنے والا، اور (اہل نا اہل کو) جاننے والا ہے!

۶۷ وہ جس کسی کو چاہتا ہے، اپنی رحمت کے نزول کے لئے چن لیتا ہے۔ اس کا فضل بڑا ہی فضل ہے (اور اسکی بخشش کی کوئی انتہا نہیں)

۶۸ اور اہل کتاب میں کچھ آدمی تو ایسے دیانتدار ہیں کہ اگر تم چاندی سونے کا پورا ڈھیر بھی اُن کی امانت میں چھوڑ دو، تو وہ تمھارے حوالہ کر دیں۔ لیکن اُن میں ایک گروہ ایسا ہے کہ اگر ایک دینار کے لئے بھی اُن پر بھروسہ کرو، تو کبھی تمھیں واپس نہ دیں، جب تک (تقاضے کے لئے) ہمیشہ اُنکے سر کھڑے نہ رہو!

اہلِ کتاب کی اس گمراہی کی طرف اشارہ کہ سمجھتے تھے، لین دین میں دیانت داری کے جسقدر بھی دینی احکام ہیں، وہ صرف اس لئے ہیں کہ اپنے ہم مذہب آدمیوں کے ساتھ بدمعاملگی نہ کی جائے لیکن اگر ایک آدمی دوسرے مذہب اور گروہ کا ہو، تو اُسکے ساتھ سچائی اور دیانت سے پیش آنا کچھ ضروری نہیں۔ جس طرح بھی ہم کا فرد کا مال کھالیں، ہمارے لئے جائز ہے۔
لیکن قرآن کہتا ہے۔ دیانت تو ہر حال میں دیانت ہے، اور خیانت ہر حال میں خیانت ہے۔ دین و مذہب کے اختلاف سے اچھائی اور برائی کے حقائق معطل نہیں ہو جا سکتے۔ جو شخص بد دیانتی کرتا ہے، خواہ کسی اعتقاد و کسی گروہ کے آدمی کے ساتھ کرے گناہ ہے، اور وہ قیامت کے دن خدا کی بخشش و رحمت سے محروم رہے گا۔

۶۹ (اُن لوگوں میں یہ بدمعاملگی) اس لئے (پیدا ہوگئی) کہ وہ کہتے ہیں، اُمیوں سے معاملہ کرتے ہوئے (ہم جو کچھ بھی کریں) ہمارے لئے کوئی مواخذہ نہیں (یعنے مشرکین عرب جو ہمارے ہم مذہب نہیں ہیں، اُنکے ساتھ دیانت داری برتنا ضروری نہیں) لیکن (فی الحقیقت ایسا کہکر) وہ اللہ پر تہمت باندھتے ہیں، اور اچھی طرح جانتے ہیں کہ حقیقت حال کیا ہے؟

۷۰ ہاں، (اُن سے مواخذہ ہوا اور ضرور ہو۔ کیونکہ خدا کا قانون تو یہ ہے کہ) جو کوئی اپنا قول و قرار سچائی کے ساتھ پورا کرتا ہے اور (لین دین میں) متقی ہوتا ہے (خواہ کسی مذہب اور گروہ کے ساتھ ہو) تو خدا کی پسندیدگی اُنہی لوگوں کے لئے ہے جو متقی ہوتے ہیں۔

۷۱ (یاد رکھو) جن لوگوں کا حال یہ ہے کہ (متاع دنیا کی) ایک حقیر قیمت کے لئے اللہ کا عہد (جو اُن سے نیک عملی و دیانتداری کے لئے لیا گیا تھا) اور خود اپنی قسمیں (جو یقین دلانے کے لئے کھاتے ہیں) فروخت کر ڈالتے ہیں (اور دیانتداری کی جگہ خیانت کے مرتکب ہوتے ہیں) تو یہی لوگ ہیں کہ آخرت میں اُن کا کوئی حصہ ہوگا نہ تو قیامت کے دن اللہ اُن سے کلام کریگا، نہ اُن پر اُسکی نظر التفات پڑے گی، نہ (گناہوں کی آلودگی سے) پاک کئے جائیںگے۔ بس اُنکے لئے عذاب ہوگا، عذاب دردناک!

۷۸ وَاِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيْقًا يَّلْوٗنَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْكِتٰبِ لِتَحْسَبُوْهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتٰبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۞ ۷۹ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ۞ ۸۰ وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ؕ اَيَاْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۞ ۸۱ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ

اصل یہ ہے کہ اہل کتاب کے علماء و مشایخ کی گمراہیوں نے تمام قوم کو روح ہدایت سے محروم کر رکھا ہے۔ ان میں عالموں اور فقیہوں کا ایک گروہ ہے جو کتاب اللہ کی تلاوت کرتا اور اس کی شرح و تفسیر بیان کرتا ہے لیکن ہوائے نفس سے اُسکے معانی میں تحریف کر دیتا ہے، عوام سمجھتے ہیں یہ خدا کی کتاب کا بیان ہے، حالانکہ وہ خدا کی کتاب کا بیان نہیں ہے، اُن کی اہواء و آراء کی افترا پردازیاں ہیں۔
اہل کتاب کے علماء و مشائخ نے بندگان الٰہی کو اپنا غلام سمجھ رکھا ہے، اور ہدایت کی جگہ خدائی کرنے لگے ہیں۔ عوام سمجھتے ہیں کہ نیک و بد، حلال و حرام، اور جنت و دوزخ کا تمام اختیار انہی کے قبضہ میں ہے حالانکہ کسی انسان کے لئے جائز نہیں کہ اللہ کے احکام کی جگہ انسان کے گڑھے ہوئے احکام کی اطاعت کرے۔ اگر اللہ نے اپنے کسی بندے کو کتاب و نبوت عطا فرمائی ہے، تو اس لئے عطا فرمائی ہے کہ احکام الٰہی کی طرف لوگوں کو دعوت دے، اس لئے نہیں کہ اپنی بندگی کرائے۔

۷۸ اور (دیکھو) اہل کتاب میں (اُنکے عالموں اور پیشواؤں کا) ایک گروہ ہے جو کتاب اللہ پڑھتے ہوئے اُس میں اُلٹ پھیر کرتے[1] (اور اُس کا مطلب کچھ سے کچھ بنا دیتے) ہیں تاکہ تم خیال کرو، جو کچھ یہ سنا رہے ہیں، کتاب اللہ میں سے ہے، حالانکہ وہ قطعاً کتاب اللہ (کے احکام) میں سے نہیں ہوتا، اور وہ لوگوں سے کہتے ہیں کہ جو کچھ تمھیں بتایا گیا ہے یہ اللہ کے طرف سے ہے حالانکہ وہ اللہ کے طرف سے نہیں ہوتا۔ وہ اللہ کے نام سے جھوٹ بولتے ہیں اور جانتے ہیں کہ جھوٹ بول رہے ہیں!

۷۹ کسی انسان کو یہ بات سزاوار نہیں کہ اللہ اُسے (انسان کی ہدایت کے لئے) کتاب اور حکومت اور نبوت عطا فرمائے اور پھر اُس کا شیوہ یہ ہو کہ لوگوں سے کہے، خدا کو چھوڑ کر میرے بندے بن جاؤ (یعنے خدا کے احکام کی جگہ میرے حکموں کی اطاعت کرو) بلکہ چاہیے کہ ربانی انسان (یعنے خلق اللہ کے مرشد و مربی) بنو۔ اس لئے کہ تم کتاب اللہ کی تعلیم دیتے رہتے ہو، اور اس لئے کہ اُس کے پڑھنے پڑھانے میں مشغول رہتے ہو۔

۸۰ ایک ربانی انسان کبھی تمھیں اس بات کا حکم نہیں دیگا کہ فرشتوں یا نبیوں کو اپنا پروردگار بنا لو۔ (اور جس طرح اپنے پروردگار کے آگے جھکتے ہو، اسی طرح اُنکے آگے بھی جھکو) کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ وہ تمھیں کفر کرنے کا حکم دے حالانکہ تم مسلم (یعنے خدا کے تابع فرمان) ہو چکے ہو؟

۸۱ دین حق کی اس اصل عظیم کی طرف اشارہ کہ اللہ کے تمام نبی ایک ہی دین کے داعی تھے، اور اس لئے ایک دوسرے کی تصدیق کرنے والے تھے۔ اور جب اللہ کا دین ایک ہی ہے، اور تمام رہنما ایک ہی زنجیر کی مختلف کڑیاں ہیں تو جو کوئی ان میں تفریق کرتا ہے۔ ایک کو مانتا ہے۔ دوسرے کو جھٹلاتا ہے، وہ دراصل پورے سلسلۂ ہدایت ہی کا منکر ہے۔

اور دیکھو، جب ایسا ہوا تھا کہ ہمنے نبیوں کے بارے میں (بنی اسرائیل سے) عہد لیا تھا کہ ہمنے[2] تمھیں کتاب اور حکمت عطا فرمائی ہے۔ پھر اگر ایسا ہو کہ کوئی (دوسرا) رسول اُس کتاب کی تصدیق کرتا ہوا تمھارے پاس آئے جو تمھارے ساتھ ہے، تو ضروری ہے کہ تم اُسے مانو اور اُسکی تائید کرو (کیونکہ اصل دین ایک ہی ہے اور جتنے بھی خدا کے رسول ہیں، سب اسی کی

[1] یہ یلون السنتھم بالکتاب کا ترجمہ ہے۔ عربی میں لی اللسان بالکتاب کے معنی کلام کے اُلٹ پھیر کرنے اور اُسکے معانی میں تحریف کرنے کے ہیں۔ نہ کہ محض زبان مروڑنے کے۔ چنانچہ سورۂ نساء میں یہی لی لسان تحریف کلام کے معنی میں آیا ہے: من الذین ھادوا یحرفون الکلم عن مواضعہ ویقولون سمعنا وعصینا واسمع غیر مسمع وراعنا لیا بالسنتھم وطعنا فی الدین (۴: ۴۹) [2] اس آیت میں "میثاق النبین" کے دو معنی ہوسکتے ہیں۔ ایک یہ کہ نبیوں کے بارے میں میثاق، دوسرا یہ کہ وہ میثاق جو نبیوں سے لیا گیا تھا۔ بعض مفسرین نے پہلا مطلب اختیار کیا ہے اور اُن میں شاہ ولی اللہ (رحمۃ اللہ علیہ) بھی ہیں اور بعضوں نے دوسرا۔ ہمنے پہلے کو ترجیح دی

قَالَ ءَأَقْرَرْتُمْ وَأَخَذْتُمْ عَلَىٰ ذَٰلِكُمْ إِصْرِي ۖ قَالُوٓا أَقْرَرْنَا ۚ قَالَ فَاشْهَدُوا وَأَنَا مَعَكُم مِّنَ الشَّٰهِدِينَ ۝ فَمَن تَوَلَّىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰٓئِكَ هُمُ الْفَٰسِقُونَ ۝ أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُۥٓ أَسْلَمَ مَن فِي السَّمَٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ۝ قُلْ ءَامَنَّا بِاللَّهِ وَمَآ أُنزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ أُنزِلَ عَلَىٰٓ إِبْرَٰهِيمَ وَإِسْمَٰعِيلَ وَإِسْحَٰقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ وَمَآ أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَالنَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُۥ مُسْلِمُونَ ۝ وَمَن يَبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَٰمِ دِينًا

۷۶-۷۷ ۷۸ ۷۹

---

۷۵ دعوت دینے والے ہیں) ارشاد الٰہی ہوا تھا کہ "کیا تم اس بات کا اقرار کرتے ہو، اور اس کا ذمہ لیتے ہو"؟ انھوں نے عرض کیا تھا "بیشک، ہم اقرار کرتے ہیں" اس پر اللہ نے فرمایا تھا "ہاں اس پر گواہ رہو، اور دیکھو، تمھارے ساتھ خود میں بھی اس پر گواہ ہوں!"

۷۶ تو اب جو کوئی اس عہد و قرار کے بعد اس سے روگرداں ہو (اور اللہ کے رسول کا انکار کرے) تو یقیناً ایسے ہی لوگ ہیں جو فاسق ہیں (یعنے دائرۂ حق پرستی سے باہر ہو گئے ہیں)

۷۷ پھر کیا یہ لوگ چاہتے ہیں، اللہ کا دین چھوڑ کر کوئی دوسری راہ ڈھونڈھ نکالیں؟ حالانکہ آسمان و زمین میں جو کوئی بھی موجود ہے۔ خوشی سے ہو یا ناخوشی سے، مگر سب اسی کے حکم کے فرماں بردار ہیں۔ اور بالآخر سب اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں!

اللہ کا دین اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ اس کے ٹھہرائے ہوئے قوانین فطرت کی اطاعت ہو۔ اور آسمان و زمین میں جس قدر مخلوق ہے، سب قوانین الٰہی کی اطاعت کر رہی ہے۔ پھر اگر تمھیں اللہ کے قانون فطرت سے انکار ہے، تو اللہ کے قانون کے سوا کائنات ہستی میں اور کون سا قانون ہو سکتا ہے؟ کیا تمھیں اس راہ پر چلنے سے انکار ہے جس پر تمام کارخانۂ ہستی چل رہا ہے؟ یہی دین، نوع انسانی کے لئے ہدایت کی عالمگیر راہ ہے۔ لیکن لوگوں نے اسے چھوڑ کر اپنی الگ الگ گروہ بندیاں کر لیں اور ہر گروہ دوسرے گروہ کو جھٹلانے لگا۔ قرآن اس لئے آیا ہے کہ اس گمراہی سے دنیا کو نجات دلائے۔ وہ کہتا ہے، سچائی کی راہ یہ ہے کہ تمام رہنمایان عالم کی یکساں طور پر تصدیق کرو، اور سب کی متفقہ اور مشترکہ تعلیم کو دستور العمل بناؤ!

۷۸ (اے پیغمبر!) تم کہہ دو، (ہماری راہ تو یہ ہے کہ) ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں، اور جو کچھ ابراہیم، اسمٰعیل، اسحاق، یعقوب، اور یعقوب کی اولاد پر نازل ہوا ہے، اس پر ایمان رکھتے ہیں۔ نیز جو کچھ موسیٰ کو اور عیسیٰ کو اور خدا کے تمام نبیوں کو خدا کی طرف سے ملا ہے، اس سب پر بھی ہمارا ایمان ہے۔ ہم ان رسولوں میں سے کسی ایک کو بھی دوسروں سے جدا نہیں کرتے (کہ کسی کو مانیں کسی کو نہ مانیں) ہم خدا کے فرماں بردار ہیں (اس کی سچائی جہاں کہیں بھی اور جس کی زبانی بھی آئی ہو، سچائی ہے، اور ہم اس کی اطاعت کرنے والے ہیں!)

(بقیہ نوٹ صفحہ ۲۶۶) ہے لیکن جو مضرت تھا ہیں دوسرا مطلب بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ اس صورت میں مقام کا ماحصل یہ ہوگا کہ اللہ نے نبیوں میں سے ہر ایک نبی سے یہ عہد لیا تھا کہ اگر کوئی دوسرا رسول اس کے عہد میں مبعوث ہو، تو اس کا فرض ہے کہ اس کی تصدیق کرے، اور اس کا ساتھ دے۔

۸۰ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَ

۸۱ شَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُھُمْ

اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۝ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ

۸۲-۸۳-۱۲ وَلَا ھُمْ يُنْظَرُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا ۣ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

۸۴ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ

۷۹ اور (دیکھو) جو کوئی اسلام کے سوا (جو تمام رہنمایانِ حق کی تصدیق و پیروی کی راہ ہی) کسی دوسرے دین کا خواہشمند ہوگا۔ تو وہ کبھی قبول نہیں کیا جائے گا، اور آخرت کے دن اس کی جگہ اُن لوگوں میں ہوگی جو تباہ و نامراد ہونگے!

۸۰ یہ کس طرح ہو سکتا ہو کہ اللہ ایک ایسے گروہ پر (فلاح و کامیابی کی) راہ کھول دے جس نے ایمان کے بعد کفر کی راہ اختیار کرلی، حالانکہ اس نے گواہی دی تھی کہ اللہ کا رسول برحق ہے اور (حقیقت کی) روشن دلیلیں اُسکے سامنے واضح ہوگئی تھیں؟ اللہ کا قانون تو یہ ہو کہ وہ ظلم کرنے والے گروہ پر (فلاح و سعادت کی) راہ نہیں کھولتا!

۸۱ ان لوگوں کو (اُنکے ظلم و شرارت کا) جو بدلہ ملنے والا ہے وہ تو یہ ہے کہ اُن پر اللہ کی، فرشتوں کی، انسانوں کی، سب کی لعنت برس رہی ہو۔

۸۲ اس حالت میں ہمیشہ گرفتار رہینگے۔ نہ تو اُن کا عذاب کبھی کم ہوگا، اور نہ کبھی مُہلت پائینگے!

۸۳ ہاں، جن لوگوں نے اس حالت کے بعد بھی توبہ کرلی، اور اپنے کو سنوار لیا، تو بلاشبہ اللہ رحمت والا اور (اپنی رحمت بے حساب) بخشدینے والا ہی!

۸۴ (لیکن) جن لوگوں کا حال یہ ہو کہ انھوں نے ایمان کے بعد کفر کی راہ اختیار کی، اور اپنے کفر (کی سرکشیوں

جن لوگوں کا یہ حال ہو کہ دینِ حقیقی کی ہدایت پاکر پھر دیدہ و دانستہ منحرف ہوگئے، اور سچائی کی کوئی دلیل اور حقیقت کی کوئی نشانی بھی انکے لئے عبرت و بصیرت کا موجب ہوسکی، اور آج بھی محض ضد اور شرارت سے دعوتِ حق کا معاندانہ مقابلہ کررہے ہیں، تو ظاہر ہو کہ ایسے لوگوں کی اصلاح و ہدایت کی کوئی اُمید باقی نہیں رہی ہو۔ دُنیا میں ذلت و رسوائی کی اور آخرت میں دائمی عذاب کی راہ انھوں نے اپنے لئے پسند کرلی ہو!

جزا اور سزا قانونِ مکافات کا لازمی نتیجہ ہو۔ یعنے بُرائی ایک ایسی حالت ہو جس کا نتیجہ بُرا ہو۔ اچھائی ایک ایسی حالت ہو جس کا نتیجہ اچھا ہو۔ پس یہ نہ سمجھو کہ آخرت کی سزائیں بھی دُنیا کی سزاؤں کی طرح ہیں کہ اگر ایک مجرم چاہے تو مال و دولت خرچ کرکے بچ سکتا ہو۔ نہیں، خدا کی عدالت میں گناہ کا کوئی بدلہ اور فدیہ قبول نہیں ہوسکتا۔ اگر ایک چھوٹے سے چھوٹے گناہ کے بدلے تم پورا کرۂ ارضی سونے سے بھر کر دیدو، جب بھی اسکی پاداش سے اپنے آپ کو نہیں بچا سکوگے! ہاں، توبہ و انابت کی حالت ایک ایسی حالت ہو جو تمام گناہوں کو محو کردیتی ہو۔ بشرطیکہ سچی توبہ ہوا!

مال و دولت بدعملیوں کے فدیہ میں مقبول نہیں لیکن مال و دولت کا اللہ کی راہ میں خرچ کرنا بہت بڑی نیکی ہو۔ تم نیکی کی راہ میں کامیاب نہیں ہوسکتے جب تک اپنی محبوب چیزیں اللہ کی راہ میں دیدینے کے لئے طیار نہ ہوجاؤ!

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ۝ ۸۵
لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ ۸۷-۸۶ ۸۸

اور شرارتوں) میں بڑھتے ہی گئے، تو ایسے لوگوں کی پشیمانی کبھی قبول ہونے والی نہیں (کیونکہ سچی توبہ انھیں نصیب نہیں ہوگی) اور یہی لوگ ہیں جو راہ سے بھٹک گئے ہیں!

۸۵ جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی اور مرتے دم تک کفر پر جمے رہے، تو (یاد رکھو، کفر اور بدعملی کے بدلے کوئی معاوضہ اور فدیہ کام نہیں دے سکتا) اگر اُن میں سے کوئی آدمی پورا کرہ ارضی سونے سے بھر کر دیدے جب بھی اُسکے فدیہ میں قبول نہ ہوگا (اور اُسے اپنے اعمالِ بد کا نتیجہ بھگتنا پڑے گا) یہی لوگ ہیں کہ اُنکے لئے (پاداشِ عمل میں) عذاب دردناک ہے اور کوئی نہ ہوگا جو (اس عذاب سے بچانے میں) اُن کا مددگار ہو!

۸۶ (یاد رکھو) تم نیکی کا درجہ کبھی حاصل نہیں کرسکتے جب تک تم میں یہ بات پیدا نہ ہوجائے کہ (مال و دولت میں سے) جو کچھ محبوب رکھتے ہو، اُسے (راہِ حق میں) خرچ کرو، اور جو کچھ تم خرچ کرتے ہو وہ اللہ کے علم سے پوشیدہ نہیں!

۸۷ کھانے کی تمام چیزیں (جو عام طور پر کھائی جاتی ہیں) بنی اسرائیل کے لئے بھی حلال تھیں (اور لوگ انہیں بے تامل کھاتے تھے) ہاں وہ چیزیں جو بنی اسرائیل نے تورات نازل ہونے سے پہلے خود اپنے اوپر حرام ٹھیرالی تھیں حرام سمجھی گئی تھیں (مگر انہیں خدا نے حرام نہیں کر دیا تھا۔ اے پیغمبر! اگر اس بارے میں یہودی تم سے جھگڑ رہے ہیں، تو تم اُن سے کہدو، اگر تم لوگ اپنے خیال میں سچے ہو، تو تورات لاؤ، اور اُسے کھول کر پڑھو (اُس میں کہاں لکھا ہے کہ یہ چیزیں اصلاً حرام ہیں؟)

۸۸ پھر جو کوئی اس (اعلان) کے بعد بھی (غلط بیانی

یہودیوں کی طرف سے دو اعتراض خصوصیت کے ساتھ کئے گئے تھے
(۱) اگر قرآن کی دعوت بھی وہی ہے جو پچھلے نبیوں کی دعوت تھی، تو کیوں قرآن نے بھی اُن تمام چیزوں کو حرام نہیں کر دیا جو یہودیوں کے یہاں حرام سمجھی جاتی ہیں؟
(۲) اگر قرآن کی راہ حضرت ابراہیم اور ان کی اولاد کی راہ سے مختلف نہیں ہے، تو کیوں بیت المقدس کی جگہ خانۂ کعبہ قبلہ قرار دیا گیا، حالانکہ تمام انبیاء بنی اسرائیل بیت المقدس ہی کو قبلہ تسلیم کرتے رہے ہیں؟
یہاں ان دونوں باتوں کا جواب دیا گیا ہے۔ پہلے شبہ کے جواب میں کہا گیا کہ تورات نازل ہونے سے پہلے کھانے کی تمام اچھی چیزیں بنی اسرائیل کے لئے جائز تھیں اور حضرت ابراہیم سے لیکر حضرت موسیٰ تک تمام انبیاء نے انھیں حلال سمجھا تھا۔ پھر جب تورات نازل ہوئی تو بعض چیزوں کا استعمال روک دیا گیا۔ اس لئے نہیں کہ اصلاً حرام تھیں

۸۹-۹۰ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۟ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ ۝ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝

۹۱-۹۲ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ ۝ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ

۹۳-۹۴ لِمَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا وَّاَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

بلکہ اس لئے کہ یہودیوں کی بے لگام طبیعتوں کی اصلاح کے لئے ضروری تھا کہ روک ٹوک میں سختی کی جائے۔ باقی رہیں وہ چیزیں جن کی نسبت تم سمجھتے ہو کہ نزول تورات سے پہلے بھی ممنوع تھیں، تو انہیں خدا کی شریعت نے ممنوع نہیں ٹھہرایا تھا۔ خود لوگوں نے اپنی طبیعت سے ترک کر دیا تھا۔ چنانچہ تورات کے اسفار اس حقیقت کی شہادت دے رہے ہیں۔

دوسرے شبہ کے جواب میں کہا گیا ہے کہ خدا کی پہلی عبادت گاہ جو حضرت ابراہیمؑ نے تعمیر کی وہ بیت المقدس نہیں بلکہ خانۂ کعبہ ہے۔

سے باز نہ آئے، اور اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے، تو (یاد رکھو) ایسے ہی لوگ ہیں جو راہِ حق سے منحرف ہو گئے ہیں!

(اے پیغمبر! ان لوگوں سے) کہو، اللہ نے سچائی ظاہر کر دی ہے (اگر تمہارے دلوں میں کچھ بھی سچائی کا پاس ہے تو چاہیے کہ) ابراہیم کے طریقہ کی پیروی کرو۔ (جس کی حالت یہ تھی کہ وہ حنیف تھا، یعنی) جو ہر طرف سے ہٹ کر صرف اللہ ہی کا ہو رہتا ہے، اور یقیناً ابراہیم شرک کرنے والوں میں سے نہ تھا۔

۹۰ بلاشبہ، پہلا گھر جو انسان کے لئے (خدا پرستی کا معبد و مرکز) بنایا گیا ہے، وہی (عبادت گاہ) ہے جو مکہ میں ہے، ۹۱ برکت والا، اور تمام انسانوں کے لئے سرچشمۂ ہدایت۔ اس میں (دینِ حق کی) روشن نشانیاں ہیں، از انجملہ مقامِ ابراہیم ہے (یعنی ابراہیم کے کھڑے ہونے اور عبادت کرنے کی جگہ، جو اس وقت سے لے کر آج تک بغیر کسی شک و شبہ کے مشہور و معین رہی ہے) اور (از انجملہ یہ بات ہے کہ) جو کوئی اس کے حدود میں داخل ہوا، وہ امن و حفاظت میں آگیا اور (از انجملہ یہ کہ) اللہ کی طرف سے لوگوں کے لئے یہ بات ضروری ہو گئی کہ اگر اس ۹۲ تک پہنچنے کی استطاعت پائیں، تو اس گھر کا حج کریں۔ باایں ہمہ جو کوئی (اس حقیقت سے) انکار کرے (اور اس مقام کی پاکی و فضیلت کا اعتراف نہ کرے) تو یاد رکھو، اللہ کی ذات تمام دنیا سے بے نیاز ہے (وہ اپنے کاموں کے لئے کسی فرد اور قوم کا محتاج نہیں!)

۹۳ (اے پیغمبر! ان سے) کہو۔ اے اہلِ کتاب! یہ کیا ہے کہ تم (دیدہ و دانستہ) اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے ہو، حالانکہ تم جو کچھ کرتے ہو، اللہ اس کا شاہدِ حال ہے؟

۹۴ اے اہلِ کتاب! یہ کیا ہے کہ جو کوئی اللہ پر ایمان لانا چاہتا ہے، تم اسے اللہ کی راہ سے روکتے ہو اور

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓا۟ إِن تُطِيعُوا۟ فَرِيقًا مِّنَ ٱلَّذِينَ أُوتُوا۟ ٱلْكِتَٰبَ يَرُدُّوكُم بَعْدَ إِيمَٰنِكُمْ كَٰفِرِينَ ۝ وَكَيْفَ تَكْفُرُونَ وَأَنتُمْ تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ ءَايَٰتُ ٱللَّهِ وَفِيكُمْ رَسُولُهُۥ ۗ وَمَن يَعْتَصِم بِٱللَّهِ فَقَدْ هُدِىَ إِلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ ٱتَّقُوا۟ ٱللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِۦ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنتُم مُّسْلِمُونَ ۝ وَٱعْتَصِمُوا۟ بِحَبْلِ ٱللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا۟ ۚ وَٱذْكُرُوا۟ نِعْمَتَ ٱللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنتُمْ أَعْدَآءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِۦٓ إِخْوَٰنًا وَكُنتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ ٱلنَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنْهَا

(۹۵-۹۶، ۹۷-۹۸، ۹۹)

اسے کج روی میں مبتلا کرنا چاہتے ہو، حالانکہ تم حقیقت حال سے بے خبر نہیں ہو؟ یاد رکھو، جو کچھ تم کر رہے ہو، اللہ اُس سے غافل نہیں ہے!

(۹۵) اے پیروان دعوت ایمانی! اگر تم اہل کتاب میں سے ایک گروہ کی باتوں پر کاربند ہوگئے، تو یاد رکھو، نتیجہ اس کا یہ نکلے گا کہ وہ تمھیں راہ حق سے پھرا دینگے، اور ایمان کے بعد پھر کفر میں مبتلا ہو جاؤ گے۔

(۹۶) اور یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ تم (اب پھر) کفر کی راہ اختیار کرو، جبکہ تمھارا حال یہ ہے کہ اللہ کی آیتیں تمھیں سنائی جا رہی ہیں اور اس کا رسول (تعلیم و رہنمائی کے لئے) تم میں موجود ہے؟ اور یاد رکھو، جو کوئی مضبوطی کے ساتھ اللہ کا ہو رہا، تو بلاشبہ اُس پر سیدھی راہ کھل گئی (نہ تو اسکے لئے لغزش کا ڈر ہے نہ گم گشتگی کا اندیشہ!)

(۹۷) اے پیروان دعوت ایمانی! اللہ سے ڈرو۔ ایسا ڈرنا جو فی الحقیقت ڈرنا ہے۔ اور دیکھو، دُنیا سے نہ جاؤ، مگر اس حالت میں کہ اسلام پر ثابت قدم ہو!

(۹۸) اور دیکھو، سب مل جل کر اللہ کی رسّی مضبوط پکڑ لو اور جُدا جُدا نہ ہو جاؤ۔ اللہ نے تمھیں جو نعمت عطا فرمائی ہے، اُس کی یاد سے غافل نہ ہو۔ تمھارا یہ حال تھا کہ آپس میں ایک دوسرے کے دشمن ہو رہے تھے لیکن اس کے فضل و کرم سے ایسا ہوا کہ بھائی بھائی بن گئے!

(۹۹) تمھارا حال تو یہ تھا کہ آگ سے بھری ہوئی خندق

اہل کتاب کی محرومیوں کے ذکر کے بعد پیروان دعوت سے خطاب، موعظت، اور بعض اصولی مہمات کی تلقین:

(۱) یہود و نصاریٰ کی گمراہیوں میں بھٹک رہے ہو اس عبرت پذیری ہو کہ انکے طور طریقوں سے اپنے دل و دماغ کی حفاظت کرو۔ اگر تم نے انکی گمراہانہ خواہشوں کی پیروی کی، تو نتیجہ یہ نکلے گا کہ راہ ہدایت پا کر پھر گمراہی میں مبتلا ہو جاؤ گے۔

(۲) ایمان کی برکتوں کے حصول کے لئے صرف یہی کافی نہیں ہے کہ ایمان کا اقرار کر لو، بلکہ اصلی چیز استقامت ہے!

(۳) جماعت کے تفرقہ سے بچو، اور اللہ کی رسّی مضبوط پکڑ لو۔ اللہ کی سب سے بڑی نعمت تم پر یہ ہے کہ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو رہے تھے۔ اُس نے تمھیں بھائی بھائی بنا دیا!

(۴) تم میں ہمیشہ ایک ایسی جماعت ہونی چاہئے جو داعی الی الخیر ہو۔ وہ نیکی کا حکم دے، برائی سے روکے، اور قوم کو راہ حق و ہدایت پر قائم رکھے!

(۵) جماعت کے تفرقہ کی طرح دین کا اختلاف بھی مہلک ہے۔ اہل کتاب کی سب سے بڑی گمراہی یہی تھی کہ دین حق کے علم اور کتاب اللہ کے حصول کے

۱۰۰ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ

۱۰۱ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ

۱۰۲ مَا جَاۗءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ

۱۰۳ وُجُوْهُهُمْ ۣ اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ

۱۰۴-۱۰۵ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

۱۰۶ فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

ہے اور اسکے کنارے کھڑے ہو (ذرا پاؤں پھسلا اور شعلوں میں جا گرے) لیکن اللہ نے تمھیں اس حالت سے نکال لیا۔ (اور زندگی و کامرانی کے میدانوں میں پہنچا دیا) اللہ اس طرح اپنی کارفرمائیوں کی نشانیاں واضح کر دیتا ہے تاکہ تم (منزل مقصود کی) راہ پالو!

بعد پھر باہمی اختلافات میں پڑ گئے، اور دین کی وحدت ضائع کر کے الگ الگ گروہ بنالیں۔ ایسا نہ ہو کہ تم بھی اسی گمراہی میں مبتلا ہو جاؤ، اور ایک دین پر جمع رہنے کی جگہ الگ الگ فرقہ بندیوں میں بٹ جاؤ!

۱۰۰ اور دیکھو! ضروری ہے کہ تم میں سے ایک جماعت ایسی ہو جو بھلائی کی باتوں کی طرف دعوت دینے والی ہو۔ وہ نیکی کا حکم دے، برائی سے روکے۔ اور بلاشبہ ایسے ہی لوگ ہیں جو کامیابی حاصل کرنے والے ہیں!

۱۰۱ اور دیکھو! اُن لوگوں کی سی چال نہ چلنا جو (خدا کے ایک ہی دین پر جمع رہنے کی جگہ) الگ الگ ہو گئے، اور باوجودیکہ (کتاب اللہ کی) روشن دلیلیں اُن کے سامنے آچکی تھیں، پھر بھی باہمدگر اختلافات میں پڑ گئے یقین کرو، یہی لوگ ہیں جن کے لئے (کامیابی کی جگہ) عذاب دردناک ہے!

۱۰۲ وہ (آنے والا) دن، کہ کتنے ہی چہرے اُس دن چمک اُٹھینگے، اور کتنے ہی چہرے سیاہ پڑ جائینگے (یعنے کتنے ہی خوش نصیب ہونگے جن کے لئے کامیابی کی خوشحالی ہوگی، اور کتنے ہی بدنصیب ہونگے جن کے لئے حسرت و نامرادی کی تباہ حالی ہوگی!) سو جن لوگوں کے چہرے (حسرت و نامرادی سے) سیاہ پڑ جائینگے اُن سے اُس دن کہا جائے گا۔ تم نے ایمان کے بعد پھر انکارِ حق کی راہ اختیار کرلی تھی۔ تو جیسی کچھ تمھاری

۱۰۳ منکرانہ روش تھی، اب اسکے پاداش میں عذاب کا مزہ چکھ لو! اور جن لوگوں کے چہرے (کامیابی کی خوشحالیوں سے) چمک رہے ہونگے، سو وہ اللہ کی رحمت کے سائے میں ہونگے۔ ہمیشہ رحمت الٰہی میں رہنے والے!

۱۰۴ (اے پیغمبر!) یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو ہم تمھیں فی الحقیقت سنا رہے ہیں، اور یہ نہیں ہو سکتا کہ خدا تمام دُنیا پر ظلم کرنا چاہے۔

۱۰۵ اور یاد رکھو، آسمان و زمین میں جو کچھ ہے، سب اللہ ہی کے لئے ہے، اور تمام معاملا بالآخر اُسی کی طرف لوٹنے والے ہیں!

۱۰۶ (اے پیروانِ دعوتِ ایمانی!) تم تمام اُمتوں میں بہتر اُمت" ہو جو لوگوں (کی ارشاد و اصلاح) کے لئے ظہور میں

(۱۰۶) تم تمام اُمتوں میں بہتر امت" ہو جو ہدایت و ارشاد خلق کے لئے وجود میں آئی ہو۔ بحیثیت ایک جماعت کے تمھارا نصب العین یہ ہونا چاہئے

وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ
الْمُؤْمِنُوْنَ وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ ۱۰۷
الْاَدْبَارَ قف ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝ ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ ۱۰۸
اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ

کہ نیکی کا حکم دینے والے اور برائی سے روکنے والے ہو۔

ضمناً اس اصل عظیم کی طرف اشارہ کہ مسلمانوں کا جماعتی نصب العین نہیں قرار دیا گیا کہ وہ طاقتور قوم بنیں یا سب سے "برتر" گروہ ہوں۔ کیونکہ طاقت اور برتری میں جماعتی گھمنڈ اور قومی حرص و آز کا لگاؤ تھا، اور یہ بات انسانیت کے امن و سلام اور مساوات و اخوت کے منافی تھی۔ پس صرف "خیر" اور "بہتر" ہونے پر زور دیا گیا جس کی تمام تر روح، اخلاقی اور معنوی محاسن پر مبنی ہے جس جماعت کا نصب العین یہ ہوگا کہ وہ سب سے زیادہ اچھی اور نیک ہو، وہ کبھی مادی طاقتوں کے غرور اور قومی نخوت و برتری کے مفاسد سے آلودہ نہیں ہو سکتی۔

اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ اگر یہود و نصاریٰ سے ایمان و ہدایت کی روح مفقود نہ ہو گئی ہوتی تو وہ آج اس نعمت خیر و برکت کے مستحق ہوتے۔ لیکن اُن کی بڑی تعداد استعداد ایمانی سے محروم ہو گئی ہے۔

دعوتِ حق کی مخالفت میں سب سے زیادہ حصہ یہودیوں کا تھا، لیکن ان لوگوں کا حال یہ ہے کہ اپنی بدعملیوں اور سرکشیوں سے مغضوب الٰہی ہو چکے ہیں، اور دُنیا کا کوئی گوشہ نہیں جہاں اپنے بل بوتے پر زندگی بسر کر رہے ہوں۔ جہاں کہیں بھی پناہ ملی ہے، ذلت و نامرادی کی پناہ ہے۔ یعنے یا تو اہل کتاب ہونے کی وجہ سے لوگوں نے چھوڑ رکھا ہے یا پھر حکمران قوموں نے محکومیت و اطاعت کے قول و قرار پر زندگی کی مُہلت دیدی ہے۔ چنانچہ پہلی حالت عرب میں تھی۔ دوسری روم اور ایران میں۔ پس کوئی وجہ نہیں کہ تم ان کی مخالفت سے پریشان خاطر ہو۔ وہ وقت دُور نہیں جب عرب میں ان کی رہی سہی طاقت کا بھی خاتمہ ہو جائے گا۔

یہاں سے یہ حقیقت بھی واضح ہو گئی کہ قرآن قومی محکومیت کی حالت کو کس نظر سے دیکھتا ہے؟ اس زمانہ میں یہودی رومیوں کے ماتحت امن کی زندگی بسر کر رہے تھے۔ اور عرب میں بھی اُن کی بڑی بڑی بستیاں تھیں، لیکن چونکہ حکومت و فرمانروائی سے محروم ہو چکے تھے، اس لئے فرمایا کہ یہ دوسروں کے رحم پر زندگی بسر کرنے والے ہیں!

آئی ہے۔ تم نیکی کا حکم دینے والے، برائی سے روکنے والے اور اللہ پر (سچا) ایمان رکھنے والے ہو۔ اور اگر اہل کتاب (مخالفت و سرکشی کی جگہ) ایمان لاتے، تو یہ انکے لئے بہتری کی بات ہوتی، (اور ہدایت و ارشادِ عالم کا کام اُنکے ہاتھوں انجام پاتا، لیکن وہ اسکے اہل ثابت نہ ہوئے) ان میں ایسے لوگ بھی ہیں جو ایمان رکھنے والے ہیں لیکن بڑی تعداد اُنہی لوگوں کی ہے جو دائرہ ہدایت سے یکسر باہر ہو چکے ہیں!

۱۰۷ وہ (کتنی ہی تمھاری مخالفت کریں، لیکن) اذیت پہنچانے کے سوا تمھارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ اور اگر وہ تم سے لڑینگے، تو یاد رکھو، انھیں لڑائی میں پیٹھ ہی دکھلانی پڑے گی، اور کبھی فتحمند نہ ہونگے۔

۱۰۸ ان لوگوں پر (یعنے یہودیوں پر) ذلت کی مار پڑی جہاں کہیں بھی یہ پائے گئے۔ اِلّا یہ کہ خدا کے عہد سے یا انسانوں کے عہد سے کہیں پناہ مل گئی ہو (تو یہ بھی ذلت ہی کی پناہ ہوئی کہ دوسروں کے رحم پر زندگی بسر کر رہے ہیں) اور خدا کا غضب ان پر چھا گیا۔ محتاجی و بدحالی میں گرفتار ہو گئے۔ اور یہ اس لئے ہوا کہ اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے تھے اور نبیوں کے ناحق قتل میں

۱۰۹ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝ لَيْسُوْا سَوَآءً ۭ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَهُمْ

۱۱۰ يَسْجُدُوْنَ ۝ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ

۱۱۱ - ۱۱۲ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

۱۱۳ مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

بے باک تھے۔ اور (بد عملی و شقاوت کی یہ حالت) اس لئے (پیدا ہوئی) کہ نافرمانی اور سرکشی کرنے لگے تھے اور (اپنی شرارتوں میں) حد سے گزر گئے تھے۔

۱۰۹ یہ بات نہیں ہے کہ تمام اہلِ کتاب ایک ہی طرح کے ہوں۔ اُن میں ایک گروہ ایسے لوگوں کا بھی ہے جو راہِ ہدایت پر قائم ہیں۔ وہ راتوں کو اٹھ کر خدا کی آیتیں تلاوت کرتے، اور اُس کے حضور سر بسجود رہتے ہیں

۱۱۰ وہ اللہ پر اور آخرت کے دن پر (سچا) ایمان رکھتے ہیں، نیکی کا حکم دیتے ہیں، برائی سے روکتے ہیں، بھلائی کے تمام کاموں میں تیز گام ہیں۔ اور بلاشبہ اُن لوگوں میں سے ہیں جو نیک کردار ہیں!

۱۱۱ سو (یاد رکھو) یہ لوگ نیک کاموں میں سے جو کچھ کرتے ہیں، ہرگز ایسا نہیں ہوگا کہ اُس کی ناقدری کی جائے (اور رائگاں جائے۔ اُنھیں اپنی نیک عملی کا نیک اجر

اور یہ جو یہود اور نصاریٰ کی بد عملیوں اور محرومیوں پر بار بار زور دیا گیا تو اس سے یہ مقصود نہیں ہے کہ اُن میں کوئی آدمی بھی راست باز نہیں۔ نہیں، سب کا حال یکساں نہیں ہو سکتا۔ بلاشبہ اُن میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو ایمان و عمل کی راہ میں استوار ہیں، نیکی کا حکم دیتے ہیں۔ برائی سے روکتے ہیں اور عبادتِ الٰہی میں سرگرم رہتے ہیں لیکن ایسے لوگوں کی تعداد بہت ہی کم ہے۔ غالب تعداد انھی لوگوں کی ہے جو ایمان و عمل کی روح یک قلم کھو چکے ہیں۔ اور قاعدہ ہے کہ جب کبھی کسی جماعت کی نسبت رائے قائم کی جائے گی، تو اکثریت کی حالت دیکھی جائے گی۔ نہ کہ خال خال افراد کی۔

ہاں، اہلِ کتاب میں جو لوگ ایمان و عمل کی سچائی رکھتے ہیں، ضروری ہے کہ اپنی نیک عملی کا نیک اجر پائیں۔ خدا کا قانونِ مکافات کسی خاص گروہ اور نسل ہی کے لئے نہیں ہے بلکہ تمام نوعِ انسانی کے لئے ہے۔ جو انسان بھی راست باز اور نیک کردار ہوگا، خدا کے حضور اپنا اجر پائے گا۔

ضرور ملے گا) اور جو لوگ متقی ہیں (وہ خواہ کسی گروہ اور کسی گوشہ میں ہوں) اللہ اُن کے حال سے بے خبر نہیں ہے!

۱۱۲ (لیکن) جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی (اور ایمان و عمل کی راستی سے محروم ہو گئے) تو (وہ کسی حال میں بھی پاداشِ عمل سے نہیں بچ سکتے) نہ تو مال و دولت کی طاقت اُنھیں خدا کے عذاب سے بچا سکے گی، نہ آل اولاد کی کثرت ہی کچھ کام آئے گی۔ وہ دوزخی ہیں۔ ہمیشہ دوزخ میں رہنے والے!

۱۱۳ دُنیا کی اس زندگی میں یہ لوگ جو کچھ بھی خرچ کرتے ہیں، اُس کی مثال ایسی ہے جیسے اُس ہوا کا چلنا جس کے ساتھ پالا ہو (فرض کرو) ایک گروہ نے اپنے اوپر ہر طرح کی محنت و مشقت برداشت کر کے ایک کھیت طیار کیا ہو

فَاَهْلَكَتْهُ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً ۱۱۴
مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ؕ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَآءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۖۚ
وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ هٰۤاَنْتُمْ ۱۱۵
اُولَآءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْۤا اٰمَنَّا ۖۚ
وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ

لیکن پالا پڑے، اور پورا کھیت برباد ہو کر رہ جائے۔ (اور اُسکی ساری محنت مشقت اکارت جائے۔ سو یہی حال ایسے لوگوں کا ہے۔ یہ کتنا ہی مال و متاع لٹائیں، لیکن کچھ سُود مند نہ ہوگا۔ اُس ہوا کی طرح جس کے ساتھ ہلاکت کا پالا ہو، انکے اعمال میں بھی کفر و بدعملی کا روگ لگا ہوا ہے۔ ایسی ہوا جتنی زیادہ چلے گی، اُتنا ہی زیادہ بربادی کا باعث ہوگی) اور یاد رکھو، یہ جو کچھ انھیں پیش آیا تو اس لئے نہیں کہ خدا نے ان پر ظلم کیا ہو، بلکہ یہ خود اپنے ہاتھوں اپنے اوپر ظلم کر رہے ہیں!

۱۱۴ اے پیروانِ دعوتِ ایمانی! ایسا نہ کرو کہ اپنے آدمیوں کے سوا کسی دوسرے کو اپنا ہمراز و معتمد بناؤ۔ ان لوگوں کا (یعنی دشمنوں کا) حال یہ ہے کہ تمھارے خلاف فتنہ انگیزی میں کمی کرنے والے نہیں۔ جس بات سے تمھیں نقصان پہنچے، وہی انھیں پسندیدہ ہے۔ اُن کی دشمنی تو اُن کی باتوں ہی سے ظاہر ہے، لیکن جو کچھ دلوں میں چھپا ہوا ہے، وہ اس سے بھی بڑھ کر ہے۔ اگر تم سمجھ بوجھ رکھتے ہو، تو ہم نے (فہم و بصیرت کی) نشانیاں تم پر واضح کر دیں!

(۷) اور چونکہ اہل کتاب بھی قریش مکہ کی طرح تمھاری مخالفت میں کمربستہ ہو گئے ہیں، اس لئے ضروری ہو کہ تم بھی اُن سے چوکنے ہو جاؤ، اور انھیں اپنا ہمراز و معتمد نہ بناؤ۔ اُن کی دشمنی تو اُن کی باتوں ہی سے ٹپک رہی ہو، لیکن دلوں میں جو کچھ چھپا ہوا ہے، وہ اس سے بھی زیادہ ہے۔

۱۱۵ دیکھو، تمھارا حال تو یہ ہے کہ تم اُن سے دوستی رکھتے ہو، لیکن اُن کا حال یہ ہے کہ وہ تمھیں (ایک لمحہ کے لئے بھی) دوست نہیں رکھتے۔ تم اللہ کی کتاب پر ایمان رکھنے والے ہو جتنی کتابیں بھی نازل ہوئی ہیں (اس لئے قدرتی طور پر اُن کی کتاب کے لئے بھی تمھارے دل میں عزت ہے، لیکن اُن کا حال دوسرا ہے) وہ جب کبھی تم سے ملتے ہیں، تو کہتے ہیں ہم بھی ایمان والے ہیں، لیکن جب اکیلے میں ہوتے ہیں تو تمھارے خلاف، جوشِ غضب میں، اپنی بوٹیاں نوچنے لگتے ہیں۔ (غور کرو، ایسے لوگوں کو اپنا ہمراز بنانا اور قوم کے بھیدوں اور تدبیروں سے آگاہ کر دینا کیونکر جائز ہو سکتا ہے؟ اے پیغمبر! تم ان اعدائے حق سے جو جوشِ غضب میں اپنی بوٹیاں نوچ رہے ہیں) کہدو، اتنا ہی نہیں، بلکہ جوشِ غضب میں اپنے آپ کو ہلاک

اگر تمھارے اندر صبر اور تقویٰ کی روح پیدا ہو گئی، تو پھر ممکن نہیں، تمھارے مخالف تم پر فتحمند ہو سکیں، یا اُنکی مخالفانہ تدبیریں تمھارا کچھ بگاڑ سکیں۔

۱۱۶ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ؗ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝

۱۱۷ وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

۱۱۸ اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

۱۱۹ وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

کرڈالو (لیکن جو کچھ ہونے والا ہے، وہ تو ہو ہی کر رہیگا۔ تمھارے بغض و عناد سے کلمۂ حق کی شوکت و کامرانی رُکنے والی نہیں) اور یاد رکھو، خدا وہ سب کچھ جانتا ہے جو انسان کے سینوں میں پوشیدہ ہوتا ہے!

۱۱۶ اگر تمھارے لئے کوئی بھلائی کی بات ہو جائے، تو اُنھیں بُرا لگے۔ بُرائی ہو جائے تو بڑے ہی خوش ہوں۔ (چنانچہ وہ تمھیں نقصان پہنچانے کی تدبیروں میں برابر لگے رہتے ہیں) لیکن یاد رکھو، اگر تم نے صبر کیا (یعنے مصائب و مشکلات میں ثابت قدم رہے) اور تقویٰ کی راہ اختیار کی (یعنے احکام حق کی نافرمانی سے پوری طرح بچتے رہے) تو اُن کا مکر و فریب تمھارا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکے گا، جیسے کچھ بھی انکے کرتوت ہیں، خدا کی قدرت اُنھیں گھیرے ہوئے ہے!

۱۱۷ اور (اے پیغمبر!) وہ وقت یاد کرو، جب تم صبح سویرے اپنے گھر سے نکلے تھے، اور (اُحد کے میدان میں) لڑائی کے لئے مسلمانوں کو جا بجا مورچوں پر بٹھا رہے تھے، اور اللہ سب کچھ سننے والا اور جاننے والا ہے!

۱۱۸ پھر جب ایسا ہوا تھا کہ تم میں سے (یعنے مسلمانوں میں سے) دو جماعتوں نے ارادہ کیا تھا کہ ہمت ہار دیں (اور واپس لوٹ چلیں) حالانکہ اللہ ان کا مددگار تھا، اور جو ایمان رکھنے والے ہیں، اُنھیں تو چاہئے کہ (ہر حال میں) اللہ پر بھروسہ رکھیں!

۱۱۹ اور دیکھو، یہ واقعہ ہے کہ اللہ نے بدر کے میدانِ جنگ میں تمھیں فتحمند کیا تھا، حالانکہ تم بڑی ہی گری ہوئی حالت میں تھے (اور تمھاری کامیابی کا کوئی وہم و گمان بھی نہیں کر سکتا تھا) پس اللہ سے ڈرو (اور اُسکی نافرمانی سے بچو) تا کہ تم میں اسکی نعمتوں کی قدر شناسی پیدا ہو جائے!

جنگ بدر اور اُحد کے تجارب سے استشہاد، جنکے نتایج نے ثابت کر دیا تھا کہ صبر اور تقویٰ کے بغیر کبھی نصرت و کامرانی حاصل نہیں ہو سکتی۔

صبر سے مقصود یہ ہے کہ مشکلات و مصائب کا ہمت اور ثابت قدمی کے ساتھ مقابلہ کیا جائے۔ تقویٰ کی حقیقت یہ ہے کہ احکام حق کی نافرمانی نہ کی جائے جنگ بدر کے موقعہ پر یہ دونوں قوتیں تم میں موجود تھیں، اس لئے تمھاری مٹھی بھر تعداد نے دشمن کی بہت بڑی تعداد کو شکست دیدی۔ لیکن اُحد کے میدان میں تم نے کمزوری دکھلائی۔ صبر و تقویٰ کی آزمائش میں پورے نہ اُترے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ نقصان اُٹھایا، اور دشمن کو شکست نہ دے سکے۔

اس سلسلہ میں متعدد اصولی مہمات واضح کی گئی ہیں:۔

(۱) جنگ اُحد کے موقع پر کثرت رائے سے یہ بات قرار پاگئی تھی کہ شہر سے نکلکر دشمن کا مقابلہ کیا جائے۔ چنانچہ مسلمان نکلے لیکن منافقوں نے لوگوں کو بہکانا شروع کر دیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ دو قبیلے بددل ہو گئے۔ اس طرح ابتدا ہی سے صبر اور تقویٰ کی روح کمزور پڑ گئی تھی۔ اس کا نتیجہ وہی ہونا تھا جو بالآخر پیش آیا۔

۱۲۰-۱۲۱ إِذْ تَقُولُ لِلْمُؤْمِنِينَ أَلَن يَكْفِيَكُمْ أَن يُمِدَّكُمْ رَبُّكُم بِثَلَٰثَةِ ءَالَٰفٍ مِّنَ الْمَلَٰٓئِكَةِ مُنزَلِينَ ۝ بَلَىٰٓ ۚ إِن

۱۲۲ تَصْبِرُوا وَتَتَّقُوا وَيَأْتُوكُم مِّن فَوْرِهِمْ هَٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُم بِخَمْسَةِ ءَالَٰفٍ مِّنَ الْمَلَٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِينَ ۝ وَمَا جَعَلَهُ

اللَّهُ إِلَّا بُشْرَىٰ لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوبُكُم بِهِۦ ۗ وَمَا النَّصْرُ إِلَّا مِنْ عِندِ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ۝ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ

۱۲۳ الَّذِينَ كَفَرُوٓا أَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنقَلِبُوا خَآئِبِينَ ۝ لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ

۱۲۴ فَإِنَّهُمْ ظَٰلِمُونَ ۝ وَلِلَّهِ مَا فِي السَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ يَغْفِرُ لِمَن يَشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَآءُ ۚ

۱۲۰ (اے پیغمبر!) وہ وقت (بھی) یاد کرو جب تم (میدان جنگ میں) ایمان والوں سے یہ کہہ رہے تھے کہ "کیا تمھارے لئے یہ بات کافی نہیں کہ اللہ (دشمن کے تین ہزار آدمیوں کے مقابلہ میں) تین ہزار نازل کئے ہوئے فرشتوں سے تمھاری مدد فرمائے؟"

۱۲۱ ہاں، بلاشبہ، اگر تم صبر کرو اور تقویٰ کی راہ اختیار کرو، اور پھر ایسا ہو کہ دشمن اسی دم تم پر چڑھ آئے تو تمھارا پروردگار (صرف تین ہزار فرشتوں ہی سے نہیں بلکہ) پانچ ہزار نشان رکھنے والے فرشتوں سے تمھاری مدد کریگا (اور ان کی کثرت و طاقت تمھارا کچھ بگاڑ نہیں سکے گی!)

۱۲۲ اور یاد رکھو، یہ بات جو کہی گئی، تو صرف اسلئے کہ تمھارے لئے (فتحمندی کی) خوشخبری ہو اور تمھارے دل اسکی وجہ سے مطمئن ہو جائیں، اور مدد و نصرت جو کچھ بھی ہے، اللہ ہی کی طرف سے ہے۔ اُسکی طاقت سب پر غالب ہے اور وہ اپنے تمام کاموں میں حکمت رکھنے والا ہے!

اور نیز اس لئے، تاکہ منکرین حق کی جمعیت و طاقت کا ایک حصہ بیکار کردے، یا انھیں اس درجہ ذلیل و خوار کردے کہ نامراد ہو کر اُلٹے پانوں پھر جائیں!

۱۲۳ (اے پیغمبر!) اس معاملہ میں (یعنے دشمنان حق کے بخشے جانے یا نہ بخشے جانے میں) تمھیں کوئی دخل نہیں (تمھارا کام یہ ہے کہ لوگوں کو راہ حق کی دعوت دو، اور کسی حال میں بھی ان کی طرف سے مایوس نہ ہو) یہ اللہ کے ہاتھ ہے کہ چاہے تو اُن سے درگزرے (یعنے اگر وہ توبہ کریں تو انکی توبہ قبول کرلے) اور چاہے تو اُنھیں عذاب دے کیونکہ یقیناً وہ ظلم کرنے والے ہیں۔

(۲) ضمناً اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ ظلم و کفر کرنے والوں کی بدعملیاں کتنی ہی سخت کیوں نہ ہوں، لیکن ہادی و مصلح کو ان کی ہدایت سے مایوس نہیں ہونا چاہئے، اور نہ رحمت و بخشش کی طلب کے سوا کوئی اور جذبہ اپنے اندر پیدا کرنا چاہئے۔ بخشنا یا نہ بخشنا خدا کا کام ہے، اور اسی پر چھوڑ دینا چاہئے۔
جنگ اُحد میں خود پیغمبر اسلام پر دشمنوں نے پے درپے حملے کئے اور اُنھیں ہلاک کر ڈالنا چاہا۔ تاہم خدا نے پسند نہیں کیا کہ دشمنوں کی ہدایت و بخشش کی طلب کے سوا کوئی جذبہ اُنکے قلب مطہر میں پیدا ہو (صلی اللہ علیہ وسلم)

۱۲۴ آسمان و زمین میں جو کچھ ہے، اللہ ہی کے لئے ہے۔ وہ جسے چاہے بخشدے، جسے چاہے عذاب دے (کوئی نہیں

۱۲۶-۱۲۵ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۪ وَّاتَّقُوا

۱۲۷ النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝ وَسَارِعُوْٓا

اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝

۱۲۸ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ

عَنِ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

جو اُس کا ہاتھ پکڑنے والا ہو یا انسان کی مغفرت و تعذیب میں دخل رکھتا ہو) اور (یاد رکھو) وہ بخشنے والا اور بڑی ہی رحمت رکھنے والا ہے (پس کسی حال میں بھی اُسکی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہیے)

۱۲۵ اے پیروانِ دعوت ایمانی! سُود کی کمائی سے اپنا پیٹ نہ بھرو جو (قرض کی اصلی رقم میں ملکر) دگنی چوگنی ہوجاتی ہے۔ اللہ سے ڈرو (اور اُس کی نافرمانی سے بچو) تاکہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوا!

۱۲۶ اور دیکھو، اُس آگ کے عذاب سے ڈرو جو منکروں کے لئے طیار کی گئی ہے، اور اللہ اور اُس کے رسول کی فرمانبرداری کرو، تاکہ رحمتِ الٰہی کے مستحق ہوجاؤ!

۱۲۷ اپنے پروردگار کی بخشائش کی طرف تیز گام ہوجاؤ نیز اُس جنت کی طرف، جس کی وسعت کا یہ حال ہے کہ تمام آسمان و زمین کی چوڑائی ایک طرف، اور تنہا اسکی وسعت ایک طرف، اور جو متقی انسانوں کے لئے طیار کی گئی ہے!

۱۲۸ وہ متقی انسان، جنکے اوصاف یہ ہیں کہ خوشحالی ہو یا تنگ دستی، لیکن ہر حال میں (حسب توفیق اپنا) مال خرچ کرتے ہیں، غیظ و غضب میں آکر بے قابو نہیں ہوجاتے، اور لوگوں کے قصور بخشدیتے ہیں۔ (وہ نیک کردار ہیں) اور اللہ نیک کرداروں کو دوست رکھتا ہے!

(۳) اے پیروانِ دعوت حق! جو ٹھوکر تمھیں جنگ اُحد میں لگی ہے، اگر چاہتے ہو کہ اُس سے عبرت پکڑو، تو چاہیے کہ اُن آلودگیوں سے پاک صاف ہوجاؤ جو تمھارے دلوں میں کمزوری کا روگ پیدا کرنے والی ہیں۔ از انجملہ مال و دولت کی حرص ہے جب تک یہ روگ دلوں میں موجود ہے، جانفروشی کی سچی روح پیدا نہیں ہوسکتی۔

پیغمبر اسلام (صلعم) نے ایک خاص گھاٹی پر جو نقشہ جنگ میں بڑی اہمیت رکھتی تھی، ایک جماعت متعین کردی تھی، اور کہدیا تھا کہ اس جگہ سے نہ ہلیں لیکن جب مسلمانوں کے فتحمندانہ مقابلہ نے دشمنوں کے پاؤں اُکھاڑ دیئے، تو یہ جماعت (بجز دس آدمیوں کے) مالِ غنیمت لوٹنے کی طمع میں بے قابو ہوگئی، اور مورچہ چھوڑکر لوٹ مار شروع کردی۔ دشمنوں نے جب یہ حال دیکھا تو فوراً پلٹ پڑے، اور بے خبری میں حملہ کردیا۔ یہی حادثہ ہے جسنے مسلمانوں کی فتح شکست سے بدل دی تھی۔

چونکہ مورچہ چھوڑنے والوں کی لغزش کا اصلی سبب مال و دولت کی طمع تھی، اور مال و دولت کی طمع کا ایک بڑا آلہ سُود کا لین دین تھا۔ اس لئے خصوصیت کے ساتھ یہاں اُس کا ذکر کیا گیا۔ سُود در سُود کی وجہ سے بڑی بڑی رقمیں قرضداروں کے سر چڑھ گئی تھیں۔ قدرتی طور پر اُن کا چھوڑ دینا لوگوں پر شاق گزرتا تھا۔ پس حکم الٰہی ہوا کہ تمھارے دلوں کے تزکیہ کے لئے اسی بات میں سب سے بڑی آزمائش ہے۔ سود در سُود کی وجہ سے کتنی ہی رقم قرضداروں پر کیوں نہ چڑھ گئی ہو، لیکن اب سے کم از کم سود چھوڑ دو۔

علاوہ بریں جنگ اُحد کی شکست کا اصلی سبب یہی تھا کہ نظم و اطاعت یعنے ڈسپلن کی روح پوری طرح پیدا نہیں ہوئی تھی۔ اس لئے ضروری تھا کہ اب کسی ایسی بات پر زور دیا جائے جس کی فوری تعمیل میں اطاعت و فرمانبرداری کی پوری پوری آزمائش ہوجائے۔ ظاہر ہے کہ یہ آزمائش سُود لینے کی ممانعت سے زیادہ اور کسی بات میں نہیں ہوسکتی تھی۔ سُود کی حرمت سے قرضخواہوں کو ایک ایسی بات چھوڑ دینی پڑتی تھی جسے صدیوں سے اپنا جائز حق سمجھتے آئے تھے، اور اُنکی مال و دولت کی افزائش کا سب

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۪ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۪۟ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝ هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ

۱۲۹ ۱۳۰ ۱۳۱ ۱۳۲-۱۳۳

(۱۲۹) نیز وہ لوگ، کہ جب کبھی ان سے کوئی سخت بُرائی کی بات ہو جاتی ہے، یا اپنی جانوں کو (آلودۂ معصیت ہو کر) مصیبت میں ڈال دیتے ہیں، تو فوراً اللہ کی یاد اُن میں بیدار ہو جاتی ہے (اور اپنے ضمیر کی ملامت محسوس کرنے لگتے ہیں) پس وہ خدا سے اپنے گناہوں کی مغفرت طلب کرتے ہیں، اور جو کچھ ہو چکا ہے، اُس پر دیدہ دانستہ اصرار نہیں کرتے، اور خدا کے سوا کون ہے جو گناہوں کا بخشنے والا ہو؟

(۱۳۰) بلاشبہ یہی لوگ ہیں کہ انکے پروردگار کی طرف سے اُنکے لئے عفو و بخشش کا اجر ہے، اور (نعیم ابدی کے) باغ ہیں۔ ایسے باغ جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں (اس لئے وہ کبھی خشک ہونے والے نہیں) وہ ہمیشہ انہی باغوں میں رہینگے۔ اور دیکھو کیا ہی اچھا بدلہ ہے جو کام کرنے والوں کے حصّہ میں آئے گا!

(۱۳۱) اور دیکھو، تم سے پہلے بھی دُنیا میں (قوموں کی حیات و ممات اور عروج و زوال کے) دستور و قوانین گزر چکے ہیں (اور وہ تمھارے لئے معطّل نہیں ہو جائینگے) پس دنیا کی سیر کرو اور دیکھو کہ جو لوگ احکامِ حق کو جھٹلانے والے تھے، اُن کا انجام کیا ہوا! اور پاداشِ عمل میں کیسے نتائج پیش آئے؟

(۱۳۲) یہ لوگوں (کی فہم و بصیرت) کے لئے ایک بیان ہے، اور اُن لوگوں کے لئے جو متقی ہیں، ہدایت اور موعظت ہے!

(۱۳۳) اور دیکھو، نہ تو ہمت ہارو، نہ غمگین ہو، تم ہی سب

ڈالا ہوا تھا۔ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ فرمایا "واطیعوا اللہ والرسول لعلکم ترحمون"۔

ضمناً متقی انسانوں کے اوصاف کا ذکر کیا۔

(الف) خوشحالی ہو یا تنگ دستی، ہر حال میں خدا کا دیا ہوا مال اسکی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔

(ب) غیظ و غضب میں بے قابو نہیں ہو جاتے۔

(ج) لوگوں کے قصور بخش دیتے ہیں۔

(د) اگر گناہ میں پڑ جائیں، تو فوراً متنبہ ہوتے اور اللہ کے حضور توبہ و استغفار کا سر جھکا دیتے ہیں!

(۴) اور یاد رکھو، یہ جو کچھ تمھیں پیش آ رہا ہے، تو صرف تمھارے ہی لئے نہیں ہوا ہے، بلکہ ہمیشہ قانون الٰہی کی ایسی ہی کارفرمائیاں رہ چکی ہیں۔ جو جماعت احکام حق پر عمل کرتی ہو، کامیاب ہوتی ہو۔ جو اعراض کرتی ہو، تباہ و برباد ہو جاتی۔ دُنیا میں نکلو اور خدا کی زمین کی سیر کرو۔ اُسکے ہر گوشہ میں تم دیکھو گے کہ برباد شدہ قوموں کے آثار، اُجڑی ہوئی آبادیوں کے کھنڈر، اور سر بفلک محلوں کی اُفتادہ دیواریں زبانِ حال سے اپنا افسانۂ عبرت سنا رہی ہیں!

(۵) تمھیں جنگ اُحد میں جو ٹھوکر لگی ہے، تو چاہئے کہ اُس سے عبرت پکڑو اور آئندہ کے لئے اپنے اعمال کی نگہداشت کرو۔ یہ نہیں ہونا چاہئے کہ اسکی وجہ سے ایسے کھوئے جاؤ کہ آئندہ کے لئے ہمت ہار بیٹھو۔ جنگ کا میدان ہو، کبھی ایک فریق جیتتا ہے، کبھی دوسرے کی باری آتی ہو۔ بدر میں تمھاری چوٹ اُن پر لگی تھی، اُحد میں اُن کی تم پر لگ گئی۔ لیکن جماعتوں کی کش مکش کی تاریخ میں ایک دو میدانوں کی ہار جیت کیا اہمیت رکھتی ہو؟ اصلی چیز جو سوچنے کی ہو، وہ

۱۳۴ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ۱۳۵ وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ۱۳۶ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

برتر و اعلیٰ ہو، بشرطیکہ تم سچے مومن ہو!

۱۳۴ اگر تم نے (اُحد کی لڑائی میں) زخم کھایا ہے، تو دشمن کو بھی تو ویسے ہی زخم (بدر میں) لگ چکے ہیں؟ (پھر تم اس حادثہ پر غمگین اور ملول کیوں ہو؟) دراصل یہ (ہار جیت کے) اوقات ہیں جنھیں ہم انسانوں میں اِدھر اُدھر پھراتے رہتے ہیں (کبھی ایک گروہ کے حق میں میدان جنگ کا فیصلہ ہوتا ہے، کبھی دوسرے کے حق میں۔ پس یہ کوئی ایسی بات نہیں جس کی وجہ سے تم بہت ہار بیٹھو) اور علاوہ بریں (یہ حادثہ مصلحتوں سے بھی خالی نہ تھا) یہ اس لئے تھا تاکہ اس بات کی آزمائش ہو جائے، کون سچا ایمان رکھنے والا ہے، کون نہیں ہے۔ اور اس لئے کہ تم میں سے ایک گروہ کو (ایام و وقائع کے نتیجوں اور عبرتوں کا) شاہدِ حال بنائے (اور وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ لے کہ احکامِ حق کی نافرمانی سے کیسے کچھ نتائج پیش آسکتے ہیں) اور (یہ ظاہر ہے کہ) اللہ ظلم کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

تمھارے دلوں کی ایمانی قوت ہے۔ اگر تمھارے اندر ایمان کی سچی روح موجود ہے تو پھر دنیا میں فتح و سربلندی فقط تمھارے ہی لئے ہے!

علاوہ بریں یہ حادثہ اگرچہ بظاہر شکست ہے لیکن بباطن چند در چند مصالح و حِکم رکھتا ہے۔ از انجملہ یہ کہ کھرے کھوٹے کی آزمائش ہوگئی، اور جو منافق اور کچے دل کے آدمی اسلامی جمعیت میں ملے ہوئے تھے، انکے چہرے بے نقاب ہوگئے۔ از انجملہ یہ کہ لوگوں کو جنگ کے نازک اور فیصلہ کن معاملات کا ذاتی تجربہ ہوگیا۔ تجربہ اور مشاہدہ کے بعد انکے قدم زیادہ محتاط ہو جائینگے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ بعض مسلمانوں کے دلوں میں کمزوریاں پیدا ہوگئی تھیں وہ اس ٹھوکر کے لگنے سے بالکل دُور ہوگئیں، اور انکا عزم و ایمان زیادہ مضبوط اور بے داغ ہوگیا۔

۱۳۵ نیز اس حادثہ میں یہ مصلحت بھی تھی کہ جو لوگ ایمان رکھنے والے ہیں اُنھیں (اس حادثہ کے تجربہ و بصیرت کے ذریعہ تمام کمزوریوں اور لغزشوں سے) پاک کر دے، اور جو منکرینِ حق ہیں اُنھیں (اہلِ ایمان کی مزید قوت و استعداد کے ذریعہ) یک قلم نیست و نابود کر دے!

۱۳۶ (اے پیروانِ دعوتِ حق!) کیا تم سمجھتے ہو، (محض ایمان کا دعوا کر کے) جنت میں داخل ہو جاؤ گے (اور ایمان و عمل کی آزمائشوں سے تمھیں گزرنا نہیں پڑیگا؟) حالانکہ ابھی تو وہ موقعہ پیش ہی نہیں آیا کہ اللہ تمھیں آزمائش میں ڈال کر ظاہر کر دیتا، کون لوگ راہِ حق میں پوری پوری کوشش کرنے والے ہیں، اور کتنے ہیں جو مشکلات و شدائد میں ثابت قدم رہنے والے ہیں؟ اور دیکھو، یہ واقعہ ہے کہ

(۶) صرف ایمان کا اقرار کر لینے سے ایمان کی برکتیں اور کامرانیاں حاصل نہیں ہو جائینگی۔ شرطِ کامیابی یہ ہے کہ آزمائشِ عمل میں ثابت قدمی دکھلاؤ!

وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۠ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۱۳۷

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَا۟ئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ ۱۳۸
عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ۝

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا ۱۳۹
نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ؕ وَسَنَجْزِى الشّٰكِرِيْنَ ۝

۱۳۷ جب تک مَوت کا سامنا نہیں ہوا تھا، تم راہِ حق میں مرنے کی آرزوئیں کیا کرتے تھے، (اور مُصر تھے کہ مدینہ سے باہر نکلکر دشمنوں کا مقابلہ کریں) لیکن پھر ایسا ہوا کہ مَوت تمھاری آنکھوں کے سامنے آگئی، اور تم کھڑے تک رہے تھے!

۱۳۸ اور محمّدؐ اسکے سوا کیا ہیں کہ اللہ کے رسول ہیں۔ اور اُن سے پہلے بھی اللہ کے رسول گزر چکے ہیں (جو اپنے اپنے وقتوں میں ظاہر ہوئے، اور راہِ حق کی دعوت دے کر دنیا سے چلے گئے) پھر اگر ایسا ہو کہ وہ وفات پائیں (اور بہرحال انھیں ایک دِن وفات پانا ہے) یا (فرض کرو) ایسا ہو کہ قتل ہو جائیں، تو کیا تم اُلٹے پانوں راہِ حق سے پھر جاؤگے (اور اُنکے مرنے کے ساتھ ہی تمھاری حق پرستی بھی ختم ہو جائے گی؟) اور جو کوئی راہِ حق سے اُلٹے پانوں پھر جائے گا، تو وہ (اپنا ہی نقصان کریگا) خدا کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔ اور جو لوگ شُکر گزار ہیں (یعنے نعمتِ حق کی قدر دانی کرنے والے ہیں) تو قریب ہے کہ خُدا اُنھیں انکا اجر عطا فرمائے!

(۷) اس اصلِ عظیم کی طرف اشارہ کہ بنائے کار اصول اور عقائد ہیں، نہ کہ شخصیت اور افراد۔ کوئی شخصیت کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہو لیکن اسکے سوا کچھ نہیں ہے کہ کسی اصل اور سچائی کی راہ دکھانے والی ہو۔ پس اگر کسی وجہ سے شخصیت ہم میں موجود نہ رہے، یا درمیان سے ہٹ جائے، تو ہم سچائی کی راہ سے کیوں منہ موڑلیں یا ادائے فرض میں کیوں کوتاہی کریں؟ سچائی کی وجہ سے شخصیت قبول کیجاتی ہے۔ یہ بات نہیں ہو کہ شخصیت کی وجہ سے سچائی، سچی ہوگئی ہو۔ جنگ اُحد میں کسی مخالف نے یہ بات پکار دی تھی کہ پیغمبر اسلام (صلی اللہ علیہ وسلم) مارے گئے۔ یہ سنکر بہت سے مسلمانوں کے دِل بیٹھ گئے۔ بعضوں نے کہا، جب پیغمبر نہ رہے تو اب لڑنے سے کیا فائدہ؟ کچھ لوگ جو منافق تھے، اُنھوں نے علانیہ کہنا شروع کر دیا کہ اگر یہ نبی ہوتے تو ممکن نہ تھا کہ جنگ میں مارے جاتے۔ یہاں اسی واقعہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ پیغمبر اسلامؐ خدا کے پیغمبر ہیں، اور ظاہر ہے کہ اُنھیں بھی ایک دِن دنیا سے جانا ہے، جس طرح تمام پچھلے رسول دُنیا سے گزر چکے ہیں۔ پھر اگر وہ دُنیا سے گزر گئے، تو تم حق پرستی کی راہ سے پھر جاؤگے، اور تمھاری حق پرستی، حق کے لئے نہیں بلکہ محض ایک خاص شخصیت کے لئے تھی؟ فرض کرو، جنگ اُحد والی بات صحیح ہوتی، تو پھر کیا ان کی مَوت کے ساتھ تمھاری خدا پرستی پر بھی مَوت طاری ہو جاتی؟ اگر تم حق کے لئے لڑ رہے تھے، تو جس طرح وہ ان کی زندگی میں حق تھا، اُسی طرح انکے بعد بھی حق ہے، اور ہمیشہ حق رہیگا!

۱۳۹ اور یاد رکھو، خدا کے حکم بغیر کوئی جان مر نہیں سکتی۔ ہر جان کے لئے ایک خاص وقت ٹھہرا دیا گیا ہے۔ (پھر مَوت کے ڈر سے کیوں تمھارے قدم پیچھے ہٹیں؟) اور جو کوئی دنیا کے فائدہ پر نظر رکھتا ہے، ہم اسے دُنیا میں سے دینگے، اور جو کوئی آخرت کے ثواب پر نظر رکھتا ہے، اُسے آخرت کا ثواب ملے گا، اور ہم (نعمتِ حق کے شکر گزاروں کو اُن کی نیک عملی کا اجر ضرور دیں گے۔

۱۴۰ وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ۝

۱۴۱ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۗ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

۱۴۲ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ۝

ع ۹

۱۴۰ اور دیکھو، کتنے ہی نبی ہیں جن کے ساتھ ہو کر بہت سے باخدا لوگوں نے (راہِ حق میں) جنگ کی لیکن کبھی ایسا نہیں ہوا کہ اُن سختیوں کی وجہ سے جو انھیں خدا کی راہ میں پیش آئی ہوں، بے ہمت ہو گئے ہوں، اور نہ ایسا ہوا کہ کمزور پڑ گئے ہوں، یا (اُن کی عزتِ نفس نے یہ بات گوارا کر لی ہو کہ ظالموں کے سامنے) عجز و بےچارگی کا اظہار کریں (بےہمتی، کمزوری، اور حریف کے سامنے اعترافِ عجز، وہ باتیں ہیں جن سے باخدا آدمی کا دل کبھی آشنا نہیں ہو سکتا) اور اللہ انھی لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو مشکلات و مصائب میں ثابت قدم رہتے ہیں!

(۸) سچا مومن اور باخدا آدمی وہ ہے جو شدائد و محن میں نہ تو بےہمت ہو، نہ کمزور پڑے، اور نہ کسی حال میں بھی ظالموں کے آگے عجز و بےچارگی کا اظہار گوارا کرے۔ قرآن کہتا ہے، وہن، ضعف، اور استکانت للخصم اُس میں نہیں ہو سکتی۔ "وہن" یہ ہے کہ بےہمت ہو کر بیٹھ رہے۔ "ضعف" یہ ہے کہ میدان میں نکلے مگر کمزوری دکھائے۔ "استکانت للخصم" یہ ہے کہ لاچار ہو کر حریف کے آگے گڑگڑانے لگے۔

۱۴۱ اور (پھر سختیوں اور مصیبتوں کا کتنا ہی ہجوم کیوں نہ ہو، لیکن) اُنکی زبانوں سے اسکے سوا کچھ نہ نکلتا تھا کہ "خدایا! ہمارے گناہ بخشدے، ہم سے ہمارے کام میں جو زیادتیاں ہو گئی ہوں، اُن سے درگزر فرما، ہمارے قدم راہِ حق میں جما دے، اور منکرینِ حق کے گروہ پر ہمیں فتحمند کرا" (جب اُنکے ایمان و عمل کا یہ حال تھا) تو خدا نے بھی انھیں دونوں جہان میں اجر عطا فرمایا۔ دنیا کا بھی ثواب دیا (کہ فتح و کامرانی اُنکے حصہ میں آئی) اور آخرت کا بھی بہتر ثواب دیا (کہ نعیم ابدی کے مستحق ہوئے) اور اللہ تو انھی لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو نیک کردار ہوتے ہیں!

۱۴۲ اے پیروانِ دعوتِ ایمانی! اگر تم اُن لوگوں کے کہنے میں آ گئے جنھوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے (اور جو تمھیں دشمنوں کی کثرت و طاقت سے ڈراتے اور جنگ سے باز رہنے کی نصیحتیں کرتے ہیں) تو یاد رکھو، وہ تمھیں راہِ حق سے اُلٹے پاؤں پھرا دینگے، اور نتیجہ یہ نکلے گا کہ (فلاح و سعادت کی راہ چلکر پھر) تباہی و نامرادی میں

(۹) اعدائے حق اس موقعہ سے فائدہ اُٹھا کر تمھیں ایسی راہ لگانا چاہتے ہیں کہ راہِ حق سے بےدل ہو جاؤ۔ وہ تمھیں دشمنوں کی کثرت و طاقت کے افسانے سنا کر مرعوب کرنا چاہتے ہیں، لیکن اگر تم راہِ حق میں ثابت قدم رہے، اور انسانی طاقتوں کی جگہ اللہ کی کارسازی و رفاقت پر بھروسہ رکھا، تو وہ وقت دور نہیں جب تمھاری ہیبت سے اُنکے دل کانپ اُٹھیں گے!

(۱۰) اس اصلِ عظیم کی طرف اشارہ، کہ جن لوگوں کے سامنے اعتقاد و ہدایت کی کوئی روشن و ثابت حقیقت نہیں ہوتی، اور خدا کو چھوڑ کر اعتماد و پرستش کے بہت سے ٹھکانے بنا لیتے ہیں اُنکے اندر عزم و یقین کی وہ روح نہیں ہو سکتی جو

۱۴۳-۱۴۴ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ ۝ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ۝ ۱۴۵ وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ

جا گروگے (یہ دشمنانِ حق تمھارے کارساز و رفیق نہیں ہوسکتے) ۱۴۳ تمھارا کارساز و رفیق تو اللہ ہے (پس اُسی پر بھروسہ رکھو) اور مدد کرنے والوں میں اُس سے بہتر مددگار کون ہوسکتا ہے؟

۱۴۴ وہ وقت دُور نہیں کہ ہم منکرینِ حق کے دلوں میں تمھاری ہیبت بٹھا دینگے۔ اور یہ اس لئے ہوگا کہ انھوں نے خدا کے ساتھ اُن ہستیوں کو بھی (خدائی میں) شریک ٹھہرالیا ہے جن کے لئے اُس نے کوئی سند نازل نہیں کی (پس نہ تو اُنکے اندر خداپرستی کی سچی روح ہے، نہ کوئی ایسا عقیدہ ہے جسکے لئے برہان و دلیل کی روشنی موجود ہو، اور اس لئے ممکن نہیں کہ وہ اُن لوگوں کو جنکے دل ایمان و یقین کی روح سے معمور ہیں اپنی طاقت و شوکت سے مرعوب کرسکیں) ان لوگوں کا (بالآخر) ٹھکانا دوزخ ہے، اور جو ظالم ہیں تو اُن کا ٹھکانا کیا ہی بُرا ٹھکانا ہے!

اہلِ حق و ایمان کے لئے مخصوص ہے۔ وہ جب کبھی کسی ایسی جماعت کے مقابلہ میں نکلیں گے جو ایمان و یقین کی روح سے معمور ہوگی، تو خواہ کتنی ہی طاقت و شوکت رکھتے ہوں لیکن کبھی اُسے مرعوب نہیں کرسکینگے۔

نزولِ قرآن کے وقت مسلمانوں کی جو جماعت پیدا ہوگئی تھی، اُس کے مقابلہ میں مشرکینِ عرب کا یہی حال تھا۔ وہ تعداد میں کثیر اور سروسامان میں طاقتور تھے مگر ایمان و یقین کی روح سے محروم تھے۔ مسلمان تعداد میں قلیل اور سروسامان سے محروم تھے مگر ایمان و یقین کی روح سے معمور تھے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ قلت کی ہیبت سے کثرت کے دل کانپ اُٹھے، اور مٹھی بھر انسانوں نے عرب کی پوری آبادی کو شکست دیدی!

۱۴۵ اور دیکھو، یہ واقعہ ہے کہ اللہ نے اپنا وعدۂ نصرت سچا کر دکھایا تھا جبکہ تم اُس کے حکم سے دشمنوں کو بے دریغ تہ تیغ کررہے تھے (اور ہر طرح جیت تمھاری ہی تھی) لیکن جب ہم نے تمھیں فتحمندی کا جلوہ دکھلادیا جو تمھیں سقدر محبوب ہے، تو تم نے کمزوری دکھلائی، اور جنگ کے بارے میں باہم گر جھگڑنے لگے (ایک گروہ نے کہا اب مورچہ پر ٹھہرنے کی کیا ضرورت ہے؟ دوسرے نے کہا، نہیں ہم تو آخر تک یہیں جمے رہینگے) اور (بالآخر) اپنے قائد کے حکم سے کہ اللہ کا رسول تھا) نافرمانی کر بیٹھے۔

(۱۱) منافق تمھیں جنگ اُحد کی شکست یاد دلاکر ڈرارہے ہیں تاکہ آئندہ دشمنوں کے مقابلہ کی جرأت نہ کرو، لیکن تم اچھی طرح جانتے ہو کہ اُحد کے میدان میں جو کچھ پیش آیا، اُس کی حقیقت کیا ہے؟ خدا کا وعدۂ نصرت اس موقعہ پر بھی پورا ہوا تھا، اور دشمنوں کے قدم اُکھڑ گئے تھے لیکن جب تم نے عین حالتِ جنگ میں حکمِ رسول کی نافرمانی کی، اور ایک گروہ مالِ غنیمت لوٹنے کی طمع میں مورچہ چھوڑ کر تتر بتر ہوگیا، تو میدانِ جنگ کی ہوا پلٹ گئی، اور فتح ہوتے ہوتے شکست ہوگئی۔ پس یہ جو کچھ ہوا، دشمنوں کی طاقت و کثرت سے نہیں ہوا جس سے منافق تمھیں ڈرا رہے ہیں بلکہ تمھاری نافرمانی اور بے ہمتی سے ہوا۔ اس کا نتیجہ یہ نہیں ہونا چاہئے کہ دشمنوں کی طاقت و کثرت سے مرعوب ہو۔ بلکہ یہ ہونا چاہئے کہ اپنے اندر صبر اور تقوٰی کی سچی روح پیدا کرو!

۱۴۶ مِنكُم مَّن يُرِيدُ الدُّنْيَا وَمِنكُم مَّن يُرِيدُ الْآخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۖ وَلَقَدْ
۱۴۷ عَفَا عَنكُمْ ۗ وَاللَّهُ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ ۝ إِذْ تُصْعِدُونَ وَلَا تَلْوُونَ عَلَىٰ أَحَدٍ وَالرَّسُولُ
يَدْعُوكُمْ فِي أُخْرَاكُمْ فَأَثَابَكُمْ غَمًّا بِغَمٍّ لِّكَيْلَا تَحْزَنُوا عَلَىٰ مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَا أَصَابَكُمْ ۗ وَاللَّهُ
۱۴۸ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝ ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّن بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَغْشَىٰ طَائِفَةً
مِّنكُمْ ۖ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنفُسُهُمْ

۱۴۶ تم میں کچھ لوگ تو ایسے تھے جو دنیا کے خواہشمند تھے۔ (یعنے مال غنیمت کے پیچھے پڑ گئے) کچھ ایسے تھے جن کی نظر آخرت پر تھی (یعنے مال غنیمت سے بے پروا ہو کر اپنی جگہ جمے رہے اور شہید ہوئے) پھر ہمنے تمھارا رُخ دشمنوں کی طرف سے پھرا دیا تاکہ تمھیں (اس حادثہ سے) آزمائیں (اور اس طرح تمھاری فتح شکست سے بدل گئی) باایں ہمہ خدا نے تمھارا قصور معاف کر دیا (اور اس لغزش کے اثرات سے تمھارے دل پاک و صاف ہو گئے) بلاشبہ وہ مومنوں کے لئے بڑا ہی فضل رکھنے والا ہی!

۱۴۷ وہ وقت بھی یاد کرو، جب تم (میدان جنگ سے) بھاگے جا رہے تھے، اور (بدحواسی کا یہ حال تھا کہ) ایک دوسرے کی طرف مُڑ کر دیکھتا تک نہ تھا، اور اللہ کا رسُول تھا کہ پیچھے سے پکار رہا تھا، سو جب تمھارا یہ حال ہوا تو اللہ نے بھی تمھیں رنج پر رنج دیا۔ تاکہ (اس حادثہ سے عبرت پکڑو، اور آئندہ) نہ تو اُس چیز کے لئے رنج و ملال کرو جو ہاتھ سے جاتی رہے، نہ اُس مصیبت پر غمگین ہو جو سر پر آپڑے۔ اور یاد رکھو، جو کچھ کرتے ہو، اللہ اُس کی خبر رکھنے والا ہے!

۱۴۸ پھر (دیکھو) ایسا ہوا کہ اللہ نے (ابتری و پریشانی کے) غم و افسوس کے بعد، تم پر بے خوفی کی خود فراموشی طاری کر دی (یعنے یکایک تمھارے دل اس طرح مطمئن ہو گئے کہ خوف و ہراس کا احساس تک باقی نہ رہا) یہ حالت ایک گروہ پر چھا گئی تھی، لیکن تم میں ایک دوسرا گروہ تھا جسے اُس وقت بھی اپنی جانوں ہی کی پڑی تھی، اور اللہ کی جناب میں

(۱۲) جب مسلمانوں کی بڑی تعداد مضطرب ہو کر بھاگنے لگی، تو پیغمبر اسلام (صلعم) چند جاں نثاروں کے حلقہ میں کھڑے پکار رہے تھے "اِلَیَّ عِبَادَ اللہِ اِلَیَّ عِبَادَ اللہِ! خدا کے بندو! میری طرف آؤ۔ میری طرف آؤ۔ تم کہاں بھاگے جا رہے ہو! ان آیات میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہی۔

جو لوگ ایمان و اخلاص میں پکے تھے اور محض صورت حال کے فوری اثر نے انھیں گھبرا دیا تھا، وہ پیغمبر اسلام کی آواز سنتے ہی چونک اُٹھے۔ انھیں ایسا محسوس ہوا، جیسے اچانک ایک مدہوشی کی سی حالت طاری ہو گئی، اور اس مدہوشی میں سارا خوف و ہراس فراموش ہو گیا۔ چنانچہ وہ فوراً پلٹے، اور نہ صرف دشمنوں کو میدانِ جنگ سے بھگا ہی دیا، بلکہ حمراء الاسد نامی مقام تک جو مدینے سے آٹھ میل کے فاصلہ پر ہے، اُنکے تعاقب میں بڑھے چلے گئے!
لیکن جو لوگ دل کے کچے یا منافق تھے، انھیں اپنی جانوں ہی کی

يَظُنُّونَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۖ يَقُولُونَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْأَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۗ قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلّٰهِ ۗ يُخْفُونَ فِي أَنْفُسِهِمْ مَا لَا يُبْدُونَ لَكَ ۖ يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هَاهُنَا ۗ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمْ ۖ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ إِنَّ الَّذِينَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ

١٤٩

عہد جاہلیت کے سے ظنون واوہام رکھتا تھا۔ اس گروہ کے لوگ کہتے تھے "جو کچھ ہوا اس میں ہمیں کچھ دخل نہ تھا" (یعنے ہمارے بس کی بات ہوتی تو ہم کچھ کرتے) اے پیغمبر! تم ان لوگوں سے کہدو، (اس معاملہ پر کیا موقوف ہے) ساری باتیں اللہ ہی کے اختیار میں ہیں (لیکن اللہ ہی نے ہر نتیجے کے لئے اُس کے اسباب بھی مقرر کردیے ہیں) اصل یہ ہے کہ جو کچھ ان لوگوں کے دلوں میں ہے، وہ تم پر ظاہر نہیں کرتے۔ انکے کہنے کا اصلی مطلب یہ ہے کہ اگر اس معاملہ میں ہمارے لئے (فتح وکامرانی میں سے) کچھ ہوتا، تو میدانِ جنگ میں مارے جاتے۔ اے پیغمبر! ان سے کہدو، اگر تم اپنے گھروں کے اندر بیٹھے ہوتے، جب بھی جن کے لئے مارا جانا تھا، وہ گھر سے ضرور نکلتے اور اپنے مارے جانے کی جگہ پہنچکر رہتے! اور (جنگ اُحد میں جو کچھ پیش آیا، تو اسمیں چند در چند مصلحتیں پوشیدہ تھیں۔ از انجملہ یہ کہ) اللہ کو منظور تھا، جو کچھ تمھارے سینوں میں چھپا ہوا ہے، اُسکے لئے تمھیں آزمایش میں ڈالے، اور جو کدورتیں تمھارے دلوں میں پیدا ہو گئی تھیں، اُنھیں پاک صاف کردے۔ اور اللہ وہ سب کچھ جانتا ہے جو انسان کے دلوں میں پوشیدہ ہوتا ہے!

١٤٩

تم میں سے جن لوگوں نے اُس دن لڑائی سے منہ موڑ لیا تھا جس دن دونوں لشکر ایک دوسرے کے مقابل ہوئے تھے، تو اُن کی اس لغزش کا باعث صرف

فکر لگی رہی۔ وہ کہتے تھے، جو کچھ ہوا، اس میں ہمارا کیا قصور ہے؟ اگر خدا فتح ونصرت دیتا تو ایسی حالت پیش ہی کیوں آتی؟ قرآن کہتا ہے، یہ عہد جاہلیت (یعنے عرب کے قبل از اسلام زمانے) کے سے خیالات ہیں اور اُن لوگوں میں نہیں گذر سکتے جو اسلام کی تعلیم سے روشن ہو چکے ہیں۔ بلاشبہ فتح ونصرت اللہ ہی کے ہاتھ ہے، لیکن وہ فتح ونصرت اُنہی کو دیتا ہے جو صبر اور تقویٰ میں پکے ہوتے ہیں۔

(۱۴۳) جس طرح جنگ بدر کی فتحمندی سے مسلمانوں کی تربیت مدِ نظر تھی، اُسی طرح جنگ اُحد کی عارضی شکست میں بھی تربیت کا پہلو پوشیدہ تھا۔ ایک دوڑنے والے کی مشق کے لئے صرف یہی کافی نہیں ہوتا کہ بے روک دوڑتا چلا جائے، بلکہ اسکی بھی ضرورت ہوتی ہے کہ ایک دفعہ گر کر اُٹھنے اور سنبھلنے کا سبق بھی سیکھ لے۔ بدر کی فتحمندی نے استعداد وسعی کی برکتیں کھلا دی تھیں، ضرورت تھی کہ اب کمزوری وتغافل کے نتائج کا بھی تجربہ ہو جائے چنانچہ اُحد کے حادثہ نے یہ مقصد پورا کردیا!

بدر کی فتح اور تائید الٰہی کی بشارتوں نے بہت سے مسلمانوں میں ایک طرح کی بے پروائی اور غفلت پیدا کردی تھی، وہ سعی وتدبیر کی کاوشوں سے بے نیاز ہو گئے تھے، اور سمجھنے لگے تھے کہ ہم کوشش کریں یا نہ کریں، ہر حال میں ہمارے لئے فتح ہی فتح ہے۔ اس طرح کی خام خیالیاں ابتدائی فتحمندیوں کے بعد پیدا ہو جایا کرتی ہیں۔ لیکن یہ ایک خطرناک حالت تھی۔ اس کا نتیجہ

إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ۗ إِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ ۱۵۰ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ ۱۵۱ وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝

یہ تھا کہ بعض کمزوریوں کی وجہ سے جو اُنھوں نے پیدا کر لی تھیں، شیطان نے اُنکے قدم ڈگمگا دئیے۔ (یہ بات نہ تھی کہ اُنکے ایمان میں فتور آگیا ہو۔ بہرحال) یہ واقعہ ہے کہ خدا نے ان کی یہ لغزش معاف کر دی، وہ یقیناً بخش دینے والا اور (انسان کی کمزوریوں اور خطاؤں کیلئے) بہت بُردبار ہے!

۱۵۰ اے پیروانِ دعوتِ ایمانی! دیکھو اُن لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جنھوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے اور جن کا شیوہ یہ ہے کہ اگر اُنکے بھائی بند سفر میں گئے ہوں یا جنگ میں مشغول ہو گئے ہوں اور اُنھیں موت پیش آجائے تو کہنے لگتے ہیں "اگر یہ لوگ گھر سے نہ نکلتے اور ہمارے پاس ٹھہرے رہتے تو کاہے کو مرتے یا مارے جاتے؟" (حالانکہ ایک خدا پرست دل میں کبھی ایسے خطرات نہیں گزر سکتے۔ اور یہ بات جو تھیں کہی گئی، تو اس لئے کہی گئی) تاکہ اللہ اِس بات کو (یعنے تمھارے دلوں کی بے خوفی اور ایمان کی اُستواری کو) منکرینِ حق کے دلوں کے لئے داغِ حسرت بنادے (کہ کسی حال میں بھی تمھیں کمزور اور بے ہمت نہ کر سکیں) یاد رکھو، اللہ ہی کے ہاتھ موت و زندگی کا سر رشتہ ہے۔ اور تم جو کچھ کرتے ہو اُس کی نگاہ سے مخفی نہیں!

۱۵۱ اور (دیکھو) اگر تم اللہ کی راہ میں قتل ہو گئے یا اپنی موت مر گئے، تو اللہ کی طرف سے جو رحمت و بخشش تمھارے حصے میں آئیگی یقیناً وہ اُن تمام چیزوں سے بہتر ہے جن کا ذخیرہ لوگ جمع کیا کرتے ہیں!

غفلت و غرور تھا، اور ضروری تھا کہ اُسکی نشوونما روک دی جائے۔ پس اُحد کے تجربے نے مسلمانوں کو بتلا دیا کہ خدا کی تائید و نصرت کا وعدہ برحق ہے لیکن اُسکے تمام کاموں کی طرح اُس کی تائید و نصرت کے بھی سُنن و قوانین ہیں اور ضروری ہے کہ اُنہی کے مطابق نتائج بھی ظہور میں آئیں۔ جو جماعت کمزوری و غفلت میں مبتلا ہو جائیگی، صبر و ثبات میں پوری نہیں اُترے گی، اطاعت و نظام میں کچی ہوگی، وہ کبھی خدا کی تائید و نصرت کی مستحق نہیں ہو سکتی!

چنانچہ یہی وجہ ہے کہ پہلے بھی اِس مصلحت کی طرف اشارہ کیا تھا کہ "و لیعلم الذین آمنوا و یتخذ منکم شہداء" اور یہاں بھی فرمایا "و لیبتلی اللہ ما فی صدورکم و لیمحص ما فی قلوبکم" یہ اِس لئے ہوا، تاکہ تمھارے دلوں میں جو کدورتیں پیدا ہو گئی تھیں، اُن سے اُنھیں پاک صاف کر دیا جائے۔

۱۵۰ (۱۴) سچا مومن وہ ہے جو موت سے نہیں ڈرتا، اور کبھی اِس ڈر سے قدم پیچھے نہیں ہٹاتا۔ وہ کہتا ہے، موت سے تو کسی حال میں مفر نہیں۔ پھر کیوں نہ اُس موت کا استقبال کیا جائے جو حق کی راہ میں پیش آئے اور جس کا نتیجہ اللہ کی مغفرت اور خوشنودی ہو؟

لیکن جن لوگوں کے دل ایمان سے محروم ہیں وہ جب دیکھتے ہیں کہ راہِ حق میں لوگوں کو موت پیش آگئی، تو کہتے ہیں، اگر ان لوگوں نے یہ راہ اختیار نہ کی ہوتی تو کیوں اِس نتیجہ سے دوچار ہوتے؟ گویا موت صرف جنگ ہی میں آسکتی ہے۔ جو آدمی اپنے گھر میں بیٹھا رہیگا، وہ کبھی مرنے والا نہیں!

وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ ۚ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِكَ ۖ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ ۚ فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ ۝ (۱۵۲-۱۵۳) اِنْ يَّنْصُرْكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۚ وَاِنْ يَّخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَنْصُرُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ (۱۵۴) وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ۭ (۱۵۵)

۱۵۲ اور (یاد رکھو) خواہ تم اپنی موت مرو یا مارے جاؤ، ہر حال میں ہونا یہی ہے کہ اللہ کے حضور جمع کئے جاؤگے!

۱۵۳ (اے پیغمبر!) یہ خدا کی بڑی ہی رحمت ہے کہ تم ان لوگوں کے لئے اسقدر نرم مزاج واقع ہوئے۔ اگر تم سخت مزاج اور سنگدل ہوتے، تو لوگ تمھارے پاس سے بھاگ کھڑے ہوتے (اور ان کے دل تمھاری طرف اس طرح نہ کھنچتے جس طرح اب بے اختیار کھنچ رہے ہیں) پس ان لوگوں کا قصور معاف کردو اور اللہ سے بھی انکے لئے بخشش طلب کرو۔ نیز اس طرح کے معاملات میں (یعنے امن و جنگ کے معاملات میں) ان سے مشورہ کرلیا کرو۔ پھر جب ایسا ہو کہ تم نے کسی بات کا عزم کرلیا، تو چاہیئے کہ خدا پر بھروسہ کرو (اور جو کچھ ٹھان لیا ہے، اُسپر کاربند ہوجاؤ) یقیناً اللہ اُنہی لوگوں کو دوست رکھتا ہے جو اُسپر بھروسہ کرنے والے ہیں!

(۱۵) اس سلسلہ میں پیغمبر اسلام (صلعم) سے خطاب موعظت اور منصب امامت کی بعض اصولی مہمات:-

(الف) یہ اللہ کی بڑی ہی رحمت ہے کہ تمھارے دل میں نرمی اور مزاج میں سرتاسر شفقت ہے۔ اگر ایسا نہ ہوتا تو لوگوں کے دل تمھاری طرف بے اختیار نہ کھنچتے جس طرح اب کھنچ رہے ہیں۔

(ب) جنگ اُحد میں ایک گروہ کی لغزش بڑی ہی سخت لغزش تھی، تاہم تمھاری شفقت کا مقتضا یہی ہے کہ عفو و درگزر سے کام لو۔

(ج) تمھارا طریق کار یہ ہونا چاہئے کہ صلح و جنگ کا کوئی معاملہ بغیر مشورہ کے انجام نہ پائے۔

(د) اس بارے میں دستور العمل یہ ہے کہ پہلے جماعت سے مشورہ کرو۔ پھر مشورہ کے بعد کسی ایک بات کا عزم کرلو۔ اور جب عزم کرلیا تو اُسپر مضبوطی کے ساتھ جم جاؤ۔ مشورہ اپنے محل اور وقت میں ضروری ہے۔ عزم اپنے محل اور وقت میں۔ جب تک مشورہ نہیں کیا ہے، فیصلہ و عزم کا سوال نہیں اُٹھتا، لیکن جب مشورہ کے بعد عزم کرلیا گیا، تو وہ عزم ہے، اور کوئی رائے، کوئی نکتہ چینی، کوئی مخالفت اُسے متزلزل نہیں کرسکتی!

امام کے لئے ضروری ہے کہ جماعت سے مشورہ کرے، لیکن ساتھ ہی یہ بھی ضروری ہے کہ صاحب عزم ہو!

۱۵۴ (اے پیروان دعوت ایمانی!) اگر اللہ تمھاری مدد کرے تو کوئی نہیں جو تم پر غالب آسکتا ہو، لیکن اگر وہی تمھیں چھوڑ بیٹھے، تو بتلاؤ، کون ہے جو اُسکے چھوڑ دینے کے بعد تمھارا مددگار ہوسکتا ہے؟ (یقین کرو) صرف اللہ ہی کی ذات ہے۔ پس جو مومن ہیں، وہ اسی پر بھروسہ رکھیں!

۱۵۵ اور (دیکھو) خدا کے نبی سے یہ بات کبھی نہیں ہوسکتی کہ وہ (اداء فرض نبوت میں) کسی طرح کی خیانت کرے

(۱۶) مسلمانوں کی جماعت سے خطاب کہ جب پیغمبر اسلام کا طریق کار یہ ہے کہ ہر معاملہ میں تم سے مشورہ کرلیا کریں، تو تمھارا فرض یہ ہونا چاہئے

وَمَنْ يَّغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝
۱۵۶ اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللّٰهِ كَمَنْۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝
۱۵۷ هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ
۱۵۹ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ۭ قُلْ

(کیونکہ جو نبی ہوگا، وہ خائن نہیں ہوسکتا) اور جو کوئی خیانت کرتا ہے، تو جو کچھ اُسنے خیانت کی ہو (اُسے دُنیا میں لوگوں کی نظروں سے کتنا ہی چھپائے لیکن) قیامت کے دن نہیں چھپا سکے گا۔ وہ اُس کے ساتھ آئے گی۔ پھر ہر جان کو اُس کی کمائی کے مطابق پُورا پُورا بدلہ ملنا ہی۔ یہ نہ ہو گا کہ کسی کے ساتھ بھی انصافی کیجائے۔

کہ انکے تمام احکام و عزائم کی بے چون و چرا اطاعت کرو۔ وہ اللہ کے نبی ہیں اور ایسا کبھی نہیں ہو سکتا کہ اللہ کا نبی خلق اللہ کی امامت و پیشوائی کے فرائض میں کسی طرح کی خیانت کرے۔

اس حقیقت کی طرف اشارہ کر دینا ہیں سچّے انسان کی زندگی جھوٹے انسان سے اپنی ہر بات میں اس درجہ مختلف ہوتی ہو، کہ ممکن نہیں کسی طرح کا اشتباہ ہو سکے۔ ایک بدکار آدمی بناوٹ سے اپنے آپ کو کتنا ہی نیک ظاہر کرے، لیکن بناوٹ پھر بناوٹ ہی۔ کوئی نہ کوئی بات ایسی ضرور کر بیٹھے گا کہ اصلیت آشکارا ہو جائے گی۔

تلاوتِ آیات، تزکیۂ قلوب، اور تعلیم کتاب و حکمت جس وجودِ گرامی کے اعمال ہیں کیونکر ممکن ہو کہ اداء فرضِ امامت میں کسی طرح کی خیانت کا اس سے ارتکاب ہو؟

۱۵۶ کیا ایسا آدمی جسنے اللہ کی خوشنودیوں کی راہ اختیار کی ہو (اور جو کام کرتا ہے، اللہ کا پسندیدہ کام ہوتا ہی) اُس آدمی کی طرح ہو سکتا ہے جسنے (اپنی بدعملیوں سے) اللہ کا غضب حاصل کیا، اور جس کا ٹھکانا جہنم جیسا بُرا ٹھکانا ہو؟

۱۵۷ (نہیں، ایسا کبھی نہیں ہو سکتا) اللہ کے نزدیک لوگوں کے (الگ الگ) مرتبے ہیں، اور جیسے کچھ انکے اعمال ہیں، وہ اُنھیں دیکھ رہا ہے!

۱۵۸ بلاشبہ، یہ اللہ کا مومنوں پر بڑا ہی احسان تھا کہ اُسنے ایک رسول اُن میں بھیجدیا جو اُنہی میں سے ہی۔ وہ اللہ کی آیتیں سُناتا ہی، ہر طرح کی برائیوں سے اُنھیں پاک کرتا ہے، اور کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہی (اُسنے ہدایت کی راہ اُن پر کھول دی) حالانکہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں مبتلا تھے!

۱۵۹ جب (جنگ اُحد میں) تم پر مصیبت پڑی، اور یہ مصیبت ایسی تھی کہ اس سے دوگنی مصیبت تمھارے ہاتھوں (بدر میں) دشمنوں پر پڑ چکی ہو، تو تم بول اُٹھے "یہ مصیبت ہم پر کہاں سے آپڑی؟" اے پیغمبر! ان لوگوں سے کہدو،

(۱۷) جنگ اُحد کا معاملہ منافقوں کے لئے مخلص مسلمانوں کے ساتھ ملے جُلے زندگی بسر کر رہے تھے، ایک فیصلہ کن آزمایش تھی۔ اس موقع پر ان کا نفاق پوری طرح کھل گیا۔ جنگ کے ابتدائی مشورے سے لیکر جنگ کے بعد تک کوئی موقع ایسا نہیں آیا کہ فتنہ پردازی سے باز رہے ہوں۔ جب کثرت رائے سے یہ بات قرار پائی کہ شہر سے باہر نکلکر مقابلہ کرنا چاہیے تو دو گونہ

١٦٠ هُوَ مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِكُمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَمَا أَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيَعْلَمَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ نَافَقُوا ۚ وَقِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوِ ادْفَعُوا ۖ قَالُوا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَاتَّبَعْنَاكُمْ ۗ هُمْ

١٦١ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْإِيمَانِ ۚ يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِمْ مَا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُونَ ۝

بہکانے لگے کہ باہر نکل کے لڑنا موت کے منہ میں جانا ہے۔ جب اُن سے کہا گیا کہ اچھا، شہر کی مدافعت کرو، تو لگے طرح طرح کے حیلے بہانے کرنے۔ کہتے تھے، ہمیں امید نہیں کہ لڑائی کی نوبت آئے۔ اگر امید ہوتی تو ضرور طیاری کرتے۔ پھر جب لوگوں کی کمزوری اور نافرمانی سے فتح ہوتے ہوتے شکست ہوگئی، تو انھیں فتنہ و شرارت کا نیا موقع ہاتھ آگیا۔ کبھی کہتے یہ سب کچھ اسی لئے ہوا کہ ہماری بات نہیں مانی گئی۔ کبھی کہتے، روز روز کی لڑائیوں سے کیا فائدہ؟ نجات اسی میں ہے کہ دشمنوں کو راضی کر لیا جائے۔ مقصود یہ تھا کہ کسی نہ کسی طرح مسلمانوں کے دلوں میں مایوسی و ہراس پیدا کر دیں اور ان کی کوئی بات بھی ٹھیک طور پر بن نہ سکے۔

اُحد کے میدان سے جاتے ہوئے دشمن کہہ گئے تھے کہ آئندہ سال پھر آئینگے اور آخری فیصلہ کر جائینگے۔ دوسرے سال جب وہ وقت آیا تو مسلمان طیار ہو کر باہر نکلے، لیکن دشمنوں کا کوئی پتہ نہ تھا۔ انھیں مکہ سے نکلنے کی جرأت ہی نہ ہوئی۔ مسلمان چند دن انتظار کر کے خوشدل اور کامیاب واپس آگئے۔ لیکن اس موقع پر بھی منافقوں نے دشمنوں سے ملکر ہر طرح کی شرارتیں کیں۔ دشمن چاہتے تھے کہ ڈر جانے کی ذلت اُنکے حصہ میں آئے۔ مسلمانوں کے حصہ میں آئے، اور یہ جبھی ہو سکتا تھا کہ مسلمان جنگ کے لئے آمادہ نہ ہوں۔ چنانچہ مسلمانوں کو خوف زدہ کرنے کے لئے مخبر بھیجے گئے، اور بہت سی جھوٹی افواہیں مشہور کر دی گئیں۔ منافق انھیں پھیلاتے اور مسلمانوں کو سرگرمی سے باز رکھنا چاہتے۔ یہاں ان تمام باتوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اور منافقوں کو آخری مہلت دیگئی ہے کہ اپنی منافقانہ روش سے باز آجائیں، ورنہ وقت آگیا ہے کہ اللہ انکے چہروں پر سے نفاق کا پردہ اٹھا دے گا۔

ان آیات میں منافقوں کی جو نفسیاتی حالت دکھائی گئی ہے، وہ کوئی مخصوص صورت حال نہیں ہے اگر غور کرو گے تو معلوم ہو جائیگا کہ جماعت کے کمزور اور مذبذب افراد ہمیشہ ایسی ہی صورت حال پیدا کر دیا کرتے ہیں۔

(ہاں مصیبت تو ضرور آپڑی مگر) خود تمھارے ہی ہاتھوں آئی (اگر تم کمزوری نہ دکھاتے اور احکام حق کی اطاعت کرتے، تو کبھی یہ مصیبت پیش نہ آتی) یاد رکھو، اللہ کی قدرت سے کوئی بات باہر نہیں ہے!

١٦٠ اور (دیکھو) دو گروہوں کے مقابلہ کے دن تمھیں جو کچھ پیش آیا (یعنے جنگ اُحد میں جو کچھ پیش آیا) تو اللہ ہی کے حکم سے پیش آیا (کیونکہ اُسنے فتح و شکست کا قانون ایسا ہی ٹھہرا دیا ہے) اور اس لئے پیش آیا، تاکہ ظاہر ہو جائے، ایمان رکھنے والے کون ہیں، اور نفاق والے کون ہیں (چنانچہ منافقوں کا نفاق اس موقع پر پوری طرح کھل گیا) جب اُن سے کہا گیا کہ آؤ (وقت کا فرض انجام دیں) یا تو اللہ کی راہ میں (باہر نکل کے) جنگ کرو، یا (شہر میں رہکر) دشمنوں کا حملہ روکو۔ تو کہنے لگے "اگر ہمیں معلوم ہوتا کہ لڑائی ضرور ہوگی تو ہم ضرور تمھارا ساتھ دیتے" یقین کرو، جسوقت انھوں نے یہ بات کہی تو وہ کفر سے زیادہ نزدیک تھے بمقابلہ ایمان کے!

١٦١ یہ لوگ زبان سے ایسی بات کہتے ہیں جو فی الحقیقت انکے دلوں میں نہیں ہے۔ اور جو کچھ دلوں میں چھپائے ہوئے ہیں، خدا اس سے بے خبر نہیں!

۱۶۲ الَّذِينَ قَالُوا لِإِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوا لَوْ أَطَاعُونَا مَا قُتِلُوا ۗ قُلْ فَادْرَءُوا عَنْ أَنفُسِكُمُ الْمَوْتَ

۱۶۳ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ

۱۶۴ يُرْزَقُونَ ۝ فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ وَيَسْتَبْشِرُونَ بِالَّذِينَ لَمْ يَلْحَقُوا بِهِم مِّنْ خَلْفِهِمْ

۱۶۵-۱۶۶ أَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ يَسْتَبْشِرُونَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ وَفَضْلٍ وَأَنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُؤْمِنِينَ ۝ الَّذِينَ

۱۶۷ اسْتَجَابُوا لِلَّهِ وَالرَّسُولِ مِن بَعْدِ مَا أَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۚ لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا مِنْهُمْ وَاتَّقَوْا أَجْرٌ عَظِيمٌ ۝ الَّذِينَ

۱۶۸ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيمَانًا وَقَالُوا حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ ۝ فَانقَلَبُوا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ وَفَضْلٍ

---

۱۶۲ جن لوگوں کا حال یہ ہے کہ خود تو (جنگ کے وقت) اپنے گھروں میں بیٹھ رہے لیکن اب اپنے بھائیوں کے حق میں کہتے ہیں "اگر ہماری بات پر چلے ہوتے تو کبھی نہ مارے جاتے"۔ اے پیغمبر! تم کہہ دو، اچھا، اگر تم واقعی (اپنے اس خیال میں) سچے ہو تو جب موت تمھارے سرہانے آ کھڑی ہو تو اُسے نکال باہر کرنا (اور اپنی چترائی اور پیش بینی سے ہمیشہ زندہ رہنا!)

۱۶۳ اور (اے پیغمبر!) جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل ہوئے ہیں، ان کی نسبت ایسا خیال نہ کرنا کہ وہ مر گئے۔ نہیں، وہ زندہ ہیں، اور اپنے پروردگار کے حضور اپنی روزی پا رہے ہیں!

۱۶۴ اللہ نے اپنے فضل و کرم سے جو کچھ انھیں عطا فرمایا ہے، اس سے خوشحال ہیں، اور جو لوگ انکے پیچھے (دنیا میں) رہ گئے ہیں اور ابھی اُن سے ملے نہیں، اُنکے لئے خوش ہو رہے ہیں کہ نہ تو اُنکے لئے کسی طرح کا کھٹکا ہوگا، نہ کسی طرح کی غمگینی!

۱۶۵ وہ اللہ کی نعمت اور فضل کے عطیوں سے مسرور ہیں۔ نیز اس بات سے کہ اُنھوں نے دیکھ لیا، اللہ ایمان رکھنے والوں کا اجر کبھی ضائع نہیں کرتا!

۱۶۶ جن لوگوں نے اللہ اور اُسکے رسولؐ کی پکار کا جواب دیا (اور جنگ کے لئے طیار ہوگئے) باوجودیکہ ایک برس پہلے جنگ اُحد کا) زخم کھا چکے تھے، سو یاد رکھو، ان میں جو لوگ نیک کردار اور متقی ہیں، یقیناً اُنکے لئے (اللہ کے حضور) بہت بڑا اجر ہے!

۱۶۷ یہ وہ لوگ ہیں جن سے بعض آدمی کہتے تھے "تم سے جنگ کرنے کے لئے دشمنوں نے بہت بڑا گروہ جمع کر لیا ہے۔ پس چاہیئے کہ اُن سے ڈرتے رہو" (اور مقابلہ کے لئے باہر نہ نکلو) لیکن (بجائے اسکے کہ یہ بات سُنکر وہ خوفزدہ ہو جاتے) اُن کا ایمان اور زیادہ مضبوط ہو گیا۔ وہ (بے خوف و خطر ہو کر) بول اُٹھے "ہمارے لئے اللہ کا سہارا بس کرتا ہے۔ اور جس کا کارساز اللہ ہو تو کیا ہی اچھا اُس کا کارساز ہے!"

۱۶۸ پھر (ایسا ہوا کہ یہ لوگ بے خوف ہو کر نکلے اور) اللہ کی نعمت اور فضل سے شادکام واپس آ گئے۔ کوئی

لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۝ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ ۱۶۹
اَوْلِيَآءَهٗ ۖ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِى ۱۷۰
الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا ۗ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِى الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝
اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْئًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلَا يَحْسَبَنَّ ۱۷۱-۱۷۲
الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا نُمْلِىْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ۗ اِنَّمَا نُمْلِىْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ
مُّهِيْنٌ ۝ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۗ ۱۷۳

گزند انھیں چھو نہ سکا، اور اللہ کی خوشنودیوں کی راہ میں گامزن ہوئے۔ (یہ اللہ کا فضل تھا) اور اللہ بہت بڑا فضل رکھنے والا ہے!

۱۶۹ (اور یہ جو دشمنوں کا بھیجا ہوا ایک مخبر تمھیں بہکانا چاہتا تھا، تو) یہ اسکے سوا کچھ نہ تھا کہ شیطان تھا جو تمھیں اپنے ساتھیوں سے ڈرانا چاہتا ہے۔ اگر تم ایمان رکھنے والے ہو تو شیطان کے ساتھیوں سے نہ ڈرو، اللہ سے ڈرو (اگر تم اللہ سے ڈرتے رہے، تو دنیا کی کوئی طاقت بھی تمھیں ڈرا نہ سکے گی!)

۱۷۰ (اے پیغمبر!) جو لوگ کفر کی راہ میں تیز گام ہیں، اُنکی یہ حالت دیکھ کر تم آزردہ خاطر نہ ہونا۔ یقین رکھو وہ خدا (کے کاموں) کو کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتے (البتہ ۱۷۱ اپنے ہاتھوں خود اپنا ہی نقصان کر رہے ہیں) خدا چاہتا ہے کہ اُنکے لئے آخرت (کی بخششوں اور نعمتوں) میں کوئی حصہ نہ رکھے (کیونکہ اُس کا قانونِ سعادت و شقاوت ایسا ہی ہے) اور بالآخر انکے لئے بہت بڑا عذاب ہے!

(۱۸) حکمت الٰہی نے دنیا کا کارخانہ کچھ اس طرح چلایا ہے کہ یہاں نیکی اور بدی، حق اور باطل، عدالت اور ظلم، دونوں کو مہلت ملتی ہے، اور خدا کا قانونِ رحمت یہی ہے کہ زیادہ سے زیادہ مہلت اور ڈھیل دے۔ پس اس بات سے دھوکا نہیں کھانا چاہئے۔ یہ بات دیکھنی چاہئے کہ آخر کی کامیابی کس کے حصے میں آتی ہے؟ عمل حق کے لئے بالآخر بقا ہے، اور عمل باطل کے لئے بالآخر نیست و نابود ہو جانا۔

۱۷۲ اور یہ جو ہم اُن لوگوں کو جنھوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے (زندگی اور سروسامانِ زندگی کی مہلت دیکر) ڈھیل دے رہے ہیں، تو وہ یہ نہ سمجھیں کہ یہ ڈھیل اُنکے حق میں بہتری ہے۔ نہیں، ہم انھیں ڈھیل دے رہے ہیں کہ (اگر بدعملیوں سے باز آنے والے نہیں، تو) اپنے گناہ میں اَور زیادہ (جوابدہ) ہو جائیں اور بالآخر اُنکے لئے رُسوا کُن عذاب ہے!

۱۷۳ ایسا نہیں ہو سکتا کہ اللہ ایمان والوں کو اسی حالت میں چھوڑ رکھے جس حالت میں تم آجکل اپنے آپ کو پاتے ہو، (کہ منافق اور مومن دونوں ملے جلے زندگی بسر کر رہے ہیں) وہ ضرور ایسا کریگا کہ ناپاک کو پاک سے

(۱۹) منافقوں کو بہت مہلت دی جا چکی ہے۔ اب وقت آگیا ہے کہ اللہ مومنوں میں اور اُن میں امتیاز کر دے۔ باقی رہی یہ بات کہ اللہ نے اپنے کلام میں کیوں نام بنام منافقوں کا ذکر نہیں کر دیا، تو یہ اُسکی سنت کے خلاف ہے۔ اُس کی سنت اس بارے میں یہی ہے کہ جو شخص اپنے نفاق سے باز نہیں آئیگا، خود اُسکا

۱۷۴ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ

۱۷۵ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ وَلَا يَحْسَبَنَّ

الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ

۱۷۶ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ

۱۷۷ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ۝ لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَاۗءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا

فساد ہی اس کی بروقت تشہیر کردیگا!

ممتاز کردے (اور منافق مومنوں سے الگ پہچان لئے جائیں)

۱۷۴ اور خدا کے کاموں کا یہ ڈھنگ کبھی نہیں کہ وہ (اس بارے میں) تمھیں غیب کی خبریں دیدے (یعنے جن لوگوں کے دلوں میں نفاق پوشیدہ ہے، انکے نام ظاہر کردے) لیکن ہاں، وہ اپنے رسولوں میں سے جس کسی کو چاہتا ہے اس بات کے لئے چن لیتا ہے (اور انھیں جو کچھ بتلانا ہوتا ہے بتلا دیتا ہے۔ سو اس بارے میں بھی وہ جو کچھ چاہے گا، اپنے رسول کو بتلادے گا) پس (اے گروہ منافقین! اب تمھارے لئے اصلاح حال کی آخری مہلت یہی) چاہیے کہ اللہ پر اور اسکے رسول پر (سچے دل سے) ایمان لے آؤ۔ اگر تم (اب بھی) ایمان لے آئے، اور برائیوں سے بچے، تو یقین کرو، تمھارے لئے اجر عظیم ہے!

۱۷۵ جن لوگوں کو اللہ نے اپنے فضل و کرم سے مقدور دیا ہے، اور وہ مال خرچ کرنے میں بخل کرتے ہیں، تو وہ یہ نہ سمجھیں کہ ایسا کرنا انکے لئے کوئی بھلائی کی بات ہے۔ نہیں، وہ تو انکے لئے بڑی ہی برائی ہے۔

(۳۰) منافقوں پر جنھوں نے مصلحت وقت دیکھ کر دعوت اسلام کا اقرار کرلیا تھا، راہ حق میں مال و دولت کا خرچ کرنا بہت شاق گزرتا تھا۔ وہ خود بھی بخل کرتے تھے، اور دوسروں کو بھی بخل کی تلقین کرتے تھے۔ یہاں اسی بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔

۱۷۶ قریب ہے کہ قیامت کے دن یہ مال و متاع جس کی حفاظت کے لئے وہ بخل کررہے ہیں، انکے گلوں میں (عذاب کا) طوق بنا کر پہنا دیا جائے!

اور (یاد رکھو) آسمان و زمین میں جو کچھ ہے، سب اللہ کی میراث ہے، اور تم جو کچھ کرتے ہو، اسکے علم سے مخفی نہیں!

۱۷۷ بلاشبہ اللہ نے ان لوگوں کا کہنا سن لیا ہے جنھوں نے یہ بات کہی کہ "اللہ محتاج ہے اور ہم دولتمند ہیں" (کہ بار بار اسکے نام پر ہم سے مال طلب کیا جاتا ہے؟) سو قریب ہے کہ جو بات انھوں نے کہی ہے، ہم انکے لئے لکھ دیں۔ (یعنے یہ انفاق فی سبیل اللہ کی دعوت کی

سلسلۂ بیان کا وہ حصہ جو جنگ احد کے ذکر سے شروع ہوا تھا، یہاں ختم ہوتا ہے اور وہی بیان پھر چھڑ جاتا ہے جو اس سے پہلے تھا۔ یعنے اہل کتاب سے مخاطبہ اور دعوت حق کی تکمیل کا اعلان۔ چونکہ احد کے بیان میں منافقوں کا ذکر چھڑ گیا تھا، اور منافقوں کا گروہ زیادہ تر یہودیوں کا گروہ تھا، اس لیے سلسلۂ بیان خود بخود اہل کتاب کی طرف مڑ گیا ہے۔

ہر دعوت کے ابتدائی عہد کی طرح اسلام کا ابتدائی عہد بھی تنگی و سختی کا عہد

وَقَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ ۱۷۸
اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۚ اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ اَلَّا نُؤْمِنَ ۱۷۹
لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ۭ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِىْ بِالْبَيِّنٰتِ ۱۸۰
وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْھُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ ۱۸۱
رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَاۗءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ۝ كُلُّ نَفْسٍ ۱۸۲

ہنسی اڑاتے ہیں، اور خدا کو محتاج کہتے ہیں، تو عنقریب (اسکی پاداش میں یہ خود محتاج اور تباہ حال ہوجائینگے) اور ان کا نبیوں کو ناحق قتل کرنا (کہ انکے نامۂ اعمال کی سب سے بڑی شقاوت ہو) اور (اسوقت جب اس شقاوت کا نتیجہ پیش آئے گا تو) ہم کہیں گے اب (پاداش عمل میں) عذاب جہنم کا مزہ چکھو!

۱۷۸ تم جو کچھ اپنے ہاتھوں اپنے لئے مہیا کر چکے ہو، یہ اسی کا نتیجہ ہے۔ ورنہ اللہ کے لئے تو یہ بات کبھی نہیں ہوسکتی کہ اپنے بندوں کے لئے ظلم کرنے والا ہو!

۱۷۹ جو لوگ کہتے ہیں "اللہ نے ہم سے عہد لیا ہے کہ ہم کسی رسول پر ایمان نہ لائیں جبتک وہ ہمارے پاس ایسی قربانی نہ لائے جسے آگ کھا لیتی ہو" تو تم ان سے کہدو

تھا، اور خدمت حق کے لئے مال کی ضرورت برابر پیش آتی رہتی تھی۔ منافقوں پر یہ بات شاق گزرتی تھی جیسا کہ اوپر گزر چکا ہے۔ وہ کہتے "یہ ہر بار رِنداء کے نام پر مال طلب کیا جا رہا ہے تو کیا خدا محتاج ہو گیا ہے؟ اور ہمارے ایسے ذخیرے میں اس قدر برسے ہیں کہ برابر لٹائے ہی جائیں!"

خدا نے ان کا یہ قول یہاں نقل کیا ہے، اور چونکہ نافرمانی زیادہ تر وہی لوگ تھے جو یہودیت چھوڑ کر مسلمان ہوئے تھے، اور یہودیت ان کے دلوں میں بسی ہوئی تھی، اس لئے ایک ایسی بات کی طرف اشارہ کر دیا ہے جو یہودیوں کی گمراہی کی سب سے بڑی شقاوت رہ چکی ہے۔ یعنی "وقتلہم الانبیاء بغیر حق" خدا کے نبیوں سے ان کا سرکشی کرنا اور ان کے قتل میں بے باک ہو جانا۔

مدینہ کے علماء یہود جب موقت ہر اسلام کے خلاف تمام دلیلوں سے عاجز آ گئے تو آخر ڈھونڈ ڈھانڈ کر یہ بات نکالی کہ ہمیں تورات میں سوختنی قربانی کا حکم دیا گیا ہے۔ اس لئے ہم اسی نبی کو سچا مانیں گے جو سوختنی قربانی کے عمل کے ساتھ آیا ہو۔ سوختنی قربانی سے مقصود یہ ہے کہ یہودی جانوروں کی قربانی کر کے ان کا گوشت آگ میں جلا دیا کرتے تھے۔ چنانچہ تورات کی تیسری کتاب احبار کی پہلی فصل میں اس کا طریقہ بہ تفصیل بیان کیا گیا ہے۔ قرآن ان کا یہ اعتراض نقل کر کے کہتا ہے: اگر تمھارے ہاں قبولیت کا مدار اسی بات پر ہے، تو بتلاؤ، تم نے ان نبیوں کو کیوں قتل کیا جو تمھارے سوختنی قربانی کے حکم کے ساتھ آئے تھے؟

۱۸۰ (اگر تمھارے رد و قبول کا معیار یہی ہے تو بتلاؤ) مجھ سے پہلے اللہ کے کتنے ہی رسول سچائی کی روشن دلیلوں کے ساتھ تمھارے پاس آئے، اور اس بات کے ساتھ آئے جسکے لئے تم کہہ رہے ہو، (یعنے سوختنی قربانی کے حکم کے ساتھ) پھر اگر تم اپنے قول میں سچے ہو، تو کیوں تم (نے انھیں قبول نہیں کیا، اور کیوں ایمان لانے کی جگہ) انھیں قتل کرتے رہے؟

۱۸۱ (اے پیغمبر!) یہ لوگ اگر آج تمھیں جھٹلا رہے ہیں تو (یہ کوئی ایسی بات نہیں جو تمھارے ہی ساتھ ہوئی ہو) تم سے پہلے کتنے ہی رسول ہیں جو (اسی طرح) جھٹلائے گئے۔ باوجودیکہ (سچائی کی) روشن دلیلیں (حکمت و موعظت کے) صحیفے، اور (شریعت کی) روشن کتاب انکے ساتھ تھی۔

۱۸۲ (اے پیروان دعوت ایمانی! یاد رکھو) ہر جان کے لئے

پیروان دعوت حق سے خطاب کہ قیام حق کی خدمت بغیر تسلیم کے ممکن نہیں

ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَ
اُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝ لَتُبْلَوُنَّ فِيْ ۱۸۳
اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۟ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ
اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝ وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ ۱۸۴
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ ۟ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ
فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ۝ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ الْعَذَابِ ۱۸۵

ہے تو ضروری ہے کہ اس راہ کی تمام آزمائشوں سے بھی گزرنا پڑے۔ اہل کتاب اور مشرکین عرب دونوں تمھاری مخالفت میں کمربستہ ہوگئے ہیں۔ وہ طرح طرح کی اذیتیں تمھیں پہنچائینگے اور تمھیں برداشت کرنی پڑینگی۔ تمھاری کامیابی کے لئے اصلی چیز صبر اور تقویٰ ہے۔ اگر تم نے صبر کیا اور تقویٰ کا سررشتہ ہاتھ سے نہ دیا، تو یقین کرو، بالآخر فتحمندی تمھارے ہی لئے ہے!

اللہ نے اہل کتاب کو اپنی کتاب کا حامل بنایا تھا اور اُن سے عہد لیا تھا کہ اُسکے احکام کی تعلیم و تلقین اپنا فرض سمجھیں گے، لیکن وہ طرح طرح کی گمراہیوں میں مبتلا ہوگئے اور عہد الٰہی فراموش کردیا، بااین ہمہ انھیں اب تک اہل کتاب ہونے کا گھمنڈ ہے۔ وہ چاہتے ہیں دُنیا اُس بات کے لئے انھیں سراہے، جو نہ تو انھوں نے کی ہے اور نہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

ضمناً پیروانِ دعوتِ قرآن کو موعظت کہ اہل کتاب کی محرومی و شقاوت کا بڑا سبب یہی گمراہی ہے۔ پس ایسا نہ ہو کہ تم بھی اسی میں مبتلا ہوجاؤ!

(بالآخر) موت کا مزہ چکھنا ہے، اور جو کچھ تمھارے اعمال کا بدلہ ملنا ہے، وہ قیامت ہی کے دن پُورا پُورا ملیگا۔ اُس دن جو شخص آتشِ دوزخ سے ہٹا دیا گیا اور جنت میں داخل ہوگیا، تو کامیابی اُسی کی کامیابی ہے، اور دُنیا کی زندگی تو اسکے سوا کچھ نہیں ہے کہ (خواہشوں اور ولولوں کی کامجوئیوں کا) کارخانۂ فریب ہے!

۱۸۳ (یاد رکھو) ایسا ہونا ضروری ہے کہ تم جان و مال کی آزمائشوں میں ڈالے جاؤ۔ اور یہ بھی ضرور ہونا ہے کہ اہل کتاب اور مشرکینِ عرب سے تمھیں دُکھ پہنچانے والی باتیں بہت کچھ سننی پڑیں لیکن اگر تم نے صبر کیا (یعنے مصائب و محن میں ثابت قدم رہے) اور تقویٰ کا شیوہ اختیار کیا (یعنے احکامِ حق کی نافرمانی سے بچتے رہے) تو بلاشبہ بڑے کاموں کی راہ میں یہ بڑے ہی عزم و ہمت کی بات ہوگی (اور جو جماعت عزم و ہمت سے کام لیتی ہے، تو آخر کی فتحمندی اسی کے حصے میں آتی ہے!)

۱۸۴ اور (دیکھو) جب ایسا ہوا تھا کہ جن لوگوں کو کتاب دی گئی ہے، اُن سے خدا نے اس بات کا عہد لیا تھا کہ (جو کچھ اس کتاب میں ہے) اُسے لوگوں پر واضح کرتے رہنا، اور ایسا نہ کرنا کہ (بتلانے اور اعلان کرنے کی جگہ) چھپانے لگو، لیکن اُنھوں نے (یہ عہد یوں پُورا کیا کہ) کتاب اللہ پس پشت ڈال دی، اور اسے تھوڑے داموں پر فروخت کر ڈالا (یعنے دنیا کے حقیر فائدوں کے لئے حق فروشی کرنے لگے) پس کیا ہی بُرا وہ دام ہے جو (حق فروشی کے بدلے) حاصل کیا گیا!

۱۸۵ (اے پیغمبر!) جو لوگ اپنے کرتوتوں پر خوش ہورہے ہیں، اور چاہتے ہیں کہ اُن کاموں کے لئے سراہے جائیں جو اُنھوں نے کبھی نہیں کئے، تو تم ہرگز ایسا نہ سمجھنا کہ وہ (آنے والے) عذاب سے بچے رہینگے نہیں یقیناً اُنکے لئے

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۝ الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُودًا وَّعَلٰى جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

۱۸۶ ۱۸۷ ۱۸۸

رسوا کن عذاب ہے!

۱۸۶ اور (دیکھو) آسمان و زمین میں جو کچھ ہے سب اللہ ہی کے لئے ہے، اور اُس کی قدرت کے احاطہ سے کوئی بات باہر نہیں!

۱۸۷ بلاشبہ آسمان اور زمین کی خلقت میں اور رات دن کے ایک کے بعد ایک آتے رہنے میں، ارباب دانش کے لئے (معرفت حق کی) بڑی ہی نشانیاں ہیں!

۱۸۸ وہ ارباب دانش، جو کسی حال میں بھی اللہ کی یاد سے غافل نہیں ہوتے۔ کھڑے ہوں، بیٹھے ہوں، لیٹے ہوئے ہوں (لیکن ہر حال میں اللہ کی یاد انکے اندر بسی ہوتی ہے) اور جن کا شیوہ یہ ہوتا ہے کہ آسمان و زمین کی خلقت میں غور و فکر کرتے ہیں (اس ذکر و فکر کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اُن پر معرفت حقیقت کا دروازہ کھل جاتا ہے ــــ وہ پکار اُٹھتے ہیں:) اے ہمارے پروردگار! یہ سب کچھ جو تو نے پیدا کیا ہے سو بلاشبہ بیکار و عبث نہیں پیدا کیا ہے (ضروری ہے کہ یہ کارخانہ ہستی جو اس حکمت و خوبی کے ساتھ بنایا گیا ہے، کوئی نہ کوئی مقصد و غایت بھی رکھتا ہو) یقیناً تیری ذات اس سے پاک ہے کہ ایک فعل عبث اس سے صادر ہو! خدایا! ہمیں عذاب آتش سے (جو دوسری زندگی میں پیش آنے والا ہے) بچا لیجیو!

آسمان و زمین میں جو کچھ ہے، سب اللہ ہی کے زیر فرمان ہے۔ پس اگر وہ تمھیں کامرانی و سربلندی عطا فرمانا چاہے تو تمھاری راہ کون روک سکتا ہے؟
لیکن شرط کامیابی یہ ہے کہ راہ حق میں اُستوار رہو۔ حق کی معرفت و استقامت کا سرچشمہ، اللہ کا ذکر اور کائنات خلقت میں تفکر ہے۔
ذکر سے مقصود یہ ہے کہ اللہ کی یاد سے تمھارا دل خالی نہ رہے۔
فکر سے مقصود یہ ہے کہ آسمان و زمین کی خلقت اور کائنات فطرت کے حوادث و مظاہر میں غور و فکر کرتے رہو۔
ذکر سے تمھارے دل کی غفلت دُور ہوگی۔
فکر سے تم پر حقیقت کی معرفت کے دروازے کھل جائینگے۔
جن لوگوں کے دل غفلت سے پاک ہوتے ہیں، اور کائنات خلقت میں تفکر کرتے ہیں، اُن پر یہ حقیقت کھل جاتی ہے کہ یہ تمام کارخانہ ہستی اور اُس کا عجیب و غریب نظام، بغیر کسی اعلیٰ مقصد اور نتیجہ کے نہیں ہو سکتا، اور ضروری ہے کہ انسان کی دنیوی زندگی کے بعد بھی کوئی دوسری زندگی ہو، اور جو کچھ اس زندگی میں کیا جاتا ہے، اُسکے نتائج اُس زندگی میں پیش آئیں۔
جب یہ حقیقت اُن پر کھلتی ہے، تو اُن کی روح خدا پرستی کے جوش سے معمور ہو جاتی ہے۔ وہ خدا کے آگے بندگی و نیاز کا سر جھکا دیتے ہیں، اور اس سے بخشش و رحمت کے طلبگار رہتے ہیں!
اللہ کا قانون یہ ہے کہ وہ کسی انسان کا عمل نیک ضائع نہیں کرتا۔ عمل حق ایک ایسی حقیقت ہے جو ضائع ہو ہی نہیں سکتی۔ پس جو لوگ حق پرستی کی راہ میں طرح طرح کی مصیبتیں برداشت کر رہے ہیں، وہ یقین رکھیں کہ اُنکے اعمال حق کے ثمرات کبھی ضائع ہونے والے نہیں۔

۱۸۹-۱۹۰ رَبَّنَا إِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهُ ۖ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنْصَارٍ ۝ رَبَّنَا إِنَّنَا سَمِعْنَا
۱۹۱ مُنَادِيًا يُنَادِي لِلْإِيمَانِ أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ فَآمَنَّا ۚ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّئَاتِنَا وَتَوَفَّنَا
۱۹۲-۱۹۳ مَعَ الْأَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَآتِنَا مَا وَعَدْتَنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ ۝ فَاسْتَجَابَ
۱۹۴ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِنْكُمْ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَىٰ ۖ بَعْضُكُمْ مِنْ بَعْضٍ ۖ فَالَّذِينَ
هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُوا وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ
۱۹۵-۱۹۶ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ثَوَابًا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عِنْدَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ ۝ لَا يَغُرَّنَّكَ
تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا فِي الْبِلَادِ ۝

۱۸۹ خدایا! جس (بدبخت) کے لئے ایسا ہو کہ تو اسے آتشِ دوزخ میں ڈالے، تو بلاشبہ تو نے اسے بڑی ہی خواری میں ڈالا، اور (جس دن ایسا ہوگا، تو اُن) ظلم کرنے والوں کے لئے کوئی مددگار نہ ہوگا!

۱۹۰ خدایا! ہم نے ایک منادی کرنے والے کی منادی سنی، جو ایمان کی طرف بلا رہا تھا۔ وہ کہہ رہا تھا کہ "لوگو! اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ" تو ہم نے اس کی پکار سن لی اور ایمان لے آئے۔ پس خدایا! ہمارے گناہ بخش دے، ہماری برائیاں مٹا دے، اور (اپنے فضل و کرم سے) ایسا کر کہ ہماری موت نیک کرداروں کے ساتھ ہو!

۱۹۱

۱۹۲ خدایا! ہمیں وہ سب کچھ عطا فرما جس کا تو نے اپنے رسولوں کی زبانی وعدہ فرمایا ہے، اور (اپنے لطف و کرم سے) ایسا کر کہ قیامت کے دن ہمیں تیرے حکم سے ذلت و خواری نصیب نہ ہو! بلاشبہ تو ہی ہے کہ تیرا وعدہ کبھی خلاف نہیں ہو سکتا!

۱۹۳ (جب اربابِ دانش کے فکر و عمل کی صدائیں یہ تھیں،) تو اُن کے پروردگار نے بھی اُن کی دعائیں قبول کر لیں (خدا نے فرمایا) بلاشبہ میں کبھی کسی عمل کرنے والے کا عمل ضائع نہیں کرتا۔ مرد ہو خواہ عورت۔ تم سب ایک

۱۹۴ دوسرے کی جنس ہو (اور عمل کے نتائج کا قانون سب کے لئے یکساں ہے) پس (دیکھو) جن لوگوں نے (راہِ حق میں) ہجرت کی، اپنے گھروں سے نکالے گئے، میری راہ میں ستائے گئے، اور پھر (راہِ حق میں) لڑے اور قتل ہوئے، تو (اُن کے یہ اعمالِ حق کبھی رائگاں جانے والے نہیں) یقینی ہے کہ میں ان کی خطائیں محو کر دوں، اور انہیں (نعیمِ ابدی کے) باغوں میں پہنچا دوں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں (اور اس لئے اُن کی شادابی کبھی متغیر

۱۹۵ ہونے والی نہیں) یہ اللہ کی طرف سے اُن کے اعمال کا ثواب ہوگا، اور اللہ ہی ہے جس کے پاس (جزائے عمل میں) بہتر ثواب ہے!

۱۹۶ (اے پیغمبر!) جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے، اُن کا (عیش و کامرانی کے ساتھ) ملکوں میں سیر و گردش کرنا تمہیں دھوکے میں نہ ڈال دے۔ یہ [illegible] ہے،

سورت کی ابتدا اس بیان سے ہوئی تھی کہ خدا انسان کی روحانی ہدایت کے لئے اپنا کلام نازل کرتا ہے۔ اُس کا قانون یہ ہے کہ جو لوگ اس سے منتفع ہوتے ہیں سعادت و کامرانی پاتے ہیں، جو شرارت و سرکشی سے مقابلہ کرتے

مَتَاعٌ قَلِيلٌ ثُمَّ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي (۱۹۷)
مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا نُزُلًا مِّنْ عِندِ اللَّهِ ۗ وَمَا عِندَ اللَّهِ خَيْرٌ لِّلْأَبْرَارِ ۝ وَإِنَّ (۱۹۸)
مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَن يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِمْ خَاشِعِينَ لِلَّهِ لَا
يَشْتَرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا ۗ أُولَٰئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ ۗ إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ (۱۹۹)
الْحِسَابِ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ (۲۰۰)

محض تھوڑا سا فائدہ اٹھانا ہے (جو انکے حصہ میں آیا ہے) بالآخر انکا ٹھکانا جہنم ہے، اور (جسکا ٹھکانا جہنم ہو، تو) کیا ہی برا ٹھکانا ہے!

(۱۹۷) لیکن جو لوگ اپنے پروردگار سے ڈرے (اور راست بازی کی راہ اختیار کی) تو انکے لئے (بہشتی زندگی کی) باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہونگی۔ وہ ہمیشہ (نعیم و سرور کی) اسی حالت میں رہینگے۔ یہ انکے لئے اللہ کی طرف سے مہمانی ہوگی، اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے، سو وہ نیک کرداروں کے لئے اچھائی اور خوبی ہی ہے!

(۱۹۸) اور یقیناً اہل کتاب میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اللہ پر سچا ایمان رکھتے ہیں، اور جو کچھ تم پر نازل ہوا ہے اور جو کچھ ان پر نازل ہو چکا ہے، سب کے لئے انکے دل میں یقین ہے، نیز انکے دل اللہ کے آگے جھکے ہوئے ہیں، وہ

(۱۹۹) ایسا نہیں کرتے کہ خدا کی آیتیں تھوڑے داموں پر فروخت کر ڈالیں۔ تو بلاشبہ (ایسے لوگوں کے لئے کوئی کھٹکا نہیں) ایسے ہی لوگ ہیں جن کے لئے انکے پروردگار کے حضور ان کا اجر ہے، اور یقیناً اللہ (کا قانون مکافات) اعمال کے حساب میں سست رفتار نہیں!

(۲۰۰) اے پیروان دعوت ایمانی! (اگر کامیابی و سعادت حاصل کرنی چاہتے ہو، تو ساری باتوں کا حاصل یہ ہے کہ) صبر کرو۔ ایک دوسرے کو صبر کی ترغیب دو، ایک دوسرے کے ساتھ بندھے رہو، اور (ہر حال میں) خدا سے ڈرتے رہو تاکہ (اپنے مقصد میں) کامیاب ہو!

ہمیشہ نامراد رہتے ہیں۔ اسی سلسلۂ ہدایت کے ماتحت الکتاب یعنے قرآن نازل ہوا ہے۔

اب سورت کا اختتام بھی اسی بیان پر ہو رہا ہے۔ یہ گویا سورت کے تمام بیانات کا ماحصل ہے کہ:-

(۱) دعوت قرآن کے مخالف کتنی ہی سعی و تدبیر کریں اور بظاہر کتنے ہی خوشحال نظر آئیں لیکن بالآخر ہونا یہی ہے کہ دعوت قرآن کامیاب ہو۔

(۲) اہل کتاب کی جو جماعتیں عرب میں دعوت حق کا مقابلہ کر رہی ہیں، ان سب کے لئے بالآخر نامرادی و تباہی ہے۔ البتہ جو لوگ سچائی کی راہ اختیار کرینگے، تو انکے لئے کوئی کھٹکا نہیں۔ وہ اپنی راست بازی و نیک عملی کا اجر ضرور پائینگے، اور خدا کا قانون مکافات اعمال میں سست رفتار نہیں۔

(۳) پیروان دعوت قرآن کے لئے دستور العمل یہ ہے کہ صبر کریں، راہ عمل میں ایک دوسرے کے ساتھ بندھ جائیں اور ہر حال میں اللہ سے ڈرتے رہیں۔ اگر انہوں نے ایسا کیا تو کامیابی انہی کے لئے ہے۔

النِّسَاۗءِ

مَدَنِيَّةٌ وَهِيَ مِائَةٌ وَسَبْعٌ وَسَبْعُوْنَ اٰيَةً

النساء - مدنی - ۱۷۷ - آیتیں -

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَ
بَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَاۗءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَاۗءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

حکمتِ الٰہی کی یہ بڑی ہی کارفرمائی ہو کہ اُسنے انسان کی پیدائش اور معیشت کا نظام کچھ اس طرح کا بنا دیا، کہ پہلے ایک فرد واحد سے دو پیدا ہوتا ہے۔ پھر اُس کی نسل سے بے شمار افراد پیدا ہوتے ہیں، پھر ہر فرد کی نسل سے الگ الگ سلسلے قائم ہوجاتے ہیں۔ پھر یہ سلسلے پھیلتے ہیں اور رفتہ رفتہ خاندانوں، قبیلوں، گروہوں، اور بستیوں کی صورت اختیار کر لیتے ہیں۔ اس صورتِ حال نے افراد کے باہمی اجتماع و اتحاد کے لئے صلۂ رحمی یعنے نسلی قرابت کا رشتہ پیدا کر دیا ہے اور سوسائٹی کا نظام اسی پر قائم ہے۔ اگر اس رشتے کے موثرات نہ ہوتے، تو انسان کی زندگی میں انفرادیت کی جگہ اجتماعیت پیدا نہ ہوتی۔

یہ رشتہ باہمی اُلفت و مساعدت کے جذبات پیدا کرتا اور ایک فرد کو دوسرے فرد کے ساتھ ملائے رکھتا ہو۔ پس نظام معاشرت کی درستگی کے لئے ضروری ہو کہ صلۂ رحمی کے حقوق کی حفاظت کیجائے۔

صلۂ رحمی کے حقوق خدا کے ٹھہرائے ہوئے حقوق ہیں۔ جو شخص انکی ادائیگی میں کوتاہی کرتا ہے، وہ احکام الٰہی سے سرتابی کرتا اور ظلم و معصیت کا مرتکب ہوتا ہے۔

اس سلسلے میں سب سے زیادہ حفاظت کے مستحق یتیم بچے تھے، لہذا سب سے پہلے اُنکے حقوق کا ذکر کیا گیا۔

(۱) جو لوگ یتیموں کے نگران و محافظ ہوں، اُنھیں چاہئے اُن کا مال الگ

اے افرادِ نسلِ انسانی! اپنے پروردگار (کی نافرمانی کے نتائج) سے ڈرو۔ وہ پروردگار، جسنے تمھیں اکیلی جان سے پیدا کیا[۱] (یعنے باپ سے پیدا کیا) اور اسی سے اُسکا جوڑا بھی پیدا کر دیا (یعنے جس طرح مرد کی نسل سے لڑکا پیدا ہوتا ہے، لڑکی بھی پیدا ہوتی ہے) پھر ان دونوں کی نسل سے مردوں اور عورتوں کی بڑی تعداد دنیا میں پھیلا دی (اور اس طرح تن تنہا ایک مورث اعلیٰ کی نسل نے خاندانوں، قبیلوں، اور بستیوں کی شکل اختیار کر لی، اور رشتوں قرابتوں کا بہت بڑا دائرہ ظہور میں آگیا) پس دیکھو، اللہ سے ڈرو جسکے نام پر باہمدگر (مہر و الفت کا) سوال کرتے ہو، نیز قرابت داری کے معاملہ میں بے پروا نہ ہوجاؤ۔ یقین رکھو کہ اللہ تم پر (تمھارے اعمال کا)

[۱] اس آیت کی ایک تفسیر تو یہ ہے جو ہم نے اختیار کی ہو۔ دوسری یہ ہے کہ "نفس واحدہ" سے مقصود حضرت آدمؑ ہیں اور "خلق منہا زوجہا" سے حوّا۔ ہم نے تفسیر مندرجۂ متن کو اس لئے ترجیح دی کہ آگے چلکر تنکیر کے ساتھ فرمایا ہے "وبث منہما رجالاً کثیراً ونساءً" حالانکہ اگر مقصود حضرت آدمؑ ہوتے تو ہونا چاہئے تھا "وبث منہا جمیع الرجال والنساء" بہرحال جن حضرات کے نزدیک دوسری تفسیر مرجح ہو، وہ عبارت مندرجۂ متن کی جگہ حسب ذیل عبارت مطالعہ میں رکھیں۔

" وہ پروردگار جسنے تمھیں اکیلی جان سے پیدا کیا (یعنے آدم سے) اور اسی سے اس کا جوڑا بھی پیدا کر دیا (یعنے حوّا پیدا کر دی گئی) "

كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا ﴿۱﴾ وَآتُوا الْيَتَامَىٰ أَمْوَالَهُمْ ۖ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيثَ بِالطَّيِّبِ ۖ وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَهُمْ إِلَىٰ أَمْوَالِكُمْ ۚ إِنَّهُ كَانَ حُوبًا كَبِيرًا ﴿۲﴾ وَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَىٰ فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ مَثْنَىٰ وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ ۖ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا تَعْدِلُوا فَوَاحِدَةً أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ ۚ ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَلَّا تَعُولُوا ﴿۳﴾ وَآتُوا النِّسَاءَ صَدُقَاتِهِنَّ نِحْلَةً ۚ فَإِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِنْهُ نَفْسًا فَكُلُوهُ هَنِيئًا مَرِيئًا ﴿۴﴾

نگراں حال ہو!

۲ اور (دیکھو) یتیموں کا مال (دیانت داری کے ساتھ) اُنکے حوالے کردو۔ ایسا نہ کرو کہ (انکی) اچھی چیز کو (اپنی) ناکارہ چیز سے بدل ڈالو، اور ان کا مال اپنے مال کے ساتھ ملا جُلا کر خورد بُرد کرلو۔ یقیناً ایسا کرنا بڑی ہی گناہ کی بات ہو!

۳ اور (دیکھو) اگر (تم نکاح کرنا چاہو اور) تمھیں اندیشہ ہو کہ یتیم لڑکیوں کے معاملہ میں انصاف نہ کرسکوگے، تو (انھیں اپنے نکاح میں لاؤ بلکہ) جو عورتیں تمھیں پسند آئیں اُن سے نکاح کرلو (یعنے دوسری عورتوں سے جو تمھیں پسند آئیں نکاح کرلو۔ ایک وقت میں) دو دو، تین تین، چار چار تک کرسکتے ہو۔ (بشرطیکہ اُن میں انصاف کرسکو۔ یعنے سب کے حقوق ادا کرسکو اور سب ساتھ یکساں سلوک کرسکو) اگر تمھیں اندیشہ ہو کہ انصاف نہیں کرسکوگے، تو پھر چاہیئے کہ ایک بیوی سے زیادہ نہ کرو۔

یا پھر جو عورتیں (لڑائی کی قیدیوں میں سے) تمھارے ہاتھ آگئی ہیں (انہیں بیوی بنا کر رکھو) بے انصافی سے بچنے کے لئے ایسا کرنا زیادہ قرین صواب ہو۔ (بمقابلہ اسکے کہ یتیم لڑکیوں کے حقوق کے لئے اللہ کے حضور جوابدہ ہو)

اور (دیکھو) عورتوں کا مہر خوش دلی کے ساتھ ادا کردیا کرو (اگرچہ وہ یتیم اور لاوارث ہوں کہ یہ ان کا حق ہے اور جب تک ادا نہیں کروگے، ان کا حق تمھارے ذمے باقی رہیگا) ہاں اگر ایسا ہو کہ وہ اپنی خوشی سے کچھ چھوڑدیں، تو (اسمیں کوئی حرج نہیں) تم اُسے بے کھٹکے استعمال کرسکتے ہو۔

رکھیں۔ اپنے مال کے ساتھ ملاکر نقصان نہ پہنچائیں۔

(۲) ایسا نہ کرو کہ جو یتیم لڑکی تمھاری حفاظت میں ہو، اُسکی دولت پر قبضہ کرنے کے لئے اُس سے نکاح کرلو اور پھر اُسے نقصان پہنچاؤ۔ سرپرست اور محافظ کو چاہیئے کہ اس بارے میں بے لاگ رہے۔

(۳) تعدد نکاح کا حکم کہ اگر ایک مرد استطاعت رکھتا ہو اور چاہے کہ ایک سے زیادہ بیویاں رکھے، تو چار تک رکھ سکتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ انصاف کرے یعنے سب کے ساتھ یکساں سلوک کرے۔ اگر اندیشہ ہو کہ انصاف نہیں کرسکے گا تو پھر ایک سے زیادہ نہیں کرنا چاہیئے۔

(۴) مال قیام زندگی کا ذریعہ ہے، پس جب تک یتیم بچے عاقل و بالغ نہ ہوجائیں اور اپنے مفاد کی حفاظت نہ کرسکیں، مال و متاع انکے قبضہ میں نہ دیدو۔

(۵) اس ڈر سے کہ اولاد بڑی ہوکر مالبس ہوجائیگی، یا یتیم بالغ ہوکر مطالبہ کرینگے، مال و دولت کو فضول خرچی میں اُڑادینا بہت بڑی معصیت ہے۔ مال و دولت ہر حال میں ایک امانت ہے، اور تمھارا فرض ہے کہ دیانت داری سے اسکی حفاظت کرو۔

(۶) سرپرست و محافظ اگر خوشحال ہوں، تو اپنے خرچ کا بار یتیم کی امانت پر نہ ڈالیں اگر محتاج ہوں تو بقدر احتیاج لے سکتے ہیں۔

(۷) حقدار کو اُسکا حق دو تو اسپر لوگوں کو گواہ کرلو۔

۴ وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ الَّتِي جَعَلَ اللَّهُ لَكُمْ قِيَامًا وَارْزُقُوهُمْ فِيهَا وَاكْسُوهُمْ وَقُولُوا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا

۵ وَابْتَلُوا الْيَتَامَىٰ حَتَّىٰ إِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ فَإِنْ آنَسْتُم مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوا إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ ۖ وَلَا تَأْكُلُوهَا إِسْرَافًا

۶-۷ وَبِدَارًا أَن يَكْبَرُوا ۚ وَمَن كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۖ وَمَن كَانَ فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوفِ ۚ فَإِذَا دَفَعْتُمْ

۸ إِلَيْهِمْ أَمْوَالَهُمْ فَأَشْهِدُوا عَلَيْهِمْ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ حَسِيبًا ۝ لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ

وَالْأَقْرَبُونَ ۝ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ ۝ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ ۚ نَصِيبًا

۹ مَّفْرُوضًا ۝ وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُولُو الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينُ فَارْزُقُوهُم مِّنْهُ وَقُولُوا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا

۴ اور (دیکھو) مال و متاع کو خدا نے تمھارے لئے قیام (معیشت) کا ذریعہ بنایا ہے۔ پس ایسا نہ کرو کہ کم عقل آدمیوں کے حوالے کر دو (یعنے کم عمر اور نادان لڑکوں کے حوالے کر دو۔ اگر وہ کم سن ہیں تو) ایسا کرنا چاہئے کہ اُنکے مال میں سے اُنکے کھانے اور کپڑے کا انتظام کر دیا جائے اور نیکی اور بھلائی کی بات اُنھیں سمجھا دیجائے۔

۵ اور یتیموں کی حالت پر نظر رکھ کر اُنھیں آزماتے رہو (کہ اُنکی سمجھ بوجھ کا کیا حال ہے؟) یہاں تک کہ وہ نکاح کی عمر کو پہنچ جائیں۔ پھر اگر اُن میں صلاحیت پاؤ تو اُن کا مال اُنکے حوالے کر دو۔

اور اس خیال سے کہ بڑے ہو کر مطالبہ کریں گے، فضول خرچی کر کے جلد جلد اُنکا مال کھا پی نہ ڈالو۔

۶ (یتیموں کے سرپرستوں میں سے) جو مقدور والا ہو، اُسے چاہئے (اُنکے مال پر اپنے خرچ کا بار ڈالنے سے) پرہیز کرے۔ جو حاجتمند ہو، وہ اُسمیں سے لے سکتا ہے مگر ٹھیک طریقہ پر (یعنے بقدرِ احتیاج)

۷ پھر جب ایسا ہو کہ اُن کا مال اُنکے حوالے کرو، تو چاہئے کہ اُسپر لوگوں کو گواہ کر لو۔ اور (یہ نہ بھولو کہ) محاسبہ کرنے کے لئے اللہ کا محاسبہ بس کرتا ہے!

۸ ماں باپ اور رشتہ داروں کے ترکے میں، تھوڑا ہو یا بہت، لڑکوں کا حصہ ہے، اور اسی طرح ماں باپ اور رشتہ داروں کے ترکے میں لڑکیوں کا بھی حصہ ہے۔ (حقدار ہونے کے لحاظ سے دونوں برابر ہیں) اور یہ حصہ (خدا کا) ٹھہرایا ہوا حصہ ہے!

۹ اور (دیکھو) جب ایسا ہو کہ ترکہ تقسیم کرنے کے وقت (دُور کے) رشتہ دار اور (خاندان کے) یتیم اور مسکین افراد بھی حاضر ہو جائیں، تو چاہئے کہ میّت کے مال میں سے اُنھیں بھی (حسبِ مقدور) تھوڑا بہت دیدو، اور (اگر اس بارے میں ردّ و کد ہو، تو) اُنھیں اچھے طریقہ پر بات کہکر سمجھا دو (کیونکہ وہ حاجتمند نہیں) اور حاجتمند

(۸) اسلام سے پہلے عام طور پر یہ خیال پھیلا ہوا تھا کہ مال و جائداد کی وراثت میں لڑکیوں کا کوئی حصہ نہیں۔ اس گمراہی کا ازالہ کیا گیا، اور یہ اصول قائم کر دیا گیا کہ حقدار ہونے کے لحاظ سے مرد اور عورت، دونوں برابر ہیں۔

(۹) ورثہ تقسیم کرو، تو جو لوگ دُور کے رشتہ دار ہوں یا خاندان کے یتیم اور مسکین افراد، اُنھیں فراموش نہ کرو۔ تقسیم میں اُن کا حق نہ سہی، لیکن پھر بھی حسب توفیق کچھ نہ کچھ دیدینا چاہئے۔

(۱۰) جو لوگ یتیموں کے مال میں خیانت کرتے ہیں اُنکے لئے عذابِ آخرت کی سخت وعید۔

۱۰ وَلْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ ۪ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۱۰

۱۱ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا ؕ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ۱۱

۱۲ يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْۤ اَوْلَادِكُمْ ۗ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ؕ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗۤ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهٗۤ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ ؕ

کے ساتھ نرمی و شفقت سے پیش آنا چاہیے)

۱۰ اور لوگوں کو (اس بات سے) ڈرنا چاہیے کہ (کسی حقدار کے حق میں نا انصافی کیجائے) اگر وہ اپنے پیچھے ناتواں اولاد چھوڑ جاتے، تو انھیں اُن کی طرف سے کیسا کچھ اندیشہ ہوتا؟ (ایسا ہی دوسروں کے لئے بھی سمجھیں) پس چاہیے کہ اللہ سے ڈریں، اور ایسی بات کہیں جو درست اور مضبوط ہو۔

۱۱ جو لوگ یتیموں کا مال نا انصافی سے خورد برد کر لیتے ہیں، تو (وہ یاد رکھیں) یہ اسکے سوا کچھ نہیں ہے کہ اپنے شکم میں آگ کے انگارے بھر رہے ہیں، اور قریب ہے کہ دوزخ میں جھونکے جائینگے۔

۱۲ تمھاری اولاد کے بارے میں اللہ تمھیں حکم دیتا ہے کہ لڑکے کے لئے دو لڑکیوں کے برابر حصہ ہو (یعنے لڑکی سے لڑکے کا حصہ دوگنا ہونا چاہیے)

پھر اگر ایسا ہو کہ لڑکیاں دو سے زیادہ ہوں، تو ترکے میں اُن کا حصہ دو تہائی ہوگا۔

اور اگر اکیلی ہو، تو اُسے آدھا ملے گا۔

اور میت کے ماں باپ میں سے ہر ایک کو ترکے کا چھٹا حصہ ملیگا۔ لیکن یہ اُس صورت میں ہے کہ میت کے اولاد ہو۔ اگر اولاد نہ ہو اور وارث صرف ماں باپ ہی ہوں، تو ماں کے لئے تہائی (باقی باپ کا)

اگر (ماں باپ کے علاوہ) میت کے ایک سے زیادہ بھائی یا بہنیں بھی ہوں، تو ماں کا حصہ چھٹا ہوگا۔

لیکن یاد رہے، میت نے جو کچھ وصیت کر دی ہو، یا جو کچھ اُسپر قرض رہ گیا ہو، اُسکی تعمیل اور ادائیگی کے بعد یہ حصے تقسیم ہونگے۔

ترکے کی تقسیم، اور حقداروں کے حصوں کا بیان۔
اصل اس بارے میں یہ ہے کہ لڑکے کو، دو لڑکیوں کے برابر حصہ ملنا چاہیے۔ یعنے لڑکی سے لڑکے کا حصہ دوگنا ہو۔
میت نے جو کچھ وصیت کی ہو، پہلے اُسکی تعمیل کرنی چاہیے، اور جو کچھ اُسپر قرض رہ گیا ہو، اُسے ادا کر دینا چاہیے۔ اُسکے بعد جو کچھ بچے اُسے وارثوں میں تقسیم کر دیا جائے۔ البتہ ضروری ہے کہ وصیت ٹھیک طور پر کی گئی ہو۔ اس غرض سے نہ کی گئی ہو کہ حقداروں کو اُنکے حق سے محروم کر دیا جائے۔ (۱۵)
(احادیث سے یہ حکم معلوم ہو چکا ہے کہ جس آدمی کے وارث موجود ہوں، وہ اپنے ترکے کے ایک تہائی حصہ تک کے لئے وصیت کر سکتا ہے۔ اس سے زیادہ میں وصیت واجب التعمیل نہ ہوگی)

آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ ۚ لَا تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۚ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ ۱۳ وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِن لَّمْ يَكُن لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَإِن كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ ۚ مِن بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِينَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۚ ۱۴ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِن لَّمْ يَكُن لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَإِن كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُم ۚ مِّن بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوصُونَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۗ ۱۵ وَإِن كَانَ رَجُلٌ يُورَثُ كَلَالَةً أَوِ امْرَأَةٌ وَلَهُ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ ۱۶ فَإِن كَانُوا أَكْثَرَ مِن ذَٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَاءُ فِي الثُّلُثِ ۚ مِن بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصَىٰ بِهَا أَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَارٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَلِيمٌ ۝

(دیکھو) تمھارے باپ دادا بھی ہیں، اور تمھاری اولاد بھی ہے۔ (یعنے رشتہ کے لحاظ سے اوپر کا بھی رشتہ ہے اور نیچے کا بھی) تم نہیں جانتے، نفع رسانی کے لحاظ سے کونسا رشتہ تم سے زیادہ نزدیک ہے (اور کس کا حق زیادہ ہونا چاہیئے۔ کس کا کم۔ اللہ کی حکمت ہی اس کا فیصلہ کرسکتی تھی۔ پس) اللہ نے حصے ٹھہرا دیئے ہیں، اور وہ (اپنے بندوں کی مصلحت کا) جاننے والا اور (اپنے تمام احکام میں) حکمت رکھنے والا ہے!

۱۳ تمھاری بیویاں جو کچھ ترکے میں چھوڑ جائیں اس کا حکم یہ ہے کہ اگر اُن سے اولاد نہ ہو تو تمھارا (یعنے شوہر کا) حصہ آدھا ہے۔ اگر اولاد ہو تو چوتھائی۔ مگر یہ تقسیم اسکے بعد ہوگی کہ جو کچھ وہ وصیت کر گئی ہوں اُسکی تعمیل ہو جائے اور جو کچھ اُن پر قرض ہو، ادا کر دیا جائے۔

۱۴ اور جو کچھ ترکہ تم چھوڑ جاؤ (یعنے شوہر چھوڑ جائے) تو اس کا حکم یہ ہے کہ اگر تم سے اولاد نہ ہو، تو بیویوں کا حصہ چوتھائی ہوگا۔ اگر اولاد ہو تو آٹھواں۔ جو کچھ تم وصیت کر جاؤ اُسکی تعمیل، اور جو کچھ تم پر قرض رہ گیا ہو اُسکی ادائیگی کے بعد۔

۱۵ اور اگر ایسا ہو کہ کوئی مرد یا عورت ترکہ چھوڑ جائے اور وہ کلالہ ہو (یعنے نہ تو اُس کا باپ ہو نہ بیٹا) اور (دوسری ماں سے) اُسکے بھائی یا بہن ہو، تو اس کا حکم یہ ہے کہ بھائی بہن میں سے ہر ایک کا حصہ چھٹا ہوگا۔

۱۶ اور اگر (بھائی بہن) ایک سے زیادہ ہوں، تو پھر ایک تہائی میں سب برابر کے شریک ہونگے۔ لیکن اُس وصیت کی تعمیل کے بعد جو میّت نے کر دی ہو۔ نیز اُس قرض کی ادائیگی کے بعد جو میّت کے ذمّے رہگیا ہو۔ بشرطیکہ (وصیت اور قرض سے) مقصود (حقداروں کو) نقصان پہنچانا نہ ہو۔ یہ (ترکے کی تقسیم کے بارے میں) اللہ کے طرف سے حکم ہے، اور (یقین رکھو) اللہ (بندوں کے مصالح) جاننے

کلالہ کی میراث کا حکم۔
کلالہ سے مقصود ایسا مرد یا ایسی عورت ہے جسکے نہ تو باپ ہو کہ اوپر کا رشتہ ہے۔ نہ بیٹا ہو کہ نیچے کا رشتہ ہے۔
ایسی میت کے وارثوں کی تین صورتیں ہو سکتی ہیں:
(۱) سگے بھائی بہن ہوں۔
(۲) علاتی بھائی بہن ہوں۔ یعنے باپ ایک لیکن مائیں مختلف ہوں۔
(۳) اخیافی بھائی بہن ہوں۔ یعنے ماں ایک ہو۔ باپ مختلف ہوں۔
یہاں تیسری صورت کا حکم بیان کیا گیا ہے۔ پہلی اور دوسری صورت کا حکم سورت کی آخری آیات میں ہے۔

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ ۱۷
الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۪ وَلَهٗ ۱۸
عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ ۱۹
شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ۝ وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا ۲۰
مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ ۲۱

والا اور (اُن کی کمزوریوں کے لئے اپنے احکام و قوانین میں) بہت بُردبار ہے!

۱۷ (یاد رکھو) یہ اللہ کی (ٹھہرائی ہوئی) حدبندیاں ہیں پس جو کوئی اللہ اور اُسکے رسول کی فرمانبرداری کریگا، تو اللہ اُسے (ابدی راحتوں کے) ایسے باغوں میں داخل کردیگا جسکے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی (اور اس لئے اُن کی شادابی کبھی متغیر ہونے والی نہیں) وہ (سرور و راحت کی) اس حالت میں ہمیشہ رہینگے اور یہ بڑی ہی کامیابی ہے جو اُنھیں حاصل ہوگی!

۱۸ لیکن جس کسی نے اللہ اور اُسکے رسول کی نافرمانی کی، اور اُسکی ٹھہرائی ہوئی حدبندیوں سے باہر نکل گیا، تو (یاد رہے) وہ (جنت کی ابدی راحتوں کی جگہ) آگ کے عذاب میں ڈالا جائے گا۔ وہ ہمیشہ اسی حالت میں رہیگا، اور اسکے لئے رُسوا کن عذاب ہوگا!

بدچلن عورتوں اور مردوں کی تعزیر کا حکم ؎۱

۱۹ اور تمھاری عورتوں میں سے جو عورتیں بدچلنی کی مرتکب ہوں تو چاہیے کہ اپنے آدمیوں میں سے چار آدمیوں کی اسپر گواہی لو۔ اگر چار گواہ گواہی دیدیں، تو پھر ایسی عورتوں کو گھروں میں بند رکھو۔ یہاں تک کہ موت اُن کی عمر پوری کردے، یا اللہ اُنکے لئے کوئی دوسری راہ پیدا کردے۔

۲۰ اور جو دو شخص تم میں سے بدچلنی کے مرتکب ہوں، تو چاہیے کہ اُن دونوں کو اذیت پہنچاؤ (یعنے انھیں ٹھوکو جس سے انھیں اذیت پہنچے) پھر اگر وہ دونوں توبہ کرلیں اور اپنی حالت سنوارلیں تو انھیں چھوڑدو بلاشبہ اللہ بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا اور رحمت رکھنے والا ہے!

ضمناً اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ سچی توبہ انہی لوگوں کی توبہ ہے جو

۲۱ البتہ یاد رہے کہ اللہ کے حضور توبہ کی قبولیت اُنہی

؎۱ مفسرین کی ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ ان آیات میں جس بُرائی کا ذکر کیا گیا ہے، اس سے مقصود زنا ہے اور جس سزا کا حکم دیا گیا ہے وہ اوائل اسلام میں دیجاتی تھی۔ بعد کو جب سورۂ نور نازل ہوئی تو زنا کی حد مقرر ہوگئی اور یہ سزا باقی نہیں رہی۔ لیکن بعض مفسرین اس طرف گئے ہیں کہ ان آیات میں اور سورۂ نور میں ایک ہی جُرم کی سزائیں نہیں بیان کی گئی ہیں بلکہ دو مختلف جرائم کا ذکر کیا ہے۔ یہاں جس بدچلنی کا ذکر کیا ہے اس سے مقصود وہ بدچلنی ہے جو دو عورتیں اور دو مرد آپس میں کریں اور سورۂ نور میں زنا کا ذکر ہے۔ پس دونوں احکام اپنی اپنی جگہ باقی ہیں۔

لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ؕ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ۝

(گناہ پر مُصر نہ ہوں، اور جن کا ضمیر گناہ کے بعد پشیمانی محسوس کرتا ہو۔)

لوگوں کے لئے ہے جو بُرائی کی کوئی بات نادانی و بے خبری میں کر بیٹھتے ہیں تو پھر فوراً توبہ کر لیتے ہیں (اور اُن کا ضمیر اپنے کئے پر پشیمانی محسوس کرتا ہے) تو بلاشبہ ایسے ہی لوگ ہیں کہ اللہ بھی (اپنی رحمت سے) اُن پر لوٹ آتا ہے، اور وہ یقیناً سب کچھ جاننے والا اور (اپنے تمام احکام میں) حکمت رکھنے والا ہے!

۲۲ لیکن اُن لوگوں کی توبہ، توبہ نہیں ہے جو (ساری عمر تو) بُرائیاں کرتے رہے لیکن جب اُن میں سے کسی کے آگے موت آکھڑی ہوئی، تو کہنے لگا "اب میں توبہ کرتا ہوں" (ظاہر ہے کہ ایسی توبہ سچی توبہ نہ ہوئی) اسی طرح اُن لوگوں کی توبہ بھی توبہ نہیں ہے جو دُنیا سے کُفر کی حالت میں جاتے ہیں۔ ان تمام لوگوں کے لئے ہم نے دردناک عذاب طیار کر رکھا ہے (جو اُنھیں پاداش عمل میں پیش آئے گا!)

۲۳ مسلمانو! تمھارے لئے یہ بات جائز نہیں کہ عورتوں کو (میت کی) میراث سمجھ کر اُن پر زبردستی قبضہ کر لو۔ اور نہ ایسا کرنا چاہئے کہ جو کچھ (مال و متاع) اُنھیں دے چکے ہو، اُس میں سے کچھ لے نکلنے کے لئے اُن پر سختی کرو اور اُنھیں روک رکھو۔ اِلّا یہ کہ وہ علانیہ بدچلنی کی مرتکب ہوئی ہوں۔

اور (دیکھو) عورتوں کے ساتھ معاشرت کرنی میں نیکی و انصاف ملحوظ رکھو۔ پھر اگر ایسا ہو کہ تمھیں (کسی وجہ سے) وہ ناپسند ہوں (تو بے ضبط اور بے قابو نہ ہو جاؤ) عجب نہیں، ایک بات تم ناپسند کرتے ہو، اور اسی میں اللہ نے تمھارے لئے بہت کچھ بہتری رکھ دی ہو!

> عرب جاہلیّہ میں عورتوں کے ساتھ جو ناانصافیاں کی جاتی تھیں اُن میں سے ایک ناانصافی یہ تھی کہ اگر کوئی شخص مرجاتا تو جس طرح اُس کا مال و متاع اُسکے وارثوں کے قبضہ میں چلا جاتا، اُسی طرح اُس کی بیویوں پر بھی وہ قابض و متصرف ہو جاتے۔ نیز مختلف طریقوں سے عورتوں کو مجبور کیا جاتا کہ اپنا مہر چھوڑ دیں، یا جو کچھ مال و متاع اُنکے قبضہ میں ہے، مَردوں کے قبضہ میں چلا آئے۔ یہاں اس طرح کی تمام ناانصافیوں سے روک دیا گیا۔
>
> عورتوں کے ساتھ تمھاری معاشرت نیکی و انصاف پر مبنی ہونی چاہئے۔ ایسا نہیں کرنا چاہئے کہ محض ہوائے نفس کے ہاتھ اپنی باگ دیدو اور اگر کسی وجہ سے بیوی پسند نہ آئے تو فوراً اُسے چھوڑ کر دوسری کر لو۔ اس طرح کی بے ضبط اور بے قابو طبیعتیں کبھی معاشرتی سعادت حاصل نہیں کر سکتیں۔ اگر کسی وجہ سے تمھیں بیوی پسند نہیں، تو صبر و برداشت سے کام لو۔ بہت ممکن ہو کہ ایک بات تمھیں اچھی نہ لگے، اور اسی میں تمھارے لئے بہتری و سعادت ہو!

۲۴ وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ
۲۵ شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝ وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى
۲۶ بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝ وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا
۲۷ مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ۝ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ
وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِىْٓ اَرْضَعْنَكُمْ

۲۴ اور اگر تم (حسنِ معاشرت کے ساتھ نباہ نہ کر سکو اور) ارادہ کر لو کہ ایک بیوی کو چھوڑ کر اُسکی جگہ دوسری کر لوگے، اور پہلی بیوی کو تم نے (چاندی سونے کا) ایک ڈھیر بھی (مہر میں) دیدیا ہو، تو بھی نہیں چاہئے کہ (اُسے علیحدہ کرتے ہوئے) اسمیں سے کچھ واپس لے لو۔ کیا تم چاہتے ہو، اپنا دیا ہوا مال بہتان لگا کر اور ظلم و تعدی کر کے واپس لو؟

۲۵ اور پھر یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ تم اُسے واپس لو، حالانکہ تم دونوں ایک دوسرے کے ساتھ شوہر اور بیوی کا ملنا مل چکے ہو، اور تمھاری بیویاں تم سے نکاح کے وقت (اپنے حقوق کے لئے) پکا قول قرار کرا چکی ہیں؟

جن رشتوں میں باہم نکاح جائز نہیں، اُن کا بیان۔

۲۶ اور (دیکھو) اُن عورتوں کو اپنے نکاح میں نہ لاؤ جنھیں تمھارے باپ نکاح میں لا چکے ہوں (جیسا کہ اسلام سے پہلے عرب میں دستور تھا) اس (حکم کے نازل ہونے) سے پہلے جو کچھ ہو چکا سو ہو چکا (آیندہ کے لئے یاد رکھو کہ) یہ بڑی ہی بے حیائی کی بات تھی، مکروہ و مردود شیوہ تھا، اور بُرا دستور۔

۲۷ (دیکھو) تم پر (نکاح کے لئے اِن رشتوں کی عورتیں) حرام ٹھہرا دی گئی ہیں:

تمھاری مائیں۔

تمھاری بیٹیاں۔

تمھاری بہنیں۔

تمھاری پھوپیاں۔

تمھاری خالائیں۔

تمھاری بھتیجیاں۔

تمھاری بھانجیاں۔

تمھاری دودھ پلانے والی مائیں۔ (مائیں، کیونکہ جنھوں نے تمھیں دودھ پلایا وہ تمھارے ماں کے ہی برابر ہو گئیں)

وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَرَبَآئِبُكُمُ الّٰتِىْ فِىْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآئِكُمُ الّٰتِىْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَآئِلُ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۙ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ۲۸

تمھاری رضاعی بہنیں (یعنے دُودھ پینے کے رشتہ کی بہنیں)

تمھاری بیویوں کی مائیں۔

تمھاری بیویوں کی (پچھلی) اولاد جو تمھاری گودوں میں (پرورش پاتی) ہیں (یعنے اگرچہ تمھاری نسل سے نہیں ہیں لیکن جب اُن کی ماؤں سے تم نے نکاح کرلیا تو اُس کی سابقہ اولاد بھی تمھاری ہی اولاد جیسی ہوگئی) البتہ یہ ضروری ہو کہ (عقدِ نکاح کے بعد) زناشوئی کا تعلق بھی ہوگیا ہو۔ اگر ایسا نہ ہوا ہو تو پھر اُنکی لڑکیوں سے نکاح کرلینے میں کوئی مواخذہ نہیں۔

تمھارے حقیقی بیٹوں کی بیویاں (یعنے تمھاری بہوئیں)

نیز یہ بات بھی حرام کردی گئی ہو کہ (ایک وقت میں) دو بہنوں کو جمع کرو۔[1]

(اس حکم کے نزول سے) پہلے جو کچھ ہوچکا سو ہوچکا۔ اللہ بخشدینے والا اور (اپنے بندوں کے لئے) رحمت رکھنے والا ہے!

اور (دیکھو) وہ عورتیں بھی تم پر حرام ہیں جو دوسروں کے نکاح میں ہوں۔ ہاں (لڑائی کے قیدیوں میں سے) جو عورتیں تمھارے قبضہ میں آگئی ہوں (تو ظاہر ہے کہ اُنکے سابقہ نکاحوں کا اعتبار نہیں کیا جاسکتا) یہ اللہ کی طرف سے تمھارے لئے (قانون) ٹھہرادیا گیا ہو۔

۲۸ اِن عورتوں کے علاوہ (جن کا ذکر اوپر گزرچکا) تمام عورتیں تمھارے لئے حلال ہیں (تم اُن سے نکاح کرسکتے ہو) بشرطیکہ (ازدواجی زندگی کے) قید و بند میں رہنے کے لئے، نہ کہ نفس پرستی کے لئے اپنا مال خرچ کرکے ان سے نکاح کرو۔

پھر جن عورتوں سے تم نے (ازدواجی زندگی کا) فائدہ اُٹھایا ہو، تو چاہئے کہ جو مہر اُن کا مقرر ہوا تھا وہ اُن کے حوالے کردو۔

[1] احادیث سے یہ بات معلوم ہوچکی ہو کہ خالہ بھانجی اور پھوپھی بھتیجی کا جمع کرنا بھی جائز نہیں ۱۲

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا تَرَاضَيْتُمْ بِهٖ مِنْ بَعْدِ الْفَرِيضَةِ ۚ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا أَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ۚ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِإِيمَانِكُمْ ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْ بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوهُنَّ بِإِذْنِ أَهْلِهِنَّ وَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا مُتَّخِذٰتِ أَخْدَانٍ ۚ

۲۹

اور مہر مقرر کرنے کے بعد اگر آپس کی رضامندی سے کوئی بات ٹھہر جائے (یعنے اس میں کمی بیشی بیوی منظور کرلے۔ یا اس کا کوئی حصہ، یا سب کچھ اپنی خوشی سے معاف کردے) تو ایسا کیا جاسکتا ہے۔ اس میں تم پر کوئی مواخذہ نہ ہوگا (یاد رکھو) اللہ (سب کچھ) جاننے والا اور (ہر بات میں) حکمت رکھنے والا ہے!

۲۹

اور تم میں جو کوئی اس کا مقدور نہ رکھتا ہو کہ مسلمان بی بیوں سے نکاح کرے، تو اُن عورتوں سے نکاح کرلے سکتا ہے جو (لڑائی کے قیدیوں میں سے) تمھارے قبضہ میں آئی ہیں اور مومن ہیں، اور (اس بات میں کوئی ذلت اور عیب سمجھو کہ تم نے ایک ایسی عورت سے نکاح کرلیا جو لڑائی میں قید ہوکر آئی تھی اور لونڈی بنالی گئی تھی۔ بڑی چیز ایمان ہے، اور) اللہ تمھارے ایمانوں کا حال بہتر جاننے والا ہے۔ (ہوسکتا ہے کہ ایک مومن لونڈی ایمان کے لحاظ سے بہتر درجہ رکھتی ہو، اور ایک شریف زادی ایمانی خصائل سے محروم ہو) اور تم سب ایک دوسرے کی ہم جنس ہو (یعنے انسان ہونے کے لحاظ سے سب ایک ہی طرح کے انسان ہیں) پس ایسی عورتوں کو انکے سرپرستوں کی اجازت سے (بلا تامل) اپنے نکاح میں لاؤ، اور دستور کے مطابق انکا مہر انکے حوالے کردو۔ البتہ یاد رہے کہ وہ (ازدواجی زندگی کے) قید و بند میں رہنے والی ہوں۔ بدکار عورتیں نہ ہوں۔ اور نہ ایسی ہوں کہ چوری چھپے بدچلنی کرتی رہتی ہوں۔

اسیرانِ جنگ میں سے جو عورتیں تمھارے قبضہ میں آجائیں انھیں اس لئے حقیر و ذلیل نہ سمجھو کہ وہ دوسری قوم کی عورتیں ہیں، یا لڑائی میں قید ہوکر آئی ہیں۔ انسان ہونے کے لحاظ سے ہر آدمی دوسرے آدمی کا ہم جنس ہے، اور انسانی برادری کا رشتہ سارے رشتوں سے زیادہ قابل لحاظ ہے۔ اُن میں سے جو عورتیں مسلمان ہوگئی ہوں، تم اُن سے نکاح کرلے سکتے ہو۔

نزول قرآن سے پہلے غلامی کی رسم تمام دنیا میں پھیلی ہوئی تھی۔ ہر طاقتور قوم کمزور قوم کے افراد کو غلام بنالیتی اور انکے ساتھ نہایت وحشیانہ سلوک کرتی۔ قرآن نے اس بارے میں جو اصلاحات کیں انھیں دو قسموں میں بیان کیا جاسکتا ہے:۔

اولاً یہ کہ غلامی صرف اسیرانِ جنگ میں محدود کردی، وہ بھی اس طرح کہ کم سے کم امکان اس کا باقی رکھا۔ سورۂ محمدؐ کی آیت "فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً" (۴۷: ۵) کے ذریعہ اعلان کردیا کہ اگر مصالح جنگ کے خلاف نہ ہو، تو چاہیے کہ اسیران جنگ کو فدیہ لیکر یا احسان رکھ کر چھوڑ دیا جائے۔

ثانیاً غلاموں کے حقوق کی رعایت پر اسقدر زور دیا اور انکے لئے ایسے احکام و قوانین نافذ کئے کہ غلامی غلامی نہیں رہی بلکہ شہری سوسائٹی کا ایک مساویانہ عنصر بن گئی!

چنانچہ یہاں اسی بات پر زور دیا گیا ہے۔ لونڈیوں سے نکاح کرنے میں کوئی عیب کی بات نہیں۔ انسان ہونے کے لحاظ سے سب انسان برابر ہیں۔ اور فضیلت کا معیار ایمان و عمل ہے۔

۳۰ فَإِذَا أُحْصِنَّ فَإِنْ أَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنَاتِ مِنَ الْعَذَابِ ۚ ذَٰلِكَ
لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۚ وَأَنْ تَصْبِرُوا خَيْرٌ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ ۳۱ يُرِيدُ اللَّهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَ
يَهْدِيَكُمْ سُنَنَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَيَتُوبَ عَلَيْكُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ۝ ۳۲ وَاللَّهُ يُرِيدُ أَنْ يَتُوبَ عَلَيْكُمْ
وَيُرِيدُ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الشَّهَوَاتِ أَنْ تَمِيلُوا مَيْلًا عَظِيمًا ۝ يُرِيدُ اللَّهُ أَنْ يُخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَ
خُلِقَ الْإِنْسَانُ ضَعِيفًا ۝ ۳۳ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ إِلَّا أَنْ

---

۳۰ پھر اگر ایسا ہو کہ قیدِ نکاح میں آنے کے بعد (ان میں سے کوئی عورت) بدچلنی کی مرتکب ہو، تو اُس کے لئے اُس سزا سے آدھی سزا ہوگی جو (آزاد) بی بیوں کے لئے ہے۔

یہ حکم اُن لوگوں کے لئے ہے جنھیں اندیشہ ہو کہ (نکاح نہ کرلینے سے) نقصان اور بُرائی میں پڑ جائینگے اور اگر تم صبر کرو (اور بہتر وقت و حالت کا انتظار کرسکو) تو یہ تمھارے لئے کہیں بہتر ہے، اور اللہ (انسانی کمزوریوں کو) بخشنے والا اور (اپنے تمام احکام میں) رحمت رکھنے والا ہے!

۳۱ اللہ چاہتا ہے، تم پر اُن (کامیاب اور انعام یافتہ) لوگوں کی راہ کھول دے جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں، اور انہی کے طریقہ پر تمھیں بھی چلائے۔ نیز تم پر (اپنی رحمت سے) لوٹ آئے۔ اور اللہ (تمھارے مصالح کا) جاننے والا اور (اپنے تمام احکام میں) حکمت رکھنے والا ہے!

یہ تمام احکام جو تمھارے لئے ٹھہرا دئے گئے ہیں تو ان سے مقصود یہ ہے کہ (۱) فلاح و سعادت کی جس راہ پر تم سے پہلے نیک انسان چل چکے ہیں، وہ تم پر بھی کھل جائے۔
(۲) احکام معاشرت میں سختیاں اور بے جا بندشیں نہ ہوں، سہولتیں اور آسانیاں ہوں۔
(۳) جن معاشرتی برائیوں میں تم مبتلا تھے ان سے آئندہ بچ جاؤ
(۴) افراط و تفریط سے بچو اور نفس پرستی میں نہ پڑو۔ [illegible]
اسکے بعد فرمایا کہ معاشرتی زندگی کی سعادت حاصل نہیں ہو سکتی اگر خاندان کے تمام افراد دیانت داری اور راستبازی سے زندہ نہ ہوں۔ پس [illegible] ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقہ پر نہ کھاؤ۔ ہاں اگر کوئی تجارت ہو تو باہمی رضامندی سے ہر آدمی اپنا حصہ لے سکتا ہے۔ (۳۳)
اگر انسان بڑے بڑے گناہوں سے اجتناب کرے، تو [illegible] کا قانون یہی ہے کہ چھوٹی چھوٹی لغزشیں درگزر کر دی جائیں گی [illegible] میں خلل نہیں ہوگی، اور وہ شرف و کرامت کا مقام حاصل کر لیگا۔ (۳۵)

۳۲ اللہ تو یہ چاہتا ہے کہ تم پر (اپنی رحمت کے ساتھ) لوٹ آئے (اور تم اُن برائیوں سے تائب ہو جاؤ جن میں مبتلا تھے) لیکن جو لوگ (احکامِ حق کی جگہ اپنی نفسانی خواہشوں کے پیچھے پڑے ہیں، تو وہ چاہتے ہیں، تم راہِ اعتدال سے ہٹ کر بہت دور جا پڑو۔

اللہ چاہتا ہے، (بیجا سختیوں اور رکاوٹوں کی جگہ) تمھارے لئے نرمی اور آسانی ہو، اور (واقعہ یہ ہے کہ) انسان (طبیعت کا) کمزور پیدا کیا گیا ہے۔

۳۳ مسلمانو! ایک دوسرے کا مال آپس میں ناحق ناروا نہ کھاؤ۔ ہاں اس صورت میں کھا سکتے ہو کہ آپس کی

تَكُونَ تِجَارَةً عَن تَرَاضٍ مِّنكُمْ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا أَنفُسَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا ﴿﴾ وَمَن ٣٤
يَفْعَلْ ذَٰلِكَ عُدْوَانًا وَظُلْمًا فَسَوْفَ نُصْلِيهِ نَارًا ۚ وَكَانَ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرًا ﴿﴾ إِن تَجْتَنِبُوا ٣٥
كَبَائِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَنُدْخِلْكُم مُّدْخَلًا كَرِيمًا ﴿﴾ وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللَّهُ ٣٦
بِهِ بَعْضَكُمْ عَلَىٰ بَعْضٍ ۚ لِّلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبُوا ۖ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا اكْتَسَبْنَ ۚ وَاسْأَلُوا اللَّهَ مِن
فَضْلِهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمًا ﴿﴾ وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ ۚ ٣٧

رضامندی سے تجارت ہو (اور اپنے حصہ کے مطابق ہر شخص اپنا حق لے لے) اور (دیکھو) اپنی جانوں کو ہلاک نہ کرو۔ اللہ تمھارے لئے رحمت رکھنے والا ہے!

٣٤ اور (یاد رکھو) جو کوئی ظلم و تعدی سے ایسا کرے گا، تو قریب ہے کہ ہم اُسے آتش دوزخ میں ڈال دیں اور اللہ کے لئے یہ کوئی مشکل بات نہیں۔

٣٥ (دیکھو) جن بڑی بڑی بُرائیوں سے تمھیں روک دیا گیا ہے، اگر تم اُن سے بچتے رہو گے، تو (ہمارے فضل و رحمت کا قانون یہ ہے کہ) ہم تمھاری لغزشوں اور غلطیوں کے اثرات تم پر سے محو کر دینگے اور تمھیں ایک ایسے مقام پر پہنچا دینگے، جو عزت و خوبی کا مقام ہوگا!

٣٦ اور (دیکھو) خدا نے تم میں سے ایک گروہ کو دوسرے گروہ کے مقابلہ میں جو کچھ دے رکھا ہے، اُس کی تمنا نہ کرو (کہ کاش ہمیں بھی یہ ملا ہوتا!) مردوں نے اپنے عمل سے جو کچھ حاصل کیا ہے اُسکے مطابق (ثمرات و نتائج میں) اُن کا حصہ ہے اور عورتوں نے اپنے عمل سے جو کچھ حاصل کیا ہے، اسکے مطابق (ثمرات و نتائج میں) اُن کا حصہ ہے (دونوں اپنی اپنی جگہ اپنے فرائض اعمال اور اُنکے نتائج رکھتے ہیں) اور چاہیئے کہ ہر حال میں اللہ سے اُس کی بخشایش کے طلبگار رہو، یقیناً وہ ہر بات کا علم رکھنے والا ہے

٣٧ اور (دیکھو) جو کچھ ترکہ ماں باپ اور رشتہ دار چھوڑ جائیں، تو ان میں سے ہر ایک کے لئے ہم نے حقدار ٹھہرا دئیے

نزول قرآن سے پہلے دنیا کا عالمگیر اعتقاد یہ تھا کہ وجود انسانی کا کامل ظہور صرف مردوں ہی کی جنس میں ہوا ہے۔ عورتوں کی ہستی کوئی مستقل ہستی نہیں رکھتی۔ وہ صرف اس لئے بنائی گئی ہیں کہ مردوں کی کامجوئیوں کا ذریعہ ہوں اور اُن کی چاکری و پرستاری میں فنا ہو جائیں۔
قرآن تاریخ عالم کی سب سے زیادہ پرانی آواز ہے جو اس اعتقاد کے خلاف بلند ہوئی۔ وہ کہتا ہے، خدا نے نوع انسانی کو مرد اور عورت کی دو جنسوں میں تقسیم کر دیا ہے، اور دونوں یکساں طور پر اپنی اپنی ہستی، اپنے اپنے فرائض اور اپنے اپنے اعمال رکھتی ہیں۔ کارخانۂ معیشت کے لئے جس طرح ایک جنس کی ضرورت تھی، ٹھیک اسی طرح دوسری جنس کی بھی ضرورت تھی۔ انسان کی معاشرتی زندگی کے لئے یہ دو مساوی عنصر ہیں جو اس لئے پیدا کئے گئے ہیں کہ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر ایک مکمل زندگی پیدا کر دیں۔ البتہ اللہ نے دنیا میں ہر گروہ کو دوسرے گروہ پر خاص خاص باتوں میں مزیت دی ہے، اور ایسی ہی مزیت مردوں کو بھی عورتوں پر ہے۔ مرد عورتوں کی ضروریات معیشت کے قیام کا ذریعہ ہیں۔ اس لئے سربراہی و کار فرمائی کا مقام قدرتی طور پر انہی کے لئے ہو گیا۔ (٣٨)
عورتیں اس خیال سے دلگیر نہ ہوں کہ وہ مرد نہ ہوئیں اور مردوں کے کام انکے حصے میں نہ آئے۔ وہ یقین کریں، اُنکے لئے بھی عمل و فضیلت کی ساری راہیں کھلی ہوئی ہیں! (٣٦)

وَالَّذِيْنَ عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ۟

۳۸ اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيْرًا ۟

۳۹ وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَا

اسکے بعد فرمایا کہ نیک عورتیں وہ ہیں جو اطاعت شعار ہوتی ہیں اور ظاہر و باطن، ہر حال میں شوہروں کے مفاد کی حفاظت کرتی ہیں۔

اگر ایک عورت شوہر کے حقوق کی رعایت نہ کرے، اور اطاعت شعاری کے دائرہ سے باہر ہو جائے، تو شوہر کو چاہیئے اُسے سمجھائے اور نرمی و سختی سے رہِ راست پر لانے کی کوشش کرے۔

اگر ایسی صورت پیدا ہو جائے کہ اندیشہ ہو، شوہر اور بیوی میں تفرقہ پڑ جائے گا، تو پھر چاہیئے کہ خاندان کی پنچایت بٹھائی جائے۔ پنچایت کی صورت یہ ہو کہ ایک آدمی مرد کے گھرانے سے لیا جائے۔ ایک عورت کے، دونوں ملکر اصلاحِ حال کی کوشش کریں۔

اگر سرکشی عورت کی جانب سے ہو تو مرد کو اختیار دیا گیا تھا کہ نرمی و سختی کر کے سمجھائے بجھائے لیکن اگر قصور مرد کا ہو، اور وہ خواہ مخواہ الزام عورت کے سر ڈال رہا ہو تو اس کا کیا علاج؟

اس کا علاج پنچایت کا حکم دے کر کر دیا گیا۔ اگر قصور مرد کا ہوگا تو عورت کو پورا موقع ملجائے گا کہ اپنے گھرانے کے آدمی کے ذریعہ حقیقتِ حال ظاہر کر دے۔

اس حکم میں معاشرت کے اکثر احکام کی طرح خطاب مسلمانوں سے ہے۔ یعنے جماعت سے ہے۔ یہ جماعت کا فرض ہے کہ باہمی نا اتفاقی کی صورت میں اصلاحِ حال کی کوشش کرے۔

ہیں۔ نیز جن (عورتوں سے) تمھارا عہد و پیمان (نکاح) بندھ چکا ہو (انکا بھی ہمنے حصہ ٹھہرا دیا ہے) پس چاہیئے کہ جو کچھ جس کا حصہ ہو، وہ اُس کے حوالے کر دو (اور یاد رکھو) اللہ حاضر و ناظر ہے۔ اُس سے کوئی چیز مخفی نہیں!

مرد عورتوں کے سربراہ اور کارفرما ہیں۔ اس لئے کہ اللہ نے ان میں سے بعض کو بعض پر (خاص خاص باتوں میں) فضیلت دی ہے۔ نیز اس لئے کہ مرد اپنا مال (جو اُن کی محنت سے جمع ہوتا ہے، عورتوں پر) خرچ کرتے ہیں۔ پس جو نیک عورتیں ہیں، ان کا شیوہ یہ ہوتا ہے کہ اطاعت شعار ہوتی ہیں، اور اللہ کی حفاظت سے (جو اُنھیں حاصل ہو جاتی ہے) پوشیدگی اور غیبت میں بھی (شوہروں کے حقوق و مفاد کی) حفاظت کرتی ہیں۔

اور جن بیویوں سے تمھیں سرکشی کا اندیشہ ہو، تو (یہ نہیں کرنا چاہیئے کہ فوراً دل برداشتہ ہو کر قطع تعلق کر لو بلکہ) چاہیئے، اُنھیں (پہلے نرمی و محبت سے) سمجھاؤ، پھر خوابگاہ میں اُن سے الگ رہنے لگو۔ اور (اس پر بھی نہ مانیں، تو) اُنھیں (بغیر نقصان پہنچائے محض بطور تنبیہ کے) مارو۔ پھر اگر وہ تمھارا کہا مان لیں، تو (سختی سے درگزرو، اور) ایسا نہ کرو کہ الزام دینے کے لئے راہیں ڈھونڈھو (یاد رکھو) اللہ سب کے اوپر، اور سب سے زیادہ بڑائی رکھنے والا موجود ہے!

۳۹ اور اگر تمھیں اندیشہ ہو کہ میاں بی بی میں تفرقہ پڑ جائے گا، تو چاہیئے کہ ایک پنچ شوہر کے کنبے میں سے مقرر کرو، اور ایک بیوی کے کنبے میں سے (اور دونوں اصلاحِ حال کی کوشش کریں) اگر دونوں پنچ (دل سے)

اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ۝ وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا ۴۰
وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِی الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِی الْقُرْبٰى وَالْجَارِ
الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ
كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ۝ ۨالَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ ۴۱
وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ ۴۲
الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ۝ وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا ۴۳

چاہینگے کہ صلح صفائی کرادیں، تو اللہ ضرور میاں بی بی میں باہم موافقت پیدا کردیگا (اور انکی کوشش رائگاں نہ جائے گی) بلاشبہ اللہ سب کچھ جاننے والا اور ہر بات کی خبر رکھنے والا ہے!

۴۰ اور (دیکھو) اللہ کی بندگی کرو، اور کسی چیز کو اسکے ساتھ شریک نہ ٹھہراؤ۔ اور چاہیئے کہ ماں باپ کے ساتھ، قرابت داروں کے ساتھ، یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ، پڑوسیوں کے ساتھ خواہ قرابت والے پڑوسی ہوں خواہ اجنبی ہوں، نیز پاس کے بیٹھنے اٹھنے والوں کے ساتھ اور ان لوگوں کے ساتھ جو مسافر ہوں، یا (لونڈی غلام ہونے کی وجہ سے) تمھارے قبضہ میں ہوں، احسان و سلوک کے ساتھ پیش آؤ۔

> عموم شفقت و احسان اور ادائے حقوق و فرائض کا حکم۔
> ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ قرابت داروں کے حقوق سے غافل نہ ہو۔ یتیموں، مسکینوں، مسافروں، اور پڑوسیوں کی خبرگیری کرتے رہو۔ پڑوسی خواہ قرابت دار ہو، خواہ اجنبی ہو، ہر حال میں اچھے سلوک کا مستحق ہے۔ اسی طرح جو لوگ تمھارے پاس بیٹھنے اٹھنے والے ہوں، نیز لونڈی غلام جو تمھارے قبضہ میں ہوں، ان سب کے بھی تم پر حقوق ہیں اور ضروری ہے کہ سب کے ساتھ محبت و احسان کا سلوک کرو۔
> بخل نہ کرو، اور خدا نے جو کچھ رزق و دولت عطا فرمائی ہے اسکے بندوں کی خدمت میں خرچ کرو۔ جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے اس کا ہاتھ انفاق فی سبیل اللہ سے کبھی نہیں رک سکتا۔
> البتہ جو کچھ خرچ کرو، اللہ کے لئے کرو۔ نام و نمود کے لئے نہ کرو۔ جو شخص نام و نمود کے لئے خرچ کرتا ہے، وہ اللہ پر اور آخرت پر سچا ایمان نہیں رکھتا۔

۴۱ اللہ ان لوگوں کو دوست نہیں رکھتا جو اترانے والے اور ڈینگیں مارنے والے ہیں۔ جو خود بھی بخیلی کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی بخل کرنا سکھاتے ہیں، اور جو کچھ خدا نے اپنے فضل سے دے رکھا ہے، اسے (خرچ کرنے کی جگہ) پوشیدہ رکھتے ہیں، (یاد رکھو) ان لوگوں کے لئے جو (ہماری نعمتوں کی) ناشکری کرتے ہیں، ہم نے رسوا کن عذاب طیار کر رکھا ہے!

۴۲ اور (ان لوگوں کو بھی خدا دوست نہیں رکھتا) جو محض لوگوں کے دکھانے کو (نام و نمود کے لئے) مال خرچ کرتے ہیں، اور فی الحقیقت اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے (کیونکہ اگر اللہ پر سچا ایمان رکھتے، تو کبھی ایسا نہ کرتے کہ اسے چھوڑ کر انسانوں کے سامنے نمائش کرنی چاہتے) اور (دیکھو) جس کسی کا ساتھی شیطان ہوا تو کیا ہی برا یہ ساتھی ہے!

۴۳ ان لوگوں کا کیا بگڑتا تھا، اگر یہ اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے اور جو کچھ خدا نے انھیں دے

مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً ۴۴
يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى ۴۵
هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ۝ؕ يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ۝
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ ۴۶
سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ

رکھا ہے، اُسے (خدا کی خوشنودی کے لئے) خرچ کرتے؟ اور اللہ اُنکی حالت سے کچھ بے خبر نہ تھا۔

۴۴ (یاد رکھو) اللہ (مکافاتِ عمل میں) ذرّہ برابر بھی کسی پر ظلم نہیں کرتا (کہ عمل کے بدلے میں کسی طرح کی کمی ہو جائے، یا کوئی بدلے سے محروم رہ جائے۔ اُس کا قانون تو یہ ہے کہ) اگر ذرّہ برابر بھی کسی نے نیکی کی ہے، تو وہ اُسے دوگنا کر دے گا، اور پھر اپنے پاس سے ایسا بدلہ بھی عطا فرمائے گا جو بہت بڑا بدلہ ہوگا!

۴۵ اور پھر (اے پیغمبر!) کیا حال ہوگا اُسدن، (یعنے قیامت کے دن) جب ہم ہر ایک امت سے ایک گواہ طلب کرینگے (یعنے اُس کے پیغمبر کو طلب کرینگے جو اپنی اُمت کے اعمال و احوال پر گواہ ہوگا) اور ہم تمھیں بھی ان لوگوں پر گواہی دینے کے لئے طلب کرینگے؟

سو اُسدن ایسا ہوگا کہ جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے اور رسول کے حکموں سے نافرمان ہوگئے ہیں، وہ (حسرت و ندامت سے) تمنا کرینگے۔ کاش (وہ دھنس جائیں اور) زمین انکے اوپر برابر ہو جائے! اور اُس دن یہ اللہ سے (اپنی) کوئی بات بھی پوشیدہ نہیں رکھ سکینگے!

۴۶ مسلمانو! ایسا کبھی نہ کرو کہ تم نشے میں ہو اور نماز کا ارادہ کرو۔ نماز کے لئے ضروری ہے کہ تم ایسی حالت میں ہو کہ جو کچھ زبان سے کہو (ٹھیک طور پر) اُسے سمجھو۔ اور اسی طرح جس کسی کو نہانے کی حاجت ہو تو وہ بھی جب تک نہا نہ لے، نماز کا قصد نہ کرے۔ ہاں راہ چلتا مسافر ہو (تو وہ تیمم کرکے نماز پڑھ سکتا ہے) اور اگر تم بیمار ہو، یا سفر میں ہو، یا تم میں سے کوئی آدمی جائے ضرور سے فارغ ہو کر آئے، یا ایسا ہو کہ تم عورت کے پاس رہے ہو، اور (وضو اور غسل کے لئے)

معاشرتی زندگی کے جو حقوق و فرائض بیان کئے گئے ہیں اگر تم چاہتے ہو کہ اُن کی اخلاقی ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہو، تو چاہیے کہ خدا کے ذکر و عبادت سے اپنی ایمانی قوت مضبوط کرتے رہو۔ جو جماعت نماز کی حقیقت سے محروم ہوگی۔ یعنے عبادت کے خشوع و خضوع کا اُسمیں ذوق نہ ہوگا، وہ کبھی عملی زندگی کی اخلاقی مشکلات پر قابو نہیں پا سکتی۔

اسلام کا جب ظہور ہوا تو عرب کے باشندے صدیوں سے شراب نوشی کے عادی ہو رہے تھے۔ مشکل تھا کہ یک دفعہ باز آ جاتے۔ اس لئے بہ تدریج ممانعت کے احکام نازل ہوتے رہے۔ بالآخر قطعی طور پر اُس کا استعمال حرام کر دیا گیا۔ یہاں نماز کے وقت شراب نوشی سے بچنے کا جو حکم دیا گیا ہے، وہ ابتدائی عہد کا ہے۔ اُسوقت تک شراب کی حرمت کا آخری اعلان نہیں ہوا تھا۔

تیمم کا حکم۔ اگر پانی میسر نہ آئے۔ یا بیماری مانع ہو، تو وضو اور غسل

فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ۝ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ۝ مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِى الدِّيْنِ ؕ

۴۷ ۴۸

پانی میسر آئے، تو اس صورت میں چاہئے، پاک زمین سے کام لو۔ (طریقہ اس کا یہ ہے کہ زمین پر ہاتھ مار کر) چہرے اور ہاتھوں کا مسح کر لو۔ بلاشبہ اللہ درگزر کرنے والا اور بخشنے والا ہے۔

(۴۷) کیا تم نے ان لوگوں کی حالت نہیں دیکھی جنھیں کتاب اللہ (کے علم میں) سے ایک حصہ دیا گیا تھا؟ کس طرح وہ (ہدایت کے بدلے) گمراہی خرید رہے ہیں، اور چاہتے ہیں تم بھی راہ سے بھٹک جاؤ۔

اور اللہ تمھارے دشمنوں کو اچھی طرح جانتا ہے (وہ ان سے بے خبر نہیں) اور (تمھارے لئے) اللہ کی دوستی کفایت کرتی ہے، اور اللہ کی مددگاری کافی ہے!

(۴۸) (اے پیغمبر!) یہودیوں میں کچھ لوگ ایسے ہیں (جن کا شیوہ ہے کہ) لفظوں کو ان کی اصلی جگہ سے پھیر دیا کرتے ہیں، اور (جب تم سے ملتے ہیں تو) اس خیال سے کہ دین حق کے خلاف طعن و تشنیع کریں، زبان مروڑ مروڑ کر لفظوں کو بگاڑ دیتے ہیں (چنانچہ) کہتے ہیں "سمعنا و عصینا" اور "اسمع غیر مسمع" اور "راعنا"۔ اگر یہ لوگ (زبان بازی [illegible]

کی جگہ تیمم کر لو لیکن کسی حال میں بھی نماز ترک نہ کرو۔

نماز کے ذکر کے بعد سلسلۂ بیان اہل کتاب کی طرف متوجہ ہو جاتا ہے اور پیروانِ دعوت حق پر یہ حقیقت واضح کی جاتی ہے کہ جس طرح اللہ نے تمھاری فلاح و سعادت کے لئے احکام شریعت نازل کر دیئے ہیں اسی طرح تم سے پہلے یہود و نصاریٰ کے لئے بھی نازل کر دیئے تھے۔ لیکن تم دیکھ رہے ہو کہ وہ راہ ہدایت سے منحرف ہو گئے۔ پس چاہئے کہ ان کی حالت سے عبرت پکڑو اور اخلاص و صداقت کے ساتھ احکام الٰہی پر کاربند ہو۔

یہود مدینہ کی یہ شقاوت کہ جب پیغمبر اسلام اور مسلمانوں سے ملتے تو ذو معنی اور مشتبہ الفاظ کہہ کر دل کا بخار نکالتے۔ (۴۸)

ضمناً مدینہ کے یہودیوں کو انذار کہ اگر دین حق کی [illegible] نہ آئے، تو وہ وقت دور نہیں ہے کہ دعوت حق کی فتح ان کی ذلت و خواری کا آخری فیصلہ کر دے گی۔ دنیا نے دیکھ لیا کہ یہ اعلان [illegible] پورا ہوا۔

سورۂ آل عمران میں یہود و نصاریٰ کی سب سے بڑی گمراہی یہ بتلائی گئی کہ انھوں نے اپنے مذہبی پیشواؤں کو ایسا مقدس اور با اختیار سمجھ لیا ہے، گویا وہ خدائی [illegible] (۳: ۶۴) خدا کی خدائی میں شریک سمجھنے سے مقصود وہ اعتقاد ہے جو یہودیوں میں اپنے فقیہوں کی نسبت اور رومن کیتھولک عیسائیوں میں پوپ اور پادریوں کی نسبت پایا جاتا ہے یعنی جو کچھ وہ اپنے رہبوں اور فقیروں کی نسبت اعتقاد رکھتے ہیں۔

اس گمراہی کا نتیجہ تھا کہ ہدایت کا [illegible] کتاب الٰہی کی جگہ [illegible] انسانوں کے ہاتھ آگیا تھا۔ وہ لوگوں کو اندھا [illegible] جس طرح چاہتے تھے، اپنی نفسانی خواہشوں کے لئے استعمال کرتے تھے۔ لوگوں نے اپنی سمجھ بوجھ سے کام لینا چھوڑ دیا تھا۔ [illegible] اور انسان کی عقلی ترقی و روشنی کی [illegible] بند ہو گئی تھیں۔

قرآن نے اس گمراہی کو [illegible] ہے۔ وہ یہودیوں سے کہتا ہے کہ سارے گناہ بخشے جا سکتے ہیں [illegible] یہ گمراہی [illegible]

سلہ [illegible] سمعنا و عصینا ہو جاتا۔ یعنی ہم نے [illegible] [illegible] بات نہ سنو [illegible] راعنا [illegible] یہ ہیں کہ [illegible] عربی [illegible]

۴۹ وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ
۵۰ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا
الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰٓى اَدْبَارِهَآ
۵۱ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّآ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ
۵۲ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ۝ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ اَنْفُسَهُمْ

کا مرکز اپنی جگہ سے ہل جاتا ہی (۵۱)
ن و یہودیوں کی سب سے بڑی گمراہی، مذہبی گروہ بندی کا گھمنڈ ہی۔ وہ ایمان و عمل کی روح سے محروم ہو چکے ہیں، لیکن پھر بھی اپنے اہل کتاب اور بنی اسرائیل ہونے پر نازاں ہیں۔ وہ کہتے ہیں، ہم خدا کی چہیتی قوم ہیں اور آخرت کی نجات ہمارے لئے لکھدی گئی ہی۔ جب کبھی کوئی جماعت دین کے سچے علم و عمل سے محروم ہو جاتی ہی، تو ایسے ہی غرور باطل میں مبتلا ہو جاتی ہے۔ (۵۲)

۴۹ محروم نہ ہوتے، اور ان شرارت آمیز لفظوں کی جگہ) "سمعنا و اطعنا" اور "اسمع" اور "انظرنا" کہتے، تو یہ انکے حق میں بہتر تھا اور درستگی کی بات تھی۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ انکے کفر کی وجہ سے ان پر اللہ کی پھٹکار پڑ چکی ہی۔ پس ایک گروہ قلیل کے سوا اور سب ایمان سے محروم ہیں!

۵۰ اے وہ لوگو کہ تھیں کتاب دی گئی تھی! جو کتاب ہمنے (پیغمبر اسلام پر) نازل کی ہی، اور جو اس کتاب کی تصدیق کرتی ہی، جو تمھارے ہاتھوں میں موجود ہے، اسپر ایمان لاؤ (اور انکار حق کے شیوہ سے باز آجاؤ) اسوقت سے پہلے ایمان لے آؤ، جب ایسا ہو کہ ہم لوگوں کے چہرے مسخ کر کے پیٹھ پیچھے الٹا دیں (یعنے انھیں ذلیل و خوار کر دیں) یا ایسا ہو کہ جس طرح اصحاب سبت[۱] پر ہماری پھٹکار پڑی تھی، اسی طرح ان پر بھی پھٹکار پڑے۔ اور (یاد رکھو) خدا نے جو کچھ فیصلہ کر دیا ہے (یعنے جو قانون ٹھہرا دیا ہے) وہ ضرور ہو کر رہے گا!

۵۱ اللہ یہ بات کبھی بخشنے والا نہیں کہ اسکے ساتھ کسی دوسری ہستی کو شریک ٹھہرایا جائے (جسطرح یہود اور نصاریٰ نے اپنے احبار اور رہبان کو خدا کے ساتھ شریک ٹھہرا لیا ہے) ہاں، اسکے سوا اور جتنے گناہ ہیں، وہ چاہے تو بخشدے اور (دیکھو) جو کوئی اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہراتا ہے، تو یقیناً وہ گناہ عظیم کرتا ہوا (خدا پر) افترا پردازی کرتا ہے۔

۵۲ (اے پیغمبر!) کیا تم نے ان لوگوں کی حالت پر نظر نہیں کی جو اپنی پاکی و صلاحیت کا بڑا گھمنڈ رکھتے

[۱] اصحاب سبت سے مقصود یہودیوں کی وہ جماعت ہی جنھیں سبت کے دن کے احترام کا حکم دیا گیا تھا، اور اس دن شکار کھیلنے سے روک دیا تھا، لیکن انھوں نے حیلے بہانے نکالکر اس حکم کی نافرمانی کی اور غضب الٰہی کے سزاوار ہوئے۔ سورۂ بقرہ کی آیت ۶۲ میں بھی اسکی طرف اشارہ کیا گیا ہی، اور تفصیل سورۂ اعراف میں ملتی ہی (۱۶۳:۷)

بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ۝ ۵۳
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَاۗءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ۝ ۵۴
اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَھُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ۝ اَمْ لَھُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ۝ ۵۵-۵۶
اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰي مَآ اٰتٰىھُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۵۷

رکھتے ہیں؟ (یعنے اپنے اہل کتاب ہونے کا بڑا گھمنڈ رکھتے ہیں، اور کہتے ہیں آخرت کی نجات صرف ہمارے ہی لئے ہے) حالانکہ (اپنے منہ پاک بننے سے کوئی پاک نہیں ہو جاتا) یہ اللہ کے ہاتھ ہے کہ جسے چاہے، (برائیوں سے) پاک و صاف کردے، اور (اُس کا قانون تو یہ ہے کہ مکافاتِ عمل میں) رائی برابر بھی کسی پر ظلم نہیں ہوگا (جو سچ مچ کو پاک ہے، وہ اپنی پاکی کا بدلہ پائے گا۔ جو پاکی و صلاحیت سے محروم ہے، اُسکے آگے اُس کی محرومی آئیگی!) ۵۳

دیکھو، یہ لوگ کس طرح اللہ پر صریح بہتان باندھ رہے ہیں؟ (اُس کا قانون تو یہ ہے کہ پاکی و نجات کا دارومدار ایمان و عمل پر ہے، اور یہ کہتے ہیں، یہودیت کی گروہ بندی پر ہے!) اِن کی آشکارا گناہ گاری کے لئے یہی ایک بات بس کرتی ہے!

(اے پیغمبر!) کیا تم ان لوگوں کا حال نہیں دیکھتے جنھیں کتاب اللہ (کے علم میں) سے ایک حصہ دیا گیا تھا؟ (کس طرح) وہ بتوں کے اور شریر قوتوں کے معتقد ہوگئے ہیں، اور کافروں کی نسبت (یعنے مشرکین عرب کی نسبت) کہتے ہیں "مسلمانوں سے تو کہیں زیادہ یہی لوگ راہ راست پر ہیں"۔ ۵۴

یقین کرو، یہی لوگ ہیں جن پر خدا کی پھٹکار پڑی ہے اور جس کسی پر اُس کی پھٹکار پڑی، تو ممکن نہیں تم کسی کو اُس کا مددگار پاؤ! ۵۵

جب ایک جماعت میں اتباعِ حق کی جگہ جتھا بندی اور گروہ پرستی کی روح پیدا ہو جاتی ہے، تو پھر حق و باطل کا امتیاز باقی نہیں رہتا۔ وہ چاہتی ہے جس طرح بھی بنے، اپنی بات بنالی جائے اور مخالف گروہ کو زک دے دی جائے۔ اگر ایسا کرنے میں اُسے خود اپنے اصولوں اور عقیدوں کو خلاف بھی جانا پڑے، تو بلا تأمل چلی جاتی ہے۔
یہی حال مدینہ کے یہودیوں کا تھا۔ وہ ہمیشہ بُت پرستی کے مخالف رہے اور بُت پرستوں کی تحقیر و تذلیل کرتے رہے، لیکن اب مسلمانوں کی ضد میں اکثر بُت پرستوں کی تعریف کرتے، اور کہتے، اِن مسلمانوں سے تو مشرکوں ہی کا طور طریقہ زیادہ قرینِ صواب ہے!

پھر (یہ لوگ جو پیروانِ حق کی دشمنی میں اس قدر کھوئے گئے ہیں، تو) کیا یہ بات ہے کہ انکے قبضہ میں بہت بادشاہت کا کوئی حصہ ہے، اور اس لئے نہیں چاہتے کہ لوگوں کو رائی برابر بھی (اسمیں سے) کچھ مل جائے؟ ۵۶

یا پھر خدا نے اپنے فضل سے لوگوں کو جو کچھ عطا فرمایا ہے، اُس کا انھیں حسد ہے (اور نہیں چاہتے کہ جس ۵۷

٥٨ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ۝ فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ
٥٩ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ۭ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ۭ
كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝
٦٠ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ
٦١ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۡ وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى
اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ۭ

نعمت سے خود محروم ہو چکے ہیں وہ دوسروں کے حصے میں آئے؟) اگر یہی بات ہے تو (انھیں اس بات سے
بے خبر نہیں ہونا چاہئے کہ) ہمنے خاندان ابراہیم کو کتاب اور حکمت دی تھی، اور ساتھ ہی عظیم الشان
٥٨ سلطنت بھی عطا فرمائی تھی۔ پھر ان میں سے کوئی تو ایسا ہوا جسنے اس بات پر یقین کیا۔ کوئی ایسا ہوا،
جسنے روگردانی کی، اور (جسنے روگردانی کی، تو اسکے لئے) دہکتی ہوئی دوزخ کی آگ بس کرتی ہے!

٥٩ (یاد رکھو) جن لوگوں نے ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کیا (یعنے انھیں جھٹلایا اور سرکشی و شرارت
سے مقابلہ کیا) تو قریب ہے کہ (قیامت کے دن) ہم انھیں آتش دوزخ میں جھونک دیں۔ جب کبھی ایسا ہوگا
کہ ان کی کھال (آگ کی تپش سے) پک جائیگی (یعنے جل جائیگی) تو ہم پچھلی کھال کی جگہ دوسری کھال پیدا
کر دینگے، تاکہ (ان کی سوزش و اذیت ختم نہ ہونے پائے، اور) عذاب کا مزہ (اچھی طرح) چکھ لیں۔ اور بلا
شبہ اللہ سب پر غالب ہے اور جو کچھ کرتا ہے حکمت کے ساتھ کرتا ہے!

٦٠ اور جو لوگ (ہماری آیتوں پر) ایمان لائے، اور انکے کام بھی اچھے ہوئے، تو ہم انھیں (راحت و سرور کے)
ایسے باغوں میں داخل کر دینگے جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہونگی (اور اس لئے ان کی سرسبزی و شادابی
کبھی متغیر ہونے والی نہیں) وہ ان باغوں میں ہمیشہ رہینگے۔ اور ان کی رفاقت کے لئے نیک و پارسا
بیویاں ہوں گی، نیز ہم انھیں (اپنی رحمت کے) بڑے اچھے سایے میں جگہ دینگے!

٦١ (مسلمانو!) خدا تمھیں حکم دیتا ہے کہ جو جسکی امانت ہو، وہ اسکے حوالے کر دیا کرو۔ (ایسا نہ کرو کہ کسی حقدار اور اہل کے حق سے انکار کرو) اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو، تو چاہئے کہ انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔ کیا ہی اچھی بات ہے جس کی خدا تمھیں نصیحت کرتا ہے! (کہ ساری باتوں کی بھلائی اور خوبی عدل

اہل کتاب کی گمراہیوں کے ذکر کے بعد مسلمانوں سے خطاب، اور قیام عدل، ادائے امانت، اور رفع نزاع کے اصول وجہات:۔
(۱) اجتماعی زندگی کے نظم و فلاح کے لئے اصل اصول یہ ہے کہ جو جس بات کا حقدار ہو، اسکے حق کا اعتراف کرو، اور جو چیز جسے ملنی چاہئے، وہ اسکے حوالہ کر دو۔ وارث کا حق ہو، یتیم کا مال ہو، قرضدار کا قرض ہو، امانت رکھنے والے کی امانت ہو، اہلیت رکھنے والے کے لئے منصب اور عہدہ ہو، کوئی چیز ہو، اور کوئی صورت ہو، لیکن جو جس کا حق ہے اُو

۶۲ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيعًا بَصِيرًا ۝ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوٓا أَطِيعُوا اللّٰهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ ۖ فَإِن تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ۝

۶۳ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ اٰمَنُوا بِمَآ أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَآ أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ يُرِيدُونَ أَن يَتَحَاكَمُوٓا إِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ أُمِرُوٓا أَن يَكْفُرُوا بِهِ وَيُرِيدُ الشَّيْطٰنُ أَن يُضِلَّهُمْ ضَلٰلًا بَعِيدًا ۝

۶۴ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلَىٰ مَآ أَنزَلَ اللّٰهُ وَإِلَى الرَّسُولِ

ہی کے قیام سے مِل سکتی ہو) بلاشبہ وہ سب کچھ سننے والا اور سب کچھ دیکھنے والا ہو!

۶۲ مسلمانو! اللہ کی اطاعت کرو۔ اللہ کے رسول کی اطاعت کرو، اور اُن لوگوں کی اطاعت کرو جو تم میں صاحبِ حکم و اختیار ہوں۔ پھر اگر ایسا ہو کہ کسی معاملہ میں باہم جھگڑ پڑو (یعنے اختلاف و نزاع پیدا ہو جائے) تو چاہیے کہ اللہ اور اُسکے رسول کے طرف رجوع کرو۔ (اور جو کچھ وہاں سے فیصلہ ملے اُسے تسلیم کرلو) اگر تم اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہو، (تو تمھارے لئے راہِ عمل یہی ہو) اسی میں تمھارے لئے بہتری ہو، اور اسی میں انجام کار کی خوبی ہو (کیونکہ اختلاف و نزاع کے اُبھرنے کا موقع باقی نہیں رہتا اور فتنوں فسادوں کا دروازہ بند ہوجاتا ہو)

جو جس کا اہل ہو، وہ اُسے ملنا چاہیے۔

(۲) جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو، تو عدل و انصاف کے ساتھ کرو کسی حالت اور کسی صورت میں بھی یہ جائز نہیں ہوسکتا کہ فیصلہ انصاف کے خلاف کیا جائے۔

(۳) مسلمانوں کے لئے اصل دین یہ ہو کہ اللہ کی اطاعت کریں اللہ کے رسول کی اطاعت کریں، اور جو لوگ اُن میں سے صاحبِ حکم و اختیار ہوں، اُن کی اطاعت کریں۔ پھر اگر ایسا ہو کہ کسی معاملہ میں نزاع پیدا ہو جائے تو چاہیے کہ اللہ اور اسکے رسول کے احکام کی طرف رجوع کریں، اور جو فیصلہ ملے اُسکے آگے سرِ تسلیم خم کردیں۔

اس حکم سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کو اپنے تمام مذہبی اختلافات کے لئے قرآن و سنت کے طرف رجوع ہونا چاہیے نہ کہ انسانوں کے اقوال و آراء کی طرف۔

اگر مسلمانوں نے اس حکم قرآنی پر عمل کیا ہوتا، تو مذہبی اختلاف و تفرقہ سے محفوظ رہتے، اور ان کی ایک جماعت بہت سی جماعتوں اور مذہبوں میں متفرق نہ ہوجاتی۔

تشریح اس مقام کی آیندہ شذرات میں آئیگی۔

۶۳ (اے پیغمبر!) کیا تم نے اِن لوگوں کی حالت پر نظر نہیں کی؟ (یعنے منافقوں کی حالت پر) ان کا دعویٰ یہ ہے کہ جو کچھ تم پر نازل ہوا ہے اور جو کچھ پہلے تم سے نازل ہوچکا ہو، وہ اُس پر ایمان رکھتے ہیں، لیکن (عمل کا حال یہ ہو کہ) چاہتے ہیں، اپنے جھگڑے قضیے ایک سرکش اور شریر (انسان) کے آگے لیجائیں حالانکہ انھیں حکم دیا جاچکا ہے کہ اُس سے انکار کریں (اور صرف اللہ اور اسکے رسول ہی کی پیروی کریں) اصل یہ ہو کہ شیطان چاہتا ہے، اُنھیں اس طرح گمراہ کردے کہ راہِ راست سے بہت دُور جا پڑیں۔

۶۴ اور (اے پیغمبر!) جب ان لوگوں کو اللہ کے حکم کی طرف جو اُسنے نازل کیا ہو، اور رسول کی طرف

منافق زبان سے تو ایمان کا دعویٰ کرتے لیکن عمل کا حال یہ تھا کہ اپنے جھگڑے قضیے چکانے کے لئے مخالفینِ اسلام کے سامنے لیجاتے

٦٥ رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْكَ صُدُوْدًا ۚ فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ
٦٦ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا
٦٧ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۚ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا ۝ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ
رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَ
٦٨ اسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى

٦٥ (جسکی اطاعت کا حکم دیا گیا ہے) بلایا جاتا ہے، تو تم منافقوں کو دیکھتے ہو کہ تم سے رُوگردانی کرتے ہیں، اور انکے قدم ٹھٹک کر رہجاتے ہیں۔ پھر اگر ایسا ہو کہ انکے اپنے ہی کرتوتوں کی وجہ سے ان پر کوئی مصیبت آپڑے تو اُسوقت ان لوگوں کا کیا حال ہوگا؟ اُسوقت یہ تمھارے پاس آکر خدا کے نام کی قسمیں کھائیں اور کہیں، (ہمیں آپکا فیصلہ ماننے سے کبھی انکار نہیں) ہمنے جو کچھ کیا تھا، تو اُس سے مقصود صرف بھلائی تھی، اور یہ کہ (آپس میں) میل ملاپ ہو۔

تھے اور اللہ اور اسکے رسول کے فیصلوں پر مخالفین اسلام کے فیصلوں کو ترجیح دیتے تھے۔ پھر جب کبھی ایسا ہوتا، کہ ان کی یہ دورنگی پکڑی جاتی، تو پیغمبر اسلام کی خدمت میں حاضر ہو کر جھوٹی قسمیں کھاتے، اور کہتے ہم تو آپ ہی کے حکم پر چلنے والے ہیں۔ محض اس خیال سے کہ کسی نہ کسی طرح معاملہ سلجھ جائے اور مخالفین اسلام کی بھی دلجوئی ہو جائے، ان لوگوں کے پاس چلے گئے تھے۔

یہاں اُن لوگوں کی اسی منافقانہ روش کا ذکر کیا گیا ہے، اور صاف صاف کہدیا ہے کہ جو شخص اللہ کے رسول کے حکم اور فیصلے پر یقین نہیں رکھتا وہ کبھی سچا مومن نہیں ہو سکتا۔ یقین کے لئے صرف یہی کافی نہیں کہ حکم مان لیا جائے، بلکہ "لا یجدوا فی انفسهم حرجا مما قضیت" ایسی حالت پیدا ہو جائے کہ حکم رسول کے خلاف دل میں کوئی تنگی و خلش بھی محسوس نہ ہو۔

٦٦ (اے پیغمبر!) یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ ہی جانتا ہے، انکے دلوں میں کیا کچھ چھپا ہوا ہے۔ پس چاہیئے کہ اُنکے پیچھے نہ پڑو، اور (اُن کی ایمان فراموشیوں پر) اُنھیں پند و نصیحت کرتے رہو۔ تم اُنھیں (پند و نصیحت کی) ایسی باتیں کہو کہ انکے دلوں میں اتر جائیں۔

٦٧ اور (اے پیغمبر! ان لوگوں کو جو تمھاری اطاعت کا حکم دیا گیا ہے، تو یہ کوئی نئی بات نہیں ہو جو انہی کے ساتھ ہوئی ہو۔) ہمنے جس کسی کو بھی منصب رسالت دیکر دنیا میں کھڑا کیا، تو اسی لئے کیا، کہ ہمارے حکم سے اُسکی اطاعت کیجائے۔ اور جب ان لوگوں نے (تمھاری نافرمانی کرکے) اپنے ہاتھوں اپنا نقصان کر لیا تھا، تو اگر اُسی وقت تمھارے پاس حاضر ہو جاتے اور خدا سے (اپنی نافرمانی کی) معافی مانگتے، نیز خدا کا رسول بھی ان کی بخشش کے لئے دعا کرتا، تو یہ لوگ دیکھ لیتے کہ خدا بڑا ہی توبہ قبول کرنے والا اور (ہر حال میں) رحمت رکھنے والا ہے!

پس (دیکھو) تمھارا پروردگار اس بات پر شاہد ہو کہ یہ لوگ کبھی مومن نہیں ہو سکتے، جب تک ایسا

يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا
تَسْلِيمًا ۝ وَلَوْ أَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ أَنِ اقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ أَوِ اخْرُجُوا مِنْ دِيَارِكُمْ مَا فَعَلُوهُ إِلَّا قَلِيلٌ مِنْهُمْ ۶۹
وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوا مَا يُوعَظُونَ بِهِ لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ وَأَشَدَّ تَثْبِيتًا ۝ وَإِذًا لَآتَيْنَاهُمْ مِنْ
لَدُنَّا أَجْرًا عَظِيمًا ۝ وَلَهَدَيْنَاهُمْ صِرَاطًا مُسْتَقِيمًا ۝ وَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ وَالرَّسُولَ فَأُولَٰئِكَ ۷۰-۷۱
مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ ۚ وَحَسُنَ أُولَٰئِكَ
رَفِيقًا ۝ ذَٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللَّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ عَلِيمًا ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا خُذُوا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوا ثُبَاتٍ ۷۲-۷۳

نہ کریں کہ اپنے تمام جھگڑوں قضیوں میں تمھیں حاکم بنائیں اور پھر (صرف اتنا ہی نہیں بلکہ ان کے دلوں کی حالت بھی ایسی ہو جائے کہ جو کچھ تم فیصلہ کر دو، اسکے خلاف کسی طرح کی دل گرفتگی محسوس نہ کریں، اور وہ جو کسی بات کو پوری طرح مان لیتا ہوتا ہے، اسی طرح ٹھیک ٹھیک مان لیں۔

(۶۹) اور (دیکھو) اگر ہم انھیں حکم دیتے کہ اپنے آپ کو قتل کرو (یعنے لڑائی میں لڑتے لڑتے قتل ہو جاؤ) یا حکم دیتے کہ اپنے گھروں سے (ہجرت کرکے) نکل کھڑے ہو، تو (ان کا کیا حال ہوتا؟ یہ ہوتا کہ) چند آدمیوں کے سوا کوئی بھی اسکی تعمیل نہ کرتا۔ حالانکہ جس بات کی انھیں نصیحت کیجاتی ہے، اگر یہ اس پر عمل کرتے تو انکے لئے بہتری تھی، اور (راہ حق میں) پوری طرح جمے بھی رہتے۔ اور (اگر یہ راہ حق میں پوری طرح جمے رہتے) تو اس صورت میں ضروری تھا کہ (اسکے نتائج بھی انکے حصے میں آتے) ہم اپنی جانب سے انھیں ایسا اجر عطا فرماتے جو بہت بڑا اجر ہوتا، اور ایسی راہ لگا دیتے جو (کامیابی و سعادت کی) سیدھی راہ ہوتی! (۷۰)

(۷۱) اور جس کسی نے اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کی تو بلاشبہ وہ اُن لوگوں کے ساتھ ہے جن پر خدا نے انعام کیا ہے، اور وہ نبی ہیں، صدیق ہیں، شہید ہیں، اور (تمام) نیک اور راست باز انسان ہیں۔ اور (جس کسی کے رفیق ایسے لوگ ہوں، تو) ایسے رفیق کیا ہی اچھے رفیق ہیں!

(۷۲) یہ بخشش و کرم اللہ کی طرف سے ہے۔ اور (انسان کا حال جاننے کے لئے) اللہ کا علم کفایت کرتا ہے!

(۷۳) مسلمانو! اپنی حفاظت اور طیاری میں لگے رہو پھر (جب وقت آ جائے تو دشمنوں کے مقابلے میں نکلو۔ الگ

انعام یافتہ گروہ چار ہیں: انبیاء۔ صدیقین۔ شہداء۔ صالحین۔
انبیاء سے مقصود خدا کی سچائی کے وہ تمام پیغامبر ہیں جو مختلف عہدوں اور مختلف قوموں میں پیدا ہوئے، اور جنھوں نے نوع انسانی کو خدا پرستی اور نیک عملی کی راہ دکھا دی۔
صدیق اُسے کہتے ہیں جس میں سچائی کی روح غالب ہو۔ یعنے ایسا انسان جو سچائی سے فطری مناسبت رکھتا ہو، اور اُسے دیکھتے ہی پہچان لیتا اور قبول کر لیتا ہو۔
شہید کے معنی ہیں گواہی دینے والا۔ یعنے ایسا انسان جو اپنے قول و عمل سے سچائی کا اعلان کرنے والا ہو، اور دنیا میں اس کے لئے شہادت و حجت قائم کر دے۔
صالحین سے مقصود وہ تمام انسان ہیں جو اپنے اعتقاد و عمل میں نیک اور راست باز ہوں۔
سورۂ فاتحہ میں "صراط الذین انعمت علیہم" سے مقصود انہی گروہوں کی راہ ہے۔
اسکے بعد منافقوں کی اُن نافرمانیوں کا ذکر شروع ہو جاتا ہے جو جنگ

۷۴ أَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ٥ وَاِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ

۷۵ مَّعَهُمْ شَهِيْدًا ٥ وَلَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْ ۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ

۷۶ كُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ٥ فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ

۷۷ وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ٥ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ

اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ

الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ٥ؕ

الگ گروہوں میں ہو کر۔ یا سب اکٹھے ہو کر۔ (جیسی کچھ مصلحت ہو)

۷۴ اور (دیکھو) تم میں کوئی کوئی آدمی ایسا بھی ہے کہ (اگر جنگ کی پکار ہو جائے، تو) وہ ضرور قدم پیچھے ہٹائے اگر (لڑائی میں) تم پر کوئی مصیبت آپڑے، تو (خوش ہو، اور) کہے "خدا نے مجھ پر بڑا ہی احسان کیا کہ ان لوگوں کے ساتھ نہ تھا" اگر تم پر خدا کا فضل و کرم ہو

۷۵ تو (رشک و حسد سے جل مرے، اور) بے اختیار بول اُٹھے، گویا تم میں اور اُس میں دوستی و محبت کا کوئی رشتہ تھا ہی نہیں کہ "اے کاش میں ان لوگوں کے ساتھ ہوتا کہ بہت کچھ کامیابی حاصل کر لیتا!"

۷۶ سو (دیکھو) جو لوگ آخرت کے بدلے دنیا کی زندگی (اللہ کے ہاتھ) فروخت کر چکے ہیں، اُنھیں چاہئے کہ (ایسے لوگوں کی روش اختیار نہ کریں، اور) اللہ کی راہ میں جنگ کریں۔ اور جو کوئی اللہ کی راہ میں جنگ کرتا ہے، تو خواہ قتل ہو جائے، خواہ غالب آئے، (ہر حالمیں) ہم اُسے اجرِ عظیم عطا فرمائینگے۔

۷۷ اور (مسلمانو!) تمھیں کیا ہو گیا ہے کہ اللہ کی راہ میں جنگ نہیں کرتے؟ حالانکہ کتنے ہی بے بس مرد اور عورتیں اور بچے ہیں جو (ظالموں کے ظلم و تشدد سے عاجز آکر) فریاد کر رہے ہیں "خدایا! ہمیں اس بستی سے جہاں کے باشندوں نے ظلم پر کمر باندھ لی ہے، نجات دلا! (یعنی مکہ سے نجات دلا) اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا کارساز بنا دے، اور اپنی طرف سے کسی کو ہماری مددگاری کے لئے کھڑا کر دے!"

کے معاملہ سے تعلق رکھتی ہیں (۷۱)

ہر جماعت میں کچھ لوگ ایمان و یقین سے محروم اور عزم و ہمت سے تہی دست ہوتے ہیں۔ وہ جب دیکھتے ہیں کہ عزم و ہمت کا کوئی قدم اُٹھایا جا رہا ہے تو اپنی کمزوری سے خود بھی باز رہتے ہیں اور چاہتے ہیں دوسروں کو بھی باز رکھیں۔ پھر جب جماعت قدم اُٹھا دیتی ہے، تو الگ تھلگ رہکر غیروں کی طرح تماشہ دیکھتے ہیں۔ اگر کوئی حادثہ پیش آگیا تو خوش ہوتے ہیں اور کہتے ہیں اچھا ہوا، ہم ان لوگوں کے ساتھ شریک نہ ہوئے۔ اگر کامیابی ہوتی ہے، تو رشک و حسد سے جل مرتے ہیں، اور کہنے لگتے ہیں کاش ہم نے بھی ساتھ دیا ہوتا، تو آج کامیابی میں ہمارا حصہ ہوتا۔ گویا ان کی شخصیت جماعت کی ہستی سے بالکل الگ ہے۔ نہ تو اُس کا نقصان اِن کا نقصان ہے نہ اُس کی کامیابی انکی کامیابی!

اسلام کے ابتدائی عہد میں بھی ایسے لوگ موجود تھے۔ قرآن اُنکے اعمال بیان کرتا، اور اُنھیں مومن کی جگہ منافق قرار دیتا ہے (۷۴)

یہاں یہ حقیقت بھی واضح کر دی کہ قرآن نے جنگ کا حکم اس لئے نہیں دیا ہے کہ مسلمان دوسروں پر چڑھ دوڑیں بلکہ اس لئے کہ مظلوموں اور بیکسوں کی حمایت کریں، اور اُنھیں ظالموں کے پنجے سے نجات دلائیں (۷۷)

اسی لئے وہ بار بار کہتا ہے "اللہ کی راہ میں لڑو" یعنے اپنی نفسانی خواہشوں کے لئے نہیں بلکہ اللہ کے عدل و انصاف کے قیام کے لئے لڑو۔

۷۸ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِیَآءَ الشَّیْطٰنِ ۚ اِنَّ كَیْدَ الشَّیْطٰنِ كَانَ ضَعِیْفًا ۚ

۷۹ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ قِیْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَیْدِیَكُمْ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ یَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْیَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْیَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ عَلَیْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِیْبٍ ؕ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْیَا قَلِیْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى وقفہ

۷۸ جو لوگ ایمان رکھتے ہیں، تو اُن کا لڑنا اللہ کی راہ میں ہوتا ہے (کیونکہ وہ نفسانی خواہشوں کے لئے نہیں لڑتے۔ عدل وانصاف کی حمایت میں لڑتے ہیں) اور جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے، وہ طاغوت کی راہ میں لڑتے ہیں (یعنے شر وفساد کی شیطانی طاقتوں کی راہ میں لڑتے ہیں) سو (اگر تم ایمان رکھتے ہو، تو چاہیئے کہ) شیطان کے حمایتیوں سے لڑو۔ (اور اُن کی طاقت وکثرت کی کچھ پروانہ کرو) شیطان کا مکر (دیکھنے میں کتنا ہی مضبوط دکھائی دے، لیکن حق کے مقابلہ میں) کبھی جمنے والا نہیں!

۷۹ (اے پیغمبر!) کیا تم نے اُن لوگوں کی حالت پر نظر نہیں کی جنھیں حکم دیا گیا تھا کہ (جنگ وخونریزی سے) ہاتھ روک لو، اور نماز قائم کرو اور زکواۃ اَدا کرو (کہ تمھارے لئے فلاح وسعادت کی راہ یہی ہے) پھر جب ایسا ہوا کہ (خود اسلام کی طرف سے) اُن پر لڑنا فرض کر دیا گیا، تو یکایک، ایک گروہ انسانوں کے ڈر سے اس طرح ڈر رہا ہے، جیسے کوئی خدا سے ڈر رہا ہو، بلکہ اس سے بھی زیادہ! وہ کہتے ہیں، خدایا! تو نے ہم پر جنگ کرنا کیوں فرض کر دیا؟ کیوں نہ ہمیں تھوڑے دنوں کی اور مہلت دیدی! (اے پیغمبر!) تم ان لوگوں سے کہدو، (جس دنیا کی محبت میں تم موت سے بھاگ رہے ہو، اُس) دنیا کا سرمایہ تو بہت ہی قلیل ہے، اور جو کوئی (انسانوں کی جگہ) اللہ سے ڈرتا ہے، تو اسکے لئے آخرت ہی (کا سرمایہ) بہتر ہے۔ وہاں رائی برابر

"جنگ وخونریزی سے ہاتھ روک لو" یعنے لوگ قتل وخونریزی کے عادی تھے۔ اسلام نے اس سے روکا اور اعمال حسنہ کی تلقین کی۔ اب جب حق وعدالت کی راہ میں جنگ کا حکم دیا گیا، تو منافق اور وہ لوگ جو ایمان میں کچے ہیں، جنگ سے جی چُرانے لگے، اور آرزوئیں کرنے لگے کہ کاش یہ حکم نہ دیا جاتا۔ قرآن کہتا ہے، ان کی حالت پر غور کرو۔ انھیں ظلم وفساد کی راہ میں تو جنگ کرنے سے انکار نہ تھا بلکہ اسکے شائق تھے۔ اب حق وعدالت کی راہ میں جنگ کا حکم دیا گیا ہے تو اس سے جی چُرا رہے ہیں، اور انسانوں کے خوف سے ایسے کانپ رہے ہیں جیسے کوئی خدا کے ڈر سے کانپ رہا ہو، بلکہ اس سے بھی زیادہ!

مسلمانوں کی جماعت کو جب کبھی کوئی نقصان پیش آجاتا، تو منافق اور یہودی کہتے، یہ سب کچھ پیغمبر اسلام کی وجہ سے ہوا۔ قرآن کہتا ہے "کہدو، جو کچھ ہوتا ہے، سب اللہ ہی کی طرف سے ہے" یعنے خدا نے ہر حالت اور ہر نتیجہ کے لئے احکام وقوانین مقرر کر دیئے ہیں، جو کچھ بھی پیش آتا ہے، اُن حالات کا لازمی نتیجہ ہے۔ پس یہ بڑی ہی جہالت اور عناد کی بات ہے جو تم کہہ رہے ہو۔ (۸۰)

آگے چلکر فرمایا، جو کچھ بُرائی پیش آتی ہے، وہ خود تمھاری ہی بدعملی کا نتیجہ ہے۔ اس کا الزام دوسرے کے سر نہ ڈالو۔ پیغمبر اسلام تو اللہ کے رسول ہیں، اور رسول کا کام یہی ہے کہ پیغام پہنچا دے۔ ماننا یا نہ ماننا تمھارا کام ہے۔ اگر تم اُنکے احکام کی اطاعت نہ کرو، اور اُس کا بُرا نتیجہ پیش آئے، تو اس کی ذمہ داری تم پر ہے۔ نہ کہ پیغمبر اسلام پر۔ (۸۱)

٨٠ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ۝ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ۭ وَ
اِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ
مِنْ عِنْدِكَ ۭ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ۝
٨١ مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۡ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَّفْسِكَ ۭ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ۭ وَ
٨٢ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۝ مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۝

بھی کسی کی حق تلفی نہ ہوگی!

٨٠ تم کہیں بھی ہو، موت تمھارا ٹھکانا پاکر رہیگی۔ اگر تم بلند اور مضبوط قلعوں کے اندر (چھپے) ہو جب بھی اس کی پکڑ سے نہیں بچ سکتے۔

اور (اے پیغمبر!) جب ان لوگوں کو کوئی بھلائی کی بات پیش آتی ہے، تو کہتے ہیں، یہ خدا کی طرف سے (ہماری کوششوں کا صلہ) ہے، لیکن جب کبھی کوئی نقصان پہنچ جاتا ہے، تو کہتے ہیں یہ تمھارے طرف سے ہے (یعنے پیغمبر اسلام کی وجہ سے پیش آیا ہے) تم کہدو، جو کچھ ہوتا ہے، خدا ہی کی طرف سے ہے (کہ اُسنے ہر حالت اور نتیجہ کے لئے قوانین ٹھہرا دیئے ہیں، اور جو کچھ پیش آتا ہے، وہ ان کا لازمی نتیجہ ہے) پھر (افسوس اِن کی حالت پر!) ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ کوئی بات ہو، یہ سمجھ بوجھ کے قریب بھی نہیں پھٹکتے!

اس سے معلوم ہوا کہ جو شخص جماعت کی ریاست و پیشوائی کا منصب رکھتا ہے، اُسے کیسی کیسی دشواریوں میں سے گزرنا پڑتا ہے؟ وہ جب عزم و عمل کی لوگوں کو دعوت دیتا ہے، تو ایک گروہ ایسے لوگوں کا پیدا ہو جاتا ہے جو یقین کا کچا اور ہمت کا کمزور ہوتا ہے۔ وہ اطاعت کی جگہ مخالفت کی روش اختیار کرتا ہے۔ پھر جب اس صورتِ حال کی وجہ سے کوئی ناکامی پیش آجاتی ہے، تو بجائے اسکے کہ اپنی بدعملیوں پر نادم ہوں، سارا الزام اُسکے سر ڈال دیتے ہیں، اور مخالفت کا ایک نیا بہانہ اُن کے ہاتھ آجاتا ہے۔ اسی لئے آگے چلکر کہا "اللہ پر بھروسہ رکھو، اللہ کی کارسازی تمھارے لئے کافی ہے!" (۸۴)

یعنے صاحبِ عزم کو چاہئیے، اِن باتوں سے دل گرفتہ نہ ہو، اللہ پر بھروسہ رکھے، اور اپنے کام میں سرگرم رہے۔ اسکا عزم و ثبات بالآخر تمام دشواریوں پر غالب آجائے گا۔

٨١ (اصل حقیقت تو یہ ہے کہ) جو کچھ بھلائی تمھیں پیش آتی ہے وہ اللہ کی طرف سے، اور جو کچھ نقصان اُٹھاتے ہو، وہ خود تمھارے طرف سے ہے (یعنے خود تمھاری بدعملیوں کا نتیجہ ہے) اور (اے پیغمبر!) ہمنے تمھیں لوگوں کے پاس اپنا پیامبر بناکر بھیجا ہے (اور پیغام لے جانے والے کا کام یہی ہے کہ پیغام پہنچا دے۔ تم لوگوں کی نافرمانیوں اور بدعملیوں کے لئے ذمہ دار نہیں ہو سکتے) اور (تمھارے پیغام بر ہونیکے لئے) اللہ کی گواہی بس کرتی ہے!

٨٢ جس کسی نے اللہ کے رسول کی اطاعت کی، تو اُسنے فی الحقیقت اللہ کی اطاعت کی، اور جس کسی نے روگردانی کی، تو (اے پیغمبر!) ہمنے تمھیں اُن پر کچھ پاسبان بناکر نہیں بھیجا ہے (کہ اُن کے اعمال کے لئے

اللہ کے رسول کی اطاعت، اللہ کی اطاعت ہے۔ اور اللہ کا رسول اس لئے آتا ہے کہ پیغامِ حق پہونچا دے۔ اس لئے نہیں کہ لوگوں کے اعمال کا پاسبان ہو اور اُنھیں جبراً اپنے طریقہ پر چلائے۔

جب تمھاری نافرمانیوں کا یہ حال ہے کہ منہ سے تو اطاعت کا اقرار کر لیتے ہو، لیکن راتوں کو مجلس جما کر مخالفانہ مشورے کرتے ہو، تو پھر

۸۳ وَيَقُولُونَ طَاعَةٌ ۖ فَإِذَا بَرَزُوا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَائِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِي تَقُولُ ۖ وَاللَّهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُونَ ۖ فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا

۸۴ أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ ۚ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللَّهِ لَوَجَدُوا فِيهِ اخْتِلَافًا كَثِيرًا

۸۵ وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِّنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ أَذَاعُوا بِهِ ۖ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ

تمھیں کیا حق ہو کہ تنائج کے لئے اللہ کے رسول کو ذمہ دار ٹھہراؤ؟ (۸۳)

تم جوابدہ ہو، اور جبراً اُن سے اپنی اطاعت کراؤ)

۸۳ اور (دیکھو، یہ لوگ تمھارے سامنے تو تمھاری باتیں مان لیتے ہیں؛ اور) کہتے ہیں آپ کا حکم ہمارے سر آنکھوں پر! لیکن جب تمھارے پاس سے اُٹھ کر باہر جاتے ہیں، تو ان میں کچھ لوگ ایسے ہیں، جو راتوں کو مجلس جماتے اور جو کچھ تم کہتے ہو، اُسکے خلاف مشورے کرتے ہیں۔ اور راتوں کی (ان) مجلسوں میں وہ جو کچھ کرتے ہیں، اللہ (کے علم سے مخفی نہیں؛ وہ انکے نامۂ اعمال میں) لکھ رہا ہے!

پس (جب ان لوگوں کا حال یہ ہے، تو) چاہئے کہ ان کی طرف سے اپنی توجہ ہٹالو، اور اللہ پر بھروسہ کرو۔ کارسازی کے لئے اللہ کی کارسازی بس کرتی ہے!

۸۴ پھر کیا یہ لوگ قرآن (کے مطالب) میں غور و فکر نہیں کرتے؟ (اور خدا کی دی ہوئی عقل و بصیرت سے کام نہیں لیتے؟) اگر یہ کسی دوسرے کی طرف سے ہوتا اللہ کی طرف سے نہ ہوتا، تو ضروری تھا کہ یہ اُسکی بہت سی باتوں میں اختلاف پاتے۔ (حالانکہ وہ اپنی ساری باتوں میں؛ اوّل سے لیکر آخر تک، کامل طور پر ہم آہنگ اور یکساں ہے)

۸۵ اور جب ان لوگوں کے پاس امن کی یا خوف کی کوئی خبر پہنچ جاتی ہے، تو یہ (فوراً) اُسے لوگوں میں پھیلا دیتے ہیں۔ اگر یہ اُسے (لوگوں میں پھیلانے کی جگہ) اللہ کے رسول کے سامنے اور اُن لوگوں کے سامنے جو ان میں صاحبِ حکم و اختیار ہیں پیش کرتے، تو جو (صحیح

آیت (۸۴) سے معلوم ہوا کہ:
(۱) قرآن کا مطالبہ ہے کہ ہر انسان اُسکے مطالب میں غور و فکر کرے، پس یہ سمجھنا کہ وہ صرف اماموں اور مجتہدوں ہی کے سمجھنے کی چیز ہے، صحیح نہیں۔
(۲) غور و فکر وہی کر سکتا ہے جو مطالب سمجھے۔
(۳) اور جو اپنی سمجھ بوجھ سے کام لیتا ہو، اور دلائل و وجوہ سے نتائج نکال سکے۔ پس مقلد اعمیٰ (یعنے اندھی تقلید کرنے والا) قرآن میں غور و فکر کرنے والا نہیں ہو سکتا۔
(۴) جو شخص قرآن میں تدبر کرتا ہے، اسپر حقیقت کھل جاتی ہے کہ یہ اللہ کا کلام ہے۔

آیت (۸۵) سے معلوم ہوا کہ جب کبھی کوئی بات سننے میں آئے، خواہ امن کی ہو، خواہ خوف کی، تو ایسا نہیں ہونا چاہئے کہ لوگ بے سمجھے بوجھے پھیلانا شروع کر دیں، بلکہ چاہئے کہ جو لوگ "اولوالامر" یعنے صاحبِ حکم و اختیار ہوں، اُنکے سامنے پیش کی جائے۔

آیت (۸۸) میں ایک دوسرے کو سلام کرنے کا حکم ہے، اور حسنِ اخلاق و معاشرت کی اس اصل پر زور دیا ہے کہ جب کبھی کوئی شخص تمھیں سلام کرے، تو چاہئے کہ اُسنے جو کچھ کہا ہے، اُس سے زیادہ بہتر طور پر اسکا

لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ۝ مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ۝ وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَا اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ۝ اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ۝

۸۶ ۸۷ ۸۸ ۸۹

علم ونظر) بات کی تہ تک پہنچنے والے ہیں، وہ اسکی حقیقت معلوم کرلیتے (اور عوام میں تشویش نہ پھیلتی) اور (دیکھو) اگر اللہ کا تم پر فضل نہ ہوتا، اور اس کی رحمت نہ ہوتی،

جواب دو۔ اور اگر بہتر طور پر نہ دو تو کم ازکم اُسی کی بات اُس پر لوٹا دو۔ یہ حکم یہاں اس مناسبت سے آیا ہے کہ جنگ کی حالت ہو یا اَمن کی، منافق ہو یا ایماندار، لیکن جو کوئی بھی تم پر سلامتی بھیجے تمھیں بھی ہرحال ویسا ہی جواب دینا چاہئے۔ اُسکے دل کا حال خدا جانتا ہے تم نہیں جانتے۔

تو (تمھاری کمزوریوں کا یہ حال تھا کہ) معدودے چند آدمیوں کے سوا سب کے سب شیطان کے پیچھے لگ گئے ہوتے۔

۸۶ پس (اے پیغمبر! تم اس بات کی بالکل پروانہ کرو کہ یہ لوگ تمھارا ساتھ دیتے ہیں یا نہیں) تم اللہ کی راہ میں جنگ کرو۔ کہ تم پر تمھاری ذات کے سوا اور کسی کی ذمّہ داری نہیں، اور مومنوں کو جنگ کی ترغیب دو۔ عجب نہیں کہ بہت جلد اللہ منکرینِ حق کا زور و تشدّد روک دے، اور اللہ کا زور سب سے زیادہ قوی اور سزا دینے میں وہ سب سے زیادہ سخت ہے!

۸۷ جو انسان دوسرے انسان کے ساتھ نیکی کے کام میں ملتا اور مددگار ہوتا ہے، تو اُسے اُس کام (کے اجر و نتائج) میں حصہ ملیگا، اور جو کوئی بُرائی میں دوسرے کے ساتھ ملتا اور مددگار ہوتا ہے، تو اسکے لئے اُس بُرائی میں حصہ ہوگا۔ اور اللہ ہر چیز کا محافظ و نگراں ہے (وہ ہر حالت اور ہر عمل کے مطابق بدلہ دیتا ہے)

۸۸ اور (مسلمانو!) جب کبھی تمھیں دعا دے کر سلام کیا جائے، تو چاہئے کہ جو کچھ سلام و دعا میں کہا گیا ہے، اس سے زیادہ بہتر بات جواب میں کہو۔ یا (کم ازکم) جو کچھ کہا گیا ہے اسی کو لوٹا دو۔ بلاشبہ اللہ ہر چیز کا حساب لینے والا ہے (تمھاری کوئی چھوٹی سے چھوٹی بات بھی اُسکے محاسبہ سے چھوٹ نہیں سکتی)

۸۹ (یاد رکھو) اللہ ہی کی ایک ذات ہے۔ کوئی معبود نہیں ہے مگر صرف وہی۔ وہ ضرور تمھیں قیامت کے دن (اپنے حضور) جمع کریگا۔ اس میں کوئی شبہ نہیں (یہ خود اللہ کا کہنا ہے) اور اللہ سے بڑھ کر بات کہنے میں کون سچا ہوسکتا ہے؟

فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۞ وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۞

۹۰ ۹۱

مشرکین مکہ میں سے کچھ لوگوں نے مصلحتہً اسلام کا دم بھرنا شروع کر دیا تھا لیکن دل میں قطعاً مخالف تھے۔ جب جنگ چھڑی تو مسلمانوں میں دو رائیں ہوگئیں۔ کچھ لوگ کہتے وہ ہم میں سے ہیں، کچھ کہتے دشمنوں میں سے ہیں۔ یہاں قرآن نے واضح کیا ہو کہ وہ قطعاً منافق ہیں۔ انکی نسبت بحث و اختلاف کی کوئی گنجایش نہیں۔ اگر وہ مکہ سے ہجرت کر جائیں، اور دشمنوں کے حلقہ میں نہ رہیں تو تم انھیں اپنا ساتھی سمجھ سکتے ہو، لیکن اگر اس سے انکار کریں تو پھر ظاہر ہو کہ جو کوئی دشمنوں کے ساتھ ہوگا، وہ دشمنوں ہی میں سے سمجھا جائے گا، اور جس طرح جنگ میں تمام دشمنوں سے لڑنا ہے، اُن سے بھی لڑنا ہو۔

یاد رہے کہ اس سے پہلے جن منافقوں کا ذکر تھا، وہ مدینہ میں مسلمانوں کے ساتھ ملے جُلے رہتے تھے۔ اور یہاں جن منافقوں کا ذکر ہے وہ مکہ کا ایک خاص گروہ تھا۔

چونکہ یہ لوگ بھی دشمنوں میں سے تھے، اور جنگ کی حالت قائم ہوگئی تھی، اس لئے فرمایا کہ ان سے دوستی و یگانگت کے تعلقات رکھنا جائز نہیں۔

اسکے بعد بتلایا کہ دو طرح کے آدمی اس حکم سے مستثنیٰ ہیں:

(۱) جو لوگ دشمنوں کا ساتھ چھوڑ کر کسی ایسے گروہ کے پاس چلے جائیں جسکے ساتھ تمھارا عہد و پیمانِ صلح ہو۔

(۲) یا ایسے لوگ جو ناطرفدار ہو جائیں۔ نہ تو تم سے لڑیں نہ تمھاری طرف سے اپنی قوم کے ساتھ لڑیں۔

تو اس طرح کے لوگوں کے خلاف ہتیار اُٹھانے کا حکم نہیں، اور نہ اُن سے میل ملاپ رکھنا منع ہے۔ اصل اس بارے میں یہ ہو کہ جو کوئی تمھارے خلاف جنگ و جدال پر مُصر نہ ہو اور صلح و مسالمت کا ہاتھ بڑھائے، تو تمھارے لئے کسی حال میں بھی جائز نہیں کہ اُس پر ہتیار اُٹھاؤ۔ تمھیں جنگ کا حکم اس لئے نہیں دیا گیا کہ تمھیں جنگ کا خواہشمند ہونا چاہئے، بلکہ اس لئے کہ تمھارے برخلاف جنگ کے خواہشمندوں نے جتھا بندی کر لی ہو۔ پس اگر کوئی فرد یا گروہ جنگ کا خواہشمند نہیں رہتا، تو پھر تمھارے لئے مقابلہ کی علت بھی باقی نہیں رہتی۔ کیونکہ اصل امن و صلح ہے۔ نہ کہ جنگ و قتل۔

۹۰ (مسلمانو!) تمھیں کیا ہوگیا ہے کہ تم منافقوں کے بارے میں دو فریق بن گئے ہو؟ حالانکہ اللہ نے اُن بدعملیوں کی وجہ سے جو اُنھوں نے کمائی ہیں، اُنھیں اُلٹا دیا ہے (اور وہ صریح راہِ حق سے پھر چکے ہیں)؟ کیا تم چاہتے ہو، ایسے لوگوں کو راہ دکھا دو جن پر خدا نے راہ گُم کر دی ہو؟ (یعنے جن پر خدا کے قانونِ سعادت و شقاوت کے بموجب فلاح و سعادت کی راہ بند ہوگئی ہو؟) اور (یاد رکھو) جس کسی پر اللہ راہ گُم کر دے (یعنے جس کسی پر اسکے قانون کا فیصلہ صادر ہو جائے کہ اسکے لئے راہ پانا نہیں) تو پھر تم اُسکے لئے کوئی راہ نہیں نکال سکتے!

۹۱ ان منافقوں کی دلی تمنا یہ ہے کہ جس طرح انھوں نے کفر کی راہ اختیار کر لی ہو، تم بھی کر لو۔ اور تم سب ایک ہی طرح کے ہو جاؤ۔ پس (دیکھو) جب تک یہ لوگ اللہ کی راہ میں ہجرت نہ کریں (اور دشمنوں کا ساتھ چھوڑ کر تمھارے پاس نہ آجائیں) تمھیں چاہیے کہ ان میں سے کسی کو اپنا دوست اور مددگار نہ بناؤ (انھیں بھی انہی لوگوں میں سے سمجھو جو تمھارے خلاف جنگ و پیکار میں سرگرم ہیں)

۹۲ إِلَّا الَّذِينَ يَصِلُونَ إِلَىٰ قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُم مِّيثَاقٌ أَوْ جَاءُوكُمْ حَصِرَتْ صُدُورُهُمْ أَن يُقَاتِلُوكُمْ
أَوْ يُقَاتِلُوا قَوْمَهُمْ ۚ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقَاتَلُوكُمْ ۚ فَإِنِ اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ وَأَلْقَوْا
۹۳ إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ اللَّهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيلًا ۝ سَتَجِدُونَ آخَرِينَ يُرِيدُونَ أَن يَأْمَنُوكُمْ وَيَأْمَنُوا قَوْمَهُمْ
كُلَّ مَا رُدُّوا إِلَى الْفِتْنَةِ أُرْكِسُوا فِيهَا ۚ فَإِن لَّمْ يَعْتَزِلُوكُمْ وَيُلْقُوا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوا أَيْدِيَهُمْ
۹۴ فَخُذُوهُمْ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ ۚ وَأُولَٰئِكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطَانًا مُّبِينًا ۝ وَمَا
كَانَ لِمُؤْمِنٍ أَن يَقْتُلَ مُؤْمِنًا إِلَّا خَطَأً ۚ وَمَن قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَأً فَتَحْرِيرُ رَقَبَةٍ

پھر اگر یہ ہجرت کرنا قبول نہ کریں، تو (جو کوئی جنگ کی حالت میں دشمنوں کا ساتھ دیتا ہے، یقیناً اس کا شمار بھی دشمنوں ہی میں ہوگا۔ پس) انھیں گرفتار کرو، جہاں کہیں پاؤ قتل کرو، اور نہ تو کسی کو اپنا دوست بناؤ، نہ کسی کو اپنا مددگار۔

۹۲ مگر ہاں، جو لوگ (دشمنوں سے الگ ہوکر) کسی ایسی قوم سے جا ملیں کہ تم میں اور اُن میں عہد و پیمان ہو۔ یا ایسے لوگ ہوں کہ لڑائی سے دل برداشتہ ہوکر تمھارے پاس چلے آئیں۔ نہ تم سے لڑیں، نہ (تمھاری طرف سے) اپنی قوم کے ساتھ لڑیں (تو ایسے لوگ اس حکم میں داخل نہیں۔ انکے خلاف تمھارا ہاتھ نہ اُٹھے) اگر خدا چاہتا تو ان لوگوں کو بھی تم پر مسلّط کر دیتا کہ تم سے لڑے بغیر نہ رہتے۔ پس اگر وہ تم سے کنارہ کش ہو گئے ہیں اور جنگ نہیں کرتے۔ نیز صلح کا پیام بھیج رہے ہیں، تو خدا نے تمھارے لئے کوئی راہ نہیں رکھی ہو کہ ایسے لوگوں کے خلاف جنگ کرو۔

۹۳ انکے علاوہ کچھ لوگ تمھیں ایسے ملینگے جو (لڑائی کے خواہشمند نہیں ہیں) تمھاری طرف سے بھی امن میں رہنا چاہتے ہیں اور اپنی قوم کی طرف سے بھی۔ لیکن جب کبھی فتنہ و فساد کی طرف لوٹا دیئے جائیں تو اوندھے منہ اسمیں گر پڑتے ہیں (اور اپنی جگہ قائم نہیں رہ سکتے) سو اگر ایسے لوگ کنارہ کش نہ رہیں۔ اور نہ تو تمھاری طرف پیام صلح بھیجیں، نہ لڑائی سے ہاتھ روکیں، تو انھیں گرفتار کرو، اور جہاں کہیں پاؤ قتل کرو۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ انکے برخلاف ہمنے تمھیں کھُلی حجّت (جنگ) دیدی ہو۔

۹۴ اور (دیکھو) کسی مسلمان کو سزاوار نہیں کہ کسی مسلمان کو قتل کر ڈالے، مگر یہ کہ غلطی سے (اور شبہ میں) اُسکے ہاتھ سے کوئی قتل ہو جائے۔

اور جس کسی نے ایک مسلمان کو غلطی سے (اور شبہ میں) قتل کر دیا ہو، تو چاہئے کہ ایک مسلمان غلام آزاد

اور یہ جو ان لوگوں کے قتل کا حکم دیا گیا، تو صرف اس لئے کہ انھوں نے مسلمانوں کے خلاف جنگ شروع کر دی ہو اور مسلمانوں کے لئے بھی ضروری ہو گیا ہے کہ مقابلہ کریں۔ ورنہ اگر جنگ کی حالت نہ ہو، تو قتلِ نفس ایک بہت بڑا گناہ ہو، اور ایک مسلمان کے لئے کسی حال میں بھی جائز نہیں کہ کسی مسلمان کو یا معاہد کو دیدہ و دانستہ قتل کر ڈالے معاہد سے مقصود وہ تمام غیر مسلم ہیں جن سے مسلمانوں کی جنگ نہ ہو۔ امن د

مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰۤى اَهْلِهٖۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ؕ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۭ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰۤى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ؗ تَوْبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ ۹۵ وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيْمًا ۝ ۹۶ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ اَلْقٰۤى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ

کرے اور مقتول کے وارثوں کو اس کا خون بہا دے، اگر مقتول کے وارث خون بہا معاف کر دیں تو کر دے سکتے ہیں۔

صلح ہو۔

اسکے بعد بتلایا ہے کہ اگر کوئی شخص غلطی سے اور شبہ میں کسی مسلمان یا معاہد کو قتل کر دے، تو اس کا حکم کیا ہے۔

یاد رہے کہ قرآن نے دو حالتوں کے سوا اور کسی حال میں بھی قتل نفس کو جائز نہیں رکھا ہے۔ یا تو لڑائی کی حالت ہو، یا قانون کی رو سے کسی مجرم کو سزا دی جائے، مثلاً قاتل کو قتل کے بدلے قتل کیا جائے۔

اور اگر مقتول اُس قوم میں سے ہو جو تمھاری دشمن ہے یعنے تم سے لڑ رہی ہے اگر مومن ہو، (اور کسی نے یہ سمجھ کر کہ یہ بھی دشمنوں میں سے ہے، اُسے قتل کر دیا ہو) تو چاہیئے کہ ایک مسلمان غلام آزاد کیا جائے۔ (خون بہا کا دلانا ضروری نہ ہوگا۔ کیونکہ اُسکے وارثوں اور ساتھیوں سے مسلمانوں کی جنگ ہے)

اور اگر مقتول اُن لوگوں میں سے ہو جن کے ساتھ تمھارا معاہدۂ صلح ہے (یعنے معاہد ہو) تو چاہیئے کہ قاتل، مقتول کے وارثوں کو خون بہا بھی دے، اور ایک مسلمان غلام بھی آزاد کرے۔

اور جو کوئی غلام نہ پائے (یعنے اس کا مقدور نہ رکھتا ہو کہ غلام کو مال کے بدلے حاصل کرے اور آزاد کرائے) تو اُسے چاہیئے لگاتار دو مہینے روزہ رکھے۔ اس لئے کہ اللہ کی طرف سے یہ (اُسکے گناہ کی) توبہ ہے، اور اللہ سب کچھ جاننے والا، اور (اپنے تمام احکام میں) حکمت رکھنے والا ہے!

۹۵ اور جو مسلمان کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کر ڈالے، تو (یاد رکھو) اُسکی سزا جہنم ہے جہاں وہ ہمیشہ رہے گا، اور اُسپر اللہ کا غضب ہوا، اور اُسکی پھٹکار پڑی، اور اُسکے لئے خدا نے بہت بڑا عذاب طیار کر رکھا ہے!

جو کوئی جان بوجھ کر کسی مسلمان کو قتل کرے، تو اُسکی سزا جہنم کا دائمی عذاب ہے اور اللہ کا غضب اور اُسکی پھٹکار!

۹۶ مسلمانو! جب ایسا ہو کہ تم اللہ کی راہ میں (جنگ کے لئے) باہر جاؤ، تو چاہیئے کہ (جن لوگوں سے مقابلہ ہو، اُن کا حال) اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو (کہ وہ دشمنوں میں سے ہیں یا دوستوں میں سے ہیں) جو کوئی تمھیں سلام کرے (اور اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرے) تو یہ نہ کہو کہ تم مومن نہیں ہو (ہم تم سے لڑینگے) کیا تم

عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ ۹۷ لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ ۹۸ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۹۹

۹۷ دنیا کے سروسامان زندگی کے طلبگار رہو (کہ چاہتے ہو، جو کوئی بھی ملے، اُس سے لڑکر مال غنیمت لوٹ لیں؟) اگر یہی بات ہے، تو اللہ کے پاس تمھارے لئے بہت سی (جائز) غنیمتیں موجود ہیں (تم ظلم و معصیت کی راہ کیوں اختیار کرو؟) تمھاری حالت بھی تو پہلے ایسی ہی تھی (کہ بجز کلمۂ اسلام کے اسلام کا اور کوئی ثبوت نہیں رکھتے تھے) پھر اللہ نے تم پر احسان کیا (کہ تمام باتیں اسلامی زندگی کی حاصل ہو گئیں) پس ضروری ہے کہ (لڑنے سے پہلے) لوگوں کا حال تحقیق کرلیا کرو۔ تم جو کچھ کرتے ہو، یقیناً اللہ اُسکی خبر رکھنے والا ہے!

۹۸ مسلمانوں میں سے جو لوگ معذور نہیں ہیں اور بیٹھے رہے ہیں (جہاد میں شریک نہیں ہوئے ہیں کیونکہ انکی شرکت کی ضرورت نہ تھی) وہ اُن لوگوں کے برابر نہیں ہو سکتے جو اپنے مال سے اور اپنی جان سے اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے ہیں۔ اللہ نے مال و جان سے جہاد کرنے والوں کو بیٹھے رہنے والوں پر بہ اعتبار درجے کے فضیلت دی ہے (کہ انکے اعمال دوسرے لوگوں کے اعمال سے فائق ہیں) اور (یوں تو) خدا کا وعدۂ نیک سب کے لئے ہے (کسی کا بھی عمل نیک ضائع نہیں ہو سکتا لیکن درجے کے اعتبار سے سب برابر نہیں) اور (اسی لئے) بیٹھے رہنے والوں کے مقابلہ میں جہاد کرنے والوں کو، اجر عظیم میں بھی اللہ نے فضیلت عطا فرمائی۔ یہ اُسکی طرف سے (ٹھہرائے ہوئے) درجے ہیں اور اُس کی بخشش اور رحمت ہے، اور وہ (بڑا ہی) بخشنے والا، رحمت رکھنے والا ہے!

اللہ کے حضور تمام نیک انسانوں کے لئے اجر ہے، لیکن تمام نیکیاں یکساں نہیں ہیں۔ جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنی جان و مال سے جہاد کرتے ہیں انکے درجہ کو وہ لوگ نہیں پہنچ سکتے جو مجاہد نہیں ہیں۔

۹۹ جو لوگ (دشمنوں کے ساتھ رہکر) اپنے ہاتھوں اپنے اوپر ظلم کر رہے ہیں، اُن کی روح قبض کرنے کے بعد فرشتے اُن سے پوچھتے ہیں "تم کس حال میں تھے؟ (یعنی دین کے اعتبار سے تمھارا حال کیا تھا؟) وہ جواب میں کہتے ہیں "ہم کیا کرتے؟ ہم ملک میں مغلوب بے بس

جب دشمنانِ حق کے ظلم و ستم سے عاجز آکر پیغمبر اسلام نے مدینہ کی طرف ہجرت کی، تو قدرتی طور پر ملک عرب دو قسموں میں بٹ گیا۔ دار الہجرۃ اور دار الحرب۔ دار الہجرۃ مدینہ تھا جہاں مسلمان ہجرت کرکے جمع ہو گئے تھے۔ دار الحرب، ملک کا وہ حصہ تھا، جو دشمنوں کے قبضہ میں تھا اور اُس کا صدر مقام مکہ تھا۔
دار الحرب میں جو مسلمان باقی رہ گئے تھے، وہ اعتقاد و عمل کی آزادی

قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ۚ فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۙ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ۙ ﴿۱۰۰﴾ فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۱۰۱﴾ وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ۚ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۲﴾ وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا

تھے" (یعنے بے بسی کی وجہ سے اپنے اعتقاد و عمل کے مطابق زندگی بسر نہیں کر سکتے تھے) اس پر فرشتے کہتے ہیں (اگر تم اپنے ملک میں مغلوب و بے بس تھے، تو) "کیا خدا کی زمین واسع نہ تھی کہ کسی دوسری جگہ ہجرت کر کے چلے جاتے؟" غرضکہ یہ وہ لوگ ہیں جن کا ٹھکانا دوزخ ہے، اور (جس کا ٹھکانا دوزخ ہو)

سے محروم تھے۔ انھیں ہمیشہ دشمنوں کا ظلم وستم سہنا پڑتا تھا۔ اس لئے انھیں حکم دیا گیا کہ مکہ سے ہجرت کر جائیں۔ اگر باوجود استطاعت کے نہیں کریں گے، تو اپنی کوتاہی عمل کے لئے جواب دہ ہونگے۔

یہاں اسی معاملہ کا ذکر کیا گیا ہے۔ فرمایا جو لوگ استطاعت نہ رکھتے ہوں، وہ تو مجبور ہیں، لیکن جو کوئی ہجرت کی استطاعت رکھتا ہو اور پھر بھی دشمنوں کی آبادی نہ چھوڑے، اور اپنی محرومی و ذلت کی حالت پر قانع ہو جائے، تو وہ سخت معصیت کا مرتکب ہوگا، اور اُس کا ٹھکانا دوزخ ہے جو لوگ اپنا وطن چھوڑ کر ہجرت کرینگے، انھیں نئی نئی اقامت گاہیں اور معیشت کے نئے نئے سامان ملیں گے۔

تو کیا ہی بُری جگہ ہے!

مگر (ہاں) جو مرد، عورتیں، بچے، ایسے مجبور و بے بس ہوں، کہ کوئی چارہ کار نہ رکھتے ہوں، اور (ہجرت کی) کوئی راہ نہ پاتے ہوں، تو امید ہے کہ اللہ (اُن کی معذوری دیکھتے ہوئے) انھیں معاف کر دے، اور وہ معاف کر دینے والا، بخشدینے والا ہے! ۱۰۰

اور (دیکھو) جو کوئی اللہ کی راہ میں (اپنا گھر بار چھوڑ کر) ہجرت کریگا، تو اُسے خدا کی زمین میں بہت سی اقامت گاہیں ملیں گی، اور (ہر طرح کی) کشایش پائے گا (کہ معیشت کے نئی نئی راہیں اُسکے سامنے کھل جائیں گی) اور جو کوئی اپنے گھر سے اللہ اور اُسکے رسول کی طرف ہجرت کر کے نکلے، اور پھر (راہ ہی) میں موت آجائے، تو اُس کا اجر اللہ کے حضور ثابت ہو گیا (وہ اپنی نیت کے مطابق اپنی کوشش کا ضرور اجر پائے گا) اور اللہ تو (ہر حال میں) بخشنے والا، رحمت رکھنے والا ہے! ۱۰۱

اور اگر (جنگ کے لئے) تم سفر میں نکلو، اور تمھیں اندیشہ ہو کہ کافر تمھیں کسی مصیبت میں نہ ڈالدیں، تو تم پر کچھ گناہ نہیں، اگر نماز (کی تعداد) میں سے کچھ کم کر دو۔ بلاشبہ کافر تمھارے کھلے دشمن ہیں (وہ جب ۱۰۲

سفر کی حالت میں قصر کرنے، اور جنگ کی حالت میں خاص طریقہ پر نماز ادا کرنے کا حکم جسے "صلوٰۃ خوف" کہتے ہیں۔ نیز اس بات کا حکم کہ نماز اوقات کی تقسیم اور پابندی کے ساتھ فرض کی گئی ہے نماز کے قصر کا حکم جنگ ہی کی وجہ سے دیا گیا تھا، لیکن پھر ہر طرح کے سفر کے لئے عام ہو گیا۔ سنت اور تعامل سے معلوم ہو چکا

١٠٣ وَإِذَا كُنتَ فِيهِمْ فَأَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلَوٰةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُم مَّعَكَ وَلْيَأْخُذُوٓا۟ أَسْلِحَتَهُمْ فَإِذَا سَجَدُوا۟ فَلْيَكُونُوا۟ مِن وَرَآئِكُمْ وَلْتَأْتِ طَآئِفَةٌ أُخْرَىٰ لَمْ يُصَلُّوا۟ فَلْيُصَلُّوا۟ مَعَكَ وَلْيَأْخُذُوا۟ حِذْرَهُمْ وَأَسْلِحَتَهُمْ ۗ وَدَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ لَوْ تَغْفُلُونَ عَنْ أَسْلِحَتِكُمْ وَأَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيلُونَ عَلَيْكُم مَّيْلَةً وَٰحِدَةً ۚ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِن كَانَ بِكُمْ أَذًى مِّن مَّطَرٍ أَوْ كُنتُم مَّرْضَىٰٓ أَن تَضَعُوٓا۟ أَسْلِحَتَكُمْ ۖ وَخُذُوا۟ حِذْرَكُمْ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ أَعَدَّ لِلْكَٰفِرِينَ عَذَابًا مُّهِينًا ۝

١٠٤ فَإِذَا قَضَيْتُمُ ٱلصَّلَوٰةَ فَٱذْكُرُوا۟ ٱللَّهَ قِيَٰمًا وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِكُمْ ۚ فَإِذَا ٱطْمَأْنَنتُمْ فَأَقِيمُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ ۚ إِنَّ ٱلصَّلَوٰةَ كَانَتْ عَلَى ٱلْمُؤْمِنِينَ كِتَٰبًا مَّوْقُوتًا ۝

ہے کہ قصر سے مقصود چار کی جگہ دو رکعت پڑھنا ہے۔ اگر نماز چار رکعت سے کم کی ہو، تو اسمیں قصر نہیں۔

١٠٣ اگر جنگ کی حالت میں قصر نماز بھی باطمینان نہیں پڑھ سکتے یا جنگ جاری ہو اور نماز کا وقت آگیا، تو پھر اُس طریقے سے ادا کرو جس کی ترکیب بتلا دی گئی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ نماز مسلمانوں کے لئے ایک ایسا عمل ہے، جس سے کسی حال میں بھی غفلت جائز نہیں حتی کہ عین جنگ کی حالت میں بھی۔

اگر حالت ایسی ہو کہ کسی طرح بھی نماز نہ ادا کی جا سکے تو پھر قضا کرنی چاہئے، جیسا کہ پیغمبر اسلام (صلعم) نے غزوۂ خندق میں کیا تھا (صحیحین) آخر میں فرمایا، "کتاباً موقوتاً"، یعنے نماز بقید وقت فرض کی گئی ہے۔

موقع پائینگے، تم پر حملہ آور ہو جائینگے)

اور (اے پیغمبر!) جب تم مسلمانوں میں موجود ہو (اور جنگ ہو رہی ہو) اور تم انکے لئے نماز قائم کرو، تو چاہیئے کہ (فوج کا) ایک گروہ (مقتدی بن کر) تمھارے ساتھ کھڑا ہو جائے اور اپنے ہتیار لئے رہے۔ پھر جب وہ سجدہ کر چکے، تو پیچھے ہٹ جائے، اور دوسرا گروہ جو نماز میں شریک نہ تھا، تمھارے ساتھ شریک ہو جائے۔ اور چاہیے کہ پوری طرح ہشیاری رکھے اور اپنے ہتیار لئے رہے۔

(یاد رکھو) جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے، اُن کی دلی تمنا ہے کہ تم اپنے ہتیار اور سامان جنگ سے ذرا بھی غفلت کرو تو ایکبارگی تم پر ٹوٹ پڑیں۔ (پس ضروری ہے کہ نماز کی حالت میں بھی اس طرف سے غافل نہ ہو)

اور اگر تمھیں بارش کی وجہ سے کچھ تکلیف ہو، یا تم بیمار ہو، تو پھر تم پر کوئی گناہ نہیں اگر ہتیار اُتار کر رکھدو۔ لیکن تمھیں اپنے بچاؤ کی طرف سے غافل نہ ہونا چاہیئے (یقین رکھو) اللہ نے منکرین حق کے لئے (نامرادی کا) رُسوا کن عذاب طیار کر رکھا ہے (وہ تم پر فتحمند نہیں ہو سکتے)

١٠٤ پھر جب تم نماز (خوف) پوری کر چکو، تو چاہیئے کہ کھڑے، بیٹھے، لیٹے، ہر حال میں اللہ کو یاد کرتے رہو (کہ اُس کی یاد صرف نماز کی حالت ہی پر موقوف نہیں۔ ہر حالت میں تمھارے اندر بسی ہونی چاہئیے)

پھر جب ایسا ہو کہ تم (دشمن کی طرف سے) مطمئن ہو جاؤ، تو (معمول کے مطابق) نماز قائم رکھو۔ بلاشبہ نماز مسلمانوں پر بہ قید وقت فرض کر دی گئی ہے۔

وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَاءِ الْقَوْمِ ۭ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝ ۱۰۵

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ۭ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَاۗىِٕنِيْنَ خَصِيْمًا ۝ وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ ۱۰۶

وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَھُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا اَثِيْمًا ۝ ۱۰۷

۱۰۵ اور (دیکھو) دشمنوں کا پیچھا کرنے میں ہمت نہ ہارو۔ اگر تمھیں (جنگ میں) دُکھ پہنچتا ہے، تو جس طرح تم دُکھی ہوتے ہو، وہ بھی (تمھارے ہاتھوں) دُکھی ہوتے ہیں، اور (تمھیں اُن پر یہ فوقیت ہو کہ) اللہ سے (کامیابی و اجر کی) ایسی ایسی اُمیدیں رکھتے ہو، جو انھیں میسّر نہیں۔ (کیونکہ تم اللہ کی راہ میں حق و انصاف کے لئے لڑ رہے ہو۔ وہ اپنی نفسانی خواہشوں کے لئے ظلم و فساد کی راہ میں لڑ رہے ہیں) اور (یاد رکھو) اللہ (تمام حال) جاننے والا، اور (اپنے تمام کاموں میں حکمت رکھنے والا ہے!

۱۰۶ (اے پیغمبر!) ہمنے تم پر الکتاب سچّائی کے ساتھ نازل کر دی ہے تاکہ جیسا کچھ خدا نے تبلا دیا ہے، اُسکے مطابق لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو۔ اور خیانت کرنے والوں کی طرفداری میں نہ جھگڑو (یعنے ایسا نہ کرو کہ اُن کی وکالت میں فریق ثانی سے جھگڑو) اور اللہ سے مغفرت مانگو (کہ قضاء کا معاملہ نہایت نازک ہے) بلاشبہ اللہ بخشنے والا، رحمت رکھنے والا ہے!

۱۰۷ اور جو لوگ اپنے اندر خیانت رکھتے ہیں، تم ان کی طرف سے نہ جھگڑو۔ خدا ایسے لوگوں کو پسند نہیں کرتا جو خیانت اور معصیت میں ڈوبے ہوئے ہیں۔

مقاصد کی راہ میں تکلیفیں اور محنتیں مومن کو بھی پیش آتی ہیں اور کافر کو بھی۔ لیکن مومن کے لئے اُن کا جھیلنا سہل ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ اپنے سامنے ایسی امیدیں رکھتا ہے جو کافر کو میسّر نہیں۔ وہ یقین رکھتا ہے کہ میں جو کچھ جھیل رہا ہوں حق کی راہ میں ہے، اور میرے لئے دنیا میں بھی کامیابی ہے اور آخرت میں بھی۔ پھر افسوس اُس مومن پر، جو مقاصد حق کی راہ میں اتنا بھی نہ کرسکے جتنا ایک کافر ظلم و فساد کی راہ میں کرتا ہے!

اسکے بعد آیت (۱۰۶) سے سلسلۂ بیان پھر اُسی طرف کو لوٹ گیا ہے جہاں سے جنگ کا ذکر چھڑ گیا تھا۔ یعنے رسول کی اطاعت، منافقوں کی نافرمانی، مقدمات و قضایا کا انفصال، اور عدل و امانت کا قیام۔

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مسلمان نے (جو دلمیں منافق تھا اور جس کا نام الطعمہ یا بشیر تھا) چوری کر کے مال مسروقہ ایک یہودی کے یہاں گرو رکھدیا تھا۔ یہودی اپنے آپ کو بے قصور تبلاتا تھا۔ الطعمہ کے گھرانے کے لوگ الطعمہ کی حمایت کرتے تھے اور کہتے تھے، یہودی کافر و خبیث ہے اُس کی بات نہیں ماننی چاہئے۔ ان لوگوں کی حمایت کا باعث یہ تھا کہ الطعمہ نے راتوں رات سازش کر کے ان سب کو اپنی حمایت پر اُبھار لیا تھا اسپر یہ آیات نازل ہوئیں اور آنحضرت (صلعم) نے یہودی کو بری کر دیا (ترمذی، حاکم، ابن سعد، ابن جریر، وغیرہم)

بہرحال ان آیات سے معلوم ہوا کہ:

(۱) مسلمان قاضی کو چاہئے، ہر حال میں حق و انصاف کے ساتھ فیصلہ کرے۔ اس خیال سے کہ ایک فریق مسلمان اور دوسرا غیر مسلم ہے، مسلمان کی طرفداری نہیں کرنی چاہئے (۱۰۶)

(۲) ہمیشہ خدا سے معافی مانگتا رہے، کیونکہ قضاء کا معاملہ نہایت نازک ہے۔ ایسا نہ ہو کہ طبیعت کے میلان سے کوئی لغزش ہو جائے (۱۰۶)

(۳) قاضی کو کوئی ایسی بات نہیں کرنی چاہئے جس سے کسی فریق کی وکالت کی بُو آئے۔ (۱۰۷)

(۴) مسلمانوں کو نہیں چاہئے کہ ہم مذہب ہونے کی وجہ سے یا اپنے خاندان و قبیلے میں سے ہونے کی وجہ سے کسی مجرم کی حمایت کریں، اور سازش کر کے جتھا بندی کرلیں۔ دنیا کی نگاہیں دیکھتی ہوں، لیکن خدا کو دیکھ

۱۰۸ يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ إِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ۝
۱۰۹ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝
۱۱۰—۱۱۱ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ عَلٰى نَفْسِهٖ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝
۱۱۲ وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓئًا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝

(اس طرح کے لوگ) انسانوں سے تو (اپنی خیانت) چھپاتے ہیں، لیکن خدا سے نہیں چھپاتے۔ حالانکہ جب وہ راتوں کو مجلس بٹھا کر ایسی ایسی باتوں کا مشورہ کرتے ہیں جو خدا کو پسند نہیں، تو اُسوقت وہ اُنکے ساتھ موجود ہوتا ہے، اور وہ جو کچھ کرتے ہیں، اُس کے احاطۂ علم سے باہر نہیں!

رہا ہے کہ کون مجرم ہے کون نہیں ہے؟ (۱۰۸)
(۵) جو بُرائی کرتا ہے، اسکی بُرائی اُسپر ہے۔ پس یہ خیال نہ کرو کہ یہ شخص ہمارا ہم مذہب یا رشتہ دار ہے۔ اس کا جرم ثابت ہو گیا تو ہم پر بھی دھبہ لگ جائے گا (۱۱۱)
(۶) خود قصور کرنا اور اُسے دوسرے کے سر تھوپ دینا ایک معصیت کے بعد دوسری معصیت کا ارتکاب کرنا ہے۔ تم دنیا کی عدالت کو دھوکا دیدو لیکن خدا کی عدالت کو کیونکر دھوکا دے سکتے ہو؟ (۱۱۲)

۱۰۹ دیکھو[1]، تم لوگ وہ ہو کہ تم نے دنیا کی زندگانی میں تو ان (مجرموں) کی طرف سے جھگڑا کر لیا، لیکن (بتلاؤ) قیامت کے دن انکی طرف سے اللہ کے ساتھ کون جھگڑے گا؟ یا کون ہے جو (اُس دن) اُن کا وکیل بنے گا؟

۱۱۰ اور جو شخص کوئی بُرائی کی بات کر بیٹھتا ہے، یا اپنے ہاتھوں اپنا نقصان کر لیتا ہے، پھر (اس سے توبہ کرتا اور) اللہ سے بخشش طلب کرتا ہے، تو (اس کے لئے بخشش کا دروازہ کھلا ہوا ہے) وہ اللہ کو بخشنے والا رحمت رکھنے والا پائے گا!

۱۱۱ اور جو کوئی (بدعملی کر کے) بُرائی کماتا ہے، تو وہ اپنی جان ہی کے لئے کماتا ہے۔ (اُس کا جو کچھ بھی وبال ہوگا، اُسی کو پیش آئے گا) اور اللہ (سب کچھ) جاننے والا اور (اپنے تمام احکام میں) حکمت رکھنے والا ہے۔

۱۱۲ اور جس کسی سے (نادانستہ) کوئی خطا سرزد ہو جائے، یا (دانستہ) کسی گناہ کا مرتکب ہو، اور پھر (اپنے بچاؤ کے لئے) کسی بے گناہ کے سر تھوپ دے، تو (یاد رکھو) اُسنے بہتان اور کھلے گناہ کا بوجھ (بھی) اپنی گردن پر لاد لیا۔

[1] اس آیت میں خطاب اُس گروہ سے ہے جو طعمہ کی حمایت میں جتھا بندی کر کے فریق ثانی سے جھگڑتے تھے، اور طعمہ کو الزام سے بچانا چاہتے تھے۔ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بنو ابیرق تھے ۱۲

۱۱۳ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۱۱۴ لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ اِصْلَاحٍۭ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۱۱۵ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۱۱۶ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ

۱۱۳ اور (اے پیغمبر!) اگر تم پر اللہ کا فضل نہ ہوتا اور اُس کی رحمت (کارفرما) نہ ہوتی، تو واقعہ یہ ہے کہ ان لوگوں میں سے ایک جماعت نے پورا ارادہ کرلیا تھا کہ (اصل مجرم کی حمایت میں جتھا بندی کرکے) تمھیں غلط راستہ پر ڈال دیں (اور تم بے گناہ آدمی کو مجرم تصور کرلو) اور یہ لوگ غلط راستہ پر نہیں ڈال رہے ہیں مگر خود اپنی ہی جانوں کو (کہ حق کی حمایت کرنے کی جگہ جھوٹے کی حمایت کررہے ہیں) اور (اپنی چالاکیوں سے) تمھیں کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ کیونکہ اللہ نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کردی ہے، اور جو باتیں معلوم نہ تھیں، وہ تمھیں سکھلا دی ہیں، اور تم پر اُس کا بہت ہی بڑا فضل ہے!

۱۱۴ ان لوگوں کے پوشیدہ مشوروں میں سے اکثر مشورے بھلائی کے لئے نہیں ہوتے۔ ہاں جو کوئی خیرات کے لئے یا کسی نیک کام کے لئے حکم دے، یا لوگوں کے درمیان صلح صفائی کرا دینا چاہے (اور اس میں پوشیدگی ملحوظ رکھے) تو البتہ یہ نیکی کی بات ہے) اور جو کوئی خدا کی خوشنودی کی طلب میں اس طرح کے کام کرتا ہے، تو ہم اسے اجر عظیم عطا فرمائینگے۔

۱۱۵ اور جس شخص پر الہدیٰ (یعنے ہدایت کی حقیقی راہ) واضح ہو جائے، اور اس پر بھی وہ اللہ کے رسول سے مخالفت کرے، اور مومنوں کی راہ چھوڑ کر دوسری راہ چلنے لگے، تو ہم اُسے اُسی طرف کو لے جائینگے جس (طرف) کو (جانا) اُس نے پسند کرلیا ہے اور اُسے دوزخ میں پہنچا دینگے، اور (جس کے پہنچنے کی جگہ دوزخ ہوئی تو) یہ پہنچنے کی کیا ہی بُری جگہ ہے!

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ واقعۂ مندرجۂ صدر میں جب آنحضرت (صلعم) نے یہودی کو بری کردیا، اور طعمہ کے خلاف فیصلہ فرمایا، تو وہ مسلمانوں سے الگ ہو کر مشرکین مکہ سے جا ملا (ترمذی، حاکم، ابن سعد) جس شخص پر "الہدیٰ" یعنے دین حقیقی کی راہ واضح ہو جائے، اور پھر وہ دیدہ و دانستہ اُس سے پھر جائے، تو اُسنے خود اپنی پسند سے فلاح وسعادت کی راہ چھوڑ کر شقاوت کی راہ پسند کرلی، اور جیسی کچھ راہ اسنے پسند کی، ضروری ہو کہ ویسا ہی نتیجہ بھی اُسے پیش آئے۔ چنانچہ فرمایا "ہم اُسے اُسی طرف لے جائیں گے، جس طرف کو جانا اُسنے پسند کرلیا ہے" یعنے ہم نے انسان کی سعادت و شقاوت کے لئے ایسا ہی قانون ٹھہرا دیا ہے کہ جو جیسی راہ پسند کرتا ہے، ویسا ہی نتیجہ اُسے پیش آتا ہے، اور اُسی نتیجہ پر وہ پہنچا دیا جاتا ہے جس نے جنت کی راہ اختیار کی، اسے جنت میں داخل کیا جائے گا جس نے دوزخ پسند کی اس کے لئے دوزخ ہو گی!

۱۱۶ اللہ یہ بات بخشنے والا نہیں کہ اُس کے ساتھ کسی کو

۱۱۶ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ۝ اِنْ يَّدْعُوْنَ
۱۱۸ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًا ۚ وَاِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ۝ لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ عِبَادِكَ
نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝ وَّلَاُضِلَّنَّھُمْ وَلَاُمَنِّيَنَّھُمْ وَلَاٰمُرَنَّھُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ وَ
لَاٰمُرَنَّھُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ۝
۱۱۹-۱۲۰ يَعِدُھُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ۭ وَمَا يَعِدُھُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ۝ اُولٰۗىِٕكَ مَاْوٰىھُمْ جَهَنَّمُ ۡ وَلَا يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ۝

اس کے بعد فرمایا، جو کوئی ہدایت سے برگشتہ ہوکر مشرکوں کی راہ اختیار کرتا ہے، تو وہ یاد رکھے، اللہ تمام گناہ (بغیر توبہ کے بھی) بخش دے سکتا ہے لیکن شرک کے لئے بخشائش نہیں۔

اسکے بعد مشرکین عرب کے بعض عقائد و اعمال کا ذکر کیا ہے جو انکی کوری و سفاہت کی واضح دلیل ہیں۔ پھر فرمایا، شیطان کی سب سے بڑی وسوسہ اندازی یہ ہے کہ طرح طرح کے وعدوں میں رکھتا، اور آرزوؤں اور امیدوں میں ڈالتا ہے۔ وعدوں میں رکھنے اور آرزوؤں میں ڈالنے سے مقصود یہ ہے کہ انسان حقیقت و عمل کی جگہ محض باطل آرزوؤں اور جھوٹی امیدوں کا بندہ ہوجاتا ہے۔ وہ نجات و سعادت کے لئے سعی و عمل کی راہ اختیار نہیں کرتا بلکہ اپنی جھوٹی امیدوں اور مغرورانہ آرزوؤں ہی میں مگن ہوجاتا ہے۔

شریک ٹھہرایا جائے۔ ہاں، اسکے سوا جتنے گناہ ہیں وہ جسے چاہے بخشدے، اور جس کسی نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا، تو وہ بھٹک کر، راہِ راست سے بہت دور جا پڑا!

۱۱۷ (یہ مشرک خدا کے ساتھ کن کو شریک ٹھہراتے ہیں؟ اور کن کو پکارتے ہیں؟) یہ نہیں پکارتے، مگر دیبیوں کو، اور یہ نہیں پکارتے ہیں مگر شیطان مردود کو جس پر اللہ لعنت کرچکا ہے!

۱۱۸ اور شیطان نے کہا، میں تیرے بندوں سے (گمراہی کا) ایک مقررہ حصہ لیکر رہونگا، اور ضرور انھیں بہکاؤں گا، اور ضرور ایسا کروں گا کہ (حقیقت و عمل کی جگہ باطل) آرزوؤں میں انھیں مشغول رکھوں، اور ضرور انھیں (مشرکانہ خرافات کا) حکم دونگا، پس وہ جانوروں کے کان ضرور ہی چیریں گے (اور انھیں بتوں کے نام پر چھوڑ دینگے) اور البتہ انھیں حکم دوں گا۔ پس وہ (میری ہدایت کے مطابق) خدا کی خلقت میں ضرور تغیر و تبدل کردیا کرینگے[1] (سو یہ مشرک اسی شیطان کی وسوسہ اندازیوں پر چلتے ہیں) اور جو کوئی اللہ کو چھوڑ کر شیطان کو اپنا رفیق و مددگار بناتا ہے، تو یقیناً وہ تباہی میں پڑ گیا۔ ایسی تباہی

۱۱۹ میں جو کھلی تباہی ہے۔ شیطان ان سے وعدے کرتا اور (باطل) آرزوؤں میں ڈالتا ہے، اور شیطان ان سے جو کچھ وعدے کرتا ہے، وہ فریب کے سوا کچھ نہیں ہے۔

۱۲۰ یہی لوگ ہیں جن کا (بالآخر) ٹھکانا دوزخ ہے، اور یہ اس سے نکل بھاگنے کی صورت نہ پائینگے!

[1] اس سے معلوم ہوا کہ خدائی خلقت کو بدلنا قرآن کے نزدیک بڑی ہی معصیت کی بات ہے۔ مثلاً مردوں کو خوجہ بنانے کی رسم جو پہلے رومیوں نے شروع کی تھی اور پھر تمام دنیا میں پھیل گئی تھی، اس آیت کی رو سے شیطانی فعل تھا۔

۱۲۱ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا ۝ ۱۲۲ لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتٰبِ ؕ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ۝ ۱۲۳ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ نَقِيْرًا ۝ ۱۲۴ وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ

۱۲۱ اور جو لوگ ایمان لائے، اور نیک کام انجام دیئے، تو ہم انھیں (راحت و سرور ابدی کے ایسے) باغوں میں داخل کرینگے جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہونگی (اور اس لئے وہ کبھی خشک ہونے والے نہیں) وہ ہمیشہ انہی باغوں میں رہینگے (اُن کی راحت و سرور کے لئے کبھی زوال نہ ہوگا یہ) اللہ کا وعدہ حق ہی۔ اور اللہ سے بڑھ کر بات کہنے میں سچّا اور کون ہوسکتا ہی؟

۱۲۲ (مسلمانو! نجات وسعادت) نہ تو تمھاری آرزوؤں پر (موقوف) ہے، نہ اہل کتاب کی آرزوؤں پر۔ (بلکہ ایمان و عمل پر موقوف ہی) جو کوئی بُرائی کریگا (خواہ وہ کوئی ہو) ضروری ہی کہ اُس کا بدلہ پائے، اور پھر اللہ کے سوا نہ تو اُسے کوئی دوست ملے (جس کی دوستی کام آئے) نہ کوئی مددگار ملے (جس کی مددگاری بچاسکے) ۱۲۳ اور جو کوئی اچھّے کام کریگا، خواہ مرد ہو خواہ عورت، اور وہ (خدا پر) ایمان بھی رکھتا ہوگا، تو ایسے ہی لوگ ہیں جو جنت میں داخل ہونگے، اور رائی برابر بھی اُنکے ساتھ (جزاء عمل میں) بے انصافی نہ ہوگی ۱۲۴ اور پھر (بتلاؤ) اُس آدمی سے بہتر دین رکھنے والا کون ہوسکتا ہے جس نے اللہ کے آگے سرِ طاعت جُھکا دیا، اور وہ نیک عمل بھی ہی، اور اُس نے ابراہیم کے طریقہ کی پیروی کی جو (تمام انسانی گروہ بندیوں سے الگ ہوکر) صرف خدا ہی کے لئے ہو رہا تھا، (اور جس کا طریقہ یہودی اور مسیحی گروہ بندیوں کا نہیں تھا بلکہ صرف ایمان و عمل کا تھا؟) اور (یہ

پچھلی آیات میں انسانی گمراہی کی یہ حالت بتلائی تھی کہ عمل و حقیقت کی جگہ باطل آرزوؤں اور جھوٹی امیدوں میں گمن ہوجاتا ہی یہاں بتلایا کہ اسی گمراہی میں یہودی اور عیسائی مبتلا ہوگئے۔ عمل و حقیقت کی جگہ صرف باطل آرزوئیں اور جھوٹی اُمیدیں ہی اُن کا سرمایۂ دین ہیں۔ یہودی کہتے ہیں، ہم خدا کی خاص امت ہیں۔ ہم پر آتش دوزخ حرام ہی عیسائی کہتے ہیں، ہم کفارۂ مسیح پر ایمان رکھتے ہیں اس لئے ہمارے لئے نجات ہی نجات ہی۔ قرآن مسلمانوں کو متنبہ کرتا ہے کہ کہیں تم بھی اسی گمراہی میں مبتلا نہ ہوجاؤ۔ وہ کہتا ہی، نہ تو تمھاری آرزوؤں سے کچھ بننے والا ہے، نہ اہل کتاب کی۔ خدا کا قانون تو یہ ہی کہ جس کسی کا عمل بُرا ہوگا، وہ اُس کی سزا ضرور پائے گا۔ خواہ تم ہو، خواہ یہودی ہوں خواہ عیسائی ہوں، خواہ کوئی ہو۔

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ مسلمانوں اور اہل کتاب میں بحث چھڑ گئی۔ یہودیوں نے کہا، ہمارا دین سب سے بہتر ہی کہ نجات صرف ہمارے ہی لئے ہی۔ مسلمانوں نے کہا، ہمارا دین سب سے بہتر ہی۔ کیونکہ سب کے بعد آیا اور تم سب کی نجات اُسی پر موقوف ہی۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی (ابن جریر)

اس سے معلوم ہوا کہ محض اپنے طریقہ کی بڑائی کرنے اور ڈینگیں مارنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ اصلی شے ایمان و عمل ہی۔

وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطًا ۝ وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَاۗءِ ۭ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَي النِّسَاۗءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَاَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰي بِالْقِسْطِ ۭ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيْمًا ۝

۱۲۵

۱۲۶

واقعہ ہے کہ) اللہ نے ابراہیم کو اپنا دوستِ مخلص بنا لیا تھا (جس سے تم بھی انکار نہیں کر سکتے)

۱۲۵ اور (یاد رکھو) جو کچھ آسمانوں میں ہے، اور جو کچھ زمین میں ہے، سب اللہ ہی کے لئے ہے۔ (اُسکے سوا کوئی نہیں) اور وہ (اپنے علم و قدرت سے) ہر چیز کا احاطہ کئے ہوئے ہے!

۱۲۶ اور (اے پیغمبر!) لوگ تم سے عورتوں کے بارے میں فتویٰ طلب کرتے ہیں (یعنی حکم دریافت کرتے ہیں) تم کہدو، اللہ تمھیں اُن کے بارے میں حکم دیتا ہے (جواب بیان کیا جائے گا) نیز وہ تمھیں یتیم عورتوں کی نسبت حکم دیتا ہے جو تمھیں قرآن میں سُنایا جا رہا ہے (اور پہلے نازل ہو چکا ہے کہ اُنکے ساتھ ناانصافی نہ کرو) وہ یتیم عورتیں (جو تمھاری سرپرستی میں ہوتی ہیں) اور جنھیں تم اُن کا حق (جو وراثت میں) اُنکے لئے ٹھیرایا جا چکا ہے، نہیں دیتے، اور چاہتے ہو کہ (اُنکے مال پر قابض ہو جانے کے لئے خود) اُن سے نکاح کرلو۔

نیز جو کچھ بے بس (یتیم لڑکوں) کی نسبت قرآن میں سُنایا جا رہا ہے (اور پہلے نازل ہو چکا ہے) تو اُس بارے میں بھی خدا تمھیں حکم دیتا ہے (کہ اُنکے حقوق تلف نہ کرو)

اور نیز وہ حکم دیتا ہے کہ یتیموں کے معاملہ میں (خوا

یہاں سلسلۂ بیان پھر قرابت داروں کے حقوق کی طرف پھر گیا ہے جس سے سورت کی ابتدا ہوئی تھی۔ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ سورت کی ابتدا میں یتیموں اور عورتوں کے بارے میں جو احکام نازل ہوئے ہیں، اُن کی نسبت بعض لوگوں نے مزید سوالات کئے تھے۔ اسپر یہ آیات نازل ہوئیں (ابن جریر)

(۱) عرب جاہلیت میں دستور تھا، اگر یتیم لڑکی خوبصورت اور مالدار ہوتی، تو اُس کا سرپرست اُسکے مال پر قبضہ کر لینے کے لئے خود نکاح کر لیتا۔ اگر خوبصورت نہ ہوتی تو دوسرے سے نکاح کرا دیتا، مگر اس شرط پر کہ اُسکے مال کا ایک حصہ اُسے مل جائے یا اُس کا مہر خود لے لے۔ یا پھر یتیم لڑکیوں کا نکاح ہی نہ ہونے دیتے، تاکہ شوہر کے یہاں جا کر اپنے مال کا مطالبہ نہ کر سکیں۔

قرآن نے اس ظلم صریح سے سورت کی ابتدا میں بھی روکا تھا، یہاں بھی مزید تاکید کی۔ پیرایۂ بیان سے یہ بات بھی واضح ہوگئی کہ جس بات سے روکا گیا ہے، وہ یتیم لڑکیوں کی حق تلفی ہے، اگر سرپرست کی نیت بخیر ہو، تو اُسکے لئے خود نکاح کر لینا ممنوع نہیں۔

(۲) پہلے بار بار اس بات سے روکا گیا تھا کہ بیوی کے مال پر قبضہ کرنے کے لئے زبردستی نہ کرو۔ یہاں بتلایا کہ اگر ایک عورت شوہر کو اپنے سے پھرا ہوا دیکھے اور اُسے خوش کرنے کے لئے اپنے حق میں سے کچھ چھوڑ دے، اور میاں بیوی اس پر میل ملاپ کر لیں، تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔ یہ جبراً مال لینا نہیں ہے۔ باہمی رضامندی سے مصالحت کر لینی ہے۔

(۳) ایک سے زیادہ بیوی کرنے کی صورت میں عدل کی جو شرط لگائی گئی ہے، تو اُس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ تمھاری طبیعت کا قدرتی میلان بھی سب کے ساتھ یکساں ہو۔ کیونکہ ایسا کرنا تمھاری طاقت سے باہر ہے، مقصود یہ ہے کہ جتنی باتیں تمھارے اختیار میں ہیں، اُن میں سب کے ساتھ

١٢٧ وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ وَاُحْضِرَتِ الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَاِنْ

١٢٨ تُحْسِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا

١٢٩ كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا

لڑکیاں ہوں، خواہ لڑکے ہوں، اور تمھاری سرپرستی میں ہوں یا نہ ہوں، ہر حال میں) حق و انصاف کے ساتھ قائم رہو، اور (یاد رکھو) تم بھلائی کی باتوں میں سے جو کچھ کرتے ہو، خدا اس کا علم رکھنے والا ہے (وہ تمھاری نیکی کبھی رائگاں جانے نہ دیگا)

١٢٧ اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے سرکشی یا کنارہ کشی کا اندیشہ ہو، تو شوہر اور بیوی پر کچھ گناہ نہ ہوگا، اگر (مصالحت کی کوئی بات آپس میں ٹھہراکر) مصالحت کرلیں۔ (نا اتفاقی سے) صلح (ہر حال میں) بہتر ہے۔ اور (یاد رکھو انسان کی طبیعت اس طرح کی واقع ہوئی ہے کہ) مال کی حرص سبھی میں ہوتی ہے (عورت چاہتی ہے اُسے زیادہ سے زیادہ ملے۔ مرد چاہتا ہے، کم سے کم خرچ کرے۔ پس ایسا نہ کرو کہ مال کی وجہ سے آپس میں مصالحت نہ ہو) اور اگر تم (ایک دوسرے کے ساتھ) اچھا سلوک کرو، اور (سخت گیری سے) بچو، تو تم جو کچھ کرتے ہو، خدا اسکی خبر رکھنے والا ہے (وہ ضرور تمھیں اس کا اجر نیک عطا فرمائے گا)

١٢٨ اور تم اپنی طرف سے کتنے ہی خواہشمند ہو، لیکن یہ بات تمھاری طاقت سے باہر ہے کہ (ایک سے زیادہ) عورتوں میں (کامل طور پر) عدل کر سکو (کیونکہ دل کا قدرتی میلان تمھارے بس کا نہیں۔ کسی کی طرف زیادہ مائل ہوگا۔ کسی کی طرف کم) پس ایسا نہ کرو کہ کسی ایک ہی کی طرف جُھک پڑو، اور دوسری کو (اس طرح) چھوڑ بیٹھو گویا "معلقہ" ہے (یعنے ایسی عورت ہے کہ نہ تو بیوہ اور مطلقہ ہے کہ اپنا دوسرا انتظام کرے۔ نہ شوہر اُس کا حق ادا کرتا ہے کہ شوہر والی عورت کی طرح ہو۔ بیچ میں پڑی لٹک رہی ہے) اور (دیکھو) اگر تم (عورتوں کے معاملہ میں) درستگی پر رہو، اور (بے انصافی سے) بچو، تو اللہ بخشنے والا، رحمت رکھنے والا ہے (وہ تمھیں اُس بات کے لئے جوابدہ نہیں ٹھہرائے گا جو تمھارے بس کی نہیں ہے)

١٢٩ اور اگر (میاں بی بی میں صلاح کی کوئی صورت بن نہ پڑے، اور ایک دوسرے سے) جُدا ہوجائیں، تو

یکساں سلوک کرو، اور کسی ایک ہی کی طرف جھک نہ پڑو۔ مثلاً سب کو ایک طرح کا مکان دو، ایک طرح کا لباس پہناؤ، ایک ہی طرح کھانے پینے کا انتظام کرو، ایک ہی طرح پر رہو سہو اور شب باش ہو۔ اگر تمھیں اندیشہ ہو کہ ان باتوں میں عدل نہ کر سکو گے، تو پھر ایک سے زیادہ بیوی نہ کرو۔

۱۳۰ يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ
وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى
۱۳۱ السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ۝ وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ
۱۳۲-۱۳۳ وَكِيْلًا ۝ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ۝ مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ
۱۳۴ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ

اللہ اپنے (فضل کی) کشائش سے دونوں کو بے نیاز کر دیگا (یعنے اُن میں سے ہر ایک کے لئے کوئی دوسرا انتظام پیدا ہو جائے گا جو عجب نہیں، پہلے سے بہتر ہو) اور اللہ بڑی وسعت والا، اور (اپنے تمام احکام میں) حکمت رکھنے والا ہے!

۱۳۰ اور (مسلمانو! یاد رکھو) آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے، سب اللہ ہی کے لئے ہے (اُس کے سوا کوئی نہیں) ہم نے یقیناً، اُن لوگوں کو جنھیں تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے، اور (اُسی طرح) خود تم کو بھی یہ حکم دیا کہ اللہ (کی نافرمانی کے نتائج) سے ڈرو (اور احکامِ حق کی پیروی کرو) اور اگر (اس کا حکم) نہ مانو گے، سو (اس سے اُس کی خدائی کا تو کچھ بھی نقصان نہ ہوگا۔ تم خود ہی نقصان اُٹھاؤ گے) آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے، سب اللہ ہی کے لئے ہے، اور وہ بے نیاز ہے، (ساری خوبیوں سے) ستودہ!

بیانِ احکام کے بعد پھر تذکیر و موعظت کے پہلو پر زور دیا گیا کہ اصل شے احکامِ حق کی تعمیل اور استقامت و اخلاص ہے۔
تم سے پہلے کتنی ہی امتیں بدعملی و نافرمانی کی وجہ سے مٹ گئیں۔ اگر خدا چاہے، تو تمھیں بھی کامرانی و اقبال کے میدان سے ہٹا دے، اور تمھاری جگہ دوسروں کو دیدے۔ پس نافرمانی و بدعملی سے بچو۔ اور راہِ حق میں مستقیم ہو جاؤ

۱۳۱ اور (بے شک) اللہ ہی کے لئے ہے۔ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اور (جو اُس کی فرمانبرداری کرے، تو) کارسازی کے لئے اُس کا کارساز ہونا کفایت کرتا ہے!

۱۳۲ لوگو! اگر وہ چاہے تو تمھیں (اقبال و سعادت کے میدان سے) ہٹا دے، اور (تمھاری جگہ) دوسرے لوگ لے آئے۔ وہ بلاشبہ ایسا کرنے پر قادر ہے (کوئی نہیں جو اُس کے احکام و قوانین کا نفاذ روک سکے)

۱۳۳ جو کوئی دُنیا کا ثواب چاہتا ہے، تو (اُسے معلوم ہونا چاہئے کہ) اللہ کے پاس دنیا اور آخرت، دونوں کا ثواب موجود ہے، (اور وہ دونوں کی بخشش رکھتا ہے) اور وہ (سب کچھ) سُننے والا اور دیکھنے والا ہے!

۱۳۴ مسلمانو! ایسے ہو جاؤ کہ انصاف پر پُوری مضبوطی کے ساتھ قائم رہنے والے اور اللہ کے لئے (سچی) گواہی

مسلمانوں کو چاہئے کہ "قوامین بالقسط" ہوں۔ یعنے عدل و انصاف پر اِس مضبوطی سے قائم رہنے والے، کہ کوئی بات بھی انھیں اُن کی

وَلَوْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى بِهِمَا ۣ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا

جگہ سے نہ ہلا سکے!

اور چاہیے کہ اللہ کے لئے گواہی دینے والے ہوں۔ دنیا کی کوئی چیز انھیں سچ کہنے سے نہ روک سکے۔ اگر کسی معاملہ میں سچائی خود اُن کی ذات کے خلاف ہو، یا اُن کے ماں باپ اور عزیز و اقربا کے خلاف ہو، جب بھی انھیں ایسی سچی ہی بات کہنی چاہئے۔ وہ صرف سچائی ہی کے لئے دل و زبان رکھتے ہیں۔

سچی گواہی دینے میں تو کسی کی دولت کا پاس کرو۔ نہ کسی کی محتاجی کا۔ اگر کسی معاملہ میں گواہی دے سکتے ہو تو اس سے پہلو تہی نہ کرو۔ اور جب گواہی دو تو صاف صاف بات کہو۔ گھما پھرا کر نہ کہو کہ حقیقت مشتبہ ہو جائے۔

دینے والے ہو، اگرچہ تمھیں خود اپنے خلاف، یا اپنے ماں باپ اور قرابت داروں کے خلاف ہی دینی پڑے۔ اگر کوئی مالدار ہے، یا محتاج ہے، تو اللہ (تم سے) زیادہ اُن پر مہربانی رکھنے والا ہے (تمھیں ایسا نہیں کرنا چاہیے کہ مالدار کی دولت کی طمع میں یا محتاج کی محتاجی پر ترس کھا کر، سچی بات کہنے سے جھجکو)

پس (دیکھو) ایسا نہ ہو کہ ہوائے نفس کی پیروی تمھیں انصاف سے باز رکھے۔ اور اگر تم (گواہی دیتے ہوئے) بات کو گھما پھرا کر کہوگے (یعنی صاف صاف کہنا نہ چاہوگے) یا گواہی دینے سے پہلو تہی کروگے، تو (یاد رکھو) تم جو کچھ کرتے ہو، اللہ اُس کی خبر رکھنے والا ہے! ۱۳۵

ایمانی خصائل و اعمال پر زور دینے کے بعد یہ حقیقت واضح کی کہ یہ خصائل و اعمال جبھی پیدا ہو سکتے ہیں کہ کامل اور سچی خدا پرستی دلوں میں راسخ ہو جائے۔ کامل اور سچی خدا پرستی یہ ہے کہ خدا پر ایمان لاؤ، اور خدا کی سچائی پر ایمان لاؤ۔ یہ سچائی پیغمبر اسلام پر بھی نازل ہوئی ہے، اور پیغمبر اسلام سے پہلے تمام رسولوں پر بھی نازل ہو چکی ہے۔

اسکے بعد ایمان کی تفصیل بیان کی کہ خدا پر، خدا کے فرشتوں پر، خدا کی کتابوں پر، خدا کے رسولوں پر، اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنا، کامل اور سچا ایمان ہے۔

اسکے بعد منافقوں کی حالت بیان کی ہے کہ اگرچہ انھوں نے بظاہر ایمان کی راہ اختیار کی تھی مگر فی الحقیقت ایمان سے محروم تھے چنانچہ بار بار لائے، اور بار بار الٹے پاؤں پھر گئے۔ سو ایسا ایمان، ایمان نہیں ہے۔ ایسے لوگوں کے لئے نہ تو خدا کی مغفرت ہوگی، نہ ایسوں پر فلاح و کامیابی کی راہ کھلے گی۔

مسلمانو! اللہ پر ایمان لاؤ، اللہ کے رسول پر ایمان لاؤ، اور اُس کتاب پر ایمان لاؤ جو اُس نے اپنے رسول پر نازل کی ہے۔ نیز اُن کتابوں پر جو اُس سے پہلے (دوسرے پیغمبروں پر) نازل کی تھیں۔ اور (دیکھو) جو کوئی اللہ سے انکار کرتا ہے، اور اُس کے فرشتوں، اُس کی کتابوں، اُس کے رسولوں اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا، تو وہ بھٹک کر راہِ راست سے بہت دُور جا پڑا۔ ۱۳۵

جن لوگوں کا حال یہ ہے کہ وہ ایمان لائے، پھر کفر میں پڑ گئے، پھر ایمان لائے، پھر کفر میں پڑ گئے ۱۳۶

۱۳۷ ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ۝ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ

۱۳۸ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمَا ۝ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ط

۱۳۹ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۝ وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ز اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ط اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ جَمِيْعًا ۝

اور پھر برابر کفر میں بڑھتے ہی گئے، تو (فی الحقیقت اُن کا ایمان لانا، ایمان لانا نہ تھا) اللہ اُنھیں بخشنے والا نہیں، اور ہرگز ایسا نہ ہوگا کہ اُنھیں (فلاح و کامیابی کی) کوئی راہ دکھائے۔

۱۳۷ (اے پیغمبر!) تم منافقوں کو یہ خوش خبری سنا دو کہ بلاشبہ اُنکے لئے عذاب دردناک ہی!

۱۳۸ (وہ منافق) جو مسلمانوں کو چھوڑ کر منکرینِ حق کو اپنا رفیق و مددگار بناتے ہیں (اور مسلمانوں کی دوستی پر مسلمانوں کے دشمنوں کی دوستی کو ترجیح دیتے ہیں) تو کیا وہ چاہتے ہیں، اُنکے پاس عزت ڈھونڈھیں؟ (اگر ایسا ہی ہی) تو (یاد رکھیں) عزت جتنی بھی ہی، سب کی سب اللہ ہی کے لئے ہی (یعنے اُسی کے اختیار میں ہی، جسے چاہے دیدے۔ دشمنانِ حق کے ہاتھ میں نہیں ہی، اگرچہ وہ اس وقت عارضی طور پر دُنیوی عزت و شوکت رکھتے ہیں اور پیروانِ حق بے سروساماں و کمزور ہیں)

۱۳۹ اور (دیکھو) اللہ اپنی کتاب میں تمھارے لئے یہ حکم نازل کر چکا ہے کہ جب سنو، خدا کی آیتوں کے ساتھ کفر کیا جا رہا ہے (یعنے اُنھیں سرکشی و شرارت سے جھٹلایا جا رہا ہے) اور اُن کی ہنسی اُڑائی جا رہی ہے، تو (تم اُس مجلس سے ہی اُٹھ جاؤ، اور) جب تک (اس طرح کی باتیں چھوڑ کر) کسی دوسری بات میں لوگ نہ لگ جائیں، اُن کے پاس نہ بیٹھو۔ اگر بیٹھے رہوگے تو تم بھی اُنھی جیسے ہو جاؤ گے۔ (یاد رکھو) خدا منافقوں کو (جو ایسی باتوں میں شریک ہوتے ہیں) اور منکرینِ حق کو (جو اس طرح کی باتیں کرتے ہیں) سب کو جہنم میں اکٹھا کر دینے والا ہے!

آیت (۱۳۹) سے (۱۴۲) تک منافقوں کے اعمال و خصائل بتلائے ہیں:

(۱) چونکہ اُنکے دلوں میں ایمان و یقین نہیں ہی، اس لئے مسلمانوں کی کامیابی پر بھروسہ نہیں رکھتے۔ وہ مسلمانوں کو چھوڑ کر اُن کے دشمنوں کو اپنا دوست بناتے ہیں تاکہ جب وہ فتح مند ہوں تو عزت و کامرانی حاصل کریں۔

(۲) وہ الگ تھلگ رہکر واقعات کی رفتار دیکھتے رہتے ہیں۔ اگر مسلمانوں کو فتح ہوتی ہی، تو فتح کے ثمرات میں حصہ دار بن جاتے ہیں اور کہتے ہیں ہم بھی تمھارے ساتھ تھے۔ اگر دشمنوں کا پلہ بھاری رہتا ہی تو اُن سے جا ملتے ہیں، اور کہتے ہیں اگر لڑائی میں ہم دل سے تمھارے ساتھ نہ ہوتے اور تمھیں نہ بچاتے، تو مسلمانوں نے تمھارا خاتمہ ہی کر دیا تھا

(۳) وہ نماز کے لئے کھڑے ہونگے، تو کاہلی کے ساتھ، گویا مارے باندھے کھڑے ہو گئے ہیں۔ دکھاوے کے لئے تھوڑی بہت قرأت جلد جلد کر لیں گے اور نماز نپٹا کر الگ ہو جائیں گے خشوع و خضوع اور دل کا لگاؤ اُن کی نماز میں نہ ہوگا۔

الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ۧ ١٤٠ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ ١٤١ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ ١٤٢

ان (منافقوں) کا شیوہ یہ ہو کہ وہ تمھاری حالت دیکھتے رہتے اور (تاک کا کے) منتظر رہتے ہیں۔ اگر تمھیں اللہ کے طرف سے فتح ملتی ہو، تو (اپنے کو تمھارا ساتھی ظاہر کرتے ہیں اور) کہتے ہیں "کیا ہم بھی تمھارے ساتھ نہ تھے"؟ اگر منکرینِ حق کے لئے فتح مندی ہوتی ہو تو (اُن کی طرف دوڑتے ہیں اور اپنا احسان جتانے کے لئے) کہتے ہیں "کیا ہم نے ایسا نہیں کیا کہ (جنگ میں) بالکل غالب آگئے تھے لیکن پھر بھی تمھیں مسلمانوں سے بچا لیا (اور مغلوب ہونے نہیں دیا؟) تو (یقین کرو) اللہ قیامت کے دن تم میں (کہ سچے مسلمان ہو) اور ان میں (کہ نفاق میں ڈوبے ہوئے ہیں) فیصلہ کر دیگا، اور (یقین کرو یہ منافق کتنا ہی دشمنوں کا ساتھ دیں، مگر) خدا کبھی ایسا نہیں کریگا کہ کافر، ایمان رکھنے والوں کے خلاف کوئی راہ پالیں۔

منافق (اپنی اس دورنگی چال سے) خدا کو دھوکا دے رہے ہیں (یعنے خدا کے رسول کو اور مسلمانوں کو دھوکے میں رکھنا چاہتے ہیں) اور (واقعہ یہ ہو کہ) خدا اُنھیں دھوکا دینے میں ہرا رہا ہے اور مغلوب کر رہا ہے (کہ مہلت پر مہلت دے رہا ہے اور اس عارضی مہلت کو وہ اپنی کامیابی سمجھ رہے ہیں!)

اور جب یہ نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو کاہلی کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں (جیسے کوئی مارے باندھے کھڑا ہو جائے) محض لوگوں کو دکھانے کے لئے نماز پڑھتے ہیں۔ اور اللہ کا ذکر نہیں کرتے مگر برائے نام

کفر اور ایمان کے درمیان متردّد کھڑے ہیں کہ ادہر رہیں یا اُدہر۔ نہ تو ان کی طرف ہیں نہ اُنکی طرف (یعنے نہ تو مسلمانوں کے طرف ہیں نہ مسلمانوں کے دشمنوں کی طرف) اور حقیقت یہ ہو کہ جس پر اللہ ہی راہ گم کر دے (یعنے اللہ کے ٹھہرائے ہوئے قانون ہدایت و ضلالت کے بموجب راہِ سعادت گم ہو جائے)

(۴) اُن کی ساری باتیں ایسی ہوتی ہیں گویا ایک قدم کفر میں ہو، ایک ایمان میں۔ دونوں کے درمیان متردّد کھڑے ہیں۔ نہ پوری طرح کفر کا ساتھ دے سکتے ہیں، نہ پوری طرح ایمان کا!

آیت (۱۴۱) میں فرمایا "خدا اُنھیں دھوکا دینے میں ہرا رہا ہو اور مغلوب کر رہا ہے" خدا کے ہرانے اور مغلوب کرنے کا مطلب یہ ہو کہ خدا نے دنیا میں اچھوں کی طرح بُروں کو بھی مہلت عمل دے رکھی ہو۔ مگر یہ مہلت اس لئے نہیں ہو کہ خدا کا قانون اُن کی طرف سے غافل ہو، بلکہ اس لئے کہ ہر عمل کا نتیجہ اپنے مقررہ وقت ہی پر ظاہر ہوا کرتا ہے۔ لیکن شریر آدمی اس مہلت سے نڈر ہو جاتا ہے۔ وہ سمجھتا ہو میں جو کچھ بھی کئے جاؤں، میرے لئے کچھ ہونے والا نہیں۔ حالانکہ اُس کے لئے سب کچھ ہونے والا ہے، مگر اپنے مقررہ وقت پر۔

۱۴۳ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ

۱۴۴ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ۝ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِى الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ

۱۴۵ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝

۱۴۶ مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ۝

تو پھر ممکن نہیں، تم اُس کے لئے کوئی راہ نکال سکو!

۱۴۳ مسلمانو! ایسا نہ کرو کہ مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو (جو تمھارے خلاف لڑ رہے ہیں اور تمھاری بربادی پر تُلے ہوئے ہیں) اپنا رفیق و مددگار بناؤ۔ کیا تم چاہتے ہو، خدا کا صریح الزام اپنے اوپر لے لو (جو اس بات سے تمھیں روک رہا ہے اور اسے منافقوں کی سب سے بڑی بدعملی قرار دے رہا ہے؟)

۱۴۴ بلا شبہ منافقوں کے لئے یہی ہونا ہے کہ دوزخ کے سب سے نچلے درجہ میں ڈالے جائینگے اور (اُس دن) کسی کو بھی تم اُن کا رفیق و مددگار نہ پاؤگے (پھر کیا تم چاہتے ہو، اُن کی سی روش تم بھی اختیار کرو؟)

۱۴۵ ہاں، (اُن میں سے) جن لوگوں نے توبہ کرلی، اپنی (عملی) حالت سنوار لی، اللہ (کے حکم) پر مضبوطی کے ساتھ جم گئے، اور اپنے دین میں صرف اُسی کے لئے ہوگئے، تو (بلا شبہ) ایسے لوگ (منافقوں میں سے نہیں سمجھے جائینگے) مومنوں کے ساتھ ہونگے، اور قریب ہے کہ اللہ مومنوں کو (اُن کا) اجر عطا فرمائے، ایسا اجر، جو بہت ہی بڑا اجر ہوگا!

۱۴۶ (لوگو!) اگر تم شکر کرو (یعنے خدا کی نعمتوں کی قدر کرو اور اُنھیں ٹھیک ٹھیک کام میں لاؤ) اور خدا پر ایمان رکھو، تو خدا کو تمھیں عذاب دیکر کیا کرنا ہے؟ (یعنے وہ کیوں تمھیں خواہ مخواہ عذاب دے؟) خدا تو (انسانی اعمال کا) قدر شناس اور (اُن کی حالت کا) علم رکھنے والا ہے۔

۱۴۳ فرمایا، منافقوں کی سی چال اختیار نہ کرو جو اپنی قوم کو چھوڑ کر قوم کے دشمنوں کو اپنا مددگار بناتے ہیں، اور قوم کے مصالح پر اپنی منافقانہ غرضوں کو ترجیح دیتے ہیں۔

اس کے بعد آیت (۱۴۶) میں اس اصل عظیم کی طرف اشارہ کیا کہ عذاب و ثواب اس لئے نہیں ہے کہ خدا خوش ہوکر انعام دینے لگتا ہے، اور جوشِ انتقام میں آکر عذاب میں ڈال دیتا ہے جیسا کہ بُت پرست اپنے دیوتاؤں کی نسبت خیال کرتے تھے، اور یہودی اور عیسائی تصوّر

۱۴۴ میں بھی اس کی آمیزش ہوگئی تھی، بلکہ وہ انسانی عمل کا قدرتی خاصہ و نتیجہ ہے، اور خدا کی حکمت نے ایسا ہی قانون ٹھہرا دیا ہے کہ دُنیا کی ہر چیز کی طرح انسان کے ہر عمل کے لئے بھی ایک خاصہ اور بدلہ ہو۔

آیت (۱۴۷) میں فرمایا، اگر کسی انسان میں کوئی بُرائی ہو، تو اُسے مشہور کرنا اور پکارتے پھرنا، جائز نہیں۔ ہاں اگر کوئی مظلوم ہو، تو وہ ظالم کے خلاف آواز بلند کرسکتا ہے۔ یہاں یہ حکم اس لئے بیان

۱۴۵ کیا گیا کہ منافقوں کی نسبت مسلمانوں کو تنبیہ کرنی تھی۔ ان لوگوں کی بُرائیاں روز بروز آشکارا ہو رہی ہیں، لیکن تمھیں نہیں چاہئے کہ کسی خاص فرد کے پیچھے پڑ جاؤ اور اُسے منافق مشہور کرتے پھرو۔

۱۴۷-۱۴۸ لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ۝ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ۝

۱۴۹ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۝

۱۵۰-۱۵۱ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

---

۱۴۷ خدا کو پسند نہیں کہ تم (کسی کی) بُرائی پکارتے پھرو۔ اِلّا یہ کہ کسی پر ظلم ہوا ہو (اور وہ ظالم کے ظلم کا اعلان کرے) اور (یاد رکھو) خدا سُننے والا، جاننے والا ہے (اُس سے کسی کی کوئی بات پوشیدہ نہیں)

۱۴۸ اگر تم بھلائی کی کوئی بات ظاہر طور پر کرو، یا اُسے پوشیدہ رکھو، یا کسی کی بُرائی سے درگزرو، تو (ہر حال میں تمھارے لئے نیکی واحسان کا اجر ہے، اور دیکھو) اللہ بھی (ہر طرح کی) قدرت رکھتا ہوا (بُرائیوں سے) درگزر کرنے والا ہے!

۱۴۹ جو لوگ اللہ اور اُس کے رسول سے برگشتہ ہیں، اور چاہتے ہیں، اللہ میں اور اُس کے رسولوں میں (بہ اعتبار تصدیق کے) تفرقہ کریں اور کہتے ہیں ہم ان میں سے بعض کو مانتے ہیں بعض کو نہیں مانتے اور چاہتے ہیں، ایمان اور کفر کے درمیان کوئی (تیسری) راہ اختیار کرلیں،

۱۵۰ تو ایسے لوگ یقیناً کافر ہیں (اُن کا بعض رسالتوں پر ایمان رکھنے کا دعویٰ اُنھیں مومن نہیں بنا دے سکتا) اور کافروں کے لئے ہم نے ذلت دینے والا عذاب طیار کر رکھا ہے۔

۱۵۱ اور جو لوگ اللہ اور اُس کے رسولوں پر ایمان لائے، اور اُن میں سے کسی ایک کو بھی دوسروں سے جُدا نہیں کیا (یعنے کسی ایک سے بھی انکار نہیں کیا) تو بلاشبہ ایسے ہی لوگ ہیں کہ (سچے مومن ہیں، اور) عنقریب ہم اُنھیں اُنکے اجر عطا فرمائینگے، اور اللہ

جو لوگ "تفریق بین الرسل" کرتے ہیں یعنے خدا کے کسی پیغمبر کو مانتے ہیں، کسی کو نہیں مانتے، تو وہ چاہتے ہیں، ایمان اور کفر کے درمیان کوئی تیسری راہ ڈھونڈھ نکالیں۔ حالانکہ ایسی راہ کوئی نہیں۔ اگر مانتے ہو تو سب کو مانو۔ اگر انکار کرتے ہو، تو کسی ایک کا انکار بھی سب کا انکار ہے۔ کیونکہ ان کی سچائی ایک ہی ہے، اور سب اُسی سچائی کے پیغامبر تھے۔ لوگوں نے دین کے بارے میں سب سے بڑی گمراہی یہی کی کہ اس حقیقت کو بھول گئے اور ایک دوسرے کو جھٹلانے لگے۔

بیان کا رُخ اب یہودیوں کی طرف پھر رہا ہے۔ کیونکہ مدینہ کے منافقوں میں زیادہ تر یہودی ہی تھے۔ یہودی کہتے تھے، اگر پیغمبر اسلام سچے ہیں تو کیوں اُن پر آسمان سے ایک کتاب اس طرح نازل نہیں ہو جاتی کہ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں؟ فرمایا، اس سے بھی بڑی فرمائش یہ حضرت موسیٰ سے کر چکے ہیں کہ خود خدا کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں۔ پھر اس کا نتیجہ کیا نکلا؟ جو طالب حق ہے، وہ کبھی ایسی فرمائشیں نہیں کرے گا، بلکہ یہ بات دیکھے گا کہ جو تعلیم دی جا رہی ہے وہ کیسی ہے، اور جو تعلیم دینے والا ہے، اُس کا حال کیا ہے۔

اس کے بعد یہودیوں کی اُن تاریخی شقاوتوں کی طرف اشارات کئے ہیں جن سے واضح ہو جاتا ہے کہ حق کے مقابلہ میں انکار و شرارت کرنے والے برابر شرارت کرتے ہی رہے۔ اگر فرمائشی معجزے دکھلا بھی دیئے جائیں، جب بھی جو ماننے والے نہیں ہیں، وہ کبھی نہیں مانیں گے۔

غَفُوۡرًا رَّحِيۡمًا ۝ (۱۵۲) يَسۡـَٔلُكَ اَهۡلُ الۡكِتٰبِ اَنۡ تُنَزِّلَ عَلَيۡهِمۡ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدۡ سَاَلُوۡا مُوۡسٰۤى اَكۡبَرَ مِنۡ ذٰلِكَ فَقَالُوۡۤا اَرِنَا اللّٰهَ جَهۡرَةً فَاَخَذَتۡهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلۡمِهِمۡ‌ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الۡعِجۡلَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَتۡهُمُ الۡبَيِّنٰتُ فَعَفَوۡنَا عَنۡ ذٰلِكَ‌ ۚ وَاٰتَيۡنَا مُوۡسٰى سُلۡطٰنًا مُّبِيۡنًا ۝ (۱۵۳) وَرَفَعۡنَا فَوۡقَهُمُ الطُّوۡرَ بِمِيۡثَاقِهِمۡ وَقُلۡنَا لَهُمُ ادۡخُلُوا الۡبَابَ سُجَّدًا وَّقُلۡنَا لَهُمۡ لَا تَعۡدُوۡا فِى السَّبۡتِ وَاَخَذۡنَا مِنۡهُمۡ مِّيۡثَاقًا غَلِيۡظًا ۝ (۱۵۴) فَبِمَا نَقۡضِهِمۡ مِّيۡثَاقَهُمۡ وَكُفۡرِهِمۡ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتۡلِهِمُ الۡاَنۡۢبِيَآءَ بِغَيۡرِ حَقٍّ وَّقَوۡلِهِمۡ قُلُوۡبُنَا غُلۡفٌ‌

بخشنے والا، رحمت رکھنے والا ہے!

(۱۵۲) (اے پیغمبر!) اہل کتاب (یعنے یہودی) تم سے درخواست کرتے ہیں کہ آسمان سے کوئی کتاب اُن پر نازل کرادو (تاکہ اُنھیں تصدیق ہوجائے کہ تم خدا کے نبی ہو) تو (یہ فرمائش اُنھوں نے تم ہی سے نہیں کی ہے) یہ لوگ اس سے بھی بڑی بات کا سوال موسیٰ سے کرچکے ہیں۔ انھوں نے (یعنے ان کے بزرگوں اور ہم مشربوں نے سینا کے میدان میں) کہا تھا "ہمیں خدا آشکارا طور پر دکھلادو" (یعنے ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں خدا تم سے کلام کررہا ہے) تو اُن کی شرارت کی وجہ سے بجلی (کی ہولناکی) نے اُنھیں پکڑ لیا تھا (اور اس پر بھی وہ نافرمانی و شرارت سے باز نہیں آئے تھے) پھر باوجودیکہ (دینِ حق کی) روشن دلیلیں اُن پر واضح ہوچکی تھیں، وہ (پرستش کے لئے) بچھڑے کو لے بیٹھے، (اور بُت پرستی میں مبتلا ہوگئے) مگر ہم نے اس سے بھی درگزر کی، اور موسیٰ کو (قیامِ حق و شریعت میں) ظاہر و واضح تسلط دیدیا۔[۱]

(۱۵۳) اور پھر (دیکھو، احکامِ حق پر) عہد لینے کے لئے[۲] ہم نے اُن کے سروں پر (کوہ) طور بلند کردیا تھا، (اور انھوں نے اتباعِ حق کا قول و قرار کیا تھا) اسکے بعد ہم نے اُنھیں حکم دیا کہ شہر کے دروازے[۳] میں (خدا کے آگے) جھکے ہوئے داخل ہو (اور فتح و کامیابی کے بعد ظلم و شرارت نہ کرو) اور ہم نے حکم دیا کہ سبت کے دن (کا احترام کرو، اور اُس دن حکمِ شریعت سے) تجاوز نہ کرو۔[۴] ہم نے اُن سے (اتباعِ احکام پر) پکا عہد و میثاق لے لیا تھا۔ (مگر اُنھوں نے ان دونوں حکموں سے بھی نافرمانی کی)

(۱۵۴) پس اُن کے عہد (اطاعت) توڑنے کی وجہ سے، اور اللہ کی آیتیں جھٹلانے کی وجہ سے، اور اس بات کی وجہ سے کہ خدا کے نبیوں کو ناحق قتل کرتے رہے، نیز (اس شقاوت کی وجہ سے کہ) اُنھوں نے کہا "ہمارے دلوں پر (تہ در تہ) غلاف چڑھے ہوئے ہیں"[۵] (اُن میں قبولیتِ حق کی استعداد باقی نہیں

[۱] سورۂ بقرہ میں ان واقعات کی تفصیل گزرچکی ہے۔ آیت (۴۰) تا (۵۳) [۲] سورۂ بقرہ آیت (۷۷) [۳] بقرہ (۵۵) [۴] بقرہ آیت (۶۲) [۵] بقرہ۔ آیت (۸۲) یعنے یہودی، اپنی گمراہی کے جمود کو، استقامت و ثبات حق سمجھتے تھے، اور کہتے تھے، ہمارے دلوں پر تہ در تہ غلاف چڑھے ہوئے ہیں۔ اُن تک کسی نئی بات کا اثر پہنچ ہی نہیں سکتا۔ قرآن کہتا ہے، یہ جمود اُنکے کفر کی وجہ سے ہے، اور جو دل کفر پر جم جاتا ہے، خدا کا قانون ہے کہ اُس

بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ۝ ١٥٥
وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ ١٥٦
وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ۭ مَا لَهُمْ بِهٖ
مِنْ عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۝ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ۭ وَكَانَ
اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ ١٥٧

رہی، اور انکے دلوں پر غلاف چڑھے ہوئے نہیں ہیں) بلکہ خدا نے انکے کفر کی وجہ سے اُن کے دلوں پر مُہر لگا دی ہے، پس (اسی لئے) معدودے چند آدمیوں کے سوا سب ایمان سے محروم ہیں۔

١٥٥ اور (نیز) اس بات کی وجہ سے کہ اُنھوں نے کفر کیا اور مریم کے خلاف ایسی بات کہی جو بڑے ہی بہتان کی بات تھی۔

١٥٦ اور (نیز) ان کا یہ کہنا کہ ہم نے مریم کے بیٹے عیسیٰ کو جو خدا کے رسول (ہونے کا دعویٰ کرتے) تھے (سولی پر چڑھا کر) قتل کر ڈالا۔ حالانکہ (واقعہ یہ ہے کہ) نہ تو انھوں نے قتل کیا، اور نہ سولی پر چڑھا کر ہلاک کیا۔ بلکہ حقیقت اُن پر مشتبہ ہوگئی۔ (یعنے صورت حال ایسی ہوگئی کہ اُنھوں نے سمجھا، ہم نے مسیح کو مصلوب کر دیا، حالانکہ نہیں کر سکے تھے) اور جن لوگوں نے اس بارے میں اختلاف کیا (یعنے عیسائیوں نے جو کہتے ہیں مسیح مصلوب ہوئے لیکن اُس کے بعد زندہ ہوگئے) تو بلاشبہ وہ اسکی نسبت شک و شبہ میں پڑے ہوئے ہیں۔ اس بارے میں انکے پاس کوئی یقینی بات نہیں ہے، بجز اسکے کہ ظن و گمان کے پیچھے جائیں۔ اور یقیناً انھوں نے عیسیٰ کو قتل نہیں کیا، بلکہ اللہ نے اُسے اپنی طرف اُٹھا لیا، اور اللہ سب پر غالب رہنے والا، اور (اپنے تمام کاموں میں) حکمت رکھنے والا ہے۔

یہودیوں کی یہ شقاوت کہ حضرت مسیح علیہ السلام کی دعوت جھٹلائی، اور حضرت مریم علیہا السلام پر (حضرت مسیح کی پیدائش کی نسبت) بہتان باندھا۔ نیز یہ شقاوت کہ وہ کہتے ہیں، ہم نے حضرت مسیحؑ کو سولی پر چڑھا کر ہلاک کر دیا۔ حالانکہ نہ تو وہ ہلاک کر سکے، نہ مصلوب کر سکے، بلکہ حقیقت حال اُن پر مشتبہ ہوگئی، اور اللہ نے حضرت مسیحؑ کو اپنی طرف اُٹھا لیا۔
آیت میں جس اشتباہ کا ذکر ہے، اُس کے یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ حضرت مسیح کی شخصیت مشتبہ ہوگئی، اور اُن کی جگہ کسی دوسرے آدمی کو سولی پر چڑھا دیا، اور یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ حضرت مسیح کی موت مشتبہ ہوگئی۔ وہ زندہ تھے مگر اُنھیں مردہ سمجھ لیا۔ صدر اول سے لیکر آج تک جمہور مسلمانوں کا عقیدہ یہی رہا ہے کہ پہلی صورت پیش آئی تھی۔
حضرت مسیح (علیہ السلام) کے ظہور نے بنی اسرائیل کی صلاح و سعادت کا آخری موقع بہم پہونچایا تھا، جسے انھوں نے اپنی شقاوت سے کھو دیا، اور پھر گویا اُن کی قسمت پر ہمیشہ کے لئے مہر لگ گئی۔ یہاں اس واقعہ کے ذکر سے یہ بات دکھلائی ہے کہ جن لوگوں کی شقاوتوں کی ایسی روئداد رہ چکی ہے، اگر وہ آج دعوت حق کا مقابلہ کر رہے ہیں تو یہ کونسی انوکھی بات ہے؟

١٥٧ اور (دیکھو) اہل کتاب میں سے (یعنے یہودیوں میں سے جنھوں نے مسیح سے انکار کیا) کوئی نہ ہوگا جو

(بقیہ نوٹ صفحہ ۳۰۰) مُہر لگ جاتی ہے، اور وہ سچائی کے لئے کبھی کھل نہیں سکتا۔

إِلَّا لَيُؤْمِنَنَّ بِهِ قَبْلَ مَوْتِهِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُونُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا ۝ فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِينَ هَادُوا حَرَّمْنَا ۱۵۸

عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ أُحِلَّتْ لَهُمْ وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ كَثِيرًا ۝ وَّأَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَنُهُوا عَنْهُ ۱۵۹

وَأَكْلِهِمْ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ۚ وَأَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِينَ مِنْهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝ لٰكِنِ الرّٰسِخُونَ ۱۶۰

فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُونَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيمِينَ الصَّلٰوةَ

وَالْمُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ أُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ ۱۶۱

اپنی موت سے پہلے (حقیقتِ حال پر مطلع نہ ہو جائے، اور) اُس پر (یعنے مسیحؑ کی صداقت پر) ضرور ہی یقین نہ لے آئے (کیونکہ مرنے کے وقت غفلت و شرارت کے تمام پردے ہٹ جاتے ہیں، اور حقیقت سامنے آجاتی ہے) اور قیامت کے دن وہ (اللہ کے حضور) اُن پر شہادت دینے والا ہوگا۔

۱۵۸ الغرض یہودیوں کے اس ظلم کی وجہ سے ہم نے (کئی ایک) اچھی چیزیں اُن پر حرام کر دیں جو (پہلے) اُن کے لئے حلال تھیں۔ اور نیز اس وجہ سے کہ وہ لوگوں کو اللہ کی راہ سے بہت روکنے لگے تھے (اور ہدایت کی راہ میں سرتاسر روک ہو گئے تھے)

۱۵۹ نیز اُن کی یہ بات کہ سود لینے لگے، حالانکہ اس سے روک دیئے گئے تھے، اور یہ بات کہ ناجائز طریقہ پر لوگوں کا مال کھانے لگے (حالانکہ انھیں ہر حال میں اور ہر انسان کے ساتھ راستی و دیانت برتنے کا حکم دیا گیا تھا) اور (یاد رکھو) ان میں جو لوگ (اس طرح احکامِ حق کے) منکر ہو گئے، تو ہم نے اُن کے لئے (پاداشِ عمل میں) عذاب دردناک طیار رکھا ہے!

> ۱۵۸ جب کسی جماعت میں راست بازی اور پرہیزگاری باقی نہیں رہتی، تو مباح اور جائز باتوں کا بھی اس طرح استعمال کرتی ہے کہ طرح طرح کی برائیوں کا ذریعہ بن جاتی ہیں، اور اُس وقت مصلحِ کے لئے ضروری ہو جاتا ہے کہ سدًا للذریعہ اُن جائز باتوں کو بھی عارضی طور پر روک دے۔ چنانچہ یہودیوں کی بے لگام طبیعت کا یہی حال تھا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ کتنی ہی حلال چیزیں جن کے لئے پہلے کوئی روک ٹوک نہ تھی مصلحتًہ روک دی گئیں۔ یہاں اسی معاملہ کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔
>
> ۱۵۹ اسکے بعد اُن کی اس گمراہی کی طرف اشارہ کیا گیا کہ سود لینے سے انھیں روکا گیا تھا، لیکن وہ باز نہ آئے، اور بندگانِ خدا کا ناجائز طریقہ پر مال کھانے لگے۔

۱۶۰ لیکن (اے پیغمبر!) ان میں سے جو لوگ (کتاب اللہ کے) علم میں ثابت قدم ہیں، تو وہ، اور مسلمان (ان گمراہیوں سے اپنی راہ الگ رکھتے ہیں۔ وہ) اُس کتاب پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو تم پر نازل ہوئی ہے اور اُن تمام کتابوں پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو تم سے پہلے نازل ہو چکی ہیں۔ اور وہ جو نماز قائم کرنے والے ہیں، زکوٰة ادا کرنے والے ہیں، اور اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں۔ تو ایسے ہی لوگ ہیں جنھیں ہم عنقریب اُن کا اجر عطا فرمائینگے۔ ایسا اجر جو بہت ہی بڑا اجر ہوگا!

۱۶۱ (اے پیغمبر!) ہم نے تمھاری طرف اُسی طرح وحی

> وحدتِ دین کی اصلِ عظیم کا اعلان کہ نوعِ انسانی کے لئے خدا کی سچائی

إِنَّا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ كَمَا أَوْحَيْنَا إِلَىٰ نُوحٍ وَالنَّبِيِّينَ مِن بَعْدِهِ ۚ وَأَوْحَيْنَا إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ وَعِيسَىٰ وَأَيُّوبَ وَيُونُسَ وَهَارُونَ وَسُلَيْمَانَ ۚ وَآتَيْنَا دَاوُودَ زَبُورًا ۝ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنَاهُمْ عَلَيْكَ مِن قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۚ وَكَلَّمَ اللَّهُ مُوسَىٰ تَكْلِيمًا ۝ ۱۶۲ رُّسُلًا مُّبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَى اللَّهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ ۚ وَكَانَ اللَّهُ عَزِيزًا حَكِيمًا ۝ ۱۶۳ لَّٰكِنِ اللَّهُ يَشْهَدُ بِمَا أَنزَلَ إِلَيْكَ ۖ أَنزَلَهُ بِعِلْمِهِ ۖ وَالْمَلَائِكَةُ يَشْهَدُونَ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ۝ ۱۶۴

ایک ہی ہے، اور تمام رہنماؤں نے اسی کی تعلیم دی ہے۔ یہ پیروانِ مذاہب کی گمراہی ہے کہ گروہ بندیاں کر کے الگ الگ دین بنا لئے، اور ایک دوسرے کو جھٹلانے لگے۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ:

(۱) قرآن نے بعض پیغمبروں کا ذکر کیا ہے بعض کا نہیں کیا ہے لیکن وہ سب کی تصدیق کرتا اور سب پر ایمان لانے کا حکم دیتا ہے۔

(۲) کوئی عہد اور کوئی ملک ایسا نہیں جہاں خدا نے پیغمبر نہ پیدا کئے ہوں۔ کیونکہ اگر وہ ایسا نہ کرتا تو حجت تمام نہ ہوتی، اور لوگ یہ عذر کر سکتے کہ ہم تک ہدایت نہ پہنچی۔

(۳) اس سے پہلے آیت (۱۶۰) میں فرمایا تھا جو لوگ علمِ حق میں ثابت قدم ہیں، وہ قرآن پر بھی اسی طرح ایمان رکھتے ہیں جس طرح پچھلی کتابوں پر رکھتے ہیں، اس لئے اب یہ حقیقت واضح کر دی کہ خدا کا دین ایک ہی ہے، اور جس طرح اس سے پہلے بے شمار پیغمبروں پر خدا کی سچائی نازل ہو چکی ہے، اسی طرح پیغمبرِ اسلام پر بھی نازل ہوئی ہے۔

(۴) نیز یہودیوں کے اس گمراہانہ اعتراض کا بھی جواب ہو گیا کہ آسمان سے ایک لکھی لکھائی کتاب کیوں نہیں اتر آتی۔ فرمایا، یہ بے شمار نبی جو تورات کی مشہور شخصیتیں ہیں ان میں سے کسی پر بھی ایسی کتاب نازل نہیں ہوئی۔ کیونکہ ایسا ہونا سنتِ الٰہی کے خلاف ہے۔ جس طرح خدا نے ہمیشہ نبیوں کو اپنی وحی سے مخاطب کیا ہے، اور "وحی" اشارۂ مخفی کو کہتے ہیں، اسی طرح پیغمبرِ اسلام بھی وحیِ الٰہی سے مخاطب ہوئے ہیں۔

بھیجی جس طرح نوح پر اور ان نبیوں پر جو نوح کے بعد ہوئے بھیجی تھی اور جس طرح ابراہیم، اسمٰعیل، اسحاق، یعقوب، اولادِ یعقوب، عیسیٰ، ایوب، یونس، ہارون اور سلیمان پر بھیجی، اور داؤد کو زبور عطا فرمائی۔ نیز خدا کے وہ رسول ۱۶۲ جن کا حال ہم (قرآن میں) پہلے سنا چکے ہیں، اور وہ جن کا حال ہم نے تمہیں نہیں سنایا، اور (اسی طرح) اللہ نے موسیٰ سے کلام کیا جیسا کہ واقعی طور پر کلام کرنا ہوتا ہے یہ تمام رسول (خدا پرستی و نیک عملی کے نتائج کی) ۱۶۳ خوش خبری دینے والے اور (انکارِ حق کے نتائج سے) ڈرانے والے تھے۔ (اور اس لئے بھیجے گئے تھے) کہ ان کے آنے (اور نیک و بد بتلانے) کے بعد لوگوں کے پاس کوئی حجت باقی نہ رہے جو وہ خدا کے حضور پیش کر سکیں (یعنی یہ عذر کر سکیں کہ ہمیں راہِ حق کی طرف کسی نے دعوت نہیں دی تھی) اور خدا (اپنے کاموں میں) سب پر غالب ہے اور (اپنے تمام کاموں میں) حکمت رکھنے والا ہے!

۱۶۴ (اے پیغمبر! اگر یہ لوگ تمہاری سچائی سے انکار کرتے ہیں، تو انکار کریں) لیکن اللہ نے جو کچھ تم پر نازل کیا ہے، وہ اسے نازل کر کے (تمہاری سچائی کی) گواہی دیتا ہے، اور اس نے اسے اپنے علم کے ساتھ نازل کیا ہے، اور (خدا کے) فرشتے بھی اس کی گواہی دیتے ہیں، اور جس بات پر اللہ گواہی دے تو اللہ کی گواہی کفایت کرتی ہے۔

۱۶۵-۱۶۶ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ صَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ ظَلَمُوْا لَمْ
۱۶۷ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَ لَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا۝ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ وَ كَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ
۱۶۸ يَسِيْرًا۝ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ
۱۶۹ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا۝ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ وَ لَا تَقُوْلُوْا
عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ كَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَاۤ اِلٰى مَرْيَمَ وَ رُوْحٌ مِّنْهُ ؗ

۱۶۵ جو لوگ (سچائی سے) منکر ہوئے، اور خدا کی راہ سے لوگوں کو روکا، تو بلاشبہ وہ (راہ راست سے) بھٹک گئے، اور ایسے بھٹکے کہ دُور دراز گوشوں میں گم ہو گئے۔

۱۶۶ جن لوگوں نے کفر کیا اور ظلم (میں بھی بے باک ہو گئے اور مرتے دم تک اسی حالت میں سرشار رہے) تو خدا
۱۶۷ اُنھیں کبھی بخشنے والا نہیں، اور نہ اُنھیں (کامیابی و سعادت کی) کوئی راہ دکھائے گا۔ بجز جہنم کی راہ کے جہاں وہ ہمیشہ رہینگے، اور اللہ کے لئے ایسا کرنا بالکل سہل ہو (کوئی نہیں جو اُسکے قوانین کے نفاذ میں رکاوٹ ڈال سکے)

۱۶۸ اے افرادِ نسل انسانی! بلاشبہ الرسول (یعنے پیغمبر اسلام) تمھارے پروردگار کی طرف سے تمھارے پاس سچائی کے ساتھ آگیا ہو (اور اُس کی سچائی اب کسی کے جھٹلائے جھٹلائی نہیں جا سکتی) پس ایمان لاؤ کہ تمھارے لئے (اسی میں) بہتری ہو، اور (دیکھو اگر تم کفر کروگے، تو آسمان و زمین میں جو کچھ ہو سب اللہ ہی کے لئے ہو (وہ بے نیاز تمھاری کسی بات کا محتاج نہیں۔ تمھاری شقاوت خود تمھارے ہی آگے آئے گی) اور (یاد رکھو) اللہ (سب کچھ) جاننے والا، اور (اپنے تمام کاموں میں) حکمت رکھنے والا ہو۔ (پس ایسا نہیں ہو سکتا کہ وہ تمھاری حالت سے غافل ہو اور اچھائی کے لئے اچھا اور بُرائی کے لئے بُرا نتیجہ پیش نہ آئے)

۱۶۹ اے اہل کتاب! اپنے دین میں غلو نہ کرو (یعنے حقیقت و اعتدال سے گزر نہ جاؤ) اور اللہ کے بارے میں حق کے سوا اور کچھ نہ کہو۔ مریم کا بیٹا عیسیٰ مسیح، اسکے سوا کچھ نہیں ہو کہ اللہ کا رسول ہو اور اُس کے کلمہ (بشارت) کا ظہور ہو جو مریم پر القا کیا گیا تھا۔ نیز ایک روح ہو جو اُس کی جانب سے بھیجی گئی۔

اہل کتاب کی ایک بہت بڑی گمراہی دین میں "غلو" ہے یعنی حقیقت و اعتدال سے متجاوز ہو کر بہت دور تک چلے جانا۔ اگر کسی کی محبت و تعظیم پر آئے، تو اتنی تعظیم کی کہ اُسے خدا کے درجہ تک پہنچا دیا۔ مخالفت پر آئے تو اتنی مخالفت کی کہ اُس کی صداقت سے ہی انکار کر دیا۔
اگر زہد و عبادت کی راہ اختیار کی تو اتنی دُور تک چلے گئے کہ رہبانیت تک پہنچ گئے، اگر دُنیا کے پیچھے پڑے تو اتنے چھوٹے ہو گئے کہ نیک و بد کی تمیز ہی اُٹھا دی!

فَآمِنُوا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۖ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ۚ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۚ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۖ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ
يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۗ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ۝ لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ ١٧٠
يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۗ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ ١٧١
اِلَيْهِ جَمِيْعًا ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَ ١٧٢
اَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا ١٧٣
وَّلَا نَصِيْرًا ۝ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ۝ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ١٧٤
بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۝

پس چاہیئے کہ اللہ پر اور اُسکے رسولوں پر ایمان لاؤ، اور یہ بات نہ کہو کہ خدا تین ہیں۔ دیکھو ایسی بات کہنے سے باز آجاؤ کہ تمھارے لئے بہتری ہو۔ حقیقت اسکے سوا کچھ نہیں ہو کہ اللہ ہی اکیلا معبود ہو (اُس کے سوا کوئی نہیں) وہ اس سے پاک ہو کہ اُسکے لئے کوئی بیٹا ہو۔ آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اُسی کے لئے ہو (وہ بھلا اپنے کاموں کے لئے اس بات کا کیوں محتاج ہو کہ کسی کو بیٹا بنا کر دنیا میں بھیجے؟) کارسازی کے لئے خدا کا کارساز ہونا بس ہو۔

یہود و نصاریٰ اسی گمراہی کے شکار ہوئے۔ یہاں خطاب عیسائیوں سے ہو کہ انھوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی محبت و تعظیم میں اس قدر غلو کیا کہ انھیں خدا کا بیٹا بنا دیا، اور ایک خدا کی جگہ تین خداؤں کا عقیدہ پیدا کر لیا۔ یعنے باپ، بیٹا اور روح القدس۔

١٧٠ مسیح کو ہرگز اس بات میں عار نہیں کہ وہ خدا کا بندہ سمجھا جائے، اور نہ خدا کے مقرب فرشتوں کو اس سے ننگ و عار ہو۔ ١٧١ اور جو کوئی خدا کی بندگی میں ننگ و عار سمجھے اور تکبر کرے، تو (وہ تکبر کرکے کہاں جا سکتا ہے؟) وہ وقت دور نہیں کہ خدا سب کو (قیامت کے دن) اپنے حضور جمع کرے گا۔

١٧٢ پھر (اُس دن) ایسا ہوگا کہ جو لوگ ایمان لائے ہیں اور نیک کام کئے ہیں تو اُن کی نیکیوں کا پورا پورا بدلہ اُنھیں دے دے گا، اور اپنے فضل سے اس میں زیادتی بھی فرما دے گا۔ لیکن جن لوگوں نے (خدا کی) بندگی کو ننگ و عار سمجھا تھا اور تکبر کیا تھا، تو انھیں (پاداش جرم میں) ایسا عذاب دیگا جو دردناک عذاب ہوگا ١٧٣ اور (اُس دن) انھیں خدا کے سوا نہ تو کوئی رفیق ملیگا، نہ مددگار!

١٧٤ اے افراد نسل انسانی! تمھارے پاس تمھارے پروردگار کی طرف سے برہان (یعنے دلیل و حجت) آگئی، اور ہم نے تمھاری طرف واضح و آشکار روشنی بھیج دی۔ پس جو لوگ اللہ پر ایمان لائے، اور اُس کا سہارا مضبوط پکڑ لیا، تو وہ انھیں عنقریب اپنی رحمت کے سایہ میں داخل کر دے گا، اور ان پر اپنا فضل کرے گا، اور انھیں اپنے تک پہنچنے کی راہ دکھائے گا۔ یہی راہ جو بالکل سیدھی راہ ہے!

دین میں "برہان" ہے۔ یعنے سرتا سر دلیل و حجت، اور قرآن نور مبین ہے۔ یعنے واضح و آشکار روشنی۔ برہان کے ساتھ جہل و گمان جمع نہیں ہو سکتا اور روشنی کے ساتھ تاریکی و گمراہی راہ نہیں پا سکتی۔

١٧٥ يَسْتَفْتُونَكَ ۚ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ۚ إِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ لَيْسَ لَهُ وَلَدٌ وَّلَهُ أُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَا إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ۚ وَإِنْ كَانُوا إِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ ۗ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ أَنْ تَضِلُّوا ۗ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۠

١٧٥ (اے پیغمبر!) لوگ تم سے کلالہ کے بارے میں (یعنے ایسے آدمی کی میراث کے بارے میں جس کے نہ تو باپ ہو، نہ اولاد) فتویٰ طلب کرتے ہیں۔ کہدو اللہ تمھیں کلالہ کے بارے میں (حسبِ ذیل) حکم دیتا ہے:
اگر کوئی ایسا مرد مرجائے جس کے اولاد نہ ہو (اور نہ باپ دادا) اور اُس کے بہن ہو، تو جو کچھ مرنے والا چھوڑ مرا ہے، اُس کا آدھا بہن کا حصہ ہوگا۔ اور بہن مرجائے اور اُس کے اولاد نہ ہو، تو اُس (کے سارے مال) کا وارث وہ بھائی ہی ہوگا۔
پھر اگر دو بہنیں ہوں (یا دو سے زیادہ) تو انھیں ترکے میں سے دو تہائی ملے گا۔
اور اگر بھائی بہن (ملے جلے ہوں) کچھ مرد، کچھ عورتیں، تو پھر (اسی قاعدے سے حصے تقسیم ہونگے کہ) مرد کے لئے دو عورتوں کے برابر حصہ۔ اللہ تمھارے لئے اپنے احکام واضح کردیتا ہے تاکہ گمراہ نہ ہو، اور اللہ تمام باتوں کا علم رکھنے والا ہے!

سورت کی ابتدا قرابت داروں کے حقوق و احکام سے ہوئی تھی۔ پھر درمیان میں بھی سلسلۂ بیان اسی طرف کو پھر گیا تھا۔ اب سورت کا خاتمہ بھی اسی پر ہے۔
کلالہ کی میراث کا حکم جو آیت (١٥) میں گزر چکا ہے، تین صورتوں میں سے صرف ایک صورت کے لئے تھا۔ یہاں بقیہ دو صورتیں بھی بیان کردی ہیں۔ یعنے اگر کلالہ کے وارث عینی بھائی بہن ہوں، یا علاتی ہوں (باپ ایک، مائیں مختلف)، تو ورثہ کی تقسیم بیان کردہ اصول پر کیجائے۔

المائدة

مدنیة وهی مائة وعشرون اٰیة

مدنی - ١٢٠ - آیتیں

بسم الله الرحمن الرحيم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّيْنَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا

"مسلمانو! اپنے معاہدے پورے کرو" یعنے احکام الٰہی کی اطاعت کا جو عہد کر چکے ہو، اُسے سچائی کے ساتھ پورا کرو۔ سچائی کے ساتھ پورا کرنا یہ ہے کہ جن باتوں کے کرنے کا حکم دیا جائے، کرو، جن سے روکے جاؤ رُک جاؤ۔ چنانچہ اسکے بعد اوامر و نواہی کا بیان شروع ہوجاتا ہے اور پوری سورت میں جستہ جستہ حسب ضرورت و مناسبت جاری رہتا ہے۔

(١) چار پایوں کا گوشت حلال ہے۔ بجز اُنکے جو آگے چلکر مستثنیٰ کردیئے گئے ہیں۔ یہاں "انعام" کا لفظ آیا ہے۔ "انعام" کا زیادہ تر اطلاق اونٹ، گائے، اور بھیڑ بکری پر ہوتا ہے۔

(٢) حج اور عمرہ کے لئے جب احرام باندھ لیا، تو یہ احرام کی حالت ہے۔ احرام کی حالت میں شکار کرنا جائز نہیں۔

(٣) خدا کے شعائر کی بے حرمتی جائز نہ رکھو۔ یعنے جو مقدس نشانیاں خدا پرستی کی ٹھہرادی گئی ہیں، اور جو رسوم و آداب بن چکے ہیں اُنکی بے حرمتی نہ کرو۔

(٤) "ماہ" انجملہ حرمت کے مہینے ہیں۔ یعنے ذیقعدہ، ذی الحجہ، محرم، رجب، انہی مہینوں میں حاجیوں کی آمد و رفت رہتی ہے۔ پس ان میں جنگ نہ کرو، اور حاجیوں کے جان و مال کو نقصان نہ پہنچاؤ۔ البتہ اگر دشمنوں کی طرف سے حملہ ہوجائے تو تمھیں لڑنا پڑیگا۔ جیسا کہ سورۂ بقر کی آیت (١٩٠) میں حکم دیا جا چکا ہے۔

(٥) نہ تو قربانی اور نیاز کے جانوروں کو لوٹو، جو دُور دُور سے مکہ میں لائے جاتے ہیں، نہ حاجیوں اور تاجروں کو نقصان پہنچاؤ جو خدا کی عبادت کے لئے اور کاروبار تجارت کے لئے مکہ کا قصد کرتے ہیں مقدس مقام کے جانے والوں کو نقصان پہنچانا، اُس مقام کی توہین کرنا ہے۔

مسلمانو! اپنے معاہدے پورے کرو!

تمھارے لئے مویشی جانور حلال کردیئے گئے ہیں (یعنے اُن کا گوشت کھانا حلال کردیا گیا ہے) مگر وہ، جن کی نسبت (آگے چلکر) حکم سنایا جائیگا۔ لیکن جب احرام کی حالت میں ہو، تو شکار کرنا حلال نہ سمجھو۔ بلاشبہ اللہ جیسا کچھ چاہتا ہے، حکم دیدیتا ہے! ١

مسلمانو! خدا کے شعائر کی (یعنے خدا پرستی کی مقررہ نشانیوں اور آداب و رسوم کی) بے حرمتی نہ کرو۔ اور نہ اُن مہینوں کی بے حرمتی کرو جو حرمت کے مہینے ہیں۔ اور نہ (حج کی) قربانی کی۔ نہ اُن جانوروں کی، جن کی گردنوں میں (بطور علامت کے) پٹے ڈال دیئے ہیں (اور کعبہ پر چڑھانے کے لئے دُور دُور سے لائے جاتے ہیں)، نیز اُن لوگوں کی بھی بے حرمتی نہ کرو (یعنے اُن کی راہ میں رکاوٹ نہ ڈالو اور انھیں کسی طرح کا نقصان نہ پہنچاؤ) جو بیت حرام (یعنے کعبہ) کا قصد کرتے ہیں اور اپنے پروردگار کا فضل اور اُسکی خوشنودی ڈھونڈتے ہیں۔ ٢

له قرآن کا اسلوب بیان یہ ہے کہ وہ مال و دولت کو خدا کے فضل سے تعبیر کرتا ہے۔ اس لئے یہاں فضل سے مقصود کاروبار تجارت اور اُس کا فائدہ ہے۔

وَإِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوا ۚ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ أَنْ صَدُّوكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ أَنْ تَعْتَدُوا ۘ وَتَعَاوَنُوا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوَىٰ ۖ وَلَا تَعَاوَنُوا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۖ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللَّهِ بِهِ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ

اور جب تم احرام کی حالت سے باہر آجاؤ (یعنی حج و عمرہ سے فارغ ہو کر احرام اتار دو) تو پھر شکار کر سکتے ہو اور (دیکھو) ایسا نہ ہو کہ ایک گروہ کی دشمنی تمھیں اس بات پر ابھار دے کہ زیادتی کرنے لگو کیونکہ انھوں نے مسجد حرام سے تمھیں روک دیا تھا۔ (تمھارا دستور العمل تو یہ ہونا چاہیے کہ) نیکی اور پرہیزگاری کی بات میں ایک دوسرے کی مدد کرو۔ گناہ اور ظلم کی بات میں مدد نہ کرو۔ اور (دیکھو) اللہ کی (نافرمانی کے نتائج) سے ڈرو۔ یقیناً وہ (پاداش عمل میں) سخت سزا دینے والا ہے!

(مسلمانو!) تم پر (یہ چیزیں) حرام کر دی گئی ہیں:

مردار جانور۔

خون۔

سور کا گوشت۔

وہ (جانور) جو غیر خدا کے نام پر پکارا جائے۔

گلا گھونٹ کر مارا ہوا۔

چوٹ لگا کر مارا ہوا۔

وہ جو بلندی سے گر کر مر جائے۔

وہ، جو کسی جانور کے سینگ مارنے سے مر جائے۔

(۶) مشرکین مکہ نے تمھیں مسجد حرام سے روکا تھا، تو اب اسکے انتقام میں ایسا نہ کرو کہ ان کی جو جماعت حج و زیارت کے لئے جا رہی ہو اسے روک دو یا اس پر حملہ کر دو۔ ایک دوسرے کے ساتھ معاملہ کرنے میں تمھارا دستور العمل یہ ہونا چاہیے کہ "نیک کام میں مدد کرنا۔ برائی میں نہ کرنا" وہ ظلم کریں تو یہ برائی ہے۔ اس میں مدد نہ کرو۔ لیکن اگر حج و زیارت کو جائیں تو یہ بھلائی کی بات ہے، اس میں کیوں رکاوٹ ڈالو؟

اس آیت میں جو قاعدہ بنایا گیا ہے، وہ مسلمانوں کے تمام کاموں کے لئے ایک عام دستور العمل ہے۔ جو کوئی نیک کام کرے، اس کی مدد کرو۔ اگرچہ مسلمان نہ ہو، اور اگرچہ مخالف ہو۔ جو کوئی برائی کرے، اس کی مدد نہ کرو۔ اگرچہ مسلمان ہو، اور اگرچہ تمھارا ساتھی ہو۔ نیز یہ بات بھی معلوم ہو گئی کہ اگر بت پرست بھی خدا کی تعظیم و عبادت کی کوئی بات کریں، تو اسکی بے حرمتی نہیں کرنی چاہیے کیونکہ خدا کی تعظیم و عبادت بہرحال خدا ہی کی تعظیم و عبادت ہے۔

آیت (۵) میں دین کی تکمیل کا اعلان ہے۔ سورہ بقرہ کی آیت (۱۲۲) میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا نقل کی تھی کہ ان کی ذریت میں امت مسلمہ پیدا ہو جائے۔ پھر آیت (۱۴۵) میں فرمایا تھا، خدا چاہتا ہے تم پر اپنی نعمت پوری کر دے۔ یہاں فرمایا، آج کے دن خدا نے تم پر اپنی نعمت پوری کر دی، اور امت مسلمہ اپنے تمام مقاصد و خصائص کے ساتھ ظہور میں آگئی۔

یہ آیت حجۃ الوداع کے موقع پر نازل ہوئی تھی جو پیغمبر اسلام (صلعم) کا آخری حج تھا، اور جس کے تقریباً تین ماہ بعد وہ دنیا سے تشریف لے گئے۔ (بخاری عن عمر)

وَالنَّطِيحَةُ وَمَآ أَكَلَ السَّبُعُ إِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَأَن تَسْتَقْسِمُوا بِالْأَزْلَامِ ۚ ذَٰلِكُمْ فِسْقٌ ۗ الْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن دِينِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۚ الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ فِي مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّإِثْمٍ ۙ فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿٥﴾ يَسْأَلُونَكَ مَاذَا أُحِلَّ لَهُمْ ۖ قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبَاتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُم مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِينَ تُعَلِّمُونَهُنَّ ﴿٦﴾

وہ، جسے درندہ پھاڑ کھائے۔

مگر ہاں، وہ (حرام نہیں) جسے تم (اُس کے مرنے سے پہلے) ذبح کر لو[1]

وہ جانور جو کسی تھان پر (چڑھا کر) ذبح کیا جائے۔ (یعنے اُن مقامات میں ذبح کیا جائے، جو بت پرستوں نے نذر و نیاز چڑھانے کے لئے ٹھہرا رکھے ہیں)

اور یہ بات بھی کہ (کسی جانور کا گوشت یا کوئی اور چیز بطور جوئے کے) تیروں کے پاسوں سے آپس میں تقسیم کرو (جیسا کہ مشرکین عرب کیا کرتے تھے) یہ گناہ کی بات ہے۔

(مسلمانو!) جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی تھی، وہ آج تمھارے دین کی طرف سے مایوس ہو گئے ہیں (کہ تم راہ حق چھوڑ کر اُن کا طریقہ اختیار کرنے والے نہیں) پس اُن سے نہ ڈرو۔ مجھ سے ڈرو (اور میرے حکم کی تعمیل کرو۔ اگر تم مجھ سے ڈرتے رہے، تو پھر کوئی نہیں جو تمھیں اپنی طاقت سے خوف زدہ کر سکیگا!)

آج کے دن میں نے تمھارے لئے، تمھارا دین کامل کر دیا، اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی، اور تمھارے لئے پسند کر لیا کہ دین، اسلام ہو!

پس (دیکھو) جو کوئی بھوک سے بے بس ہو جائے۔ یہ بات نہ ہو کہ (عمداً) گناہ کرنا چاہے (اور کوئی حرام چیز کھالے) تو اللہ بخشنے والا، رحمت رکھنے والا ہے!

(اے پیغمبر!) لوگ تم سے پوچھتے ہیں کیا کیا چیزیں اُن کے لئے حلال ہیں؟ تم کہو جتنی اچھی چیزیں ہیں سب تم پر حلال کر دی گئی ہیں۔ اور شکاری جانور جو تم نے شکار کے لئے سدھا رکھے ہوں اور (شکار کا

جانوروں کے حلال و حرام ہونے کے احکام میں تکمیل دین کا ذکر اس لئے کیا گیا کہ اسلام سے پہلے کھانے پینے میں مذہبی عقائد نہایت درجہ سخت و تنگ تھے۔ یہ اسلام کی خصوصیت ہے کہ اُسنے بے جا قیدیں ہٹا دیں، اور وہم پرستی کے عنصر سے دین کو پاک کر دیا۔ پس فرمایا، اب کہ دین کامل ہو گیا ہے، تمھارے لئے بے جا سختیاں باقی نہیں رہیں۔ اگر کوئی آدمی بھوک سے

[1] یعنے مردار، سؤر، اور غیر خدا کے نام پر ذبح کئے ہوئے جانور تو ہر حال میں حرام ہیں لیکن ان کے ما سوا وہ جنھیں حرام بتلایا گیا ہے، اگر وہ ایسی حالت میں ہوں کہ مرنے سے پہلے ذبح کر سکو، تو حرام نہیں۔

مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۫ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ
٧ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ○ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
حِلٌّ لَّكُمْ ۪ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا
الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ
٨ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۫ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ○ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ
٩ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ

طریقہ) جیسا کچھ خدا نے تمھیں سکھا دیا ہے (یعنے خدا کی دی ہوئی عقل و ذہانت سے تم نے نکال لیا ہے) اُنھیں سکھا دو، تو جو کچھ وہ (شکار پکڑلیں اور) تمھارے لئے بچائے رکھیں، تم اُسے (بے کھٹکے) کھا سکتے ہو۔ مگر چاہئے کہ (شکاری جانور چھوڑتے ہوئے) خدا کا نام لے لیا کرو (جس طرح ذبح کرتے ہوئے لیا کرتے ہو) اور (ہر حال میں) اللہ کی نافرمانی کے نتائج) سے ڈرتے رہو (یاد رکھو) اللہ (اعمال کا) حساب لینے میں بہت تیز ہے!

٧ آج (کہ دینِ حق اپنے ظہور میں کامل ہو گیا ہے) تمام اچھی چیزیں تم پر حلال کر دی گئیں (جو بے جا قیدیں لوگوں نے اپنے پیچھے لگا رکھی تھیں، سب دُور ہو گئیں) اُن لوگوں کا کھانا جنھیں کتاب دی گئی ہے، تمھارے لئے حلال ہے، اور تمھارا کھانا اُن کے لئے حلال ہے۔

نیز تمھارے لئے مسلمان بیبیاں اور اُن لوگوں کی بیبیاں جنھیں تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے، حلال ہیں بشرطیکہ اُنکے مہر اُنکے حوالے کرو، اور مقصود قیدِ نکاح میں لانا ہو۔ یہ بات نہ ہو کہ نفس پرستی کے لئے بدکاری کی جائے، یا چوری چھپے بدچلنی کی جائے۔ اور (یاد رکھو) جو کوئی ایمان سے منکر ہوا، تو اُس کے کام اکارت گئے، اور آخرت میں اُس کی جگہ تباہ کاروں میں ہوگی!

٨ مسلمانو! جب تم نماز کے لئے آمادہ ہو، تو چاہئے کہ اپنا منہ اور ہاتھ کہنیوں تک دھو لیا کرو، اور سر کا مسح کر لو
٩ نیز اپنے دونوں پانوں ٹخنوں تک دھو لو۔ اگر نہانے

مرہا ہو اور حلال چیز میسر نہ آئے، تو حرام چیز کھا کر اپنی جان بچائے سکتا ہے۔

چونکہ لوگ پچھلی پابندیوں اور سختیوں کے عادی ہو چکے تھے، اس لئے بار بار پوچھتے تھے کہ ہمارے لئے کیا کیا چیزیں حلال ہیں؟ آیت (٦) میں فرمایا، تمام اچھی چیزیں حلال ہیں۔ صرف انہی چیزوں سے روک دیا گیا ہے جو اچھی نہیں ہیں۔

سدھایا ہوا شکاری کتا یا پرند اگر شکار پکڑ لے اور خود نہ کھائے، تمھارے پاس لے آئے، تو اس میں بھی کوئی روک نہیں۔ البتہ شکاری جانور چھوڑتے ہوئے خدا کا نام لے لیا کرو جس طرح ذبح کے وقت لیا کرتے ہیں۔

اہلِ کتاب کا کھانا بھی تمھارے لئے حلال ہے۔ یعنے ان کا ذبح کیا ہوا جانور بھی تمھارے لئے حلال ہے۔

ضمناً اس حکم کی بھی تصریح کر دی کہ اُن کی عورتوں سے نکاح کرنے کی بھی کوئی ممانعت نہیں۔

وضو اور تیمم کا حکم۔ فرمایا، خدا نہیں چاہتا کہ تمھیں کسی طرح کی مشقت اور تنگی میں ڈالے، یعنے وضو کا حکم اس لئے نہیں ہے کہ تمھارے پیچھے بیجا قیدیں لگا دی جائیں بلکہ مقصود یہ ہے کہ تم میں صفائی اور پاکیزگی پیدا ہو، اور تمھیں

جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ؗ وَلَا ۱۰ ۱۱

پاکی و شائستگی رکھنی والی جماعت بنا کر تم پر اپنی نعمت ہدایت پوری کر دے۔

کی حاجت ہو، تو چاہیے (نہا کر) پاک صاف ہو جاؤ۔

اور اگر تم بیمار ہو (اور پانی کا استعمال مضر ہو) یا سفر میں ہو (اور پانی کی جستجو دشوار ہو) یا ایسا ہو کہ تم میں سے کوئی جائے ضرور سے (ہو کر) آیا ہو، یا تم عورت کے پاس رہے ہو[1]، اور پانی میسر نہ آئے، تو اس حالت میں چاہیے کہ (وضو کی جگہ) پاک مٹی سے کام لو۔ اور (طریقہ اس کا یہ ہے کہ) اپنے منہ اور ہاتھوں پر اُس سے مسح کر لو۔ اللہ نہیں چاہتا کہ تمھیں کسی طرح کی مشقت اور تنگی میں ڈالے، بلکہ چاہتا ہے، (اس طرح کے اعمال کے ذریعہ) تمھیں پاک و صاف رکھے۔ نیز یہ، کہ (تمھیں ایک شائستہ ترین جماعت بنا کر) تم پر اپنی نعمت (ہدایت) پوری کر دے، تاکہ تم شکر گزار ہو (یعنے نعمت الٰہی کے قدر شناس ہو)

۱۰ اور (دیکھو) اللہ نے تم پر جو انعام کیا ہے، اُسکی یاد سے غافل نہ ہو، اور اُس کا عہد و پیمان نہ بھولو جو وہ مضبوطی کے ساتھ تم سے ٹھہرا چکا ہے۔ جب تم نے (دعوتِ ایمان قبول کرتے ہوئے) کہا تھا کہ (خدایا!) ہم نے تیرا فرمان سُنا، اور ہم نے اُسے قبول کیا (تو خدا سے تم نے اطاعتِ حق کا عہد و پیمان باندھ لیا تھا) اور (دیکھو، ہر حال میں) خدا (کی نافرمانی کے نتائج) سے ڈرتے رہو، بلاشبہ وہ جاننے والا ہے، جو کچھ (تمھارے) سینوں میں پوشیدہ ہوتا ہو!

سورت کے آغاز میں فرمایا تھا "اپنے معاہدے پورے کرو"، یعنے احکامِ حق کی اطاعت کا عہد پورا کرو۔ یہاں پھر مسلمانوں کو اُن کا عہد اِیمان یاد دلایا ہے کہ دین کامل ظہور میں آ گیا، نعمتِ الٰہی پوری کر دی گئی، اب تمھارا فرض ہو کہ تذکیرِ نعمت سے غافل نہ ہو، اور اطاعتِ حق میں اخلاص و استقامت کے ساتھ کوشاں ہو!

اسکے بعد فرمایا، دین کی تکمیل اور نعمت کا اتمام چاہتا ہو کہ اپنی سیرت و کیرکٹر میں سرتاسر عدل و صداقت کا پیکر بن جاؤ۔ تمھیں "قوامین للہ اور شہداء بالقسط" ہونا چاہیے۔ یعنے مضبوطی کے ساتھ حق کے لئے کھڑے ہونے والے، اور عدل و انصاف کے لئے شہادت دینے والے! اپنا ہو یا پرایا، موافق ہو یا مخالف، دوست ہو یا دشمن، جس کے ساتھ معاملہ کرو، انصاف کے ساتھ کرو، اور جس کے حق میں کوئی بات کہو، انصاف کی کہو!

۱۲ مسلمانو! ایسے ہو جاؤ کہ خدا (کی سچائی) کے لئے مضبوطی سے قائم رہنے والے اور انصاف کے لئے گواہی دینے والے ہو، اور (دیکھو) ایسا کبھی نہ ہو کہ کسی گروہ

[1] یعنے زنا شوئی کا معاملہ کیا ہو۔

یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

(۱۲، ۱۳-۱۴، ۱۵)

کی دشمنی تمھیں اس بات کے لئے اُبھارے کہ (اُس کے ساتھ) انصاف نہ کرو۔ (ہر حال میں) انصاف کرو کہ یہی تقوے سے لگتی ہوئی بات ہے۔ اور اللہ (کی نافرمانی کے نتائج) سے ڈرو۔ تم جو کچھ کرتے ہو، وہ اُسکی خبر رکھنے والا ہے!

۱۲ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے، تو اللہ کا اُن سے وعدہ ہے کہ اُنکے لئے مغفرت ہوگی، اور بہت ہی بڑا اجر ہوگا۔

۱۳ لیکن جن لوگوں نے انکار کیا، اور ہماری آیتوں کو (سرکشی و شرارت سے) جھٹلایا، تو وہ دوزخی ہیں (اُنھوں نے مغفرت و اجر کی جگہ تباہی و عذاب کی راہ پسند کرلی)

۱۴ مسلمانو! اپنے اوپر اللہ کا وہ احسان یاد کرو، کہ جب ایک گروہ نے پورا ارادہ کرلیا تھا کہ (جنگ و ہلاکت کا) تم پر ہاتھ بڑھائے، تو خدا نے (اپنے فضل و کرم سے) ایسا کیا کہ اُسکے ہاتھ تمھارے خلاف بڑھ نہ سکے رُک گئے (اور تمھیں کسی طرح کا گزند نہ پہنچا) اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ اللہ ہی ہے جس پر مومنوں کو بھروسہ رکھنا چاہئے!

۱۵ اور (دیکھو) یہ واقعہ ہے کہ اللہ نے بنی اسرائیل سے (بھی) عہد (اطاعت) لیا تھا، اور اُن میں بارہ سردار مقرر کردیئے تھے۔ اللہ نے فرمایا تھا، دیکھو میں تمھارے ساتھ ہوں۔ (یعنی میری مدد تمھارے ساتھ ہے) اگر تم نے نماز قائم رکھی، زکوٰۃ ادا کرتے رہے، میرے تمام رسولوں پر (جو تمھاری ہدایت کے لئے آتے رہینگے) ایمان لائے اور اُن کی مدد کی، اور اللہ کو قرض نیک دیتے رہے، (یعنی نیکی کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتے رہے) تو میں ضرور تم پر سے تمھاری بُرائیاں محو کردوں گا، اور تمھیں ضرور (راحت و کامرانی کے) باغوں میں داخل کردوں گا جن کے نیچے نہریں رواں

یہاں سے سلسلۂ بیان کا رُخ اہلِ کتاب کی طرف متوجہ ہوتا ہے، تاکہ اُنکے حالات سے مسلمان عبرت پکڑیں۔ فرمایا جس طرح اللہ نے تم سے ایمان و عمل کا عہد لیا ہے، بنی اسرائیل سے بھی لیا تھا، لیکن انھوں نے اطاعت کی جگہ شقاوت کی راہ اختیار کی۔ ایسا نہ ہو کہ تم بھی ایمان و عمل کا عہد فراموش کر بیٹھو۔

الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ

ہوں گی (اور اس لئے اُنکی شادابی کبھی مُرجھانے والی نہ ہوگی) پھر تم میں سے جس کسی نے اس کے بعد (بھی) انکارِ حق کی راہ اختیار کی، تو یقیناً اُسنے (کامیابی وسعادت کی) سیدھی راہ گم کردی۔

۱۶ پس اس وجہ سے کہ ان لوگوں نے اپنا عہدِ اطاعت توڑ ڈالا، ہم نے اُن پر لعنت کی، اور اُنکے دلوں کو سخت کردیا (کیونکہ قانونِ الٰہی یہی ہے کہ جو کوئی حق سے منحرف ہوتا ہے، وہ رحمت سے محروم ہوجاتا ہے، اور اُس کے دل کی اثر پذیری باقی نہیں رہتی) چنانچہ یہ لوگ (خدا کی کتاب میں) کلمات کو اُن کی اصلی جگہ سے پھیر دیتے ہیں (یعنے کلام میں تحریف کر دیتے ہیں) جس بات کی اُنھیں نصیحت کی گئی تھی، اُس سے کچھ بھی فائدہ اُٹھانا اُنکے حصے میں نہ آیا۔ اُسے بالکل فراموش کر بیٹھے۔ اور تم (اب بھی) ہمیشہ اُن کی کسی نہ کسی خیانت پر (جو وہ کتاب اللہ میں تحریف کرتے ہوئے کرتے رہتے ہیں) اطلاع پاتے رہتے ہو۔ مگر بہت تھوڑے ہیں جو ایسا نہیں کرتے۔ پس (اے پیغمبر!) تمھیں چاہئے کہ اُن کی (ان خیانتوں سے) درگزر کرو، اور ان کی طرف سے اپنی توجہ ہٹالو۔ بلاشبہ اللہ اُنہی کو دوست رکھتا ہے جو نیک کردار ہوتے ہیں!

یہودیوں کے علماء کی یہ شناعت کہ کتاب اللہ کی اطاعت کرنے کی جگہ کتاب اللہ کو اپنی خواہشوں اور رایوں کے مطابق کام میں لانا چاہتے تھے وہ اُسکی آیتوں میں تحریف کردیتے۔ یعنے یا تو کسی آیت کا مطلب اس طرح ٹھہراتے کہ بات کچھ سے کچھ ہوجاتی، یا کتاب اللہ کی آیتیں سُناتے ہوئے اپنی طرف سے گھٹا بڑھا دیتے کہ اصلی مطلب ظاہر نہ ہو، اور جو بات بنانی چاہتے ہیں کسی نہ کسی طرح بنجائے۔

خود پیغمبرِ اسلام کے زمانے میں بھی مدینہ کے علماء یہود کی ایسی خیانتیں بار بار پکڑی گئی تھیں۔ از انجملہ اُن کی یہ خیانت تھی کہ پیغمبرِ اسلام کے ظہور کی پیشین گوئیاں چھپانی چاہتے تھے۔

۱۷ اور جو لوگ اپنے آپ کو نصاریٰ کہتے ہیں[۱] (یعنے عیسائی) اُن سے بھی ہم نے (ایمان وعمل کا) عہد

عیسائیوں نے بھی ایمان وعمل کا عہد فراموش کردیا اور رہِ راست سے بھٹک گئے۔ وہ بہت سے فرقوں میں بٹ گئے ہیں، اور ہر فرقہ دوسرے فرقہ کی دشمنی میں سرگرم رہتا ہے۔ یہ باہمی دشمنی یہاں تک

[۱] روم میں جب مسیحیت پھیلی تھی، تو عیسائیوں کو Nazarene یعنے نصرانی کہتے تھے۔ عرب میں بھی یہی نام زبانوں پر چڑھ گیا تھا، اور عیسائی اپنے آپکو نصاریٰ کہا کرتے تھے۔ چنانچہ قرآن حکیم بھی اُنھیں اسی نام سے یاد کرتا ہے۔

فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ

۱۸ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ

كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ

مُّبِيْنٌ ۝ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

۱۹ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا

لیا تھا۔ (لیکن) پھر ایسا ہوا کہ جس بات کی نصیحت کی گئی تھی، اُس سے کچھ بھی فائدہ اُٹھانا اُنکے حصے میں نہ آیا۔ اُسے بالکل فراموش کر بیٹھے (اور ایک دین پر متحد رہنے کی جگہ بہت سی ٹولیوں اور گروہ بندیوں میں بٹ گئے) پس ہم نے اُنکے (مختلف فرقوں کے) درمیان قیامت تک کے لئے دشمنی اور کینے کی آگ بھڑکا دی (یعنے جب وہ ہدایت سے برگشتہ ہوکر مختلف فرقوں میں بٹ گئے، تو ہمارے مقررہ قانون کے بموجب اُن میں باہمی بغض و عناد کی آگ بھڑک اُٹھی) اور وہ وقت دُور نہیں کہ جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں اللہ اُس کی حقیقت اُنھیں بتا دے گا۔

بڑھ چکی ہو کہ قیامت تک دُور ہونے والی نہیں۔

چنانچہ عیسائیوں میں صدیوں تک مذہبی فرقہ آرائی قائم رہی، اور جس فرقہ کی بن پڑی، اُس نے دوسرے فرقے کو خاک و خون میں ملا یا۔ اب سیاسی اور اقتصادی فرقہ آرائی ہے، اور باہمی بغض و عداوت میں یہ فرقہ آرائی پچھلی فرقہ آرائی سے بھی زیادہ ہولناک ہے۔

اس ذکر سے مقصود یہ تھا کہ مسلمانوں کو عبرت ہو، اور فرقہ آرائی کی گمراہی سے اپنی نگہداشت کریں لیکن افسوس کہ مسلمان بھی اس گمراہی میں مبتلا ہوگئے!

۱۸ اے اہلِ کتاب! یہ واقعہ ہے کہ ہمارا رسول تمھارے پاس آ چکا۔ کتاب الٰہی (یعنے تورات و انجیل) کی بہت سی باتیں جنھیں تم (ہوا و نفس سے) چھپاتے رہے ہو، وہ تم سے صاف صاف بیان کرتا ہے، اور بہت سی باتوں سے درگزر کر جاتا ہے (کہ اُنکے بیان کی ضرورت نہیں) اللہ کی طرف سے تمھارے پاس (حق کی) روشنی آ چکی، اور ایسی کتاب آ چکی جو (اپنی ہدایتوں میں نہایت) روشن کتاب ہے۔ خدا اس کتاب کے ذریعہ اُن لوگوں پر جو (ہوا و نفس کی جگہ) خدا کی خوشنودیوں کے تابع ہوں سلامتی کی راہ کھول دیتا ہے، اور اپنے حکم سے (یعنے اپنے مقررہ قانون کی بموجب) اُنھیں تاریکیوں سے نکالتا، روشنی میں لاتا، اور (کامیابی و سعادت کی) سیدھی راہ پر لگا دیتا ہے!

قرآن اپنے پیرؤں کو جہل و گمراہی کی تاریکیوں سے نکالتا اور علم و بصیرت کی روشنی میں لاتا ہے۔ پس جو قرآن کا سچا پیرو ہے، ضروری ہے کہ اُس کی راہ، علم و بصیرت کی راہ ہو!

۱۹ یقیناً، اُن لوگوں نے کفر کیا، جنھوں نے کہا، خدا،

عیسائیوں کی یہ گمراہی کہ الوہیتِ مسیح کا باطل عقیدہ پیدا کر لیا۔

إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قُلْ فَمَن يَمْلِكُ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا إِنْ أَرَادَ أَن يُهْلِكَ
الْمَسِيحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُ وَمَن فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ۗ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا ٢٠
بَيْنَهُمَا ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَىٰ نَحْنُ أَبْنَاءُ اللَّهِ وَ ٢١
أَحِبَّاؤُهُ ۚ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُم بِذُنُوبِكُم ۖ بَلْ أَنتُم بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ۚ يَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ
مَن يَشَاءُ ۚ وَلِلَّهِ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۖ وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ ۝ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ ٢٢

مریم کا بیٹا مسیح ہی ۔ (اے پیغمبر!) تم ان لوگوں سے کہو، (یہ کیسی بے عقلی کی بات ہے جو تم کہتے ہو؟) اگر خدا مسیح ابن مریم کو اور اُس کی ماں کو، اور (اتنا ہی نہیں بلکہ) روئے زمین پر جتنے انسان بستے ہیں، سب کو، ہلاک کر دینا چاہے، تو کس کی طاقت ہے کہ اُس سے کوئی چیز لے لے؟ (اور اُسکے ملک میں دخل دے سکے؟) ٢٠ آسمان کی اور زمین کی، اور جو کچھ ان میں ہے، سب کی سلطانی اللہ ہی کے لئے ہے۔ وہ جو کچھ چاہتا ہے، پیدا کرتا ہے، اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے!

٢١ اور (دیکھو) یہود اور نصاریٰ کہتے ہیں ہم خدا کے بیٹے اور اُسکے پیارے ہیں (ہم جو کچھ بھی کریں ہمارے لئے نجات ہی نجات ہے) تم کہدو، اگر ایسا ہی ہے تو پھر خدا تمھاری بدعملیوں کی وجہ سے تمھیں (وقتاً فوقتاً) عذاب کیوں دیتا ہے؟ (جس کا خود تمھیں بھی اعتراف ہے اور تمھاری کتاب خدا کی سرزنشوں اور عذابوں کی سرگذشتوں سے بھری ہوئی ہے؟) بلکہ حقیقت یہ ہے کہ اُسکے پیدا کئے ہوئے انسانوں میں سے تم بھی انسان ہو، اور (انسان کی بخشش و نجات کا سررشتہ اللہ کے ہاتھ ہے۔ اُس نے کسی خاص گروہ کو اپنا

یہودیوں اور عیسائیوں کی یہ گمراہی کہ کہتے ہیں، ہم خدا کے بیٹے اور اُسکے پیارے ہیں۔ ہم جو کچھ بھی کریں، ہمارے لئے نجات ہی نجات ہے (دیکھو بقرہ ۸۰، و آل عمران ۲۳)

حضرت مسیح (علیہ السلام) نے یہودی تصور کی سختی و قہرمانی کی جگہ رحمت و شفقت کا تصور پیدا کرنے کے لئے، خدا کو باپ کے لفظ سے تعبیر کیا تھا، اور اس بات پر زور دیا تھا کہ شریعت کے ظواہر و رسوم کچھ سود مند نہیں۔ اگر دل میں نیکی و محبت نہ ہو۔ عیسائیوں نے اس بات کو کچھ سے کچھ بنا لیا۔ وہ کہنے لگے نجات کے لئے صرف یہی کافی ہو کہ کفارۂ مسیح پر ایمان لے آئیں۔ اور سمجھ لیں کہ خدا ہمارا باپ ہے، وہ کبھی اپنے بیٹوں پر آسمان کی بادشاہت کا دروازہ بند نہیں کریگا۔

قرآن اُن کے اسی زعم باطل کا جواب دیتا ہے، وہ کہتا ہے، خدا نے کسی خاص گروہ کو نجات کا پروانہ لکھ کر نہیں دیدیا ہے۔ تمام انسانوں کی طرح تم بھی انسان ہو، اور سررشتۂ نجات اللہ کے ہاتھ ہے۔ وہ جسے چاہیگا بخشدیگا، جسے چاہیگا عذاب دیگا۔

پیارا بنا کر نجات کا پروانہ نہیں دیدیا) وہ جسے چاہے، بخشدے، جسے چاہے، عذاب دے۔ آسمانوں کی، زمین کی، اور اُس سب کی جو اُنکے درمیان ہیں، مالکی و سلطانی صرف اُسی کے لئے ہے، اور سب کو اُسی کی طرف رجوع ہونا ہے!

٢٢ اے اہل کتاب! ایسی حالت میں کہ رسولوں کا ظہور مدتوں سے بند تھا، ہمارا رسول (یعنے پیغمبر اسلام)

رَسُوۡلُنَا یُبَیِّنُ لَکُمۡ عَلٰی فَتۡرَۃٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنۡ تَقُوۡلُوۡا مَا جَآءَنَا مِنۡۢ بَشِیۡرٍ وَّ لَا نَذِیۡرٍ ۫ فَقَدۡ جَآءَکُمۡ بَشِیۡرٌ وَّ نَذِیۡرٌ ؕ وَ اللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۲۳﴾ وَ اِذۡ قَالَ مُوۡسٰی لِقَوۡمِہٖ یٰقَوۡمِ اذۡکُرُوۡا نِعۡمَۃَ اللّٰہِ عَلَیۡکُمۡ اِذۡ جَعَلَ فِیۡکُمۡ اَنۡۢبِیَآءَ وَ جَعَلَکُمۡ مُّلُوۡکًا ٭ۖ وَّ اٰتٰىکُمۡ مَّا لَمۡ یُؤۡتِ اَحَدًا مِّنَ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۲۴﴾ یٰقَوۡمِ ادۡخُلُوا الۡاَرۡضَ الۡمُقَدَّسَۃَ الَّتِیۡ کَتَبَ اللّٰہُ لَکُمۡ وَ لَا تَرۡتَدُّوۡا عَلٰۤی اَدۡبَارِکُمۡ فَتَنۡقَلِبُوۡا خٰسِرِیۡنَ ﴿۲۵﴾ قَالُوۡا یٰمُوۡسٰۤی اِنَّ فِیۡہَا قَوۡمًا جَبَّارِیۡنَ ٭ۖ وَ اِنَّا لَنۡ نَّدۡخُلَہَا

تمھارے پاس آیا۔ تم پر (احکام حق) واضح کر رہا ہے۔ تاکہ تم یہ نہ کہو کہ ہماری طرف کوئی رسول نہیں بھیجا گیا۔ نہ تو (ہدایت کی) بشارت دینے والا، نہ (گمراہی سے) ڈرانے والا۔ تو اب (دیکھو) بشارت دینے والا اور ڈرانے والا تمھارے پاس آگیا ہے (یعنے تمھارے لئے کوئی عذر باقی نہیں رہا ہے) اور اللہ ہر بات پر قادر ہے۔ ۲۳

اور (دیکھو، وہ واقعہ یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا تھا "اے لوگو! اللہ کا اپنے اوپر احسان یاد کرو (کہ اُس نے کیسی کیسی عزتوں سے تمھیں سرفراز کیا ہے؟) اُس نے تم میں نبی پیدا کئے، تمھیں بادشاہ بنایا، اور تمھیں وہ بات عطا فرمائی جو دنیا میں کسی کو (آج تک) نہیں دی گئی (یعنے نبوت اور بادشاہت دونوں تم میں جمع ہوگئیں)" ۲۴

"لوگو! مقدس سرزمین میں جسے خدا نے تمھارے لئے لکھ دیا ہے (یعنے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے عزم و ہمت کے ساتھ) داخل ہو جاؤ، اور اُلٹے پاؤں پیچھے کی طرف نہ ہٹو، کہ (کامیاب ہونے کی جگہ) نقصان و تباہی میں پڑ جاؤ!" ۲۵

لوگوں نے (اس کے جواب میں) کہا "اے موسیٰ! اُس سرزمین میں ایسے لوگ رہتے ہیں جو بڑے ہی زبردست ہیں (ہم میں اُنکے مقابلہ کی تاب نہیں) جب تک وہ لوگ

جب ایک قوم عرصہ تک غلامی کی حالت میں رہتی ہے، تو اُس میں بلند مقاصد کے لئے جدّوجہد کی استعداد باقی نہیں رہتی۔ وہ غلامی کا امن پسند کرنے لگتی ہے، اگرچہ ذلت و نامرادی کے ساتھ ہو، اور مقاصد کی جدّوجہد سے جی چُرانے لگتی ہے، اگرچہ اُس کا نتیجہ کامرانی و اقبال ہو! یہی حال بنی اسرائیل کا تھا۔ مقاصد اُمور کے لئے اُن میں عزم و ہمت نہ تھی۔ بزدلی و بے طاقتی نے قدم پکڑ لئے تھے۔ جب حضرت موسیٰ نے اُنھیں حکم دیا کہ سرزمین کنعان میں داخل ہو جو تمھاری موعودہ سرزمین ہے، تو کہنے لگے، وہاں بڑے طاقتور لوگ رہتے ہیں اُنکے مقابلہ کی ہم میں طاقت نہیں۔ جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائیں، ہم قدم نہیں اُٹھائیں گے۔ تورات میں ہے کہ بنی اسرائیل جنگ کی دہشت سے اسقدر بے طاقت ہو گئے کہ رو رو کر کہتے "خدایا! تو نے ہمیں مصر سے کیوں نکالا؟ کیا اسی لئے کہ ہم کنعانیوں کی تلوار سے قتل ہو جائیں؟" اُنھوں نے ارادہ کر لیا تھا کہ مصر واپس چلے جائیں اور حضرت موسیٰ کو چھوڑ دیں (گنتی باب ۱۳-۱۴)

اس پر حکم الٰہی ہوا کہ چالیس سال تک یہ لوگ جزیرہ نمائے سینا کے میدانوں ہی میں پڑے رہینگے۔ اس میں مصلحت یہ تھی کہ چالیس سال کے اندر پچھلی نسل ختم ہو جائے گی جسے مصر کی غلامانہ زندگی نے نکما کر دیا ہے، اور ایک نئی نسل پیدا ہو جائے گی جس نے بیابان کی آزادانہ آب و ہوا میں نشوونما پائی ہوگی، اور غلامانہ ذہنیت کی سمیت سے محفوظ ہوگی۔ چنانچہ جب چالیس سال گزر گئے، اور ایک نئی نسل ظہور میں آگئی، تو وہ عزم و ہمت کے ساتھ بڑھی اور موعودہ سرزمین پر قابض ہو گئی۔

حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ۝ قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِىْ وَاَخِىْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِى الْاَرْضِ ۗ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ۝ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَىْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا ۲۶ ۲۷ ۲۸ ۲۹ ۳۰

وہاں موجود ہیں، ہم کبھی اس سرزمین میں قدم نہیں رکھیں گے۔ ہاں، اگر وہ لوگ وہاں سے نکل گئے، تو پھر ہم ضرور داخل ہوجائینگے"

۲۶ (اس پر) دو آدمیوں[1] نے کہ اللہ سے ڈرنے والوں میں سے تھے اور خدا نے انھیں (ایمان ویقین کی) نعمت عطا فرمائی تھی، لوگوں سے کہا (اسقدر بے طاقت اور بزدل کیوں ہورہے ہو؟) "ہمت کرکے اُن لوگوں پر جاپڑو اور (شہر کے) دروازہ میں داخل ہوجاؤ۔ اگر تم (ایک مرتبہ) داخل ہوگئے، تو پھر غلبہ تمھارے ہی لئے ہے، اور اگر تم ایمان رکھنے والے ہو، تو چاہئے کہ اللہ پر بھروسہ کرو!"

۲۷ وہ بولے "اے موسیٰ! جب تک وہ لوگ وہاں موجود ہیں، ہم کبھی اُس میں داخل ہونے والے نہیں (اور اگر تم وہاں جانے پر ایسے ہی تُل گئے ہو، تو) تم خود چلے جاؤ اور تمھارا خدا بھی تمھارے ساتھ چلا جائے۔ ہم یہاں بیٹھے رہینگے۔ تم دونوں وہاں لڑتے رہنا!"

۲۸ (یہ حالت دیکھ کر) موسیٰ نے کہا "خدایا! میں اپنی جان کے سوا اور اپنے بھائی کے سوا اور کسی پر اختیار نہیں رکھتا۔ پس تو ہم میں اور ان نافرمان لوگوں میں (اپنے حکم سے) فیصلہ کردے!"

۲۹ اللہ کا حکم ہوا، کہ (جب ان لوگوں کی محرومیوں کا یہ حال ہے، تو) اب چالیس برس تک وہ سرزمین ان پر حرام کردی گئی (یعنے چالیس برس تک اُس سے محروم کردیئے گئے) یہ اسی بیابان میں سرگرداں رہیں گے۔ سو (اے موسیٰ) تم نافرمان لوگوں کی حالت پر غمگین نہ ہو (وہ اپنی بدعملیوں سے اسی محرومی کے مستحق ہیں!)

۳۰ اور (اے پیغمبر!) ان لوگوں کو آدم کے دو بیٹوں کا حال سچائی کے ساتھ سنا دو۔ جب ان دونوں نے (خدا کے حضور) قبولیت کے لئے قربانیاں چڑھائیں

بنی اسرائیل کی یہ شقاوت کہ قتل نفس میں بے باک ہوگئے تھے، اور اس سلسلہ میں حضرت آدم کے دو بیٹوں کا واقعہ جن کا نام تورات میں ہابل اور قابین بتلایا ہے۔ (پیدائش: ۴) اور عرب انھیں ہابیل اور

[1] تورات میں ہے کہ یہ دو آدمی یوشع اور کالب تھے (گنتی باب ۱۴)

فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ۝ ۳۱ لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَاۤ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْۤ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ ۳۲ اِنِّيْۤ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ۝ۚ ۳۳ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ ۳۴ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰۤى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ۝ۚۛ

قابیل کتنے تھے۔

ہابیل نے جو متقی انسان تھا، کہا۔ "اگر تو میرے قتل کے لئے ہاتھ بڑھاتا ہے تو بڑھا، لیکن میرا ہاتھ تیرے قتل کے لئے اُٹھنے والا نہیں، کیونکہ میں پروردگار عالم کی سرزنش سے ڈرتا ہوں!"

اس پر بھی قابیل نے اُسے قتل کردیا۔

ہابیل کی صدا میں تمام نوع انسانی کی راست بازی و نیک عملی بول رہی تھی، اور قابیل کے عمل میں تمام ظالم انسانوں کی سرکشی و شقاوت کا ہاتھ تھا۔ اب انسان کے سامنے دو راہیں کھل گئیں۔ نیکی و راستی کبھی انسان کے خون سے ہاتھ نہیں رنگے گی۔ ظالم کا ہاتھ ہمیشہ رنگین رہے گا!

۳۱ قرآن کہتا ہے، اسی بنا پر خدا نے بنی اسرائیل کے لئے یہ حکم لکھ دیا تھا کہ کسی انسان کو ناحق قتل کرنا ایسا ہے، گویا تمام نوع انسانی کو قتل کردینا۔ اور کسی انسان کو ہلاکت سے بچالینا ایسا ہے، گویا تمام انسانوں کو بچالیا۔ کیونکہ انسان کا ہر فرد دوسرے فرد سے وابستہ ہے، اور جو ۳۲ انسان ایک انسان کے لئے رحم نہیں کرتا وہ تمام نوع انسانی کے لئے رحم نہیں کرتا!

لیکن بنی اسرائیل نے اس حکم کی کچھ پروا نہ کی۔ رسولوں پر رسول آتے رہے اور انھیں ظلم و خون ریزی سے روکتے رہے، لیکن اُن کا ہاتھ اپنے بھائیوں کے خون سے ہمیشہ رنگین رہا!

تو اُن میں سے ایک کی قبول ہوگئی۔ (یعنے ہابل کی) دوسرے کی قبول نہیں ہوئی (یعنے قابیل کی۔ اس پر قابیل نے حسد سے جل کر ہابیل سے) کہا "میں یقیناً تجھے قتل کردونگا" (ہابیل نے) کہا "اللہ صرف متقی آدمیوں ہی کی قربانی قبول کرتا ہے (اگر اس نے تیری قربانی قبول نہیں کی، تو اس میں میرا کیا قصور؟) اگر تو مجھے قتل کرنے کے لئے ہاتھ اُٹھائے گا تو (اٹھا) پر میں تجھے قتل کرنے کے لئے کبھی ہاتھ نہیں اُٹھاؤنگا۔ میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو تمام دنیا کا پروردگار ہے! میں چاہتا ہوں کہ (زیادتی ہو تو تیری طرف سے ہو۔ میری طرف سے نہ ہو، اور) تو میرا اور اپنا، دونوں کا گناہ سمیٹ لے اور پھر دوزخیوں میں سے ہوجا کہ ظلم کرنے والوں کو یہی بدلہ ملنا ہے"

۳۳ پھر ایسا ہوا کہ اُس کے نفس نے (یعنے قابیل کے نفس نے) اُسے اپنے بھائی کے قتل پر آمادہ کردیا، اُس نے (ہابیل کو) قتل کردیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ تباہ کاروں میں سے ہوگیا۔

۳۴ اُسکے بعد خدا نے ایک کوّا بھیجا اور وہ زمین کریدنے لگا، تاکہ اُسے بتادے کہ اپنے بھائی کی نعش کیونکر (زمین میں) چھپانی چاہئے۔ (کوّے کو زمین کریدتا ہوا دیکھ کر) وہ بول اُٹھا "افسوس مجھ پر! میں اس کوّے کی طرح بھی نہ ہوسکا کہ اپنے بھائی کی نعش (زمین کھود کر) چھپا دیتا!" غرضکہ وہ (اپنی حالت پر) بہت ہی پشیمان ہوا!

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۛ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا ٣٥
قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَاۤ اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ز ٣٦
ثُمَّ اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ۝ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَ ٣٧
رَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْۤا اَوْ يُصَلَّبُوْۤا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ
خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا ٣٨
مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْۤا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَ ٣٩
جَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ ٤٠

٣٥ اسی بنا پر، ہم نے بنی اسرائیل کے لئے یہ حکم لکھ دیا تھا کہ "جس کسی نے، سوا اس حالت کے کہ قصاص لینا ہو یا ملک میں لوٹ مار مچانے والوں کو سزا دینی ہو، کسی جان کو قتل کر ڈالا، تو گویا اُس نے تمام انسانوں کا خون کیا، اور جس کسی نے کسی کی زندگی بچالی، تو گویا اُس نے تمام انسانوں کو زندگی دیدی" ٣٦ اور (پھر) اُنکے پاس (یکے بعد دیگرے) ہمارے رسول (سچائی کی) روشن دلیلوں کے ساتھ آتے رہے (اور ظلم و خونریزی سے روکتے رہے) لیکن اس پر بھی ان میں سے اکثر آدمی ایسے ہیں جو ملک میں زیادتیاں کرنے والے ہیں۔

٣٧ بلاشبہ اُن لوگوں کی، جو اللہ اور اُس کے رسول سے جنگ کرتے ہیں، اور ملک میں خرابی پھیلانے کے لئے دوڑتے پھرتے ہیں (یعنی رہزن اور ڈاکو ہیں) یہی سزا ہے کہ قتل کر دئیے جائیں، یا سُولی پر چڑھائے جائیں، یا اُنکے ہاتھ پانوں مخالف جہتوں سے کاٹ ڈالے جائیں، یا انھیں جلا وطن کر دیا جائے۔ (یعنی جیسی کچھ سزا اُنکے لئے ضروری ہو، اُنھیں دی جائے) یہ اُنکے لئے دُنیا میں رُسوائی ہے، اور آخرت میں بھی اُنکے لئے عذاب عظیم ہے۔

٣٨ مگر (ہاں) ان میں سے جو لوگ قبل اس کے کہ تم ان پر قابو پاؤ (یعنی گرفتار کرو) توبہ کرلیں، تو (پھر ان سے تعرض نہ کرو، اور) جان لو کہ اللہ بخشنے والا، رحمت رکھنے والا ہے!

جو لوگ باغی ہوں، یا رہزن اور ڈاکو ہوں، انھیں سزا دینے کا حکم۔ اگر ان میں سے کوئی مجرم گرفتاری سے پہلے تائب ہو جائے تو اس سے تعرض نہ کرو۔

پچھلی آیات میں بنی اسرائیل کو قتل نفس سے روکنے کا ذکر کیا تھا، اور دو حالتیں مستثنیٰ کر دی تھیں۔ قصاص کی، اور لوٹ مار کرنے والوں کو سزا دینے کی۔ اب یہاں اسکی مزید تشریح کر دی۔

قرآن جہاں کہیں برائیوں کے انسداد کے لئے کسی سخت طرز عمل کا حکم دیتا ہے، مثلاً جنگ کا، قصاص کا، مجرموں کو سزا دینے کا، طلاق کا، تو اس کے بعد ہی خدا سے ڈرتے رہنے اور انصاف سے تجاوز نہ کرنے پر خصوصیت کے ساتھ زور دینے لگتا ہے، تاکہ سختی میں آکر لوگ ظلم و زیادتی نہ کر بیٹھیں۔ چنانچہ یہاں بھی سزا کے حکم کے بعد آیت (٣٩) میں تقویٰ و اتباع حق پر زور دیا۔

٣٩ مسلمانو! (ہر حال میں) اللہ (کی نافرمانی کے نتائج) سے ڈرتے رہو، اور اُس تک پہنچنے کا ذریعہ ڈھونڈھو اور اُسکی راہ میں جدّوجہد کرو، تاکہ تمھیں فلاح حاصل ہو۔

٤٠ جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے (وہ کبھی پاداشِ عمل سے بچنے والے نہیں) اگر اُنکے قبضہ میں وہ تمام (مال و متاع) آجائے جو روئے زمین میں موجود ہے، اور اتنا ہی اور بھی (کہیں سے) پالیں، اور پھر یہ سب کچھ روز

۳۶ لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ○ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ
۳۷ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۫ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ○ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا
۳۸ نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ○ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
۳۹ رَّحِيْمٌ ○ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ
۴۰ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ
قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ

قیامت کے عذاب سے بچنے کے لئے فدیہ میں دیدیں، جب بھی اُن سے قبول نہیں کیا جائے گا، اور انکے لئے عذاب

۳۶ دردناک ہے۔ وہ (کتنا ہی) چاہینگے کہ (دوزخ کی) آگ سے باہر نکل آئیں لیکن اس سے باہر ہونے والے نہیں۔ اُنکے لئے قائم رہنے والا عذاب ہے!

۳۷ اور جو چور ہو، خواہ مرد ہو یا عورت، تو اُس کے ہاتھ کاٹ ڈالو۔ جو کچھ اُنھوں نے کیا ہے، یہ اُس کی سزا ہے، اور اللہ کی طرف سے نشانِ عبرت۔ اللہ (سب پر) غالب اور (اپنے تمام احکام میں) حکمت رکھنے والا ہے۔

چوروں کے ہاتھ کاٹنے کا حکم

۳۸ پھر جس کسی نے اپنے ظلم کے بعد (یعنے چوری کرنے کے بعد) توبہ کرلی، اور اپنے کو سنوار لیا، تو اللہ اُسکی (اپنی رحمت سے) لوٹ آئے گا۔ وہ بخشنے والا، رحمت رکھنے والا ہے!

۳۹ (اے انسان! تو خدا کی بخشش و رحمت پر متعجب ہوا) کیا تو نہیں جانتا کہ آسمان و زمین کی بادشاہت اللہ ہی کے لئے ہے۔ وہ جسے چاہے عذاب دے، جسے چاہے بخشدے (کوئی اُس کا ہاتھ پکڑنے والا نہیں) اور وہ ہر بات پر قادر ہے!

۴۰ (اے پیغمبر!) اُس گروہ میں سے جنے زبان سے کہا، ایمان لائے، مگر اُن کے دل مومن نہیں ہوئے، اور اُس گروہ میں سے جو یہودی ہے، جو لوگ کفر (کے شیوہ) میں تیز گام ہیں تو اُن کی حالت تمھیں غمگین نہ کرے۔ یہ لوگ جھوٹ کے لئے کان لگانے والے ہیں، اور اس لئے کان لگانے والے ہیں کہ ایک دوسرے گروہ تک جو تمھارے پاس نہیں آیا، خبریں پہنچائیں۔ یہ (تورات کے) کلمات کو باوجودیکہ اُن کا صحیح محل ثابت ہو چکا ہے، صحیح محل سے پھیر دیتے ہیں (اور اُن کا مطلب کچھ سے کچھ بنا دیتے ہیں) یہ (لوگ

کسی بات کی ٹوہ میں رہنا، جاسوسی کرنا، اِدھر کی بات اُدھر لگانا، ایسی خصلتیں ہیں جو ایمان و راستی کے ساتھ جمع نہیں ہوسکتیں۔
مدینہ کے علماءِ یہود منافقوں کو بھیجتے تھے کہ پیغمبر اسلام (صلعم) کی مجلسوں میں بیٹھیں اور انھیں خبریں پہنچائیں۔ نیز انھیں کہتے، معاملات و قضایا اُنکے سامنے پیش کرو اور دیکھو، کیا فیصلہ کرتے ہیں۔ اگر ہمارے حکم کے مطابق ہو تو مانو، نہو تو قبول نہ کرو۔
باوجودیکہ تورات کی آیتیں اپنے معانی و احکام میں ثابت و قطعی ہیں لیکن یہ لوگ بے دھڑک اُن میں تحریف کر دیتے ہیں اور اُن کا مطلب کچھ سے کچھ بنا دیتے ہیں۔

يَقُولُونَ إِنْ أُوتِيتُمْ هَٰذَا فَخُذُوهُ وَإِن لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوا ۚ وَمَن يُرِدِ اللَّهُ فِتْنَتَهُ فَلَن تَمْلِكَ لَهُ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا ۚ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ لَمْ يُرِدِ اللَّهُ أَن يُطَهِّرَ قُلُوبَهُمْ ۚ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ۖ وَلَهُمْ فِي الْآخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ سَمَّاعُونَ لِلْكَذِبِ أَكَّالُونَ لِلسُّحْتِ ۚ فَإِن جَاءُوكَ فَاحْكُم بَيْنَهُمْ أَوْ أَعْرِضْ عَنْهُمْ ۖ وَإِن تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَن يَضُرُّوكَ شَيْئًا ۖ وَإِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُم بَيْنَهُم بِالْقِسْطِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ۝ وَكَيْفَ يُحَكِّمُونَكَ وَعِندَهُمُ التَّوْرَاةُ فِيهَا حُكْمُ اللَّهِ

(۴۲) (۴۳)

سے) کہتے ہیں (جو کچھ ہم نے تورات کا حکم بتلا دیا) اگر یہی حکم دیا جائے تو قبول کرلو۔ نہ دیا جائے، تو اُس سے اجتناب کرو۔ (اے پیغمبر! جن لوگوں کی شقاوت اس حد تک پہنچ چکی ہے، وہ کبھی ہدایت پانے والے نہیں۔ تم اُنکے لئے بیکار کو غم نہ کھاؤ) جس کسی کے لئے اللہ ہی نے چاہا کہ آزمایش میں پڑے (اور اُس کا کھوٹ کھل جائے) تو تم اُس کے لئے خدا سے کچھ نہیں لے سکتے (یقین کرو) یہی لوگ ہیں کہ خدا اُنکے دلوں کو پاک کرنا نہیں چاہتا۔ (کیونکہ اُس کا قانون ہے کہ جو کوئی گناہوں کی آلودگی پسند کرلیتا ہے، اُس کے لئے پاکی و اصلاح کی راہیں بند ہوجاتی ہیں) اُن کے لئے دُنیا میں بھی رسوائی ہے، اور آخرت میں بھی عذاب عظیم!

(۴۲) (اے پیغمبر!) یہ لوگ جھوٹ کے لئے کان لگانے والے اور بُرے طریقوں سے مال کھانے میں بے باک ہیں[1] پس اگر یہ تمھارے پاس آئیں (اور اپنے قضیے پیش کریں) تو (تمھیں اختیار ہے) اُنکے درمیان فیصلہ کردو، یا اُن سے کنارہ کش ہوجاؤ۔ اگر کنارہ کش ہوگئے، تو یہ تمھیں کچھ نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔ اگر (کنارہ کش نہ ہو، اور) فیصلہ کرو، تو چاہئیے کہ انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو۔ (اور اُن کی شرارتوں کی کچھ پروا نہ کرو) بلاشبہ اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔

(۴۳) اور پھر یہ لوگ کس طرح تمھیں منصف بناتے ہیں، جب تورات اُن کے پاس ہے، اور خدا کا حکم اُس میں موجود ہے؟ (کیوں اُس کے مطابق خود فیصلہ نہیں کردیتے) اور

تورات میں زانی کے لئے سنگسار کرنے کا اور قاتل کے لئے قتل کا حکم دیا گیا ہے۔ لیکن جب کسی بڑے آدمی سے یہ جرائم سرزد ہوجاتے تو یہودیوں کے دنیا پرست علماء انھیں سزا سے بچانے کے لئے دُور از کار تاویلیں کرنے لگتے، اور طرح طرح کے شرعی حیلے نکالتے۔ چنانچہ پیغمبر اسلام (صلعم) کے عہد میں بھی ایک ایسا ہی واقعہ پیش آگیا۔ علماء یہود نے خیال کیا کہ انہیں تورات کے احکام کی خبر نہیں، اور اگر خبر بھی ہو تو یہ ایک نئی دعوت لیکر آئے ہیں، تورات والا حکم کیوں دینے لگے؟ پس بہتر ہے کہ معاملہ انکے سامنے پیش کردیا جائے۔ مجرم سزا سے بھی بچ جائینگے، اور ذمہ داری بھی ہمارے سر نہ پڑے گی۔ چنانچہ معاملہ پیغمبر اسلام کے سامنے پیش ہوا۔ لیکن وحی الٰہی نے انھیں مطلع کردیا تھا۔ اُنھوں نے تورات کے حکم کا اُن سے اقرار کرالیا اور اسی کے مطابق فیصلہ کردیا۔

یہاں اسی معاملہ کی طرف اشارہ کیا ہے۔ فرمایا، جب انکے پاس تورات موجود ہے تو کیوں اُس کے مطابق فیصلہ نہیں کرتے اور کیوں تمھارے پاس فیصلہ کے لئے آتے ہیں؟ اس لئے کہ دولت مند مجرموں سے رشوت لیکر یا ان کی طاقت سے مرعوب ہوکر انھیں سزا سے بچانا چاہتے ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ یہ لوگ کتاب الٰہی پر ایمان ہی نہیں رکھتے۔ اگر ایمان رکھتے تو راست بازی کے ساتھ اسکے احکام کا اعلان کرتے۔

[1] مثلاً رشوت اور نذرانہ لیکر فتوی دیتے ہیں، اور احکام شرع کے خرید و فروخت کی دکان لگا رکھی ہے۔

۴۳ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۚ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ ۴۵ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ۚ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ۚ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ ۵۰ وَقَفَّيْنَا عَلٰٓي اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۠ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝ ۵۱ وَلْيَحْكُمْ

تمہارے سامنے معاملہ لاتے ہیں؟) یہ تورات اور اُس کا حکم رکھتے پر بھی اس سے روگردانی کرتے ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ ان میں ایمان ہی نہیں ہے۔

۴۸ بلاشبہ ہم نے تورات نازل کی۔ اس میں ہدایت اور روشنی ہے۔ خدا کے نبی جو (احکام الٰہی کے) فرمانبردار تھے اُسی کے مطابق یہودیوں کو حکم دیتے رہے۔ نیز ربّی اور احبار (یعنی یہودیوں کے علما و مشائخ) بھی اسی پر کار بند رہے۔ کیونکہ وہ کتاب اللہ کے محافظ ٹھہرائے گئے تھے، اور اُس (کے احکام و ہدایات) پر گواہ تھے۔

پس (اے گروہ یہود!) اتباعِ حق کی راہ میں انسانوں سے نہ ڈرو۔ مجھ سے ڈرو (کہ تمہارا پروردگار ہوں) اور میری آیتوں کو (دنیوی فوائد کے) سستے داموں فروخت نہ کرو (یاد رکھو) جو کوئی خدا کی نازل کی ہوئی کتاب کے مطابق حکم نہ دے، تو ایسے ہی لوگ ہیں جو کافر ہیں (یعنی حق سے منکر ہو گئے ہیں)

۴۹ اور ہم نے یہودیوں کے لئے تورات میں یہ حکم لکھ دیا تھا کہ "جان کے بدلے جان، آنکھ کے بدلے آنکھ ناک کے بدلے ناک، کان کے بدلے کان، دانت کے بدلے دانت، اور زخموں کے بدلے ویسے ہی زخم۔ پھر جو کوئی بدلہ لینا معاف کر دے، تو یہ اسکے لئے (گناہوں کا) کفارہ ہو گا، اور جو کوئی خدا کی نازل کی ہوئی کتاب کے مطابق حکم نہ دیگا، تو ایسے ہی لوگ ہیں جو ظلم کرنے والے ہیں"

۵۰ اور پھر (ان نبیوں کے پیچھے) اُنہی کے نقشِ قدم پر ہم نے مریم کے بیٹے عیسٰی کو چلایا۔ تورات کی تصدیق کرتا ہوا، جو اُس کے سامنے موجود تھی۔ اور ہم نے اسے انجیل دی جس میں ہدایت اور روشنی ہے، اور تورات کی جو پہلے سے موجود تھی (سرتاسر) تصدیق ہے۔ نیز متقی انسانوں پر (سعادت کی) راہ کھولنے والی اور (اپنی تعلیم میں یکسر) پند و نصیحت!

۵۱ اور (ہم نے انجیل میں بھی یہی حکم دیا تھا کہ) "انجیل والے اسی کے مطابق حکم دیں جو کچھ انجیل میں خدا نے

اسکے بعد فرمایا، ہم نے پہلے تورات نازل کی۔ پھر انجیل نازل کی، اور اسی طرح اب قرآن نازل ہوا ہے۔ انجیل تورات کی مصدق تھی اور قرآن تمام پچھلی صداقتوں کا مصدق اور اُن پر "نگہبان" ہے۔ نگہبان ہونے سے مقصود یہ ہے کہ اسکے مقاصد کی حفاظت کرنے والا ہے۔ اگر وہ نازل نہ ہوتا تو تمام پچھلی صداقتیں تحریف و ضلالت کی تاریکیوں میں گم ہو گئی تھیں۔

آیت (۴۹) میں تورات کے جس حکم کا ذکر کیا ہے وہ خروج ۲۲-۲۴ اور استثنا ۱۹: ۲۱ میں ہے۔

أَهْلُ الْإِنْجِيلِ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فِيهِ ۚ وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فَأُولٰئِكَ هُمُ
الْفٰسِقُونَ ۝ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا ۵۲
عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ عَمَّا جَاءَكَ مِنَ الْحَقِّ ۚ لِكُلٍّ
جَعَلْنَا مِنْكُمْ شِرْعَةً وَمِنْهَاجًا ۚ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ أُمَّةً وَاحِدَةً وَلٰكِنْ لِيَبْلُوَكُمْ ۵۳
فِي مَا آتٰكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۚ إِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝

نازل کیا ہے، اور جو کوئی خدا کی نازل کی ہوئی کتاب کے مطابق حکم نہ دیگا، تو ایسے ہی لوگ ہیں جو فاسق ہیں"
اور (اے پیغمبر! اسی طرح) ہم نے تمھاری طرف سچائی کے ساتھ کتاب بھیجی۔ اُن کتابوں کی تصدیق ۵۲
کرنے والی جو پہلے سے موجود ہیں اور اُن پر نگہبان۔ سو چاہئے کہ خدا کی نازل کی ہوئی کتاب کے مطابق
ان لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو، اور جو سچائی تمھارے پاس آچکی ہے، اُسے چھوڑ کر لوگوں کی خواہشوں
اور رایوں کی پیروی نہ کرو۔

تم میں سے ہر ایک گروہ کے لئے ہم نے ایک "شرع" اور "منہاج" ٹھرا دی (یعنے مذہبی زندگی کا دستور العمل اور طور طریقہ ٹھرا دیا) اگر خدا چاہتا تو تم سب کو ایک امت بنا دیتا (یعنے ایک ہی طرح کی استعداد اور حالت پیدا کرتا اور مختلف شریعتوں اور طور طریقوں کا اختلاف رونما ہی نہ ہوتا) لیکن (تم دیکھ رہے ہو کہ اس نے ایسا نہیں کیا، اور اس لئے نہیں کیا) تاکہ جو کچھ (تمھاری حالت اور ضرورت کے مطابق وقتاً فوقتاً) تمھیں دیا گیا ہے، اُس میں تمھیں آزمائے (اور تمھارے لئے طلب و ترقی کی راہیں پیدا ہوں) پس نیکی کی راہ میں ایک دوسرے سے آگے بڑھ نکلنے کی کوشش کرو (کہ تمام شریعتوں کا اصل مقصود یہی ہے) بالآخر تم سب کو اللہ کی طرف لوٹنا ہے۔ پھر وہ تمھیں بتلائے گا کہ جن باتوں میں باہم کر اختلاف کرتے تھے، ان کی حقیقت کیا ہے۔ ۵۳

اگر تورات، انجیل، اور قرآن، ایک ہی صداقت کی دعوتیں ہیں اور قرآن تمام پچھلی صداقتوں کا مصدق ہے، تو پھر شرائع و احکام میں اختلاف کیوں ہوا؟ یعنے ایسا کیوں ہوا کہ عبادت کے طور طریقے اور حلال و حرام کے احکام سب ایک ہی طرح کے نہیں بتلائے اور مختلف وقتوں میں مختلف شریعتیں ظاہر ہوئیں؟

قرآن نے یہاں یہی سوال کا جواب دیا ہے۔ وہ کہتا ہے، ایک چیز "دین" ہے اور ایک "شرع" اور "منہاج" ہے۔ "دین" اصل ہے، اور وہ خدا پرستی اور نیک عملی کا قانون ہے۔ "شرع" اور "منہاج" دستور العمل اور طور طریقہ ہے جو دینی زندگی بسر کرنے کے لئے ٹھرایا جاتا ہے۔ "دین" ایک ہی ہے، اور سب نے اُسی کی تعلیم دی، لیکن "شرع" اور "منہاج" میں اختلاف ہوا۔ کیونکہ ہر عہد اور ہر ملک کے احوال و ظروف یکساں نہ تھے، اس لئے "شرع" اور "منہاج" بھی یکساں نہیں ہو سکتی تھی۔ پیروان مذاہب کی گمراہی یہ ہے کہ انھوں نے دین کی وحدت بھلا دی ہے، اور محض شرع و منہاج کے اختلاف پر گروہ بندیاں کرکے ایک دوسرے کو جھٹلا رہے ہیں۔

قرآن کہتا ہے۔ اگر خدا چاہتا تو تمام نوع انسانی کو ایک امت بنا دیتا مگر تم دیکھ رہے ہو کہ اُس نے ایسا نہیں کیا۔ الگ الگ قومیں ہوئیں، الگ الگ احوال ہوئے، الگ الگ ضرورتیں ہوئیں پس ضروری تھا کہ دینی زندگی کے طور اور ڈھنگ بھی الگ الگ ہوں لیکن یہ اختلاف اصل کا اختلاف نہ ہوا جو "دین" ہے۔ فرع کا اختلاف ہوا جو "شرع" اور "منہاج" ہے۔

۵۴ وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ
۵۵ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ۝ اَفَحُكْمَ
۵۶ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِيَآءَ ؔۘ
۵۷ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ فَتَرَى الَّذِيْنَ
فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰۤى اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّاْتِىَ بِالْفَتْحِ
اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِىْۤ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ۝

۵۴ اور (اے پیغمبر!) ہم نے تمھیں حکم دیا کہ جو کچھ خدا نے تم پر نازل کیا ہے، اُسی کے مطابق ان لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو، اور اُن کی خواہشوں کی پیروی نہ کرو۔ نیز اُن کی طرف سے ہشیار رہو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ جو کچھ خدا نے نازل کیا ہے، اُس کے کسی حکم (کی تعمیل و نفاذ) میں تمھیں ڈگمگا دیں (یعنے ایسی صورتِ حال پیدا کردیں کہ کسی حکم کا نفاذ عمل میں آسکے) پھر اگر یہ لوگ روگردانی کریں (اور حکمِ الٰہی نہ مانیں) تو جان لو خدا کو یہی منظور ہے کہ اُن کے بعض گناہوں کی وجہ سے اُن پر مصیبت ڈالے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ انسانوں میں سے بہت سے انسان (احکامِ حق سے) نافرمان ہیں!

۵۵ پھر (جو لوگ احکامِ الٰہی کا فیصلہ پسند نہیں کرتے، تو وہ کیا چاہتے ہیں؟) کیا جاہلیت[1] کے عہد کا سا حکم چاہتے ہیں (جب علم و بصیرت سے لوگ محروم تھے اور اوہام و خرافات پر عمل کرتے تھے؟) اور اُن لوگوں کے لئے جو یقین رکھنے والے ہیں اللہ سے بہتر حکم دینے والا کون ہوسکتا ہے؟

۵۶ مسلمانو! یہودیوں اور عیسائیوں کو (جو تمھاری دشمنی میں سرگرم ہیں) اپنا رفیق و مددگار نہ بناؤ۔ وہ (تمھاری مخالفت میں) ایک دوسرے کے مددگار ہیں اور (دیکھو) تم میں سے جو کوئی انھیں رفیق و مددگار بنائے گا، تو وہ اُنہی میں سے سمجھا جائے گا۔ اللہ اُس گروہ پر (کامیابی و سعادت کی) راہ نہیں کھولتا جو ظلم کرنے والا گروہ ہے۔

۵۷ پھر (اے پیغمبر!) تم دیکھو گے کہ جن کے دلوں میں (نفاق کا) روگ ہے، وہ ان لوگوں کی طرف دوڑے جا رہے ہیں۔ وہ کہتے ہیں "ہم ڈرتے ہیں کہ (ان لوگوں سے الگ تھلگ رہنے کی وجہ سے) کسی مصیبت کے پھیر میں نہ آجائیں" تو (یقین کرو) وہ وقت دُور نہیں جب اللہ (تمھیں) فتح دیدیگا، یا اُس کی طرف سے (کامیابی و غلبہ کی) کوئی اور بات ظاہر ہوجائے گی، اور اُس وقت یہ لوگ اُس بات پر شرمندہ ہونگے جو انھوں نے اپنے دلوں میں چھپا رکھی ہے۔

[1] اسلام کے ظہور سے پہلے عرب میں جو حالت رہ چکی ہے اُسے جاہلیت سے تعبیر کیا گیا، کیونکہ لوگ اوہام و خرافات میں مبتلا تھے، اور علم و بصیرت کی کوئی روشنی موجود نہ تھی۔

وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوا أَهَٰؤُلَاءِ الَّذِينَ أَقْسَمُوا بِاللَّهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَأَصْبَحُوا خَاسِرِينَ ۝ ۵۸
يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَن يَرْتَدَّ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَسَوْفَ يَأْتِي اللَّهُ بِقَوْمٍ يُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهُ أَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ أَعِزَّةٍ ۵۹
عَلَى الْكَافِرِينَ يُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلَا يَخَافُونَ لَوْمَةَ لَائِمٍ ذَٰلِكَ فَضْلُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ وَاللَّهُ وَاسِعٌ
عَلِيمٌ ۝ إِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ يُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَهُمْ رَاكِعُونَ ۝ ۶۰
وَمَن يَتَوَلَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا ۶۱-۶۲
الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَكُمْ هُزُوًا وَلَعِبًا مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِن قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ أَوْلِيَاءَ

آیت (۵۶) میں فرمایا کہ یہود و نصاریٰ کو جو مشرکین مکہ کی طرح تمھاری دشمنی میں سرگرم ہیں، اپنا رفیق و مددگار نہ بناؤ۔ جو منافق ہیں، وہ مسلمانوں کو چھوڑ کر اُن کی طرف دوڑے جا رہے ہیں لیکن قریب ہے کہ انھیں اپنی کرنی پر پچھتانا پڑیگا۔

آیت (۵۹) میں مسلمانوں کی یہ شان بتلائی کہ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ نرم و منکسر لیکن دشمنوں کے مقابلے میں سخت ہوتے ہیں۔ اللہ کی سچائی کی راہ میں جان لڑا دینے والے، اور کسی ملامت گر کی ملامت سے نہ ڈرنے والے۔ نماز قائم کرتے ہیں، زکوٰۃ ادا کرتے ہیں۔ اور خدا کی مددگاری پر بھروسہ رکھتے ہیں۔ جو ایسے ہوں، تو وہ "حزب اللہ" ہیں۔ یعنے اللہ کا گروہ ہے۔ اور جو اللہ کا گروہ ہو تو وہ کبھی انسانوں سے مغلوب ہونے والا نہیں!

یہ گروہ جس کی خبر دی گئی تھی، مہاجرین و انصار کا گروہ تھا۔

۵۸ اور (اُس وقت) ایمان والے کہیں گے، کیا یہی وہ لوگ ہیں جو اللہ کی سخت سے سخت قسم کھا کر کہتے تھے کہ ہم تمھارے ساتھ ہیں؟ (حالانکہ تھے دشمنوں کے ساتھ) تو (دیکھو) انکے تمام اعمال (اس نفاق کی وجہ سے) اکارت گئے، اور بالآخر تباہ و نامراد ہو کر رہ گئے۔

۵۹ مسلمانو! تم میں سے جو کوئی اپنے دین سے پھر جائیگا تو (وہ یہ نہ سمجھے کہ اُس کے پھر جانے سے دین حق کو کچھ نقصان پہنچے گا) قریب ہے کہ اللہ ایک ایسا گروہ (سچے مومنوں کا) پیدا کر دے، جنھیں خدا دوست رکھتا ہوگا، اور وہ خدا کو دوست رکھنے والے ہونگے۔ مومنوں کے مقابلہ میں نہایت نرم اور جھکے ہوئے، لیکن دشمنوں کے مقابلہ میں نہایت سخت۔ اللہ کی راہ میں (جان و مال سے) جدّوجہد کرینگے، اور کسی ملامت گر کی ملامت سے نہیں ڈریں گے۔ یہ اللہ کا فضل ہے، جس گروہ کو چاہے، عطا فرما دے، اور وہ (اپنے فضل میں) بڑی ہی وسعت رکھنے والا، اور (سب کا حال) جاننے والا ہے!

۶۰ (مسلمانو!) تمھارا رفیق و مددگار تو بس اللہ ہے، اُس کا رسول ہے، اور وہ لوگ ہیں جو ایمان والے ہیں۔ جن لوگوں کا شیوہ یہ ہے کہ نماز قائم رکھتے ہیں، زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، اور (ہر حال میں) اللہ کے آگے جھکے ہوئے ہیں!

۶۱ اور (یاد رکھو) جس کسی نے اللہ کو، اُس کے رسول کو، اور ایمان والوں کو اپنا رفیق و مددگار بنا رکھا، تو (وہ اللہ کے گروہ میں سے ہے، اور) بلاشبہ اللہ ہی کا گروہ غالب رہنے والا ہے!

یہود و نصاریٰ اور مشرکین عرب مسلمانوں کے مذہبی اعمال کے ساتھ تمسخر کرتے تھے۔

۶۲ مسلمانو! یہود و نصاریٰ اور کفار (مکہ) میں سے جن لوگوں نے تمھارے دین کو ہنسی کھیل بنا رکھا ہے (یعنے تحقیر و تذلیل کے لئے اُس کی ہنسی اُڑاتے رہتے ہیں) تم انھیں اپنا مددگار و رفیق نہ بناؤ، اور اللہ (کی نافرمانی

٦٢ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
٦٣ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ۝ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ
٦٥ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ۝ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ۭ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ
وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ۭ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَاۗءِ
٦٦ السَّبِيْلِ ۝ وَاِذَا جَاۗءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ۝
٦٧ وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِي الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۭ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا
٦٨ يَعْمَلُوْنَ ۝ لَوْلَا يَنْهٰىهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ

کے نتائج) سے ڈرو، اگر فی الحقیقت ایمان رکھنے والے ہو!

٦٣ اور جب تم نماز کے لئے پکارتے ہو (یعنے اذان دیتے ہو) تو یہ اُسے تماشہ بناتے اور اُس کی ہنسی اُڑاتے ہیں اس لئے کہ یہ ایک ایسا گروہ ہے جو عقل و دانش سے بے بہرہ ہے۔

٦٤ (اے پیغمبر! یہودیوں سے) کہو کہ اے اہلِ کتاب! اس کے سوا ہمارا کیا قصور ہے جس کا تم انتقام لینا چاہتے ہو کہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں، اور اس (سچائی) پر ایمان رکھتے ہیں جو ہم پر نازل ہوئی ہے اور جو ہم سے پہلے نازل ہو چکی ہیں؟ اور یہ کہ (کہتے ہیں) تم میں سے اکثر (احکام تورات سے) نافرمان ہیں؟

> اہلِ کتاب سے خطاب کہ جب قرآن تمام پچھلی سچائیوں کی تصدیق کرتا ہے، اور کسی نئی بات کی طرف نہیں بلاتا، تو پھر تم اس کی مخالفت میں کیوں کربستہ ہوگئے ہو؟ آخر پیروانِ قرآن کا قصور کیا ہے؟ کیا یہی قصور ہے کہ وہ خدا پر ایمان رکھتے ہیں اور قرآن کی طرح تمھاری کتابوں کو بھی کلام الٰہی سمجھتے ہیں؟ اور تم سے کہتے ہیں کہ اپنی کتابوں پر راست بازی کے ساتھ عمل کرو؟
> اس کے بعد یہودیوں کی اُن شقاوتوں کی طرف اشارہ کیا ہے جن کا خود یہودیوں کو بھی اعتراف ہے، اور جو اُنکے یہاں کی مسلمہ روایتیں ہیں مثلاً احکامِ الٰہی کی نافرمانی کی وجہ سے ایک گروہ کا ملعون ہونا، اور نبیوں کا اُن پر لعنت کرنا، اور سبت والوں کا مسخ ہوجانا۔

٦٥ (اے پیغمبر، تم) کہو، کیا میں تمھیں بتلاؤں، اللہ کے حضور بہ اعتبار جزا کے کون زیادہ بدتر ہے؟ وہ لوگ جن پر خدا نے لعنت کی، اور اپنا غضب اُتارا، اور ان میں سے کتنوں ہی کو بندر اور سور کر دیا، اور وہ جو شریر قوتوں کو پوجنے لگے۔ یہی لوگ ہیں جو سب سے بدتر درجے میں ہیں، اور سب سے زیادہ سیدھی راہ سے بھٹکے ہوئے!

٦٦ اور (دیکھو) جب یہ لوگ تمھارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں، ہم ایمان لائے، حالانکہ وہ کفر لئے ہوئے آئے تھے، اور کفر لئے ہوئے واپس گئے۔ اور وہ جو کچھ اپنے دلوں میں چھپائے ہوئے ہیں، خدا اُسے بہتر جاننے والا ہے!

٦٧ اور تم اُن میں سے بہتوں کو دیکھوگے کہ گناہ، اور ظلم، اور مالِ حرام کھانے میں تیز گام ہیں۔ (افسوس انکی ادّعاءِ ایمان پر!) کیا ہی بُرے کام ہیں جو (شب و روز) کر رہے ہیں!

٦٨ اُنکے علماء و مشائخ کو کیا ہوگیا ہے کہ اُنھیں جھوٹ بولنے اور مالِ حرام کھانے سے نہیں روکتے؟ (اور ام

لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ۭ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ ٦٩
يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَاۗءُ ۭ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا
وَّكُفْرًا ۭ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاۗءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَ
يَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا ٧٠
لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَ
مَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ۭ

بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ ادا نہیں کرتے؟ افسوس اُن پر! کیا ہی بُری کارگزاری ہے جو یہ کر رہے ہیں!

٦٩ اور یہودیوں نے کہا، خدا کا ہاتھ (عطاء و بخشش سے) بندھ گیا ہے (کہ نہ تو تورات کے بعد کوئی دوسری کتاب بھیج سکتا ہے۔ نہ بنی اسرائیل کے بعد کسی دوسری قوم کو برکت دے سکتا ہے۔ حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ) انہی کے ہاتھ بندھ گئے ہیں، اور جو کچھ انھوں نے کہا اسکی وجہ سے اُن پر لعنت پڑی ہے۔ خدا کے تو دونوں ہاتھ (بخشش و کرم میں) کشادہ ہیں۔ وہ جس طرح چاہتا ہے (اپنا فضل و کرم) خرچ کرتا ہے۔ اور (اسی لئے تم دیکھو گے کہ) خدا کی طرف سے جو کچھ تم پر نازل ہوا ہے، (بجائے اس کے کہ اُن کے لئے ہدایت و نصیحت کا موجب ہو) اُن میں سے بہتوں کی سرکشی اور کفر کو اور زیادہ بڑھا دیگا۔

یہودی کہتے تھے، تورات کے بعد کوئی کتاب نہیں آ سکتی اور نہ بنی اسرائیل کے بعد کسی دوسری قوم کو برکت و سعادت مل سکتی ہے۔ خدا کے خزانے میں تو سب کچھ ہے لیکن اُس کے ہاتھ بندھ گئے ہیں۔ وہ اب کسی دوسری قوم کو برکت و سعادت نہیں دے سکتا۔ یہاں انکی اسی شقاوت کی طرف اشارہ کیا ہے۔

اور (اسی سرکشی و کفر کا نتیجہ ہے کہ) ہم نے اُنکے (مختلف فرقوں کے) درمیان عداوت اور کینہ ڈال دیا ہے (کہ) قیامت تک مٹنے والا نہیں۔ جب کبھی لڑائی کی آگ سُلگاتے ہیں، اللہ اُسے بجھا دیتا ہے (یعنے اُس کا فتنہ تمام ملک میں پھیلنے نہیں پاتا) یہ لوگ ملک میں خرابی پھیلانے کے لئے سعی کرتے ہیں، اور اللہ خرابی کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

عیسائیوں کی طرح یہودی بھی مختلف فرقوں میں بٹ گئے ہیں اور مذہبی فرقہ بندی نے ہمیشہ کے لئے اُن میں باہمی بغض و عناد کے جذبات پیدا کر دئیے ہیں۔

٧٠ اور اگر اہل کتاب ایمان رکھتے اور پرہیزگار ہوتے، تو ہم ضرور اُن پر سے اُن کی خطائیں محو کر دیتے (یعنے خطاؤں کے اثرات محو کر دیتے) اور ضرور اُنھیں نعمت کی جنتوں میں داخل کر دیتے (مگر اُنھوں نے ایمان و عمل کی جگہ سرکشی و نافرمانی کی راہ اختیار کی، اس لئے خدا کی بخششوں سے محروم ہو گئے)

اور اگر وہ تورات اور انجیل کو اور جو کچھ اُنکے پروردگار سے اُن پر نازل ہوا ہے، (راست بازی کے ساتھ) قائم رکھتے، تو ضرور ایسا ہوتا کہ اُن کے اوپر سے بھی (کہ آسمان ہے) اور اُن کے قدموں کے

٦٦ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ۝ ٦٧ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسٰلَتَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ٦٨ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَىْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَ الْاِنْجِيْلَ وَ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَ لَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ٦٩ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِيْنَ هَادُوْا وَ الصّٰبِئُوْنَ وَ النَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ عَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

نیچے سے بھی (کہ زمین ہے) اُنھیں برکت ملتی، (لیکن اُنھوں نے تورات و انجیل کی تعلیم ضائع کردی) ان میں سے ایک گروہ ضرور میانہ رو ہے، لیکن زیادہ تر ایسے ہی ہیں کہ جو کچھ کرتے ہیں بُرائی ہی بُرائی ہے۔

٦٧ اے پیغمبر! تمھارے پروردگار کی طرف سے تم پر جو کچھ نازل ہوا ہے، اُسے (خدا کے بندوں تک) پہنچا دو (اور دشمنوں کی مخالفت کی کچھ پروا نہ کرو) اگر تم نے ایسا نہ کیا، تو (پھر) خدا کا پیغام نہیں پہنچایا (یعنے ادائے فرض رسالت میں کوتاہی کی) اور اللہ تمھیں انسانوں (کے شر) سے محفوظ رکھے گا۔ وہ اُس گروہ پر (کامیابی کی) راہ نہیں کھولتا جس نے کفر کی راہ اختیار کی ہے!

٦٨ (اے پیغمبر!) ان لوگوں سے کہدو کہ اے اہل کتاب تمھارے پاس ٹکنے کے لئے کچھ بھی نہیں ہے جب تک کہ تم تورات اور انجیل کو اور جو کچھ تمھارے پروردگار کی طرف سے نازل ہوا ہے، قائم نہ کرو اور (اے پیغمبر! تم دیکھوگے کہ) جو کچھ تمھارے پروردگار کی طرف سے تم پر نازل ہوا ہے (بجائے اسکے کہ اُن کے لئے تنبہ اور نصیحت کا موجب ہو) اور زیادہ ان کی سرکشی اور انکار بڑھادیگا۔ تو تم اُس گروہ کی حالت پر افسوس نہ کرو جو حق سے منکر ہے۔

اہل کتاب سے خطاب کہ تم دین کے بارے میں جو کچھ بحث و کلام کرتے ہو، وہ جبھی قابل سماعت ہوسکتا ہے جبکہ تورات و انجیل کی تعلیم پر قائم رہو، اور اس کے احکام کی تعمیل کرو۔ کیونکہ اگر ایسا نہیں ہے تو پھر بتلاؤ، تمھارے پاس کونسی جگہ باقی رہجاتی ہے جس پر کھڑے ہوسکتے ہو، اور دلیل و حجت کے ساتھ کلام کرسکتے ہو؟

نیز اس اصل کا بھی اعلان کردیا کہ قرآن کا مطالبہ اہل کتاب سے یہ نہیں ہے کہ تورات و انجیل کی صداقتوں سے بے پروا ہوجائیں، بلکہ تمام تر یہی مطالبہ ہے کہ اُن پر سچائی کے ساتھ قائم ہوں کیونکہ وہ کہتا ہے، تمام الہامی کتابوں کی حقیقی تعلیم ایک ہی ہے اور وہ خدا پرستی و نیک عملی کی دعوت ہے۔ قرآن اسی پر تمام نوع انسانی کو جمع کردینا چاہتا ہے۔

چنانچہ آیت (٦٩) میں فرمایا کہ نجات و سعادت کا دارو مدار تمھاری بنائی ہوئی گروہ بندیاں نہیں ہیں، بلکہ ایمان و عمل کا قانون ہے، اور اصل دین یہی ہے جس کی سب نے تعلیم دی۔ اور خود تم سے بھی اسی کا عہد لیا گیا تھا۔ تشریح اسکی بقرہ: ٥٩ میں گزر چکی ہے۔

٦٩ جو لوگ (قرآن پر) ایمان لائے ہیں، وہ ہوں، یا وہ لوگ ہوں جو یہودی اور صابی اور نصاریٰ ہیں کوئی ہو، لیکن (اصل دین یہ ہے کہ) جو کوئی بھی اللہ پر اور آخرت کے دن پر ایمان رکھیگا، اور اچھے کام کریگا، تو اس کے لئے نہ تو کسی طرح کا اندیشہ ہے، نہ کسی طرح کی غمگینی!

۷۴ لَقَدْ أَخَذْنَا مِيثَاقَ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَأَرْسَلْنَا إِلَيْهِمْ رُسُلًا ۖ كُلَّمَا جَاءَهُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوَىٰ أَنْفُسُهُمْ فَرِيقًا
۷۵ كَذَّبُوا وَفَرِيقًا يَقْتُلُونَ ۝ وَحَسِبُوا أَلَّا تَكُونَ فِتْنَةٌ فَعَمُوا وَصَمُّوا ثُمَّ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوا وَصَمُّوا كَثِيرٌ
۷۶ مِنْهُمْ ۚ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ۝ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْمَسِيحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۖ وَقَالَ الْمَسِيحُ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ
اعْبُدُوا اللَّهَ رَبِّي وَرَبَّكُمْ ۖ إِنَّهُ مَنْ يُشْرِكْ بِاللَّهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَأْوَاهُ النَّارُ ۖ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ أَنْصَارٍ
۷۷ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِينَ قَالُوا إِنَّ اللَّهَ ثَالِثُ ثَلَاثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ إِلَٰهٍ إِلَّا إِلَٰهٌ وَاحِدٌ ۚ وَإِنْ لَمْ يَنْتَهُوا عَمَّا يَقُولُونَ لَيَمَسَّنَّ
۷۸-۷۹ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ أَفَلَا يَتُوبُونَ إِلَى اللَّهِ وَيَسْتَغْفِرُونَهُ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝ مَا الْمَسِيحُ ابْنُ
مَرْيَمَ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ وَأُمُّهُ صِدِّيقَةٌ ۖ كَانَا يَأْكُلَانِ الطَّعَامَ ۗ

۷۴ یہ واقعہ ہے کہ ہم نے (ایمان اور عمل کا عہد اطاعت) بنی اسرائیل سے لیا، اور (اُس پر قائم رکھنے کے لئے یکے بعد دیگرے) رسول بھیجے، مگر جب کبھی کوئی رسول اُنکے پاس ایسا حکم لیکر آیا جو اُن کی نفسانی خواہشو کے خلاف تھا، تو اُنھوں نے اُن میں سے بعض کو تو جھٹلایا اور بعضوں کو قتل کرتے رہے۔

۷۵ وہ سمجھے کہ کوئی آزمایش نہیں ہوگی، اس لئے (جوش ضلالت میں) اندھے بہرے ہوگئے۔ پھر ایسا ہوا کہ خدا اپنی رحمت سے اُن پر لوٹ آیا (یعنے ان کی توبہ قبول کرلی) لیکن پھر ان میں سے بہتیرے (از سر نو) اندھے بہرے ہوگئے! او (اب) جیسے کچھ اُنکے عمل ہیں، خدا اُنھیں دیکھ رہا ہے!

عیسائیوں کو بھی اسی اصل دینی کی تعلیم دی گئی تھی، یعنے ایمان و عمل کے قانون کی، لیکن وہ بھی اس سے منحرف ہوگئے اور الوہیت مسیح اور تثلیث کا اعتقاد باطل پیدا کرلیا۔

۷۶ یقیناً وہ (حق سے) منکر ہوئے، جنھوں نے کہا "خدا تو یہی مسیح ابن مریم ہے" اور (خود مسیح کی تعلیم تو یہ تھی کہ) اُس نے کہا تھا: "اے بنی اسرائیل! خدا کی بندگی کرو جو میرا اور تمھارا، (یعنے) سب کا پروردگار ہے! بلاشبہ جس کسی نے خدا کے ساتھ کسی دوسرے کو شریک ٹھہرایا، تو اُس پر اللہ نے جنت حرام کردی۔ اُس کا ٹھکانا آتش دوزخ ہے، اور ظلم کرنے والوں کے لئے کوئی نہیں جو مددگار ہو گا"

۷۷ یقیناً وہ لوگ (حق سے) منکر ہوئے جنھوں نے کہا "خدا تین میں کا ایک ہے" (یعنے باپ، بٹیا اور روح القدس) حالانکہ کوئی معبود نہیں ہے، مگر وہی معبود یگانہ! ۔ اور (دیکھو) جو کچھ یہ کہتے ہیں، اگر اُس سے باز نہ آئے، تو ان میں سے جن لوگوں نے انکار حق کیا ہے، اُنھیں عذاب دردناک پیش آئے گا۔

۷۸ اُنہیں کیا ہوگیا ہے کہ اللہ کی طرف رجوع نہیں ہوتے، اور اس سے بخشش طلب نہیں کرتے، حالانکہ وہ بخشنے والا رحمت رکھنے والا ہے؟

۷۹ مریم کا بٹیا مسیح اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ اللہ کا ایک رسول ہے۔ اس سے پہلے بھی کتنے رسول (اپنے اپنے وقتوں میں) ہوچکے۔ اور اُس کی ماں (بھی اس کے سوا کچھ نہ تھی کہ) صدیقہ تھی (یعنے بڑی ہی راست باز انسان تھی) یہ دونوں (تمام انسانوں کی طرح) کھاتے پیتے تھے (یعنے غذا کی احتیاج رکھتے تھے)، اور یہ ظاہر ہے کہ جسے زندہ

انظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْآيَاتِ ثُمَّ انظُرْ أَنَّىٰ يُؤْفَكُونَ ۝ قُلْ أَتَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَمْلِكُ ٨٠
لَكُمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا ۚ وَاللَّهُ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لَا تَغْلُوا فِي دِينِكُمْ غَيْرَ ٨١
الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوا أَهْوَاءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوا مِن قَبْلُ وَأَضَلُّوا كَثِيرًا وَضَلُّوا عَن سَوَاءِ السَّبِيلِ ۝
لُعِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَىٰ لِسَانِ دَاوُودَ وَعِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۚ ذَٰلِكَ بِمَا عَصَوا ٨٢
وَّكَانُوا يَعْتَدُونَ ۝ كَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَن مُّنكَرٍ فَعَلُوهُ ۚ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝ تَرَىٰ كَثِيرًا ٨٣
مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۚ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ أَنفُسُهُمْ أَن سَخِطَ اللَّهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ
هُمْ خَالِدُونَ ۝ وَلَوْ كَانُوا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالنَّبِيِّ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوهُمْ أَوْلِيَاءَ وَلَٰكِنَّ ٨٤

رہنے کے لئے غذا کی احتیاج ہو، انہیں! (ورائے بشریت کوئی بات کیونکر ہوسکتی ہو) دیکھو! کس طرح ہم ان لوگوں کے لئے دلیلیں واضح کر دیتے ہیں، اور پھر دیکھو! کس طرف کو یہ لوگ پھرے ہوئے جارہے ہیں؟ (کہ اتنی موٹی سی بات بھی سمجھ نہیں سکتے؟)

٨٠ (اے پیغمبر! ان لوگوں سے) کہو، کیا تم خدا کو چھوڑ کر ایسی ہستیوں کی بندگی کرتے ہو، جن کے اختیار میں نہ تو تمھارا نقصان ہے، نہ نفع، اور اللہ تو سننے والا علم رکھنے والا ہے!

٨١ کہدو، اے اہل کتاب! اپنے دین میں سچائی اور حقیقت کے خلاف غلو نہ کرو (یعنے حد سے نہ گزر جاؤ) اور اُس گروہ کی خواہشوں کی پیروی نہ کرو، جو تم سے پہلے گمراہ ہوچکا ہے، اور بہتوں کو گمراہ کرچکا ہے، اور (حق کی) سیدھی راہ اُس پر گم ہوگئی ہے۔

٨٢ (چنانچہ دیکھو) بنی اسرائیل میں سے جو لوگ (حق سے) منکر ہوئے تھے، وہ (پہلے) داؤد اور (پھر) مریم کے بیٹے عیسیٰ کی زبانی لعنت کیئے گئے۔ اور یہ اس لئے ہوا کہ نافرمانی کرتے تھے اور حد سے گزر گئے تھے۔

٨٣ وہ برائیوں میں (ایک مرتبہ) پڑ جاتے تو پھر اس سے باز نہیں آتے۔ البتہ یہ بڑی ہی برائی تھی جو وہ کیا کرتے تھے۔

یہاں یہودیوں کی اُس حالت کی طرف اشارہ کیا کہ برائیوں میں پڑ کر پھر اُس سے باز آجانے کا احساس اُن میں باقی نہیں رہا تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ جب کبھی کسی گروہ کی ایسی حالت ہوجائے کہ برائیوں میں پڑ کر پھر اُن سے باز رہنے کا احساس و ولولہ پیدا نہ ہو، اور اپنی حالت پر قانع ہوجائے، تو یہ اس بات کا ثبوت ہو کہ گمراہی و شقاوت کی انتہائی حالت پیدا ہوگئی۔

(اے پیغمبر!) تم دیکھو گے کہ ان میں بہت سے لوگ ایسے ہیں جو کفر کرنے والوں سے (یعنے مشرکین عرب سے) مدد و رفاقت کا رشتہ رکھتے ہیں۔ کیا ہی بُری تیاری ہے جو انکے نفسوں نے انکے لئے مہیا کر دی کہ ان پر خدا کا غضب ہوا اور عذاب میں ہمیشہ رہنے والے ہیں!

٨٤ اور (دیکھو) اگر یہ لوگ اللہ پر، اور اللہ کے نبی پر، اور جو کتاب اُس پر نازل ہوئی ہے، اُس پر (یعنے تورات پر) ایمان رکھنے والے ہوتے تو کبھی (پیروان توحید کے خلاف) مشرکوں کو مددگار و رفیق نہ بناتے۔ لیکن ان میں

كَثِيرًا مِّنْهُمْ فَسِقُونَ ۝ لَتَجِدَنَّ أَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِينَ آمَنُوا الْيَهُودَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا ۚ وَلَتَجِدَنَّ أَقْرَبَهُم مَّوَدَّةً لِّلَّذِينَ آمَنُوا الَّذِينَ قَالُوا إِنَّا نَصَارَىٰ ۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُونَ ۝ ۸۵ وَإِذَا سَمِعُوا مَا أُنزِلَ إِلَى الرَّسُولِ تَرَىٰ أَعْيُنَهُمْ تَفِيضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوا مِنَ الْحَقِّ ۖ يَقُولُونَ رَبَّنَا آمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشَّاهِدِينَ ۝ ۸۶ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا جَاءَنَا مِنَ الْحَقِّ وَنَطْمَعُ أَن يُدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصَّالِحِينَ ۝ ۸۷ فَأَثَابَهُمُ اللَّهُ بِمَا قَالُوا جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْمُحْسِنِينَ ۝ ۸۸

زیادہ تر ایسے ہی ہیں جو فاسق ہیں۔

۸۵ (اے پیغمبر!) تم ایمان والوں کی عداوت میں سب سے زیادہ سخت یہودیوں کو پاؤ گے، نیز (عرب کے) مشرکوں کو۔ اور ایمان والوں کی دوستی میں سب سے زیادہ قریب اُن لوگوں کو پاؤ گے جو کہتے ہیں، ہم نصاریٰ ہیں۔ اس لئے کہ ان میں قسّیس اور رہبان ہیں (یعنے عالم اور تارکِ دُنیا فقیر ہیں جو زہد و عبادت میں مشغول رہتے ہیں) اور اس لئے کہ ان میں گھمنڈ اور خود پرستی نہیں ہے۔

۸۶ اور جب یہ (عیسائی) وہ کلام سُنتے ہیں جو اللہ کے رسول پر نازل ہوا ہے، تو تم دیکھتے ہو کہ اُن کی آنکھیں جوش گریہ سے بہنے لگتی ہیں کیونکہ انھوں نے (اس کلام کی) سچّائی پہچان لی ہے۔ وہ (بے اختیار) بول اُٹھتے ہیں "خدایا! ہم (اس کلام پر) ایمان لائے، پس ہمیں بھی اُنہی میں سے لکھ لے جو (تیری سچائی کی) گواہی دینے والے ہیں"!

پیغمبر اسلام سے خطاب کہ تم اہلِ ایمان کی عداوت میں سب سے زیادہ سخت اپنے عہد کے یہودیوں اور عرب کے مشرکوں کو پاؤ گے، اور دوستی میں سب سے زیادہ قریب عیسائی ثابت ہونگے۔ کیونکہ ان میں قسّیس اور منک ہیں جو زہد و عبادت میں مشغول رہتے ہیں، اور اس لئے کہ ان میں انجیل کی تعلیم سے فروتنی اور عاجزی پیدا ہوگئی ہے۔

چنانچہ اسلام کے ابتدائی عہد میں کہ دعوتِ حق کی غربت و بے چارگی کا زمانہ تھا، نجاشی، حبش کا مسیحی فرمانروا، بغیر دیکھے ایمان لے آیا۔ مسلمانوں کی جو جماعت ہجرت کرکے حبش چلی گئی تھی، نجاشی نے اُن سے خواہش کی کہ اپنے پیغمبر کا کلام سناؤ۔ انھوں نے سورۂ مریم کی تلاوت کی۔ نجاشی کی آنکھوں سے بے اختیار سیلِ اشک رواں ہوگیا۔ وہ بول اُٹھا "اس کلام میں وہی روح بول رہی ہے جو مسیح علیہ السلام میں گویا ہوئی تھی"!

نجاشی کے علاوہ خود عرب میں بھی عیسائیوں کی بڑی تعداد ایمان لے آئی۔ لیکن یہودیوں کے جمود میں جنبش نہ ہوئی۔ وہ برابر مسلمانوں کے خلاف سازشیں کرتے رہے۔ یہاں تک کہ حضرت عمر کے زمانے میں خیبر سے جلاوطن کیے گئے۔

۸۷ اور (وہ کہتے ہیں) "ہمیں کیا ہوگیا ہے کہ ہم اللہ پر اور اُس کلام پر جو سچائی کے ساتھ ہمارے پاس آیا ہے، ایمان نہ لائیں، اور اللہ سے اس کی توقع نہ رکھیں کہ وہ ہمیں نیک کردار انسانوں کے زمرے میں داخل کردے"؟

۸۸ تو (دیکھو) خدا نے اُنکے اس کہنے کے صلے میں انھیں (نعمت و سرورِ ابدی کی) جنتیں عطا فرمائیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں (اور اس لئے ان کی بہار کے لئے کبھی خزاں نہیں) وہ ہمیشہ انہی جنتوں میں رہینگے اور ایسا ہی بدلہ ہے جو نیک کرداروں کے لئے ٹھہرا دیا گیا ہے!

۸۹ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ
۹۰ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ۝ وَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي
۹۱ أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ ۝ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي أَيْمَانِكُمْ وَلَٰكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا عَقَّدتُّمُ الْأَيْمَانَ
فَكَفَّارَتُهُ إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِينَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ أَهْلِيكُمْ أَوْ كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيرُ
رَقَبَةٍ ۖ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ ۚ ذَٰلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ ۚ وَاحْفَظُوا
۹۲ أَيْمَانَكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَ
الْمَيْسِرُ وَالْأَنصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

لیکن جن لوگوں نے انکار کیا اور ہماری آیتوں کو (جحود و عناد سے) جھٹلایا، تو وہ دوزخی ہیں (اُنکے لئے نعیم ابدی کی بخشائشوں میں کوئی حصہ نہ ہوگا)

۸۹ مسلمانو! خدا نے جو اچھی چیزیں تم پر حلال کر دی ہیں اُنھیں اپنے اوپر حرام نہ کرو، اور (روک ٹوک میں) حد سے نہ گزرو۔ اللہ حد سے گزر جانے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

۹۰ اور جو کچھ خدا نے تمھیں رزق دیا ہے اس میں سے اچھی اور حلال چیزیں (بلا تأمل) کھاؤ۔ اور اللہ (کی نافرمانی کے نتائج) سے ڈرتے رہو جس پر تمھارا ایمان ہے!

۹۱ تمھاری قسموں میں سے جو قسمیں لغو (اور بے معنی) ہوں اُن پر خدا تم سے مواخذہ نہیں کریگا۔ اُن پر کریگا جنھیں تم نے (سمجھ بوجھ کر) ٹھہرایا ہو۔ تو (اگر کوئی قسم توڑنی پڑے تو) اس کا کفارہ دس مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے۔ درمیانی درجہ کا کھانا جیسا تم اپنے بیوی بچوں کو کھلایا کرتے ہو، یا (دس مسکینوں کو کھانے کی جگہ) کپڑا پہنا دینا، یا ایک غلام آزاد کر دینا۔ اور اگر (یہ سب کچھ) میسر نہ آئے، تو پھر تین دن تک (پے در پے) روزہ رکھنا چاہئے۔ یہ تمھاری قسموں کا کفارہ ہے جبکہ (سمجھ بوجھ کر) قسم کھا بیٹھو۔ اور چاہئے کہ اپنی قسموں کی نگہداشت کرو (کہ کھا کر توڑنی نہ پڑیں) اللہ اسی طرح اپنی آیتیں تم پر واضح کر دیتا ہے، تاکہ شکر گزار رہو۔

سلسلۂ بیان اب پھر اوامر و نواہی کی طرف پھرتا ہے۔ پیروانِ مذاہب کی ایک بہت بڑی گمراہی یہ رہی ہو کہ اُنھوں نے ترکِ دنیا کو تقربِ الٰہی کا ذریعہ سمجھ لیا ہو۔ چنانچہ عیسائیوں نے رہبانیت کا طریقہ نکالا، اور اس میں یہاں تک بڑھے کہ دنیا کی تمام جائز لذتیں اور راحتیں اپنے اوپر حرام کر لیں۔ چونکہ پچھلی آیات میں عیسائی راہبوں کی نرم دلی و فروتنی کی تعریف کی گئی تھی، اس لئے ضروری تھا کہ اُن کی اس گمراہی کی طرف بھی اشارہ کر دیا جاتا۔ چنانچہ فرمایا کہ:

(۱) جو اچھی چیزیں خدا نے حلال کر دی ہیں یعنے زندگی کی جائز لذتیں اور راحتیں، اُنھیں اپنے اوپر حرام نہ کرو۔ ایسا کرنا کوئی خوبی کی بات نہیں ہے، بلکہ راہِ عمل میں حد سے گزر جانا ہے۔

(۲) لوگ اس طرح کی قسمیں کھا لیتے تھے کہ فلاں حلال چیز نہیں کھائینگے، اور فلاں راحت و لذت ہم پر حرام ہوگی۔ فرمایا، لغو قسموں کا اعتبار نہیں۔ سمجھ بوجھ کر کھائی ہو اور توڑنی پڑے تو کفارہ دو۔

(۳) شراب، جوا، معبودانِ باطل کے نشان، سب حرام ہیں۔

۹۲ مسلمانو! بلاشبہ شراب، جوا، معبودانِ باطل کے نشان، اور پانسے، شیطانی کاموں کی گندگی ہے، تو ان سے اجتناب کرو تاکہ تمھیں فلاح حاصل ہو۔

۹۳ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِى الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَ يَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ٥

۹۴ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ٥

۹۵ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ۚ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ٥

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ

۹۳ شیطان یہی چاہتا ہے کہ شراب اور جوّے کے ذریعہ تمھارے درمیان عداوت اور کینہ ڈلوا دے، اور تمھیں خدا کے ذکر اور نماز سے باز رکھے (کیونکہ ان دونوں چیزوں میں پڑنے کا لازمی نتیجہ یہی ہے) پھر (بتلاؤ! ایسی برائیوں سے بھی) تم باز رہنے والے ہو یا نہیں؟

۹۴ اور (دیکھو) اللہ کی اطاعت کرو، اللہ کے رسول کی اطاعت کرو، اور (برائیوں سے) بچتے رہو۔ پھر اگر تم نے روگردانی کی، تو جان رکھو، ہمارے پیغام بر پر تو صرف پیغام پہنچا دینا ہے۔ (عمل کرنا یا نہ کرنا تمھارا کام ہے، اور جیسا تمھارا عمل ہوگا، ویسا ہی نتیجہ بھی پاؤ گے)

۹۵ جو لوگ ایمان لائے، اور اچھے کام کئے، وہ جو کچھ (حرمت کے حکم سے پہلے) کھا پی چکے ہیں، اس کے لئے اُن پر کوئی گناہ نہیں۔ جبکہ وہ (آیندہ کے لئے) پرہیزگار ہو گئے، اور ایمان لے آئے، اور اچھے کام کئے، اور (جب اُنھیں کسی بات سے روکا گیا، تو اس سے بھی) پرہیز کیا، اور (حکم الٰہی پر) ایمان لائے، اور اچھے کام کئے، اور (اسی طرح) پھر (روکے گئے، تو پھر بھی) پرہیز کیا اور (حکم الٰہی پر) ایمان لائے، اور اچھے کام کئے (تو یقیناً ایسے لوگوں سے اُن کی سابقہ باتوں کے لئے کوئی مواخذہ نہیں ہو سکتا وہ نیک کردار ہیں) اور اللہ نیک کرداروں کو دوست رکھتا ہے!

مسلمانو! شکار کے معاملہ میں جس تک تمھارے ہاتھ اور نیزے (یعنے ہتیار) پہنچیں گے، خدا ضرور تمھاری (فرماں برداری کی) ایک حد تک آزمایش کریگا۔ تاکہ

(۴) سورۂ نساء (آیت: ۴۶) میں گزر چکا ہے کہ شراب کی عادت اہلِ عرب کی گھٹی میں پڑی ہوئی تھی، اس لئے بہ تدریج حکمِ حرمت کا اعلان کیا گیا۔ آخری حکم جو اس بارے میں نازل ہوا، وہ اس سورت کی پچھلی آیت ہے۔ اس کے علاوہ حلّت و حرمت کے اور تمام احکام بھی یکے بعد دیگرے نازل ہوئے تھے۔ قدرتی طور پر یہ سوال پیدا ہوتا تھا کہ جن لوگوں نے حرمت سے پہلے ممنوعہ اشیاء استعمال کی ہیں، کیا اُس کے لئے بھی وہ جوابدہ ہوں گے؟ یہاں یہ خدشہ رفع کر دیا گیا۔ فرمایا، اُس کے لئے کوئی مواخذہ نہ ہوگا۔ جن لوگوں کا شیوہ یہ رہا ہے کہ یکے بعد دیگرے اُنھیں کسی بات سے روکا گیا، اور ہر مرتبہ رُک گئے اور ایمان و عمل میں اُستوار رہے، تو ظاہر ہے کہ اُن سے اتباعِ حق میں کسی طرح کی کوتاہی نہیں ہوئی، اُن سے مواخذہ کیوں ہو؟

(۵) احرام کی حالت میں جو شکار سے روکا گیا ہے، تو اسے ہلکی بات نہ سمجھو اس میں تمھارے لئے اتباع و اطاعت کی آزمایش ہے۔ اگر کوئی دیدہ و دانستہ شکار کر بیٹھے تو اُسے اُس کا بدلہ، یا کفارہ دینا چاہئے۔

(۶) لیکن حالت احرام میں دریا اور سمندر کا شکار جائز ہے۔

(۷) اللہ تعالیٰ نے کعبہ کو لوگوں کے لئے قیام امن و اجتماع کا ذریعہ ٹھیرا دیا ہے، اور اُس کے علم میں بے شمار مصلحتیں اور برکتیں ہیں، جو تمھیں اس معاملہ سے حاصل ہوں گی۔ پس اُس کی حرمت کے شعائر و اعمال قائم رکھو، اور اُن میں کسی طرح کا فتور واقع نہ ہونے دو۔

فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًا ۢ بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ؕ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝ (۹۶) اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ (۹۷) جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ؕ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ۝ (۹۸) اِعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

معلوم ہوجائے، کون خدا سے غائبانہ ڈرتا ہے (اور جنگلوں اور میدانوں کی تنہائی میں جہاں کسی انسان کی نگاہ دیکھنے والی نہیں، اپنا ہاتھ روکے رکھتا ہے) اور کون ہے جو اس کے احکام سے بے پروا ہے؟ پھر (دیکھو) اس (حکم) کے بعد (بھی) جو کوئی حد سے تجاوز کرجائے، تو اُس کے لئے عذاب دردناک ہے۔

(۹۶) مسلمانو! جب تم احرام کی حالت میں ہو، تو شکار کے جانور ہلاک نہ کرو، اور جو کوئی تم میں سے جان بوجھ کر مار ڈالے، تو چاہئے کہ اُس کا بدلہ دے (اور وہ یہ ہو کر) جیسے جانور کو مارا ہے، اُس کے مانند مویشی میں سے ایک جانور کعبہ پہنچا کر قربان کیا جائے جسے تم میں سے دو منصف ٹھہرادیں۔ یا کفارہ دے (اور وہ یہ ہو کہ) مسکینوں کو (اُس کی قیمت کے لحاظ سے) کھانا کھلائے، یا پھر مسکینوں کی گنتی کے برابر روزے رکھے تاکہ اپنے کئے کی جزا (کا مزہ) چکھ لے۔ اس سے پہلے جو ہوچکا، خدا نے اس سے درگزر کیا، لیکن جو کوئی پھر کرے گا، تو خدا اُس سے (نافرمانی کا) بدلہ لے گا، اور اللہ (اپنے کاموں میں) غالب اور (ہر عمل کے لئے اُس کی) جزا و سزا رکھنے والا ہے!

(۹۷) تمھارے لئے سمندر اور دریا کا شکار، اور کھانے کی چیزیں (جو بے شکار ہاتھ آجائیں۔ مثلاً مچھلی جو پانی سے الگ ہو کر مرگئی ہو، احرام کی حالت میں بھی) حلال ہے۔ تاکہ ان سے خود تمھیں بھی فائدہ پہنچے اور اہلِ قافلہ بھی فائدہ اٹھائیں۔ لیکن خشکی کا شکار، جب تک احرام کی حالت میں ہو، تم پر حرام ہے۔ پس اللہ (کی نافرمانی کے نتائج) سے ڈرو، کہ اُسی کی طرف تم سب جمع کرکے لے جائے جاؤگے!

(۹۸) اللہ نے کعبہ کو کہ حرمت کا گھر ہے، لوگوں کے لئے (امن و جمعیت کے) قیام کا ذریعہ ٹھہرایا ہے۔ نیز حرمت کے مہینوں کو، اور (حج کی) قربانی کو، اور (قربانی کے) ان جانوروں کو جن کی گردنوں میں (علامت کے لئے) پٹے ڈال دیتے ہیں (پس کعبہ کی، اور کعبہ کے ان تمام رسوم و آداب کی حرمت قائم رکھو) یہ اس لئے کیا گیا، تاکہ تم جان لو، آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے، اللہ سب کا حال جانتا ہے، اور وہ ہر بات کا علم رکھنے والا ہے!

جان لو کہ اللہ (پاداشِ عمل میں) سخت سزا دینے والا ہے، اور (ساتھ ہی) بخشنے والا، رحمت والا ہے!

۹۹-۱۰۰ مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ۝ قُلْ لَّا يَسْتَوِى الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِى الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

۱۰۱ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ تَسْئَلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ۝

۹۹ خدا کے پیغمبرؐ کے ذمّے اسکے سوا کچھ نہیں ہی کہ پیغام پہنچا دے۔ (عمل کرنا یا نہ کرنا، تمھارا کام ہی) اور خدا کے علم سے پوشیدہ نہیں، جو کچھ تم کھُلے طور پر کرتے ہو، اور جو کچھ چھپا کر کرتے ہو!

۱۰۰ (اے پیغمبر! ان لوگوں سے) کہدو۔ پاکیزہ اور گندی چیز برابر نہیں ہو سکتی، اگرچہ تمھیں گندی چیز کا بہت ہونا اچھا لگے۔ پس اے ارباب دانش! اللہ (کی نافرمانی کے نتائج) سے ڈرو، تاکہ (نقصان و تباہی کی جگہ) فلاح پاؤ!

۱۰۱ مسلمانو! (اپنی طرف سے کاوشیں کر کے) اُن چیزوں کی نسبت سوالات نہ کرو، کہ اگر تم پر ظاہر کر دی جائیں تو تمھیں بُری لگیں۔ اگر ان چیزوں کی نسبت سوال کروگے جبکہ قرآن نازل ہو رہا ہے، تو (ظاہر ہی کہ) تم پر ظاہر کر دی جائیں گی (لیکن اس کا نتیجہ خود تمھارے لئے اچھا نہ ہوگا، اور اب تو) خدا نے یہ بات معاف کر دی (لیکن آیندہ احتیاط کرو) اور اللہ بخشنے والا، اور (انسانوں کی خطاؤں کے لئے) بہت ہی بُردبار ہی!

(دیکھو) یہ واقعہ ہی کہ تم سے پہلے ایک گروہ نے (یعنے بنی اسرائیل نے) ایسی ہی باتیں (کرید کرید کر) پوچھی تھیں، پھر نتیجہ یہ نکلا کہ (سرے سے احکام الٰہی ہی کے) منکر ہو گئے!

(۸) خدا نے جن چیزوں سے روک دیا ہی، وہ گندی اور مُضر چیزیں ہیں جن کی اجازت دی ہی، وہ اچھی اور مفید چیزیں ہیں۔ گندی چیزیں کتنی ہی زیادہ ملیں اور اچھی چیزیں کتنی ہی کم میسر آئیں، لیکن گندی چیزوں کی طرف رغبت نہ کرو۔ کیونکہ دانشمند آدمی اشیاء کی کثرت و قلت نہیں دیکھتا۔ انکے نفع اور نقصان پر نظر رکھتا ہی۔

(۹) کثرتِ سوال اور تعمق فی الدین کی ممانعت (دیکھو بقرہ: ۱۰۳) فرمایا دین حق یہ نہیں چاہتا کہ انسانی معیشت کے لئے سختیاں اور جکڑبندیاں پیدا کر دے، اور تمھارے ہر عمل کو کسی نہ کسی پابندی سے ضرور ہی باندھ دے۔ جو کچھ ضروری تھا، بتلا دیا گیا، جو کچھ چھوڑ دیا ہی، وہ معاف ہی۔ اب تم اپنے جی سے کاوشیں کر کے طرح طرح کے سوالات مت گڑھو۔ اگر کروگے تو دین میں آسانی کی جگہ تنگی و مشقت پیدا ہو جائے گی، اور وہی حال ہوگا جو بنی اسرائیل کا ہوا۔ پہلے کاوشیں کر کے پابندیاں بڑھائیں پھر جب دائرۂ عمل تنگ ہو گیا، تو سرے سے عمل کرنا ہی چھوڑ دیا۔

(۱۰) مشرکین عرب بتوں کے نام پر جانور چھوڑ دیتے، اور انھیں مقدس سمجھتے، اور طرح طرح کے توہم پرستانہ عقائد ان سے وابستہ ہو گئے تھے۔ چنانچہ یہاں اُن جانوروں کا ذکر کیا ہی:

"بحیرہ" اُس اونٹنی کو کہتے تھے جس کے کان علامت کے لئے شق کر دیئے گئے ہوں، اور بتوں کی نیاز میں چھوڑ دی گئی ہو۔ یہ وہ اونٹنی ہوتی تھی جس سے پانچ بچے پیدا ہو جاتے۔

"سائبہ" اُس اونٹنی کو کہتے تھے جسے دیوتاؤں کے نام پر چھوڑ دیا ہو۔ نہ تو کوئی اس پر سوار ہو سکتا تھا۔ نہ اسکے بال کاٹ سکتا تھا، نہ اس کا دودھ اپنے کام میں لا سکتا تھا۔

"وصیلہ" اس بکری کو کہتے تھے جس کے پلوٹھے کے اوپر تلے دو بچے مادہ ہوتے تھے۔ اسے متبرک سمجھتے اور چھوڑ دیتے۔

"حام" اس اونٹ کو کہتے تھے جس کی نسل سے دس بچے پیدا ہو گئے

۱۰۲ مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ط
۱۰۳ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ط
۱۰۴ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ اِذَا
۱۰۵ اهْتَدَيْتُمْ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ
بَيْنِكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ

ہوں۔ اُسے بھی چھوڑ دیتے تھے، اور سمجھتے تھے، اُسے ذبح کرنا یا کام میں لانا جائز نہیں۔

۱۰۲ فرمایا۔ یہ سب خرافات اور توہم پرستی ہے۔ خدا نے اِن باتوں میں سے کچھ بھی نہیں ٹھہرایا ہے۔

(۱۱) اگر لوگ گمراہ ہو جائیں، تو اُن کی گمراہی تمھارے لئے دلیل و حجت نہیں ہو سکتی کہ تم کہو، سب گمراہ ہو رہے ہیں تو تن تنہا ہم کیا کریں؟ ہر آدمی پر ذمہ داری خود اُسکے نفس کی ہے۔ دوسروں کے لئے وہ ذمہ دار نہیں۔ اگر ساری دنیا گمراہ ہو جائے، جب بھی تمھیں حق پر قائم رہنا چاہئے!

(۱۲) وصیت اور اُس کی گواہی کا حکم۔ اصل یہ ہے کہ دو معتبر آدمی گواہ ہونے چاہئیں۔ اگر ایسی حالت ہو کہ مسلمان نہ ملیں تو غیر مسلم بھی ہو سکتے ہیں

(۱۳) گواہوں کو بہ حلف گواہی دینی چاہئے۔

(۱۴) نزاع کی صورت پیدا ہو جائے، تو فریقین اپنے اپنے گواہ پیش کریں۔

(۱۵) جو انکار کرے اُس پر قسم ہے

"بحیرہ" اور "سائبہ" اور "وصیلہ" اور "حام" میں سے کوئی چیز بھی خدا نے نہیں ٹھہرائی ہے، لیکن جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے، وہ اللہ پر جھوٹ کہکر افترا کرتے ہیں (کہ کہتے ہیں، ان جانوروں کا احترام کرنا، اور انہیں چھوڑ رکھنا ضروری ہے) اور ان میں زیادہ تر ایسے ہی لوگ ہیں جو عقل و بینش سے محروم ہیں۔

۱۰۳ اور جب ان سے کہا جاتا ہے، (عقل و بصیرت کی) اُس بات کی طرف آؤ جو اللہ نے نازل کی ہے نیز اللہ کے رسول کی طرف رجوع ہو تو کہتے ہیں "ہمارے لئے تو وہی طریقہ بس کرتا ہے جس پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو چلتے دیکھا ہے" (اُن سے پوچھو کہ) اگر انکے باپ دادا کچھ جانتے بوجھتے نہ ہوں اور راہِ راست پر بھی نہ ہوں (تو کیا پھر بھی وہ اُنہی کی اندھی تقلید کرتے رہینگے؟)

۱۰۴ مسلمانو! (یاد رکھو) تم پر فقط تمھاری جانوں کی ذمہ داری ہے (تم دوسروں کے اعمال کے لئے ذمہ دار نہیں ہو سکتے، اور نہ دوسرے تمھارے اعمال کے لئے ذمہ دار ہیں) اگر تم راہِ راست پر قائم ہو، تو کسی کا گمراہ ہونا تمھیں کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ (اور بالآخر) تم سب کو اللہ کی طرف لوٹنا ہے (اُس دن) وہ بتا دے گا کہ تمھارے اعمال کیسے کچھ رہے ہیں!

۱۰۵ مسلمانو! جب تم میں کسی کے سامنے موت آ کھڑی ہو، (اور وہ وصیت کرنی چاہے) تو وصیت کے وقت گواہی کے لئے تم میں سے دو معتبر آدمی گواہ ہونے چاہئیں۔ اور اگر ایسا ہو کہ تم سفر میں ہو اور موت کی مصیبت پیش آ جائے (اور مسلمان گواہ نہ مل سکیں) تو مسلمان گواہوں کی جگہ غیر مسلم بھی ہو سکتے ہیں۔

إِنْ أَنتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَأَصَابَتْكُم مُّصِيبَةُ الْمَوْتِ ۚ تَحْبِسُونَهُمَا مِن بَعْدِ الصَّلَاةِ فَيُقْسِمَانِ بِاللَّهِ إِنِ ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِي بِهِ ثَمَنًا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ اللَّهِ إِنَّا إِذًا لَّمِنَ الْآثِمِينَ ۝ (۱۰۶) فَإِنْ عُثِرَ عَلَىٰ أَنَّهُمَا اسْتَحَقَّا إِثْمًا فَآخَرَانِ يَقُومَانِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِينَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْأَوْلَيَانِ فَيُقْسِمَانِ بِاللَّهِ لَشَهَادَتُنَا أَحَقُّ مِن شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَا إِنَّا إِذًا لَّمِنَ الظَّالِمِينَ ۝ (۱۰۷) ذَٰلِكَ أَدْنَىٰ أَن يَأْتُوا بِالشَّهَادَةِ عَلَىٰ وَجْهِهَا أَوْ يَخَافُوا أَن تُرَدَّ أَيْمَانٌ بَعْدَ أَيْمَانِهِمْ ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاسْمَعُوا ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفَاسِقِينَ ۝ يَوْمَ يَجْمَعُ اللَّهُ الرُّسُلَ فَيَقُولُ مَاذَا أُجِبْتُمْ ۖ قَالُوا لَا عِلْمَ لَنَا ۖ إِنَّكَ أَنتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ ۝ (۱۰۸-۱۰۹) إِذْ قَالَ اللَّهُ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ

پھر اگر تمھیں اُن (گواہوں) کی سچّائی میں کسی طرح کا شک و شبہ پڑ جائے، تو انھیں نماز کے بعد (مسجد میں) روک لو۔ وہ اللہ کی قسم کھا کر کہیں "ہم نے اپنی قسم کسی معاوضہ کے بدلے فروخت نہیں کی ہے۔ ہمارا قریب و عزیز ہی کیوں نہ ہو (لیکن ہم ایسا کرنے والے نہیں) ہم اللہ کے لئے سچّی گواہی کبھی نہیں چھپائینگے۔ اگر ایسا کریں تو ہم گناہ گاروں میں سے ہوں"

(۱۰۶) پھر اگر معلوم ہو جائے کہ وہ دونوں گواہ گناہ کے مرتکب ہوئے ہیں (یعنے اُن کی گواہی سچّی نہ تھی) تو اُنکی جگہ دوسرے دو گواہ اُن لوگوں میں سے کھڑے ہو جائیں جن کا حق (پچھلے) گواہوں میں سے ہر ایک نے دبانا چاہا تھا، اور یہ گواہ ان میں سے ہوں جو (فریق مظلوم سے) قرب رکھنے والے ہوں۔ پھر یہ دونوں خدا کی قسم کھا کر کہیں "ہماری گواہی پچھلے گواہوں کی گواہی سے زیادہ درست ہے، اور ہم نے گواہی دینے میں کسی طرح کی زیادتی نہیں کی۔ اگر کی ہو تو ہم ظالموں میں سے ہوں"

(۱۰۷) اس طرح کی قسم سے زیادہ امید کی جا سکتی ہے کہ گواہ ٹھیک ٹھیک گواہی دیں گے، یا (کم از کم) اس بات کا انھیں اندیشہ رہے گا کہ کہیں ہماری قسمیں فریق ثانی کی قسموں کے بعد رَد نہ کر دی جائیں۔ (بہر حال) اللہ (کی نافرمانی کے نتائج) سے ڈرو، اور اُس کا حکم سنو، اور (یاد رکھو کہ) اللہ ظلم کرنے والوں پر (فلاح و سعادت کی) راہ نہیں کھولتا!

(۱۰۸) وہ دن، کہ اللہ تمام رسولوں کو جمع کریگا، اور پھر پوچھے گا "تمھیں (تمھاری اُمّتوں کے طرف سے دعوت حق کا) کیا جواب ملا؟" (یعنے انھوں نے کہاں تک اس پر عمل کیا) وہ کہیں گے "ہمیں کچھ علم نہیں۔ یہ تو تیری ہی ہستی ہے جو غیب کی باتیں جاننے والی ہے!

(۱۰۹) اُس دن اللہ کہے گا "اے مریم کے بیٹے عیسیٰ! میں نے

پچھلی آیت اس بات پر ختم ہوئی تھی کہ "اللہ کی نافرمانی کے نتائج سے ڈرو اور اُس کا حکم سنو" نیز یہ کہ اُس کا قانون ہے "ظلم کرنے والوں پر (فلاح و سعادت کی) راہ نہیں کھولتا" اب فرمایا، کہ قیامت کے دن تمام رسولوں سے پوچھا جائے گا کہ جو احکام حق تم نے دیئے تھے تمھیں ان کا کیا جواب ملا؟ یعنے جن قوموں کو دئے گئے تھے، اُنھوں نے کہاں تک اُن پر عمل کیا؟ پھر حضرت مسیح علیہ السلام کی دعوت کا ذکر کیا ہے اور اس سے تذکیر و موعظت کے تمام پہلوؤں پر روشنی ڈالی ہے۔

۱۱۰ اذْكُرْ نِعْمَتِي عَلَيْكَ وَعَلَىٰ وَالِدَتِكَ ۘ إِذْ أَيَّدتُّكَ بِرُوحِ الْقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۖ وَإِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْإِنجِيلَ ۖ وَإِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ بِإِذْنِي فَتَنفُخُ فِيهَا فَتَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِي ۖ وَتُبْرِئُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتَىٰ بِإِذْنِي ۖ وَإِذْ كَفَفْتُ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَنكَ إِذْ جِئْتَهُم بِالْبَيِّنَاتِ فَقَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْهُمْ إِنْ هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝

۱۱۱ وَإِذْ أَوْحَيْتُ إِلَى الْحَوَارِيِّينَ أَنْ آمِنُوا بِي وَبِرَسُولِي قَالُوا آمَنَّا وَاشْهَدْ بِأَنَّنَا مُسْلِمُونَ ۝

۱۱۲ إِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ يَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَن يُنَزِّلَ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ ۖ

تم پر اور تمھاری ماں پر جو انعام کیے ہیں، انھیں یاد کرو!

۱۱۰ جب ایسا ہوا تھا کہ میں نے روح القدس[۱] سے تمھیں قوت دی تھی۔ تم لوگوں سے کلام کرتے تھے چھوٹی عمر میں بھی کہ جھولے میں جھولتے تھے، اور بڑی عمر میں بھی (کہ مجمعوں میں منادی کرتے تھے)

اور جب ایسا ہوا تھا کہ میں نے تمھیں کتاب و حکمت اور تورات و انجیل سکھلادی تھی۔

اور جب ایسا ہوا تھا کہ تم میرے حکم سے مٹی لیتے اور پرند کے شکل جیسی چیز بناتے، پھر اس میں پھونک مارتے، اور وہ میرے حکم سے ایک پرند ہو جاتا۔

اور جب ایسا ہوا تھا کہ تم میرے حکم سے اندھے اور برص کے بیمار کو چنگا کر دیتے۔

اور جب ایسا ہوا تھا کہ تم میرے حکم سے مُردوں کو موت (کی حالت) سے باہر لے آتے۔

اور جب ایسا ہوا تھا کہ میں نے بنی اسرائیل کا شر جو وہ تمھارے خلاف کر رہے تھے، روک دیا تھا۔ یہ وہ وقت تھا کہ تم (سچائی کی) روشن دلیلیں اُن کے سامنے لے گئے تھے، اور اُن میں سے جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی تھی، وہ بول اُٹھے تھے "یہ اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ آشکارا جادوگری ہے"

۱۱۱ اور جب ایسا ہوا تھا کہ میں نے حواریوں پر (یعنے اُس جماعت پر جو حضرت مسیح پر ایمان لائی تھی) الہام کیا تھا کہ مجھ پر اور میرے رسول (مسیح) پر ایمان لاؤ، اور انھوں نے کہا تھا "ہم ایمان لائے، اور خدایا! تو گواہ رہیو کہ ہم مسلم (یعنے فرماں بردار) ہیں"

۱۱۲ (اور دیکھو) جب ایسا ہوا تھا کہ حواریوں نے کہا تھا "اے مریم کے بیٹے عیسیٰ! کیا تمھارا پروردگار ایسا کر سکتا ہے کہ آسمان سے ہم پر ایک خوان اُتار دے؟" (یعنے ہماری غذا کے لئے آسمان سے غیبی سامان کردے)

حضرت مسیح (علیہ السلام) کا حواریوں کی درخواست پر دعا کرنا، اور ان کے لئے کھانے کا غیبی سامان ہو جانا۔

اس معاملہ کی نسبت انجیل یوحنا باب ۶ میں اشارہ موجود ہے کہ عید فصح کے موقع پر پیش آیا تھا۔

آیت (۱۰۹) سے (۱۱۱) تک اللہ کا حضرت مسیح سے وہ مخاطبہ ہے جس کی

[۱] یعنے خدا کے مقدس فرشتہ سے، یا اُس پاک روحانیت سے جو تمھارے اندر پیدا کر دی گئی تھی۔

قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ○ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ○ قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ○ وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ ۤ بِحَقٍّ ۭ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ۭ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ○ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ

نسبت فرمایا تھا کہ قیامت کے دن تمام رسولوں سے سوال کرے گا۔ پھر جو پچھلی آخری آیت میں حواریوں کے ایمان لانے کا ذکر کیا تھا، اس لئے اُس واقعہ کی طرف بھی اشارہ کر دیا جو حواریوں میں اور حضرت مسیح میں نزول مائدہ کی نسبت پیش آیا تھا۔ پھر آیت (۱۱۶) سے بدستور مخاطبہ کا مضمون جاری ہو گیا، ماحصل یہ ہوا کہ اللہ نے پہلے اپنی وہ نعمتیں یاد دلائیں جو حضرت مسیح کو عطا فرمائی تھیں۔ پھر فرمایا، باوجود تعلیمِ حق کی ان تمام روشنیوں کے، تیرے نام لیوا گمراہی میں پڑ گئے اور تجھے اور تیری ماں کو خدا بنا لیا۔ (کیونکہ لوتھر کی اصلاح سے پہلے حضرت مریم کی بھی پرستش کی جاتی تھی، اور کیتھولک کلیسا اب تک کر رہا ہے) اس پر حضرت مسیح عرض کرینگے، میں اس سے بری ہوں۔

مقصود یہ ہے کہ تمام داعیانِ حق نے خدا پرستی و توحید کی تعلیم دی تھی لیکن اُنکے پیروؤں نے اُنہی کی پرستش شروع کر دی۔ اس گمراہی کے لئے پیرو ذمّہ دار ہیں جن کی پرستش کر رہے ہیں، اُن کا دامن اس سے پاک ہے۔

عیسٰی نے کہا، خدا سے ڈرو (اور ایسی فرمائشیں نہ کرو) اگر تم ایمان رکھتے ہو۔

۱۱۳ اُنھوں نے کہا (مقصود اس سے قدرتِ الٰہی کا امتحان نہیں ہے، بلکہ) ہم چاہتے ہیں (ہمیں غذا میسر آئے، تو) اس میں سے کھائیں، اور ہمارے دل آرام پائیں، اور ہم جان لیں کہ تو نے ہمیں سچ بتلایا تھا، اور اس پر ہم گواہ ہو جائیں۔

۱۱۴ اس پر عیسٰی ابن مریم نے دعا کی "اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! ہم پر آسمان سے ایک خوان بھیج دے کہ اُس کا آنا ہمارے لئے اور ہمارے اگلوں اور پچھلوں، سب کے لئے عید قرار پائے، اور تیرے طرف سے (فضل و کرم کی) ایک نشانی ہو۔ ہمیں روزی دے۔ تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے!"

۱۱۵ اللہ نے فرمایا "میں تمھارے لئے خوان بھیجوں گا۔ لیکن جو شخص اسکے بعد بھی (راہِ حق سے) انکار کریگا تو میں اُسے (پاداشِ عمل میں) عذاب دوں گا۔ ایسا عذاب کہ تمام دنیا میں کسی آدمی کو بھی ویسا عذاب نہیں دیا جائے گا"!

۱۱۶ اور (پھر) جب ایسا ہو گا کہ اللہ کہیگا "اے مریم کے بیٹے عیسیٰ! کیا تو نے لوگوں سے یہ کہا تھا کہ خدا کو چھوڑ کر مجھے اور میری ماں کو خدا بنا لو؟" عیسٰی جواب میں عرض کریگا "تیرے لئے تقدیس ہو! بھلا مجھ سے یہ بات کیسے ہو سکتی ہے کہ ایسی بات کہوں جس کے کہنے کا مجھے حق نہیں۔ اگر میں نے یہ کہا ہو گا تو ضرور تجھے معلوم ہو گیا ہو گا۔ تو میرے دل کی بات جانتا ہے لیکن مجھے تیرے ضمیر کا علم نہیں۔ تو ہی ہے کہ غیب کی ساری باتیں جاننے والا ہے۔

۱۱۷ میں نے تو اُنسے کچھ نہیں کہا مگر صرف وہی جس کے کہنے کا تو نے حکم دیا تھا۔ یعنے اللہ کی بندگی کرو۔

رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ ۚ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا مَّا دُمْتُ فِيْهِمْ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِيْ كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَاۤ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا فِيْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

میرا اور تمھارا، سب کا پروردگار وہی ہے۔ جب تک میں اُن میں تھا، اُن کا نگران حال تھا جب تونے میرا وقت پُورا کر دیا، تو پھر تو ہی اُن کا نگہبان تھا، اور تو ہر چیز کو دیکھنے والا اور اُس کی نگہبانی کرنے والا ہے۔

۱۱۸ اگر تو ان لوگوں کو عذاب دے، تو وہ تیرے بندے ہیں۔ تجھے اختیار ہے۔ اور اگر انھیں بخشدے، تو تو سب پر غالب اور (اپنے تمام کاموں میں) حکمت رکھنے والا ہے"!

۱۱۹ اللہ فرمائے گا "آج وہ دن ہے کہ سچے انسانوں کو اُن کی سچائی کام آئے گی۔ انکے لئے جنتیں ہیں جن کے تلے نہریں بہ رہی ہیں (اور اس لئے ان کی شادابی کبھی متغیر ہونے والی نہیں) وہ ہمیشہ اُن میں رہنے والے ہیں۔ اللہ اُن سے رضامند ہوا اور وہ اللہ سے رضامند ہوئے۔ یہ ہے (انسان کے لئے) سب سے بڑی کامیابی (جو وہ جزائے عمل میں حاصل کر سکتا ہے)!

۱۲۰ آسمانوں کی اور زمین کی اور ان دونوں میں جو کچھ ہے، سب کی پادشاہی اللہ ہی کیلئے ہے۔ اسکی قدرت سے کوئی چیز باہر نہیں!

الانعام

مکیۃ وھی مائۃ وخمس وستون ایۃ

مکی : ۱۶۵ - آیتیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضَ وَ جَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَ النُّوۡرَ ۬ؕ ثُمَّ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِرَبِّہِمۡ یَعۡدِلُوۡنَ ﴿۱﴾ هُوَ الَّذِیۡ خَلَقَکُمۡ مِّنۡ طِیۡنٍ ثُمَّ قَضٰۤی اَجَلًا ؕ وَ اَجَلٌ مُّسَمًّی عِنۡدَہٗ ثُمَّ اَنۡتُمۡ تَمۡتَرُوۡنَ ﴿۲﴾ وَ هُوَ اللّٰہُ فِی السَّمٰوٰتِ وَ فِی الۡاَرۡضِ ؕ یَعۡلَمُ سِرَّکُمۡ وَ جَهۡرَکُمۡ وَ یَعۡلَمُ مَا تَکۡسِبُوۡنَ ﴿۳﴾ وَ مَا تَاۡتِیۡهِمۡ مِّنۡ اٰیَۃٍ مِّنۡ اٰیٰتِ رَبِّهِمۡ اِلَّا کَانُوۡا عَنۡهَا مُعۡرِضِیۡنَ ﴿۴﴾ فَقَدۡ

(۱-۲، ۳، ۴-۵)

۱ ہر طرح کی ستائشیں اللہ کے لئے ہیں جسنے آسمانوں کو اور زمین کو پیدا کیا، اور تاریکیاں اور روشنی نمودار کر دی۔ اس پر بھی جو لوگ اپنے پروردگار سے منکر ہوگئے ہیں، وہ (تاریکی اور روشنی میں امتیاز نہیں کرتے اور دوسری ہستیوں کو خدا کے) برابر سمجھتے ہیں!

۲ وہی (آسمان و زمین کا خالق) ہے جسنے تمھیں مٹی سے پیدا کیا (یعنے تمھاری اصل خلقت مٹی سے ظہور پذیر ہوئی) پھر تمھارے لئے (زندگی و معیشت کی) ایک میعاد ٹھہرا دی (جو ہر وجود کو مہلتِ عمل دیتی ہے) اور ایک دوسری میعاد بھی اُس کے علم میں مقرر ہے (یعنے قیامت کا وقت جب پہلی میعاد کے نتائج کا فیصلہ ہوگا) پھر بھی تم ہو کہ (اس حقیقت پر غور نہیں کرتے اور اس میں) شک کرتے ہو!

۳ وہی اللہ ہے۔ آسمانوں میں بھی اور زمین میں بھی۔ (اُس کے سوا کوئی کارفرمائے عالم نہیں) تمھاری چھپی اور کھلی ہر طرح کی باتوں کا علم رکھتا ہے، اور تم جو کچھ (اچھی بُری) کمائی کرتے ہو، وہ بھی اُس کے علم سے مخفی نہیں!

۴ اور (دیکھو) انکے پروردگار کی نشانیوں میں سے کوئی نشانی نہیں جو انکے سامنے آئی ہو اور انھوں نے اس سے گردن نہ موڑلی ہو!

۵ چنانچہ جب سچائی انکے پاس آئی (یعنے قرآن کی دعوت نمودار ہوئی) تو انھوں نے اسے جھٹلا دیا۔ سو جس بات

جس طرح پچھلی سورتوں میں زیادہ تر خطاب اہل کتاب سے تھا، اسی طرح اس میں زیادہ تر خطاب مشرکوں سے اور اُن جماعتوں سے ہے جو الہامی کتابوں کی معتقد نہیں، یا خدا اور آخرت پر اعتقاد نہیں رکھتیں۔

خدا نے کائناتِ ہستی پیدا کی، اور تاریکی اور روشنی نمودار کر دی تاریکی تاریکی ہے۔ روشنی، روشنی ہے، دونوں کا فرق ہر آنکھ محسوس کر لیتی ہے۔ لیکن اس پر بھی جو لوگ اپنے پروردگار سے منکر ہوگئے ہیں وہ دونوں میں امتیاز نہیں کرتے اور خدا کے ساتھ دوسری ہستیوں کو شریک ٹھہراتے ہیں!

وہی خدا ہے جسنے تمھیں پیدا کیا، اور تمھارے لئے "دو اجلین" یعنے دو میعادیں ٹھہرادیں۔ ایک زندگی و معیشت کی مہلت ہے۔ دوسری روزِ قیامت کا مقررہ وقت۔ پہلی میعاد عمل کے لئے۔ دوسری نتائجِ عمل کے فیصلے کے لئے۔

افسوس انسان کی غفلت پر! وہ ہمیشہ خدا کی نشانیاں جھٹلاتا رہتا ہے۔ چنانچہ آج بھی سچائی کی جو دعوت نمودار ہوئی ہے، منکرینِ حق اس سے گردن موڑے ہوئے ہیں!

اس حقیقت کی طرف اشارہ کہ گذشتہ قوموں کی سرگزشتوں میں تمھارے لئے درسِ عبرت ہے، اور اس اصلِ عظیم کی وضاحت کہ ایمان و ہدایت کی راہ نظر و بصیرت کی راہ ہے۔ نہ کہ تقلید کی۔

كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاۗءَهُمْ ۭ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰۗؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝ ٦ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ
مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَاۗءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۠ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ
٧ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ
٨ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۭ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا
٩-١٠ يُنْظَرُوْنَ ۝ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ

کی یہ ہنسی اُڑاتے رہے ہیں، عنقریب اُس کی حقیقت اُنھیں معلوم ہو جائے گی!

٦ کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے کہ ان سے پہلے قوموں کے کتنے ہی دَور رہ چکے ہیں جنھیں ہم نے ہلاک کر دیا؟ یہ وہ قومیں تھیں جنھیں ہم نے اس طرح (طاقت و تصرف کے ساتھ) ملکوں میں جما دیا کہ اُس طرح تمھیں نہیں جمایا ہم نے اُن پر آسمانی بارش اس طرح بھیج دی تھی کہ پے درپے برستی رہتی، اور اُن کی آبادیوں کے نیچے نہریں رواں کر دی تھیں (کہ ہمیشہ جاری رہتی تھیں) لیکن پھر ہم نے (اپنے مقررّہ قانون کے بموجب) اُن کے گناہوں کی وجہ سے اُنھیں ہلاک کر دیا، اور اُنکے بعد دوسری قوموں کے دَور پیدا کر دئے۔

٧ اور (اے پیغمبر!) اگر ہم تم پر ایک کتاب کاغذ پر لکھی لکھائی اُتار دیتے، اور یہ لوگ اُسے ہاتھوں سے چھو کر دیکھ لیتے کہ سچ مچ کو کتاب ہے، پھر بھی جن لوگوں نے انکار کی راہ اختیار کی ہے وہ (کبھی نہ مانتے۔ وہ) کہتے، یہ اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ آشکارا جادوگری ہے!

جن لوگوں میں سچائی کی طلب ہے، اُنکے لئے سچائی کی ساری باتیں دلیلیں اور نشانیاں ہیں، لیکن جن کے دل سچائی سے پھر گئے ہیں اُنکے لئے کوئی نشانی بھی سودمند نہیں۔ ایسے لوگ سچائی کا معارضہ کرنے کے لئے کہنے لگتے ہیں کہ عجیب غریب باتیں ہمیں کیوں نہیں دکھلائی جاتیں؟ لیکن یہ خدا کی سنت نہیں کہ اس طرح کی فرمائشیں پوری کرے۔ اگر اس طرح کی عجیب غریب باتیں دکھلا بھی دی جائیں جب بھی یہ ماننے والے نہیں۔ کیونکہ جو سچائی کو سچائی کے لئے قبول نہیں کرتا اُسے کوئی بات بھی قبولیت حق پر آمادہ نہیں کر سکتی (دیکھو بقرہ - ۱۱۲)

دنیا میں ایسا کبھی نہیں ہو سکتا کہ فرشتے اُتر کر انسانوں کے سامنے چلنے پھرنے لگیں۔ یہاں اگر فرشتے بھی آئینگے تو انسان ہی ہونگے۔

٨ اور انھوں نے کہا (اگر یہ شخص اپنے دعوے میں سچّا ہے، تو) کیوں اس پر فرشتہ نہیں اُترا (کہ ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں"؟) اگر ہم فرشتہ نازل کرتے تو ساری باتوں کا فیصلہ ہی ہو جاتا۔ پھر انکے لئے مہلت ہی نہ رہتی (کہ مانیں یا نہ مانیں)

٩ اور اگر ہم کسی فرشتہ کو پیغمبر کرتے، تو اُسے بھی انسان ہی بناتے (کیونکہ یہ قانون الٰہی کے خلاف ہے کہ فرشتے اپنی ملکوتی حقیقت میں انسانوں کے سامنے آئیں) اور جیسے کچھ شبہات یہ اب کر رہے ہیں، ویسے ہی شبہوں میں اُس وقت بھی انھیں ڈال دیتے (یعنے یہ کہتے، یہ تو دیکھنے میں ہمارے ہی طرح کا آدمی ہے)

اور (اے پیغمبر!) یہ واقعہ ہے کہ تم سے پہلے بھی رسولوں کی ہنسی اُڑائی گئی (جیسی کہ آج تمھارے ساتھ تمسخر

فَحَاقَ بِالَّذِينَ سَخِرُوا مِنْهُمْ مَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ۝ قُلْ سِيرُوا فِي الْأَرْضِ ثُمَّ انظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ ۝ قُل لِّمَن مَّا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ قُل لِّلَّهِ ۚ كَتَبَ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۚ لَيَجْمَعَنَّكُمْ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ أَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۗ

ع ۱ — ۱۱ — ۱۲ — ۱۳-۱۴

کیا جا رہا ہے) تو جن لوگوں نے ہنسی اُڑائی تھی، وہ جس بات کی ہنسی اُڑاتے تھے، وہی بات اُن پر آ پڑی (وہ اس بات کی ہنسی اُڑاتے تھے کہ اعمال کا نتیجہ بدہے، تو وہی اُنکے آگے آگیا!)

۱۱ (اے پیغمبر! ان لوگوں سے) کہدو۔ زمین میں پھرو (گذری ہوئی قوموں کے آثار و بقایا پر نظر ڈالو) اور دیکھو، جھٹلانے والوں کو کیسا انجام پیش آیا ہے؟

۱۲ (اے پیغمبر! تم ان لوگوں سے) پوچھو "آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے، وہ کس کے لئے ہے؟" (یعنے آسمان و زمین میں جو کچھ ہے، اس سے کیا پتہ چلتا ہے؟ یہ سب کچھ کس کے لئے ہونا چاہئے؟) کہو "اللہ کے لئے۔ اُس نے اپنے اوپر لازم کرلیا ہے کہ رحمت فرمائے۔ (اور یہ اُس کی رحمت ہی ہے جو تمام کائنات خلقت میں کام کر رہی ہے) وہ ضرور تمھیں قیامت کے دن جمع کریگا (کیونکہ اُسکی رحمت کا مقتضیٰ یہی ہوا کہ دنیا میں سب کو مہلت دے، اور جزاء عمل کا فیصلہ قیامت پر اُٹھا رکھے) اس میں کوئی شک نہیں۔ (لیکن اے پیغمبر!) جو لوگ (اپنے ہاتھوں) اپنے کو تباہ کر چکے ہیں، وہ کبھی اس پر یقین نہیں کرینگے۔

> برہان فضل و رحمت سے استدلال۔
> تمام کائنات خلقت اس بات کا ثبوت دے رہی ہے کہ ایک خالق و صانع ہستی موجود ہے، اور اُس نے ضروری ٹھہرالیا ہے کہ رحمت فرمائے۔ کیونکہ اگر رحمت کا قانون نہ ہوتا، تو کائنات خلقت میں نہ تو بناؤ اور جمال ہوتا۔ نہ افادہ و فیضان۔ حالانکہ اس کا کوئی گوشہ نہیں جو اس حقیقت کا ثبوت نہ ہو!

۱۳ اور (دیکھو) اُسی کے لئے ہے جو کچھ رات (کی تاریکی) اور دن (کے اُجالے) میں ٹھہرا ہوا ہے۔ (کیونکہ وقت و زمان انہی دو حالتوں میں بٹا ہوا ہے) اور وہ سُننے والا اور جاننے والا ہے!

۱۴ (اے پیغمبر! ان لوگوں سے) کہو۔ کیا (تم چاہتے ہو) میں خدا کو چھوڑ کر جو آسمان و زمین کا پیدا کرنے والا ہے، کسی دوسری ہستی کو کارساز بنالوں؟ وہ سب کو روزی دیتا ہے، لیکن کوئی نہیں جو اُسے روزی دینے والا ہو۔ (کیونکہ اسے روزی کی احتیاج نہیں۔ پھر اُس کے سوا

> خدا کی ہستی، اُس کی وحدانیت، اُس کی صفات، اور آخرت کی نسبت گو دین کے بنیادی عقائد ہیں، قرآن کا اُسلوب بیان وہ نہیں ہے جو منطقی مقدمات و دلائل کا ہوتا ہے، بلکہ وہ سیدھے سادے طریقہ پر انسان کے فطری وجدان و ذوق کو مخاطب کرتا، اور اُس کی معنوی محسوسات کو بیدار کرنا چاہتا ہے۔ وہ کہتا ہے، ایک خالق و پروردگار ہستی کا اعتقاد انسان کی فطرت میں موجود ہے، اگر وہ انکار کرتا ہے، یا پرستش کی گمراہیوں میں مبتلا

۱۵ قُلْ اِنِّیْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝ قُلْ اِنِّیْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ
۱۶-۱۷ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ۝ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ
۱۸ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ
۱۹ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝ قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۟ وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ
لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّآ اَشْهَدُ ۚ قُلْ

ہوگیا ہے، تو یہ اس لئے ہے کہ اُس کی وجدانی بصیرت پر غفلت طاری ہوگئی۔ پس چاہئے کہ اُسے بیدار کردیا جائے۔

چنانچہ اس مقام پر، نیز دوسرے مقامات میں جس قدر مخاطبات ہیں انھیں اسی اصل کی روشنی میں دیکھا جائے۔

کون ہے جس نے یہ تمام کارخانۂ ہستی پیدا کیا ہے؟ کون ہے جس کی رحمت کا فیضان ہر طرف پھیلا ہوا ہے؟ کون ہے جو سب کو رزق دیتا ہے مگر خود کسی کا محتاج نہیں؟ تمھاری فطرت کہہ رہی ہے کہ ایک خالق و صانع ہستی کے سوا کوئی نہیں ہے۔ پھر یہ کیسی گمراہی ہے کہ اُس کی طرف سے گردن پھیرے ہو؟ اور اسے چھوڑ کر دوسری ہستیوں کے آگے جھک رہے ہو؟

کون ہے جو معبود ہوسکتا ہے!)

۱۵ تم کہو۔ مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ خدا کے آگے جھکنے والوں میں پہلا جھکنے والا ہوں، اور مجھے کہا گیا ہے کہ دیا نہ کرو کہ مشرکوں میں سے ہو جاؤ!

تم کہو۔ میں کس طرح خدا کی نافرمانی کروں؟ میں تو اُس دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں جو (آنے والے دنوں

۱۶ میں) بہت بڑا دن ہے! اُس دن جس کے سر سے عذاب ٹل گیا، تو اُس پر خدا نے رحم کیا، اور (انسان کے لئے) بڑی سے بڑی کامیابی یہی ہے!

۱۷ اور (اے انسان!) اگر خدا تجھے دکھ پہنچائے، تو اُس کا ٹالنے والا کوئی نہیں ہے مگر اُسی کی ذات، اور اگر وہ تجھے بھلائی پہنچائے، تو (اُس کا ہاتھ پکڑنے والا کون ہے؟) وہ ہر بات پر قادر ہے!

۱۸ اور وہی ہے جو اپنے تمام بندوں پر زور و غلبہ رکھنے والا ہے، اور وہی ہے حکمت رکھنے والا اور آگاہ!

سب سے بڑی شہادت کس کی ہے؟ اللہ کی ہے، جو دعوتِ حق کو کامیاب کرکے اور معاندین و جاحدین کو ناکامیاب کرکے، سچائی کے حق میں اپنی شہادت کا اعلان کردیتا ہے!

یہاں خدا کی اس سنت کی طرف اشارہ کیا ہے کہ جب کبھی اُس کی طرف سے کوئی داعیٔ حق آتا ہے، اور لوگ عناد و شرارت کے ساتھ اسے جھٹلاتے اور اُس کا مقابلہ کرتے ہیں، تو حق اور باطل میں مقابلہ شروع ہو جاتا ہے، بالآخر حق کامیاب ہوتا ہے۔ اور باطل پرست ناکام و خاسر ہوتے ہیں۔ یہی اللہ کی شہادت ہے جو اس معاملہ کا فیصلہ کردیتی ہے۔

۱۹ (اے پیغمبر! تم ان سے) پوچھو۔ کونسی چیز ہے جس کی گواہی سب سے بڑی گواہی ہے؟ تم کہدو (اللہ کی گواہی ہے) اللہ میرے اور تمھارے درمیان گواہ ہے۔ اس نے مجھ پر اس قرآن کی وحی کی تاکہ اس کے ذریعہ تمھیں اور انھیں جن تک اس کی تعلیم پہنچ جائے (بدعملی کے نتیجہ سے) ڈراؤں۔ (اب کہو تمھارا کہنا کیا ہے؟) کیا تم گواہی دیتے ہو کہ خدا کے ساتھ دوسرے معبود بھی شریک ہیں؟ (اے پیغمبر!) تم کہو۔ (اگر تمھاری گواہی یہی ہے تو سُن رکھو کہ) میں اس کی گواہی نہیں دیتا۔ میری گواہی یہ

اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِیْ بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۘ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ ٢٠
اَبْنَآءَهُمْ ۘ اَلَّذِیْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ ۠ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ ٢١ ع
كَذَّبَ بِاٰیٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۠ وَیَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِیْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِیْنَ اَشْرَكُوْٓا اَیْنَ ٢٢
شُرَكَآؤُكُمُ الَّذِیْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۠ ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِیْنَ ۠ اُنْظُرْ كَیْفَ ٢٣-٢٤
كَذَبُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِهِمْ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ۠ وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّسْتَمِعُ اِلَیْكَ ۚ وَجَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ ٢٥

ہے کہ صرف وہی معبود یگانہ ہے۔ اُس کے ساتھ کوئی نہیں، اور جو کچھ تم شریک ٹھہراتے ہو، میں اُس سے بیزار ہوں! (پس اب ایک گواہی تمھاری ہوئی۔ ایک میری۔ اور فیصلہ خدا کے ہاتھ ہے)

٢٠ جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے (یعنے یہود اور نصاریٰ) وہ حقیقت حال سے بے خبر نہیں ہیں) وہ اُس کی سچائی (یعنے پیغمبر اسلام کی سچائی) اسی طرح پہچان گئے ہیں جس طرح اپنی اولاد کو پہچانتے ہیں (کہ کسی طرح کا بھی اس میں شک و شبہ نہیں ہوتا۔ لیکن) جن لوگوں نے (اپنے ہاتھوں) اپنے کو تباہ کرلیا ہے، وہ کبھی یقین کرنے والے نہیں۔

٢١ اور (دیکھو) اُس سے بڑھ کر ظلم کرنے والا کون ہے جس نے اللہ پر جھوٹ بول کر افترا کیا ہو، یا اُس کی آیتوں کو جھٹلایا ہو؟ (اور) بلاشبہ، جو ظلم کرنے والے ہیں، وہ کبھی فلاح نہیں پائینگے۔

٢٢ اور (دیکھو) وہ دن، (جو آنے والا ہے) جب ہم ان سب کو اُٹھا کر ایک جگہ جمع کرینگے! پھر جن لوگوں نے خدا کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا ہے، اُن سے کہیں گے "بتلاؤ، تمھارے (ٹھہرائے ہوئے) شریک کہاں ہیں جن کی نسبت تم زعم باطل رکھتے تھے؟

٢٣ تو اُس وقت وہ اس کے سوا کوئی شرارت نہیں کرسکینگے کہ (از راہ کذب) کہیں: "خدا کی قسم جو ہمارا پروردگار ہے! ہم شرک کرنے والے نہ تھے"

٢٤ دیکھو، کس طرح یہ اپنے اوپر جھوٹ بولنے لگے، اور جو کچھ افترا پردازیاں کیا کرتے تھے، وہ سب ان سے کھوئی گئیں!

٢٥ اور (دیکھو) ان میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو (بظاہر) (کلام حق) سننے کے لئے تمھاری طرف کان لگاتے ہیں، اور (واقعہ یہ ہے کہ) ہم نے اُنکے دلوں پر پردے ڈال دیے ہیں کہ اُن تک بات کی سمجھ پہنچتی نہیں، اور اُنکے کانوں میں گرانی ہے (سن نہیں سکتے) (یعنے اُنکے جمود اور ہٹ دھرمی

دنیا میں سچی بات نئی نہیں ہوسکتی۔ سچائی سے زیادہ یہاں کوئی پرانی بات نہیں۔ لیکن جو لوگ سچائی سے پھرے ہوئے ہیں، اُنھیں جب سچائی کی باتیں سُنائی جائیں، تو کہتے ہیں، یہ تو وہی پرانی کہانی ہے جو ہمیشہ سنتے آئے ہیں۔

عرب میں یہودیوں اور عیسائیوں کی جماعتیں سرتاسر موجود تھیں، تورات کے قصص و ایام سُنایا کرتے تھے۔ جب قرآن نازل ہوا، اور اس میں بھی پچھلی قوموں اور رسولوں کی سرگذشتیں آنی لگیں، تو مشرکین عرب کہنے

يفقهوه وفي اذانهم وقرا ۚ وان يروا كل اية لا يؤمنوا بها ۚ حتى اذا جاءوك يجادلونك يقول الذين كفروا ان هذا الا اساطير الاولين ۝ وهم ينهون عنه وينئون عنه ۚ وان يهلكون الا انفسهم وما يشعرون ۝ ولو ترى اذ وقفوا على النار فقالوا يليتنا نرد ولا نكذب بايت ربنا ونكون من المؤمنين ۝ بل بدا لهم ما كانوا يخفون من قبل ۖ ولو ردوا لعادوا لما نهوا عنه وانهم

لگے یہ تو وہی پچھلی قوموں کی داستان پارینہ ہے۔ کی وجہ سے اُنکے دل و دماغ کا یہ حال ہو گیا ہے، اور ہمارا قانون یہی ہے کہ جو کوئی ضد اور تعصب میں مبتلا ہوتا ہے اُس کا حال ایسا ہی ہو جاتا ہے) اگر یہ (سچائی کی) ہر ایک نشانی بھی (جو انسان کے لئے ہو سکتی ہے) دیکھ لیں، جب بھی یقین کرنے والے نہیں۔ یہاں تک کہ جب یہ تمھارے پاس آتے ہیں اور تم سے جھگڑتے ہیں تو جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ہے، وہ کہتے ہیں "یہ اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ پچھلوں کی داستانیں ہیں (جو ہم ہمیشہ سنتے آئے ہیں)

۲۶ اور (دیکھو) یہ لوگ قرآن (کے سننے) سے دوسروں کو بھی روکتے ہیں، اور خود بھی دُور بھاگتے ہیں۔ اور وہ ایسا کر کے ہلاک نہیں کرتے مگر خود اپنے آپ کو، اور (مصیبت یہ ہے کہ) اس کا شعور نہیں رکھتے!

۲۷ اور (اے انسان!) تو تعجب کرے اگر انھیں اُس حالت میں دیکھے جب یہ آتشِ دوزخ کے کنارے کھڑے ہونگے۔ اُس وقت کہیں گے "اے کاش، ایسا ہو کہ ہم پھر دنیا کی طرف لَوٹا دیئے جائیں، اور اپنے پروردگار کی آیتیں نہ جھٹلائیں اور اُن میں سے ہو جائیں جو ایمان والے ہیں!"

۲۸ (لیکن ان کی یہ حسرت سچے دل کی حسرت نہ ہوگی) بلکہ (اس لئے ہوگی کہ) جو کچھ یہ پہلے چھپایا کرتے تھے (یعنے دل کا روگ) اس کا بدلہ اُن پر نمودار ہو گیا (اور اُس سے بچنے کے لئے اظہارِ ندامت کرنے لگے) اگر یہ (دُنیا کی طرف) لَوٹا دیئے جائیں تو پھر (زندگی کی غفلتوں میں سرشار ہو کر) اُسی بات میں پڑ جائیں جس سے انھیں روکا گیا ہے، اور کچھ شک

آیت (۲۵) میں فرمایا "اُنکے دلوں پر پردے ڈال دیئے ہیں کہ بات کی سمجھ پہنچتی نہیں، اور کانوں میں گرانی کہ سُن نہیں سکتے،" یہ انسانی گمراہی کی انتہائی حالت ہے۔ ضد اور تعصب میں آکر وہ ایسا اندھا بہرا بن جاتا ہے کہ نہ تو کسی بات کی حقیقت سمجھتا ہے، نہ سمجھنے پر آمادہ ہوتا ہے۔ اُسے امرِ حق سے ایک طرح کی کد ہو جاتی ہے۔ چنانچہ یہاں آیت (۲۶) میں فرمایا، یہ لوگ خود بھی قرآن کی سماعت سے بھاگتے ہیں اور دوسروں کو بھی روکتے ہیں۔ یعنے معاملہ حق اور ناحق کا نہیں رہا، بلکہ دشمنی اور کد ہو گئی ہے۔

آیت (۲۹) میں اُن لوگوں کا قول نقل کیا ہے جو آخرت کے قائل نہیں۔ پھر آیت (۳۲) میں اس طرف اشارہ کیا ہے کہ عقل و بصیرت کبھی ایسا فیصلہ نہیں کر سکتی۔ کیونکہ دنیا کی زندگی ایسی سریع و فانی ہے، جیسے چار گھڑی کے لئے کھیل تماشہ ہو۔ پھر کیا یہ تمام کارخانۂ ہستی اسی لئے بنایا گیا ہے کہ چند دنوں تک کھیلو کودو، اور اُس کے بعد سب کچھ ختم ہو جائے؟

دُنیا کی زندگی کو لہو و لعب اس لئے کہا کہ اس کی مہلت چشم زدن میں ختم ہو جاتی ہے۔ نیز اس لئے کہ اگر نتائج و ثمرات عمل کے لئے کوئی دوسری زندگی نہ ہو، تو جو کچھ ہے، لہو و لعب سے زیادہ نہیں۔

لَكٰذِبُوْنَ ۝ وَقَالُوْٓا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ۝ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝ ۲۹-۳۰

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ۝ ۳۱

وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ ۳۲

قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَلٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ۝ ۳۳

ع ۹

نہیں کہ یہ (اظہار ندامت میں) جھوٹے ہیں!

۲۹ اور اُنھوں نے کہا۔ زندگی اسکے سوا کچھ نہیں ہو کہ یہی دنیا کی زندگی ہو اور ہمیں (مرکر) پھر اُٹھنا نہیں۔

۳۰ اور (اے انسان!) تو تعجب کرے، اگر اُنھیں اُس حالت میں دیکھے، جب یہ (قیامت کے دن) اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے کیئے جائیں گے۔ اُس وقت خدا اُن سے پوچھیگا "(تم مرنے کے بعد جی اُٹھنے سے انکار کرتے تھے۔ اب کہ مرنے کے بعد پھر جی اُٹھے ہو، تبلاؤ) کیا یہ حقیقت نہیں ہو؟" یہ کہیں گے، "ہاں ہمیں اپنے پروردگار کی قسم"۔ اس پر خدا فرمائے گا "تم جو (دنیا میں اس زندگی سے) انکار کرتے رہے ہو، تو اب اُس کی پاداش میں عذاب کا مزہ چکھ لو!"

۳۱ یقیناً وہ لوگ نقصان و تباہی میں پڑے، جنھوں نے (مرنے کے بعد) خدا کی ملاقات ہونے کو جھٹلایا۔ یہاں تک کہ جب (آنے والی) گھڑی اچانک اُن پر آجائے گی (یعنے موت کی گھڑی) تو اُس وقت کہینگے "افسوس اُس پر، جو کچھ ہم سے اس بارے میں تقصیر ہوئی!" وہ اُس وقت اپنے گناہوں کا بوجھ پیٹھوں پر اُٹھائے ہونگے۔ سو دیکھو، کیا ہی بُرا بوجھ ہو جو یہ (اپنی پیٹھوں پر) لادتے ہیں!

۳۲ اور دنیا کی زندگانی تو کچھ نہیں ہو مگر (ایک طرح کا) کھیل اور تماشہ، اور جو متقی ہیں، تو یقیناً اُنکے لئے آخرت ہی کا گھر بہتر ہو۔ (افسوس تم پر!) کیا تم (اتنی بات بھی) نہیں سمجھتے؟

۳۳ (اے پیغمبر!) ہم جانتے ہیں کہ یہ لوگ (انکار و تعصب کی) جیسی کچھ باتیں کہتے ہیں وہ بلاشبہ تمھارے لیے آزردگی کا موجب ہوتی ہیں۔ کیونکہ وہ تمھیں نہیں جھٹلاتے (یعنے تمھیں جھوٹا کہنے کی جرأت نہیں کرسکتے کیونکہ تمھاری راست گوئی سب کو معلوم ہو) لیکن یہ ظالم دیدہ و دانستہ اللہ کی آیتوں سے انکار کرتے ہیں!

پیغمبر اسلام سے خطاب موعظت کہ معاندوں کی حق فراموشیوں پر دل گرفتہ نہ ہو۔ تم داعی حق ہو۔ اور تمھیں مومنوں کی مستعدی اور منکروں کی محرومی، دونوں دیکھنی پڑیں گی، اور تمھیں دونوں باتوں کے لئے تیار رہنا چاہیئے۔ تم جوش دعوت میں چاہتے ہو، سب کو رہ راست پر دیکھ لو، لیکن تمھیں بھولنا نہیں چاہیئے کہ ایسا نہیں ہوسکتا۔ اگر خدا چاہتا تو سب کو دین حق پر جمع کردیتا، لیکن اُس کی مشیت کا فیصلہ یہی ہوا کہ یہاں اپنی اپنی حالت، اپنی اپنی سمجھ، اور اپنی اپنی راہ ہو۔ پس لوگوں کے انکار و جحود پر ملول نہ ہو۔ اپنے کام میں لگے رہو۔

۳۴ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوا عَلٰى مَا كُذِّبُوا وَاُوذُوا حَتّٰى اَتٰهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَلَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِ

۳۵ اللّٰهِ ۚ وَلَقَدْ جَآءَكَ مِنْ نَّبَاِ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَاِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ

نَفَقًا فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ۚ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ

۳۶-۳۷ الْجٰهِلِيْنَ ۝ اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ۘ وَالْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝ وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ

۳۸ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰى اَنْ يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ

> تمھاری صدائے حق کا جواب تو وہ دے سکتے ہیں جو زندہ ہوں، جن کے دل مُردہ ہو چکے، انھیں پکارنا بے سود ہے۔ کوئی دعوت، کوئی دلیل، کوئی نشانی، کوئی اچنبا، مُردوں کو زندہ نہیں کر سکتا۔ تم آسمان پر چڑھ جاؤ یا زمین میں چلے جاؤ، وہ کبھی سچائی قبول کرنے والے نہیں!

۳۴ اور (دیکھو) یہ واقعہ ہے کہ تم سے پہلے بھی خدا کے رسول جھٹلائے گئے۔ سو انھوں نے لوگوں کے جھٹلانے اور اذیت دینے پر صبر کیا (اور اپنے کام میں لگے رہے) یہاں تک کہ (بالآخر) ہماری مدد آپہنچی، اور (یاد رکھو، یہ اللہ کا مقررہ قانون ہے) کوئی نہیں جو اُس کی (ٹھرائی ہوئی) باتوں کو بدل دینے والا ہو۔ اور رسولوں کے حالات میں سے بعض کے حالات تو تم تک پہنچ ہی چکے ہیں۔

۳۵ اور (اے پیغمبر!) اگر ان لوگوں کی روگردانی تم پر گراں گزرتی ہے (اور تم سے یہ بات برداشت نہیں ہوتی کہ لوگ ہدایت سے محروم رہیں، تو تم جو کچھ کر سکتے ہو، کر دیکھو، یہ کبھی باز آنے والے نہیں) اگر تم سے ہو سکے تو زمین کے اندر کوئی سُرنگ ڈھونڈھ نکالو، یا آسمان میں کوئی سیڑھی مل جائے (تو اُس پر چڑھ جاؤ) اور اس طرح انھیں ایک نشانی لا دکھاؤ (لیکن پھر بھی وہ انکار ہی کرینگے) اگر خدا چاہتا تو ان سب کو دینِ حق پر جمع کر دیتا (اور سب ایک ہی راہ پر ہو جاتے، مگر تم دیکھ رہے ہو کہ ایسا نہیں ہے) پس دیکھو، اُن میں سے نہ ہو جاؤ جو (حقیقت کا) علم نہیں رکھتے!

۳۶ تمھاری دعوت کا وہی جواب دے سکتے ہیں جو تمھاری پکار سنتے ہیں، لیکن جو مُردے ہیں (اُن سے جواب کی اُمید کیوں رکھو؟) اُنھیں تو اللہ ہی (قبروں سے) اُٹھائے گا۔ اور پھر اُس کے حضور لوٹائے جائینگے۔

> جو لوگ نشانیاں مانگتے ہیں، اُن کے جواب میں فرمایا، خدا یقیناً نشانیاں دکھانے کی قدرت رکھتا ہے، اور اُس نے نشانیاں دکھلا دی ہیں لیکن بہت کم ہیں جو انھیں سمجھتے ہوں۔
>
> اگر تم نشانیوں کی تلاش میں ہو، تو بتلاؤ، تمام کائناتِ خلقت میں جو کچھ موجود ہے، وہ کیا ہے؟ تمام فضائے ہستی جن حیرت انگیز اچنبھوں سے بھری ہوئی ہے، اُنکے لئے تمھاری بولی میں کونسا نام ہے؟ یہ سب کچھ اُس کی ہستی و صفات کی نشانیاں نہیں ہیں، تو اور کیا ہے؟ زمین کے تمام جانوروں کو دیکھو جو تمھارے قدموں کے پاس ہیں۔ . . . .

۳۷ اور انھوں نے کہا "کیوں اس کے پروردگار کی طرف سے کوئی نشانی اس پر نہیں اُتاری گئی؟" (اے پیغمبر!) کہدو، خدا یقیناً اس پر قادر ہے کہ نشانی اُتار دے۔ لیکن اکثر آدمی ایسے ہیں جو (حقیقتِ حال) نہیں جانتے۔

۳۸ اور (دیکھو) زمین میں چلنے والا کوئی حیوان اور ہوا میں

طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ۭ مَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ
يُحْشَرُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّبُكْمٌ فِي الظُّلُمٰتِ ۭ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ ۭ وَمَنْ ۳۹
يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰي صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ ۴۰
اللّٰهِ تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَاۗءَ وَ ۴۱
تَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ۝ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ ۴۲

ع ۱۰

پروں سے اُڑنے والا کوئی پرند ایسا نہیں جو تمھاری ہی طرح اُمتیں نہ ہوں (یعنے تمھاری طرح، ان میں سے ہر گروہ اپنی اپنی معیشت، اور اپنا اپنا سروسامانِ کار نہ رکھتا ہو) ہم نے نوشتہ میں کوئی بات بھی فروگزاشت نہیں کی (یعنے کائنات خلقت کی ہر مخلوق کے لئے جو کچھ ہونا چاہئے تھا، وہ سب کچھ اس کے لئے لکھ دیا۔ کسی مخلوق کے لئے بھی فروگزاشت نہیں ہوئی) پھر سب (بالآخر) اپنے پروردگار کے حضور جمع کئے جائینگے (کہ تمام مخلوقات کا آخری مرجع وہی ہے)

۳۹ اور (دیکھو) جن لوگوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں تو (اُن کا حال ایسا ہو گیا ہے گویا) بہرے گونگے تاریکیوں میں گم ہوں! (سو) جس کسی پر خدا چاہے، راہ (کامیابی) گم کردے، اور جسے چاہے، (کامیابی و فلاح کی) سیدھی راہ پر لگا دے (اُس نے اس بارے میں جو قانون ٹھہرا دیا ہے، تم اُسے بدل نہیں سکتے)

۴۰ (اے پیغمبر! ان لوگوں سے) کہو، کیا تم نے اس بات پر غور کیا ہے کہ اگر خدا کا عذاب تم پر آجائے، یا (موت کی) آنے والی گھڑی سامنے آکھڑی ہو، تو اُس وقت بھی تم خدا کے سوا دوسروں کو پکاروگے؟ (جواب دو) اگر تم سچے ہو!

۴۱ نہیں اُسی کو پکاروگے۔ اور جس (مصیبت) کے لئے پکاروگے، اگر وہ چاہے گا، تو دور کردے گا، اور اُس وقت بھول جاؤگے، جو کچھ تم شرک کرتے تھے!

۴۲ اور (اے پیغمبر!) یہ واقعہ ہے کہ جو اُمتیں تم سے پہلے گزر چکی ہیں، ہم نے اُن کی طرف (اپنے رسول) بھیجے

ہوا کے پرندوں کو دیکھو جو تمھارے چاروں طرف اُڑ رہے ہیں کس طرح ہم نے تمھاری ہی طرح اُن کی بھی اُمتیں بنا دی ہیں۔ ہر امت اپنی پیدائش، اپنی معیشت، اور اپنی ضروریات زندگی کے لئے سروسامان رکھتی ہے۔ پس جو لوگ علم و بصیرت رکھنے والے ہیں، انھیں صحیفۂ فطرت کی نشانیوں کے بعد اور کسی نشانی کی احتیاج نہیں ہو سکتی!

لیکن جن لوگوں نے خدا کی دی ہوئی عقل و بصیرت تاراج کردی، اور گونگے اور بہرے ہو کر تاریکیوں میں گم ہو گئے تو اُنکے لئے کوئی نشانی بھی سودمند نہیں۔ کیونکہ جو آدمی گونگا اور بہرا ہو، اور تاریکی میں کھویا گیا، تو اُسے کیونکر راہ مل سکتی ہے؟ تم اُسے راہ دکھانے کے لئے پکارو تو سُنے گا نہیں۔ خود پکارنا چاہے تو پکار سکتا نہیں۔ ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ کوئی اُسے جبراً اُٹھا کر روشنی میں لے آئے، تو ہدایت ایسی چیز نہیں جو جبراً کسی کے حلق میں ٹھونس دی جائے۔

آیت (۴۲) میں فرمایا کہ جب بدعملیوں کے استداد سے کسی گروہ کے دل سخت پڑ جاتے ہیں، اور برائیاں راسخ ہو جاتی ہیں، تو کوئی بات بھی اُسے توبہ و اصلاح پر آمادہ نہیں کر سکتی۔

۴۳ فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ۔ فَلَوْلَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ
۴۴ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰٓى
۴۵ اِذَا فَرِحُوْا بِمَآ اُوْتُوْٓا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ۔ فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
۴۶ قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ اُنْظُرْ
۴۷ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ هُمْ يَصْدِفُوْنَ ۔ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ

اور اُنھیں (اپنے مقررہ قانون کے مطابق) سختی اور محنت میں گرفتار کیا۔ کہ عجب نہیں (بدعملیوں سے باز آجائیں، اور اللہ کے حضور) عجز و نیاز کریں۔ ۴۳ پھر (دیکھو) ایسا کیوں نہ ہوا کہ جب ہمارے طرف سے اُن پر سختی آئی، تو وہ (بدعملیوں سے توبہ کرتے اور) گڑگڑاتے؟ اس لئے کہ اُنکے دل سخت پڑ گئے تھے، اور جو کچھ بدعملیاں کر رہے تھے، اُنھیں شیطان نے اُن کی نظروں میں خوشنما کر دکھایا تھا۔

۴۴ پھر جب ایسا ہوا کہ جو کچھ نصیحت اُنھیں کی گئی تھی اُسے انھوں نے بھلا دیا، تو ہم نے (بظاہر) اُن پر ہر طرح (کی خوشحالیوں) کے دروازے کھول دیئے۔ یہاں تک کہ جب اُن (کامرانیوں) پر خوشیاں منانے لگے جو (بظاہر) اُنھیں حاصل ہوئی تھیں، تو اچانک (مکافاتِ عمل کا قانون حرکت میں آگیا اور) ہم نے اُنھیں پکڑ لیا۔ پس ناگہاں وہ ناامید ہو کر رہ گئے!

بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ایک قوم ظلم و بدعملی میں مبتلا ہوتی ہے، اس پر بھی ہر طرح کی خوشحالیاں اُسے ملتی رہتی ہیں۔ لوگ دھوکے میں پڑ جاتے ہیں اور کہتے ہیں، ظلم و بدعملی کے نتائج کیا ہوئے؟ لیکن یہ اس لئے نہیں ہوتا کہ مکافاتِ عمل کا قانون موجود نہیں، بلکہ اس لئے کہ خدا نے ہر چیز کی طرح نتائج کے نشوونما اور بلوغ کے لئے بھی مقدار و اوقات کا قانون ٹھہرا دیا ہے۔ جب تک وہ وقت نہیں آتا، نتائج آشکارا نہیں ہوتے۔ چنانچہ اسی حقیقت کی طرف آیت (۴۴) میں اشارہ کیا۔ قرآن نے اس حقیقت کو "قانونِ امہال" سے بھی تعبیر کیا ہے۔ یعنے مہلت اور ڈھیل دینے کا قانون۔

۴۵ تو (دیکھو) اس طرح اُس گروہ کی جڑ کاٹ دی گئی جو ظلم کرنے والا تھا، اور تمام ستائشیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے!

۴۶ (اے پیغمبر! ان سے) کہو۔ تم نے (کبھی) اس بات پر بھی غور کیا، کہ اگر اللہ تمھارے کان اور تمھاری آنکھیں لے لے، اور تمھارے دلوں پر (یعنے عقلوں پر) مُہر لگا دے، تو اس کے سوا کون معبود ہے جو تمھیں یہ نعمتیں لا دے سکتا ہے؟ دیکھو، ہم کس طرح گوناگوں طریقوں سے بیان کرتے ہیں۔ پھر بھی یہ لوگ ہیں کہ مُنہ پھیرے ہوئے ہیں!

۴۷ (ان سے) کہو۔ تم نے (کبھی) اس بات پر بھی غور کیا کہ اگر تم پر خدا کا عذاب اچانک آجائے، یا (جتا کر) آشکارا آئے، تو ظالموں کے گروہ کے سوا کون ہے جو ہلاک کیا جائے گا؟ (پھر تمھیں کیا ہو گیا ہے کہ ظلم و شرارت

الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ ۴۸
وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝ قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۴۹-۵۰
عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۭ
قُلْ هَلْ يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۭ اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ ۵۱ ع ۵/۱۱
لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۝ وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ ۵۲

سے باز نہیں آتے؟)

اور (ہمارا قانون تو یہ ہے کہ) ہم رسولوں کو نہیں بھیجتے مگر اس لئے کہ (ایمان و عمل کی برکتوں کی) خوش خبری سنائیں ۴۸
اور (انکار و بدعملی کے نتائج سے) ڈرائیں۔ پھر جو کوئی یقین لایا، اور اپنے کو سنوار لیا، تو اس کے لئے نہ تو کسی طرح کا اندیشہ ہوگا، نہ کسی طرح کی غمگینی۔ مگر جن لوگوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں، تو فاسق ہونے کی وجہ سے ضروری ہے کہ ہمارے عذاب کی لپیٹ میں آ جائیں۔ ۴۹

(اے پیغمبر! تم ان لوگوں سے) کہدو "میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس خدا کے غیبی خزانے ہیں۔ نہ یہ کہتا ہوں کہ غیب کا جاننے والا ہوں۔ نہ میرا یہ کہنا ہی کہ میں (انسانیت سے ماوراء) فرشتہ ہوں۔ میری حیثیت تو فقط یہ ہے کہ اُسی بات پر چلتا ہوں جس کی خدا نے مجھ پر وحی کردی ہی" (اور اسی کی طرف تمھیں بھی بلاتا ہوں۔ پھر) ان سے پوچھو" کیا وہ، جو اندھا ہی (اور حقیقت کے لئے کوئی علم و یقین نہیں رکھتا) اور وہ جو بینا ہی (کہ حقیقت کی روشنی دیکھ رہا ہے) دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ پھر کیا تم غور و فکر نہیں کرتے؟" ۵۰

دین کے بارے میں انسان کی عالمگیر گمراہی یہی ہی کہ ہمیشہ ماورا فطرت عجائب غرائب کا خواہشمند رہتا ہی، اور اسکی عجائب پسند طبیعت اس پر قانع نہیں ہوتی کہ سچائی اپنی سیدھی سادی شکل میں نمایاں ہو جائے۔ یہی گمراہی ہی جسنے پیروان مذاہب کی راہ کو توہم پرستیوں کی راہ بنا دیا، اور اسی کا نتیجہ ہی کہ داعیانِ مذاہب کو انسانیت کی سطح سے بلند کرکے الوہیت کے درجہ تک پہنچا دیا گیا۔

لیکن قرآن اس لئے آیا تھا کہ اس طرح کی تمام گمراہیوں کی راہ بند کر دے۔ آیت (۵۰) میں پیغمبر اسلام (صلعم) کی حیثیت واضح کر دی ہی۔ فرمایا میرا دعویٰ اسکے سوا کچھ نہیں ہی کہ اللہ کی وحی، نے راہ حق دکھلا دی ہی خود بھی اُسی پر چلتا ہوں، دوسروں کو بھی اُسی کی طرف بلاتا ہوں۔ اس سے زیادہ میں کچھ نہیں ہوں!

(اے پیغمبر! تم (ان منکروں کو جو ماننے والے نہیں چھوڑ دو، اور) اُن لوگوں کو وحی الٰہی سُنا کر (انکار حق کے نتائج سے) ڈراؤ جو اپنے پروردگار کے حضور جمع کیے جانے پر یقین رکھتے ہیں اور اس سے ڈرتے ہیں کہ اس دن اسکے سوا نہ تو کوئی مددگار ہوگا نہ سفارشی۔ عجب نہیں کہ متقی ہو جائیں۔ ۵۱

اور (اے پیغمبر!) ان لوگوں کو جو (دعوتِ حق پر ایمان رکھتے ہیں، اور) صبح و شام خدا کے حضور مناجات ۵۲

بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ ؕ مَا عَلَیْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَیْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَیْهِمْ مِّنْ شَیْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ ۵۳ وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لِّیَقُوْلُوْۤا اَهٰۤؤُلَآءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ مِّنْۢ بَیْنِنَا ؕ اَلَیْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِالشّٰكِرِیْنَ ۝ ۵۴ وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِاٰیٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰی نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًۢا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

کرتے اور اُس کی رضامندی چاہتے ہیں، اپنے پاس سے نہ نکالو۔ اُنکے اعمال کی جوابدہی تمھارے ذمّے نہیں ہے، نہ تمھاری جوابدہی اُنکے ذمّے ہے کہ (اس ڈر سے) اُنھیں نکال دو (ایسا نہ کرو) اگر کروگے تو ظلم کرنے والوں میں سے ہوجاؤگے!

۵۳ اور (دیکھو) اسی طرح ہم نے (دنیا میں اختلافِ حالت سے) بعض انسانوں کو بعض انسانوں کے ساتھ آزمایا ہے کہ (جاہ و دولت کا گھمنڈ رکھنے والے غریبوں کو دیکھ کر) کہنے لگیں "کیا یہی لوگ ہیں جنھیں خدا نے اپنے انعام کے لئے ہم میں سے چھانٹ لیا ہے؟" (یعنی غریب بے نوا مومنوں کو دیکھ کر ازراہ تحقیر کہیں، کیا یہی ہیں جنھیں ایمان کی دولت ملی ہے؟ لیکن اے گھمنڈ کرنے والو!) کیا خدا (تم سے) بہتر جاننے والا نہیں کہ کون (اُس کی نعمت کی) قدر کرنے والے ہیں؟

۵۴ اور (اے پیغمبر!) جب وہ لوگ تمھارے پاس آئیں جو ہماری آیتوں پر ایمان رکھنے والے ہیں، تو تم (شفقت و محبت سے اُن کا استقبال کرو، اور) کہو "تم پر سلام ہو۔ تمھارے پروردگار نے اپنے اوپر رحمت لازم ٹھہرالی ہے۔ تم میں سے جو کوئی ازراہ نادانی کوئی بُرائی کر بیٹھے، اور پھر توبہ کرلے اور اپنی حالت سنوارلے تو (خدا کی رحمت سے مایوس نہ ہو) وہ بخشنے والا، رحمت رکھنے والا ہے!"

آیت (۵۱) سے (۵۴) تک دعوت و اصلاحِ امت کے دو اہم اصول بیان کئے ہیں:

آیت (۵۱) میں فرمایا، جن لوگوں کی شقاوت کا یہ حال ہے، انکی ہدایت کی سعی میں وقت ضائع نہ کرو۔ بلکہ اُن لوگوں کی طرف متوجہ ہوجاؤ جن کی ایمانی استعداد ظاہر ہوچکی ہے۔ یہ لوگ کتنے ہی حقیر و ذلیل ہوں، لیکن اگر تربیت یافتہ ہوکر متقی ہوگئے، تو تمھاری دعوت کے لئے یہی نتیجہ کفایت کریگا۔ اس سے معلوم ہوا کہ مصلح کو چاہئے، اپنی قوتِ اصلاح مستعد طبیعتوں کی تربیت میں صرف کرے، اگرچہ تھوڑے اور کمزور ہوں۔ ان لوگوں کے پیچھے وقت ضائع نہ کرے جن میں قبولیت کی استعداد نہیں ہے، اگرچہ بظاہر طاقتور اور کثیر التعداد ہوں۔

ابتدائے اسلام میں زیادہ تر مسکین و غریب آدمی ایمان لائے تھے، اور ہمیشہ قبولیتِ حق میں سبقت کرنے والا، یہی طبقہ ہوتا ہے۔ روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرکین مکہ میں سے بعض رئیسوں نے، جنھیں اپنی دولت و شرافت کا گھمنڈ تھا، کہا۔ ہم چاہتے ہیں کہ تمھاری باتیں سُنیں لیکن تمھارے پاس ادنیٰ درجے کے لوگوں کا مجمع لگا رہتا ہے۔ اُنکے ساتھ ہم نہیں بیٹھ سکتے۔ اس پر یہ آیتیں نازل ہوئیں۔ فرمایا، ان مغروروں کے کہنے سے تم اُن لوگوں کو اپنی مجلس سے نہ نکالو جو خدا پرستی میں سرگرم ہیں، اور جن کا تصور اسکے سوا کچھ نہیں کہ دنیوی جاہ و حشمت نہیں رکھتے۔

اسکے بعد آیت (۵۴) میں فرمایا۔ اگر اہل ایمان و استعداد سے کچھ بھول چوک بھی ہوجائے تو اُن پر سختی نہ کرو، بلکہ خدا کی رحمت کا پیام پہنچاؤ، اور اُس کی مغفرت کی بشارت سے اُنکے دلوں کو تسکین دو۔

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ۝ قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّآ اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ اِذًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ۝ قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ بِهٖ ؕ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ۝ قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ

(۵۵-۵۶، ع ۶، ۱۲، ۵۷، ۵۸، ۵۹)

۵۵ اور (دیکھو) ہم اسی طرح تفصیل کے ساتھ اپنی آیتیں بیان کرتے ہیں، اور اس لئے (بیان کرتے ہیں) تاکہ مجرموں کی راہ ظاہر ہوجائے (اور راست بازوں کی راہ اُن کی راہ سے مشتبہ نہ ہو)

۵۶ (اے پیغمبر! منکرین حق سے) کہو۔ مجھے اس بات سے روکا گیا ہے کہ میں اُن کی بندگی کروں جنھیں تم خدا کے سوا پکارتے ہو۔ (نیز) کہو۔ میں کبھی تمھاری نفسانی خواہشوں پر چلنے والا نہیں۔ اگر میں ایسا کروں، تو میں گمراہ ہوچکا، اور اُن میں نہ رہا جو راہ پانے والے ہیں!

۵۷ تم کہو۔ بلاشبہ میں اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی اور حجت پر ہوں (یعنے اُس نے حقیقت ویقین کی راہ مجھے دکھادی ہے) اور تم نے اُسے جھٹلایا ہے (پس اب فیصلہ اللہ کے ہاتھ ہے۔ باقی رہی یہ بات کہ کیوں اُس کا فیصلہ فوراً ظاہر نہیں ہوجاتا، تو) تم جس (فیصلہ) کے لئے جلدی مچا رہے ہو، وہ کچھ میرے اختیار میں تو ہے نہیں۔ حکم تو بس اللہ ہی کے لئے ہے۔ وہ حق کی باتیں بیان کرتا ہے، اور وہی سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے!

۵۸ (اے پیغمبر! تم) کہدو جس بات کے لئے تم جلدی مچا رہے ہو (یعنے ازراہ شرارت کہہ رہے ہو کہ اگر خدا کی طرف سے فیصلہ ہونے والا ہے تو کیوں نہیں ہوچکتا؟ تو) اگر وہ میرے اختیار میں ہوتا، تو مجھ میں اور تم میں کب کا فیصلہ ہوگیا ہوتا (لیکن وہ تو اللہ کے ہاتھ ہے، اور اُس نے ہر بات کی طرح، اسکے لئے بھی خاص وقت ٹھہرا دیا ہے) اور وہ ظلم کرنے والوں کی حالت اچھی طرح جاننے والا ہے (اُن سے غافل نہیں)

۵۹ اُسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں (یعنے غیب کے ذخیروں کا مالک ہے) اسکے سوا کوئی نہیں جانتا۔

آیت (۵۷) میں فرمایا "میں اپنے پروردگار کی طرف سے روشنی اور حجت پر ہوں" اسی طرح دوسرے مقامات میں بھی بار بار اس بات پر زور دیا ہے کہ وحی ونبوت کی راہ دلیل ویقین اور علم وبصیرت کی راہ ہے، اور جو منکر ہیں اُنکے پاس شک وگمان کے سوا کچھ نہیں۔

وہ کہتا ہے، یہاں راہیں دو ہوئیں۔ ایک شک وگمان کی۔ دوسری یقین وبصیرت کی۔ جو لوگ خدا اور آخرت کے منکر ہیں، یا پرستش کی گمراہیوں میں پڑگئے ہیں، اُنکے پاس انکار کے لئے کوئی بصیرت نہیں۔ زیادہ سے زیادہ بات جو وہ کہہ سکتے ہیں، یہی ہے کہ "لا ادری" "ہم نہیں جانتے، ہمارے پاس کوئی ثبوت نہیں، ہم محسوسات کی سرحد سے آگے نہیں بڑھ سکتے" پس اُن کی جگہ شک اور گمان کی جگہ ہوئی۔ لیکن جو انسان اعلان کرتا ہے کہ میں اس بارے میں علم ویقین رکھتا ہوں اور جانتا ہوں کہ حقیقت حال کیا ہے، اُس کی جگہ یقین کی جگہ ہے، شک اور گمان کی تو اُس پر پرچھائیں بھی نہیں پڑی۔ اب سوال یہ ہے کہ تمھیں کس کی طرف جانا چاہئے؟ جس

وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۚ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا
يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ۝ ٦٠ وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفَّاكُم بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُم بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيهِ
لِيُقْضَىٰ أَجَلٌ مُّسَمًّى ۖ ثُمَّ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ۝ ٦١ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهِ ۖ وَ
يُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً حَتَّىٰ إِذَا جَاءَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُونَ ۝ ٦٢ ثُمَّ رُدُّوا
إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ ۚ أَلَا لَهُ الْحُكْمُ وَهُوَ أَسْرَعُ الْحَاسِبِينَ ۝ ٦٣ قُلْ مَن يُنَجِّيكُم مِّن ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُونَهُ

طرف جو زیادہ سے زیادہ یہ جانتا ہے کہ کچھ نہیں جانتا؟ یا اُسکی طرف جسکی پکار کی پہلی بات ہی یہ ہے کہ میرے پاس سرتاسر دلیل و یقین ہے؟ فہل یستوی الاعمیٰ والبصیر؟

اسی آیت میں "استعجال بالعذاب" کا بھی ذکر کیا ہے۔ یعنے منکرین حق جو خدا کے احکام و سنن سے بے خبر ہیں، کہتے ہیں تم خدا کے جس فیصلہ کا ذکر کر رہے ہو، اگر سچ مچ کو ہونے والا ہے، تو کیوں نہیں ہو چکتا؟ فرمایا، اگر میرے اختیار میں ہوتا تو اسی آن فیصلہ کر دیتا، لیکن وہ تو اللہ کے اختیار میں ہے، اُس نے جو قانون مقرر کر دیا ہے، اُسی کے مطابق اُس کا ظہور ہوگا۔ چنانچہ اپنے وقت پر وہ ظاہر ہوا، اور دنیا نے دیکھ لیا کہ کامیابی کس فریق کے لئے ہونی تھی۔

جو کچھ بیابانوں میں ہے، اور جو سمندروں میں ہے، سب کا وہ علم رکھتا ہے۔ درختوں سے کوئی پتا نہیں گرتا، اور زمین کی تاریکیوں میں کوئی دانہ نہیں ڈالا جاتا، مگر یہ کہ اُسے جانتا ہو۔ اور کوئی خشک و تر پھل نہیں گرتا مگر یہ کہ (علم الٰہی کے) واضح نوشتہ میں مندرج ہے۔

٦٠ اور (دیکھو) وہی ہے، جو رات کے وقت تم پر موت طاری کر دیتا ہے (یعنے سُلا دیتا ہے) اور جو کچھ تم نے دن (کی حرکت و ہشیاری) میں کد و کاوش کی تھی، اس سے بے خبر نہیں ہے، پھر (جب رات بھر سو لیتے ہو، تو) دن کے وقت تمھیں اُٹھا کھڑا کرتا ہے، تاکہ (بدستور کد و کاوش میں لگ جاؤ، اور زندگی کی) مقررہ میعاد پوری ہو جائے پھر (اس میعاد کے بعد) تم سب خدا کی طرف لوٹائے جاؤ گے، اور جیسے کچھ تمھارے عمل رہے ہیں، اس کی حقیقت وہ تمھیں بتا دے گا!

٦١ اور وہی اپنے بندوں پر زور و غلبہ رکھنے والا ہے اور تم پر محافظ (قوتیں) بھیجتا ہے۔ یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی کو موت آتی ہے، تو اسکے بھیجے ہوئے (فرشتے) اُسے وفات دیدیتے ہیں، اور وہ (ہمارے مقررہ احکام کی) ٹھیک ٹھیک تعمیل کرتے ہیں۔ اس میں) کسی طرح کا قصور نہیں کرتے۔ ٦٢ پھر تمام بندے اللہ کی طرف لوٹائے جاتے ہیں جو اُن کا مالک حقیقی ہے۔ یاد رکھو، حکم اُسی کا حکم ہے، اور حساب لینے والوں میں اُس سے جلد حساب لینے والا کوئی نہیں۔

٦٣ (اے پیغمبر! ان لوگوں سے) کہو۔ وہ کون ہے جو تمھیں بیابانوں اور سمندروں کی تاریکیوں میں نجات دیتا ہے، اور جس کی جناب میں کبھی آہ و زاری کرتے ہوئے اور

فطرت انسانی کے احوال و واردات سے استشہاد۔

وہ کون ہے، جسنے بیابانوں اور سمندروں کی تاریکیوں میں تمھاری رہنمائی کا سامان کر دیا ہے، اور جو تمھاری دعائیں سنتا، اور تمھاری آہ و

تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ ۶۴
كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝ قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ مِنْ تَحْتِ ۶۵
اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ بَعْضٍ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ
وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ۭ قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ۭ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۡ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ وَ ۶۶-۶۷
اِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى

کبھی (دل ہی دل میں) پوشیدہ، دعائیں مانگتے ہو، اور کہتے ہو "اگر خدا ہمیں اس مصیبت سے نجات دلادے، تو پھر ہم (کبھی اُس کی طرف سے غافل نہ ہونگے اور) ضرور شکر گزار بندے ہوکر رہینگے"؟

۶۴ (اے پیغمبر!) تم کہو، اللہ ہی ہے، جو تمھیں ان دکھوں سے اور ہر طرح کے دُکھ سے نجات دیتا ہے، لیکن اس پر بھی تم ہو کہ اس کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہو!

زاریوں کو قبول کرلیتا ہے؟ جب تم مصیبت میں پڑتے ہو تو اُسے پکارتے ہو، اور کہتے ہو، اگر اس مصیبت سے نجات پاجائیں تو پھر ہم شکر گزار بندوں کی سی زندگی بسر کرینگے۔ لیکن جب مصیبت ٹل جاتی ہے، تو پھر اُسے فراموش کردیتے ہو، اور بدستور گمراہیوں میں مبتلا ہوجاتے ہو!

آیت (۶۵) میں فرمایا "یا ایسا ہو کہ تم گروہ گروہ ہوکر آپس میں لڑ پڑو" اس سے معلوم ہوا کہ قرآن کے نزدیک یہ بھی ایک عذاب ہے کہ کوئی قوم ایک طریقہ پر جمع رہنے کی جگہ مختلف گروہ بندیوں میں بٹ جائے، اور ہر گروہ دوسرے گروہ کو اپنی شدت کا مزہ چکھانے لگے۔ افسوس کہ مسلمان بھی اسی عذاب میں مبتلا ہوئے!

۶۵ (اے پیغمبر!) کہدو۔ وہ اس پر قادر ہے کہ تم پر اوپر سے (یعنے فضاء آسمانی سے) کوئی عذاب بھیج دے یا تمھارے پیروں تلے سے (یعنے زمین ہی سے) کوئی عذاب پیدا کردے۔ یا ایسا کرے کہ تم گروہ گروہ ہوکر آپس میں لڑ پڑو، اور ایک (گروہ) دوسرے (گروہ) کی شدت کا مزہ چکھے۔ سو دیکھو! کس طرح ہم گوناگوں طریقوں سے آیتیں بیان کرتے ہیں، تاکہ وہ سمجھیں بوجھیں!

۶۶ اور (اے پیغمبر!) تیری قوم نے اُسے جھٹلایا ہے حالانکہ وہ حق ہے (یعنے قرآن کو جھٹلایا ہے اور وہ حق ہے تو ضرور ہے کہ اس کا نتیجہ اُسکے آگے آئے۔ پس) تم کہدو (اگر تم جھٹلاتے ہو تو جھٹلاؤ) میں تم پر کچھ نگہبان نہیں ہوں کہ تمھیں قبول حق پر مجبور کردوں۔ ہر خبر کے لئے ایک مقررہ وقت ہے (کہ اُس وقت اُسکی حقیقت معلوم ہوجاتی ہے) اور قریب ہے کہ تمھیں معلوم ہوجائے گا!

۶۷ اور جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو ہماری آیتوں میں (انکار و شرارت سے) کاوشیں کرتے ہیں، تو (تم اُنکے ساتھ بحث کرنے میں وقت ضائع نہ کرو، اور) اُن سے کنارہ کش ہوجاؤ۔ یہاں تک کہ وہ کسی دوسری بات میں

جن لوگوں میں طلب حق نہ ہو، اور محض اپنی بات کی پچ کرنے کے لئے اور مطالب حق کو مشغلۂ رد و کد بنانے کے لئے بحث و نزاع کریں، تو وابت باز انسان کو چاہئے کہ ان سے کنارہ کش ہوجائے۔ کیونکہ جدل و نزاع کی راہ ہدایت کی راہ نہیں ہے، اور جدل کرنے والے کبھی ہدایت نہیں پاسکتے (دیکھو بقرہ: ۲۶۰)

يَخُوضُوا فِي حَدِيثٍ غَيْرِهِ ۚ وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَىٰ مَعَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ۝ (٦٨) وَمَا عَلَى الَّذِينَ يَتَّقُونَ مِنْ حِسَابِهِم مِّن شَيْءٍ وَلَٰكِن ذِكْرَىٰ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝ (٦٩) وَذَرِ الَّذِينَ اتَّخَذُوا دِينَهُمْ لَعِبًا وَلَهْوًا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۚ وَذَكِّرْ بِهِ أَن تُبْسَلَ نَفْسٌ بِمَا كَسَبَتْ لَيْسَ لَهَا مِن دُونِ اللَّهِ وَلِيٌّ وَلَا شَفِيعٌ وَإِن تَعْدِلْ كُلَّ عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۗ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ أُبْسِلُوا بِمَا كَسَبُوا ۖ لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْفُرُونَ ۝ (٧٠) قُلْ أَنَدْعُو مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلَىٰ أَعْقَابِنَا بَعْدَ إِذْ هَدَانَا اللَّهُ

بحث و گفتگو کرنے لگیں۔ اور اگر ایسا ہو کہ شیطان تمھیں (یہ بات) بھلا دے (یعنے تم سہو و نسیان میں پڑ کر اُن سے بحث و نزاع کرنے لگو) تو چاہئے کہ یاد آجانے کے بعد ایسے گروہ (کی مجلسوں) میں نہ بیٹھو جو ظلم کرنے والے ہیں۔

(٦٨) اور جو لوگ پرہیزگاری کی راہ چلنے والے ہیں، تو اُن پر ایسے لوگوں کے اعمال کی کوئی ذمہ داری نہیں (کہ ان کی فکر میں پڑیں) جو کچھ اُنکے ذمے ہے، وہ یہ ہے کہ نصیحت پکڑیں تاکہ (برائیوں سے) بچیں۔

(٦٩) اور (اے پیغمبر!) جن لوگوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشہ بنا لیا ہے، اور دُنیا کی زندگی نے انھیں دھوکے میں ڈال رکھا ہے، تو ایسے لوگوں کو اُنکے حال پر چھوڑ دو، اور کلام الٰہی کے ذریعے پند و وعظ کرتے رہو۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی انسان اپنی بدعملی کی وجہ سے ہلاکت میں چھوڑ دیا جائے۔ (کیونکہ اگر چھوڑ دیا گیا، تو) اللہ کے سوا کوئی نہیں جو اُس کا مددگار ہوگا، یا اُس کی شفاعت کرکے اُسے بچا لے گا۔ اگر وہ (بدعملیوں کے بدلے میں) جس قدر بدلے بھی ہو سکتے ہیں، دیدے تو بھی اس سے نہ لیا جائے (کہ بدعملی کے نتیجہ سے کوئی فدیہ اور معاوضہ نہیں بچا سکتا) یہ وہ لوگ ہیں جو اپنی بدعملیوں کی وجہ سے ہلاکت میں چھوڑ دیئے گئے! اُنکے لئے کھولتا ہوا پانی پینے کو ہوگا۔ اور انکارِ حق کی جزا میں عذاب دردناک!

(٧٠) (اے پیغمبر!) ان لوگوں سے پوچھو "کیا تم چاہتے ہو ہم خدا کو چھوڑ کر اُنھیں پکاریں، جو (ہمارے ہی طرح بے بس اور عاجز مخلوق ہیں) نہ تو ہمیں فائدہ پہنچا سکتے ہیں، نہ نقصان؟ اور باوجودیکہ خدا ہمیں (خدا پرستی کی) سیدھی راہ دکھا چکا ہے، لیکن ہم (گمراہی کی طرف) اُلٹے پاؤں پھر جائیں؟ اور ہماری مثال اُس آدمی کی سی ہو جائے جسے شیطان نے بیابان میں گمراہ کر دیا ہو۔ وہ حیران و پریشان پھر رہا ہے۔ اُس کے

"مومن" وحی و نبوت کی ہدایت اور علم و یقین کی روشنی اپنے سامنے رکھتا ہے، اس لئے فلاح و سعادت کی شاہراہ سے کبھی نہیں بھٹک سکتا۔ لیکن منکر حق کے سامنے کوئی روشنی نہیں۔ اُس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک شخص بیابان میں کھو گیا ہو اور حیران و سرگردان پھر رہا ہو۔ کبھی ایک طرف کو دوڑے، کبھی دوسری طرف کو۔ کوئی معین اور یقینی راہ اس کے سامنے نہ ہو۔

ایمان اور کفر کی حقیقت سمجھنے کے لئے اس مثال پر غور کرو جس قدر غور کرتے جاؤگے، حقیقت کی وضاحت بڑھتی جائے گی۔

آیت (٧٢) میں "تخلیق بالحق" کی طرف اشارہ کیا ہے۔ یعنے کائنات خلقت کی تمام باتیں یقین دلاتی ہیں کہ یہ کارخانہ علم و حکمت کے

كَالَّذِى اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِى الْاَرْضِ حَيْرَانَ ۪ لَهٗۤ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗۤ اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ؕ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ؕ وَهُوَ الَّذِىْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝ (۷۱) وَهُوَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ وَيَوْمَ يَقُوْلُ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ قَوْلُهُ الْحَقُّ ؕ وَلَهُ الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِى الصُّوْرِ ؕ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝ (۷۲-۷۳) وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّىْۤ اَرٰٮكَ وَقَوْمَكَ فِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ (۷۴)

ساتھی اسے راہ کی طرف بلا رہے ہیں کہ کدہر کھوئے گئے۔ ادہر آؤ؟ (اے پیغمبر!) کہدو "خدا کی ہدایت تو وہی الہدیٰ ہے (یعنے ہدایت کی حقیقی راہ جو ہمیشہ سے موجود ہے) اور ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ رب العالمین کے آگے سر اطاعت جھکا دیں (اُس کے سوا کوئی نہیں جو بندگی و نیاز کا مستحق ہو)

ساتھ بنایا گیا ہے۔ اور کوئی بنانے والا ہے جو چاہتا تھا کہ ایک منظم، مرتب، کامل اور حسن و خوبی رکھنے والا کارخانہ وجود میں آجائے (دیکھو آل عمران: ۱۰۰)

جن چیزوں کو ہم اپنے پانچ حاسّوں سے محسوس کر سکتے ہیں، وہ ہمارے لئے مشہود ہیں۔ جنھیں محسوس نہیں کر سکتے، وہ پوشیدہ ہیں۔ پس قرآن انکے لئے عالم شہادت اور عالم غیب کا لفظ بولتا ہے۔

(۷۱) نیز ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ نماز قائم کرو اور (ہر حال میں) خدا (کی نافرمانیوں کے نتائج) سے ڈرتے رہو۔ اور اُسی کی طرف (بالآخر) تم سب اکٹھے کئے جاؤگے۔

(۷۲) اور وہی ہے جسنے آسمانوں کو اور زمین کو علم و حقیقت کے ساتھ پیدا کیا (یعنے مصلحت و حکمت کے ساتھ بنایا) اور (اُس کی قدرت کا یہ حال ہے کہ) جس دن وہ کہدے "ہوجا" تو (جیسا کچھ اس نے چاہا) ویسا ہی ہوجائے!

(۷۳) اُس کا قول حق ہے (یعنے وہ جو کچھ حکم دیتا ہے، علم و حقیقت کے ساتھ دیتا ہے) اور اُسی کے لئے بادشاہی ہے جس دن صور پھونکا جائے گا (اور قیامت کے برپا ہونے کا اعلان ہوگا) اور وہ غیب اور شہادت کا (یعنے جو کچھ تمھارے لئے محسوس ہے اور جو کچھ غیر محسوس) جاننے والا ہے (کہ اُس کے علم کے لئے کوئی شے غیر محسوس نہیں) اور وہ حکمت رکھنے والا، اور آگاہ ہے!

(۷۴) اور (دیکھو) جب ایسا ہوا تھا کہ ابراہیم نے اپنے باپ آزر[1] سے کہا تھا "کیا تم (پتھر کے) بتوں کو معبود مانتے ہو؟ میرے نزدیک تو تم اور تمھاری قوم کھلی گمراہی میں مبتلا ہے"

توحید الٰہی کی حجت جو حضرت ابراہیم (علیہ السلام) پر القا کی گئی، اور جو تمام رسولوں کی دعوت رہی ہے۔

حضرت ابراہیم کا ظہور ایک ایسے عہد و ملک میں ہوا، جب بابل اور نینوا کی عظیم الشان قومیں اجرام سماویہ کی پرستش میں مبتلا تھیں، اور شہر اُور میں زہرہ، چاند، اور سورج کے معبد تھے جہاں صبح و شام پرستاری

[1] آزر حضرت ابراہیم علیہ السلام کا چچا تھا۔ چونکہ اسی نے انھیں پرورش کیا تھا، اس لئے اُسے باپ کہا۔ عربی میں چچا کے لئے بھی اَب کا لفظ بولا جاتا ہے۔

۷۵-۷۶ وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ۝ فَلَمَّا

۷۷ جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ۝ فَلَمَّا

رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَىِٕنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ

۷۸ الضَّاۗلِّيْنَ ۝ فَلَمَّا رَاَ الشَّمْسَ بَازِغَةً قَالَ هٰذَا رَبِّيْ هٰذَآ اَكْبَرُ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَتْ قَالَ يٰقَوْمِ

۷۹ اِنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ۝ اِنِّىْ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ

کے لئے لوگ جمع ہوا کرتے تھے۔

۷۵ لیکن حضرت ابراہیم کے قلب سلیم پر خدا پرستی کی صداقت کھول دی گئی۔ خدا نے ان پر اپنی پادشاہت و کارفرمائی کے جلوے کچھ اس طرح روشن کر دیئے، کہ جہل و غفلت کا کوئی پردہ بھی اُن کی معرفت میں حائل نہ ہو سکا!

۷۶ یہ حقیقت جب اُن پر کھولی گئی، تو علم و بصیرت کی کونسی حجت تھی جس نے اُن کی رہنمائی کی؟ قرآن نے ایک ایسے پیرایۂ بیان میں جو اُس کی معجزانہ بلاغت کا مظہر ہے، یہاں اُس کا مرقع ہمارے سامنے کھینچ دیا ہے۔

جب شام ہوئی، تو زہرہ نکلی، اور اپنی ساری درخشانیوں کے ساتھ پردۂ شب سے جھانکنے لگی حضرت ابراہیم نے اپنی قوم کا عقیدہ نقل کرتے ہوئے کہا، یہ چمکتا ہوا کوکب میرا پروردگار ہے۔ کیونکہ اسی کے تمثال کی پوجا کی جاتی ہے۔ لیکن جب کچھ دیر کے بعد وہ ڈوب گیا، تو اُنھوں نے کہا جو ہستیاں ڈوب جانے والی اور چھپ جانے والی ہیں، میں اُن کا پرستار نہیں۔ کیونکہ جو ہستی اپنے طلوع و غروب میں کسی ٹھہرائے ہوئے قاعدہ و حکم

۷۷ کی پابند ہوئی، تو وہ پروردہ ہوئی۔ پروردگار نہیں ہو سکتی!

پھر پردۂ ظلمت چاک ہوا، اور چاند چمکتا ہوا نکل آیا۔ وہ بولے "یہ پروردگار ہے؟" لیکن وہ بھی نہ ٹک سکا اور غروب ہو گیا!

اب صبح ہوئی، اور مہر جہانتاب درخشاں ہو گیا۔ یہ سب سے بڑا ہے کہ اس سے بڑا اجرام سماویہ میں کوئی نہیں۔ لیکن دیکھو، یہ بھی تو کسی کے حکم کے آگے جھکا ہوا ہے۔ اُس کی روشنی کو بھی قرار نہیں۔ پہلے بڑھنے لگی پھر ڈھلنے لگی۔ پھر رفتہ رفتہ غروب ہو گئی!

۷۸ حضرت ابراہیم نے کہا۔ نہیں، ان میں سے کوئی بھی پروردگار نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ سب زبانِ حال سے کہہ رہے ہیں کہ ہم مختار نہیں، مجبور ہیں۔ حاکم نہیں، محکوم ہیں۔ ہم سے بھی ایک بالاتر ہستی ہے جس نے ہمیں اپنے حکموں اور قاعدوں کے آگے جھکا رکھا ہے۔ پس وہ جو ان سب سے بالاتر اور ان سب کا بنانے والا ہے، میں صرف اُسی کا ہو رہا۔ میری راہ شرک کرنے والوں کی راہ نہیں!

۷۹ پھر جب اُن کی قوم نے رد و کد کی، تو انھوں نے کہا، تم مجھے اپنے معبودانِ باطل سے نہ ڈراؤ۔ دیکھو، ہم دو فریق ہیں۔ ایک

اور اسی طرح ہم نے ابراہیم کو آسمانوں کی اور زمین کی پادشاہت کے جلوے دکھا دیئے، تاکہ وہ یقین رکھنے والوں میں سے ہو جائے۔

پھر (دیکھو) جب ایسا ہوا کہ اُس پر رات کی تاریکی چھا گئی، تو اُس نے (آسمان پر) ایک کوکب (چمکتا ہوا) دیکھا۔ اُس نے کہا "یہ میرا پروردگار ہے" (کہ سب لوگ اس کی پرستش کرتے ہیں) لیکن جب وہ ڈوب گیا، تو کہا "نہیں، میں انھیں پسند نہیں کرتا جو ڈوب جانے والے ہیں" (یعنے طلوع و غروب ہوتے رہتے ہیں) پھر جب ایسا ہوا کہ چاند چمکتا ہوا نکل آیا، تو ابراہیم نے کہا "یہ میرا پروردگار ہے" لیکن جب وہ بھی ڈوب گیا، تو کہا "اگر میرے پروردگار نے مجھے راہ نہ دکھائی ہوتی، تو میں ضرور اُسی گروہ میں سے ہو جاتا جو راہِ راست سے بھٹک گیا ہے!"

پھر جب صبح ہوئی اور سورج چمکتا ہوا طلوع ہوا، تو ابراہیم نے کہا "یہ میرا پروردگار ہے کہ یہ سب سے بڑا ہے" لیکن جب وہ بھی غروب ہو گیا، تو اُس نے کہا "اے میری قوم! تم جو کچھ خدا کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہو، میں اس سے بیزار ہوں۔ میں نے تو ہر طرف سے منہ موڑ کر صرف اُسی ہستی کی طرف اپنا رُخ کر لیا ہے جو (کسی کی

فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۚ وَحَآجَّهٗ قَوْمُهٗ ۭ قَالَ اَتُحَآجُّوْٓنِّيْ ۸۰

فِي اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنِ ۭ وَلَآ اَخَافُ مَا تُشْرِكُوْنَ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ رَبِّيْ شَيْـًٔا ۭ وَسِعَ رَبِّيْ

كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۭ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۝ وَكَيْفَ اَخَافُ مَآ اَشْرَكْتُمْ وَلَا تَخَافُوْنَ اَنَّكُمْ اَشْرَكْتُمْ ۸۱

بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا ۭ فَاَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ اَحَقُّ بِالْاَمْنِ ۚ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۸۲

وَلَمْ يَلْبِسُوْٓا اِيْمَانَهُمْ بِظُلْمٍ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْاَمْنُ وَهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝ وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰي قَوْمِهٖ ۭ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ ۸۳ ع ۹ / ۱۵

میں ہوں کہ انھیں نہیں مانتا، جن کے ماننے کے لئے کوئی دلیل اور روشنی موجود نہیں۔ ایک تم ہو کہ اُن سب کی پرستاری کرتے ہو، جن کی پرستاری کے لئے کوئی دلیل و روشنی موجود نہیں۔ بتلاؤ، دونوں فریقوں میں سے کس کی راہ امن کی راہ ہوئی؟

یہ حقیقت، کہ پرستش اُسی کی کرنی چاہئے جس کی پرستش کے لئے علم و بصیرت کی شہادت موجود ہو، اور بنیاد اس معاملہ کی علم و حقیقت ہو نہ کہ رسم و تقلید، وہ حجت بالغہ ہے جو اللہ نے حضرت ابراہیم کے قلب پر کھول دی تھی۔ یہی بنیادی صداقت ہے جس سے راہ خدا پرستی کی تمام صداقتیں ظہور میں آئیں۔

بنائی ہوئی نہیں، بلکہ آسمان و زمین کی بنانے والی ہے۔ (اور جسکے حکم و قانون پر تمام آسمانی اور ارضی مخلوقات چل رہی ہیں) اور میں اُن میں سے نہیں جو اُس کے ساتھ شریک ٹھہرانے والے ہیں!"

اور (پھر) ابراہیم سے اُس کی قوم نے رد و کد کی ۸۰ ابراہیم نے کہا "کیا تم مجھ سے اللہ کے بارے میں رد و کد کرتے ہو، حالانکہ اُس نے مجھے راہ حق دکھا دی ہے (اور میں حق کی معرفت کے بعد جہل و گمراہی اختیار کرنے والا نہیں۔ باقی رہی یہ بات کہ تم مجھے اپنے معبودانِ باطل کا ڈر دکھاتے ہو۔ تو یاد رکھو) جنھیں تم نے خدا کا شریک ٹھہرا لیا ہے، میں اُن سے نہیں ڈرتا میں جانتا ہوں کہ مجھے کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ مگر یہ، کہ میرا پروردگار ہی مجھے نقصان پہنچانا چاہے۔ میرا پروردگار اپنے علم سے تمام چیزوں کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔ (اگر مجھے نقصان پہنچا ہے، تو اُس کے حکم و علم ہی سے پہنچیگا) پھر کیا تم (حقیقت کی اتنی وضاحت پر بھی) نصیحت نہیں پکڑتے؟"

"اور (دیکھو) میں اُن ہستیوں سے کیونکر ڈر سکتا ہوں جنھیں تم نے خدا کا شریک ٹھہرا لیا ہے، جبکہ تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ خدا کے ساتھ دوسروں کو شریک ٹھہراؤ جن کے لئے اُس نے کوئی سند و دلیل تم پر نہیں اُتاری؟ بتلاؤ، ہم دونوں فریقوں میں سے کس کی راہ امن کی راہ ہوئی اگر علم و بصیرت رکھتے ہو؟" ۸۱

جن لوگوں نے خدا کو مانا، اور اپنے ماننے کو ظلم سے (یعنے شرک سے) آلودہ نہیں کیا، تو اُنھی کے لئے امن ہے، اور وہی ٹھیک راستے پر ہیں!" ۸۲

اور (دیکھو) یہ ہماری حجت ہے جو ہم نے ابراہیم کو اُس کی قوم پر دی تھی۔ ہم جس کے مرتبے بلند کرنا چاہتے ۸۳

مَّن نَّشَاءُ ۗ إِنَّ رَبَّكَ حَكِيمٌ عَلِيمٌ ۝ وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوحًا هَدَيْنَا مِن قَبْلُ ۖ وَمِن ۸۴
ذُرِّيَّتِهِ دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ وَأَيُّوبَ وَيُوسُفَ وَمُوسَىٰ وَهَارُونَ ۚ وَكَذَٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِينَ ۝ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيَىٰ ۸۵
وَعِيسَىٰ وَإِلْيَاسَ ۖ كُلٌّ مِّنَ الصَّالِحِينَ ۝ وَإِسْمَاعِيلَ وَالْيَسَعَ وَيُونُسَ وَلُوطًا ۚ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ وَ ۸۶-۸۷
مِنْ آبَائِهِمْ وَذُرِّيَّاتِهِمْ وَإِخْوَانِهِمْ ۖ وَاجْتَبَيْنَاهُمْ وَهَدَيْنَاهُمْ إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ۝ ذَٰلِكَ هُدَى اللَّهِ يَهْدِي بِهِ ۸۸
مَن يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۚ وَلَوْ أَشْرَكُوا لَحَبِطَ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَ ۸۹
النُّبُوَّةَ ۚ فَإِن يَكْفُرْ بِهَا هَٰؤُلَاءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوا بِهَا بِكَافِرِينَ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ ۖ فَبِهُدَاهُمُ ۹۰

ہیں (اُسے علم و دلیل کا عرفان دے کر) بلند کر دیتے ہیں، اور یقیناً تمھارا پروردگار حکمت والا، علم رکھنے والا ہے!

۸۴ اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق اور (اسحاق کا بیٹا) یعقوب دیا۔ ہم نے ان سب کو راہ راست دکھائی اور ابراہیم سے پہلے نوح کو دکھا چکے ہیں۔

اور ابراہیم کی نسل میں سے داؤد، سلیمان، ایوب، یوسف، موسیٰ، ہارون کو بھی (یہی) راہ دکھائی۔ ہم اسی طرح نیک کرداروں کو (اُن کی نیک کرداری کا) بدلہ دیتے ہیں۔

۸۵-۸۶ اور زکریا، یحییٰ، عیسیٰ، اور الیاس کو، کہ یہ سب صالح انسانوں میں سے تھے۔ اور نیز اسمٰعیل، الیسع، یونس اور لوط کو، کہ ان سب کو ہم نے دنیا والوں پر برتری دی تھی۔

۸۷ اور انکے آباؤ اجداد، اور ان کی نسل، اور انکے بھائی بندوں میں سے بھی کتنوں ہی کو ہم نے اسی راہ چلایا۔ ان سب کو ہم نے برگزیدہ کیا تھا، اور (فلاح و سعادت کی) سیدھی راہ اُن پر کھول دی تھی!

۸۸ یہ اللہ کی ہدایت ہے۔ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے اس کی روشنی دکھائے۔ اور اگر یہ لوگ (توحید کی راہ چھوڑ کر) شرک کرتے، تو (یقین کرو، کبھی فلاح و سعادت کی راہ نہ پاتے، اور) انکا سارا کیا دھرا ضائع جاتا!

۸۹ (اے پیغمبر!) یہ وہ لوگ ہیں جنھیں ہم نے کتاب، اور حکومت اور نبوت (کی نعمت) عطا فرمائی۔ پھر اگر یہ (مشرکین عرب) اس نعمت سے انکار کرتے ہیں (تو انکار کریں۔ اُنکے انکار سے کچھ بگڑنے والا نہیں) ہم نے اُس کی (پیروی و حفاظت) ایک ایسے گروہ کے حوالے کر دی ہے جو (ان لوگوں کی طرح) سچائی سے انکار کرنے والا نہیں (بلکہ اُس کا شناسا اور قدر شناس ہے)

حضرت ابراہیم (علیہ السلام) اور اُن کی نسل کی یہ تمام شخصیتیں جن کا ذکر کیا گیا، دینِ حق پر کہ توحید کی راہ ہے، کاربند ہوئے، اور خدا نے انھیں کتاب و نبوت کی برگزیدگی کے لئے چن لیا۔ پس اے پیغمبر! تم بھی اُنہی کے نقش قدم پر چلو۔ عنقریب خدا ایک گروہ سچے مومنوں کا پیدا کرے گا جو اس راہ کی پیروی و حفاظت اپنے ذمے لے لیگا اور انکار کرنے کی جگہ سچائی کا شناسا ہوگا۔ چنانچہ مہاجرین و انصار کا گروہ پیدا ہو گیا جسنے اس راہ کی حفاظت اپنے ذمے لے لی۔

۹۰ (اے پیغمبر!) یہ وہ لوگ ہیں جنھیں خدا نے راہ حق دکھا دی۔ پس اُنہی کی راہ کی تم بھی پیروی کرو۔ تم کہدو

اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِیْ جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّهُدًى لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَعُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِیْ خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ۝ وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ مُّصَدِّقُ الَّذِیْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى

۹۱ ع ۱۰/۱۶ ۹۲

"میں اس (رہنمائی) پر تم سے کوئی بدلا نہیں مانگتا۔ یہ اس کے سوا کچھ نہیں ہو کہ تمام دنیا کے لئے پند و نصیحت ہو (اور جب پند و نصیحت ہو، تو تم مجھے کتنی ہی تکلیف و اذیت دو، میں ادائے فرض سے باز آنے والا نہیں۔ میں تمھیں پند و نصیحت کرتا ہی رہوں گا!)

۹۱ اور (دیکھو) جب ان لوگوں نے کہا "خدا نے کسی انسان پر کوئی چیز نہیں اُتاری ہو" (یعنے وحی و تنزیل سے انکار کیا) تو خدا کی خدائی کا جو اندازہ کرنا چاہئے، وہ انھوں نے نہیں کیا۔ (اے پیغمبر!) تم کہو (اگر ایسا ہی ہو تو) کس نے وہ کتاب اُتاری جسے موسیٰ لایا تھا؟ (وہ کتاب) جو لوگوں کے لئے روشنی اور ہدایت ہے، اور جسے تم اوراق کا مجموعہ بنا کر لوگوں کو دکھاتے ہو؟ اور (اُسکے مطالب و احکام میں سے) بہت کچھ پوشیدہ رکھتے ہو؟ نیز (جس کے ذریعہ) تمھیں وہ وہ باتیں سکھائی گئیں جو پہلے نہ تو تم جانتے تھے، نہ تمھارے باپ دادا جانتے تھے؟

(اے پیغمبر!) تم کہو "اللہ نے!" اور پھر اُنھیں اُنکی کاوشوں (اور کج بحثیوں) میں چھوڑ دو کہ (اس بات کا کوئی معقول جواب نہ پاکر) اپنی ہرزہ سرائیوں میں کھیلتے رہیں!

یہاں اُن لوگوں کا رد کیا ہو جو وحی و کتاب کے نزول پر تعجب کرتے تھے، اور کہتے تھے، خدا کے طرف سے کوئی کتاب کسی انسان پر نازل نہیں ہو سکتی۔ یہ محض دعویٰ ہی دعویٰ ہو۔

منکرین تنزیل میں دو طرح کے لوگ تھے۔ پہلا گروہ علماءِ اہل کتاب کا تھا۔ یہ لوگ اگرچہ وحی و تنزیل کے منکر نہ تھے لیکن تعصب و نفسانیت کی وجہ سے نزول قرآن پر اظہار تعجب کرتے، اور کہتے خدا کا کلام کبھی اس طرح نازل نہیں ہو سکتا۔ چونکہ عرب میں یہی لوگ پڑھے لکھے اور باخبر سمجھے جاتے تھے، اس لئے مشرک بھی ان کی باتوں سے حجت پکڑتے

دوسرا گروہ منکرین وحی و نبوت کا تھا۔

پس یہاں پہلے علماءِ اہل کتاب کو الزامی جواب دیا ہو۔ اگر خدا اپنا کلام نازل نہیں کرتا، تو حضرت موسیٰؑ پر کس نے تورات نازل کی تھی جسے اوراق و صحائف میں لکھتے رہتے ہو، اور جس کی صورت لوگوں پر ظاہر کرتے ہو لیکن اسکے احکام ہوائے نفس سے چھپاتے ہو؟۔

پھر فرمایا، یہ کلام حق جو نازل ہوا ہے، باشندگان مکہ کو برائیوں سے روکتا ہو، نیکیوں کی دعوت دیتا ہو، اور اپنی دعوت سے اُسنے ایک ایسی جماعت پیدا کر دی ہو جو عبادت الٰہی میں ثابت قدم ہو۔ کیا ممکن ہو کہ جو انسان ایک ایسے مبارک کلام کا حامل ہو، وہ اللہ پر افترا کرنے والا ہو جس سے بڑھکر دنیا میں کوئی گنہ گاری کا کام نہیں ہو سکتا؟

اس کے بعد آیت (۹۵) سے (۹۹) تک منکرین تنزیل کو حقیقی جواب دیا گیا ہو

۹۲ اور (دیکھو) یہ کتاب (قرآن) ہے جسے ہم نے (تورات کی طرح) نازل کیا۔ برکت والی، اور جو (کتابیں) اس سے پہلے (نازل ہو چکی ہیں) اُس کی تصدیق کرنے والی، اور اس لئے نازل کی، تاکہ تم اُمّ القریٰ (یعنے شہر مکہ)

وَمَنْ حَوْلَهَا ۭ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَهُمْ عَلٰي صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ۝ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰي عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِيَ اِلَيَّ وَلَمْ يُوْحَ اِلَيْهِ شَيْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ تَرٰٓي اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰۗىِٕكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ (۹۳) وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰي كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَاۗءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰي مَعَكُمْ شُفَعَاۗءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰۗؤُا ۭ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ۝ (۹۴) اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ۭ يُخْرِجُ الْـحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ (۹۵)

ع ۱۱/۱۷

کے باشندوں کو، اور اُن کو، جو اُس کے چاروں طرف ہیں؛ (گمراہیوں کے نتائج سے) ڈراؤ۔ سو جو لوگ آخرت کا یقین رکھتے ہیں، وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں، اور (ایمان لانے کے بعد ایسے ہوگئے ہیں کہ) اپنے نمازوں کی نگہداشت سے غافل نہیں ہوتے!

(۹۳) اور اس سے بڑھ کر ظلم کرنے والا کون ہی جو خدا پر جھوٹ بول کر افترا کرے؟ یا کہے مجھ پر وحی کی گئی ہی اور فی الحقیقت میں اُس پر کوئی وحی نہیں آئی؟ اور نیز اُس سے جو (خدا کی وحی کا مقابلہ کرے، اور) کہے میں بھی ایسی ہی بات اُتار دکھاؤں گا جیسی خدا نے اُتاری ہی؟ اور (اے پیغمبر!) تم تعجب کرو اگر ظالموں کو اُس حالت میں دیکھو جب وہ جانکنی کی بے ہوشیوں میں (بے دم) پڑے ہونگے، اور فرشتے (ان کی جان نکالنے کے لئے) ہاتھ بڑھائے ہوں گے کہ "اپنی جانیں (اپنے جسم سے) خارج کرو۔ آج کا دن وہ دن ہی کہ جو کچھ تم خدا پر ناحق باندھتے تھے، اور اُس کی آیتوں کی تصدیق سے گھمنڈ کرتے تھے، اُس کی پاداش میں تمھیں رسوا کن عذاب دیا جائے!"

(۹۴) اور (پھر خدا فرمائے گا) دیکھو، بالآخر تم ہمارے حضور تن تنہا آگئے، جس طرح تمھیں پہلی مرتبہ تن تنہا پیدا کیا تھا، اور جو کچھ (ساز و سامان) تمھیں (دنیا میں) دیا تھا، وہ سب اپنے پیچھے چھوڑ آئے۔ آج (ہم تمھارے ساتھ ان ہستیوں کو نہیں دیکھتے جنھیں تم نے وسیلۂ شفاعت سمجھا تھا، اور جن کی نسبت تمھارا زعم تھا کہ تمھارے کاموں میں وہ خدا کے شریک ہیں۔ تمھارے (اعتقاد باطل کے) سارے رشتے ٹوٹ گئے، اور جو کچھ تم زعم رکھتے تھے، سب کا سب تم سے کھوئے گئے!"

(۹۵) (دیکھو) یہ اللہ ہی کی کارفرمائی ہی کہ وہ (بیج کے) دانے اور گٹھلی کو (جو زمین میں ڈال دی جاتی ہی، یا خود بخود گر جاتی ہی) شق کر دیتا ہی (اور ایک خشک دانے سے زندہ اور پھلنے پھولنے والا درخت پیدا ہو جاتا ہی) وہ زندے کو مُردے سے نکالتا ہی، اور وہی مُردے کو زندے

منکرین وحی و تنزیل کا مستقل جواب۔

اُن کے اسی اعتقاد کا نقض کرتے ہوئے آیت (۹۱) میں فرمایا تھا: "خدا کی خدائی کا جیسا اندازہ کرنا چاہیے تھا، انھوں نے نہیں کیا" یعنے خدا کی صفات و اعمال کی انھیں معرفت ہوتی تو کبھی ایسا خیال نہ کرتے۔ یہ مجمل تھا۔ اب یہاں اس کی تشریح کر دی ہی: جس پروردگار عالم کی ربوبیت و رحمت کا یہ حال ہی کہ اس نے

مِنَ الْحَيِّ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيْلَ سَكَنًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ٩٦
حُسْبَانًا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِيْ ظُلُمٰتِ ٩٧
الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ ٩٨
وَّمُسْتَوْدَعٌ ۭ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ۝ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ٩٩
نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ

سے نکالنے والا ہے۔ وہی (پروردگارِ حکیم) خدا ہے۔ پھر (افسوس تمھاری سمجھ پر!) تم کدھر کو بھکے چلے جا رہے ہو؟

٩٦ پردۂ شب چاک کر کے صبح نمودار کرنے والا (اور رات کی تاریکی کو دن کی روشنی میں بدل دینے والا) اُس نے رات کو (تمھارے لئے) راحت و سکون کا سامان بنا دیا اور سورج اور چاند (کے طلوع و غروب کا ایسا انتظام کر دیا کہ) حساب کا معیار بن گئے (ممکن نہیں ایک پل کے لئے بھی کمی بیشی ہو جائے) یہ اس کا ٹھہرایا ہوا اندازہ ہے جو سب پر غالب اور علم رکھنے والا ہے!

٩٧ اور وہی ہے جسنے تمھارے لئے ستارے بنا دیئے کہ بیابانوں اور سمندروں کی تاریکیوں میں اُن کی علامتوں سے راہ پالو۔ بلاشبہ ہم نے اُن لوگوں کے لئے جو جاننے والے ہیں، اپنی (ربوبیت و رحمت کی) نشانیاں تفصیل کے ساتھ بیان کر دی ہیں!

٩٨ اور (پھر دیکھو) وہی ہے، جسنے تمھیں اکیلی جان سے نشو و نما دی۔ پھر تمھارے لئے قرار پانے کی جگہ ہے (یعنے شکم مادر) اور سپردگی کا مقام ہے (یعنے مرنے کی جگہ) بلاشبہ جو لوگ بات کی سمجھ بوجھ رکھنے والے ہیں، اُنکے لئے ہم نے اپنی نشانیاں تفصیل کے ساتھ بیان کر دی ہیں!

٩٩ اور (دیکھو) وہی ہے، جو آسمان سے (یعنے بلندی سے) پانی برساتا ہے۔ پھر اُس سے ہر طرح کی روئیدگی پیدا کر دیتا ہے۔ پھر روئیدگی سے ہری ہری ٹہنیاں نکل آتی ہیں، اور ٹہنیوں سے دانے نمودار ہو جاتے ہیں۔

تمھاری زندگی و معیشت کے لئے ہر طرح کا سر و سامان مہیا کر دیا، اور کارخانۂ خلقت کی کوئی چیز نہیں جو فیضان و افادہ نہ رکھتی ہو، کیونکر ممکن تھا کہ تمھارے جسم کی ہدایت و پرورش کے لئے تو سب کچھ کر دیتا، مگر تمھاری روح کی ہدایت و پرورش کے لئے کچھ بھی نہ کرتا؟

روح کی ہدایت و پرورش کا یہی سر و سامان ہے جو وحی و تنزیل کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ اگر تم کہتے ہو کہ ایسا ہونا ضروری نہیں، تو یقیناً تم نے خدا کی صنعتوں اور کاموں کو جاننے اور سمجھنے کی کوشش نہیں کی، اور اسے اُس منزلت سے گرا دینا چاہا جس کی تمام کائناتِ ہستی شہادت دے رہی ہے!

وہ، جو زمین کی موت کو زندگی سے بدل دیتا ہے، کیا تمھاری روح کی موت کو زندگی سے نہیں بدل دیگا؟ وہ، جو ستاروں کی روشن علامتوں سے بیابانوں اور سمندروں میں تمھاری رہنمائی کرتا ہے، کیا تمھاری روح کو چھوڑ دے گا کہ بھٹکتی رہے، اور اُس کی رہنمائی کے لئے کوئی روشنی نہ ہو؟ تم اس بات پر تو کبھی تعجب نہیں کرتے کہ کھیت لہلہا رہے ہیں اور آسمان سے بارانِ رحمت برس رہی ہے۔ پھر اس پر کیوں تعجب کرتے ہو کہ انسان کی روحانی پرورش کے لئے سامانِ حیات مہیا ہے، اور خدا کی وحی نازل ہو رہی ہے؟ افسوس تم پر! تم نے ایسا سمجھ کر خدا کی رحمت و ربوبیت کی بڑی ہی ناقدری کی!

وَمِنَ النَّخْلِ مِن طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَجَنَّاتٍ مِّنْ أَعْنَابٍ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُشْتَبِهًا وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ ۗ انظُرُوا إِلَىٰ ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَيَنْعِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكُمْ لَآيَاتٍ لِّقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ﴿۹۹﴾ وَجَعَلُوا لِلَّهِ شُرَكَاءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ ۖ وَخَرَقُوا لَهُ بَنِينَ وَبَنَاتٍ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يَصِفُونَ ﴿۱۰۰﴾ بَدِيعُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ وَلَدٌ وَلَمْ تَكُن لَّهُ صَاحِبَةٌ ۖ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۖ وَهُوَ

۱۰۰ ۔ ۱۰۱ ع ۱۲

ایک دانے سے دوسرا دانہ ملا ہوا۔ اور (اسی طرح) کھجور کے درخت سے (بھی پھل پیدا ہو جاتے ہیں) جسکی شاخوں میں گچھے جھکے پڑتے ہیں۔ اور (اسی طرح) انگور، زیتون، اور انار کے باغ پیدا کئے۔ صورت شکل میں ایک دوسرے کے مانند، اور ایک دوسرے سے الگ الگ۔ اُنکے پھلوں کو دیکھو جب درختوں میں پھل لگتا ہی (کہ کیسے عجیب و غریب طریقہ سے ٹہنیوں اور جڑوں میں سے نکلتے ہیں، اور پھر ایک مقررہ انتظام کے ساتھ درجہ بہ درجہ بڑھتے اور پختگی سے قریب ہوتے جاتے ہیں؟) اور پھر اُنکے پکنے کو دیکھو (کہ پکنے کے بعد اپنے جرم، اپنی رنگت، اپنی خوشبو، اور اپنے مزہ میں کیسی عجیب نوعیت پیدا کر لیتے ہیں؟) بلاشبہ جو لوگ یقین رکھتے ہیں، اُن کے لئے اس بات میں (ربوبیت الٰہی کی) بڑی ہی نشانیاں ہیں!

۱۰۰ اور (دیکھو) ان لوگوں نے خدا کے ساتھ جنّوں کو (طاقت و تصرف میں) شریک ٹھہرا لیا ہی، حالانکہ (یہ مانتے ہیں کہ تمام مخلوقات کی طرح) اُنھیں بھی خدا ہی نے پیدا کیا ہی۔ اور انھوں نے بغیر اسکے کہ علم کی روشنی اپنے سامنے رکھتے ہوں، خدا کے لئے بیٹے اور بیٹیاں بھی تراش لی ہیں۔ خدا کی تقدیس ہو! اُس کی ذات تو ان تمام باتوں سے پاک اور بلند ہی جو یہ اُسکی نسبت بیان کرتے ہیں!

۱۰۱ وہ آسمانوں کا اور زمین کا موجد ہی (یعنے بغیر کسی سابق مثال کے محض اپنے علم و قدرت سے بنانے والا ہی) یہ کیسے ہو سکتا ہی کہ کوئی اُس کا بیٹا ہو جبکہ کوئی اُس کی بیوی نہیں، اور اسی نے تمام چیزیں پیدا کی ہیں، اور وہ

گذشتہ آیات میں ایک طرف تو منکرین وحی و تنزیل کو جواب دیا ہی، دوسری طرف کارخانۂ ہستی کے "نظام ربوبیت" سے خدائے واحد کی ہستی پر استدلال کیا ہی، اور یہ قرآن کا عام اسلوب بیان ہی۔ "نظام ربوبیت" سے مقصود یہ ہی کہ ہم دیکھتے ہیں، تمام کائنات خلقت ہماری پرورش و کارسازی میں سرگرم ہی، اور اُس کی تمام باتیں کچھ اس طرح کی واقع ہوئی ہیں کہ معلوم ہوتا ہی، کسی نے بڑی ہی حکمت اور دقیقہ سنجی کے ساتھ ہماری ہر طرح کی احتیاجات پرورش کا اندازہ کیا ہی اور اسکے لئے ایک پورا کارخانہ جاری کر دیا ہی۔

قرآن کہتا ہی، اگر ایک پروردگار ہستی موجود نہیں، تو پھر وہ کون ہے جسنے ربوبیت کا یہ پورا انتظام قائم کر رکھا ہی؟

وہ توحید پر بھی اسی سے استدلال کرتا ہی۔ تم نے خدا کو چھوڑ کر جن ہستیوں کو معبود بنا رکھا ہی، اُن میں سے کون ہی جسے اس کارخانۂ ربوبیت کے بنانے یا چلانے میں کچھ بھی دخل ہو؟

قرآن کا یہ استدلال "برہان ربوبیت" کا استدلال ہی۔

آیت (۱۰۰) میں مشرکین عرب کے مشرکانہ عقائد کا رد کیا ہی۔ یہ لوگ جنوں کی نسبت طرح طرح کے توہم پرستانہ خیالات رکھتے تھے، اور سمجھتے تھے، وہ جس انسان کو چاہیں مافوق فطرت طریقہ پر نقصان پہنچا دیں جسے چاہیں عجیب عجیب طاقتیں دیدیں، نیز انکا خیال تھا کہ پاک روحیں یعنے فرشتے خدا کے بیٹے اور بیٹیاں ہیں، اور وہ کارخانۂ عالم میں طرح طرح

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ ذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمْ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوهُ ۚ وَهُوَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ وَكِيلٌ ۝ (۱۰۲) لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ ۖ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ ۝ (۱۰۳) قَدْ جَاءَكُمْ بَصَائِرُ مِنْ رَبِّكُمْ ۖ فَمَنْ أَبْصَرَ فَلِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ عَمِيَ فَعَلَيْهَا ۚ وَمَا أَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيظٍ ۝ (۱۰۴) وَكَذَٰلِكَ نُصَرِّفُ الْآيَاتِ وَلِيَقُولُوا دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهُ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ (۱۰۵) اتَّبِعْ مَا أُوحِيَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ ۖ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۖ وَأَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِينَ ۝ (۱۰۶) وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا أَشْرَكُوا ۗ (۱۰۷)

کے تصرفات کرسکتے ہیں۔

ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے؟

(۱۰۲) یہی خدا تمھارا پروردگار ہے۔ کوئی معبود نہیں ہے مگر وہی۔ تمام چیزوں کا پیدا کرنے والا۔ سو دیکھو! اُسی کی بندگی کرو۔ ہر چیز اُسی کے حوالے ہے۔ (یعنے جب خالقیت اُسی کی خالقیت ہے، اور پروردگاری اُسی کی پروردگاری تو پھر اُس کے سوا کون ہے جو تمھاری بندگی و نیاز کا مستحق ہوسکتا ہے؟)

(۱۰۳) اُسے نگاہیں نہیں پاسکتیں، لیکن وہ تمام نگاہوں کو پا رہا ہے۔ اور وہ بڑا ہی باریک بیں اور آگاہ ہے!

(۱۰۴) (دیکھو) تمھارے پروردگار کے طرف سے تمھارے پاس علم و دلیل کی روشنیاں آچکی ہیں (اور جہل و گمراہی کا اب کوئی عُذر باقی نہیں رہا) پس اب جو کوئی دیکھے اور سمجھے، تو (اس کا فائدہ) خود اُسی کے لئے ہے، اور جو کوئی (اپنی آنکھ سے کام نہ لے اور) اندھا ہوجائے، تو اُس کا وبال اُسی کے سر آئے گا، اور (اے پیغمبر! تم کہدو) میں تم پر کچھ پاسبان نہیں ہوں (کہ جبراً تمھاری آنکھیں کھول دوں)

(۱۰۵) اور (دیکھو) اسی طرح ہم گوناگوں طریقوں سے آیتیں بیان کرتے ہیں (تاکہ حجت تمام ہوجائے) اور تاکہ وہ بول اُٹھیں، تم نے (بیانِ حق میں کوئی کمی نہیں کی۔ سب کچھ) پڑھ سُنایا۔ نیز اس لئے کہ جو لوگ جاننے والے ہیں، اُنکے لئے (دلائلِ حق) واضح کردیں۔

(۱۰۶) (اے پیغمبر!) تمھارے پروردگار کی طرف سے جو کچھ تم پر وحی کی گئی ہے، تم اُس کی پیروی کرو کہ کوئی معبود نہیں ہے مگر صرف اُسی کی ذات، اور مشرکوں کو اُن کے حال پر چھوڑ دو!

(۱۰۷) اور اگر اللہ چاہتا، تو (اس کی قدرت رکھتا تھا کہ انسان کو اس طرح کا بنا دیتا کہ سب ایک ہی راہ چلنے والے ہوتے، اور) یہ لوگ شرک نہ کرتے (لیکن تم دیکھ رہے ہو کہ اُس کی مشیت کا یہی فیصلہ ہوا کہ ہر انسان اپنی اپنی سمجھ اور اپنی اپنی راہ رکھے۔ پس تم جو کچھ کر سکتے ہو،

یہاں اس حقیقت کی طرف توجہ دلائی ہے کہ دنیا میں اختلافِ فکر و عمل ناگزیر ہے، اور تم تمام انسانوں کو ایک ہی فکر و رائے کا نہیں بنا دے سکتے۔ پس جس بات کو تم حق سمجھتے ہو، اُس کی دعوت دو، لیکن اسکی کد نہ کرو کہ سب لوگ تمھاری ہی بات ضرور ہی مان لیں۔ جن کی سمجھ میں آنے کی بات ہے، وہ مانیں گے۔ جن کی سمجھ میں نہیں آئے گی، نہیں مانیں گے۔ تم لوگوں پر پاسبان نہیں بنا دیئے گئے ہو کہ اُنکے ہر فکر و عمل کی پاسبانی کرو۔ نہ تم میں سے کسی پر اسکی

۱۰۸ وَمَا جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝ وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ

۱۰۹ عَدْوًاۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَ

اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ

۱۱۰ اِذَا جَآءَتْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖۤ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّنَذَرُهُمْ فِيْ

۱۱۱ ع ۱۹ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَكَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى

یہی ہو کہ سچائی کی راہ انھیں دکھا دو۔ انھیں جبراً اپنی راہ پر چلا نہیں دے سکتے) ہم نے تمھیں تو اُن پر پاسبان بنایا ہے (کہ اُن کی رائے اور عمل کی نگہبانی کرو) نہ تمھارے حوالے اُن کی ذمّہ داری ہو (کہ اُنکے ماننے کے لئے ذمّہ دار ہو)

۱۰۸ اور (مسلمانو!) جو لوگ خدا کے سوا دوسری ہستیوں کو پکارتے ہیں، تم اُنکے معبودوں کو دشنام نہ دو کہ پھر وہ بھی حد سے متجاوز ہو کر بے سمجھے بوجھے خدا کو برا بھلا کہنے لگیں۔ ہم نے اسی طرح ہر جماعت کے لئے اُسکے کاموں کو خوشنما بنا دیا ہے (کہ ہر جماعت اپنی اپنی راہ رکھتی ہے اور اپنی ہی راہ اُسے اچھی دکھائی دیتی ہے) پھر بالآخر سب کو اپنے پروردگار کی طرف لوٹنا ہے۔ پھر وہ ہر جماعت پر اُسکے کاموں کی حقیقت کھول دیگا جو وہ (دنیا میں) کرتی رہی ہے!

ذمّہ داری ہے کہ دوسرے کو ضرور ہی نیک بنا دے۔

اگر خدا چاہتا تو انسان کو بھی حیوانات کی طرح بنا دیتا کہ سب اپنی حالت میں ایک ہی طرح کے ہوتے، لیکن تم دیکھ رہے ہو کہ اُس نے ایسا نہیں چاہا۔ اُس نے انسان کی طبیعت ہی ایسی بنائی کہ ہر گروہ اپنی اپنی سمجھ، اپنی اپنی رائے، اور اپنی اپنی پسند رکھتا ہے، اور ہر گروہ کی نظر میں وہی کام اچھا ہے جو وہ کر رہا ہے۔ تمھاری نظروں میں اُس کی راہ کتنی ہی بُری ہو، لیکن اُس کی نظروں میں تو وہ ویسی ہی اچھی ہے جیسی تمھاری نظروں میں تمھاری راہ۔ پس ضروری ہے کہ اس بارے میں برداشت اور رواداری سے کام لو۔

اسکے بعد فرمایا، جو لوگ شرک و بت پرستی میں مبتلا ہیں تم انھیں دعوتِ حق دو، مگر بُرا بھلا نہ کہو۔ اگر تم اُنکے بتوں کو بُرا بھلا کہوگے تو وہ بھی خدا کو بُرا بھلا کہیں گے۔ نتیجہ یہ نکلے گا کہ تم انھیں گالیاں دوگے، وہ تمھیں دیں گے۔ طلبِ حق کی بات نہیں رہیگی۔ آپس میں شتم کرنا ہوگا۔

۱۰۹ اور یہ (منکرینِ حق) خدا کی سخت قسمیں کھا کر کہتے ہیں "اگر کوئی معجزہ اُن کے سامنے آجائے، تو وہ ضرور اس پر ایمان لے آئیں گے" (اے پیغمبر!) تم کہدو "معجزے تو اللہ ہی کے پاس ہیں" (کسی بندے کے اختیار میں نہیں) اور (مسلمانو!) تمھیں (ان لوگوں کا حال) کیا معلوم؟ اگر معجزہ آبھی جائے، جب بھی یہ یقین نہیں لائینگے۔

۱۱۰ ہم اُنکے دلوں کو اور آنکھوں کو اُلٹ دینگے (یعنے ہمارے مقرّرہ قانون کے بموجب انکی سمجھ اور انکی نظر کام نہیں دے گی۔ یہ معجزے دیکھ کر بھی اسی طرح انکار کئے جائینگے جس طرح قرآن پر پہلی دفعہ ایمان نہیں لائے تھے۔ اور ہم انھیں چھوڑ دینگے کہ اپنی سرکشیوں میں بھٹکتے رہیں!

۱۱۱ اور (یقین کرو) اگر ہم اُن پر فرشتے اُتار دیتے، اور (قبروں سے) مُردے (اُٹھ کر) اُن سے باتیں کرنے لگتے، اور

وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُونَ ۝ وَكَذَٰلِكَ ۱۱۲
جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيَاطِينَ الْإِنسِ وَالْجِنِّ يُوحِي بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُورًا وَلَوْ شَاءَ
رَبُّكَ مَا فَعَلُوهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُونَ ۝ وَلِتَصْغَىٰ إِلَيْهِ أَفْئِدَةُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ وَلِيَرْضَوْهُ وَلِيَقْتَرِفُوا ۱۱۳
مَا هُم مُّقْتَرِفُونَ ۝ أَفَغَيْرَ اللَّهِ أَبْتَغِي حَكَمًا وَهُوَ الَّذِي أَنزَلَ إِلَيْكُمُ الْكِتَابَ مُفَصَّلًا وَالَّذِينَ آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ ۱۱۴
يَعْلَمُونَ أَنَّهُ مُنَزَّلٌ مِّن رَّبِّكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِينَ ۝ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا لَّا مُبَدِّلَ ۱۱۵

جتنی چیزیں بھی (دُنیا میں) ہیں سب اُنکے سامنے لا کھڑی کرتے، جب بھی یہ ایسا کرنے والے نہ تھے کہ ایمان لے آئیں، ہاں، اگر اللہ کی مشیّت ہو (تو اُس کی قدرت سے کوئی بات باہر نہیں، مگر اس نے ہر بات کے لئے ایک قاعدہ مقرر کر رکھا ہے) لیکن ان میں اکثر ایسے ہی ہیں جو (یہ حقیقت) نہیں جانتے۔

۱۱۲ اور (اے پیغمبر!) اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لئے (جب اُس کی دعوت کا ظہور ہوا تو) انسانوں اور جنوں میں سے شیطانوں کو دشمن ٹھہرا دیا، جو ایک دوسرے کو خوشنما باتیں سکھاتے، تاکہ لوگوں کو فریب دیں۔ اور اگر تمھارا پروردگار چاہتا، تو (یقیناً ایسا کر سکتا تھا کہ) وہ دشمنی نہ کرتے (مگر اس کی حکمت کا فیصلہ یہی ہوا کہ یہاں روشنی کے ساتھ تاریکی اور حق کے ساتھ باطل بھی اپنی نمود رکھے) پس (اُن کی مخالفت سے دل گرفتہ نہ ہو اور) اُنھیں اُن کی افترا پردازیوں میں چھوڑ دو۔

۱۱۳ اور (خدا کے نبیوں کے یہ دشمن اس طرح کی باتیں اس لئے سکھاتے ہیں) تاکہ جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے، ان کے دل (پُرفریب باتیں سُنکر) اُن کی طرف جھک پڑیں؛ اور ان کی باتیں پسند کریں، اور جیسی بدکرداریاں وہ خود کرتے رہتے ہیں، ویسی ہی وہ بھی کرنے لگیں۔

۱۱۴ (اے پیغمبر ان لوگوں سے پوچھو) کیا (تم یہ چاہتے ہو کہ میں (اپنے اور تمھارے) درمیان فیصلہ کے لئے، خدا کے سوا کوئی دوسرا منصف ڈھونڈوں؟ حالانکہ وہی ہے جس نے تم پر الکتاب نازل کر دی، جو تفصیل کے ساتھ (سب کچھ) بیان کرنے والی ہے۔

اور (دیکھو) جن لوگوں کو (تم سے پہلے) ہم نے کتاب دی ہے (یعنی یہود و نصاریٰ) وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ قرآن تمھارے پروردگار کی طرف سے سچائی کے ساتھ نازل ہوا ہے۔ پس اُن لوگوں میں سے نہ ہو جاؤ جو (فیصلۂ الٰہی کے بارے میں) شک کرنے والے ہیں!

۱۱۵ اور (یاد رکھو) تمھارے پروردگار کی بات سچائی اور انصاف کے ساتھ (پوری ہو کر رہے گی۔ یوں سمجھو کہ) پُوری ہو گئی۔ اُس کی باتوں کا (یعنی اُس کے قوانین کا) کوئی بدلنے والا نہیں۔ وہ (سب کچھ) سُننے

۱۱۶ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ وَاِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ

۱۱۷ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ۝ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَهُوَ

۱۱۸-۱۱۹ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝ فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۝ وَمَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا

ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ اِلَيْهِ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا

لَّيُضِلُّوْنَ بِاَهْوَاۗىِٕهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ۝

والا (سب کچھ) جاننے والا ہے!

۱۱۶ اور (اے پیغمبر!) اگر تم اُن لوگوں کا کہا مانو جو آج روئے زمین میں سب سے زیادہ ہیں تو وہ تمھیں خدا کی راہ سے بھٹکا دیں گے (کیونکہ وہ سب کے سب بھٹکے ہوئے ہیں) وہ پیروی نہیں کرتے مگر محض گمان کی، اور وہ اس کے سوا کچھ نہیں ہیں کہ شک و گمان میں قیاس آرائیاں کرتے ہیں۔

۱۱۷ بلاشبہ تمھارا پروردگار ہی اس بات کو بہتر جاننے والا ہے، کہ کون اُس کی راہ سے بہک رہا ہے اور کون ہیں جنھوں نے راہ پالی ہے۔

۱۱۸ پس (گمراہوں کے وہم و گمان کی پیروی نہ کرو اور) جس (جانور) پر (ذبح کرتے ہوئے) خدا کا نام لیا گیا ہے، اُسے بلا تأمل کھاؤ۔ اگر تم خدا کی آیتوں پر ایمان رکھتے ہو۔

۱۱۹ اور تمھارے لئے کونسی بات مانع ہے کہ جس (جانور) پر خدا کا نام (ذبح کرتے ہوئے) لیا گیا ہے اُسے نہ کھاؤ؟ (اور مشرکوں کے اوہام و خرافات کا اثر قبول کرو؟) حالانکہ جو کچھ تم پر حرام کیا گیا ہے، وہ خدا نے تفصیل کے ساتھ بیان کر دیا ہے، اور اس میں سے بھی وہ چیز مستثنیٰ ہے جس کے کھانے پر تم مجبور ہو گئے ہو (یعنے حلال، چیز میسر نہ ہو، اور نہیں کھاتے تو ہلاک ہو جاتے ہو، تو اُس کی تمھیں اجازت دیدی گئی ہے) اور بہت سے لوگ ہیں جو بغیر علم کے محض اپنی نفسانی خواہشوں اور رایوں سے (طرح طرح کی باتیں نکال کر) لوگوں کو بہکاتے رہتے ہیں۔ (تو اے پیغمبر! یقین رکھو) تمھارا پروردگار اُنھیں اچھی طرح جانتا ہے جو (حد سے گزر کر) زیادتی کرنے والے ہیں۔

اِس حقیقت کی طرف اشارہ کہ حق و باطل کے معاملہ میں انسانوں کی قلت و کثرت معیار نہیں ہو سکتی، بلکہ حقیقت اور سچائی کے بنیادی اصولوں ہی پر فیصلہ کیا جا سکتا ہے۔ بسا اوقات گمراہی و حق فراموشی کے ایسے اوقات آجاتے ہیں کہ نوع انسانی کی اکثریت حق و یقین کی روشنی سے محروم ہو جاتی ہے۔ ایسا ہی دَور نزول قرآن کے وقت بھی نیا رچھایا ہوا تھا۔ پس فرمایا، گمراہوں کی کثرت نہ دیکھو۔ یہ دیکھو کہ کونسی راہ یقین اور بصیرت کی راہ ہے، اور کونسی جہل و گمان کی راہ ہے۔

اِس کے بعد مشرکین عرب کے اُن خیالات کا رد کیا ہے جن کے لئے ان کے پاس اوہام و خرافات کے سوا علم و بصیرت کی کوئی روشنی نہ تھی۔ وہ کہتے تھے، جن جانوروں کو بتوں کے نام پر چھوڑ دیا ہے، وہ مقدس ہو گئے۔ اور اگر ذبح کیا ہوا جانور حلال ہے، تو بتوں کی نیاز چڑھایا ہوا جانور جو مختلف طریقوں سے مارا جاتا ہے، کیوں حلال نہیں؟

وَذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَبَاطِنَهٗ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ۝ ۱۲۰
وَلَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ۭ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى ۱۲۱
اَوْلِيٰۗـِٕهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ۝ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ ۱۲۲
وَجَعَلْنَا لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِيْ بِهٖ فِي النَّاسِ كَمَنْ مَّثَلُهٗ فِي الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ مِّنْهَا ۭ
كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

۱۲۰ اور (دیکھو) ظاہری گناہ ہو یا پوشیدہ گناہ ہو، ہر حال میں گناہ کی باتیں ترک کردو۔ جو لوگ گناہ کماتے ہیں، وہ (انسانوں کی نگاہ سے کتنا ہی پوشیدہ رہکر گناہ کریں، لیکن) جو کچھ کرتے رہے ہیں ضرور اُس کا اُنھیں بدلہ ملے گا!

۱۲۱ اور جس جانور پر (ذبح کرتے ہوئے) خدا کا نام نہیں لیا گیا ہے، اُس کا گوشت نہ کھاؤ۔ اس میں سے کھانا البتہ نافرمانی کی بات ہے۔ اور (دیکھو) شیطان تو اپنے مددگاروں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے رہتے ہیں تاکہ تم سے کج بحثی کریں۔ اگر تم نے اُن کا کہا مان لیا، تو پھر سمجھ رکھو، تم بھی شرک کرنے والے ہو!

۱۲۲ پھر کیا وہ آدمی کہ مُردہ تھا اور ہم نے اُسے زندہ کردیا، اور اُس کے لئے ایک نور ٹہرادیا کہ اُس کی روشنی میں لوگوں کے درمیان (بے کھٹکے) چلے پھرے، اُس آدمی جیسا ہوسکتا ہے جس کا حال یہ ہو کہ تاریکیوں میں گھرا ہوا ہے اور ان سے باہر نکلنے والا نہیں؟ (کبھی نہیں!) سو دیکھو جس طرح ایک شخص باوجود تاریکیوں میں گھرے ہونے کے، اپنی حالت پر قانع ہوجاتا ہے) اسی طرح کافروں کی نظروں میں وہی باتیں خوشنما دکھائی دیتی ہیں جو وہ کرتے رہتے ہیں (خواہ حقیقت میں وہ کتنی ہی بُرائی کی باتیں ہوں)

مشرکین مکہ میں سے بعض اشخاص جو مخالفت میں پیش پیش تھے احکامِ الٰہی کے خلاف کج بحثیاں کرتے، اور طرح طرح کے شبہات پیدا کرکے مسلمانوں کو گمراہ کرنا چاہتے۔ مثلاً جب ذبح کرنے کا حکم دیا گیا، تو وہ کہنے لگے، اگر تمھارا مارا ہوا جانور حلال ہے تو خدا کا مارا ہوا جانور یعنی مردار کیوں حرام ہوگیا؟ یہاں مسلمانوں کو تنبیہ کی گئی ہے کہ جدل و نزاع کرنے والوں کی راہ طلبِ حق کی راہ نہیں ہے۔ شریعت نے جس چیز سے روکا ہے، اُس میں حکمتیں ہیں، اور چونکہ ہر سمجھ مصالح و حِکم کا ادراک نہیں کرسکتی اس لئے چاہئے کہ راست بازی کے ساتھ اطاعت کی جائے کج بحثیاں نہ کی جائیں۔

پھر آیت (۱۲۲) میں ایمان و کفر کی مثال بیان کی۔ ایمان زندگی ہے اور علم و بصیرت کی روشنی ہے۔ کفر موت ہے اور اوہام و ظنون کی تاریکی۔ پھر کیا وہ آدمی جس کے سامنے روشنی ہو، اُس جیسا ہوجا سکتا ہے جس کے چاروں طرف تاریکی ہی تاریکی ہو؟

پس مومن کے لئے جسکے تمام عقائد و اعمال علم و یقین پر مبنی ہیں کیونکر جائز ہوسکتا ہے کہ کفر و شرک کے اوہام و خرافات کا اثر قبول کرے؟

آیت (۱۲۳) میں فرمایا، جب کسی آبادی میں کوئی داعیِ حق کھڑا ہوتا ہے، تو وہاں کے سردار دیکھتے ہیں کہ اگر دعوتِ حق کامیاب ہوگئی تو اُنکے ظالمانہ اختیارات کا خاتمہ ہوجائیگا، اس لئے اُنھیں ایک طرح کی ذاتی دشمنی اور کد ہوجاتی ہے، وہ طرح طرح کی مکاریاں کرتے رہتے ہیں تاکہ لوگ دعوتِ حق قبول نہ کریں۔

ازانجملہ سرداران مکہ کی ایک مکاری یہ تھی کہ کہتے معجزے دکھاؤ۔ چنانچہ بار بار اُنکے اس حیلہ کا رد کیا گیا۔ آیت (۱۲۵) میں گمراہی کے

۱۲۳ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِي كُلِّ قَرْيَةٍ أَكٰبِرَ مُجْرِمِيهَا لِيَمْكُرُوا فِيهَا ۖ وَمَا يَمْكُرُونَ إِلَّا بِأَنفُسِهِمْ وَمَا يَشْعُرُونَ ۝

۱۲۴ وَإِذَا جَاءَتْهُمْ آيَةٌ قَالُوا لَن نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَا أُوتِيَ رُسُلُ اللَّهِ ۘ اللَّهُ أَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ

رِسَالَتَهُ ۗ سَيُصِيبُ الَّذِينَ أَجْرَمُوا صَغَارٌ عِندَ اللَّهِ وَعَذَابٌ شَدِيدٌ بِمَا كَانُوا يَمْكُرُونَ ۝ ۱۲۵ فَمَن يُرِدِ

اللَّهُ أَن يَهْدِيَهُ يَشْرَحْ صَدْرَهُ لِلْإِسْلَامِ ۖ وَمَن يُرِدْ أَن يُضِلَّهُ يَجْعَلْ صَدْرَهُ ضَيِّقًا حَرَجًا كَأَنَّمَا

يَصَّعَّدُ فِي السَّمَاءِ ۚ كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللَّهُ الرِّجْسَ عَلَى الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ ۱۲۶ وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيمًا ۗ قَدْ فَصَّلْنَا

رسُوخ کی وہ حالت بتلائی جب آدمی کی سمجھ ایسی ٹیڑھی ہو جاتی ہے کہ کتنا ہی سوچے سیدھی بات سمجھ میں آتی نہیں۔ فرمایا ایسے آدمی کی مثال ایسی ہو جیسے کوئی بلندی پر چڑھنا چاہے اور اس کا دم پھول جائے۔ کتنی ہی چڑھنے کی کوشش کرے لیکن اس کے قدم اٹھ نہیں سکیں گے

۱۲۳ اور (دیکھو، جس طرح آج مکہ کے رئیس دعوت حق کی مخالفت میں سرگرم ہیں) اسی طرح ہم نے ہر بستی میں اُس کے بدکردار آدمیوں کے سردار پیدا کر دیئے، تاکہ وہاں مکروفریب کے جال پھیلائیں۔ (یعنی ہمارے مقررہ قانون کے ماتحت جمعیت بشری کی حالت ایسی ہی واقع ہوئی ہے کہ ہر آبادی میں کوئی نہ کوئی مفسدوں کا سردار پیدا ہو جاتا ہے) اور فی الحقیقت وہ مکروفریب نہیں کرتے مگر اپنے ہی ساتھ (کیونکہ کاروبارِ حق کو تو کچھ نقصان پہنچا سکتے نہیں اپنے ہاتھوں اپنا ہی نقصان کر رہے ہیں) لیکن اس کا شعور نہیں رکھتے۔

۱۲۴ اور جب ان کے پاس (سچائی کی) کوئی نشانی آتی ہے، تو کہتے ہیں، ہم کبھی یقین نہیں کرینگے جبتک (خود) ہمیں ویسی ہی بات نہ ملے جیسی اللہ کے رسولوں کو مل چکی ہے۔ (حالانکہ) اللہ ہی اس بات کو بہتر جاننے والا ہے۔ کہ کہاں اور کس طرح اپنی رسالت ٹھیرائے۔ جو لوگ (انکارِ حق کے) جرم کے مرتکب ہوئے، عنقریب انھیں خدا کے حضور ذلت و حقارت ملے گی۔ اور جیسی کچھ مکاریاں کرتے رہے ہیں، اُس کی پاداش میں عذاب شدید!

۱۲۵ پس (دیکھو، حقیقت تو یہ ہے کہ) جس کسی کو خدا چاہتا ہے (سعادت و کامرانی کی) راہ [illegible] دے اُس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیتا ہے[1] (اور وہ اس کی سچائی پالیتا ہے) اور جس کسی پر (کامیابی و سعادت کی) راہ گم کردینی چاہتا ہے، تو اُس کے سینہ کو اس طرح تنگ اور رکا ہوا کر دیتا ہے گویا بلندی پر چڑھ رہا ہو۔ (اور بلندی پر چڑھنے کی وجہ سے اُس کا دم پھول گیا ہو۔ کتنی ہی کوشش کرے، مگر بیدم ہوکر رہجائیگا) اسی طرح اللہ اُن لوگوں پہ عذاب بھیج دیتا ہے جو (خدا کی سچائی پر) ایمان نہیں رکھتے!

۱۲۶ اور یہ، (اسلام کی راہ) تمہارے پروردگار کی سیدھی راہ ہے۔ (اسکے سوا کوئی سیدھی راہ نہیں) بلاشبہ ہم نے ان لوگوں کے لئے جو پند و نصیحت پر دھیان دینے والے ہیں (راہِ حق کی) نشانیاں تفصیل کے ساتھ بیان

[1] "جس کسی کو خدا چاہتا ہے راہ دکھائے" یعنی خدا کے ٹھہرائے ہوئے قانون سعادت و شقاوت کے مطابق جس کسی کو راہ کامیابی ملنے والی ہے اُس کا دل اسلام کے لئے کھل جاتا ہے۔ قرآن کا اسلوب بیان یہ ہے کہ دُنیا میں خدا کے ٹھہرائے ہوئے قوانین کے مطابق جو نتائج پیدا ہوتے ہیں وہ انھیں براہ راست خدا کی طرف نسبت دیتا ہے کیونکہ

۱۲۷-۱۲۸ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۝ لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ۚ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۚ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضًا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ قَالُوْا ۱۲۹-۱۳۰ ع ۱۵

کردی ہیں۔

۱۲۷ ان لوگوں کے لئے (جو خدا کی سیدھی راہ پر گامزن ہوئے) ان کے پروردگار کے نزدیک سلامتی و عافیت کا گھر ہے، اور جیسے کچھ ان کے (نیک) عمل رہے ہیں ان کی وجہ سے وہ اُن کا مددگار و رفیق ہے۔

۱۲۸ اور (دیکھو) اُس دن کیا ہوگا جب خدا ان سب کو (اپنے حضور) جمع کرے گا (اور فرمائیگا) "اے گروہِ جن! (یعنے شیاطین!) تم نے تو انسانوں میں سے بڑی تعداد (اپنی وسوسہ اندازیوں سے) اپنے ساتھ لے لی" اور انسانوں میں سے جو لوگ اُن کے رفیق اور مددگار رہے، وہ اعترافِ حقیقت پر مجبور ہو کر کہیں گے "اے پروردگار! (دُنیا میں) ہم ایک دوسرے سے (گمراہی و شقاوت کے کاموں میں) فائدہ اُٹھاتے رہے (یعنے گمراہ انسانوں نے شیطانوں کا ہاتھ بٹایا، اور شیطانوں نے انسانوں کا) اور (بالآخر) مقررہ میعاد کی اُس منزل تک پہنچ گئے جو تو نے ہمارے لئے ٹھرادی تھی (اب ہماری قسمتوں کا فیصلہ تیرے ہاتھ ہے) خدا فرمائے گا "تمھارا ٹھکانا آتشِ دوزخ ہے۔ اُسی میں ہمیشہ رہو گے۔ بجز اُن کے جنھیں ہم نجات دینا چاہیں۔ (اے پیغمبر!) بلاشبہ تمھارا پروردگار (اپنے کاموں میں) حکمت رکھنے والا ہے، اور (سب کچھ) جاننے والا ہے!)

۱۲۹ اور (دیکھو) اس طرح ہم بعض ظالموں کو بعض ظالموں پر مسلّط کردیتے ہیں۔ ان کی اس کمائی کی وجہ سے جو وہ (اپنی بدعملیوں سے) حاصل کرتے رہتے ہیں۔

۱۳۰ (نیز ہم اُس دن پوچھیں گے کہ) "اے گروہِ جن و انس! (تم جو اپنی گمراہیوں اور بدعملیوں کا آج اعتراف کر رہے ہو، تو) کیا تمھارے پاس ہمارے پیغمبر جو تم ہی میں سے تھے، نہیں آئے تھے؟ انھوں نے ہماری آیتیں تمھیں نہیں سُنائی تھیں؟ اور اس دن سے جو تمھیں پیش آیا ہے نہیں ڈرایا تھا؟" وہ عرض کرینگے "خدایا! ہم اپنے

انسانوں کی کوئی آبادی ایسی نہیں ہے، جہاں خدا کے پیغمبر پیدا نہ ہوئے ہوں اور انھوں نے راہِ حق نہ دکھادی ہو۔ خدا کا یہ قانون نہیں کہ وہ کسی قوم اور ملک کو ہدایت وحی سے محروم رکھے اور پھر اُس سے مواخذہ کرے۔

ہر فرد اور ہر گروہ کے لئے اس کے اعمال کے مطابق مختلف درجے ہیں، اگر اچھے اعمال ہیں تو اچھائی کے درجے ہیں۔ بُرے ہیں تو بُرائی کے درجے ہیں، اور انھیں کے مطابق نتائج و عواقب پیش آتے ہیں۔

شَهِدْنَا عَلٰٓى اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا
كٰفِرِيْنَ ۝ ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ۝ وَلِكُلٍّ (۱۳۱-۱۳۲)
دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝ وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ (۱۳۳)
اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ ذُرِّيَّةِ
قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۝ اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ۝ قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ (۱۳۴-۱۳۵)

اوپر آپ گواہی دیتے ہیں (کہ بلاشبہ آئے تھے' اور اُنھوں نے ہمیں سب کچھ بتایا تھا۔ پر ہم نے اُن کا کہا نہ مانا" حقیقت یہ ہے کہ دُنیا کی (چند روزہ) زندگی نے انھیں فریب میں ڈالدیا تھا، اور اب وہ خود ہی اپنے خلاف گواہ ہوگئے کہ بلاشبہ سچائی سے انکار کرنے والے تھے۔

۱۳۱ (اے پیغمبر!) یہ (پیغمبروں کا ظہور اور دعوتِ حق کا اعلان) اس لئے ہوا کہ تمھارے پروردگار کا یہ شیوہ نہیں کہ وہ ظلم و ناانصافی سے بستیوں کو ہلاک کردے' اور وہاں کے رہنے والے (راہِ حق سے) بے خبر ہوں۔

۱۳۲ اور (قانونِ الٰہی کی رو سے) سب کے (الگ الگ) درجے ہیں۔ ان کے اعمال کے مطابق۔ (اور اُنہی درجوں کے مطابق اُنھیں نتائج پیش آتے ہیں) اور جیسے کچھ انسان کے اعمال ہیں' تمھارا پروردگار اُس سے غافل نہیں!

۱۳۳ اور (دیکھو) تمھارا پروردگار بے نیاز اور رحمت والا ہے۔ (بے نیاز ہے' اس لئے وہ اپنے کاموں کے لئے کسی کا محتاج نہیں' رحمت والا ہے' اس لئے اُس کی رحمت کا مقتضے یہی ہے کہ دُنیا میں بگاڑ اور فساد قایم نہ رہے) اگر وہ چاہے تو تمھیں ہٹادے اور تمھارے بعد جس (قوم) کو چاہے تمھارا جانشین بنادے' جس طرح ایک دوسری قوم کی نسل سے تمھیں اُٹھا کھڑا کیا ہے۔

> مشرکینِ مکہ سے اتمامِ حجت کہ اگر وہ دعوتِ حق کی مخالفت سے باز نہیں آئینگے تو خدا انھیں راہ سے ہٹادیگا۔ اور انکی جگہ ایک دوسرا گروہ کھڑا کردیگا۔ وہ اسی طرح پچھلی قوموں کو گراتا اور نئی قوموں کو اُٹھاتا ہے۔
> آیت ۱۳۵ میں فرمایا کہ اعلان کردو' اب میرا اور تمھارا فیصلہ خدا کے ہاتھ ہے۔ خدا کا قانون یہ ہے کہ وہ ظالموں کو داعیِ حق کے مقابلہ میں کامیابی نہیں دیتا۔ پس وہ ہم دونوں فریقوں میں سے کسی ایک کو کامیاب کرکے بتلادیگا کہ سچائی کس کے ساتھ تھی اور کون سچائی کو جھٹلانے والا تھا۔ چنانچہ بالآخر ایسا ہی ہوا۔ اور خدا کے فیصلہ نے حقیقت آشکارا کردی۔

۱۳۴ جس بات کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے' وہ یقیناً آنے والی ہے' اور تمھارے بس میں نہیں کہ (خدا کو) مجبور کردو۔

۱۳۵ (اے پیغمبر!) ان لوگوں سے کہو "اے میری قوم! (اگر تم جہل و انکار سے باز نہیں آتے' تو میرا اور تمھارا فیصلہ خدا کے ہاتھ ہے) تم اپنی جگہ کام کئے جاؤ۔ میں بھی (اپنی جگہ) کام کرنے والا ہوں۔ پھر عنقریب تمھیں معلوم ہو

۱۳۷ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَالْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا فَمَا كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى اللّٰهِ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى شُرَكَآئِهِمْ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ۝ ۱۳۸ وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ۝

جائے گا کہ آخر کار کس کا انجام بخیر ہے۔ یقیناً خدا ظلم کرنے والوں کو کبھی کامیاب نہیں کرے گا!"

۱۳۷ اور (دیکھو) جو کچھ خدا نے کھیتی اور مویشی میں سے پیدا کیا ہے، ان لوگوں نے اُس میں ایک حصّہ خدا کے لئے ٹھہرایا ہے پھر اپنے زعم باطل کے مطابق کہتے ہیں یہ حصّہ اللہ کے لئے ہے، اور یہ اُن کے لئے جنھیں ہم نے خدا کا شریک ٹھہرایا ہے۔ پس جو کچھ اُن کے ٹھہرائے ہوئے شریکوں کے لئے ہے وہ تو خدا کی طرف پہنچتا نہیں (یعنے اُس میں سے خدا کے لئے خرچ نہیں کر سکتے) لیکن جو کچھ خدا کے لئے ہے، وہ اُن کے (ٹھہرائے ہوئے شریکو) کی طرف پہنچ جاتا ہے (یعنے خدا کے ٹھہرائے ہوئے حصّہ میں سے بتوں کے لئے خرچ ہو جائے تو کچھ مضائقہ نہیں) کیا ہی بُرا فیصلہ ہے جو یہ لوگ کرتے ہیں!

۱۳۸ اور (دیکھو) اسی طرح بہت سے مشرک ہیں کہ اُنکے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں نے اُن کی نظروں میں قتل اولاد (جیسا وحشیانہ فعل بھی) خوشنما کر دکھایا ہے تاکہ انھیں ہلاکت میں ڈالیں۔ اور نیز اس لئے کہ اُن کے دین کی راہ اُن پر مشتبہ کر دیں۔ اور (اے پیغمبر!) اگر خدا چاہتا تو وہ یہ کام نہ کرتے (یعنے ان کی طاقت سلب کر لیتا)، لیکن اُس کی حکمت کا فیصلہ یہی ہوا کہ یہاں ہر طرح کی راہیں اور ہر طرح کے اعمال ہوں) پس اُنھیں اُن کی افترا پردازیوں کے ساتھ چھوڑ دو (وہ خدا کے

مشرکین عرب کے بعض اوہام و خرافات اور مجرمانہ اعمال:۔

(۱) وہ منتیں مانتے کہ اپنی زراعت اور مویشی میں سے اتنا حصّہ خدا کے لئے نکالیں گے اور اتنا دیوتاؤں کے لئے۔ خدا کا حصّہ فقیروں کو دیتے اور بتوں کا ان کے مجاوروں کو۔ اگر خدا کے حصّہ میں سے کچھ کم و بیش ہو جاتا تو اُس کی پرواہ نہ کرتے، لیکن بتوں کے نیاز کی بڑی نگہداشت کرتے اور کہتے ان کے حصّہ میں سے کچھ کم نہ ہونا چاہیئے۔

(۲) لڑکیوں کو قتل کر دیتے، اور اسے بڑے فخر اور شرافت کی بات سمجھتے۔ اُنکے کاہنوں اور بزرگوں نے اُنھیں حکم دیا تھا کہ ایسا کیا کریں۔

(۳) اپنی فصل اور مویشی کا ایک حصّہ بت خانوں کے لئے مخصوص کر دیتے، اور کہتے مجاوروں کے سوا اور کسی کو یہ کھانا جائز نہیں۔

(۴) بتوں کے نام جانور چھوڑ دیتے، اور سمجھتے کہ اب ان سے کام لینا جائز نہیں۔

(۵) جو جانور بتوں کے لئے قربان کرتے اُن پر خدا کا نام نہ لیتے۔

(۶) جانور ذبح کیا جاتا اور اُس کے پیٹ سے بچہ نکلتا تو اگر زندہ ہوتا صرف مرد کھاتے، عورتوں کے لئے جائز نہ تھا۔ مردہ ہوتا تو عورتیں بھی کھا سکتی تھیں!

فرمایا یہ ساری باتیں انتہائے جہالت و وحشت کی ہیں۔ اصل یہ ہے کہ خدا نے نباتات و حیوانات میں سے جتنی اچھی چیزیں پیدا کی ہیں سب انسان کے استعمال کے لئے ہیں۔ کھاؤ، پیو، مگر اسراف نہ کرو، اور خدا کی راہ میں بھی خرچ کرو۔ یہی بات راستی و دانشمندی کی ہے۔ اسکے سوا جو کچھ ہے شیطانی وسوسہ ہے۔

۱۳۹ وَقَالُوا هَٰذِهِ أَنْعَامٌ وَحَرْثٌ حِجْرٌ لَا يَطْعَمُهَا إِلَّا مَنْ نَشَاءُ بِزَعْمِهِمْ وَأَنْعَامٌ حُرِّمَتْ ظُهُورُهَا وَأَنْعَامٌ
۱۴۰ لَا يَذْكُرُونَ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهَا افْتِرَاءً عَلَيْهِ سَيَجْزِيهِمْ بِمَا كَانُوا يَفْتَرُونَ وَقَالُوا مَا فِي بُطُونِ هَٰذِهِ الْأَنْعَامِ خَالِصَةٌ
۱۴۱ لِذُكُورِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلَىٰ أَزْوَاجِنَا وَإِنْ يَكُنْ مَيْتَةً فَهُمْ فِيهِ شُرَكَاءُ سَيَجْزِيهِمْ وَصْفَهُمْ إِنَّهُ حَكِيمٌ عَلِيمٌ قَدْ خَسِرَ
۱۴۲ ع ۱۶ ۳ الَّذِينَ قَتَلُوا أَوْلَادَهُمْ سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَحَرَّمُوا مَا رَزَقَهُمُ اللَّهُ افْتِرَاءً عَلَى اللَّهِ قَدْ ضَلُّوا وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ وَهُوَ
الَّذِي أَنْشَأَ جَنَّاتٍ مَعْرُوشَاتٍ وَغَيْرَ مَعْرُوشَاتٍ وَالنَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا أُكُلُهُ وَالزَّيْتُونَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَغَيْرَ مُتَشَابِهٍ

نام پر جو کچھ افترا پردازیاں کر رہے ہیں، اس کا نتیجہ خود ان کے آگے آئیگا. وہ تمھارے کہے سے ماننے والے نہیں)

۱۳۹ اور کہتے ہیں "یہ کھیت اور چارپائے ممنوع ہیں. انھیں اُس آدمی کے سوا کوئی نہیں کھا سکتا جسے ہم اپنے خیال کے مطابق کھلانا چاہیں" (یعنے جن بتوں کی نیاز کر دیں صرف اُسی کے مجاور کھا سکتے ہیں. دوسرے کے لئے کھانا جائز نہیں) اور (اسی طرح) کچھ جانور ہیں کہ (اُن کے خیال میں) اُن کی پیٹھ (پر سوار ہونا یا سامان لادنا) حرام ہے، اور کچھ جانور ایسے ہیں کہ (ذبح کرتے ہوئے) اُن پر خدا کا نام نہیں لیتے، کیونکہ خدا پر افترا کر کے اُنھوں نے یہ طریقہ نکال لیا ہے (سو جیسی کچھ یہ افترا پردازیاں کرتے رہتے ہیں) قریب ہے کہ خدا اُنھیں اُس کی سزا دے گا!

۱۴۰ اور کہتے ہیں ان چارپایوں کے پیٹ میں سے جو زندہ بچّہ نکلے وہ صرف ہمارے مردوں کے لئے حلال ہے. ہماری عورتوں کے لئے حلال نہیں. اور اگر مردہ ہو تو پھر (اس کے کھانے میں مرد و عورت) سب شریک ہیں! (کیسی جہالت کی بات ہے جو یہ کہتے ہیں) قریب ہے کہ خدا اُنھیں اُن کی ان (بے اصل) تقسیموں کی سزا دیگا (جو اپنے جی سے اُنھوں نے گڑھ لی ہیں) بلاشبہ وہ حکمت والا اور جاننے والا ہے (اس لئے ایسے لغو اور بے معنی احکام اُس کے ٹھرائے ہوئے احکام نہیں ہو سکتے)

۱۴۱ یقیناً وہ تباہ و برباد ہوئے جنھوں نے جہالت سے اپنی اولاد (اپنے ہاتھوں) مار ڈالی اور (اسی طرح) جو کچھ خدا نے اُن کے لئے رزق پیدا کیا ہے، اُسے خدا پر افترا پردازی کر کے حرام ٹھرایا. بلاشبہ وہ گمراہ ہوئے اور بلاشبہ وہ سیدھی راہ پر چلنے والے نہ تھے!

۱۴۲ اور (دیکھو) وہ خدا ہی ہے جس نے (طرح طرح کے درختوں کے) باغ پیدا کر دیئے. ٹٹیوں پر چڑھائے ہوئے (جیسے انگور کی بیلیں) اور بغیر اسکے (جیسے عام طور پر تمام درخت ہوتے ہیں) اور کھجور کے درخت اور کھیتیاں جن کے پھل مختلف قسموں کے ہوتے ہیں. نیز زیتون اور انار کے درخت. صورت شکل میں ایک دوسرے سے ملتے ہوئے، اور ایک دوسرے سے مختلف بھی. (خدا کی اس پیداوار کے) پھل شوق سے کھاؤ جب اس میں

كُلُوا مِن ثَمَرِهِ إِذَا أَثْمَرَ وَآتُوا حَقَّهُ يَوْمَ حَصَادِهِ ۖ وَلَا تُسْرِفُوا ۚ إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِينَ ۝ وَ ۱۴۳
مِنَ الْأَنْعَامِ حَمُولَةً وَفَرْشًا ۚ كُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ۚ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ
مُّبِينٌ ۝ ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ ۖ مِّنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ ۱۴۴
عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنثَيَيْنِ ۖ نَبِّئُونِي بِعِلْمٍ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ وَمِنَ الْإِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ ۗ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ ۱۴۵ الربع
حَرَّمَ أَمِ الْأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنثَيَيْنِ ۖ أَمْ كُنتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ وَصَّاكُمُ اللَّهُ بِهَٰذَا ۚ فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ
افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا لِّيُضِلَّ النَّاسَ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ۝ قُل لَّا أَجِدُ ۱۴۶

پھل لگ جائیں، اور چاہیے کہ جس دن فصل کاٹو تو اُس کا حق (یعنے زکوٰۃ) بھی دیدیا کرو، اور اسراف نہ کرو۔ خدا انھیں دوست نہیں رکھتا جو اسراف کرنے والے ہیں۔

۱۴۳ اور (دیکھو) اُسی خدا نے (تمھارے لئے) چارپایوں میں سے کچھ تو بوجھ اُٹھانے والے پیدا کر دیئے ہیں، (جیسے اونٹ گھوڑا) اور کچھ زمین سے لگے ہوئے (یعنے بلند قامت نہیں ہیں کہ سواری اور لادنے کے کام آئیں جیسے بھیڑ بکری) سو جو کچھ خدا نے تمھارے رزق کے لئے پیدا کر دیا ہے، اسے (بلا تأمل) کھاؤ، اور شیطان کے قدم بہ قدم نہ چلو۔ وہ بلاشبہ تمھارا آشکارا دشمن ہے۔

۱۴۴ چارپایوں میں (جن کا گوشت کھایا جاتا ہے) آٹھ قسمیں پیدا کیں۔ بھیڑ میں سے دو قسم (یعنے نر اور مادہ) اور بکری کی دو قسمیں (نر اور مادہ)۔ اے پیغمبر! ان لوگوں سے پوچھو (تم نے اپنے وہم و خیال سے جو حلت و حرمت کے قاعدے بنا رکھے ہیں، تو بتلاؤ) خدا نے ان میں سے کس جانور کو حرام کر دیا ہے؟ دونوں قسموں کے نر کو، یا مادہ کو، یا پھر اس بچے کو جسے دونوں قسموں کی مادہ اپنے شکم میں لئے ہوئے ہے؟ اگر تم سچے ہو، تو مجھے علم کے ساتھ اس کا جواب دو (یعنے اس کی کوئی اصل اور سند پیش کرو)

۱۴۵ اور (دیکھو اسی طرح) اونٹ میں سے دو قسمیں ہیں اور گائے میں سے دو قسمیں (یعنے نر و مادہ) تم ان سے پوچھو، کیا ان میں سے نر کو حرام کر دیا ہے، یا مادہ کو، یا اُس کو جو ان دونوں کی مادہ اپنے شکم میں لئے ہوتی ہے؟ پھر تم (جو بغیر کسی علم و اساس کے خدا کی حلال کی ہوئی چیزوں کو حرام کہہ دیتے ہو، تو) کیا تم اُس وقت خدا کے پاس حاضر تھے جب اُس نے تمھیں اس بارے میں حکم دیا تھا؟ پھر بتلاؤ، اُس آدمی سے زیادہ ظلم کرنے والا کون ہے جو لوگوں کو گمراہ کرنے کے لئے خدا پر افترا پردازی کرے اور اس کے پاس (اس بارے میں) کوئی علم نہ ہو؟ بلاشبہ خدا اُن لوگوں پر (سعادت و فلاح کی) راہ نہیں کھولتا جو ظلم کرنے والے ہیں!

۱۴۶ (اے پیغمبر!) تم کہہ دو۔ جو وحی مجھ پر بھیجی گئی ہے میں اس میں کوئی چیز حرام نہیں پاتا کہ کھانے والے پر اُس کا

جانوروں کی حلت و حرمت کے بارے میں اعلان کہ جن جانوروں کا گوشت کھایا جاتا ہے، ان میں سے صرف وہی چیزیں حرام ہیں جو بیان

فِي مَآ اُوحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗٓ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ
فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○
۱۴۷ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ ذِيْ ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا حَمَلَتْ
۱۴۸ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۚ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۚ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ○ فَاِنْ كَذَّبُوْكَ
۱۴۹ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ○ سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا
لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ شَيْءٍ ۚ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ

کھانا حرام ہو، اِلّا یہ کہ مردار ہو، یا بہتا ہوا خون ہو، یا سوّر کا گوشت ہو، کہ یہ چیزیں بلاشبہ گندگی ہیں، یا پھر جو چیز موجب معصیت ہو کہ غیر خدا کا نام اُس پر پکارا گیا، (تو بلاشبہ وہ بھی حرام ہے) پھر اگر کوئی آدمی (حلال چیز نہ ملنے کی وجہ سے) مجبور ہو جائے اور مقصود نافرمانی نہ ہو، نہ حدِّ ضرورت سے گزر جانا (اور وہ جان بچانے کے لئے ان حرام چیزوں میں سے کچھ کھالے) تو بلاشبہ تمھارا پروردگار بخشنے والا رحمت والا ہے!

کردی گئیں۔ انکے سوا سب اوہام و خرافات ہیں۔
بلاشبہ یہودیوں کو ناخن والے جانوروں اور گائے بکری کی چربی کے استعمال سے روک دیا گیا تھا۔ مگر اس لئے نہیں کہ یہ چیزیں حرام ہیں، بلکہ اس لئے کہ یہودیوں کی بے قید اور ناہموار طبیعتوں کی زجر و توبیخ کے لیئے ضروری تھا کہ عارضی طور پر بعض مباحات روک دی جائیں۔
(دیکھو نساء: ۱۵۸)

۱۴۷ اور یہودیوں پر ہم نے تمام ناخن والے جانور حرام کر دیئے تھے، اور گائے اور بکری میں سے انکی چربی بھی حرام کر دی تھی۔ مگر وہ چربی جو ان کی پیٹھ پر لگی ہو یا آنتڑیوں میں ہو، یا ہڈّی کے ساتھ ملی ہوئی ہو۔ یہ ہم نے اُنھیں اُن کی سرکشی کی سزا دی تھی (یہ بات نہ تھی کہ یہ چیزیں فی نفسہٖ حرام ہوں) اور بلاشبہ ہم (بیان کرنے میں) سچّے ہیں!

۱۴۸ پھر اگر (اے پیغمبر!) یہ لوگ تمھیں جھٹلائیں، تو ان سے کہدو۔ تمھارا پروردگار بڑی ہی وسیع رحمت رکھنے والا ہے (اس لئے اُس نے مہلتوں پر مہلتیں دے رکھی ہیں۔ لیکن ساتھ ہی جزا و سزا کا قانون بھی رکھتا ہے) اور مجرموں پر سے اُس کا عذاب کبھی ٹلنے والا نہیں!

۱۴۹ جن لوگوں نے شرک کا شیوہ اختیار کیا ہے، وہ کہیں گے "اگر اللہ چاہتا تو ہم اور ہمارے باپ دادا شرک نہ کرتے، اور نہ کسی چیز کو (اپنے خیال کے مطابق) حرام ٹھہراتے"، سو (دیکھو) اسی طرح اُن لوگوں نے بھی (سچّائی کو) جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں۔ یہاں تک کہ (بالآخر) ہمارے عذاب کا مزہ چکھنا پڑا

مشرکین عرب کہتے تھے۔ اگر ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا طریقہ گمراہی کا طریقہ ہے، تو کیوں خدا نے ہمیں گمراہ ہونے دیا؟ کیوں اُس نے ایسا نہ چاہا کہ ہم گمراہ نہ ہوتے؟ جب سب کچھ اس کی مشیت سے ہوتا ہے، تو جو کچھ ہم کر رہے ہیں، یہ بھی اُسی کی مشیت سے ہے۔
قرآن انکے اس خیال کو جہل و کوری کا خیال قرار دیتا ہے، اور کہتا ہے، اس بارے میں اُنکے سامنے کوئی روشنی نہیں۔
بلاشبہ اگر خدا چاہتا، تو سب کو ایک ہی راہ پر چلا دیتا اُس کی قدرت سے یہ بات باہر نہیں۔ لیکن اُس کی مشیّت کا فیصلہ یہی ہوا کہ انسان کو

ع

مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ؕ قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ ۝ قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ قُلْ هَلُمَّ شُهَدَآءَكُمُ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَ لَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَ هُمْ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝ قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّ بِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَ لَا تَقْتُلُوْۤا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَ اِيَّاهُمْ ۚ

۱۵۰-۱۵۱ ۱۵۲ ۱۸ ع ۵

عقل اور ارادہ وقدرت دے، اور ہر حالت کے لئے سبب اور ہر عمل کے لئے نتیجہ ٹھہرا دے۔ پس یہاں روشنی کو ساتھ تاریکی، حق کے ساتھ باطل، اور ہدایت کے ساتھ گمراہی کی راہیں بھی کھل گئیں۔ اب جس کا جی چاہے، ہدایت کی راہ اختیار کرے، جس کا جی چاہے گمراہی کی۔

اس آیت سے معلوم ہوا کہ قرآن کے نزدیک یہ کہنا کہ "اگر خدا چاہتا تو ہم برائی نہ کرتے" جہل وکفر کی بات ہے۔ ایمان وبصیرت کی بات نہیں ہے۔

(اے پیغمبر!) تم کہو، کیا تمھارے پاس (اس بارے میں) کوئی علم ویقین ہے جسے ہمارے سامنے پیش کر سکتے ہو؟ (اگر ہے تو پیش کرو!) اصل یہ ہے کہ تم پیروی نہیں کر رہے ہو مگر محض وہم وگمان کی، اور تم (اپنی باتوں میں) اس کے سوا کچھ نہیں ہو کہ بے سمجھے بوجھے باتیں بناتے ہو!

۱۵۰ (اے پیغمبر!) تم کہہ دو۔ اللہ ہی کے لئے کامل اور پکی دلیل ہے (جو اس نے سمجھ بوجھ رکھنے والوں پر واضح کر دی ہے) پس اگر وہ چاہتا تو تم سب کو راہ دکھا دیتا (کیونکہ اس کی قدرت سے کوئی بات باہر نہیں مگر یہ واقعہ ہے کہ اس نے ایسا نہیں چاہا، اور اس کی حکمت کا فیصلہ یہی ہوا)

۱۵۱ (اے پیغمبر!) ان سے کہو۔ (اگر تم اپنے گڑھے ہوئے قاعدوں سے ان جانوروں کو حرام ٹھہراتے ہو تو) اپنے شاہدوں کو (یعنے حکم دینے والوں کو) بلاؤ جو اس بات کی شہادت دیں کہ خدا نے (سچ مچ کو) یہ چیز حرام کر دی ہے۔ پھر اگر (بالفرض) انکے (جھوٹے شاہد) اس کی شہادت دے بھی دیں، جب بھی تم انکے ساتھ ہو کر اس کا اعتراف نہ کرو (کیونکہ یہ حقیقت کے صریح خلاف ہے) تم اُن لوگوں کی خواہشوں کی پیروی نہ کرو جنھوں نے ہماری آیتیں جھٹلائیں، اور جو آخرت پر یقین نہیں رکھتے، اور دوسری ہستیوں کو اپنے پروردگار کے برابر ٹھہراتے ہیں۔

۱۵۲ (اے پیغمبر!) ان سے کہو، آؤ، میں تمھیں (کلام الٰہی میں) پڑھ کر سناؤں جو کچھ تمھارے پروردگار نے تم پر حرام کر دیا ہے: خدا کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہراؤ۔ ماں باپ کے ساتھ نیک سلوک کرو۔ اپنی اولاد کو مفلسی کے ڈر سے قتل نہ کرو۔ ہم ہی تمھیں رزق دیتے

جن چیزوں کو تم نے اپنے اوہام وخرافات سے حرام سمجھ رکھا ہے، فی الحقیقت وہ حرام نہیں ہیں۔ حرام تو وہ اعمال واشیا ہیں جو حقیقت اور راستی کے خلاف ہیں، اور جن سے خدا کے تمام پیغمبروں نے متفقہ طور پر نوع انسانی کو روکا ہے۔

اس کے بعد اُن برائیوں کا ذکر کیا ہے جو انسانی شقاوت کی بنیادی برائیاں ہیں، اور اُن محاسن کی دعوت دی ہے جو راست بازی

وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِي حَرَّمَ اللَّهُ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ

۱۵۳ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۝ وَلَا تَقْرَبُوا مَالَ الْيَتِيمِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ حَتَّىٰ يَبْلُغَ أَشُدَّهُ ۖ وَأَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيزَانَ

بِالْقِسْطِ ۖ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۖ وَإِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۖ وَبِعَهْدِ اللَّهِ أَوْفُوا ۚ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ

۱۵۴ ع ۱۸/۵ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُونَ ۝ وَأَنَّ هَٰذَا صِرَاطِي مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ ۖ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ ۚ

۱۵۵ ذَٰلِكُمْ وَصَّاكُمْ بِهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ ثُمَّ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ تَمَامًا عَلَى الَّذِي أَحْسَنَ وَتَفْصِيلًا لِكُلِّ شَيْءٍ وَ

۱۵۶-۱۵۷ هُدًى وَرَحْمَةً لَعَلَّهُمْ بِلِقَاءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُونَ ۝ وَهَٰذَا كِتَابٌ أَنْزَلْنَاهُ مُبَارَكٌ فَاتَّبِعُوهُ وَاتَّقُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝ أَنْ

کی بنیادی سچائیاں ہیں

ہیں، اور انھیں بھی دینگے۔ اور بے حیائی کی باتوں کے قریب بھی نہ جاؤ۔ کھلے طور پر ہوں یا پوشیدہ ہوں۔ اور کسی جان کو قتل نہ کرو جسے خدا نے حرام ٹھہرا دیا ہے، مگر یہ کہ کسی حق کی بنا پر قتل کرنا پڑے (جیسے قصاص میں) یہ ہیں وہ باتیں جن کی خدا نے تمھیں وصیت کی ہے تاکہ تم عقل و بینش سے کام لو!

۱۵۳ اور (اسی طرح) یتیموں کے مال کے نزدیک نہ جاؤ (یعنے اس میں تصرف کرنے کا ارادہ بھی نہ کرو) الّا یہ کہ اچھے طریقہ پر ہو (یعنے اُنکے فائدہ اور نگہداشت کے لئے نگہبانی کرنی چاہو) تو یہ بھی اُس وقت تک کہ یتیم اپنی عمر کو پہنچ جائیں۔ اور انصاف و دیانت کے ساتھ ناپ تول پورا کرو۔ ہم کسی جان پر اُس کی مقدور سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتے (پس جہاں تک تمھارے بس میں ہے، انصاف و دیانت کی کوشش کرو) اور جب کبھی بات کہو، تو انصاف کی کہو، اگرچہ معاملہ اپنے قرابت دار ہی کا کیوں نہ ہو، اور اللہ کے ساتھ جو عہد و پیمان کیا ہے، اُسے پُورا کرو۔ یہ باتیں ہیں جن کا خدا نے تمھیں حکم دیا ہے تاکہ تم نصیحت پکڑو۔

۱۵۴ اور اُس نے بتلایا کہ (خداپرستی اور نیک عملی کی) یہی راہ میری (ٹھرائی ہوئی) سیدھی راہ ہے۔ سو اسی پر چلو اور (دوسری) راہوں پر نہ چلو کہ خدا کی راہ سے بھٹکا کر تمھیں تتر بتر کر دیں۔ یہ بات ہے جس کا خدا نے تمھیں حکم دیا ہے تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ۔

> سچائی اور حقیقت کی سیدھی راہ ایک ہی ہے۔ ایک سے زیادہ راہیں سچائی کی راہ نہیں ہوسکتیں۔ پس ایک ہی راہ پر چلو۔ بہت سی راہوں میں متفرق نہ ہو جاؤ!

۱۵۵ پھر دیکھو، ہم نے موسیٰ کو کتاب دی کہ جو کوئی نیک عمل ہو، اُس پر اپنی نعمت پوری کر دیں، اور ہر بات کی تفصیل کر دیں، اور لوگوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہو، تاکہ اپنے پروردگار کی ملاقات پر ایمان لائیں۔

۱۵۶ اور (اسی طرح) یہ کتاب ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے۔ برکت والی (یعنے اپنے پیرؤں پر برکت کی راہ کھولنے والی) پس چاہیئے کہ اس کی پیروی کرو، اور پرہیزگاری کا شیوہ اختیار کرو۔ عجب نہیں کہ تم پر رحم کیا جائے (اور برکت و سعادت کی راہ تم پر کھل جائے!)

۱۵۷ (اے باشندگانِ عرب) ہم نے یہ کتاب اس لئے نازل کی کہ تم یہ نہ کہو کہ خدا نے تو صرف دو جماعتوں

۱۵۸ تَقُولُوٓا اِنَّمَآ اُنزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰى طَآئِفَتَيْنِ مِن قَبْلِنَا وَاِن كُنَّا عَن دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ۙ اَوْ تَقُولُوْا لَوْ اَنَّآ اُنزِلَ عَلَيْنَا الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ فَقَدْ جَآءَكُم بَيِّنَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّن كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا ۗ سَنَجْزِى الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ عَنْ اٰيٰتِنَا سُوٓءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يَصْدِفُوْنَ ○ ۱۵۹ هَلْ يَنظُرُوْنَ اِلَّآ اَن تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِىَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِىَ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ۗ يَوْمَ يَاْتِىْ بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنفَعُ نَفْسًا اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِن قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِىْٓ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ۗ قُلِ انتَظِرُوْٓا اِنَّا مُنتَظِرُوْنَ ۱۶۰ اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا

(یعنی یہودیوں اور عیسائیوں) ہی پر کتاب نازل کی، جو ہم سے پہلے تھے، اور ہمیں انکے پڑھنے پڑھانے کی خبر نہ تھی۔

۱۵۸ یا کہو، اگر ہم پر بھی کتاب نازل ہوتی، تو ہم اُن جماعتوں سے (جن پر کتاب نازل ہوئی) زیادہ ہدایت یافتہ ہوتے۔ سو دیکھو، تمھارے پاس بھی تمھارے پروردگار کیطرف سے ایک دلیل؛ اور ہدایت، اور رحمت، آگئی۔ پھر تبلاؤ، اس سے بڑھ کر ظالم انسان کون ہے جو اللہ کی نشانیاں جھٹلائے، اور اُن سے اعراض کرے؟ (یاد رکھو) جو لوگ ہماری نشانیوں سے اعراض کرتے ہیں ہم اُنھیں اُس کی پاداش میں عنقریب بدترین عذاب دینگے (یعنے نامرادی دہلاکت کا رسواکن عذاب جو بالآخر مشرکین مکہ کو پیش آیا)

۱۵۹ پھر یہ لوگ (جو سچائی کی نشانیاں دیکھنے پر بھی سرکشی سے باز نہیں آتے تو) کس بات کے انتظار میں ہیں؟ اس بات کے انتظار میں ہیں کہ (آسمان سے) فرشتے اُنکے پاس آجائیں؛ یا خود تمھارا پروردگار اُن کے سامنے آکھڑا ہو؛ یا پھر تمھارے پروردگار کی بعض نشانیاں نمودار ہوجائیں؟ (یعنے قیامت کے آثار نمودار ہوجائیں؟) تو (اگر یہ لوگ اسی بات کی راہ تک رہے ہیں، تو انھیں معلوم ہونا چاہئے کہ) جس دن تمھارے پروردگار کی بعض نشانیاں نمودار ہوں گی، اُس دن کسی انسان کو جو پہلے سے ایمان نہ لاچکا ہو یا اپنے ایمان (کی حالت میں) اُس نے نیکی نہ کمائی ہو، ایمان لانا سود مند نہ ہوگا (اے پیغمبر!) تم کہدو۔ (اگر تمھیں انتظار ہی کرنا ہے تو) انتظار کرتے رہو۔ ہم بھی (فیصلۂ حق و باطل کا) انتظار کرتے ہیں!

۱۶۰ (اے پیغمبر!) جن لوگوں نے اپنے دین میں تفرقہ ڈالا، اور الگ الگ گروہ بن گئے، تمھیں ان سے کچھ سروکار نہیں (تمھاری راہ دینِ حقیقی کی راہ ہے نہ کہ لوگوں کی بنائی ہوئی گروہ بندیوں کی راہ) انکا معاملہ

یہ ان مذاہب کی سب سے بڑی گمراہی یہ ہے کہ انھوں نے دین میں تفرقہ ڈال کر الگ الگ گروہ بندیاں کرلیں اور باہمدگر مخالف جتھے بنالئے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ نجات و سعادت کا دار و مدار ایمان و عمل پر نہ رہا، گروہ بندیوں پر آٹھہرا۔ پس فرمایا، جن لوگوں کا شیوہ یہ رہا ہے، تمھیں اُن سے کچھ سروکار نہیں۔ تم ان کی جس بات کی

۱۶۱ شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ ۚ إِنَّمَا أَمْرُهُمْ إِلَى اللَّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُوا يَفْعَلُونَ ۝ مَن جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا ۖ وَمَن جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَىٰ إِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ

۱۶۲ قُلْ إِنَّنِي هَدَانِي رَبِّي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ دِينًا قِيَمًا مِّلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا ۚ وَمَا كَانَ

۱۶۳ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝ قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ لَا شَرِيكَ لَهُ ۖ وَبِذَٰلِكَ أُمِرْتُ وَأَنَا أَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ ۝

اللہ کے حوالے ہے پھر وہی بتلائے گا کہ جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں، اس کی حقیقت کیا تھی!

۱۶۱ (یاد رکھو) جو کوئی (اللہ کے حضور) نیکی لائے گا تو اس کے لئے اس کے عمل نیک سے دس گنا زیادہ ثواب ہوگا اور جو کوئی برائی لائے گا تو وہ برائی کے بدلے سزا نہیں پائے گا مگر اتنی ہی، جتنی برائی کی ہو گی (یعنے نیکی کے اجر میں زیادتی ہے، مگر برائی کی سزا میں زیادتی نہیں) اور ایسا نہ ہو گا کہ (جزائے عمل میں) لوگوں کے ساتھ ناانصافی کی جائے۔

۱۶۲ کہدو۔ مجھے تو میرے پروردگار نے سیدھا راستہ دکھا دیا ہے، کہ وہی درست اور صحیح دین ہے۔ ابراہیم کا طریقہ کہ ایک خدا ہی کے لئے ہو جانا، اور ابراہیم ہرگز مشرکوں میں سے نہ تھا۔

تصدیق کرتے ہو، وہ اصل دین ہے۔ نہ کہ اُن کی بنائی ہوئی گروہ بندیاں چونکہ پچھلی آیات میں تورات و انجیل کا ذکر کیا تھا، اور اہل عرب سے کہا تھا کہ نزول قرآن کے بعد تم کتب سماوی سے بے خبر رہنے کا عذر نہیں کر سکتے، اس لئے یہاں یہ حقیقت واضح کر دی کہ اصل دین سب لئے ایک ہی تھا، اور قرآن کی دعوت اسی اصل کے لئے ہے۔ یہودیوں اور عیسائیوں کی گروہ بندیوں کے لئے نہیں ہے۔

اس کے بعد فرمایا، یہ اصل دین، حضرت ابراہیم کا طریقہ ہے۔ اُس وقت نہ تو یہودی گروہ بندی پیدا ہوئی تھی، نہ مسیحی گروہ بندی۔ ایک خدا کی پرستش کرو، اس کے احکام کے آگے جھک جاؤ، اور ہر انسان کے لئے وہی ہونا ہے، جیسا کچھ اُس کا عمل ہوگا۔ یہی ملت ابراہیمی ہے اور یہی صراط مستقیم ہے!

سورت کے خاتمہ میں اس طرف اشارہ ہے کہ جس طرح پچھلے عہدوں میں مختلف قومیں ایک دوسرے کی جانشین ہوتی رہیں، وقت آگیا ہے کہ اسی طرح پیروان قرآن پچھلی قوموں کے جانشین ہوں۔

۱۶۳ کہدو۔ میری نماز، میرا حج، میرا جینا، میرا مرنا، سب کچھ اللہ ہی کے لئے ہے جو تمام جہان کا پروردگار ہے۔ مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے، اور میں خدا کے فرمانبرداروں میں پہلا فرماں بردار ہوں!

۱۶۴ تم ان لوگوں سے پوچھو۔ کیا (تم یہ چاہتے ہو کہ) میں خدا کے سوا کوئی دوسرا پروردگار ڈھونڈھوں؟ حالانکہ وہی ہر چیز کا پرورش کرنے والا ہے۔ اور ہر آدمی اپنے عمل سے جو کچھ کماتا ہے، وہ اُسی کے ذمے ہوتا ہے، اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا (ہر شخص کے کاندھے پر اُسی کے عمل کا بوجھ ہے) پھر (بالآخر) تمھیں اپنے پروردگار کی طرف لوٹنا ہے، اور (جب اُس کے سامنے حاضر ہوگے تو) وہ بتلائے گا کہ جن باتوں میں اختلاف کرتے تھے، اُن کی اصل حقیقت کیا تھی!

قُلْ أَغَيْرَ اللَّهِ أَبْغِي رَبًّا وَهُوَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ ۚ وَلَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ إِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ۚ ثُمَّ إِلَىٰ رَبِّكُم مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝ ۱۶۴ وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجَاتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِي مَا آتَاكُمْ ۗ إِنَّ رَبَّكَ سَرِيعُ الْعِقَابِ وَإِنَّهُ لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ ۱۶۵

ع ۲۰ — النصف

۱۶۵ اور وہی ہے جس نے تمہیں (ایک دوسرے کا) زمین میں جانشین بنایا، اور تم میں سے بعض کو بعض پر (بہ اعتبار اعمال کے) مرتبے دیئے تاکہ جو کچھ (اختیار و تصرف) تمہیں دیا ہے، اُس میں تمہیں آزمائے (اور طلب و سعی کا موقع دے۔ اے پیغمبر!) بلاشبہ تمہارا پروردگار (بدعملیوں کی) جلد سزا دینے والا ہے، اور بلاشبہ وہ بخشنے والا، رحمت والا ہے!
